أحبّوا العرب لثلاث لأنّي عربي والقرآن عربي
وكلام أهل الجنّة عربي

تسهیل العربیۃ

از

جناب مولانا محمد جی صاحب (مولوی فاضل)

و

چوہدری غلام محمد صاحب بی۔ اے (علیگ)

اللہ بخش سٹیم پریس قادیان میں باہتمام چوہدری اللہ بخش پرنٹر چھپی

قیمت مجلد غیر مجلد

پبلشر چوہدری غلام محمد بی۔ اے (علیگ) قادیان سے شائع کیا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ

عربی زبان علوم وفنون کا گنجینہ ہے۔ اس کا صدر مقام اگرچہ ملک عرب ہے۔ لیکن قرآن مجید اور سیدنا و سید الکل حضرت محمد مصطفٰے خاتم النّبیّین علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اقوال و افعال اور اقوام عالم کے تواریخی حالات کی محافظ ہونے کے سبب سے اس کا تعلق دنیا کی ہر قوم اور ہر فرد سے ہے۔ تاریخ اس پر شاہد ہے۔ کہ خداتعالےٰ نے اس زبان کے خادم ہر زمانہ میں کثرت سے پیدا کرتا رہا ہے۔ موجودہ عہد میں علاوہ مسلمانوں کے عیسائی علماء نے بڑی کوشش اور پوری محنت سے مفید ترین کتابیں تصنیف کی ہیں۔ جن کے دیکھنے سے عقل دنگ رہ جاتی ہے۔ معلم پیٹرس نے محیط المحیط علم لغت کی کتاب بڑی جامعیت اور تحقیق سے لکھی ہے۔ کہ دیکھ کر دل خوش ہو جاتا ہے۔ لین صاحب انگلشی اس زبان کی خدمت کے لئے کُنبے سمیت ۳۰ سال تک ملک عرب میں تحقیق کرتے رہے۔ اور لغت کا بے نظیر مجموعہ تیار کیا۔ ان کے علاوہ اور ہزاروں مصنّف اس زبان کی خدمت کر رہے ہیں۔ ہمارے وطن ہندوستان نے بھی اپنے عروج کے زمانہ میں اس زبان کی خدمت کیلئے حتی الوسع کافی کوشش کی۔ موجودہ عہد میں ظاہراً ہندوستان کی سرزمین پر کوئی ذی ثروت کما حقہٗ اس کا حامی نظر نہیں آتا۔ لیکن قدرتی طور پر اس کے پڑھنے اور سیکھنے والے کثرت سے موجود ہیں۔ ایسے شائقین کی سہولت کے لئے ابھی تک کوئی ایسی عربی اردو لغت تیار نہیں ہوئی۔ جو مختصر اور جامع ہو۔ اور معمولی استعداد کے شائقین اپنے علم کو اس کے ذریعہ سے بڑھا سکیں۔ خداتعالےٰ نے محض اپنے فضل سے ہمارے دل میں تحریک پیدا کی۔ کہ باوجود کئی قسم کی صعوبتوں اور دشواریوں کے ہم نے اس کام میں لگاتار کوشش کی۔ چنانچہ چار سال کی مسلسل ذہنی کاوشوں کے تقریباً ۷ ہزار مادوں کو ترتیب دیا۔ اور شائقین کے لئے یکتا تحفہ کتاب تسہیل العربیہ کی صورت میں منصۂ ظہور میں آیا۔ خدا کے فضل سے یہ کتاب کئی خوبیوں کی جامع ہے۔ حجم کم اور ذخیرہ بہت رکھتی ہے۔ طالب کے لئے لفظ مطلوب کا تلاش کرنا بہت آسان ہے۔ اس ترقی کے زمانہ کے نئے علمی الفاظ و اصطلاحات بھی اپنے اندر رکھتی ہے۔ قرآن مجید کے محاورات اور اس کے الفاظ کے معانی خصوصیت سے درج ہیں۔

اگرچہ ہم نے اس کتاب کی ترتیب و تالیف میں حتی المقدور پوری پوری کوشش کی ہے۔ اور ہر طرح کی احتیاط سے کام لیا ہے۔ آخر ہم انسان ہیں۔ اس لئے اہل علم ناظرین سے درخواست ہے۔ کہ مناسب ترمیم اور مفید مشورہ سے آگاہی بخشیں ؛

ہیچمدان

لمتابعہ ۱ میر محمد زمان خان بن میر بہیر اخان ساکن کوکمنگ دوارٹھ ہزارہ سرحد الحال قادیان۔
اور نون اے

و

جو فعلاً ۲ محمد بی۔ اے (علیگ) مدرس تعلیم الاسلام ہائی سکول قادیان ضلع گورداسپور

۲۱ محرم ۱۳۵۲ھ مطابق ۱۷ مئی ۱۹۳۳ء

ضروری امور

ہم نے سہولت اور اختصار کی خاطر ماضی کو مادہ قرار دے کر مضارع کے لئے لکیر دی ہے۔ اور اس کے بعد مصادر لکھے ہیں۔ مادہ کے معنی مصدری گئے ہیں۔ ماضی کے بعد ـَـ، ـِـ، ـُـ کا مطلب یہ ہے۔ کہ مضارع کا عین کلمہ مفتوح، مکسور یا مضموم ہے۔ ـَـِـُـ سے یہ مطلب ہے۔ کہ مضارع کے عین کلمہ پر تینوں حرکتیں جائز ہیں۔

ج سے مطلب جمع ہے۔
جج " جمع الجمع ہے۔
م " مؤنث ہے۔
مث " مثنی ہے۔

لفظ کے نکالنے میں واحد مذکر غائب کے صیغہ کو مد نظر رکھو۔ باقی تمام زائد حروف کو نظر انداز کردو۔ تمام اسماء مشتقہ و جامدہ اسی کے ماتحت تلاش کرو۔

کلمہ جس جس حرف جار کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ وہ حرف جار لکھ کر باقی زوائد کو چھوڑ دیا ہے۔ مثلاً وَطَدَ ل سے مطلب یہ ہے۔ کہ لام کے ساتھ وَطَدَ استعمال ہو۔ تو اس کے معنی تیار کرنے کے ہونگے وَطَدَ اِلی کا مطلب یہ ہے۔ الی کے ساتھ استعمال کرنے سے وَطَدَ کے معنی ملانے کے ہونگے۔

علم صرف کے ضروری قواعد

عربی سیکھنے میں علم صرف کے قواعد بہت مدد دیتے ہیں۔ اختصاراً بقدر ضرورت ذیل میں لکھے جاتے ہیں۔

فعل۔ فاعل

فعل کام کو کہتے ہیں۔ اور کام کرنے والے کو فاعل۔ جس فاعل کے متعلق بات کی جائے وہ غائب اور جس سے کیجائے وہ مخاطب یا حاضر اور جو بات کرے وہ متکلم کہلاتا ہے۔ فعل اپنے فاعل کے ساتھ جو شکل اختیار کرتا ہے۔ اس کا نام صیغہ ہے۔ اور صیغوں کے ترتیب وار بیان کرنے کا نام گردان ہے۔

اقسام فعل

فعل کی چھ ۶ قسمیں ہیں

(۱) ماضی جو گذشتہ وقت میں ہو چکا ہو۔ جیسے نَصَرَ (اس نے مدد کی) فَعَلَ (اس
(۲) حال۔ جو موجودہ وقت پر ہو رہا ہو۔ جیسے لَيَنْصُرُ (وہ مدد کرتا ہے)
(۳) مستقبل۔ وہ فعل جو آئندہ وقت پر ہونے والا ہو۔ جیسے سَيَنْصُرُ (وہ
(۴) مضارع۔ جو موجودہ اور آئندہ وقت سے تعلق رکھے۔ جیسے يَنْصُرُ (وہ مدد

(۵) امر جس کے ذریعہ کسی کو کام کرنے کا حکم دیا جائے۔ جیسے اُنْصُرْ (۶) نہی جس کے ذریعہ کام سے روکا جائے جیسے لَا تَنْصُرْ

حرکت - ساکن

فتح (زبر) ضمہ (پیش) کسرہ (زیر) کو حرکت کہتے ہیں۔ اور حرکت والے حرف کو متحرک۔ فتح والا مفتوح ضمہ والا مضموم کسرہ والا مکسور کہلاتا ہے۔ جس حرف پر حرکت نہ ہو۔ اس کو ساکن کہتے ہیں

ثلاثی - رُباعی

ثلاثی (سہ حرفی) جس فعل کے تین حرف ہوں۔ رُباعی (چہار حرفی) جس فعل کے چار حرف ہوں۔ اہل علم نے ماضی ثلاثی کے لئے فَعَلَ۔ فَعِلَ۔ فَعُلَ اور رباعی کے لئے فَعْلَلَ وزن تجویز کیا ہے۔ کوئی فعل ماضی ان وزنوں سے باہر نہیں رہتا۔ ف، کے برابر کے حرف کا نام ف، کلمہ۔ ع، کے برابر کا عین کلمہ۔ ل، کے برابر کا لام، کلمہ ہوتا ہے۔ جیسے ذَهَبَ میں ذ، ف کلمہ۔ ھ، ع کلمہ اور ب، لام کلمہ ہے۔ یہ وزن واحد مذکر غائب کے لئے ہے۔ تثنیہ (دو) جمع (دو سے زائد) کے لئے اسی کے آخر حرف زائد کئے جاتے ہیں۔ ذیل کی گردان کو دیکھو۔

گردان ماضی معروف

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر غائب	فَعَلَ	فَعَلَا	فَعَلُوْا
مؤنث غائب	فَعَلَتْ	فَعَلَتَا	فَعَلْنَ
مذکر حاضر	فَعَلْتَ	فَعَلْتُمَا	فَعَلْتُمْ
مؤنث حاضر	فَعَلْتِ	فَعَلْتُمَا	فَعَلْتُنَّ
مُتکلِّم	فَعَلْتُ	فَعَلْنَا	فَعَلْنَا

معتل - مضاعف - مہموز - صحیح

جس فعل میں و - ا - ی میں سے کوئی حرف ہو۔ وہ معتل کہلاتا ہے۔ ف کلمہ میں ہو تو مثال جیسے وَعَدَ عین کلمہ میں ہو تو اجوف جیسے قَالَ۔ لام کلمہ میں ہو تو ناقص جیسے دَعَا۔ جس فعل میں دو حرف ایک جیسے ہوں وہ مضاعف (جیسے مَدَّ کہ اصل میں مَدَدَ ہے۔ اور جس میں ہمزہ ہو وہ مہموز (جیسے اَمَرَ - سَأَلَ قَرَأَ) کہلاتا ہے۔ جو فعل مذکورہ بالا امور سے خالی ہو۔ وہ صحیح کہلاتا ہے۔ جو گردان لکھی گئی ہے یہ فعل صحیح کی ہے معتل کی گردان میں تغیرات واقع ہوتے ہیں۔ حروف علت ناقص کے تثنیہ مذکر کے سوا باقی صیغوں میں مفتوح ہیں۔ نا سے بدل جاتا ہے۔ اور یہ الف ناقص میں "ی" سے بدلا ہوا "ی" کی صورت میں رہتا ہے۔ جیسے لَمَّا بَدَلَی سے قَالَ - دَعَی۔ اجوف کا ع، کلمہ جمع مؤنث غائب سے لے کر آخر تک تمام صیغوں سے اور نون اور ع، کلمہ واو مفتوح یا مضموم ہو تو ف، کلمہ مضموم ہو جاتا ہے۔ ورنہ مکسور جیسے قُلْنَ۔ بِعْنَ وغیرہ۔ ناقص کا لام کلمہ جمع مذکر غائب اور واحد مؤنث غائب اور تثنیہ مؤنث غائب سے گر جاتا جو فعل ہوا۔ دَعَوتْ۔ دَعَوَتَا سے دَعَوْا۔ دَعَتْ۔ دَعَتَا۔

مضاعف میں جمع مؤنث غائب سے پہلے کے صیغوں میں ع کلمہ لام کلمہ سے ملا کر بولا جاتا ہے جیسے مَدَدَ سے مَدَّ - اگر مہموز میں کلمہ کے شروع میں دو ہمزے آجائیں - تو دوسرے ساکن کو پہلے حرف کی حرکت کے لحاظ سے الف یا ' ی ' سے بدلا جاتا ہے - جیسے أَأْمَنْتُ إِئْمَانًا سے آمَنْتُ إِيْمَانًا - ان صیغوں کو صحیح کی گردان سے ملا کر تغیر معلوم کرلو -

فعل ثلاثی میں مختلف معنوں کے لئے ایک - دو - تین تک حروف زیادہ کئے جاتے ہیں - اس زیادتی سے ۱۲ شکلیں بنتی ہیں - جن کو مزید فیہ کے ۱۲ باب کہتے ہیں - ہر ایک باب مع واحد مذکر غائب کے صیغے اور مصدر کے اور نیز جن معنوں کے لئے بنایا جاتا ہے - نیچے لکھا جاتا ہے - باقی صیغے زائد حرف کا خیال رکھ کر ثلاثی کی گردان کے مطابق بنالو -

ثلاثی مزید کے ۱۲ ابواب

۱ - اَفْعَلَ - سہ حرفی ماضی کے ف کلمہ کو ساکن کرکے شروع میں ہمزہ مفتوح زیادہ کرنے سے جیسے خَرَجَ سے اَخْرَجَ - مصدر اِفْعَال (اجوف سے اِفَالَةٌ) جیسے اَخْرَجَ اِخْرَاجًا - اَقَامَ اِقَامَةً یہ باب ذیل کے معنوں کے لئے بنایا جاتا ہے - (۱) لازم فعل سے متعدی بنانے کے لئے جیسے قَعَدَ سے اَقْعَدَ اور متعدی کو ایک اور مفعول کے لئے متعدی بنانے کے لئے جیسے عَلِمَ سے اَعْلَمَ (۲) جس لفظ سے فعل بنے - وہ دوسری چیز کے لئے بنانا جیسے شِرَاكٌ سے اَشْرَكَ النَّعْلَ - اس نے چپلی کو تسمہ والی بنایا - (۳) سلب یعنی کسی سے کچھ دور کرنے کے لئے جیسے اَشْكَى (شکایت دور کرنا) (۴) دخول کے لئے جیسے اَصْبَحَ - صبح کے وقت آنا - (۵) مکان یا جگہ کے ارادہ کے لئے جیسے اَعْرَقَ - عراق کا قصد کرنا - (۶) مبالغہ کے لئے جیسے اَسْفَرَ بہت روشن ہونا (صبح) (۷) جس لفظ سے فعل بنے وہ دوسری چیز میں پائے جانے کے لئے - جیسے اَلْبَنَ (دودھ والا ہونا) (۸) مجرد کے معنوں کے علاوہ نئے معنی کے لئے جیسے شَفِقَ (مہربانی کرنا) سے اَشْفَقَ - ڈرنا (۹) عرض یعنی پیش کرنے کے لئے - جیسے اَبَاعَ - بیچنے کے لئے پیش کرنا - (۱۰) چیز کے وقت پر پہنچنے کے لئے - جیسے اَحْصَدَ (کاٹنے کے وقت پر پہنچنا) (۱۱) فَعَلَ کا اثر قبول کرنے کے اظہار کے لئے جیسے بَشَّرَ زَيْدًا فَاَبْشَرَ - اس نے زید کو خوشخبری دی اور وہ خوش ہوگیا - (۱۲) نسبت کے لئے جیسے اَكْفَرَ (کفر کی طرف منسوب کرنا) (۱۳) کسی چیز کو کسی صفت پر پانے کے لئے - جیسے اَحْمَدَ قابل تعریف پانا (۱۴) مجرد کے ہم معنی جیسے اَقَالَ بمعنی قَالَ فسخ کرنا (بیع)

۲ - فَعَّلَ - ع کلمے پر شد و زبر دینے سے مصدر تفعیل اور تَفْعِلَةٌ ہے - جیسے فَرَّحَ تَفْرِيْحًا - وَسَّعَ تَوْسِعَةً - اجوف کے لئے تفعیل مخصوص ہے - جیسے قَوَّمَ تَقْوِيْمًا اور ناقص کیلئے تَفْعِلَةٌ جیسے زَكّٰى تَزْكِيَةً - جس کے لام کلمہ میں ہمزہ ہو - اس کا مصدر بھی اکثر تَفْعِلَة آتا ہے - جیسے وَطَّأَ تَوْطِئَةً کبھی کبھی فِعَّال - فِعَال - تِفْعَال کے وزن پر بھی آتا ہے - جیسے كَلَّامٌ - كِذَاب - كِذَّاب - تَكْ... اَفْعَلَ کے پہلے آٹھ معنوں میں شریک ہے - جیسے فَرَّحَ (خوش کرنا) وَتَّرَ - زہ دار بنانا (کمان) قَ... کو دور کرنا) عَمَّقَ (گہرائی تک پہنچنا) صَرَّحَ (اچھی طرح کھلنا) نَوَّرَ (شگوفہ دار ہونا) فَسَّقَ... کرنا - كَلَّمَ - کلام کرنا - (۹) جس چیز سے فعل بنایا جائے وہ کسی کو پہنانے کے لئے - جیسے جَلَّ... (۱۰) ملمع کے لئے جیسے ذَهَّبَ سنہری کرنا - (۱۲) اختصار کیلئے جیسے هَلَّلَ - لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰ...

۳- فَاعَلَ - ثلاثی کے ف کلمے کے بعد الف زیادہ کرنے اور ع کلمہ پر زبر دینے سے مصدر مُفَاعَلَة اور فِعَالٌ اور کبھی فِیْعَالٌ - جیسے قَتَلَ سے قَاتَلَ مُقَاتَلَةً وقِتَالاً وقِیْتَالاً - جس کے ف کلمہ میں ی ہو۔ اس کا مصدر صرف مُفَاعَلَةً کے وزن پر آتا ہے۔ جیسے یَاسَرَ مُیَاسَرَةً ذیل کے معنوں کیلئے آتا ہے۔ (۱) کام میں دو کی شراکت کے لئے۔ لیکن جو اسم فعل سے مُتصل ہو اس پر پیش ہوتا ہے اور دوسرے پر زبر جیسے قَاتَلَ زَیْدٌ خَالِدًا۔ زید اور خالد باہم لڑے۔ (۲) بمعنی مجرد جیسے سَافَرَ بمعنی سَفَرَ (۳) اَفْعَلَ کے ہم معنی جیسے بَاعَدَ بمعنی اَبْعَدَ (۴) ہم معنی فَعَّلَ جیسے ضَاعَفَ بمعنی ضَعَّفَ۔

۴- تَفَعَّلَ - ف کلمے سے پہلے ت مفتوح اور ع پر شد و زبر دینے سے مصدر تَفَعُّل - جیسے قَدِمَ سے تَقَدَّمَ تَقَدُّمًا - ناقص سے تَفَعِّلٌ جیسے زَکّٰی سے تَزَکّٰی تَزَکِّیًا - عموماً ذیل کے معنوں کیلئے بنایا جاتا ہے۔ (۱) تکلف اور تصنع کے لئے جیسے تَشَجَّعَ تکلف اور بناوٹ سے بہادر بننا (۲) پرہیز کیلئے جیسے تَاَثَّمَ گناہ سے پرہیز کرنا۔ اتخاذ جیسے تَوَسَّدَ الْحَجَرَ - پتھر کو تکیہ بنانا - کام میں لانے کیلئے جیسے تَتَرَّسَ - ڈھال کو کام میں لانا - آہستہ آہستہ کام کرنے کے لئے جیسے تَحَفَّظَ تھوڑا تھوڑا یاد کرنا - ایک حالت سے دوسری میں آجانا جیسے مالدار ہونا - فَعَّلَ کے اثر قبول کرنے کے لئے جیسے عَلَّمَهٗ فَتَعَلَّمَ اس نے اس کو سکھایا اور وہ سیکھ گیا - نئے معنی کے لئے جو مجرد میں نہ پائے جائیں - جیسے کَلَمَ (اس نے زخمی کیا) سے تَکَلَّمَ اس نے گفتگو کی - طلب کے لئے جیسے تَعَجَّلَ جلدی طلب کرنا - انتساب کے لئے جیسے تَبَدّٰی بادیہ کی طرف منسوب ہونا -

۵- تَفَاعَلَ - ف کلمے سے پہلے ت مفتوح اور ف کے بعد الف زیادہ کرنے سے (مصدر تَفَاعُل - ناقص سے تَفَاعِل) جیسے قتل سے تَقَاتَلَ تَقَاتُلاً - رَضِیَ سے تَرَاضٰی تَرَاضِیًا - عموماً ذیل کے معنوں کے لئے آتا ہے (۱) اشتراک کے لئے جیسے تَقَاتَلَ زَیْدٌ وَخَالِدٌ - زید اور خالد باہم لڑے (۲) جھوٹا بہانہ بنانے اور دکھلاوے کے لئے جیسے تَمَارَضَ جھوٹا بیمار بننا (۳) فَاعَلَ کا اثر لینے کے لئے جیسے نَاوَلَهٗ فَتَنَاوَلَ اس نے اس کو چیز دی اور اس نے لی - ابتداء کے لئے جیسے بَرَكَ (اونٹ بیٹھا) سے تَبَارَكَ وہ بہت برکت والا ہوا - تدریجی وقوع کے لئے جیسے توارد القومُ لوگ یکے بعد دیگرے آئے - مجرد کا ہم معنی بھی ہوتا ہے - جیسے تَسَامٰی وہ بلند ہوا -

۶- اِفْتَعَلَ - ف کلمہ ساکن کرکے پہلے ہمزہ مکسور اور ف کے بعد ت مفتوح زیادہ کرنے سے (مصدر افتعال) جیسے کَسَبَ سے اِکْتَسَبَ اِکْتِسَابًا - عموماً ذیل کے معنی میں آتا ہے - اتخاذ یعنی کوئی چیز بنانے کے لئے - جیسے اِجْتَحَرَ (بل بنانا) حاصل کرنے میں زیادہ کوشش کرنے کے لئے - جیسے اِکْتَسَبَ (بہت کمانا) اپنے لئے کام کرنے کے لئے جیسے اِکْتَالَ (اپنے لئے ماپنا) فَعَلَ کے اثر کو لینے کے لئے جیسے حَمَلَهٗ فَاحْتَمَلَ اس نے اس پر بوجھ لادا اور وہ لد گیا -

۷- اِسْتَفْعَلَ - ف کو ساکن کرکے شروع میں اِسْتَ زیادہ کرنے سے (مصدر استفعال) جیسے غَفَرَ سے اِسْتَغْفَرَ اِسْتِغْفَارًا - عموماً ذیل کے معانی کے لئے بنایا جاتا ہے - (۱) اِتخاذ جیسے اِسْتَوْطَنَ (۲) طلب کے لئے جیسے اسْتَغْفَرَ (بخشش طلب کرنا) (۳) قابل ہونے کے لئے - جیسے پیوند لگانے کے قابل ہونا) (۴) کسی صفت پر پانے کے لئے - جیسے اِسْتَکْرَمَ (کریم پانا) جو فعل و گمان کے لئے جیسے اِسْتَحْسَنَ (نیک خیال کرنا) (۶) ایک صفت سے دوسری میں بدلنا جیسے

اِسْتَحْجَرَ (پتھر ہونا) (۷) فقرہ کے اختصار کے لئے جیسے اِسْتَرْجَعَ (اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن کہنا)

۸۔ اِنْفَعَلَ ۔ ف کلمے سے پہلے اِنْ زیادہ کرنے سے مصدر اِنْفِعَال ہے۔ اس وزن کے فعل ہمیشہ لازمی ہوتے ہیں۔ اور اس میں ایسے فعل آتے ہیں جو اعضاء کے کام ہوں۔ جیسے کسر (توڑنا) سے اِنْکَسَرَ اِنْکِسَارًا ٹوٹنا (۲) فَعَلَ کا اثر لینے کے لئے۔ جیسے کَسَّرَ (توڑنا) اِنْکَسَرَ ۔ ٹوٹنا (۳) ابتداء جیسے طَلَقَ (لمبے لمبے قدم چلنا) سے اِنْطَلَقَ (چلنا)

۹۔ اِفْعَلَّ ۔ ف کلمے پر جزم دیکر پہلے ہمزہ مکسور بڑھانے اور لام کلمے پر شد و زبر دینے سے مصدر کا وزن اِفْعِلَال ہے۔ ایسے لفظ اس میں آتے ہیں۔ جن میں رنگ اور عیب کے معنی ہوں اور سب لازم ہوتے ہیں۔ جیسے حَمُرَ (وہ سرخ ہوا) سے اِحْمَرَّ اِحْمِرَارًا۔ وہ زیادہ سرخ ہوا۔

۱۰۔ اِفْعَالَّ ۔ ف ساکن کرکے شروع میں ہمزہ مکسور اور ع کلمے کے بعد الف زیادہ کرنے اور ل کلمے پر شد و زبر دینے سے اس سے مصدر اِفْعِیْلَال آتا ہے۔ اور یہ بھی ایسے لفظوں سے بنتا ہے جنہیں رنگ اور عیب کے معنی ہوں۔ اس میں اِفْعَلَّ کی نسبت مبالغہ زیادہ ہوتا ہے۔ جیسے حَمُرَ سے اِحْمَارَّ اِحْمِیْرَارًا۔

۱۱۔ اِفْعَوْعَلَ ۔ ف کلمہ ساکن کرکے شروع میں ہمزہ مکسور اور ع کے بعد واو ساکن ع مفتوح زیادہ زیادہ کرنے سے یہ بھی لازمی ہوتا ہے۔ اس کا مصدر اِفْعِیْعَالٌ ہے۔ جیسے حَدِبَ (وہ ٹیڑھی پیٹھ والا ہوا) سے اِحْدَوْدَبَ اِحْدِیْدَابًا۔ وہ بہت کوزپشت ہوا۔

۱۲۔ اِفْعَوَّلَ ۔ اس باب سے مجرد نہیں آیا۔ یہ اکثر لازم ہوتا ہے۔ اس کا مصدر اِفْعِوَّال پر آتا ہے۔ جیسے اِجْلَوَّذَ اِجْلِوَّاذًا۔ وہ بہت تیز دوڑا۔

رُبَاعی (چہار حرفی فعل)

فَعْلَلَ ۔ رباعی مجرد کا وزن ہے۔ (مصدر فَعْلَلَۃ) ذیل کے معنی میں آتا ہے۔ قصر کے لئے یعنی فقرہ کے اختصار کے لئے۔ جیسے حَمْدَلَ (الحمد للہ پڑھنا) پہنانے کے لئے جیسے برقع (برقعہ پہنانا۔ چیز بنانے کے لئے۔ جیسے قَنْطَرَ (پل بنانا)

رباعی مزید

تَفَعْلَلَ ۔ (مصدر تَفَعْلُلٌ) یہ ذیل کے معنی کے لئے ہوتا ہے۔ چیز کو استعمال کرنے کیلئے جیسے تَبَرْقَعَ (برقع اوڑھنا) فَعْلَلَ کا اثر قبول کرنے کے لئے جیسے دَحْرَجَ (لڑکانا) سے تَدَحْرَجَ (لڑکنا)۔

اِفْعَلَلَّ ۔ (مصدر اِفْعِلَّال) مبالغہ کے لئے جیسے اِشْرَأَبَّ (نہایت چوکس ہونا)

اِفْعَنْلَلَ (مصدر اِفْعِنْلَال) فَعْلَلَ کا اثر قبول کرنے کے لئے ثَعْجَرَ (خون بہانا) سے اِثْعَنْجَرَ (خون بہنا) مبالغہ کے لئے جیسے اِشْحَنْفَرَ (بہت شتابی کرنا) نئے معنی کیلئے جیسے اِعْرَنْفَطَ (سکڑنا)

مضارع معروف

۱۔ ی۔ ت۔ ن چار حرف علامت مضارع ہیں۔ ماضی کے ف کلمہ کو ساکن کرکے شروع جاتے ہیں۔ مضارع کے آخر میں پیش ہوتا ہے۔ جمع مؤنث کے صیغوں کے سوا باقی کے آخر میں پیش کے ع

ہوتا ہے جس کو نون اعرابی کہتے ہیں۔ ذیل کی گردان سے معلوم کرو۔ کہ علامت مضارع کے حروف کن کن صیغوں سے خاص ہیں۔ علامت مضارع چار حرفی میں مضموم ہوتی ہے۔ باقی سب میں مفتوح۔

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر غائب	يَفْعَلُ	يَفْعَلَانِ	يَفْعَلُوْنَ
مؤنث غائب	تَفْعَلُ	تَفْعَلَانِ	يَفْعَلْنَ
مذکر حاضر	تَفْعَلُ	تَفْعَلَانِ	تَفْعَلُوْنَ
مؤنث حاضر	تَفْعَلِيْنَ	تَفْعَلَانِ	تَفْعَلْنَ
مُتکلّم	اَفْعَلُ	نَفْعَلُ	نَفْعَلُ

ثلاثی کے سوا جو ماضی ہمزہ سے شروع ہو۔ اس کا ہمزہ مضارع میں گر جاتا ہے جیسے اِسْتَغْفَرَ سے یَسْتَغْفِرُ جو ماضی ت سے شروع ہو۔ مضارع میں اس کا ماقبل (آخر سے پہلے) مفتوح ہوتا ہے (جیسے تَقَاتَلَ سے یَتَقَاتَلُ) باقی سب میں مع چار حرفی کے ماقبل آخر مکسور ہوتا ہے۔ جیسے اَکْرَمَ۔ دَحْرَجَ سے یُکْرِمُ۔ یُدَحْرِجُ۔

مثال کے مضارع میں ع کلمہ مکسور ہو۔ تو واؤ ف، کلمہ سے گر جاتی ہے۔ جیسے یَوْعِدُ سے یَعِدُ۔ اَجوف کے ع کلمہ کی حرکت ف کلمہ کو آجاتی ہے۔ اور حرف علّت ساکن ہو جاتا ہے۔ اور زبر کے بعد الف سے بدل جاتا ہے۔ جیسے یَقْوُلُ۔ یَخْوَفُ سے یَقُوْلُ۔ یَخَافُ۔ جمع مؤنث کے صیغوں سے ع، کلمہ گر جاتا ہے۔ جیسے یَقْوُلْنَ سے یَقُلْنَ۔ ناقص میں لام کلمہ ساکن ہوتا ہے۔ جیسے یَرْمِیُ سے یرمی۔ اور فتح کے بعد الف سے بدل جاتا ہے۔ جیسے یَرْضَیُ سے یَرْضٰی۔ جمع مذکر کے اور واحد مؤنث حاضر کے صیغوں سے گر جاتا ہے۔ مذکر کے صیغہ میں ع کلمہ مضموم اور مؤنث حاضر میں مکسور ہوتا ہے۔ جیسے یَرْمِیُوْنَ۔ تَدْعُوِیْنَ سے یَرْمُوْنَ تَدْعِیْنَ۔ مضاعف میں سوائے جمع مؤنث کے صیغوں کے باقی میں ع کلمہ کی حرکت ف کلمہ کو دیکر ع و لام کلمہ کو ملا کر پڑھا جاتا ہے۔ جیسے یَمْدُدُ سے یَمُدُّ۔ رَأَی کے مضارع اور امر سے ع کلمہ گر کر یَرٰی اور رَ۔ رہ جاتا ہے۔ اور باب افعال کی ماضی۔ مضارع۔ امر تینوں گردانوں سے گر جاتا ہے۔ جیسے اَرٰی۔ یُرِیْ۔ اَرِ۔ مضارع کے شروع میں لام مفتوح یا مَا کے لگانیسے حال کے معنی ہو جاتے ہیں۔ جیسے لَیَعْلَمُ (وہ جانتا ہے) مَا یَعْلَمُ (وہ نہیں جانتا۔ س۔ سَوْفَ۔ لَنْ۔ اَنْ۔ اِنْ کے لگانے سے استقبال کے۔ جیسے سَیَدْخُلُ (وہ ابھی اندر آئیگا) سَوْفَ یَرٰی (وہ بعد کو دیکھیگا) لَنْ تَرَانِیْ (تو ہرگز نہیں دیکھیگا) اَنْ تَصُوْمُوْا خَیْرٌ لَّکُمْ (روزہ رکھنا تمہارے لئے بہتر ہے) وَاِنْ یَّتَفَرَّقَا (اگر وہ دونوں جدا ہو گئے) مضارع کا ع کلمہ بعض لفظوں میں مفتوح یا مضموم یا مکسور ہوتا ہے۔ جیسے یَعْلَمُ۔ یَضْرِبُ۔ یَقْتُلُ۔ اسبات کی واقفیت علم لغت سے ہوتی ہے۔ لَمْ۔ لَمَّا۔ مضارع کے شروع میں آئیں۔ تو معنی ماضی منفی کے ہو جاتے ہیں۔ اور آخر سے پیش اور نون اعرابی اور حرف علّت گر جاتا ہے۔ جیسے لَمْ یَسْتَمِعْ (اس نے نہیں سُنا) لَمَّا یَسْتَمِعْ (اس نے ابھی تک نہیں سُنا)۔ اَنْ۔ لَنْ۔ کَیْ۔ کے آنے سے مضارع کے آخر زبر ہوتی ہے۔ اور نون اعرابی گر جاتے ہیں۔

فعل لازم و متعدی مجہول

جو فعل صرف فاعل چاہے۔ وہ لازم کہلاتا ہے۔ جیسے قَعَدَ مَحْمُوْدٌ (محمود بیٹھا) جو فاعل کے علاوہ مفعول کو

چاہیے۔ وہ متعدی ہوتا ہے۔ جیسے سَمِعَ مَحْمُوْدُ الْقُرْاٰنَ (محمود نے قرآن کو سُنا)۔ جس فعل کی نسبت فاعل کی طرف ہو وہ معروف ہے اور جس فعل کی نسبت فاعل سے نہ ہو وہ مجہول ہے۔ فعل مجہول صرف متعدی فعلوں سے بنتا ہے۔

ماضی مجہول

ماضی معروف کے آخری حرف سے پہلے حرف کے نیچے زیر دینے اور اس سے پہلے تمام متحرک حرفوں کو ضمہ دینے سے ماضی مجہول بنتا ہے۔ اور اگر پیش کے بعد الف ہو تو واؤ ساکن سے بدل جاتا ہے۔ جیسے نَصَرَ۔ اِسْتَغْفَرَ قَاتَلَ سے نُصِرَ۔ اُسْتُغْفِرَ۔ قُوْتِلَ۔ اجوف کے ع کلمہ کی حرکت ف کلمہ کو دی جاتی ہے۔ اور واؤ کو یٰ سے بدل دیا جاتا ہے۔ جیسے قَوِلَ۔ بُیِعَ سے قِیْلَ۔ بِیْعَ۔ جمع مؤنث غائب سے آخر تک ماضی معروف اور مجہول کے صیغوں کی ایک ہی شکل ہوتی ہے۔ جیسے قُوِلْنَ۔ بُیِعْنَ سے قُلْنَ۔ بِعْنَ ناقص میں واؤ کسرہ کے بعد آ کر یٰ ہو جاتی ہے۔ جیسے دُعِوَ سے دُعِیَ۔ جمع مذکر غائب میں لام کلمہ کا ضمہ ع کلمہ کو دے کر لام کلمہ گرا دیا جاتا ہے۔ جیسے دُعِوُوْا۔ رُمِیُوْا سے دُعُوْا۔ رُمُوْا۔

مضارع مجہول

علامت مضارع کو ضمہ دے کر آخری حرف سے پہلے حرف پر زبر دینے سے مضارع مجہول بنتا ہے۔ جیسے یَعْلَمُ۔ یُقَاتِلُ۔ یَسْتَغْفِرُ سے یُعْلَمُ۔ یُقَاتَلُ۔ یُسْتَغْفَرُ۔ اَجْوَف میں عین کلمہ ساکن ہونے کی وجہ سے زبر کے بعد الف سے بدل جاتا ہے۔ اور جمع مؤنث کے صیغوں سے گر جاتا ہے۔ جیسے یَقُوْلُ۔ یَبِیْعُ۔ یَقُلْنَ۔ یَخَفْنَ سے یُقَالُ۔ یُبَاعُ۔ یُقَلْنَ۔ یُخَفْنَ۔ ناقص میں واؤ، یٰ سے بدل جاتی ہے۔ اور یٰ، الف سے۔ جمع مذکر اور واحد مؤنث حاضر سے حرف علت گر جاتا ہے۔ جیسے یُدْعٰی۔ یُرْمٰی۔ یُرْمَوْنَ۔ تُدْعَیْنَ کہ اصل میں یُدْعَوُ۔ یُرْمَیُ۔ یُرْمَیُوْنَ۔ تُدْعَوِیْنَ ہیں۔

امر۔ نہی

امر حاضر معروف مضارع حاضر معروف کے چھ صیغوں سے اس طرح بناؤ۔ کہ علامت مضارع گرا کر دیکھو۔ اگر مابعد متحرک ہو۔ تو آخر کو ساکن کر دو۔ جیسے تَعِدُ سے عِدْ (تو وعدہ کر) اگر مابعد ساکن ہو۔ اور ع کلمہ مضموم ہو۔ تو شروع میں ہمزہ مضموم زیادہ کرو۔ ورنہ مکسور۔ جیسے تَدْخُلُ۔ تَسْمَعُ سے اُدْخُلْ (اندر آ) اِسْمَعْ (تو سن)۔ اجوف کے واحد مذکر اور جمع مؤنث کے صیغہ سے 'ع' کلمہ گر جاتا ہے۔ جیسے تَقُوْلُ سے قُلْ (تو کہہ) تَقُوْلُنْ سے قُلْنَ (تم سب عورتیں کہو) ہمزہ مکسور کے بعد واو 'ی' سے بدل جاتی ہے۔ جیسے اِوْجَلْ سے اِیْجَلْ (تو ڈر) تَاْخُذُ۔ تَاْمُرُ۔ تَاْكُلُ کے امر سے 'ف' کلمہ گر جاتا ہے جیسے خُذْ (تو لے) مُرْ (حکم دے) کُلْ (تو کھا)۔ امر غائب معروف یا مجہول کیلئے مضارع کے شروع میں لام مکسور زیادہ کر کے آخر کو ساکن کر دو۔ جیسے یَنْصُرُ۔ یُنْصَرُ سے لِیَنْصُرْ (وہ مدد کرے) لِیُنْصَرْ (وہ مدد کیا جائے)

نوٹ :- امر اور نہی کے آخر سے حروف علت اور نون اعرابی گر جاتے ہیں۔ جیسے تَرٰی۔ تَدْعُوْ۔ تَنْصُرَانِ سے رَ (تو دیکھ) اُدْعُ (تو بلا) اُنْصُرَا (تم دونوں مدد دو)

اسم فاعل

اسم فاعل کام کرنیوالے کی صفت کو کہتے ہیں۔ ثلاثی سے اس کا وزن فَاعِلٌ ہے۔ اَجوف کی واو۔ ی، ہمزہ سے بدل جاتی ہے۔ جیسے قَاوِلٌ۔ بَايِعٌ سے قَائِلٌ (کہنے والا) بَائِعٌ (بیچنے والا) ناقص سے سوائے زبر کی حالت کے لام کلمہ تغیر کھا کر فَاعِلِیْ یا فَاعٍ کے وزن پر ہوتا ہے۔ جیسے رَامِیٌ سے رَامِیْ یا رَامٍ۔ ثلاثی کے سوا مضارع کے وزن پر آتا ہے۔ صرف علامت مضارع کی جگہ میم مضموم بدلا جاتا ہے۔ اور ماقبل آخر مکسور ہوتا ہے۔ جیسے يُقَاتِلُ سے مُقَاتِلٌ (لڑنیوالا) یہ چند الفاظ مَاحِلٌ (قحط زدہ) مَالِحٌ (نمکین) يَافِعٌ (جوان) عَاشِبٌ (گھوسی) خلاف قاعدہ اَفْعَلَ سے آئے ہیں۔

اسم مفعول

اسم مفعول اس کی صفت ہے جس پر فعل واقع ہو۔ اس کا وزن ثلاثی سے مَفْعُوْلٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے سَمِعَ سے مَسْمُوْعٌ (سنا ہوا) اجوف واوی سے مَفُوْلٌ پر جیسے قَالَ سے مَقُوْلٌ (کہا ہوا) اجوف یائی سے مَفِيْلٌ آ جیسے بَاعَ سے مَبِيْعٌ۔ ناقص واوی سے مَفْعُوٌّ۔ جیسے دَعَا سے مَدْعُوٌّ (بلایا ہوا) ناقص یائی سے مَفْعِيٌّ جیسے رَمٰی سے مَرْمِيٌّ (تیر مارا ہوا) غیر ثلاثی سے مضارع مجہول کے وزن پر ہوتا ہے۔ البتہ علامت مضارع کی جگہ میم مضموم بدلا جاتا ہے۔ جیسے يُصَرَّفُ سے مُصَرَّفٌ۔ یہ چند الفاظ مَحْبُوْبٌ۔ مَجْنُوْنٌ۔ مَحْمُوْمٌ۔ مَزْكُوْمٌ۔ مَسْلُوْلٌ باب اِفْعَال کے خلاف قیاس ہیں۔

صفت مشبہ مبالغہ

یہ صفت فعل لازم سے بنتی ہے۔ اور اپنے موصوف میں بلالحاظ زمانہ کے ہر وقت پائی جاتی ہے۔ جیسے شُجَاعٌ (دلیر) صَعْبٌ (سخت) شَرِيْفٌ (بھلا آدمی) جُنُبٌ۔ صِفْرٌ (خالی) اس کے بنانے کا خاص قاعدہ نہیں۔ ایسا لفظ جو صفت کے معنی دے۔ اور وہ معنی موصوف میں ہر وقت پائے جائیں۔ اسکو صفت مشبہ سمجھو۔ جو اَفْعَال رنگ یا عیب یا حُلیہ کے معنی رکھتے ہوں۔ ان سے مذکر کا صیغہ اَفْعَلُ اور مؤنث کا فَعْلَاءُ پر آتا ہے۔ جیسے سَوِدَ۔ عَوِرَ۔ عَيِنَ سے اَسْوَدُ (کالا) سَوْدَاءُ (کالی) اَعْوَرُ (کانا) عَوْرَاءُ (کانی) اَعْيَنُ (فراخ آنکھ والا) عَيْنَاءُ (فراخ آنکھ والی)۔ ایسے اَفْعَال۔ جو بھوک پیاس یا سیر و سیراب ہونے پر دلالت کریں۔ ان سے مذکر کا صیغہ فَعْلَانُ اور مؤنث کا فَعْلٰی کے وزن پر آتا ہے۔ جیسے غَرِثَ (وہ بھوکا ہوا) عَطِشَ (وہ پیاسا ہوا) شَبِعَ (وہ سیر ہوا) رَوِيَ (وہ سیراب ہوا) سے غَرْثَانُ (بھوکا) غَرْثٰی (بھوکی) عَطْشَانُ (پیاسا) عَطْشٰی (پیاسی) شَبْعَانُ (سیر مرد) شَبْعٰی (سیر عورت) رَيَّانُ (سیراب مرد) رَيّٰی (سیراب عورت)۔ غیر ثلاثی سے اسم فاعل کے وزن پر

آتا ہے۔ جیسے مُعْوَجٌّ (ٹیڑھا) مُطْمَئِنٌّ۔

فاعل کے کام کی زیادتی جس لفظ سے ظاہر کیجائے۔ اسکو مبالغہ کہتے ہیں۔ جیسے عَلَّامٌ (بہت جاننے والا) یہ ثلاثی سے بنتا ہے اور اس کے مشہور تریں ۱۵ وزن ہیں۔ عَلَّامٌ (بہت جاننے والا) فَهَّامَة (بہت سمجھنے والا) مِقْدَامٌ (بہت آگے بڑھنے والا)۔ صِدِّيق (بہت راستگو)۔ مِعْطِيرٌ (بہت خوشبودار) ضُجَعَة (بہت لیٹنے والا)۔ شَرِهٌ (بہت حرص کرنیوالا)۔ رَحِيمٌ (بہت مہربانی کرنیوالا)۔ وَدُوْدٌ (بہت پیار کرنیوالا)۔ رَاوِيَةٌ (بہت روایت کرنیوالا)۔ غُفُلٌ (بہت غافل)۔ فَرُوْقَةٌ (بہت جدا کرنیوالا)۔ مِسْعَرٌ (بہت آگ بھڑکانیوالا)۔ فَارُوْقٌ (بہت فرق کرنیوالا)۔ كُبَّارٌ (بہت بڑا) ثلاثی کے علاوہ اَفْعَلَ سے چند مبالغہ کے لفظ آئے ہیں۔ جیسے اَعْطٰی۔ اَهَانَ۔ اَحْسَنَ۔ اَتْلَفَ۔ اَمْلَقَ۔ اَخْلَفَ۔ اَسْمَعَ۔ اَنْذَرَ۔ اَزْهَقَ۔ اَدْرَكَ۔ سے مِعْطَاء (بہت بخشنے والا) مِهْوَانٌ (بہت ذلیل کرنیوالا)۔ مِحْسَان (بہت احسان کرنیوالا)۔ مِتْلَافٌ۔ (بہت تلف کرنے والا) مِمْلَاقٌ (بہت خرچ کرنیوالا) مِخْلَاف۔ دَرَّاك۔ مبالغہ میں مذکر و مؤنث کا کوئی فرق نہیں۔ لیکن جب فَعِيلٌ فَاعِلٌ کے معنی میں ہو۔ تو اس وقت فرق کیا جاتا ہے۔ جیسے رَجُلٌ نَصِيْرٌ (بہت مدد کرنیوالا مرد) زَيْنَبُ نَصِيْرَةٌ (زینب بہت مدد کرنے والی) کبھی کبھی اس کے خلاف بھی ہو جاتا ہے۔ جیسے يُحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ۔ اور اگر فعیل مفعول کے معنی دے۔ تو اس وقت موصوف معرفہ ہو۔ تو مذکر مؤنث میں کوئی تمیز نہیں ہوتی۔ جیسے زَيْدٌ قَتِيْلٌ۔ زینب قتیل۔ لیکن نکرہ کی حالت میں تمیز ہوتی ہے۔ جیسے رَجُل حَبِيْب۔ اِمرأة حبيبة

اسم تفضیل

اس صفت کو اسم تفضیل کہتے ہیں۔ جس سے ایک چیز کسی امر میں دوسری سے بڑھ کر ظاہر کی جائے۔ جیسے اَلْعِلْمُ اَفْضَلُ مِنْ كل شي۔ علم ہر چیز سے زیادہ شرف والا ہے۔ زَيْدٌ اَبْخَلُ مِنْ خَالِدٍ۔ زید خالد سے زیادہ بخیل ہے۔ اس کا صیغہ مذکر کے لئے اَفْعَلُ اور مؤنث کے لئے فُعْلٰی کے وزن پر آتا ہے۔ اس کے بنانے میں ذیل کی باتوں کا خیال رکھنا چاہیئے (۱) فعل معروف ثلاثی متصرف (جس سے ماضی مضارع امر کے صیغے استعمال ہوتے ہوں) ہو۔ اور کمی زیادتی کے قابل ہو۔ فعل منفی نہ ہو۔ غیر تام بھی نہ ہو۔ حلیہ۔ عیب رنگ کے معنوں کے فعل بھی نہ ہوں۔ يَئِسَ (وہ ناامید ہوا) مَاتَ (وہ مرا) مَا عَلِمَ (اس نے نہ جانا) كَانَ (تھا) سَوِدَ۔ عَرَجَ (وہ لنگڑا ہوا) سے نہیں بنیگا۔ کیونکہ پہلا فعل متصرف نہیں۔ دوسرا کمی بیشی قبول نہیں کرتا۔ تیسرا منفی ہے۔ چوتھا غیر تام اور پانچواں رنگ و عیب کے معنی رکھتا ہے۔ پانچویں قسم کے ایسے فعل ہوں جن سے صفت مشبہ اَفْعَلُ کے وزن پر نہ ہو بلکہ کسی اور وزن پر ہو۔ تو اُن سے اسم تفضیل آجاتا ہے۔ جیسے قَبُحَ ہے کہ اس کا صفت مشبہ قَبِيْح ہے۔ اَقْبَحُ اسم تفضیل آتا ہے۔ خَيْرٌ۔ شَرٌّ اصل میں اَخْيَرُ۔ اَشَرُّ ہے۔ دونوں کے ہمزے کثرت استعمال کی وجہ سے ترک کئے گئے ہیں۔ کبھی کبھی اپنے اپنے اصل پر اَخْيَرُ اَشَرُّ بھی استعمال ہو جاتے ہیں + ثلاثی سے علاوہ اور نیز عیب، رنگ، حلیہ والے افعال سے اسم تفضیل بنانا مقصود ہو۔ تو اَشَدُّ یا اَزْيَدُ یا اَكْثَرُ کے بعد ان ممنوع فعلوں کے مصدر منصوب کو رکھنے

سے بنیگا۔ جیسے خَالِدٌ اَشَدُّ اِکْرَامًا یا حُمْرَۃً وغیرہ۔

اسم مکان و اسم زمان

جس جگہ کام ہو۔ اس کا نام اسم مکان ہے۔ اور جس وقت واقع ہو اس کا نام اسم زمان ہے۔ اسم مکان اور زمان ناقص اور مفتوح العین اور مضموم العین مضارع سے مَفْعَلٌ کے وزن پر آتا ہے۔ جیسے یَنْصُرُ اور یَسْمَعُ، یَسْعٰی و یَرْمِی سے مَنْصَرٌ و مَسْمَعٌ و مَسْعًی و مَرْمًی۔ مضارع مکسور العین اور مثال سے مَفْعِلٌ کے وزن پر جیسے یَجْلِسُ۔ یَعِدُ و یَوْجَل سے مَجْلِسٌ۔ مَوْعِدٌ و مَوْجِلٌ۔

ذیل کے ۱۱ وزن جن کا مضارع مضموم العین ہے۔ خلاف قاعدہ اہل زبان ع کلمے کے نیچے زیر دیتے ہیں۔ مَسْجِدٌ۔ مَرْفِقٌ۔ مَفْرِقٌ۔ مَسْکِنٌ۔ مَنْبِتٌ۔ مَسْقِطٌ۔ مَشْرِقٌ۔ مَطْلِعٌ۔ مَغْرِبٌ۔ مَجْزِرٌ۔ غیر ثلاثی سے مصدر میمی کی طرح بنائے جاتے ہیں۔ جیسے یُکْرِمُ سے مُکْرَمٌ۔ مَفْعَلَۃٌ کا وزن کسی چیز کی کثرت پر دلالت کرنے کے لئے ہوتا ہے۔ جیسے مَأْبَلَۃٌ (زیادہ اونٹوں کی جگہ) مَأْسَدَۃٌ (زیادہ شیروں کی جگہ) مَأْذَنَۃٌ (اذان کی جگہ) مَقْبَرَۃٌ۔ مکانوں کے نام ہیں اسم ظرف نہیں۔

اسم آلہ

اسم آلہ کام کرنے کے ذریعے کو کہتے ہیں۔ اس کے وزن تین ہیں۔ مِفْعَلٌ جیسے مِبْرَدٌ (ریتی) مِفْعَالٌ جیسے مِفْتَاحٌ (چابی) مِفْعَلَۃٌ جیسے مِرْوَحَۃٌ (پنکھا) مُنْخُلٌ (چھلنی) مُدْهُنٌ (تیل دانی)۔ مُکْحُلَۃٌ (سرمہ دانی) مُدُقٌّ (موگری) مُسْعُطٌ (نسوار دانی) مَنَارَۃٌ (دیوٹ۔ بٹیری) مُشْطٌ (کنگھی) یہ الفاظ خلاف قاعدہ آئے ہیں۔ ایسے اوزار جو مشتق نہیں اُن کے مختلف اوزان ہیں۔ جیسے فَأْسٌ (کلہاڑی) قَدُّوم (تیسہ) وغیرہ

مصدر

ثلاثی کے مصدر کثرت سے ہیں۔ ان کے بنانے کا کوئی خاص قاعدہ نہیں۔ اہل زبان کے استعمال اور محاورات سے ہی ان کا علم ہو سکتا ہے۔ اس لئے ان میں اکثر اس لغت میں فعل کے ساتھ دئے گئے ہیں۔ لیکن چند مصدر قیاسی یہ ہیں۔ جو افعال حرفہ اور پیشہ کے ہیں۔ ان سے مصدر فِعَالَۃٌ پر اکثر آتا ہے۔ جیسے زِرَاعَۃٌ۔ تِجَارَۃٌ۔ بعض الفاظ اسی وزن کے ف کلمہ مفتوح سے بھی آتے ہیں۔ وَکَالَۃٌ۔ وَلَایَۃٌ۔ ایسے افعال جو امتناع پر دلالت کریں۔ ان کا مصدر بھی اکثر فِعَالٌ کے وزن پر آتا ہے۔ جیسے اِبَاءٌ (انکار کرنا) شِرَادٌ (نفرت کرنا) جِمَاحٌ (نافرمان ہونا)۔ حرکت اور اضطراب پر دلالت کرنے والے فعلوں کے مصدر فَعَلَان کے وزن پر آتے ہیں۔ جیسے غَلَیَان (جوش کھانا) خَفَقَان (دل دھڑکنا) جَوَلَان (پھرنا)۔ بیماری پر دلالت کرنے والے فعلوں کے مصدر فُعَالٌ کے وزن پر جیسے صُدَاع (سر درد ہونا) سُعَال (کھانسنا) رنگ کے معنی دینے والوں سے فُعْلَۃٌ پر جیسے حُمْرَۃٌ (سرخ ہونا)۔ سیر و سیاحت کے معنی والوں سے فَعِیْل کے وزن پر

جیسے رَحِیْلٌ (کوچ کرنا) آواز پر دلالت کرنیوالوں سے فُعَال اور فعیل کے وزن پر جیسے نُبَاحٌ (کتّے کا بھونکنا) ھَدِیْرٌ (کبوتر کا کوکو کرنا)۔ فَعَلَ کے وزن کی ماضی لازم کا مصدر فُعُوْلٌ پر آتا ہے۔ جیسے دَخَلَ سے دُخُوْلٌ فَعِلَ لازم کا فَعَلٌ پر جیسے فَرِحَ سے فَرَحٌ۔ مصدر متعدی دونوں سے فَعْلٌ کے وزن پر جیسے ضَرَبَ ضَرْبًا۔ جَهِلَ جَهْلاً۔ فَعُلَ کا مصدر فُعُولة یا فَعَالة کے وزن پر جیسے سُهُوْلة۔ فَصَاحَة ثلاثی کے ہر فعل سے مصدر میمی مَفْعَلٌ کے وزن پر بنایا جاتا ہے (صرف سات لفظ مَجِیٌ مَرجِع مَصِیْر مَشِیبٌ۔ مَرْفِقٌ۔ مَقِیْلٌ اس قاعدہ کے خلاف ہیں)۔ جیسے مَقْتَلٌ۔ مَنْصَرٌ۔ مَضْرَبٌ۔ مَسْمَعٌ مَرْمیً۔ مثال واوی سے مَفْعِلٌ کے وزن پر جیسے مَوْرِدٌ۔ مَوْعِدٌ۔ غیر ثلاثی سے مضارع مجہول کے وزن پر آتا ہے۔ مضارع کی یٰ کی جگہ میم مضموم ہوتا ہے۔ جیسے یُکْرَمُ سے مُکْرَمٌ۔ فَعُوْل کے وزن پر صرف پانچ مصدر آئے ہیں۔ وَضُوْءٌ (وضو کرنا) طَهُوْرٌ (پاک ہونا) وَلُوْعٌ (حریص ہونا) قَبُوْلٌ۔ (قبول کرنا) وَقُوْدٌ (ایندھن ڈالنا)

ایک دفعہ یا نوع کا مصدر

فعل کے ایک بار ہونے پر دلالت کرنے والا مصدر فَعْلَة کے وزن پر آتا ہے۔ جیسے اَخَذْتُ اَخْذَةً (میں نے ایک دفعہ لیا) ثلاثی سے علاوہ مصدر کے آخر ۃ زیادہ کرنیسے جیسے اِلْتَفَتَ اِلْتِفَاتَةً۔ مصدر کے آخر ت ہو تو صفت بیان کر کے فرق کیا جاتا ہے۔ جیسے ضَرَبَ ضَرْبَةً وَاحِدَةً (اس نے ایکبار مارا) صارع مُصَارَعَةً وَاحِدَةً۔ فعل کی طرز یا نوع بتانے وال مصدر فِعْلَة کے وزن پر آتا ہے۔ جیسے اَکَلَ اِکْلَةَ الْمُتَکَبِّرِ (اس نے متکبر کے کھانے کی طرح کھایا)

مؤنث

مؤنث مادہ کو کہتے ہیں۔ بعض اسم مؤنث حقیقی ہیں۔ جن کے مقابل نر جاندار ہوتا ہے۔ جیسے اِمْرَاَةٌ (عورت) شَاةٌ (بکری) مَرْیَمُ (نام عورت)۔ اور بعض اسم ایسے ہیں۔ جن کو اہل زبان مؤنث استعمال کرتے ہیں۔ ان کا نر کوئی نہیں ہوتا۔ ایسے اسم مؤنث غیر حقیقی کہلاتے ہیں۔ جیسے اَرْضٌ (زمین) عَیْنٌ (چشمہ) مؤنث کی تین علامات ہیں۔ (۱) ۃ۔ جیسے قَاتِلَةٌ (قتل کرنیوالی)، (۲) الف مقصورہ۔ جیسے ذِکْرٰی کُبْرٰی۔ دُنْیَا (۳) الف ممدودہ۔ جیسے حَمْرَاءُ۔ عَاشُوْرَاءُ۔ اگر مذکورہ بالا علامتیں مذکر کے علم میں ہوں۔ جیسے طَلْحَةُ خَضْرَاءُ۔ اَرْطٰی (آدمیوں کے نام) تو ایسے علموں کو مؤنث لفظی کہتے ہیں۔ ان کے لئے فعلوں کے صیغے اور صفات مذکر کے ہی ہوں گے۔ مؤنث غیر حقیقی کے لئے کوئی خاص قاعدہ نہیں۔ اہل زبان کے محاورات پر ہی دار و مدار ہے۔ صرف ذیل میں چند قاعدے کلیہ درج ہیں۔

بدن کے اکثر جفت اعضاء جیسے اُذُنٌ (کان) عَیْنٌ (آنکھ) وغیرہ صرف صُدْغٌ (کنپٹی) مِرْفَق (کہنی) حَاجِبٌ (ابرو) خَدٌّ (رخسارہ)۔ لَحْیٌ (جبڑا) مذکر استعمال ہوتے ہیں۔ دوزخ کے نام اور شراب اور ہوا کے نام مؤنث ہوتے ہیں۔ اور اسی طرح جمع مؤنث سالم کے سوا تمام جمعیں بھی + ذیل کے الفاظ مذکر و مؤنث دونوں استعمال ہوتے ہیں۔ اِبْطٌ (بغل) ازار۔ حال۔ زقاق۔ حانوت۔ خمر۔ دِرْع

دَلْوٌ - رُوح - سبیل - سُرَی - سَمَاءٌ - سُوق - صاع - ضُحیٰ - طرس - طریق - عَنکبوت - فِردوس - فَرَس - فِهر - قِدر - قفًا - قمیص - کَبِدٌ - لِسَانٌ مِسك - مِلحٌ - حروف تہجی - اسم جمع - شہروں کے نام بتاویل موضع مذکر و تاویل بقعہ مؤنث استعمال ہوتے ہیں:

مُثنّٰی

دو چیزوں پر دلالت کرنے والے لفظ کو مثنی یا تثنیہ کہتے ہیں۔ مفرد اسم کے آخر الف اور نون مکسور یا یَ اور نون مکسور لگانے سے بنتا ہے۔ جیسے کِتَابٌ (ایک کتاب) سے کِتَابَانِ یا کِتَابَیْنِ۔ اسم مقصور (جس کے آخر الف ہو) کا الف چوتھے درجے یا زائد پر ہو۔ تو وہ یَ سے بدل جاتا ہے۔ اگر تیسری جگہ ہو تو یَ سے بدلا ہوا یَ ہو جاتا ہے اور وَ سے بدلا ہوا واؤ۔ جیسے دَعْوَی۔ مُصْطَفٰی۔ فَتٰی۔ عَصَا سے دَعْوَیَانِ۔ مُصْطَفَیَانِ۔ فَتَیَانِ۔ عَصَوَانِ + اسم ممدود (جس کے آخر الف کے بعد ہمزہ ہو) اگر اس کا ہمزہ مؤنث کے لئے ہو۔ اور الف سے پہلے واؤ نہ ہو۔ تو اس کو واؤ سے بدلا جاتا ہے۔ جیسے صَحْرَاءُ سے صَحْرَاوَانِ۔ اگر الف سے پہلے واؤ ہو تو ہمزہ قائم رہتا ہے۔ جیسے عَشْوَاءُ (اندھی اونٹنی) سے عَشْوَاءَانِ۔ اگر ممدود کا ہمزہ اصلی ہو۔ تو برقرار رہتا ہے۔ جیسے وُضَّاءٌ (ستھرا) سے وُضَّاءَانِ۔ اگر ہمزہ مونث کا یا اصلی نہ ہو۔ بلکہ الحاق کے لئے ہو۔ یا وَ۔ یَ سے بدلا ہوا ہو۔ اس میں مذکورہ دونوں باتیں جائز ہیں۔ جیسے عِلْبَاءٌ (گردن کا پٹھا) (ملحق بقرطاس) سَمَاءٌ (مبدل از واؤ) بِنَاءٌ (مبدل از یَ) سے عِلْبَاوَانِ یا عِلْبَاءَانِ۔ سَمَاوَانِ یا سَمَاءَانِ۔ بِنَایَانِ یا بِنَاءَانِ + اسم منقوص (جس کے آخر یَ ماقبل مکسور ہو) کی حذف شدہ 'یَ' واپس آجاتی ہے۔ جیسے قَاضٍ سے قاضیان + مرکب اضافی کے پہلے جزو کا تثنیہ بنایا جاتا ہے جیسے عبد الملك سے عبدا الملك۔ مرکب مزجی میں ذوا مذکر اور ذواتا مؤنث کے لئے شروع میں بڑھانے سے تثنیہ بنتا ہے۔ جیسے ذوا معدی کرب + لفظ بَعْضٌ۔ اَجْمَعُ۔ جَمْعَاءُ۔ کُلٌّ۔ عَرِیْبٌ دَیَّارٌ۔ اَحَدٌ۔ اسم تفضیل (جو مِنْ کے ساتھ استعمال ہو) اور اسماءِ عدد کا تثنیہ نہیں ہوتا۔

جمع

جمع وہ لفظ ہے۔ جو تعداد کے لحاظ سے دو سے زائد پر استعمال ہو۔ اس کی تین قسمیں ہیں۔ (۱) جمع مذکر سالم (۲) جمع مؤنث سالم (۳) جمع مکسر۔ **جمع مذکر سالم**: مفرد کے آخر وْنَ یا یْنَ لگانے سے بنتی ہے جیسے مُسْلِمٌ سے مُسْلِمُوْنَ۔ مُسْلِمِیْنَ۔ اسم منقوص کی 'یَ' حذف کر کے جمع میں واؤ سے پہلا حرف مضموم اور 'یَ' سے پہلا مکسور ہوتا ہے۔ جیسے ھَادِیْ سے ھَادُوْنَ۔ ھَادِیْنَ۔ اسم مقصور کا الف حذف ہو کر 'و' 'ی' سے پہلا حرف مفتوح ہوتا ہے۔ جیسے مُصْطَفٰی سے مُصْطَفَوْنَ۔ مُصْطَفَیْنَ۔ یہ جمع صرف مذکر عاقل کے ایسے عَلَم کی ہوتی ہے۔ جو مرکب نہ ہو۔ اور اس کا آخر 'ۃ' سے خالی ہو۔ یا مذکر عاقل کی ایسی صفت کی ہوتی ہے جس کے مؤنث کے صیغہ کے آخر 'ۃ' لاحق ہو۔ یا تفضیل کے معنی دے۔ اس قاعدہ کے رُو سے حمزۃ عَلَّامَۃ۔ سیبویہ۔ سکران۔ احمر۔ صبور کی جمع اس وزن پر نہیں آسکتی:

جمع مونث سالم:- مفرد کے آخر "ات" زیادہ کرنے سے بنتی ہے۔ جیسے زَیْنَبُ سے زَیْنَبَاتٌ۔ اگر مفرد کے آخر "ۃ" ہو۔ تو جمع بناتے وقت اس کو گرا دو جیسے شَجَرَۃٌ سے شَجَرَاتٌ۔ الف ممدودہ اور مقصورہ کے تغیرات تثنیہ کی طرح ہوتے ہیں۔ جیسے حُبْلیٰ۔ رَحیٰ۔ عَصَا سے حُبْلَیَاتٌ۔ رَحَیَاتٌ۔ عَصَوَاتٌ اور صحراء سے صحراوات اور عُلَبَاءُ سے عُلَبَاوَاتٌ یا عُلَبَاءَاتٌ — فَعْلَۃٌ صحیح العین کا "ع" کلمہ مفتوح ہو جاتا ہے۔ جیسے تَمْرَۃٌ۔ رَحْمَۃٌ سے تَمَرَاتٌ۔ رَحَمَاتٌ۔ فُعْلَۃٌ کے "ع" کو مفتوح اور ساکن پڑھنا اور "ف" کی حرکت دینا تینوں طرح جائز ہے۔ جیسے کِسْرَۃٌ سے کِسْرَاتٌ اور حُجْرَۃٌ سے حُجُرَاتٌ + فُعْلَۃٌ ناقص کا صحیح کی طرح ہے۔ جیسے رَمْیَۃٌ سے رَمَیَاتٌ۔ رُقْوَۃٌ سے رُقُوَاتٌ + فَعْلَۃٌ اجوف ہو تو اس کا "ع" کلمہ ساکن ہی رہتا ہے۔ جیسے جَوْزَۃٌ سے جَوْزَاتٌ بِیْعَۃٌ سے بِیْعَاتٌ + یہ جمع مونث کے عَلَم اور اس اسم سے جس کے آخر "ۃ" ہو یا الف ممدودہ یا مقصورہ ہو۔ یا غیر عاقل کی صفت یا ایسے خماسی اسم سے بنتی ہے۔ جس کی جمع تکسیر اہل زبان سے نہ سنی گئی ہو۔ پس مریم جَمِیْلَۃٌ۔ حُبْلیٰ۔ صحراء۔ دُرَیْہِم۔ شَامِخٌ۔ حمام۔ کی جمع مریمات۔ جمیلات۔ حبلیات صحراوات۔ دُرَیْہِمَات۔ شامخات۔ حَمَامَات ہے۔ ان کے علاوہ اہل زبان کے محاورہ کے ماتحت ہیں۔ جیسے سمٰوات۔ سِجِلَّات۔ امہاتٌ۔

جمع مکسر: وہ جمع ہے جس کے بنانے میں مفرد کی حالت قائم نہ رہے۔ اس کی دو قسمیں ہیں (۱) جمع قلت جس کا استعمال دس تک ہوتا ہے (۲) جمع کثرت جس کا استعمال تین سے لیکر دس اور اس سے زائد پر ہوتا ہے۔ جمع قلت کے چار وزن ہیں (۱) اَفْعُلٌ۔ جیسے فَلْسٌ (پیسہ) سے اَفْلُسٌ۔ (۲) اَفْعَال۔ جیسے ثَوْبٌ (کپڑا) عُنُقٌ (گردن) سے اَثْوَابٌ۔ اَعْنَاقٌ۔ (۳) اَفْعِلَۃٌ۔ جیسے طَعَامٌ سے اَطْعِمَۃٌ (۴) فِعْلَۃٌ جیسے فَتیً سے فِتْیَۃٌ +

جمع کثرت کے اوزان یہ ہیں:- فُعْلٌ جیسے اَخْضَرُ سے خُضْرٌ + فُعُلٌ جیسے حِمَارٌ۔ رَغِیْفٌ۔ عَمُوْدٌ سے حُمُرٌ۔ رُغُف۔ عُمُدٌ + فِعَال جیسے زَنْدٌ۔ جَبَلٌ۔ قَصْعَۃٌ۔ کَرِیْمٌ و کَرِیْمَۃٌ۔ عَطْشیٰ (پیاسی) سے زِنَادٌ۔ جِبَالٌ۔ قِصَاع۔ کِرَام۔ عِطَاش + فُعُول جیسے فَلْسٌ۔ حِمْلٌ۔ قُرْءٌ۔ ذَکَرٌ۔ بَدْرَۃٌ سے فُلُوْس۔ حُمُوْل۔ قُرُوْء۔ ذُکُوْر۔ بُدُوْرٌ + فُعْلَانٌ جیسے رَغِیْفٌ۔ راکب۔ اَحْمَرُ۔ شُجَاعٌ سے رغفان۔ رکبان۔ حمران۔ شُجْعَان + فِعْلَانٌ۔ جیسے رِبْحٌ۔ شُجاع۔ صُرَد۔ تَاجٌ۔ عُوْدٌ سے سِرْعَان۔ شِجْعَان۔ صِرْدَانٌ۔ تِیْجَان۔ عِیْدَان فَعْلیٰ جیسے جَرِیْحٌ سے جَرْحیٰ + فِعْلیٰ جیسے حَجَل۔ ظَرِبَان سے حِجْلیٰ۔ ظِرْبیٰ + فُعَلَاء جیسے جَبَان۔ شُجَاعٌ۔ شَرِیْفٌ۔ شَاعِرٌ سے جُبَنَاء۔ شُجَعَاء۔ شُرَفَاء۔ شُعَرَاء + اَفْعِلَاء جیسے غَنِیٌّ۔ حَبِیْبٌ سے اَغْنِیَاء۔ اَحِبَّاءُ + فَعَالیٰ۔ جیسے فَتْوٰی۔ ذِفْرٰی۔ سُعْدٰی۔ حَرْمیٰ خُنْثیٰ۔ سَکْرَانُ سے فَتَاوٰی۔ ذَفَارٰی۔ سَعَادٰی۔ حَرَامیٰ۔ خَنَاثیٰ۔ سَکَارٰی۔ فُعَالیٰ۔ جیسے اَسِیْرٌ۔ سَکْرَان سے اُسَارٰی۔ سُکَارٰی ؎

منتہی الجموع کے اوزان

وہ جمع جس کے الف کے بعد دو یا تین متحرک حرف ہوں۔ منتہی الجموع کہلاتی ہے۔ اسکے وزن یہ ہیں:-

مَفَاعِلُ جیسے مَسْجِدٌ - مَضْرِبٌ - مُکْرُمَةٌ سے مَسَاجِد - مَضَارِب - مَکَارِم +
فَوَاعِلُ جیسے کَاتِبَةٌ - کَاهِلٌ سے کَوَاتِب - کَوَاهِل + فَعَائِل جیسے صَحِیفَه - رِسَالَة
عَجُوزٌ - حَمَامَةٌ - ذُوَابَةٌ - شَمَالٌ سے صَحَائِف - رَسَائِل - عَجَائِز - حَمَائِم - ذَوَائِب
شَمَائِلُ + فَعَالِیُ جیسے صَحْرَاء - فَتْوَی - ذِفْرَی سے صَحَارِیْ - فَتَاوِی - ذَفَارِیْ +
مَفَاعِیلُ جیسے مِصْبَاحٌ - مَلْعُوْن سے مَصَابِیْح - مَلَاعِیْن +

جمع الجمع یعنی جمع کی جمع بنانا جیسے نِعْمَةٌ (ایک نعمت) کی جمع اَنْعُمٌ سے جمع الجمع اَنَاعِیْم -

اسم جنس - وہ الفاظ جو ۃ کے ساتھ مفرد پر اور بغیر ۃ کے جنس پر یا بغیر ۃ کے مفرد پر اور ۃ کے ساتھ جنس پر بولے جائیں - جیسے شَجَرَۃ (ایک درخت) کَمْأٌ (کھنبی) سے شَجَرٌ (کئی درخت) کَمْأَۃ (کئی کھنبیاں)

اسم جمع - یعنی ایسے لفظ جن میں جمع کے معنی پائے جاتے ہیں - لیکن ان کا واحد نہیں ہوتا یا واحد ہوتا بھی ہے تو اس کا وزن جمع کے وزن سے خارج ہوتا ہے - جیسے جَیْش - قوم - رَاکِب (سوار) رَکْبٌ (سواران) صَاحِبٌ (مصاحب) صَحَابه (مصاحبان) رَفِیْقٌ (ہمراہی) رُفْقَةٌ (ہمراہیان)

جمع مِنْ غیر لفظه - یعنی وہ جمع جس کے مفرد کے حرف اور ہوں - جیسے اِمْرَأَۃ - ذو سے نِسَاء - اُولُوا -

نسبت

اسم کے آخر یائے مشدّد ماقبل مکسور بڑھانے کا نام نسبت ہے - جیسے هِنْدٌ سے هِنْدِیٌّ - اسم کے آخر ۃ ہو تو گرادی جاتی ہے - جیسے کُوفَة سے کُوفِیٌّ - مونث کے لئے ی کے بعد ۃ زیادہ کیجاتی ہے - جیسے زینب کوفِیَّة + فَعِیلٌ - فَعِیْلَة - فُعَیْلَةٌ کے وزن کے کلمے ناقص ہوں تو ان کی پہلی ی کو دور کر کے دوسری کو واؤ سے بدل کر ماقبل کو مفتوح کیا جاتا ہے - جیسے عَلِیٌّ - غَنِیَّةٌ - اُمَیَّةٌ سے عَلَوِیٌّ - غَنَوِیٌّ - اُمَوِیٌّ + غیر اجوف اور غیر مضاعف لفظ جو فَعِیْلَة - فَعُوْلَة یا غیر مضاعف فُعَیْلَة کے وزن کا ہو - تو اس سے حرف علت اور ۃ دور کی جاتی ہے اور ی کو زبر دی جاتی ہے - جیسے مَدِیْنَة کَهُوْلَة - جُهَیْنَة سے مَدَنِیٌّ - کَهَلِیٌّ - جُهَنِیٌّ - لیکن طَبِیْعَةٌ - سَلِیْقَةٌ سے نسبت طبیعیٌّ سَلِیْقِیٌّ اس قاعدہ کے خلاف ہے + فَعِیْلٌ - فُعَیْلٌ صحیح ہو تو اس سے ی نہیں گرتی - جیسے رَبِیْعٌ عُبَیْدٌ سے رَبِیْعِیٌّ - عُبَیْدِیٌّ - لیکن ثَقِیْف - قُرَیْشٌ کی نسبت ثَقَفِیٌّ - قُرَشِیٌّ سے ی خلاف قیاس گرگئی ہے + الف مقصورہ تیسری اور چوتھی جگہ کا واؤ سے بدل جاتا ہے - جیسے رِضَی - مَوْلَی سے رِضَوِیٌّ - مَوْلَوِیٌّ - پانچویں جگہ کا گر جاتا ہے - جیسے مُصْطَفٰی سے مُصْطَفِیٌّ لیکن بعض مُصْطَفَوِیٌّ بھی کہتے ہیں - الف ممدودہ مونث کا واؤ سے بدلتا ہے - جیسے صَفْرَاء سے صفراوِیٌّ - اصلی بحال رہتا ہے جیسے قُرَّاء سے قُرَّائِیٌّ - اگر حرف سے بدلا ہوا ہو - تو واؤ سے بدلنا نہ بدلنا جائز ہے - جیسے سَمَاء سے سَمَائِیٌّ و سَمَاوِیٌّ + جس اسم کے آخری شد والی ہو اور اس سے پہلے دو حرفوں سے زیادہ حرف ہوں - تو نسبت کے وقت وہ گر جاتی ہے - جیسے شَافِعِیٌّ سے شَافِعِیٌّ (امام شافعی کا پیرو) - اگر ی مشددہ سے پہلے ایک حرف ہو تو پہلی ی پر فتح دیکر دوسری کو واؤ سے بدلا جاتا ہے - جیسے حَیٌّ سے حَیَوِیٌّ - اگر ی واؤ سے بدلی ہوئی ہو - تو واؤ ہو جاتی ہے - جیسے طَیٌّ سے طَوَوِیٌّ - اگر ی اسم کا چوتھا حرف مکسور کے بعد ہو تو اس کا گرانا یا واؤ سے بدلنا جائز ہے - جیسے قَاضِی سے قَاضِیٌّ یا قَاضَوِیٌّ - اگر پانچواں حرف (ی) ہو - تو

گرجاتا ہے۔ جیسے دِھْلِی ۔ مُشْتَرِی سے دِھْلِیٌّ یا دِھْلَوِیٌّ ۔ مُشْتَرِیٌّ ۔ اگر اسم کے آخر سے حرف گر کر دو حرف رہ گئے ہوں ۔ تو گرا ہوا واپس آجاتا ہے ۔ جیسے اَخٌ ۔ اَبٌ ۔ دَمٌ ۔ یَدٌ سے اَخَوِیٌّ ۔ اَبَوِیٌّ دَمَوِیٌّ ۔ یَدَوِیٌّ ۔ گرائے ہوئے کے عوض ہمزہ لایا ہو گرانا اور اصل گرے ہوئے کو واپس لانا جائز ہے۔ جیسے ابن ۔ اسم سے بَنَوِیٌّ ۔ سَمَوِیٌّ ۔ اِبْنِیٌّ ۔ اِسْمِیٌّ دونوں طرح درست ہے ؛ گرے ہوئے کے عوض ۃ نسبت میں گرجاتی ہے ۔ اور اصلی حرف واپس آجاتا ہے۔ جیسے سَنَۃٌ ۔ زنۃ سے سَنَوِیٌّ وَزْنِیٌّ ۔ تثنیہ کو نسبت کے وقت مفرد بنایا جاتا ہے ۔ جیسے عِراقَیْنِ ۔ مُسْلِمَانِ سے عِرَاقِی ۔ مُسْلِمِیٌّ ۔ مرکب مزجی کی پہلی جزو یا سارے اسم کیطرف نسبت دیجاتی ہے ۔ جیسے بعلبك سے بَعْلِیٌّ یا بَعْلَبَکِیٌّ ۔ بعض اسماء کی نسبت قواعد بالا کے خلاف بھی اہل زبان سے سنی گئی ہے ۔ جیسے رَبٌّ ۔ بَادِیَۃ ۔ نُوْرٌ ۔ حَقٌّ ۔ مَرْو ۔ رَیّ ۔ دَھْرٌ ۔ رُوْح ۔ اَنْفٌ کَبِیْرٌ ۔ بَحْرَیْن ۔ تِھَامَۃ ۔ صَنْعاء ۔ عبد اللّٰہ سے رَبَّانِیٌّ ۔ بَدَوِی ۔ نُوْرَانِیٌّ ۔ حَقَّانِیٌّ ۔ مَرْوَزِیٌّ ۔ رَازِیٌّ ۔ دُھْرِیٌّ ۔ رُوْحَانِیٌّ ۔ اَنَافِیٌّ بَحْرَانِیٌّ ۔ تہامیٌّ ۔ صنعانِیٌّ ۔ عبدلیٌّ ؛

تصغیر (چھوٹائی ظاہر کرنیکا وزن)

فُعَیْل ۔ اسم ثلاثی کی تصغیر کے لئے جیسے رَجُلٌ سے رُجَیْل + فُعَیْلِلُ ۔ ثلاثی مزید ۔ رباعی ۔ خماسی کے لئے جن کا چوتھا حرف مدہ نہ ہو ۔ جیسے مِضْرَب ۔ جَعْفَرٌ ۔ سَفَرْجَل سے مُضَیْرِبٌ ۔ جُعَیْفِرٌ ۔ سُفَیْرِجٌ ۔ فُعَیْلِیْلُ ۔ ثلاثی مزید ۔ رباعی مزید ۔ خماسی مزید جن کا چوتھا حرف مدہ ہو ۔ جیسے مِضْرَاب ۔ قِرْطَاس ۔ خَنْدَرِیْسٌ سے مُضَیْرِیْبٌ ۔ قُرَیْطِیْسٌ ۔ خُنَیْدِرِیْسٌ ۔ فُعَیْلَان ۔ فَعْلَان ۔ اَفْعَال کے وزن کے اسموں کی تصغیر کے لئے جیسے سَکْرَان ۔ اَجْمَالٌ سے سُکَیْرَان ۔ اُجَیْمَالٌ + فُعَیْلِلٌ ۔ پانچ اصلی حرفوں والے اسم کی تصغیر کے لئے ۔ جیسے سَفَرْجَل سے سُفَیْرِجِلٌ ۔ اگر اسم مؤنث غیر حقیقی تین حرف کا ہو ۔ تو تصغیر میں علامت مؤنث ظاہر ہو جاتی ہے ۔ جیسے اَرْضٌ ۔ شمس سے اُرَیْضَۃ ۔ شُمَیْسَۃ + مؤنث تثنیہ وجمع کی علامتیں نسبت میں بدستور رہتی ہیں ۔ جو کلمہ تغیر کے بعد دو حرف رہ گیا ہو تصغیر میں اصلی حالت پر آجاتا ہے ۔ اور عوض کی ۃ نہیں گرتی جیسے عِدَۃ ۔ مُذ ۔ اِبْنٌ ۔ بِنْتٌ سے وُعَیْدَۃ ۔ مُنَیْذ ۔ بُنَیٌّ ۔ بُنَیَّۃٌ ۔ دوسرا حرف الف ہو تو واؤ سے اور تیسرا الف ہو تو ی سے بدل جاتا ہے ۔ جیسے ضَارِب ۔ حِمَار سے ضُوَیْرِب حُمَیِّر (حُمَیْیِر)

اَلِف = ا

اَلِف - الف کی دو قسمیں ہیں - (۱) ساکن جسے حرف لین کہتے ہیں - جیسے قَامَ -
(۲) متحرک جسے ہمزہ کہتے ہیں - ہمزہ کئی معنوں میں استعمال ہوتا ہے - (۱) استفہام جیسے أَقَرَأْتَ (کیا تونے پڑھا؟)
(۲) حرف ندا - منادیٰ قریب کے لئے - جیسے أَزَیْدُ اُذْھَبْ (اے زید تو جا)
(۳) تسویہ کے لئے - جیسے أَأَنْذَرْتَھُمْ أَمْ لَمْ تُنْذِرْھُمْ - (تیرا ڈرانا نہ ڈرانا برابر ہے)
آ - منادیٰ قریب کے لئے -
*آب - ماہ اگست -
اَبَّ ـُ اَبًّا و اِبَابَۃً الیہ - مشتاق ہونا چاہنا -
ـــ ـِ اَبِیْبًا و اَبًّا و اَبَابًا و اَبَابَۃً لَہٗ تیار ہونا -
اَبَّ اَبَّہٗ - وہ اسکے ارادے پر چلا -
اَبَّبَ - چلایا -
تَاَبَّبَ ب - تعجب کرنا -
اَبٌّ ج اُبُوْبٌ - چراگاہ - تر یا خشک گھاس
اَبَابٌ - سراب - پانی -
اَبِیْبُ - قبطی سال کا گیارھواں مہینہ - (جولائی کے مقابل)
اَبَأَ ـَ ب - مارنا (تیر)
اَبَتَ ـِ و اَبِتَ ـَ اَبْتًا و اُبُوْتًا - سخت گرم ہونا (دن)
تَاَبَّتَ - تیز ہونا (انگارا)
اَبْتٌ و اَبِتٌ و آبِتٌ - سخت گرم (دن)
اَبْتَۃُ الْغَضَبِ - غضب کی تیزی -
اَبَثَ ـِ اَبْثًا ہ و علی - بدگوئی کرنا - تحقیر کرنا -
اَبْجَد - لغت عرب میں حساب جمل کے آٹھ مشہور کلمات جو حسب ذیل ہیں -
اَبْجَدْ - ھوز - حطی - کلمن - سعفص قرشت - ثخذ - ضظغ - ان میں ترتیب اعداد حسب ذیل ہے -

الف ۱ - ب ۲ ج ۳ د ۴ ہ ۵ و ۶ ز ۷ ح ۸ ط ۹
ی ۱۰ ک ۲۰ ل ۳۰ م ۴۰ ن ۵۰ س ۶۰ ع ۷۰ ف ۸۰
ص ۹۰ ق ۱۰۰ ر ۲۰۰ ش ۳۰۰ ت ۴۰۰ ث ۵۰۰ خ ۶۰۰
ذ ۷۰۰ ض ۸۰۰ ظ ۹۰۰ غ ۱۰۰۰

اَبَدَ ـِ اُبُوْدًا ب - اقامت کرنا (جگہ میں)
ـــ ـُ اُبُوْدًا جنگلی ہونا (جانور) ڈرنا -
اَبِدَ ـَ اَبَدًا - جنگلی ہونا -
ـــ علیہ - غصے ہونا -
اَبَّدَ - ہمیشہ رکھنا - ڈرانا -
تَاَبَّدَ - جاودانی ہونا - وحشی ہونا - ویران ہونا (جگہ)
اَبَدٌ ج آبَادٌ و اُبُوْدٌ - ہمیشہ رہنے والا زمانہ - قدیم - ازلی - غیر معین زمانہ -
لَا آتِیْہِ اَبَدَ الْآبِدِیْنَ وَ اَبَدَ الْاَبَدِ وَ اَبَدَ الْآبَادِ وَ اَبَدَ الدَّھْرِ - میں اس کے پاس کبھی نہیں آؤں گا -
عَلَی الْاَبَدِ و اِلَی الْاَبَدِ - ہمیشہ کیلئے -
اَبَدًا - زمانہ مستقبل کے لئے - جیسے لَا اَفْعَلُہٗ اَبَدًا - میں اس کو کبھی نہیں کرونگا -
اٰبِدَۃٌ ج اَوَابِدُ - قابل نفرت - بڑا واقعہ غیر معمولی واقعہ - ایسی مصیبت جس کا چرچا ہمیشہ رہے - غیر مالوف چیز جنگلی جانور -
اَوَابِدُ الْکَلَامِ - غیر مالوف یا غیر واضح الفاظ
ـــ غیر سفری پرندے -
اَبَدِیٌّ و مُؤَبَّدٌ - ہمیشہ رہنے والا - قائم -
اَبَدِیَّۃٌ - ہمیشگی - آخرت -

اَبَرَ ـِ اَبْرًا و اِبَارًا - سوئی چبھونا - ڈنک لگانا - خوراک میں سوئی کھلانا - ہلاک کرنا - غیبت کرنا - بارآور کرنا (کھجور کو نر کھجور سے)
اِئْتَبَرَ اِبْتَرَ - کنواں کھودا -
اِبْرَۃٌ ج اِبَرٌ - سوئی - ڈنک - سمندری کمپاس چغلی -
اِبْرَۃُ الْقَرْنِ - سینگ کا سرا -
مِئْبَرٌ و مِئْبَارٌ - سوئیوں کا کیس - درخت کو پیوند لگانے کی چھری -
اَبَّارٌ و اِبَرِیٌّ - سوئیوں کا کاریگر - سوئیاں فروخت کرنے والا -
مِئْبَرَۃٌ ج مَآبِرُ - چغلی - تہمت -
اِبْرِیْز و اِبْرِیْزِی - خالص (سونا)
*اِبْرَیْسَم - ریشم -
*اَبْرَشِیَّۃٌ - وہ علاقہ یا لوگ جو اسقف کی حکومت کے نیچے ہوں -
اِبْرِیْقٌ ج اَبَارِیْقُ - قبضے والا لوٹا -
اَبَزَ ـِ اَبْزًا و اُبُوْزًا - کودنا - دوڑنا (ہرن)
ـــ ب - بے عزتی کرنا -
*اِبْزِیْمٌ / اِبْزَامٌ } ج اَبَازِیْمُ - بکسوا - تالا - دستہ
اَبَسَ ـِ اَبْسًا و اَبَّسَ - ذلیل کرنا - حقیر سمجھنا - ملامت کرنا -
اَبَشَ ـُ اَبْشًا و اَبَّشَ - جمع کرنا - چننا
اُبَاشَۃٌ - مخلوط جماعت یا گروہ -
اَبَضَ ـُ اَبْضًا و تَاَبَّضَ - اونٹ کے پاؤں کو بازو سے باندھنا -
اِبَاضٌ ج اُبُضٌ - اونٹ کا پاؤں باندھنے کی رسی - گھٹنے کا پچھلا حصہ -
اُبْضٌ ج آبَاضٌ - گھٹنے کا اندر کا حصہ - بازو
مَاْبِضٌ ج مَآبِضُ - شکم - زانو کا اندر کا حصہ - ہاتھ کا گھٹنہ ۔

اِبْطٌ ج آبَاطٌ - بغل -
اِبطُ الْجَبَلِ - دامنِ کوہ -
تَأَبَّطَ - بغل میں لینا - بغل میں اٹھانا -
— شَرًّا - ایک عربی شاعر کا لقب ہے
اِبَاطٌ - بغل کے نیچے لی ہوئی چیز -
اَبِقَ - اِبَاقًا و اَبْقًا و اَبَقًا - بھاگنا (غلام)
اَبَقٌ - سن کا پودا -
آبِقٌ } ج اُبَّقٌ و اُبَّاق - بھاگا ہوا غلام
اَبُوق } بھاگنے والا غلام -
تَاَبَّقَ - چھپنا - ناآشنا سمجھنا -
اَبِلَ - اَبَلًا و اَبَلَ - اَبَالَةً - اونٹوں کا اچھی طرح انتظام کرنا -
— اَبَلًا و اُبُولًا و اَبِلَ اَبَلًا - پانی سے تازہ گھاس کی طرف جانا (اونٹ)
اَبَلَ - اَبَالَةً - راہب بننا -
آبَلَ - بہت اونٹوں والا ہونا -
اِبِلٌ و اِبْلٌ ج آبَال - اونٹ (یہ لفظ جمع کے معنے دیتا ہے - اس کا مفرد مستعمل نہیں) بادل -
اُبُلَّةٌ - قبیلہ -
اَبِیلٌ و اِبِیلِیٌّ و اَیْبُلِیٌّ ج آبَالٌ و اُبُلٌ گھنٹہ بجانے والا - پادری - راہب -
اِبَالَةٌ و اِبَّالَةٌ - بڑا گٹھا - جماعت سیاست
ضِغْثٌ علیٰ اِبَّالَةٍ - مصیبت پر مصیبت
اَبَابِیلُ - متفرق گروہ - ڈاروں کے ڈار - قطار میں جانیوالا اونٹوں کا بڑا گلہ ؎
اِبِیلَةٌ - گٹھا - (لکڑی یا گھاس کا)
مَأْبَلَةٌ - بہت اونٹوں والی زمین -
اِبْلِیسُ ج اَبَالِسَةٌ و اَبَالِسُ - شیطان کا علم جنس ہے -
اَبَنَ - اَبْنًا و اَبَّنَ - عیب لگانا - الزام لگانا - سیاہ ہونا (خون زخم میں)
اَبَّنَهٗ - مردہ کی تعریف کرنا - مرثیہ کہنا -
تَاَبَّنَهٗ - نشانوں کے پیچھے چلنا - انتظار کرنا - دیکھتے رہنا -
اِبَّانٌ - شروع - مناسب وقت -
اُبْنَةٌ - ج اُبَنٌ - عیب - کینہ - لکڑی کی گانٹھ ؎
اُبَنُ الرِجل - پاؤں کی رگیں -
مَاْبُوْن - عیب دار - مشکوک -
اِبَانَةُ الرَّجُلِ - آدمی کے تمام سانس -
اَبْنُوسٌ و آبْنُوس - ایک درخت کا نام ہے جس کی لکڑی سخت وزنی اور سیاہ ہوتی ہے -
اَبِهَ - اَبْهًا لهٗ - یاد کرنا سمجھنا -
لا یُؤْبَهُ لهٗ - اس کی طرف توجہ نہیں کیجاتی
اَبَّهَهٗ - یاد کرانا - چوکس کرنا - آگاہ کرنا -
— ب - شک کرنا -
تَاَبَّهَ علیه - تکبر کرنا - بڑائی کرنا -
— عن - دور ہونا - منزہ ہونا -
اُبْهَةٌ و اُبَّهَةٌ - بزرگی - غرور - کبر - نخوت خوبصورتی - چمک -
اَبَا - اِبَاوَةً و اُبُوَّةً و اُبُوًّا - باپ ہونا - پرورش کرنا (یتیم کی)
اَبَّیٰ - یہ کہنا کہ میرا باپ آپ پر قربان ہو -
تَاَبَّیٰ - باپ بنانا -
اَبٌ ج آبَاءٌ - والد - باپ - ایجاد کرنے والا - اصلاح کرنے والا - معلم -
اَبَوَان - ماں باپ - چچا اور باپ - باپ اور دادا -
ابو الیَقْظَانِ - مرغ -
ابو المَفَوص - پوست -
ابو النَظَّارَة - عینک پوش -
لا اَبَاكَ و لا اَبَ لكَ و لا اَبَاكَ - تیرا باپ مرے - یہ مدح یا ذم کے موقعہ پر استعمال کرتے ہیں -
※ آب - عیسائیوں کے نزدیک اقنوم اول جس کو باپ کہتے ہیں -
یَا اَبَتِ - اے میرے باپ
اُبُوَّةٌ و اَبَاوَةٌ - باپ ہونا -
اَبیٰ - اِبَاءً و اِبَاءَةً و تَاَبَّیٰ - سخت انکار کرنا - ناپسند کرنا - رکنا -
آبٍ ج اَبُوْنَ و اُبَاةٌ و اُبَّاءٌ - ناپسند کرنے والا - انکاری -
اَبِیٌّ - نفرت کرنے والا - کمینہ باتوں سے اپنے آپ کو بلند رکھنے والا - مغرور
اِتْبٌ ج اُتُوبٌ و آتُبٌ و اِتَابٌ و آتَابٌ - بے آستین - قمیص - زرہ -
تَأَتَّبَ و اِئْتَتَبَ - بے آستین قمیص پہننا -
مُؤَتَّبُ الظُفُرِ - کج ناخن والا -
اِتَادٌ ج آتِدَةٌ و اُتُدٌ - نیا نا - اکیلا
※ اَتَابِك - امیر - سردار - اتالیق - ادب سکھانے والا -
اُتْرُج و اُتْرُنج - لیموں -
اَتَلَ - اَتْلًا و اَتَلَانًا - تیز قدم چلنا
اَتَمَ - اَتْمًا - دو چیزوں کو اکٹھا کرنا -
— بالمكان - جگہ میں ٹھہرنا -
مَأْتَمٌ ج مَآتِمُ - لوگوں کے اکٹھا ہونے کی جگہ - ماتم کے مجمع پر عموماً استعمال ہوتا ہے -
اَتَانٌ ج اُتُنٌ و اُتْنٌ و آتُنٌ - گدھی
اِسْتَاْتَنَ - گدھی خریدنا -
کان حِمَارًا فاسْتَاْتَنَ - گدھا تھا - اور وہ گدھی ہو گیا - یعنی وہ ذی عزت تھا اور

ذلیل ہوگیا۔
اَتُونٌ ج اُتُنٌ و اَتَاتِینُ۔ حمام کا چولہا
چونا کی بھٹی۔
اَتَا ء اَتْوًا و اِتَاءً۔ پھلدار ہونا۔
زیادہ پھل والا ہونا (درخت)
— بہ و علیہ۔ چغلی کھانا
اَتْوٌ۔ طریقہ۔ سیدھا راستہ۔
اَتُوتٌ۔ رشوت دینا۔
اِتَاوَۃٌ ج اَتَاوِی۔ خراج ٹیکس۔ رشوت
اَتَی یِ اِتیَانًا و اَتْیًا و اُتِیًّا و اَتْیَانَۃً
و مَأْتَاۃً۔ آنا۔ کرنا (کسی چیز کو) واقعہ ہونا
بطور تحفہ دینا۔ پاس سے گزرنا۔
— عَلَی الشَّیْءِ۔ پورا کرنا۔ ہلاک کرنا۔
— ب۔ لانا۔
— ہ ب پیش کرنا۔
اَتَّی تَأْتِیَۃً و تَأْتِیًّا المَاءَ۔ پانی کے
لئے راستہ بنانا۔
آتَاہُ مُوَاتَاۃً۔ موافق ہونا۔
آتَی اِیتَاءً۔ دینا۔
— الی۔ ہانکنا۔
تَأَتَّی۔ مہیا ہونا۔ آسان ہونا۔ میسر آنا
— عن و من۔ صادر ہونا۔ حاصل کرنا۔
— لہٗ۔ نرم ہونا۔ مہربان ہونا۔ مائل
ہونا۔ اچانک واقعہ ہونا۔ آسان ہونا۔
اِسْتَأْتَی۔ آنے کے لئے ترغیب دینا
سُست سمجھنا۔
آتٍ (م) آتِیَۃٌ۔ آنے والا۔
مَأْتیً و مَأْتَاۃٌ۔ سامنا۔ مقابل کا پہلو
آنے یا جانے کی سمت۔
اَتِیٌّ و اُتَاوِیٌّ۔ مسافر۔ نامعلوم جگہ
سے آنے والا سیلاب۔
کَانَ وَعْدُہٗ مَأْتِیًّا۔ اس کا وعدہ آنے والا تھا

اَثَّ یِ اَثَاثًا و اُثُوثًا و اَثَاثَۃً۔
گھنا ہونا (بال یا گھاس) گچھے دار ہونا۔
اَثَّثَ۔ الفِرَاشَ: بچھانا فرش۔
تَأَثَّثَ: مالدار ہونا۔ باآرام زندگی بسر کرنا
اَثَاثٌ۔ گھر کا سامان۔ مال۔ منقولہ سامان
اَثٌّ و اَثِیثٌ ج اِثَاثٌ: بکثرت اسر کے
بال یا گھاس، گچھے دار۔
اَثَرَ یِ اَثْرًا و اَثَارَۃً و اُثْرَۃً: بیان
یا نقل کرنا (حدیث)
— ہ: اکرام کرنا۔
اَثِرَ ـَ اَثَرًا: شروع کرنا۔ پسند کرنا
— لِلاَمْرِ: کام کے لئے فارغ ہونا۔
— علیہ: عزم کرنا۔ ارادہ کرنا۔ پیش کرنا
— علی اَصْحَابِہٖ: ساتھیوں کے سوا
اپنے لئے کوئی چیز چن لینا۔
اَثَّرَ فیہ: نشان چھوڑنا۔ اثر کرنا۔
آثَرَ اِیثَارًا: ترجیح دینا۔ پسند کرنا۔ فضیلت
دینا۔ اکرام کرنا۔ پیچھے لگانا۔
تَأَثَّرَ و اِئْتَثَرَ: نشان کے پیچھے چلنا۔
پیروی کرنا۔
— منہ و بہ: اثر پہونچنا۔
مَا تَأَثَّرَ اِلَیَّ اَثَرًا: میرے ساتھ کوئی
سلوک نہیں کیا۔
اِسْتَأْثَرَ بالشیء علی غَیْرِہٖ: دوسرے
کے علاوہ اپنے لئے چیز مخصوص کرلینا۔
— اللّٰہُ بہ: خدا نے اس کو وفات دیدی
اَثَرٌ و اِثْرٌ ج آثَارٌ و اُثُورٌ: کسی چیز کا
باقیماندہ نشان۔ پاؤں کا نشان۔
— : حدیث۔ سنت۔ موت۔
خَرَجَ فی اَثَرِہٖ: وہ اس کے بعد نکلا۔
علی الاَثَرِ: فی الحال۔
اُثْرٌ و اُثُرٌ ج آثَارٌ و اُثُورٌ: زخم کا نشان۔

اَثَرٌ ج اُثُورٌ: تلوار کا جوہر۔
آثَارٌ قَدِیمَۃٌ: پرانی یادگاروں کی نشانات
اُثْرَۃٌ و اَثَارَۃٌ ج اُثَرٌ: گمشدہ علم کا
بقیہ حصہ۔ موروثی شرافت۔ اچھا فعل
اَثَرَۃٌ: پسندیدگی۔ ترجیح۔
اَثَرِیٌّ: آثار قدیمہ کا عالم۔
اَثِیرٌ ج اُثَرَاءُ: نشان رکھنے والا۔
بہت خالص۔ معزز۔ تلوار کا جوہر۔ قدما
کے نزدیک نوواں آسمان۔ سائنسدانوں
کے نزدیک ایتھر۔
فَرَسٌ اَثِیرٌ: گھوڑا جس کے کھروں
کے نشان بڑے ہوں۔
مَأْثُرَۃٌ ج مَآثِرُ: شاندار عمدہ کام۔
موروثی عزت۔ قابل یاد واقعہ۔ فائدہ۔
مَأْثُورٌ: نقل شدہ۔ نقل کیا ہوا۔
اَثَّفَ۔ تَأْثِیفًا: چولہے کے پتھروں پر
رکھنا (ہانڈی)
تَأَثَّفَ القَوْمُ: لوگ اکٹھے ہوئے۔
اُثْفِیَّۃٌ ج اَثَافِی: پتھر جس پر ہانڈی رکھی
جاتی ہے۔ جماعت۔
رَمَاہُ بِثَالِثَۃِ الاَثَافِی: اس کو بڑی مصیبت
میں ڈالا۔
اَثَلَ یِ اُثُولًا و اَثُلَ ـُ اَثَالَۃً۔
جڑ پکڑنا۔
اَثَّلَ و تَأَثَّلَ مَالَہٗ: مال جمع کرنا۔
— ہ: عزت کرنا۔
تَأَثَّلَ: مضبوط ہونا۔ اکٹھا ہونا۔
اَثْلٌ ج اَثْلَاثٌ و آثَالٌ و اُثُولٌ۔
جھاؤ کا درخت۔
اَثْلَۃٌ: جھاؤ کا ایک درخت۔
— و اَثْلَۃٌ ج اِثَالٌ: گھر کا سامان جمع
اَثْلَۃٌ و اُثَالٌ: پرانی شرافت یا ورثہ کی دولت

نَحَتَ اَثْلَتَهٗ: اس نے اس کی شرافت پر نکتہ چینی کی۔

اَثِیْلٌ ومُؤَثَّلٌ: شریف۔ جڑھ پکڑا ہوا

اَثِمَ ـَـ اِثْمًا واَثَمًا ومَأْثَمًا: ناجائز کام کرنا۔ گناہ کرنا۔ جرم کرنا۔

اَثَّمَ: جرم کا الزام لگانا۔

آثَمَ: گناہ میں ڈالنا۔

تَأَثَّمَ: گناہ سے نفرت کرنا۔

اِثْمٌ ج آثَامٌ: گناہ۔ جرم۔ چوری۔ نیکی سے روکنے والا کام۔

اَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ بِالْاِثْمِ: اس کی عزت نے اس کو ایسے کام پر آمادہ کیا۔ جو نیکی سے روکنے والا ہے۔

وَمَنْ يَّفْعَلْ ذَالِكَ يَلْقَ اَثَامًا: جو یہ کریگا عذاب پائے گا۔

اَثِيْمٌ ج اُثَمَاءُ (وآثِمٌ) ج اَثَمَةٌ: گناہگار۔ مجرم۔

مَأْثَمَةٌ ومَأْثَمٌ ج مَآثِمُ: خطاکاری گناہ۔ جرم۔

اَثَا ـُـ اَثْوًا واِثَاوَةً۔ اَثَى ـِـ اَثْيًا واِثَاوَةً بِهٖ: چغلی کھانا۔ تہمت لگانا۔

تَأَثَّوْا وتَآثَوْا: مقدمہ بادشاہ کے پاس لے گئے۔

مَأْثِيَةٌ ومَأْثَاةٌ: چغلی تہمت۔

آثِيْنَةُ: شہر اتھنیز یونان کا پایہ تخت

اَجَّ ـُـ اَجِيْجًا: شعلہ مارنا۔ بھڑکنا۔ (آگ)

ـــ ـِـ اَجِيْجًا: دوڑنا (شتر مرغ)

ـــ ـُـ اُجُوْجًا: کھاری ہونا (پانی)

اَجَّجَ: بھڑکانا یا جلانا (آگ) کھاری بنانا (پانی)

ـــ علی العدو (دشمن پر حملہ کرنا۔

تَأَجَّجَ وتَآجَّ وائْتَجَّ: بھڑکنا۔ گرم ہونا۔

آجَّ الماءَ: پانی کھاری بنانا۔

اَجَّةٌ ج اِجَاجٌ: گرمی کی شدت۔ جوش

ـــ واَجِيْجٌ: مخلوط گفتگو کی آواز۔ آہستہ چلنے کی آہٹ۔

حَجَّ ـُ حَجًّا : قصد کرنا۔ جانا بیت اللہ کی زیارت کرنا۔ دلیل میں غالب آنا بہت آمد و رفت رکھنا۔ ٹٹولنا (زخم)
حَاجَّ : جھگڑنا۔
حَجَّجَ و اَحَجَّ : حج پر روانہ کرنا۔
تَحَاجَّ : ایک دوسرے سے جھگڑنا۔

اِحْتَجَّ : دعویٰ کے ثبوت میں دلیل دینا۔
—— بالشیٔ : کسی چیز کو دلیل یا عذر بنانا
اِسْتَحَجَّ : حج پر روانہ ہونا۔ دلیل طلب کرنا۔
حَجٌّ وحِجَّۃٌ : حج۔ مقدس مقامات کی زیارت۔
یَوْمُ الْحَجِّ الْاَکْبَرِ : بڑے حج کا دن۔ یعنی یوم النحر۔
حَجَّۃٌ : بالی (کان کی) کان کی لَو۔
—— وحِجَّۃٌ : سال۔ برس۔ کان کی لَو۔
حِجَّۃٌ ج حِجَّاتٌ وحِجَجٌ : ایک حج۔ سال۔
ذُوالْحِجَّۃِ ج ذَوَاتُ الْحِجَّۃِ : قمری سال کے آخری ماہ کا نام۔
حُجَّۃٌ ج حُجَجٌ وحِجَاجٌ : برہان۔ دلیل۔ عذر۔
حَجَاجٌ ج حُجَاجٌ واَحِجَّۃٌ وحُجُجٌ : ابرو کی ہڈی۔
حَاجٌّ ج حُجَّاجٌ وحَجِیجٌ وحُجٌّ : حاجی
مَحَجَّۃٌ ج مَحَاجٌّ : سڑک۔ شاہراہ۔ راستہ کا درمیان۔
مِحْجَاجٌ : جھگڑالو۔ بہت مقدمہ باز۔ زخم کے ٹٹولنے کی سوئی۔
حَجِیجٌ : دلیل سے غالب آنے والا۔ وہ شخص جس کا زخم سوئی سے ٹٹولا جائے
حَجَأَ ـَ حَجْأً : روکنا۔ بند رکھنا۔ واپس قدم ہٹنا۔
—— ب : خوش ہونا۔
حَجِیَ ـَ حَجًا وتَحَجَّاَ ب : مشتاق ہونا۔ تعلق رکھنا۔
حَجِیٌٔ : شوقین۔
—— بکذا : پناہ لینے والا۔
مَحْجَأٌ : جائے پناہ۔

حَجَبَ ـُ حَجْبًا وحِجَابًا و حَجَّبَ : چھپانا۔ پردہ کرنا۔ اندر آنے سے روکنا
—— بَیْنَ : درمیان حائل ہونا۔
تَحَجَّبَ واِحْتَجَبَ : پردہ میں ہونا۔
اِسْتَحْجَبَ : دربان بنانا۔
حِجَابٌ ج حُجُبٌ : پردہ۔ تعویذ۔
حِجَابُ الشَّمْسِ : سورج کی روشنی۔
حِجَابَۃٌ : دربان کی اسامی۔ دربانی کا پیشہ۔
حَاجِبٌ ج حُجَّاب وحَجَبَۃٌ : دربان۔ چوبدار۔
حَاجِبٌ ج حَوَاجِبُ وحَوَاجِیب ابرو۔
—— الشَّمْسِ : سورج کی شعاع۔ طلوع کے وقت نظر آنے والا سورج کا کنارہ۔
حَاجِبُ الشَّیٔ : چیز کا کنارہ۔
مَحْجُوبٌ : پردہ کیا ہوا۔ چھپایا ہوا۔ نابینا۔
حَجْحَجَ : بولنے سے رکنا۔ حملہ کے بعد پیچھے ہٹنا۔ (فوج)
—— ب : اقامت اختیار کرنا۔
حَجَرَ ـُ حَجْرًا وحُجْرًا وحِجْرًا وحُجْرَانًا منع کرنا۔
—— عن : محروم کرنا۔ دخل کا روکنا۔ سوال حقوق سے روکنا۔
—— حَجْرًا ومَحْجَرًا علی : حرام کرنا ناجائز ٹھہرانا۔
حَجَّرَ : ہالہ والا ہونا (چاند) پتھر کی طرح ہونا (کیچڑ)
اَحْجَرَ : ڈھانکنا۔ چھپانا۔
تَحَجَّرَ واِسْتَحْجَرَ : پتھر کی مانند ہونا۔ حجرہ بنانا۔ کمرہ بنانا۔

—— عَلیٰ: تنگ کرنا۔
—— وَاحْتَجَرَ وَاسْتَحْجَرَ: حجرہ بنانا
حجرہ میں علیحدہ رہنا۔
—— ب: پناہ لینا۔
اِسْتَحْجَرَ عَلیٰ: حد سے تجاوز کرنا۔
حِجْرٌ: ممانعت۔حفاظت۔چھاتی۔سینہ
سول حقوق کی محرومی۔آنکھ کا خانہ۔
مَحْجُورٌ: ناجائز۔منع کیا ہوا۔
—— ج اَحْجَار: گودی۔سانپ کا بل۔
دل۔
حِجْرٌ ج حُجُورٌ وحُجُورَة واَحْجَار:
گھوڑی۔عقل۔پتھروں سے گھرا ہوا ممنوع
حَجَرٌ ج اَحْجَار وحِجَارَة وحِجَار
واَحْجُرٌ: پتھر۔
حَجَرُ جَهَنَّمَ: کاسٹک۔
حَجَرُ اَسْوَدُ: بیت اللہ کا سیاہ پتھر۔
حَجَرَانِ: سونا اور چاندی۔
حَجْرَة ج حَجْرٌ وحَجَرَات وحِجَار:
کنارہ۔
اِنْتَشَرَتْ حَجْرَتُهُ: اس کا مال بڑھ گیا
حُجْرَة ج حُجَرٌ وحُجُرَات: کمرہ۔
احاطہ مویشی۔قبر۔کنارہ۔ملک کا حصہ
حَجِرٌ وحَجِيرٌ ومُتَحَجِّرٌ: بہت پتھروں والا
حَاجِرٌ ج حُجْرَان: دیوار۔سطح مرتفع
حجرہ۔صحرا میں حاجیوں کے اترنے کی جگہ۔
—— وحَاجُورٌ: پشتہ۔پناہ۔
حَجَّارٌ ج حَجَّارُوْن: پتھر تراشنے والا۔
مَحْجَرٌ ج مَحَاجِر: شہر کا گردا گرد
عزت والی جگہ۔
مَحْجَرٌ ومَحْجِرٌ ج مَحَاجِر: آنکھ کا
حلقہ۔خانۂ چشم۔پتھر کی کان۔باغیچہ۔
گاؤں کا گردا گرد۔

مَحْجَرٌ صِحِّيٌّ: متعدی بیماریوں کا ہسپتال
کرنٹین۔
حُجْرٌ: ناخن کا احاطہ کرنے والا گوشت
حَنْجَرَة ج حَنَاجِر: سانس لینے والی
نلی۔حلقوم۔گلا۔
حُنْجُورٌ ج حَنَاجِيرُ: گلا۔چھوٹی ٹوکری
شیشہ کی صراحی۔خوشبو کی بوتل۔
حَجَزَ ـِ حَجْزًا وحِجَازَةً: روکنا
ہٹانا۔
—— بَيْنَهُمَا: درمیان آنا۔
—— عَلَيْهِ المالَ: مال کو دعوے
کے فیصلے تک بند رکھنا۔
حَاجَزَ: منع کرنا۔
اَحْجَزَ واحْتَجَزَ وانْحَجَزَ: حجاز
میں جانا۔
تَحَاجَزَ: ایک دوسرے کو روکنا یا ہٹانا
اِنْحَجَزَ: رکنا۔
اِحْتَجَزَ: اکٹھا ہونا۔گود میں چیز لینا۔
—— ب: محفوظ ہونا۔کمر کسنا (کمر بند سے)
حُجْزٌ: جڑھ۔کنارہ۔قبیلہ۔
حِجْزٌ: عفیف۔
حِجَازٌ: عربستان کا ایک صوبہ جس میں
مکہ و مدینہ ہیں۔کمر بند۔گانے کی ایک سُر۔
اونٹ کے پاؤں باندھنے کی رسی۔
حُجْزَة ج حُجَزٌ وحُجُزَات وحُجَزَات
وحُجْزَات: کمر۔نیفہ۔
طَيِّبُ الحُجْزَةِ: پاک دامن۔عفیف۔
شَدِيدُ الحُجْزَةِ: بڑا صابر۔
حَاجِزٌ ج حَجَزَة: روک۔ظالم۔
—— ج حَوَاجِزُ: تلوار کی دھار۔برزخ
خاکنائے۔باڑ۔پردہ۔پانی کا بند۔
ظالم جنگلا۔

حَاجَفَ: مقابلہ کرنا۔ہٹانا۔
اِنْحَجَفَ: التجا کرنا۔زاری کرنا۔
اِحْتَجَفَ: قبضہ میں لانا۔حاصل کرنا۔
—— عَنْ: ہٹانا۔
حَجَفَة ج حَجَفٌ: چمڑے کی ڈھال
سینہ۔
حَجِيفٌ: پیٹ کی گڑگڑاہٹ۔
حَجَلَ ـِ حَجْلًا وحَجَلَانًا: ایک
پاؤں اُٹھا کر دوسرے پر چلنا۔دونوں
پاؤں سے کودنا۔باندھنا (اونٹ)
—— حُجُولًا وحَجَلَتْ: گڑھے پڑنا۔
حلقے پڑنا۔(آنکھ میں)
حَجَلَ بَيْنَ: حائل ہونا۔
حَجَّلَ: پالکی تیار کرنا (دلھن کے لئے)
پالکی میں داخل کرنا (دلھن) مہندی لگانا
بیڑی ڈالنا۔
حُجِّلَ: پاؤں سے سفید ہونا (گھوڑا)
حَجَلٌ وحَجَلَة ج حِجْلَان وحِجْلَى
چکور۔
حِجْلٌ ج حُجُول: گھوڑے کے پاؤں
کی سفیدی۔
حَجْلٌ وحِجْلٌ وحِجِلٌ ج اَحْجَال
وحُجُول: پازیب۔ہتھکڑی کا کڑا۔بیڑی
حَجَلَة ج حَجَلٌ وحِجَال: دلھن کے
لئے آراستہ کی ہوئی پالکی یا پردہ۔
تَحْجِيلٌ: گھوڑے کی ٹانگوں کی سفیدی
مُحَجَّلٌ: گھوڑا جس کی تین ٹانگیں سفید ہوں
مُحَجَّلٌ: گھوڑا جس کے چاروں پاؤں
سفید ہوں
اَمْرٌ اَغَرُّ مُحَجَّلٌ: بہت مشہور بات
حَاجِلٌ ج حَوَاجِلُ: کوا
حُجَيْلَاءُ: سایہ کے نیچے کا پانی۔

حَوْجَلَة وحَوْجُلَةٌ ج حَوَاجِلُ و
حَوَاجِيْلُ: بوتل۔ صراحی۔
حَجَمَ ـُـ حَجْمًا: ڈرانا۔ مونہہ پر جالی
باندھنا (اونٹ) کاٹنا (جانور۔ گھوڑا) سینگی
لگانا۔ ڈسنا (سانپ) چوسنا (پستان)
حَجَمَ اِلٰی: تاکنا۔ گھورنا۔
اَحْجَمَ: بھولنا (پستان) پہلی دفعہ دودھ
پلانا (ماں کا بچہ کو)
—عن: ڈر کر پیچھے ہٹنا۔ رکنا۔
اِحْتَجَمَ: سینگی لگانے کے لئے کہنا۔
حِجَامَةٌ: سینگی لگانے کا پیشہ۔ ڈر۔
حَجْمٌ ج حُجُوْمٌ: جسم کی مقدار۔ ابھار یا
گلٹی۔
حِجَامٌ: جالی۔ (اونٹ کا منہ باندھنے
کے لئے) مچکہ۔
حَجَّام وحَاجِمٌ ج حُجَّام وحَجَمَةٌ:
سینگی لگانے والا۔
مِحْجَامٌ: ڈرنے کا خوگر۔
مِحْجَم ومِحْجَمَةٌ ج مَحَاجِمُ: سینگی۔
حَجَنَ ـُـ حَجْنًا وحَجَنَ: ٹیڑھا کرنا۔ ڈنڈا
— و اِحْتَجَنَ: کانٹے سے کھینچنا۔
تَحَجَّنَ: ٹیڑھا ہونا۔ مڑ جانا۔
حَجَنَ ـَـ حَجْنًا بالمکان: گھر میں اقامت
اختیار کرنا۔
—علی بالشئی: بخل کرنا۔
حَجَنٌ وحُجْنَةٌ: کجی۔ ٹیڑھا پن۔ ہک۔
حُجُوْنٌ: سستی۔
اَحْجَنُ م حَجْنَاءُ ج حُجْن: کج۔ ٹیڑھا۔
ہکدار۔
مِحْجَن ومِحْجَنَةٌ ج مَحَاجِنُ: ڈنڈا
جس کا سر کج ہو۔ چوگان۔ ہک۔
حَجَا ـُـ حَجْوًا: ٹھہرنا۔ بھید رکھنا۔ چلانا

(ہوا کا کشتی کو) قیاس کرنا۔ اندازہ کرنا۔
انعام دینا۔ روکنا۔ کسی پر چیستان کے
حل کرنے میں غالب آنا۔
—ب: اقامت کرنا۔ بخیل ہونا۔ اچھا
خیال کرنا۔
حَجِيَ ـَـ حَجًى وتَحَجَّى ب: مشتاق ہونا۔
حَاجَى مُحَاجَاةً: چیستانوں کو پیش
کرنا۔ سمجھ یا عقل میں غالب آنا۔
تَحَجَّى بالمکان: گھر میں مقام کرنا۔
تَحَاجَى: ایک دوسرے پر چیستان پیش
کرنا۔ بھید پیش کرنا۔
حِجًى ج اَحْجَاءٌ: عقل۔ ذہانت۔
حَجًى ج اَحْجَاءٌ: کنارہ۔ طرف۔
اُحْجِيَةٌ ج اَحَاجِي و اَحَاجٍ: چیستان
كَلِمَةٌ مُحْجِيَةٌ ومُحَجِّيَةٌ: رمز آمیز کلمہ
حَدَّ ـُـ حَدًّا: حد مقرر کرنا۔ سزا دینا
حد لگانا۔
— ہ عن: تمیز کرنا۔ پرکھنا۔ پیچھے ہٹانا
—حَدًّا وحَدَدًا: منع کرنا۔ روکنا
حَدَّ ـِـ حِدَادًا و اَحَدَّ: ماتمی لباس
پہننا۔
— ـِـ حَدًّا وحَدَّدَ و اَحَدَّ: تیز
کرنا (چھری)
— ـِـ حَدًّا وحِدَّةً وحِدَّةً
و اِحْتَدَّ و اسْتَحَدَّ علی: ناراض ہونا
حَدَّدَ: لوہے کو کمانا۔ حد مقرر کرنا۔
تعریف کرنا۔ بیان کرنا۔
—الی ول: جانا۔ ارادہ کرنا۔
حَادَّ: دشمنی کرنا۔ پڑوس میں ہونا۔ مخالفت
کرنا۔
اَحَدَّ النظرَ الی: توجہ سے دیکھنا
بہت زیادہ دیکھنا۔

—المرأة: عورت نے خاوند کے مرنے
پر سوگ کیا۔
تَحَدَّدَ ب: اکسانا۔ دھمکانا۔
تَحَادَّ: ایک دوسرے کے خلاف ناراض ہونا
اِحْتَدَّ: تیز ہونا۔
—علی: غصے ہونا۔
اِسْتَحَدَّ: استرے سے حجامت کرنا۔
حَدٌّ ج حُدُوْد: حد۔ سرا۔ تیزی۔ غصہ
بہادری۔ شراب کا جوش اور تیزی۔ (لڑائی)
دھار۔ دو چیزوں کے درمیان کی روک۔
کسی چیز کی کامل تعریف۔ سزا۔
حُدُوْدُ اللّٰه: خدا کی اطاعت۔ اور
شرعی احکام۔
حِدَّة وحِدِّيَّة: مزاج کی تیزی۔
جلد بازی۔
حَدَدٌ: ممنوع چیز۔ ناممکن۔ غلط خبر
حَدَدًا اَنْ يَكُوْنَ كَذَا: خدا کرے
کہ ایسا نہ ہو۔
حَدَادَكَ ان تكون هٰذا: تیری
زیادہ سے زیادہ طاقت یہ کرنا ہے۔
حِدَادٌ: سیاہ کپڑے۔ ماتم۔ سوگ۔
حِدَادَة: لوہار کا پیشہ۔
حَدِيْدٌ وحَدِيْدَة ج حِدَادٌ و
حَدَائِدُ وحَدَائِدَاتٌ: لوہا۔ لوہے
کی سلاخ۔ ریل۔
سِكَّةُ حَدِيْدٍ: ریلوے۔
حَدِيْدٌ وحَادٌّ ج اَحِدَّاءُ واَحِدَّة
وحِدَادٌ: تیز (آدمی۔ چھری)
حَدِيْدُ اللِّسَان: تیز زبان۔
حَدِيْدَة ج حَدَائِدُ وحَدِيْدَاتٌ
لوہے کا ٹکڑا۔
حَدِيْدَةُ الحَرْث: پھالی۔ (ہل کی)

حَدَّاد: لوہار۔ داروغہ جیل۔ دربان۔ لوہے کی چیزیں فروخت کرنے والا۔
مَحْدُوْدٌ: ناممکن۔ ناجائز چیز۔ محدود۔
حَدِیْد و حُدَّاد: کاٹنے والا تیز۔
حَدَأَ ـُ حَدْأً: پھیرنا۔ ہٹانا۔
حَدِیَ ـَ حَدْأً علی: مدد دینا۔ ظلم سے بچانا۔ ناراض ہونا۔ مہربانی کرنا۔ پیار کرنا۔
ـــ الی: پناہ لینا۔
ـــ ب: اقامت کرنا۔ مقیم ہونا۔
حَدَأَةٌ ج حَدَأٌ و حِدَاءٌ: دو سروالی کدال۔
حِدَأَةٌ ج حِدَأٌ و حِدَاءٌ و حِدْآن: چیل۔
حَدِبَ ـَ حَدَبًا: کبڑا ہونا۔
ـــ علی: مہربان ہونا۔
حَدَّبَ و اَحْدَبَ: کبڑا بنانا۔ اونچا کرنا۔
تَحَدَّبَ: کبڑا ہونا۔
ـــ علی: مہربانی کرنا۔
ـــ ب: تعلق رکھنا۔
اِحْدَوْدَبَ: کبڑا ہونا۔
حَدَبٌ: لہر۔ موج۔ چمڑے کا نشان سرما کی سختی۔ زمین کی اونچی جگہ۔ نبات۔
حَدَبَةٌ: کبڑاپن۔
اَحْدَبُ: کبڑا۔ تلوار۔ مشکل۔ بازو کی ایک رگ۔
حَدِبٌ: کبڑا۔
حَدْبَاءُ: قحط کا سال۔ مشکل کام۔ مردہ کی نعش۔
حَدَثَ ـُ حُدُوْثًا: واقع ہونا۔ ہونا۔

ـــ و حَدُثَ ـُ حَدَاثَةً و حُدُوْثًا: نیا ہونا۔ نوجوان ہونا۔
حَدَّثَ و ب: خبر دینا۔ بیان کرنا۔ روایت کرنا۔
ـــ عن: کسی سے روایت کرنا۔
حَادَثَ: گفتگو کرنا۔ صیقل کرنا (تلوار)
اَحْدَثَ: ایجاد کرنا۔ پیدا کرنا۔ بنانا۔ پاخانہ کرنا۔ وضو توڑنا۔ جلا کرنا (تلوار)
تَحَدَّثَ ب و عن: کلام کرنا۔ خبر دینا۔
تَحَادَثَ: باہم گفتگو کرنا۔
اِسْتَحْدَثَ: خبر دریافت کرنا۔ نئی چیز پیدا کرنا۔
حِدْث و حِدِّث و حِدِّیْثٌ: اچھی کلام کرنے والا۔ یا بہت بولنے والا۔
حَدَثٌ ج اَحْدَاث: نیا کام۔ واقعہ۔ سنت کے خلاف نئی بات۔ دین میں بدعت۔ پاخانہ۔
اَحْدَاثُ الدَّهْرِ و حَوَادِثُه و حِدْثَانُه: زمانہ کی مصیبتیں۔
حَدَثٌ ج اَحْدَاث و حُدْثَان: نوجوان۔
حِدْثَانٌ: شروع۔
اُحْدُوْثَةٌ ج اَحَادِیْث: خبر۔ کہانی۔
حَادِثٌ م حَادِثَةٌ ج حَوَادِث: نئی چیز۔ واقعہ۔
حَدَاثَةٌ: آغاز۔
حَدِیْث ج حِدَاث و حُدَثَاء: نئی۔ خبر۔
ـــ ج اَحَادِیْث و حِدْثَان: واقعہ کا بیان۔ رسول اکرم صلعم کی کلام اور افعال اور حالات بتانے والا علم۔
حُدْثَی: حادثہ۔
حُدُوْثَةٌ: ابتداء۔
مُحَدِّث: حدیث بیان کرنے والا۔

مُحْدَث ج مُحْدَثَات: نئی بات جو کتاب اللہ سنت اور اجماع کے خلاف ہو۔ نیا۔
حَدَجَ ـِ حَدْجًا و حُدُوْجًا: بوجھ باندھنا (اونٹ پر) مارنا۔ تنگ کسنا۔
ـــ ہ ب: مارنا (تیر) لگانا (الزام) کسی پر۔ مشکل کام ڈالنا۔
ـــ و حَدَّجَ ب: توجہ سے دیکھنا۔
حِدْجٌ ج حُدُوْجٌ و اَحْدَاج: بوجھ۔
ـــ و حِدَاجَةٌ ج حَدَائِج: عورتوں کی سواری کی ہودج۔ عماری۔
حَدَجٌ: کچا اور سخت اندرائن۔
حَدَرَ و حَدُرَ ـُ حَدْرًا و حَدَارَةً: موٹا اور مضبوط ہونا (آدمی) سوجنا (جلد)
ـــ حَوْلَهُ و بِہ: اس کو گھیر لیا۔
حَدَرَ ـُ حَدْرًا و حُدُوْرًا: اترنا۔ اتارنا۔
ـــ حُدُوْرًا: نیچے بھیجنا یا اتارنا۔ بہانا (آنسو آنکھ) اسہال لانا (دوائی)
ـــ و اَحْدَرَ: جلدی کرنا۔
حَدَرَ ـُ حَدْرًا و اَحْدَرَ: متورم کرنا
اَحْدَرَ الثَّوْبَ: کپڑے کا دامن چننا۔ پھلوے بنانا۔
تَحَدَّرَ و تَحَادَرَ: اترنا۔ نیچے گرنا۔ (آنسو یا بارش)
اِنْحَدَرَ: ڈھلوان سے اترنا۔ سوجنا (جلد)
حُدُوْر و حَدُوْرَاءُ و حَادُوْرُ اُحْدُوْرَةٌ و حَدَرَةٌ مُنْحَدَرٌ: ڈھلوان۔
حَادُوْرٌ: اسہل۔
حَدَرَةٌ: آنسوؤں کا بہاؤ۔
حُدْرَةٌ: اونٹوں کا ریوڑ۔
حَدْرَةٌ: پلک کے اندر کا پھوڑا یا سوجن۔

حَادِرٌ م حَادِرَةٌ: خوش وضع۔ موٹا تازہ (آدمی) موٹا (نیزہ) بڑی (تعداد) بلند۔ آباد (ضلع) مضبوط بنی ہوئی (رسی) اشیر۔

اَحْدَرُ م حَدْرَاءُ: پُرگوشت سُرین والا (گھوڑا)

حُدْرٌ و حُدُورٌ و حُدُورَةٌ: آنکھوں کی سیاہی

حَيْدَرٌ: پست قد۔ شیر۔ سخت۔ کنکر۔

حَيْدَرَةٌ: شیر۔ ہلاکت۔

حَدَسَ ـِ حَدْسًا: قیاس یا تخمینہ کرنا۔ وہم کرنا۔ تاڑنا۔ گرانا۔

—— فِي الاَرْضِ: بے ٹھکا جانا۔ بے پتہ جانا

—— فِي السَّيْرِ: جلدی چلنا۔

تَحَدَّسَ الخبر وعن: چھپ کر خبر دریافت کرنے کی کوشش کرنا۔

حَدْسٌ: دانائی۔ تیز فہمی۔

حَدْسِيَاتٌ: فراست سے معلوم کی ہوئی باتیں۔

حَدِيسٌ و مَحْدُوسٌ: پچھاڑا ہوا۔

مَحْدِسٌ: مطلب۔ قابل دریافت چیز۔ مدعا

حَدَقَ ـِ حَدْقًا و اَحْدَقَ و اِحْدَوْدَقَ ب: احاطہ کرنا۔ گھیرنا۔

—— بعين: آنکھ سے دیکھنا۔

—— : حدقہ پر مارنا۔

حَدَّقَ اِلى: تیز نظر سے دیکھنا۔

حَدَقٌ: بینگن

حَدَقَةٌ ج حَدَقٌ و حَدَقَاتٌ و اَحْدَاقٌ و حِدَاقٌ: آنکھ کی پتلی۔

حَدِيقَةٌ ج حَدَائِقُ: فصیلدار باغ۔ زمین کا پانی والا قطعہ۔

حَدَلَ ـِ حَدْلًا و حُدُولًا على: ظلم کرنا۔

—— السَّطْحَ: اس نے سطح پر رولر پھیرا۔

حَدِلَ ـَ حَدَلًا: ایک کندھے کا دوسرے سے بلند ہونا۔

حَادَلَ: فریب کرنا۔

حَدِلٌ (ج حَدَالَى) اَحْدَلُ ج حُدْلٌ: ناہموار کندھوں والا۔

حَوْدَلَةٌ: پہاڑی۔ ٹیلہ۔

مِحْدَلَةٌ ج مَحَادِلُ: پتھر کا رولر۔

حَدَمَ ـِ حَدْمًا: سخت گرم کرنا۔ سخت سُرخ کرنا۔

اِحْتَدَمَ: سخت گرم ہونا (دل) سخت ابلنا (ہانڈی) سخت سُرخ ہونا (خون) بہت تیز ہونا (شراب)

تَحَدَّمَ و اِحْتَدَمَ: غصہ سے جلنا۔

حَدْمٌ و حَدَمَةٌ: آگ کی تیز بھڑک۔

حَدَمَةٌ: جلتی آگ کی آواز۔

حِدَامٌ: غیظ۔ غصہ۔

حَدَا ـُ حَدْوًا و حُدَاءً و حِدَاءً ب: راگ گا کر ہانکنا (اونٹ) ہانکنا (ہوا کا بادل)

—— و اِحْتَدَى اللَّيْلُ النَّهَارَ: رات دن کے بعد آئی۔

حَادٍ ج حُدَاةٌ: حُدی خوان۔

اَلْحَادِي و حَادِ النَّجْمِ: دستاروں کا نام۔

حَدْوَاءُ: شمالی ہوا۔

اُحْدُوَّةٌ و اُحْدِيَّةٌ: اونٹ ہانکنے کا راگ

حَدِيَ ـَ حَدًى ب: لازم پکڑنا آباد ہونا۔

حَدَّى و تَحَدَّى الشَّيْءَ: اس نے اس چیز کے کرنے کا ارادہ کیا۔

تَحَدَّى: مقابلہ کرنا۔ غالب آنا۔

حُدَيًّا: منازعت۔ مقابلہ۔ لڑائی۔ رشک

انا حُدَيَّاكَ فی هٰذا الامر: میں اس معاملہ میں تیرا مقابلہ کرنیوالا ہوں۔

حَذَّ ـُ حَذًّا: جلدی کاٹ دینا۔

حَذَذٌ: ہاتھ یا دُم کا ہلکاپن۔

حَذَذُ القلب: دل کی ذکاوت یا تیز فہمی۔

اَحَذُّ م حَذَّاءُ ج حُذٌّ: ہلکے ہاتھ یا دم والا۔ تھوڑے بالوں والا (گھوڑا) تیز رفتار۔ نازک۔ پتلا۔ تھوڑے پروں والا۔

حَذِرَ ـَ حَذَرًا و حِذْرًا: بچنا۔ ہوشیار رہنا۔

حَذَّرَ: چوکس کرنا۔ محتاط بنانا۔ ڈرانا۔ بچانا۔

حَاذَرَ: ایک دوسرے سے محتاط رہنا۔ ڈرتے رہنا۔

—— و تَحَذَّرَ و اِحْتَذَرَ: مثل حَذِرَ

حَذَارِ: اسم فعل امر بمعنے ڈر۔ خوف کر۔

حَذِرٌ و حَذُرٌ ج حَذِرُونَ و حَذَارَى: محتاط۔ ہوشیار۔

حَاذِرٌ ج حَاذِرُونَ: تیار۔

حَاذُورَةٌ: بہت محتاط۔

حَذِيرٌ: محتاط بنانے والا۔ ڈرانیوالا۔

حُذُرَّى: باطل۔

مَحْذُورٌ: خطرہ۔ خوف۔

مَحْذُورَةٌ: ڈر۔ گھبراؤ۔ خوفناک مصیبت لڑائی۔

حَذَفَ ـِ حَذْفًا: گرا دینا۔ کاٹ دینا۔

—— فی المَشْيِ: چلنے میں قریب قریب قدم ڈالنا۔

—— ب: مارنا (لاٹھی یا پتھر وغیرہ سے)

حَذَّفَ: ہوشیاری سے کرنا۔ اچھی طرح کرنا۔

حُذافۃ : تھوڑی چیز۔ پسماندہ (خوراک)
چمڑے کے چھوٹے ٹکڑے : تراشہ۔
حَذَفٌ : چھوٹی قسم کی بھیڑیں۔
—— الذرع : کھیتی کے بچے۔
حَذَف : ایک قسم کی بطخ۔
حُذَفَۃٌ : پست قد عورت
حِذْفار وحُذفُور ج حَذافیر :
پہلو۔ انبوہ کثیر۔ لڑائی کے لئے تیاری
کرنے والے۔
اُشدُدْ حَذَافِیرَکَ : تیار ہو جاؤ۔
اَخَذَہٗ بِحِذْفَارِہٖ وبِحُذْفُورِہٖ
بحذفیرہ : اس نے وہ سب لے لیا۔
حَذَقَ ۔ وحَذِقَ ۔ حِذْقاً
وحَذَاقًا وحِذَاقَۃً فی : ماہر
ہونا۔ کاری گر ہونا۔
حَذِقَ الکِتابَ : اس نے ساری
کتاب پڑھ لی۔
حَذَقَ ۔ حُذُوقاً : زیادہ ترشی کی
وجہ سے زبان چھلنا۔ (سرکہ)
—— ۔ حَذْقاً : کاٹنا۔
حَذَّقَ : ماہر بنانا۔ کاریگر بنانا۔
اِنْحَذَقَ : کٹ جانا۔
حِذْقَۃٌ ج حُذَاق وحِذَق : ٹکڑا
حُذَاقَۃ : لقمہ۔ تھوڑی خوراک۔
حاذِقٌ ج حُذَّاقٌ وحِذاقٌ :
ماہر۔ ہوشیار۔ چبھنے والا (سرکہ)
حُذاقِیٌّ : فصیح اللسان۔ تیز چھری۔ گدھے
کا بچہ۔
حَذِیق : مقطوع۔
حَبْلٌ اَحْذاقٌ : کٹی ہوئی رسی۔
حَذِلَ ۔ حَذَلاً : پلکیں گرنا (آنکھ)
اَحْذَلَ : آنکھ کو متورم کرنا۔ پلکوں کے بال
گرانا (گرمی یا آنسو)
تَحَذَّلَ علی : مہربانی کرنا۔
حُذل : جھکاؤ۔ میلان۔
—— وحُذل وحُذَّلٌ : کپڑے کے
دامن کی گولائی۔
حُذَالَۃٌ : ایک قسم کی سرخ گوند۔ جو یا
چاول وغیرہ کی بھوسی قمیص کے دامن کی
گولائی۔
حاذِلَۃ ج حُذَّلٌ وحُذّالٌ : آنکھ
جس کی پلکیں گر جائیں۔
حَذْلَقَ وتَحَذْلَقَ : کاریگری کا
اظہار کرنا۔ یا ماہر ہونے کا دعوی کرنا۔
حُذْلِقَ : تیز کیا جانا۔
رَجُلٌ حِذْلِقٌ : گپی آدمی۔
حَذْلَمَ : جلدی کرنا۔ چھیل کر تیز کرنا
(لکڑی) بھرنا (مشک)
تَحَذْلَمَ : جلدی کرنا۔ مؤدب ہونا۔
حُذْلُومٌ : سبک رفتار۔
حَذَمَ ۔ حَذْماً : کاٹنا۔ جلدی کرنا
دیر کرنا۔
حَذِمٌ وحِذْیَمٌ ومِحْذَمٌ : کاٹنے
والی تلوار۔
حَذَامِ : یمامہ کی ایک عورت جس کی
نظر بہت تیز تھی۔ اور زرقاء الیمامہ کہلاتی
تھی
حَذَا ۔ حَذْواً وحِذَاءً : نمونہ پر
کاٹنا (جوتی)
—— حَذْوَ فلانٍ : اس نے فلاں کی
نقل کی۔
—— واحذی : جوتی پہنانا۔ جوتی
دینا۔ جوتی بنانا۔
—— وحاذی مُحَاذاۃً وحِذاءً :
مقابل میں ہونا۔
تَحاذَی : ایک دوسرے کے سامنے
ہونا۔
اِحْتَذَی : جوتی پہننا۔
—— ب : پیروی کرنا۔
اِسْتَحْذَی : جوتی طلب کرنا۔
حِذاءٌ وحِذَۃٌ وحَذْوٌ وحُذْوَۃٌ
سامنے۔ مقابل۔
حُذْوَۃٌ : عطیہ بخشش۔ گوشت کا ٹکڑا
حِذاءٌ ج اَحْذِیَۃٌ : جوتی۔ گھوڑے
کا نعل۔ اونٹ کا موزہ۔
حَذَی ۔ حَذْیاً : چھلنا (سرکہ کا
زبان) کاٹنا (ہاتھ)
—— ہ ب : غیبت کرنا۔ گالیاں دینا۔
اَحْذَی : غنیمت کا حصہ دینا۔ مارنا۔ نیزا
تحاذی : آپس میں بانٹنا۔
حُذْیا وحُذَیَّا وحُذایۃ وحَذِیَّۃ
غنیمت کا حصہ۔
حُذْیا : بشر کا تحفہ۔
مُحْذاءٌ : لوگوں کی عیب جوئی کرنیوالا
حَرَّ ۔ حَرَاراً : آزاد ہونا۔
—— حُرِّیَّۃً : خاندانی شریف ہونا۔
—— حَرَّۃً : پیاسا ہونا۔
—— حِرَّۃً : گرم کرنا (پانی) برابر کرنا
(زمین)
—— حَرًّا وحُرُورًا وحَرَارَۃً :
گرم ہونا۔
حَرَّرَ : آزاد کرنا۔ خدا تعالے کی عبادت
کے لئے وقف کرنا۔ درست اور خوبصورت
لکھنا (کتاب) ٹھیک کرنا (وزن)
اَحَرَّ : گرم ہونا۔ پیاس لگنا۔
تَحَرَّرَ : آزاد ہونا۔

اِستحرّ: گرم ہونا۔ سخت ہونا۔ تیز ہونا (جنگ)

حَرّ ج حُرُور و اَحَارِرُ: گرمی۔

حَرُورٌ: گرم ہوا۔ سورج کی گرمی۔ آگ

حَرَارَۃ: گرمی۔

حُرِّیَّۃ: خلوص۔

حُرِّیَۃ و حَرُورَۃٌ و حَرُورِیَّۃٌ: آزادی۔

حُرِّیَّۃُ القوم: قوم کے شریف لوگ۔

حَرِیْرٌ: ریشم۔ ریشمی کپڑا۔

— و محرود: غصے کی گرمی والا۔

حَرِیرَۃ: ریشمی کپڑے کا ٹکڑا۔ ایک قسم کے کھانے کا نام ہے۔ جو دودھ یا گھی اور آٹا سے بناتے ہیں۔

حَرِیرِیٌّ: ریشم بنانے والا۔ یا فروخت کرنے والا۔

حُرٌّ ج اَحْرَارٌ: آزاد۔ کریم۔ فیاض۔ اچھا حصہ۔ خالص۔ صاف گو۔ اسیر۔ کبوتر کے بچے۔ شکرا۔ باز۔

حُرُّ الدَّار: گھر کا درمیان۔

— الاَرض: اچھی زمین۔

حُرُّ الوَجْہ: رخسارہ۔

اَحْرَارُ البُقُول: سبزی جو خام کھائی جائے جیسا کاہو وغیرہ۔

حَرَّۃ ج حَرَّات و حِرَارٌ و اَحَرُّوْنَ و حَرُّوْن: سیاہ پتھروں والی زمین۔

حُرَّۃٌ ج حَرَائِرُ: آزاد و شریف عورت بیگم۔

حِرَّۃٌ: پیاس۔

حَارٌّ: گرم۔ مشکل۔

— من العَمَل: مشکل کام۔

حَرَّان م حَرّیٰ: سخت پیاسا۔

حَرَبَ ـُ حَرَبًا: سب کچھ لوٹنا یا چھین لینا

حَرِبَ ـَ حَرَبًا: سخت غضبناک ہونا۔ کتے کی دیوانگی والا ہونا۔ ہلاکت کو بلانا۔ ہائے افسوس ہائے افسوس کہنا۔

حَرَّبَ: غضبناک بنانا۔ اُکسانا۔ تیز کرنا (تبر)

حَارَبَ: لڑائی کرنا۔

اَحْرَبَ: برانگیختہ کرنا (لڑائی) لیجانا (فوج) شگوفہ نکالنا (کھجور)

تَحَارَبَ و اِحْتَرَبَ: ایک دوسرے سے جنگ کرنا۔

اِحْرَنْبیٰ: شرارت کرنے کے لئے تیار ہونا۔ ناراض ہونے کے لئے تیار ہونا۔ وسیع ہونا (مکان)

حَرْبٌ ج حُرُوب: جنگ۔ لڑائی۔ دشمن۔ بہادر۔ چت لیٹ کر آسمان کی طرف پاؤں اٹھانا۔

حَرْبَۃٌ ج حِرَابٌ: نیزہ کا سرا۔ برچھی۔ برچھا

— ج حَرْبَات: خرابی اعتقاد۔ نیزہ کی ضرب۔ لوٹ۔

وَاحَرْبَاہ: افسوس۔ کیسا افسوس۔ ہائے افسوس۔

حِرْبَاءٌ م حِرْبَاءَۃ ج حَرَابِی: گرگٹ زرہ کی میخ۔

حَرَبٌ: تباہی۔ خرابی۔

حَرِیبٌ ج حَرْبیٰ و حُرَبَاءُ: لوٹا ہوا۔ مسلوب۔

محروب: لوٹا ہوا۔ مسلوب۔

مِحْرَابٌ و مِحْرَبٌ: جنگجو۔ بہادر۔

مِحْرَاب ج محاریب: گھر کا شروع کا حصہ۔ اچھی جگہ۔ صدر مجلس۔ مسجد کا محراب امام کے نماز کی جگہ۔ قبلہ۔ کچھار۔ کمرہ۔

حَرَّابٌ: برچھی بردار یا بنانے والا۔

حِرْبِش و حِرِبّیش: بڑا اژدھا۔

حَرَمَثَ ـُ حَرْمَثًا: سخت ملنا۔

حَرِتَ ـَ حَرَتًا: بد اخلاق یا بدمزاج ہونا

حَرْنَتْ: جانور کے چبانے کی آواز۔

حَرَثَ ـُ ـِ حَرْثًا: کھیتی بونا۔ ہل چلانا کمائی کرنا۔ حاصل کرنا (مال) ہلانا (آگ) اچھی طرح مطالعہ کرنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا (روٹی)

— و اَحْرَثَ و احترث: تھکانا۔ دبلا کرنا (جانور کو)

حَرَّثَ و اِحْتَرَثَ: جوتنا (زمین)

اِحْتَرَثَ: کمانا (دولت)

حَرْثٌ: زمین جو بونے یا درخت لگانے کے لئے تیار کی گئی ہو۔

حَرِیثَۃ ج حرائث: کمائی۔

حِرَاثَۃ: زمینداری۔ زراعت کا پیشہ۔

حَارِثٌ و حَرَّاثٌ: زمیندار۔ زمین جوتنے والا۔

مِحْرَثٌ ج محارِث } ہل۔ آگ ہلانے
مِحْرَاثٌ ج محاریث } کی سیخ۔

حَرِجَ ـَ حَرَجًا: تنگ ہونا۔ مجرم ہونا۔ چندھیانا (آنکھ) تنگ مقام سے اڑنا (غبار)

— علیٰ: حرام ہونا۔ ناجائز ہونا۔

— الیٰ: پناہ لینا۔

حَرَجَ ـُ حَرْجًا: غصے سے پیسنا۔ (دانت)

حَرَّجَ: تنگ کرنا۔

— علیہ: اس نے اس کو کہا کہ تو تنگی میں ہے۔

— فی: اصرار سے مانگنا۔

اَحْرَجَ : گناہ پر اکسانا۔ تنگی میں ڈالنا۔
— الی : مضطر کرنا۔
— علی : ناجائز کرنا۔
تَحَرَّجَ : گناہ سے بچنا۔
حَرَجٌ : گناہ۔ تنگ جگہ۔ تنگی۔ درختوں کا جھنڈ۔ مردہ لیجانے کا تختہ۔ حرمت۔
لاحَرَجَ علیک : تیرا کوئی قصور نہیں۔ تجھ پر کوئی اعتراض نہیں۔
حِرْجٌ ج حِرَاجٌ وَاَحْرَاجٌ : گناہ۔ کوڑی۔ شکار میں سے کتے کا حصہ۔ درندوں کے لئے پھندا۔ بکریوں کا گلہ۔
حَرِجٌ : تنگ۔ ناقابل گذر جھنڈ۔ لڑائی میں ثابت قدم۔
حَرَجَة ج حَرَجٌ وحَرَجاتٌ : اونٹوں کا ریوڑ۔ درختوں کا جھنڈ۔
حَرِجٌ : تنگ۔
مِحْرَاج : بہت سرد رات۔
مُحْرِجٌ : تنگ کرنے والا۔
حَلَفَ بالمُحْرِجاتِ : بہت غلیظ قسم
حُرْجُوْجٌ ج حَرَاجِیجُ : دبلی تیز رفتار اونٹنی۔ سرد ہوا۔
حَرْجَلَ : لمبا ہونا۔ تیز دوڑنا۔ دائیں بائیں پاؤں مارنا۔
حَرْجَلَةٌ : لنگڑا پن۔
حُرْجُل وحُرَاجِلٌ : لمبا۔ طویل۔
— وحَرْجَلٌ : سواروں کی جماعت ٹڈیوں کا دل۔ لنگڑا پن۔
جَاؤُوْا احَراجِلَةً : وہ اپنے گھوڑوں پر آئے۔
حَرْجَمَ : اکٹھے کرنا (اونٹ)
اِحْرَنْجَمَ : اکٹھا ہونا۔ بھیڑ کرنا۔
— عن : ارادہ کر کے ہٹ جانا۔

حَرِدَ ـَ حَرَدًا علی : ناراض ہونا۔ کینہ رکھنا۔
حَرَدَ ـِ حَرْدًا : پیش کرنا۔ سوراخ کرنا۔ روکنا۔ منع کرنا۔ قصد کرنا۔
— حُرُوْدًا : الگ ہونا۔ اکیلا ہو جانا
حَرَّدَ : جھونپڑی میں پناہ لینا۔ باز رکھنا منع کرنا۔ بٹنا (رسی) ٹیڑھا کرنا۔ الگ الگ اگنا (بال)
اَحْرَدَ : علیحدہ کر دینا۔
— فی المشی : جلدی چلنا۔
تَحَرَّدَ الاَدِیمُ : ادھوڑی کے بال گر گئے۔
حَارَدَ : تھوڑے دودھ والی ہونا (اونٹنی) خشک ہونا (سال)
اِنْحَرَدَ : اکیلا رہ جانا۔ ٹوٹنا (ستارہ)
حُرْدِیٌّ ج حَرَادِیُّ : سرکنڈوں کی چھت۔
حَارِدٌ وحَرِدٌ وحَرْدانُ : ناراض۔ غضبناک۔
حَرِیْدٌ ج حِرَادٌ، حَرِیْدَةٌ ج حُرَداءُ : اکیلا رہنے والا۔
حَرِیْدٌ : بعید۔ خشک کی ہوئی مچھلی۔ بہت چیز میں تھوڑی چیز۔
اَحْرَدُ ج حُرْدٌ : کمینہ۔ بخیل۔ زرہ کے بوجھ کی وجہ سے اچھی طرح نہ چلنے والا۔
حِرْذَوْنٌ ج حَرَاذِینُ : گوہ کی قسم کا ایک جانور۔ سوسمار۔
حَرَزَ ـُ حَرْزًا : حفاظت کرنا۔ اکٹھا کرنا
حَرِزَ ـَ حَرَزًا : پرہیزگار ہونا۔
حَرُزَ ـُ حَرَازَةً : محفوظ ہونا (جگہ)
حَرَّزَ : محفوظ رکھنے میں مبالغہ کرنا۔ جائے پناہ بننا۔
اَحْرَزَ : جمع کرنا۔ محفوظ رکھنا۔ ذخیرہ رکھنا
تَحَرَّزَ واحْتَرَزَ مِنْ : بچنا۔ محفوظ ہونا

حِرْزٌ ج اَحْرَازٌ : محفوظ مقام۔ تعویذ پردہ۔ نصیب۔
حِرْزٌ حَرِیْزٌ : خوب محفوظ مقام۔
حَرَزٌ ج اَحْرَازٌ : پانسہ۔ اخروٹ جس سے بچے کھیلا کرتے ہیں۔ خطرہ۔ بے اہمیت اور بے برکت چیز۔ ہلاکت کے قریب پہونچی ہوئی چیز۔
حَرَزَةٌ : مال کا اچھا حصہ۔
حَرِیْزَةٌ ج حَرَائِزُ : اونٹ جو اپنی خوبی کی وجہ سے فروخت نہ کیا جائے۔
حَرَسَ ـُ حَرْسًا وحِرَاسَةً : نگاہ بانی کرنا۔ حفاظت کرنا۔
حَرَسَ ـِ حَرْسًا واِحْتَرَسَ : رات میں چوری کرنا۔
حَرِسَ ـَ حَرَسًا : دیر تک زندہ رہنا
اَحْرَسَ بالمکان : وہ مکان میں حفاظت کے لئے مقیم ہوا۔
تَحَرَّسَ واحترس : محفوظ رہنا۔ بچکر رہنا۔
حَرْسٌ ج اَحْرَاسٌ : زمانہ۔ صدی۔
حَرَسُ السلطان : باڈی گارڈ۔ شاہی محافظ۔
حَرَسِیٌّ ج حَرَسِیَّةٌ : شاہی محافظ فوج کا ایک سپاہی۔
حَرَسانِ : دن رات۔
حَرِیْسَةٌ ج حَرَائِسُ : باڑہ۔ احاطہ۔ چوری۔ مسروقہ بکری۔
حارِسٌ ج حُرَّاسٌ وحَرَسَةٌ : محافظ۔ ڈاکو۔ چور۔
اَحْرَسُ : بہت بوڑھا۔ بہت پرانا۔
مَحْرُوْسٌ : محفوظ رکھا ہوا۔ بیٹا۔
مَحْرُوْسَةٌ : دار الامارۃ۔ دار الخلافہ۔

المَمَالِکُ المَحْرُوسَۃُ: ترکی سلطنت۔

حَرَش ـِ حَرْشًا وتَحْرَاشًا واِحْتَرَش شکار کرنا۔ (سوسمار کا) خراش کرنا۔ چھیلنا۔ رسی سے ملنا (اونٹ)

حَرِش ـَ حَرَشًا: کھردرا ہونا۔ دھوکا دینا

حَرَّشَ القَومَ دبَینَھُم: ایک دوسرے کے خلاف اکسانا۔

حَارَش: لڑائی کرنا۔

تحَرَّشَ ب: مقابلہ کرنا۔ تعرض کرنا۔

اِحْتَرَش: جمع کرنا۔ اکٹھے ہونا۔ شکار کرنا (سوسمار)

اِحْتَرَش ل: کمانا۔

حَرْش ج حِرَاشٌ: نشان۔ جماعت لکڑی۔ کھیرا۔ دھوکا۔

حُرْشَۃٌ ج حُرَاش: کھردراپن۔

حَرِیْشٌ: ایک زہردار کیڑا۔ ہزار پا۔ چتی دار سانپ۔ گینڈا۔

اَحْرَشُ م حَرْشَاء ج حُرْش: کھردرا چھپکلی۔ نیا سکہ۔

حَرَّاش: کھردری گوہ۔ سیاہ سانپ

حَرْشَفٌ ج حَرَاشِف: ٹڈیوں کا دَل۔ مچھلی کے چھلکے۔ چھوٹے پرندے زرہ کی کڑیاں۔ کمزور۔ بوڑھے۔ سمندر کے کنارے کے پتھر۔ پیادوں کی جماعت۔

حُرْشُفٌ: سخت زمین۔

حَرَص ـُ حَرْصًا: دھونے یا کوٹنے میں پھاڑنا (کپڑا)۔ چھیلنا (چمڑا)

حَرَصَ ـِ وحَرِصَ ـَ حِرْصًا علیٰ: حرص کرنا۔ لالچ کرنا۔ بہت چاہنا۔

حُرِصَ: چر جانا (چراگاہ)

حَرَّصَ علیٰ: مشتاق بنانا۔ اکسانا۔

حَرْصَۃ وحَارِصَۃ وحَرِیْصَۃ: زخم جو چمڑے کو پھاڑ دے۔ کپڑے کا سوراخ بہت برسنے والا بادل۔

حَرِیْص ج حُرَصَاء وحِرَاص وحُرَّاص لالچی بہت بخیل۔ بہت چاہنے والا۔

حَرِیْصَۃ ج حِرَاص وحَرَائِص، مؤنث حریص۔

حَرَض ـُ حَرْضًا وحَرِضَ ـَ حَرَضًا وحَرُضَ ـُ حَرَاضَۃ: دُبلا ہونا۔ لاغر ہونا۔ بیمار ہونا۔ خراب ہونا۔ عیاشی یا فکر سے مضمحل ہونا۔

حَرَضَ ـِ حَرْضًا نفسَہٗ: اپنی جان کو خراب کرنا۔

حَرَّضَ علیٰ: ترغیب دینا۔ اکسانا۔

حَرَّضَہٗ: اس نے اس کے بدن یا عقل کی خرابی دور کی۔

حَارَضَ علیٰ: استقلال سے کرنا۔ کام کرنے میں دوام کرنا

اَحْرَضَ: موت کے کنارہ تک پہونچانا۔ بدن کو خراب کرنا۔ (فکر یا مرض یا عشق) گلانا

ــــ ہ علیٰ: ترغیب دینا۔

حَرِضٌ وحَرَضٌ وحَارِضٌ وحَارِضَۃ بیمار خراب۔ عیاش۔ دُبلا۔

حَرَضٌ: جسم اور عقل اور اخلاق کا نقص محبت یا رنج سے دُبلا آدمی۔ خراب۔

ــــ الثَّوب: کپڑے کا حاشیہ۔

حُرْضٌ وحُرُضٌ: پوٹاش۔ اُشنان۔

حِرْضَۃٌ ج حِرَضٌ: رذیل۔ ناقص الحال آدمی۔

حَرِیضٌ ومُحَرَّضٌ: گرا ہوا جو اٹھ نہ سکے۔

مُحَرَّضٌ: غم سے گھلا ہوا۔

حَرَف ـِ حَرْفًا عن: پھیر دینا۔ ہٹانا۔ جھکانا۔ مائل کرنا۔

ــــ لِعیالہ: اپنے عیال کیلئے کمانا۔

حَرَّفَ: بدلنا۔ تبدیل کرنا۔ ٹیڑھا قط لگانا (قلم)۔ مائل کرنا۔ کنارہ کرنا۔

حَارَفَ: بدلہ دینا۔ معاملہ کرنا۔ سوئی سے ٹٹولنا (زخم)

اَحْرَفَ: مالدار ہونا۔ دُبلا کرنا (اُونٹنی) بدسلوکی کرنا۔

تحَرَّفَ وانحرَفَ عن: کنارے ہو جانا ہٹ جانا۔

اِنحَرَفَ: مائل ہو جانا۔

اِحْتَرَفَ: ہنر اختیار کرنا۔ تلاش کرنا۔ حیلہ کرنا

ــــ لِاَھْلِہ: اس نے اپنے اہل کے لئے کمایا۔

حَرْفٌ ج حِرَفٌ: کنارہ۔ سِرا۔ چوٹی دھار۔

حَرْفٌ ج حُرُوف واَحْرُف: بمعنے حرف۔ لفظ۔ نحویوں کے نزدیک وُہ کلمہ جو دوسرے سے ملکر معنے دے۔

حُرْفٌ: ہالوں کے دانے۔ محرومی۔

حَرْفِیٌّ: لفظی۔

حَرْفِیًّا: لفظ بلفظ

حِرْفَۃ ج حِرَفٌ: پیشہ۔ ہنر۔

حُرْفَۃ: ہالوں کا دانہ

حَرِیْفٌ ج حُرَفَاء: ہم پیشہ۔

حِرِّیْفٌ: زبان کو چبھنے والی چیز۔

مُحَارَفٌ: بدقسمت۔ محروم۔

مِحْرَاف ج محاریف: جراح کی زخم ٹٹولنے کی سوئی۔ Probe

مُنْحَرِفٌ: ٹیڑھا۔ چار ضلعوں والی شکل جس کے مقابل کے دو ضلعے متوازی ہوں

حَرَق ـُ حَرْقًا بالنار: آگ سے جلانا

ــــ بالمبرد: ریتی سے رگڑنا۔

ـــــ : جھلسنا (سورج) رگڑنا۔

حَرَقَ قَلْبَهُ : اس نے اسکے دلکو جلا دیا یعنی مصیبت میں ڈالا

حرق ـِ حَرْقًا وحَرِيقًا وحُرُوقًا : پیسنا (دانت)

حَرِقَ ـَ حَرَقًا : گرنا یا کٹ جانا۔ (بال)

حَرَّقَ ۔ أَحْرَقَ : جلانا۔

تَحَرَّقَ واِحْتَرَقَ : جلنا۔

حَرَقٌ : جلنے کا نشان۔

حُرَقٌ : بہت چمکنے والا بادل۔ چھوٹے بال۔

حُرْقَةٌ : جلن۔ حرارت۔

حُرْقَةٌ وحَارُوقَةٌ وحُرَّاقَةٌ : تیز (تلوار)

حُرَاقٌ : خرابی ڈالنے والا۔

حُرَاقٌ وحُرَّاقٌ : سخت کھارا پانی۔

حَرَّاقَةٌ ج حَرَّاقَاتٌ : فائرشپ۔ آگ پھینکنے والا جہاز۔ چھالا۔ تارپیڈو۔

حَرُوقَةٌ ج حَرَائِقُ : پانی و آٹے کا دلیا۔

حَرِيقٌ ج حَرْقَى : آگ کی بھڑک۔ آگ کا شعلہ۔ آگ۔ گرمی سردی وغیرہ سے جلی ہوئی نباتات۔

حَرِيقَةٌ : حرارت۔ دلیا

مُحْرَقَةٌ ج مُحْرَقَاتٌ : سوختنی قربانی ہون۔

حَرْقَدَةٌ : زبان کی جڑ۔

حَرْقَدَةٌ وحَرْقَدٌ : حلق کی گرہ۔

حَرْقَصَ فِي الْمَشْيِ : چھوٹے قدموں سے چلنا

حُرْقُوصٌ ج حَرَاقِيصُ : چابک کا سرا۔

حَرْقَفَةٌ ج حَرَاقِفُ وحَرَاقِيفُ : سرین کی ہڈی کا سرا۔

حُرْقُوفٌ : دُبلا جانور۔

حَرِكَ ـَ حَرَكًا : کمزور پہلو یا کاندھے کا ہونا۔

حَرُكَ ـُ حَرْكًا وحَرَكَةً : ہلنا۔ حرکت کرنا۔

حَرَكَ ـُ حَرْكًا : حق ادا کرنے سے رکنا کاندھے کے سرے کو بیمار کرنا۔ مارنا۔ (تلوار سے)

حَرَّكَ : ہلانا۔ اکسانا۔ حرف کو حرکت دینا

حَارِكٌ : پیٹھ کے اوپر کا حصہ جو دونوں کندھوں کے درمیان ہوتا ہے۔

حَرَاكٌ : حرکت۔

حَرِكٌ : ہلکا پھلکا۔ چست۔

غُلَامٌ حَرِكٌ : چست و چالاک بچہ۔

حَرِيكٌ : کمزور کمر والا۔ نامرد۔

مُحَرَّكٌ : گردن کا اوپر کا سرا۔ گردن کی سر سے جدا ہونے کی جگہ۔

مِحْرَاكٌ : حرکت دینے کا آلہ۔

حَرَمَ ـِ حِرْمًا وحَرِيمًا وحِرْمَانًا وحَرِمًا وحَرِمَةً وحِرْمَةً وحَرِيمَةً : منع کرنا۔ روکنا۔ محروم کرنا۔

حَرِمَ ـَ حَرَمًا وحَرَامًا حَرُمَ ـُ حُرْمًا وحُرُمًا وحُرْمَةً وحُرُمَةً وحَرَامًا علی : ممتنع ہونا۔ حرام ہونا۔

حَرِمَ ـَ حَرَمًا وحَرَامًا فِي الْقِمَارِ : جوئے میں ہارنا۔

حَرَّمَ : ناجائز قرار دینا۔ منع ٹھہرانا۔ مقدس قرار دینا۔

ـــــ وأَحْرَمَ : جیتنا (جوئے میں) ماہِ حرام میں داخل ہونا۔

أَحْرَمَ : حج کے لئے جانا۔ مقدس جگہ میں جانا۔ ناجائز کام کرنا۔ ناجائز ٹھہرانا۔ مقدس ٹھہرانا۔

تَحَرَّمَ : ممنوع ہونا۔ ناجائز ہونا۔ مقدس ہونا۔

ـــــ ب : حفاظت میں آنا۔

اِحْتَرَمَ : مقدس سمجھنا۔ پرواہ کرنا۔ ڈرنا۔

اِسْتَحْرَمَ : حرام شمار کرنا۔

حِرْمٌ : ایسا واجبی کام جس کا ترک کرنا ناجائز ہو۔ حلال کی ضد۔

حَرَمٌ ج أَحْرَامٌ : مقدس۔ قابل حفاظت بیوی۔ گرداگرد بیت اللہ شریف۔

حِرْمَانٌ : بدقسمتی۔ محرومی۔

حَرَمَانِ : مکہ و مدینہ۔ شرفهما اللہ تعالے

حُرْمَةٌ ج حُرَمٌ : حفاظت۔ ناجائز چیز ادب۔ قسمت۔ قابل عزت ہیبت۔ واجب ذمہ۔

حُرْمَةٌ : بیوی۔

بِحُرْمَةِ فلان : فلانے کی خاطر۔

حَرِيمٌ ج حُرُمٌ وأَحْرِمَةٌ وأَحَارِيمُ : ممنوع چیز۔ قابل حفاظت چیز۔ مکان کا زنانہ حصہ۔ شاہی محل کے گرداگرد کی وسیع جگہ۔

حَرِيمَةٌ : مرغوب چیز۔ جو حاصل نہ ہوسکے

حُرَمٌ : ایک آدمی کی بیویاں۔

الأَشْهُرُ الحُرُمُ : عزت کے چار ماہ۔ ذوالقعدہ۔ ذوالحجہ۔ محرم۔ رجب۔ ان میں عرب لڑائی ناجائز سمجھتے تھے۔

حَرَامٌ : خلاف حلال۔ ناجائز۔ مقدس۔ قابل عزت۔ احرام باندھنے والا۔

حَرَامُ اللّٰهِ لَا أَفْعَلُ كَذَا : خدا کی قسم میں ایسا نہیں کرنے کا۔

اَلْبَلَدُ الحرام : مکّہ شریف

مَسْجِدُ حَرَام : کعبہ شریف۔

اَلْبَيْتُ الحَرَام : بیت اللہ شریف

اِبْنُ حَرَامٍ : حرامزادہ

اِحْرَامٌ: احرام باندھنا۔ یعنی معین مقامات سے زیارت کعبہ کرنے تک چند جائز باتوں کو چھوڑ دینا۔ اور بن سلے کپڑوں کے ساتھ بدن کو ڈھانکے رکھنا۔
حَرَامِیٌّ ج حَرَامِیَّةٌ: چور۔ بددیانت
مُحَرَّمٌ
الشہر الحرام } قمری سال کا پہلا مہینہ
جِلْدٌ مُحَرَّمٌ: بے رنگا چمڑا۔
مُحَرَّمٌ ج مَحَارِمُ: ناجائز کام۔ جرم۔
مَحَارِم اللیل: رات کے خطرات۔
مَحْرَمَةٌ و مَحْرُمَةٌ ج مَحَارِمُ: قابل عزت۔ جیبی رومال۔
حِرْمِدٌ
حَرْمَدٌ } سیاہ بدبودار کیچڑ۔
حَرْمَزَ: لعنت کرنا۔
حِرْمِسٌ ج حَرَامِسُ: بے پھل سال
حَرْمَلٌ: ہرمل ایک قسم کی بوٹی جو دھونی کے کام آتی ہے۔
حَرَنَ و حَرُنَ ـُ حِرَانًا و حُرُونًا اچانک کھڑا ہونا۔ بے آرام ہونا۔ ٹھوکر کھانا۔ (گھوڑا وغیرہ)
حَرَنَ فِی البَیْعِ: ٹھیک قیمت پر فروخت کرنا۔
ـــ بالمکان: مکان سے نہ ہٹنا۔
ـــ القطن: دُھننا روئی۔
حَرُوْنٌ ج حُرُنٌ: بے آرام (گھوڑا) ٹھوکر کھانے والا (گھوڑا)
ـــ وحُرَانٌ: گھوڑے کی بے آرامی
مِحْرَنٌ: دُھنکی۔ روئی دھننے کی کمان۔
حَرْوَةٌ: گلے یا سینہ میں جلن۔ تیز بدبو
حَرَاةٌ: آگ جلنے کی آواز۔ آواز جو درخت سے ہوا کے ساتھ پیدا ہوتی ہے۔ شور۔

حَرَاوَةٌ: رائی کی تیزی
حَرَاحٌ اَحْرَاءٌ: گھر کا صحن۔ آواز۔ ہرنوں کے چھپنے کی جگہ۔ گرہ۔ لائق۔
حَرَیٰ ـِ حَرْیًا: کم ہونا۔
اَحْرَیٰ: کم کر دینا۔
ما اَحْرَاهُ بِهِ: وُہ اس کے کس قدر لائق ہے
تَحَرّیٰ: بہت اچھی چیز طلب کرنا۔ قصد کرنا۔ پسند کرنا۔
ـــ بالمکان: مکان میں اقامت کرنا
بالحَرِیّ: اغلب۔ زیادہ مناسب۔
حَرِیٌّ ج حَرِیُّوْنَ و اَحْرِیَاءُ: موافق لائق۔ مناسب۔
حَرًی ج اَحْرَاءٌ: شور۔ آواز۔ پھڑپھڑاہٹ (پرندوں کی) مکان کا رقبہ۔ ہرنوں کے رہنے کی جگہ۔ مناسب۔ لائق۔
حَارِیَةٌ: سخت زہریلا سانپ جو جسم میں چھوٹا ہو۔
اَحْرَیٰ: زیادہ لائق۔ زیادہ مناسب۔ زیادہ بہتر۔
حَزَّ ـُ حَزًّا و حَزَّزَ و اِحْتَزَّ: کاٹنا شگاف ڈالنا۔ (لکڑی میں)
ـــ و اَحَزَّ علیٰ کَرَمِ فلان: وہ سخاوت میں فلاں سے بڑھ گیا۔
حَزَّزَ: دانتوں کے کناروں کو تیز کرنا۔
حَازَّ مُحَازَّةً و حِزَازًا: جانچ پڑتال کرنا۔
تَحَزَّزَ: کٹ جانا۔ نوٹس میں آنا۔
حَزٌّ: شگاف۔ وقت۔ غیر مہذب کلام کرنے والا۔
حَزَّةٌ: دل کا درد۔ دردمند حالت۔ ساعت۔
حَزَازٌ و حَزَازَةٌ: پپڑی۔ یا سر کی بھوسی

حَزَازَةٌ: غصے وغیرہ کی وجہ سے دل کا درد۔ کلام میں کجروی۔
حُزَّازٌ: دل یا سینہ میں چبھ کر درد پیدا کرنے والی چیز۔
حَزِیْزٌ ج حُزَّان و حُزُزٌ و اَحِزَّةٌ سخت گفتار اور عمل والا آدمی۔
حَوَازُّ القلب: وُہ امور جن سے دل دکھے (مفرد حَازَّةٌ)
مَحَزٌّ: کاٹ کی جگہ۔ شگاف۔ دندانہ۔
مِحَزٌّ ج مَحَازُّ: شگاف لگانے کا آلہ۔ غیر مہذب گفتگو کرنے والا آدمی۔
حَزَاَ ـُ حَزْاً: جمع کرنا (اُونٹ) بمعنے حَزَا۔
اِحْزَوْزَأَ: پر سمیٹ کر انڈوں سے الگ ہونا (پرندہ) جمع ہونا (اُونٹ)
حَزَبَ ـُ حَزْبًا: پہونچنا یا سخت ہونا (مصیبت) ابواب میں تقسیم کرنا۔ (کتاب)
حَزَّبَ: گروہ بنانا
حَازَبَ: طرفدار بننا۔ مدد دینا۔
تَحَزَّبَ: جمع ہو کر جتھے بننا۔ گروہ بنانا
حَازِبٌ (ج حَوَازِبُ) حُزَیْبٌ۔ ج حُزْبٌ و حُزُبٌ: سخت امر مصیبت
حِزْبٌ ج اَحْزَاب: گروہ۔ پارٹی۔ جتھا۔ ہتھیار۔ نصیب۔ قسمت۔ حصۂ کتاب۔
اَحْزَاب: ایسے لوگ جن کے دل اور اعمال مشابہت رکھتے ہوں۔
مُتَحَزِّبٌ: جتھے کا آدمی۔
حَیْزَبُوْن و حَیْزَبُوْرٌ: بوڑھیا
حَزَابِی و حَزَابِیَةٌ: موٹا پست قد۔
حَزَرَ ـِ حَزْرًا و مَحْزَرَةً: اندازہ لگانا

تخمینہ کرنا۔
—— حزرًا وحزورًا : ترش ہونا۔ (نبیذ یا دودھ)
حازِرٌ : ترش (دودھ) اندازہ لگانیوالا۔
حازِرَةٌ : مضبوط اونٹنی
حَزْرَةٌ ج حَزَرات : عمدہ حصہ۔
حُزُّوْرَةٌ : چیستان۔ معمہ۔
حَزْوَرٌ وحَزَوَّرٌ : طاقتور لڑکا۔
حَزِيْرَان : ماہ جون۔
حَزْقَرَ : لڑائی کے لئے تیار ہونا۔
بھرنا (برتن) کس کر باندھنا (سامان)
حَزَقَ ـِ حَزْقًا : کسنا (رسی) باندھنا
دباکر نچوڑنا۔ پادنا (گدھا)
اَحْزَقَ : روکنا۔
تَحَزَّقَ : سکڑنا۔
حِزْقٌ وحِزْقَةٌ وحازِقَةٌ وحَزَاقَةٌ وحَزِيقَةٌ ج حَزَائِقُ وحَزِيقٌ وحُزُقٌ : آدمیوں وغیرہ کا گروہ۔
حِزْقَةٌ : قطعہ۔
حَزُقٌ وحُزُقٌّ وحَزُقَّةٌ و حُزُقَّةٌ واُحْزُقَّةٌ : چھوٹے قد والا جو چھوٹے قدم سے چلے۔
—— ومُتَحَزِّقٌ : بدخلق۔ بخیل۔
مَحْزُوقٌ : تنگ گردن والا لوٹا۔ صراحی وغیرہ)
حَازِقَةٌ : ہچکی۔
حَزَكَ ـِ حَزْكًا : دباکر باندھنا۔
—— ہ ب : گٹھا باندھنا (رسی سے)
اِحْزَأَلَّ : اکٹھا ہونا۔ ڈر کی وجہ سے سکڑنا (دل) سراب سے اونچا ہونا۔ (پہاڑ)
حَوْزَلٌ وحَوْزَلَةٌ : کوتاہ قد۔

حَزَمَ ـِ حَزْمًا وحَزَّمَ : باندھنا۔ تنگ کسنا۔
حَزِمَ ـَ حَزَمًا : گلا گھٹ جانا۔
حَزُمَ ـُ حَزْمًا وحَزَامَةً وحُزُومَةً پکے ارادہ والا اور مستقل مزاج ہونا۔
اَحْزَمَ : تنگ بنانا۔ تنگ کسنا۔
تَحَزَّمَ واِحْتَزَمَ : کمر کسنا۔ کمر باندھنا۔
حِزَامٌ (ج حُزُمٌ) حِزَامَةٌ (ج حَزَائِم) مِحْزَمَةٌ ومِحْزَمٌ : جانور کا تنگ
حَزَمٌ : بستگی گلو۔ خوراک کی گرانی۔
حُزْمَةٌ : گٹھا۔ گیند۔ پھولوں کا دستہ۔
حُزُمَّةٌ : پست قد۔
حازِمٌ (ج حَزَمَةٌ) وحَزِيمٌ ج حُزَماء مضبوط ارادہ والا۔
حَزِيمٌ ج حُزُم واَحْزِمَةٌ : کمر چھاتی کا درمیان۔
اَحْزَمُ : چوڑی چھاتی والا۔
حَيْزُومٌ ج حيازيمُ وحيازِمُ : چھاتی چھاتی کا درمیان سخت داونچی زمین۔
شَدَّ الحَيازِيم : کنایہ از صبر۔
اِحْزَوْزَمَ : جمع ہونا۔ سخت اور بلند ہونا (مکان)
حَزَنَ ـُ حُزْنًا وحَزَّنَ واَحْزَنَ : رنجیدہ کرنا۔ غمناک کرنا۔
حَزِنَ ـَ حَزَنًا وحُزْنًا علی وَلَ : رنج کرنا۔ غم کھانا۔
اَحْزَنَ : سخت زمین پر چلنا۔
حَزَّنَ القَارِى : قاری نے رقیق آواز سے قرآن مجید پڑھا۔
تَحَزَّنَ وتَحازَنَ واِحْتَزَنَ : غمگین ہونا۔ افسوس مند ہونا۔
حُزْنٌ وحَزَنٌ ج اَحْزَان : افسوس۔ غم۔

حُزَنٌ : مصائب۔
حَزْنٌ ج حُزُوْن : سخت زمین۔
حَزْنَة : سخت پہاڑ۔
حُزَانَةٌ : بال بچہ جن کا آدمی کو فکر رہتا ہے
حُزُوْنَةٌ : زمین کی سختی۔
حَزِنٌ وحَزِيْنٌ (ج حَزْنَاءُ وحِزان وحُزَانَى) محزون ومَحْزَنٌ حَزْنَان غمگین۔
حَزَا ـُ حَزْوًا وحَزَى ـِ حَزْيًا و تَحَزَّى : اندازہ لگانا۔ تخمینہ کرنا۔ شگون لینے کے لئے اڑانا (پرندہ)
حَزَا ـُ حَزْيًا وحَزَّى : ظاہر کرنا (سراب)
اَحْزَى : بلند ہونا۔ نمایاں ہونا۔ جھانکنا
—— ب : پہچاننا۔
حازٍ : قیافہ دان۔
حَسَّ ـُ حَسًّا : قتل کرنا۔ جڑھ سے اکھیڑنا۔ جلانا (سردی) انگاروں پر بھوننا (گوشت) کھریرا کرنا (جانورکو)
حَسَّ ـِ حَسًّا واَحَسَّ : معلوم کرنا۔ محسوس کرنا۔
حَسَّ ـَ حَسًّا ب : یقین رکھنا۔
—— واَحَسَّ منه خبرًا : اس نے اس سے خبر معلوم کی۔
حَسَّسَ : محسوس کرانا۔ جگانا۔ اکسانا۔ ہاتھ سے ٹٹولنا۔
اَحَسَّ واَحَسَى ب : جاننا۔ محسوس کرنا
تَحَسَّسَ : سننا۔ دیکھنا۔ تلاش کرنا جوں سے معلوم کرنا۔
—— من : دریافت کرنا۔
اِنْحَسَّتْ اَسْنَانُهُ : اس کے دانت اکھڑ گئے یا ٹوٹ گئے۔
حِسٌّ : حرکت۔ آہستہ آواز۔ احساس

ادراک - بچہ کی ولادت کے بعد کا درد۔
تپ کے شروع کا احساس۔
حَسٌّ : حیلہ۔
حِسَّۃٌ : حالت۔
حَاسَّۃٌ ج حَوَاس : دریافت کرنے
کی قوت۔
حَوَاسٌ خَمسٌ : پانچ حِسّیں (سونگھنا۔
سُننا۔ دیکھنا۔ ذائقہ۔ چھونا) ٹڈی۔
چلتی ہوئی ہوا۔
حَوَاسُّ الاَرضِ : سردی۔ اولے۔ ہوا۔
ٹڈی۔ مویشی۔
مَرَّتْ بِالقَومِ حَوَاسُّ : قوم پر سخت
سال گذرے۔
حُسَیْسٌ : آہٹ۔ حرکت۔ مقتول۔
حُسَاسٌ : ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔ پتھر
کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے۔ (مفرد حُسَاسَۃٌ)
نامبارک۔ بدخلقی۔
حِسَاسُ الحُمّٰی : تپ کے شروع ہونے
کا احساس۔
حَسُوسٌ : سخت سال۔
مِحَسَّۃٌ : کھریرا۔ کھرکھرا۔
اَرضٌ مَحْسُوسَۃٌ : ٹڈی یا اولوں سے
تباہ شدہ ملک۔
حَسَبَ ـُ حَسْبًا وحِسَابًا وحُسْبَانًا
وحِسْبَۃً وحِسَابَۃً : شمار کرنا۔ گننا
پرواہ کرنا۔
حَسِبَ ـِ حِسْبَانًا ومَحْسِبَۃً : خیال
کرنا۔ گمان کرنا۔
حَسُبَ ـُ حَسَبًا وحَسَابَۃً : شریف
الاصل ہونا۔ خاندانی ہونا۔
حَسَّبَ : تکیہ دینا۔ سیر کر کے کھانا کھلانا
دفنانا۔

حَاسَبَ : حساب چکانا۔
اَحْسَبَ : سیر کرنا۔ تکیہ دینا۔ تسلی کرنا۔
تَحَسَّبَ : تکیہ لگانا۔ دریافت کرنا۔ پہچاننا
تَحَاسَبَ : آپس کا حساب صاف کرنا۔
اِحْتَسَبَ : خیال کرنا۔ یقین کرنا۔ شمار کرنا
آزمانا۔
ـــ علی : انکار کرنا۔
ـــ و ب : قناعت کرنا۔
ـــ وَلَدًا : بڑی عمر کے بچے کو کھو دینا۔
حَسْبٌ : کفایت۔ کافی۔
حَسْبُکَ دِرْھَمٌ : تجھے ایک درہم کافی ہے
حَسَبٌ ج اَحْسَابٌ : مقدار۔ تعداد۔ ذاتی
خوبی۔ خاندانی شرافت۔
ھٰذَا بِحَسَبِ ذَاکَ : یہ اس کے برابر ہے
حِسَابٌ : شمار۔ کافی۔ لوگوں کی بڑی تعداد
نام قیامت۔ اعمال کی جزا۔
حِسَابُ الجُمَّلِ : حروف ابجد کا حساب
یَومُ الحِسَاب : قیامت کا دن۔
حُسْبَانٌ (مفرد حُسْبَانَۃٌ) عدد کا استعمال
کرنا۔ چھوٹے تیر۔ آگ۔ عذاب۔
حُسْبَانَۃ : بادل۔ اولے۔ چھوٹی چیونٹی۔
چھوٹا تکیہ۔ آسمانی عذاب۔
حِسْبَۃ : حساب۔ جزا۔
حَسِیْبٌ ج حُسَبَاءُ : ذی عزت۔ خاندانی
حَسْبُکَ وحَسِیْبُکَ اللّٰہ : خدا تم سے
حساب لیگا۔
کَفٰی بِاللّٰہِ حَسِیْبًا : صرف خدا نگہبانی کرنے
والا کافی ہے۔
حاسب ج حَسَبَۃ : حساب کرنے والا
محاسب۔
اَحْسَبُ : سرخ بالوں والا آدمی۔ بھورا
اونٹ۔ بسبب بیماری کے سفید (جلد)

مِحْسَبَۃٌ : چھوٹا تکیہ۔
مُحْتَسِب : وزنوں اور پیمانوں کا انسپکٹر
حَسْحَسَ اللَّحْمَ : اس نے گوشت کو
انگاروں پر رکھ کر الٹایا پلٹایا۔
ـــ لہ : رحم کرنا۔ دردمندی کا اظہار
کرنا۔
تَحَسْحَسَ بِالقِیَام : اٹھنے کے لئے حرکت
کرنا۔
حَسَدَ ـُ حَسَدًا وحَسَادَۃً وحَسْدًا
حسد کرنا۔
اَحْسَدَ : حاسد پانا۔
تَحَاسَدَ : ایک دوسرے کا حسد کرنا۔
حَاسِدٌ ج حُسَّاد وحَسَدَۃ وحُسَّدٌ
حسد کرنے والا۔
حَسُوْدٌ ج حُسُدٌ (مذکر مؤنث) بہت
حسد کرنے والا۔
مَحْسَدَۃ : حسد کا باعث۔
حَسَرَ ـِ حُسُوْرًا : تھک جانا۔ کمزور
ہونا (نظر) ظاہر ہونا۔ خشک ہونا (پانی)
ـــ حَسْرًا : تھکنا۔
ـــ ـِ حَسْرًا عن : ظاہر کرنا۔ کھولنا
چھلکا اتارنا۔ جھاڑو دینا۔ تھکانا۔
حَسِرَ حَسَرًا : تھکنا
ـــ حَسَرًا وحَسْرَۃً : افسوس کرنا۔
ٹھنڈا سانس بھرنا۔
حَسَّرَ : پروں کا گرنا۔ افسوس کرانا۔ نقصان
دینا۔ حقیر جاننا
اَحْسَرَ : تھکانا۔
تَحَسَّرَ : افسوس کرنا۔ ٹھنڈا سانس
بھرنا۔ بالوں یا پروں کا گرنا۔
اِنْحَسَرَ : ننگا ہونا۔ ظاہر ہونا۔
اِسْتَحْسَرَ : تھکنا۔

حَسْرَةٌ: افسوس۔ ٹھنڈا سانس۔ ندامت غم۔

حَسِيْرٌ ج حَسْرَىٰ: تھکا ہوا۔ کمزور۔ افسوس کرنے والا۔

حَاسِرٌ ج حَوَاسِرُ: بغیر زرہ یا خود یا پگڑی کے۔ چہرہ ننگا کرنے والی عورت

تَحْسِيْر ج تَحَاسِيْرُ: بلا۔ مصیبت

حَسِيْرٌ و مَحْسُوْرٌ: مغموم۔ کمزور (نظر)

مَحْسِرٌ و مَحْسَرٌ ج مَحَاسِرُ: حالت معلوم چہرہ۔ طبیعت۔

مِحْسَرَةٌ: جھاڑو۔

حَسَفَ ـِ حَسْفًا و حَسِيْفًا الحَيَّةُ سانپ کا پھنکارنا۔

ـــ حَسْفًا: صاف کرنا (کھجور) چھیلنا۔ ہانکنا (ریوڑ) چلنا (بادل)

ـــ حَسْفًا و حُسَافًا: کاٹنا (کھیتی)

حَسِفَ ـَ حَسَفًا: ناراض ہونا۔

حَسَّفَ: صاف کرنا (کھجور)

أَحْسَفَ: صاف کھجوروں کو غیر مصفی کھجوروں سے ملانا۔

تَحَسَّفَ: چھیل جانا (جلد) اگرنا (بال)

اِنْحَسَفَ: ریزہ ریزہ ہونا۔

حُسَافَةٌ و حَسِيْفَةٌ: دشمنی۔ غصہ۔

حُسَافَةٌ: ردی کھجوریں یا کھجور کے چھلکے تھوڑا پانی۔

ـــ النَّاس: رذیل لوگ۔

ـــ و حَسِيْفَةٌ: عداوت۔ غیظ۔

حَسِكَ ـَ حَسَكًا علىٰ: ناراض ہونا۔

ـــ: دانہ چبانا (جانور)

أَحْسَكَ الدَّابَّةَ: جانور کو دانہ چبانے کے لئے دینا۔ کانٹے دار ہونا۔ (پودہ)

حَسَكٌ: کانٹا۔ باریک ہڈی۔ گوکھرو (مفرد حَسَكَةٌ)

حَسِيْكٌ: پست قد۔

حَسِيْكَةٌ: جانور کا دانہ۔ جنگلی چوہا۔

ـــ و حَسَكَةٌ و حُسَاكَةٌ: عداوت دشمنی۔

حَسَلَ ـُ حَسْلًا: تیز ہانکنا (جانور) پھینکنا۔ ذلیل کرنا۔

حُسِلَ ب: ذلیل کیا جانا۔

حَسَّلَ بِنَفْسِهٖ: اپنے آپ کو ذلیل کرنا۔

تَحَسَّلَ و اِحْتَسَلَ: گوہ کا بچہ شکار کرنا۔

حِسْلٌ ج حِسَلَةٌ و حُسُوْل و احْسَال و حِسْلَانٌ: گوہ کا بچہ۔

لَا آتِيْكَ سِنَّ الحِسْلِ: میں تیرے پاس کبھی نہیں آؤنگا۔

أَبُو حِسْلٍ و أَبُو حُسَيْلٍ: گوہ۔ چھپکلی۔

حُسَالَةٌ: چاندی۔ چاندی کے ذرات۔ جو رگڑنے سے گریں۔

ـــ و حَسِيْلَةٌ: رذیل لوگ۔ ردی چیز۔

حَسِيْلٌ ج حُسُلٌ: بیل۔ بچھڑے۔ ردی اشیاء۔ (مفرد حسیلة)

حَسِيْلَةٌ: ردی کھجوریں۔

حَسَمَ ـِ حَسْمًا: کاٹنا۔ کاٹ کر داغ دینا۔ دوائی سے جڑھ سے اکھیڑنا (بیماری کو) محروم کرنا۔ روکنا۔

حُسُوْم: نامبارک (دن)

حُسَامٌ: کاٹنے والی تلوار۔ تلوار کی دھار۔ لمبی رات۔

مَحْسَمَةٌ: قطع کرنے کا ذریعہ۔

هٰذا مَحْسَمَةٌ لِلدَّاءِ: یہ بیماری کے دور کرنے کا ذریعہ ہے۔

حَسُنَ و حَسَنَ ـُ حُسْنًا: خوبصورت ہونا

حَسَّنَ: خوبصورت بنانا۔ آراستہ کرنا۔

حَاسَنَ: خوبصورتی میں غالب آنا۔ مہربانی کا سلوک کرنا۔

أَحْسَنَ: نیک سلوک کرنا۔ نیک جاننا۔ کام کو اچھی طرح کرنا۔ آراستہ کرنا۔

ـــ إلىٰ و ب: خیرات دینا۔ سلوک کرنا نیکی کرنا۔

تَحَسَّنَ: خوبصورت ہونا۔ آراستہ ہونا۔

اِسْتَحْسَنَ: اچھا جاننا۔

حُسْنٌ ج مَحَاسِنُ: خوبصورتی۔ زینت نیکی۔

حَسَنٌ ج حِسَان، حُسَّان اج حُسَّانون حَاسِنٌ و حَسِيْن: خوبصورت۔

حَسَنَةٌ و حَسْنَاء ج حِسَانٌ و حَسَنَاتٌ: خوبصورت عورت۔

حُسَّانٌ م حُسَّانَةٌ: بہت خوبصورت۔

حَسَنَةٌ ج حَسَنَات: نیک کام۔ فائدہ نیکی۔

أَحْسَنُ ج أَحَاسِنُ م حُسْنىٰ ج حُسَنٌ و حُسْنَيَاتٌ: زیادہ اچھا۔ زیادہ خوبصورت۔

أَحَاسِنُ القَوْم: قوم کے خوبصورت یا اچھے آدمی۔

حُسْنىٰ ج حُسْنَيَاتٌ و حُسَنٌ: اچھا انجام۔ اچھا کام۔ اچھا نتیجہ۔ فائدہ۔ کامیابی۔ خدا کا دھیان۔

حُسْنَيَانِ: فتح اور شہادت۔

حُسَيْنَاهُ أَنْ يَفْعَلَ كَذا: زیادہ سے زیادہ اچھا جو وہ کر سکتا ہے وہ یہ ہے۔

حَسُّوْنٌ: ایک چھوٹی گانے والی سنہری رنگ کی چڑیا۔

مِحْسَانٌ: زیادہ احسان کرنے والا۔

تَحَاسِيْنُ: خوبصورت چیزیں۔

مُحَسِّنَة: اچھا بنانے کا ذریعہ۔

حَسَا ـُ حَسْوًا و تَحَسّیٰ و اِحْتَسیٰ

تھوڑا تھوڑا پینا (شوربا)

ــــ: چونچ سے پانی پینا (پرندہ)

حَسّیٰ و اَحْسیٰ و حَاسیٰ: تھوڑا تھوڑا پلانا (شوربا)

حَسْوٌ و حَسَاء و حَسُوٌّ: ایک قسم کی غذا جو آٹے اور پانی سے تیار کرتے ہیں۔

حَسْوَةٌ ج حَسَوَاتٌ: ایک گھونٹ

حُسْوَةٌ ج اَحْسِيَة و اَحْسُوَة و ج اُحَاسٍ: گھونٹ کا اندازہ۔

حَسَیٰ ـِ حَسْیًا و اِحْتَسیٰ: کھودنا

حِسْیٌ و حَسِیٌّ ج اَحْسَاء و حِسَاءٌ: دلدلی زمین

حَسِیَ ـَ حَسْیًا و اِحْتَسیٰ: آزمانا۔

حَشَّ ـُ حَشًّا: کاٹنا (گھاس) لکڑی سے ہلا کر تیز کرنا (آگ) گھاس ڈالنا۔ (گھوڑے کے آگے) خشک ہونا یا شل ہونا (ہاتھ) بڑھانا (دولت)

اَحَشَّ: کٹنے کے وقت پر پہونچنا۔ (گھاس) بہت گھاس والی ہونا (زمین) گھاس کاٹنے میں مدد دینا۔

اِحْتَشَّ: تلاش کرنا۔ کاٹنا (گھاس)

اِسْتَحَشَّ: پیاسا ہونا۔ لمبی ہونا (شاخ) شل ہونا (ہاتھ) تپلی ہونا (پنڈلی)

حَشِيشٌ ج حَشَائِشُ: خشک گھاس۔

حُشَاشَةٌ و حُشَاشٌ: زندگی کا آخری سانس۔

حُشَاشَكَ اَن تَفْعَلَ كَذَا: زیادہ سے زیادہ تو یہ کرسکتا ہے۔

حُشٌّ ج حُشُوشٌ: باغ۔ کھجوروں کا جھنڈ۔

حِشَاشٌ ج اَحِشَّة: گھاس کی گون۔

ہر چیز کا کنارہ

حَشَّاشٌ ج حَشَّاشُون و حَشَّاشَةٌ سوکھا گھاس فروخت کرنے والا یا اکٹھا کرنے والا۔ بھنگ پینے والا۔ بیوقوف۔

مَحَشٌّ و مَحَشَّةٌ ج مَحَاشُّ: جگہ جہاں خشک گھاس بکثرت ہو

اَحْشُوشٌ و مَحْشُوشٌ: خشک بچہ جو ماں کے پیٹ میں ہو

مِحَشٌّ و مِحَشَّةٌ: درانتی۔ آگ ہلانے کی سیخ

حَشْحَشَ و تَحَشْحَشَ: اٹھنے کے لئے حرکت کرنا۔ منتشر ہونا۔

حَشْحَشَتِ النَّارُ: آگ نے اس کو جلا دیا

تَحَشْحَشَ: منتشر ہونا۔

حَشَأَ ـَ حَشْأً: جلانا (آگ)

ــــ هُ ب: چابک مارنا۔

مِحْشَأٌ و مِحْشَاءٌ ج مَحَاشِيء: موٹے کپڑے کی چادر۔ کمبل

اَحْشَبَ: ناراض کرنا۔

اِحْتَشَبُوا: وہ اکٹھے ہو گئے۔

حَوْشَبَةٌ: انسانوں کی جماعت۔

حَشَدَ ـِ حَشْدًا: جمع کرنا۔ تمام اُگنا (کھیت) شگوفہ نکالنا (درخت)

ــــ حُشُودًا: مدد کے لئے دوڑ کر جانا

حَشَّدَ: جمع کرنا۔

تَحَشَّدَ و تَحَاشَدَ و اِحْتَشَدَ: جمع ہونا

اِحْتَشَدَ لِ: پکار کا جواب۔ اچھی ضیافت کرنا۔

حَشْدٌ ج حُشُودٌ: گروہ۔ پارٹی۔

حَشِدٌ: وہ شخص جو دوسرے کی مدد میں مال وغیرہ خرچ کرنے میں کمی نہ کرے۔ پانی نہ ختم ہونے والا چشمہ۔

حَاشِدٌ: مستعد۔ تیار۔ جمع کرنے والا۔

مَحْشُودٌ: مُطَاع۔ جس کی خدمت کرنے کے لئے لوگ چست ہوتے ہیں۔

مَحَاشِدُ: مجلسیں۔

حَشَرَ ـُ حَشْرًا: جمع کرنا۔ جلاوطن کرنا۔ تباہ کرنا۔ (خشک سالی۔ مویشی) پتلا کرنا (نیزہ کا سرا)

حُشِرَ: مرنا۔

حَشْرٌ: پتلا (نیزہ) باریک (کان)

يَوْمُ الْحَشْرِ: روز قیامت۔

حَاشِرٌ: ٹیکس جمع کرنے والا۔ تحصیلدار۔

حَشَرَةٌ ج حَشَرَاتٌ: کیڑے مکوڑے چھپکلی وغیرہ۔

حَشْوَرٌ: بڑے پیٹ والا۔ پھولے ہوئے پہلوؤں والا۔

مَحْشِرٌ ج مَحَاشِرُ: کمیٹی گھر۔ جمع ہونے کا مکان۔

حَشْرَجَ: جان کنی کے وقت غرغرانا گھنگرو بولنا۔

حَشْرَجٌ: آبخورہ۔ چھوٹا لوٹا۔ پہاڑ کا گڑھا جس میں پانی باقی رہ جائے۔

حَشَفَ ـِ حَشْفًا: دودھ سے ابھرنا (پستان)

اَحْشَفَ: خراب پھل لانا (کھجور)

تَحَشَّفَ: بوسیدہ کپڑے پہننا۔

حَشَفٌ: بری کھجوریں۔

حَشَفَةٌ: ڈنٹھل جو کھیت کے کٹنے کے بعد رہ جائیں۔ چھوٹا گول جزیرہ جس پر پانی نہ چڑھ سکے۔

حَشِيفٌ: پھٹا ہوا کپڑا۔

حَشَكَ ـِ حَشْكًا: دودھ سے بھر جانا (تھن) بہت پھل دار ہونا (درخت) بہت پانی والا ہونا (بادل) جمع ہونا (گروہ) مختلف جہت سے چلنا (ہوا)

حَشِكَ ـَ حَشَكًا: جو وغیرہ کھانا (گھوڑا)

جمع ہونا (تھن میں دودھ)

اَحشَكَ : غلہ کھلانا (جانور)

تَحَشَّكَ : بھر جانا (دودھ سے تھن)

حَشَكَة : بارش کی بوچھاڑ۔

حَشَكَة : جماعت۔ گروہ۔

حَشِيكَة : جو وغیرہ جو جانور کو کھلائے جائیں۔

حَاشِكَة ج حَوَاشِك : مختلف اطراف سے چلنے والی ہوا۔ جو گردی ہوا۔

حُشَاكَة و حِشَاك : بچھڑے وغیرہ کی تھوتھنی۔ وہ لکڑی جو دودھ پینے سے جانور کے بچے کو روکے

حَشَلَ ـُ حَشلًا : حقیر جاننا۔ رذیل کرنا

حَشَل : حقیر و رذیل چیز۔

حَشَمَ ـِ حَشمًا : شرمندہ کرنا۔ ناپسند بات سنا کر تکلیف دینا۔ ناراض کرنا۔ تلاش کرنا۔

ـــ حُشُومًا : تھکنا۔

ـــ من : سکڑنا۔

مَا حَشَمَ الضَّيْفَ : اس نے کوئی شکار نہیں ملا

حَشِمَ ـَ حَشَمًا : ناراض کرنا۔

ـــ حَشَمًا : غصے ہونا۔

حَشَّمَ و اَحشَمَ : ستانا۔ شرمندہ کرنا۔ نقصان دینا۔ ناراض کرنا۔

تَحَشَّمَ مِن : شرم کرنا۔ شرمندہ ہونا۔ بچنا۔

اِحتَشَمَ مِن و عَن : ناراض ہونا۔ بچنا۔ شرم کرنا۔ منقبض ہونا۔

حَشَم و حَشَمَة : نوکر چاکر۔ گھر کے لوگ۔ غلام۔ پڑوسی۔ عیال۔

حِشمَة : شرمندگی۔ حیا۔ غصہ۔ انقباض۔

حُشمَة : عورت۔ قرابت۔ ذمہ داری۔

اِحتِشَام : حیا۔ عزت۔

حَشِيم ج حُشَمَاء : ذی عزت۔ ہمسایہ مہمان۔

حَشِنَ ـَ حَشَنًا : بدبودار ہونا۔

اَحشَنَ : بدبودار چیز کا استعمال کرنا۔

حَاشَنَ : گالی دینا۔

حِشنَة : کینہ۔ نفرت

حَشَا ـُ حَشوًا : بھر دینا (گدیلہ وغیرہ) انتڑیوں کو صدمہ پہونچانا۔

حَاشَاهُ : تھوڑی۔ ناچیز چیز دینا۔

اِحتَشَى : بھر جانا۔

حَاشِيَة : ادنی لوگ یا اونٹ

حَشًا ج اَحشَاء : اندرون بدن (انتڑی وغیرہ) انتڑیاں۔

حَشو : چھوٹے لوگ و اونٹ۔ کلام کا زائد حصہ۔ جس سے کوئی چیز بھری جائے (جیسا روئی وغیرہ) بھرا ہوا کپڑا۔

حُشوَة : انتڑیاں۔ ردی چیز۔ ذلیل

حُشوَةُ الاَرضِ : جنگل

حَشِيَّة ج حَشَايَا : بھرا ہوا بستر۔ گدی۔ کپڑا جو عورتیں سرین پر باندھتی ہیں تاکہ موٹی نظر آئیں۔

حَشوِیّ : فضول کلام والا۔ بکواسی۔

مُحَشَّاة : امعاء مستقیم Rectum

حَشِيَ ـَ حَشًى : ضیق النفس کی بیماری سے بیمار ہونا۔

حَشَّى : کنارہ لگانا۔ حاشیہ لکھنا۔ تعریف کرنا

حَاشَى : استثناء کرنا۔ خارج کرنا۔

تَحَشَّى : استثناء کرنا

ـــ مِن كَذَا و تَحَاشَى عَن : دور رہنا بچنا۔

ـــ مِن خُلَانٍ : فلانے سے شرم کرنا۔

حَشًى : ضیق النفس۔

ـــ ج اَحشَاء : پیٹ کے اندر کی چیزیں (اوجھڑی۔ تلی۔ جگر وغیرہ)

حَاشَا : استثناء کرنے کا کلمہ جیسا ضَرَبتُ القَومَ حَاشَا زَيدًا : سوائے زید کے میں نے قوم کو مارا۔

ـــ کلمہ تنزیہ مثلاً حَاشَا لِلّٰه : خدا کی پناہ

حَاشَكَ و حَاشَ لَكَ اَن كَذَا : ایسا کرنے سے معاف رکھیں۔ یہ بات تجھ سے دور ہے۔

ـــ من تَشبِيه : وہ تشبیہ سے منزہ ہے

حَاشِيَة ج حَوَاشٍ : پہلو۔ کنارہ۔ حاشیہ کتاب۔ اہل و عیال اور خاص اپنے لوگ

رَقِيقُ الحَوَاشِي : پاکیزہ صحبت والا۔

كَلَامٌ رَقِيقُ الحَوَاشِي : نرم کلام۔

حَصَّ ـُ حَصًّا : مونڈنا۔ بال تباہ کرنا (برف) حصہ دینا۔ کم کرنا (چیز)

حَصَّ ـَ حَصَصًا : سر کے بال گرنا یا کم ہونا۔

حَصحَصَ : ظاہر ہونا۔ کھلم کھلا ہونا۔

حَاصَّ و اَحَصَّ : حصہ دینا۔

تَحَاصَّ : آپس میں بانٹنا۔

اِنحَصَّ : گرنا (بال وغیرہ) کٹ جانا۔ (دُم)

حَصَص : سر کے بالوں کی کمی۔

حِصَّة ج حِصَص : نصیب۔ بھاگ۔

حُصّ ج حُصُوص و اَحصَاص : زعفران۔ کبر۔ موتی۔

حُصَاص : دوڑنے کی تیزی۔ یاد۔ کھجلی۔

حُصَاصَة : انگور جو کچھ توڑ لینے کے بعد باقی رہ جائیں۔

حاصّة : بیماری جس سے سر کے بال گرجاتے ہیں

اَحَصُّ م حَصَّاءُ: آدمی جس کے سر کے بال گر جائیں۔ یا کم ہوں۔ پرندہ جس کے پَر گرے ہوئے ہوں۔
سَنَۃٌ حَصَّاءُ: خشک سال۔
یَوْمٌ اَحَصُّ: بغیر بادل کے سرد دن۔
حَصِیصٌ: عدد۔ تعداد۔ گدھے یا اونٹ کے گرے ہوئے بال۔
حَصِیصَۃٌ: مونڈ کر یا اکھیڑ کر جمع کئے ہوئے بال۔ کان کے بال۔
حَصَأَ وحَصِیَ ـ حَصْأً: پیٹ بھر کر دودھ پینا۔ (بچہ)
ــــ مِنَ الْمَاءِ: پانی سے سیراب ہونا۔
اَحْصَأَ: پیاس بجھانا۔ سیراب کرنا۔
حَصَبَ ـِ حَصْبًا: کنکر مارنا۔
حَصَّبَ: کنکر بچھانا۔
حَصِبَ ـَ حَصَبًا وحُصِبَ: خسرہ کی مرض سے بیمار ہونا
اَحْصَبَ: دوڑنے میں کنکر اڑانا (گھوڑا)
ــــ عَنْ: منہ پھیر کر چلے جانا۔
تَحَصَّبَ: دانے کی تلاش میں صحرا کی طرف اڑنا (کبوتر)
تَحَاصَبَ: ایک دوسرے پر کنکر مارنا۔
حَصَبٌ: پتھر۔ چھوٹے پتھر۔ ایندھن۔
حَصْبَۃٌ وحَصِبَۃٌ: خسرہ۔
حَصْبَاءُ: کنکر (مفرد حَصَبَۃٌ)
حَاصِبٌ ج حَوَاصِبُ: شدید ہوا جس میں کنکر ہوں۔ اولے۔ بادل جو اولے برسائے۔
مُحْصَبَۃٌ و اَرْضٌ حَصِبَۃٌ: بہت کنکروں والی زمین۔
حَضْحَضَ: ظاہر ہونا۔ لنگڑانا۔

تَحَضْحَضَ: زمین سے چمٹنا یا برابر ہونا۔
حَضْحَاضٌ و حِضْحِضٌ: مٹی۔ پتھر۔ تیز رفتاری۔
حَصَدَ ـِ حَصْدًا وحِصَادًا و اِحْتَصَدَ: درانتی سے کاٹنا (فصل)
حَصِدَ ـَ حَصَدًا: مضبوطی سے بٹ جانا (رسی وغیرہ)
اَحْصَدَ و اِسْتَحْصَدَ: پک جانا (کھیت)
اِسْتَحْصَدَ: جتھا بننا (لوگ)
حِصَادٌ: فصل کاٹنے کا موسم۔
حَصَدٌ وحَصِیدٌ وحَصِیدَۃٌ: فصل۔ کٹا ہوا فصل۔
حَصْدَاءُ: بہت مضبوط اور تنگ کڑیوں والی (زرہ) بہت پتوں والا درخت
حَصِیدَۃٌ ج حصائد: فصل کی جڑیں جو کاٹنے پر درانتی سے نیچے رہ جاتی ہیں۔
حَصَائِدُ الاَلْسِنَۃِ: ہتک آمیز باتیں بدگوئیاں۔
حَاصِدٌ وحَصَّادٌ: کاٹنے والا۔
اَحْصَدُ: مضبوط بٹی ہوئی رسی۔
مِحْصَدٌ ج مَحَاصِدُ: درانتی۔
حَصَرَ ـُ حَصْرًا: سختی کرنا۔ روک رکھنا۔ سارا لے لینا۔ گھیرنا۔ احاطہ کرنا
ــــ ب: احاطہ کرنا۔ سختی کرنا۔
حَصِرَ و اُحْصِرَ: قبض ہونا۔
حُصِرَ ـَ حَصَرًا: بخیل ہونا۔ گفتگو کرنے میں رکنا۔ دل پر دباؤ محسوس کرنا
ــــ بالسِرِّ: بھید چھپانا
ــــ عن: شرمانا۔
حَاصَرَ: محاصرہ کرنا۔
اَحْصَرَ عَنْ: روکنا۔

اُحْصِرَ: قبض والا ہونا۔
اِنْحَصَرَ: مشکل میں ہونا۔ محصور ہونا
اِحْتَصَرَ: گدیلا باندھنا (اونٹ پر)
حُصْرٌ: قبض۔
حَصَرٌ: گفتگو میں رکاوٹ۔ حرص۔ دل پر دباؤ۔ دل میں تنگی۔
حِصَارٌ و مِحْصَرَۃٌ: گدیلا۔ جو زین کی بجائے استعمال ہوتا ہے۔
حَصِرٌ وحَصُورٌ وحَصِیرٌ: تنگ دل۔ بخیل۔ گفتگو میں رکنے والا۔
حَصُورٌ: باتمیز آدمی۔ بادشاہ
حَصِیرٌ ج حُصُرٌ و اَحْصِرَۃٌ: قیدخانہ قید کرنے والا۔ زمین کی سطح۔ پہلو۔ سڑک آدمیوں کی قطار۔ چٹائی۔ تنگ جگہ۔ راستہ۔
حَصِیرَۃٌ ج حَصَائِرُ: کھجوریں رکھنے کی جگہ۔ چٹائی۔
مُحْتَصِرٌ: شیر
حَصْرَمَ: مضبوط بٹنا۔ (رسی) مضبوطی سے کسنا (کمان) بھرنا (مشک) تراشنا (قلم)
تَحَصْرَمَ: بخیل ہونا۔
حِصْرِمٌ (مفرد حِصْرِمَۃٌ) کچے انگور یا کچی کھجور۔ بخیل۔ ہر ایک کچا پھل۔
حَصُفَ ـُ حَصَافَۃً: اچھی رائے والا اور مضبوط عقل والا ہونا۔
حَصِفَ ـَ حَصَفًا: خشک خارش سے بیمار ہونا۔
حَصَفَ ـُ حَصْفًا: دور کرنا۔
اَحْصَفَ: تیز دوڑنا (گھوڑا) مضبوط بُننا۔ مضبوط کرنا۔ دور کرنا۔
اِسْتَحْصَفَ: مضبوط ہونا۔ اکٹھے ہونا۔ (لوگ)

ــــ الدَّهرُ علی : زمانہ کا سخت ہونا۔

حَصَفٌ : خشک خارش۔

حَصِفٌ وحَصِيفٌ : پختہ رائے والا

مُحصِفٌ : تیز رو (گھوڑا)

مِحصَاف ومُحْصَفٌ : تیز دوڑنیوالا۔

حَصَلَ ـُ حُصُولاً : ثابت رہنا۔ باقی رہنا۔

ــــ ل : واقع ہونا۔

ــــ علی : حاصل کرنا۔ جمع کرنا۔

ــــ عِندَ : پایا جانا۔

حَصِلَ ـَ حَصَلاً : مٹی کھانے کی وجہ سے پیٹ کی درد میں مبتلا ہونا (جانور)

حَصَّلَ : حاصل کرنا۔ جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا (قرض) خلاصہ کرنا (تقریر یا کلام) ظاہر کرنا۔ گری نکالنا۔

ــــ وأَحْصَلَ : نیم پختہ پھل والی ہونا (کھجور)

تَحَصَّلَ : اکٹھا ہونا۔ ثابت ہونا۔ نتیجہ نکلنا۔ خلاصہ کیا جانا۔

حَاصِلٌ ج حَوَاصِل : باقی۔ نتیجہ۔ حاصل ضرب۔ حاصل تقسیم۔ زمین کی پیداوار۔ صاف چاندی۔ مخزن۔ پانی کا حوض۔

اَلحَاصِلُ : قصہ کوتاہ۔ المختصر۔

حُصَالَة : دانے جو خرمن سے غلہ اٹھانے کے بعد رہ جاتے ہیں۔

حَصِيلَة ج حَصَائِل : بقیہ۔ پیداوار حاصل کردہ۔

حَوْصِلٌ وحَوْصَلَة : سنگدان مرغ پوٹا۔ گندم۔

مَحْصُول ج محاصِيل ومَحْصُولَات نتیجہ۔ آمد۔ بیج کی پیداوار۔

مَحصول الکلام : کلام کا مطلب۔

حَصُنَ ـُ حَصَانَةً : محفوظ ہونا۔

حَصُنَ ـُ حُصْناً وحَصَانَة : پاکدامن ہونا (عورت)

حَصَّنَ وأَحْصَنَ : مضبوط کرنا (جگہ) گردا گرد دیوار بنانا (شہر کے)

أَحْصَنَ : پاکدامن ہونا۔ نیک ہونا۔ پاکدامن رکھنا (عورت) شادی کرنا۔ نکاح میں دینا۔

تَحَصَّنَ : محفوظ ہونا۔ پاکدامن ہونا۔ پارسا ہونا۔ سانڈ بننا (گھوڑا)

حِصنٌ ج حُصُون وأَحْصان و حِصَنَةٌ : پناہ۔ قلعہ۔ مضبوط جگہ۔ ہتھیار گھوڑا۔ پہلی رات کا چاند۔

حَصَان ج حُصُن وحَصَانَاتٌ : پارسا عورت۔ پاکدامن عورت۔ منکوحہ عورت موتی۔

حِصَانٌ ج حُصُن وأَحْصِنَةٌ : عمدہ گھوڑا۔ سانڈ گھوڑا۔

حَاصِنٌ وحاصِنَةٌ ج حَوَاصِنُ وحاصِنَات : منکوحہ عورت۔ پاکدامن عورت۔

حَصْنَاءُ : پاکدامن عورت۔

حَصِينٌ : مضبوط۔

ابو الحُصَين : لومڑی کی کنیت۔

إِحْصَانٌ : آزادی۔ شادی۔ دل۔

تَحْصِينٌ ج تَحْصِينَاتٌ : مورچہ۔

مِحْصَنٌ ج مَحَاصِنُ : قفل۔ ٹوکری محل

مُحْصِنٌ : شادی شدہ آدمی۔

مُحْصَنَةٌ : نیک پاکدامن عورت شادی شدہ عورت۔

حَصَا ـُ حَصْوًا : روکنا۔

حَصَى ـِ حَصْيًا : کنکر مارنا۔

حَصِيَ ـَ حَصًا : کنکریلی ہونا (زمین)

حُصِيَ : مثانہ میں پتھری پیدا ہونے سے بیمار ہونا۔

حَصَّى تَحْصِيَةً : بچانا۔

أَحْصَى : شمار کرنا۔ گننا۔ سمجھنا۔ قابو میں لانا

تَحَصَّى : بچنا۔

حَصًى : کنکر۔ شمار۔

حَصَاةٌ ج حَصَيَاتٌ وحُصِيٌّ : ایک کنکر۔ عدد۔ گنتی۔ عقل۔ رائے۔ مثانہ کی پتھری۔

حَصِيٌّ : بڑا عقلمند۔ دور اندیش۔

مَحْصَاةٌ : کنکروں والی (زمین)

حَضَّ ـُ حَضًّا وحَضَّضَ علی الأمر : کام پر اکسانا یا ترغیب دینا۔

تَحَاضَّ : ایک دوسرے کو اکسانا۔

حَضِيضٌ ج حُضُضٌ وأَحِضَّة : دامن کوہ۔ چاند کے مدار میں وہ نقطہ جو زمین سے قریب تر ہو۔

حَضَضٌ : چیز (اس لفظ کا استعمال نفی کے بعد ہوتا ہے)

— علی: مول لگانا۔ قیمت مقرر کرنا۔
خَمَنٌ: بدبو۔
خَامِنٌ: گمنام۔
خَمَّان: کمزور نیزہ۔
— الناس: لوگوں کا گروہ۔ ردی لوگ
خَمَّانَة: کمزور نالی۔
تَخْمِين: پیمائش۔ Survey
خَمَأَ ـُ خُمُوءً: گاڑھا ہونا (دودھ)
خَنَّ ـِ خَنِينًا: ناک میں رونا ہنسنا یا بولنا۔
— ـُ خَنًّا: آہستہ آہستہ خالی کرنا (برتن) کاٹنا (تنہ) لینا (مال)
أَخَنَّ: عقل چھین لینا۔
اِسْتَخَنَّ: بدبودار ہونا (کنواں)
خُنَّة وخُنَّة: گنگناہٹ۔ ناک کی آواز۔ جھنکار۔
خَنِين: ہنسی یا رونے کی آواز جو ناک سے نکلے۔
خَنَان: آسودگی۔ زندگی کا آرام۔
خُنَان: اونٹوں کا زکام۔ ناک کی رطوبت ناک کی بیماری پرندوں کے گلے کی بیماری
أَخَنُّ م خَنَّاء ج خُنّ: ناک سے آواز نکالنے والا۔ بھنکا۔ بھنبھنانے والا
مَخَنَّة: ناک۔ وادی کا تنگ حصہ۔ راستہ کا شروع۔ گھر کا درمیان۔ تباہی۔
خَنَأَ ـَ خَنْأً: کاٹنا (تنہ)
خَنِبَ ـَ خَنَبًا: لنگڑا ہونا۔ کمزور یا

ہلاک ہونا - (کام سے) بیمار ہونا۔

اَخنَبَ: کاٹنا۔ کمزور کرنا۔ تباہ کرنا ہلاک ہونا۔

تَخَنَّبَ: مغرور ہونا۔ تکبر سے ناک چڑھانا

خِنبٌ ج اَخنابٌ: گھٹنے کا اندرونی حصہ۔ پسلیوں کا درمیانی حصہ۔ انگلیوں کا درمیانی حصہ۔

خَنَبٌ: ناک کی رطوبت۔

ذُو خُنُبَاتٍ و ذُو خَنَبَاتٍ: دغاباز بے وفا۔

خَنَّابٌ و خِنَّابٌ: لمبا۔ بلند۔ احمق

خَنَابَةٌ: بدنامی۔ برائی۔ برا اثر۔

خِنَّأبَةٌ و خِنَابَةٌ: تکبر

خُنَابتانِ: ناک کی دونوں طرفیں۔

خَنَثَ ـِ خَنثاً: ٹھٹھا کرنا۔ پانی پینے کے لئے لپیٹنا (مشک کا منہ)

خَنِثَ ـَ خَنَثاً و اَخنَثَ تَخَنَّثَ واِنخَنَثَ: سست ہونا۔ ڈھیلا ہونا ہیجڑا ہونا۔

خَنَّثَ: موڑنا۔ ہیجڑا بنانا۔ نرم کرنا۔ خراب کرنا۔

خَنِثٌ و مُخَنَّثٌ و مِخناثٌ ج مَخَانِيثُ: سست۔ ہیجڑا۔

خِنَاثٌ و اَخنَاثٌ: تہ (کپڑا یا مشک کی)

خُنثیٰ ج خِناث و خَناثیٰ: ہیجڑا

خِنجَرٌ ج خَناجِرُ: بڑی چھری۔ کٹار۔ دودھ والی اونٹنی۔

خَنخَنَ: ناک میں بولنا۔ غنغنانا۔

ــــ فی کلامہ: غیر واضح کلام کرنا۔

خُندُبٌ: بدخلق۔

خَندَرِيسٌ: پرانی شراب۔ پرانی گیہوں۔

خُندُعٌ: خسیس۔

خَندَفَ: پاؤں کی انگلیوں کو اندر کی طرف دبا کر چلنا۔

خَندَقَ: کھائی کھودنا۔

خَندَقٌ ج خَنادِقُ: کھائی۔ گندی نالی۔

خَندَلَ: مصمم ارادہ سے ہٹانا۔

خَناجِل: دریائے نیل کی آبشاریں۔

خِنذِيذٌ ج خَناذِيذُ: پہاڑ کی چوٹی۔ اچھا لیکچرار۔ متحمل مزاج سردار فیاض بہادر۔ بگولہ۔ اچھا شاعر۔

ام خَنُّور وام خِنَّوْر: ہونٹ لگڑ بگڑ۔ گائے۔ بدقسمتی۔ کثرت۔ ملک مصر کا نام۔

خَنِزَ ـَ خَنَزاً وخُنُوزاً: بدبودار ہونا (گوشت)

خَنِزٌ: بدبودار۔

خِنزِيرٌ ج خَنازِيرُ: سور۔

خَنازِيرُ: گردن کے غدود۔ کنٹھ مالا۔

خَنزَرَةٌ: موٹاپن۔ پتھر توڑنے کی بڑی کدال۔

خِنزِيرَةُ البِئرِ: کنویں سے پانی نکالنے کی چرخی۔

خُنزُوانٌ وخُنزُوانَةٌ وخُنزُوانِيَّةٌ وخُنزُوَّةٌ: غرور۔ بڑائی۔

خَنزُوانٌ: بندر۔ نر سور۔

خَنَسَ ـِ خَنساً وخُنُوساً وخِناساً واِنخَنَسَ عن: پیچھے ہٹنا۔ سکڑنا۔ چھپ جانا (وہر ائی انگوٹھے کو سمیٹکر چار انگلیوں سے اشارہ کرنا

ــــ بَيْنَ اصحابہ: اپنے ساتھیوں سے چھپنا۔

ــــ واَخنَسَ: پیچھے ہٹانا۔ دیر لگانا۔ بری بات کرنا

ــــ وتَخَنَّسَ وخَنَّسَ (ب): چھپانا۔

خَنِسَ ـَ خَنَساً: ناک کا منہ سے پیچھے ہٹ کر اونچا ہونا۔

اِنخَنَسَ: پیچھے ہٹنا۔ سکڑنا۔

خُنَّسٌ: ستارے۔ سیارے۔ زحل و مشتری و مریخ۔

اَخنَسُ (م) خَنساءُ: (اونچے اور منہ سے ہٹے ہوئے ناک والا۔

خَنساءُ: جنگلی گائے۔ ایک شاعرہ کا نام

اَخنَسُ وخَنُّوسٌ: شیر۔

خَنَّاسٌ: شیطان۔

خِنَّبِيسٌ: دھوکا دینے والا۔

خِنسِيرٌ: لئیم۔

خَنسَرٌ و خَنسَرِیٌّ ج خَناسِرَةٌ: نقصان اٹھانے والا۔

خَنَاسِيرُ: مصائب۔

خِنشَارٌ: ایک پودہ ہے جس کو عنصراج کہتے ہیں۔

خِنصِرٌ وخِنصَرٌ وخُنصُرٌ ج خَناصِرُ: چھنگلی۔ چھوٹی انگلی۔

خِنَّوْصٌ ج خَنانِيصُ: سور کا بچہ۔

خَنطَلٌ: بلا۔ مصیبت۔ قطار۔ ٹڈی دل۔

خَنَعَ ـَ خُنُوعاً: تابعدار ہونا۔ انکساری کرنا۔ دعا کرنا۔

ــــ الی السوء: برائی کی طرف مائل ہونا

اَخنَعَ الیٰ: مجبور کرنا۔

خَنَّعَ: کلہاڑی سے کاٹنا۔

خُنعٌ: کمینگی۔ عاجزی۔

خُنعَةٌ: عار۔ تہمت۔

خَالِعٌ ج خَنَعَةٌ: بدکار۔ جھوٹا۔ مشکوک۔

خُنُوعٌ ج خُنُعٌ: بیوفا۔ بدکار۔ فاجر

دغا باز - جھوٹا -
خَنَفَ ـِ خِنَافًا : چلنے میں سوار کی طرف سر موڑنا (اونٹ) چھاتی پیٹنا (عورت)
ـــ خُنُوْفًا : غصے ہونا - تکبر کرنا -
خَنِفَ ـَ خَنَفًا : شکستہ پسلی والا ہونا
ـــ صَدْرُہٗ اَوْ ظَهْرُہٗ : سینے یا پیٹھ کی ایک طرف کا دوسری کے مخالف ہونا -
خَنْفَةٌ : شرم کا باعث -
خَانِفٌ : مغرور - متکبر -
ـــ وخَنُوْفٌ : سر واپس پھیرنے والا (جانور) سڑک - خوش باشی
خَنِيْفٌ ج خُنُفٌ : لمبی سفید سن - بری قسم کی سن -
اَخْنَفُ ج خُنْفٌ : پیٹھ جس کی ایک ہڈی شکستہ ہو - ناک میں بولنے والا -
خُنْفُسٌ وخِنْفِسٌ وخُنْفَسٌ و خُنْفَسَاءُ وخُنْفُسَاءَةٌ ج خَنَافِسُ گبریلا - گوبر کا کیڑا - بھونرا -
خُنَافِس : شیر -
خَنَقَ ـُ خَنْقًا وخَنِقًا وخَنَّقَ گلا گھونٹنا -
خَنَّقَ : ڈھانپنا - (سراب) بھرنا (برتن)
ـــ زَيْدٌ الْاَرْبَعِيْنَ : زید چالیس برس کے قریب پہونچ گیا -
اِخْتَنَقَ واِنْخَنَقَ : گلا گھٹنا -
خَنْقَةُ الْبِئْرِ : کلائی -
خُنَاقٌ وخُنَّاقٌ وخَانُوْقٌ ج خَوَانِيْقُ وخُنَاقَةٌ ج خَنَانِيْقُ : خناق کی بیماری -
خِنَاقٌ : گلا گھونٹنے کی رسی - جھگڑا -
خَانِقٌ ج خَوَانِقُ : تنگ راستہ - درہ - کوچہ - گلا گھونٹنے والا -

خَانِقُ الذِّئْبِ والنَّمِرِ والْكَلْبِ : اقسام نباتات کے نام -
خَنِيْقٌ وخَنِقٌ ومُخَنَّقٌ ومَخْنُوْقٌ : گلا گھونٹا ہوا -
مُخَنَّقُ الْخَصْرِ : پتلی کمر والا -
مِخْنَقَةٌ ج مَخَانِقُ ومَخَانِيْقُ : مالا - ہار - کالر - گردن بند -
خَنَا ـُ خَنْوًا وخَنِيَ ـَ خَنًى وَاَخْنَى فِي الْكَلَامِ : گند بولنا -
اَخْنَى : بہت سے انڈے دینا (ٹڈی) بہت گھاس والی ہونا (چراگاہ)
اَخْنَى عَلَى : تباہ کرنا - نقصان دینا - دھوکا دینا - ظلم کرنا - لمبا ہونا (وقت)
خَنَاةٌ ج خَنًى : مصائب -
خَنَى الدَّهْرِ : زمانہ کے مصائب -
خَابَ ـُ خَوْبًا : غریب ہونا - محتاج ہونا
خَوْبَةٌ : بھوک - بنجر زمین -
خَاتَ ـُ خَوْتًا وخَوَتَانًا : نقض عہد کرنا - وعدہ خلافی کرنا - عمر والا ہونا -
ـــ واِنْخَاتَ واِخْتَاتَ عَلَى : شکار پر جھپٹنا (باز)
ـــ وتَخَوَّتَ الْمَالَ : نقصان اٹھانا مال میں -
ـــ خَوَاتًا : پروں سے آواز نکالنا (عقاب)
هُمْ يَخْتَاتُوْنَ اللَّيْلَ : وہ رات کو راہزنی کرتے ہیں -
خَوَّتَ : پاگل بنانا - ستانا -
تَخَوَّتَ واِخْتَاتَ : چرانا - یاد رکھنا -
خَاوَتَ طَرْفَهٗ دُوْنِي : اس نے چوری سے میری طرف دیکھا -
خَوَّاتٌ : دلیر - تھوڑا تھوڑا بہت دفعہ کھانے والا -

اَخْوَتُ ج خُوْتَانٌ وخُوْتٌ : بیوقوف - دیوانہ - پاگل
خَوِثَ ـَ خَوَثًا : ڈھیلا ہونا - کھانے سے پُر ہونا (پیٹ)
اَخْوَثُ (م) خَوْثَاءُ : ڈھیلا - پلپلا - پچپچا -
اَخَاخَ اِخَاخَةً : تھوڑی ہونا (گھاس)
خَوْخٌ : آڑو - شفتالو -
خَوْخَةٌ : ایک آڑو - کھڑکی - منفذ - گلی - روزن خانہ - روشن دان - تابدان - بڑے دروازہ کے بیچ کی کھڑکی -
خَوْخَاءُ وخَوْخَاةٌ وخَوْخَاءَةٌ - احمق -
خَوَّدَ : تیز چلنا -
ـــ مِنْ : تھوڑا سا لینا (کھانا)
تَخَوَّدَ : جھومنا - مڑنا - مائل ہونا (شاخ) اچانک آنا (تپ)
خَوْدٌ ج خَوْدَاتٌ وخُوْدٌ : نرم اندام لڑکی - نوجوان عورت
خَاوَذَ عَلَى : ایک کے بعد دوسرے کا آنا -
خَاوَذَتْهُ الْحُمَّى : اس کو اچانک بخار ہو گیا
خَاوَذَ عَنْ : کنارہ کش ہونا -
تَخَاوَذَ : باہم عہد و پیمان کرنا -
تَخَوَّذَ : ملاقات پر دوام کرنا -
خُوْذَةٌ ج خُوَذٌ : خود - لوہے کی ٹوپی
خُوْذَانٌ : خدمتگار - تابعدار -
خَارَ ـُ خُوَارًا : آواز دینا یا ڈکارنا (گائے)
ـــ خُؤُوْرًا وخَوِرَ ـَ خَوَرًا : کمزور ہونا - سست ہونا - کم ہونا - ٹھنڈا - نرم ہونا -

بے طاقت ہونا (مریض)

خَوَر: کمزور ہونا۔ بھوکا ہونا۔ ڈھیلا ہونا۔

اَخَارَ: مائل کرنا۔ جھکانا۔ موڑنا۔

اِسْتَخَارَ: جھکانے کی کوشش کرنا۔ سوال کرنا۔ صاف کرنا (منزل)

خَوْرٌ و آخْوَارٌ: خلیج۔ دریا کا دہانہ زمین کا قطعہ جو دو پہاڑیوں کے درمیان ہو پست زمین۔

خُوَارَةٌ: بہت پسندیدہ (اونٹ)

خَوْرَانٌ: گھوڑے کی مقعد۔ امعاء مستقیم

خَوَّارٌ: بزدل۔ کمزور۔

فَرَسٌ خَوَّارُ الْعِنَانِ: تابعدار تیز رفتار گھوڑا۔

خُورِیٌّ ج خَوَارِنَةٌ: کاہن۔ پادری۔

خُورِيَّةٌ ج خُورِيَّاتٌ: پادری کی بیوی۔

خُورُسٌ: گرجا میں مذہبی خادموں کے قیام کی جگہ (coir of a church)

خَازَ ـُ خَوْزًا: دشمنی کرنا۔

خَاوَزَ عَلٰی وَعَنْ: دھوکا دینا۔

خَاسَ ـُ خَوْسًا: مندا ہونا۔ ناقابل فروخت ہونا (سامان) بدبودار ہونا (لاش)

ــــ الْعَهْدَ وَبِہٖ: توڑنا وعدہ۔

ــــ بِفُلَانٍ: فلاں سے بیوفائی کرنا یا پکڑوانا۔

خَوَّسَ: ایک ایک کرکے پانی پر بھیجنا۔ (اونٹ) کم کرنا۔

خَاشَ ـُ خَوْشًا بِالرُّمْحِ: نیزہ سے چھیدنا۔

ــــ الشَّیْءَ: چیز لے لینا۔

ــــ فِی: جھڑکنا۔

خَوَّشَ وتَخَوَّشَ: کم کرنا۔

تَخَوَّشَ: ڈرنا۔ موٹا ہونیکے بعد دبلا ہونا

خَاشَ مَاشَ وخَاشِ مَاشِ: گھر کا سامان۔ پرانا سامان۔

خَوْشٌ: پہلو۔

خَوْشَانٌ: ایک قسم کا ترش پودہ۔

مُتَخَوِّشٌ ومُتَخَاوِشٌ: جھریدار دبلے پیٹ والا۔

خَوِصَ ـَ خَوَصًا: آنکھ میں گڑھا پڑنا

خَوَّصَ: سونے کے پتروں سے مزین کرنا (تاج)

خَاوَصَ وتَخَاوَصَ: نیم وا شدہ آنکھوں سے دیکھنا۔

خَاوَصَ الْبَیْعَ: سودا کرنے کے لئے کہنا۔

ــــ النُّجُومُ: ستاروں کا ڈوبنے کی طرف مائل ہونا۔

اَخْوَصَ: پتوں والی ہونا (کھجور)

خُوصَةٌ ج خُوصٌ: کھجور کا پتہ۔

خَوْصَاءُ: گرم ہوا: دوپہر کا گرم وقت گہرا کنواں۔

خَوَّاصٌ: کھجور کے پتے فروخت کرنیوالا۔

اَخْوَصُ (م) خَوْصَاءُ ج خُوصٌ: آنکھوں کے گڑھوں والا۔

خَاضَ ـُ خَوْضًا وخِيَاضًا: پانی میں چلنا۔ ملانا (شراب) بھنور میں کود پڑنا

ــــ فِی الْحَدِیْثِ: گفتگو میں مشغول ہونا۔

ــــ بِالسَّیْفِ: زخم میں تلوار ہلانا۔

یَخُوضُ الْمَنَایَا: وہ اپنے آپ کو ہلاکتوں میں ڈالتا ہے۔

خَوَّضَ: پانی میں داخل ہونا۔

خَاوَضَ وأَخَاضَ الْفَرَسَ: پانی میں داخل کرنا گھوڑا۔

خَاوَضَ فِی الْحَدِیْثِ: باہم گفتگو کرنا۔

اِخْتَاضَ وتَخَوَّضَ: پانی میں داخل ہونا۔

خَوْضَةٌ: پایاب گذرنے کی جگہ سوئی

خَوَّاضٌ: بے دھڑک۔ جلدباز۔ پانی میں بہت داخل ہونے والا۔

مَخَاضَةٌ ج مَخَاضٌ ومَخَاوِضُ و مَخَاضَاتٌ: پایاب گذرنے کی جگہ پانی میں داخل ہونے کی جگہ۔

تَخَوَّطَ: وقتاً فوقتاً آنا۔

خُوَطٌ ج خِيْطَانٌ: سبز شاخ۔ مضبوط وچست آدمی۔

خَافَ ـَ خَوْفًا وخِيْفًا و مَخَافَةً وخِيْفَةً وتَخَوَّفَ: ڈرنا محتاط ہونا۔ گھبرانا۔

ــــ وتَخَوَّفَ عَلٰی: خوف کھانا۔

خَوَّفَ وأَخَافَ: ڈرانا۔ دھمکی دینا۔

أَخَافَ: خوفناک وغیر محفوظ ہونا (سڑک)

تَخَوَّفَ: آہستہ آہستہ کم ہونا۔ ایک ایک کرکے بھیجنا (بھیڑیں)

ــــ الْحَقَّ: حق غصب کرنا یا چھینتا۔

خَوَافٌ: شور۔

خَائِفٌ ج خُوَّفٌ وخُيَّفٌ و خَائِفُوْنَ: ڈرنیوالا۔

خَافٌ: بہت ڈرنیوالا۔ بزدل۔

خَافَةٌ: چمڑے کا لباس جو شہد نکالنے والے پہنتے ہیں۔ شہد ڈالنے کا چمڑے کا تھیلہ یا جس میں پھل چن کر ڈالا جائے

أَخْوَفُ: زیادہ ڈرنے والا۔

خِيْفَةٌ ج خِيَفٌ: ڈرنیوالے کی حالت۔

مَخُوْفٌ: خوفناک۔

طَرِیْقٌ مَخُوْفٌ: خوفناک راستہ۔
مُخِیْفٌ: خوفناک، ڈرانیوالا۔ شیر۔
مَخَاوِف: خوفناک جگہیں۔ خطرات۔
تَخَاوِیْفُ (اسم تخویف) ڈر۔ خطرات۔
خَوِقَ ـَ خَوَقًا و انْخَاقَ و
تَخَوَّقَ: کشادہ ہونا۔
ــــ بالی سے مزین کرنا (لڑکی) چھین کر
لے جانا۔
خَوَّقَ: چوڑا کرنا۔ پھیلانا۔
اَخَاقَ: ملک میں پھرنا۔
خُوْقٌ: سونے کی بالیاں
اَخْوَقُ (م) خَوْقَاءُ ج خُوْق:
ایک آنکھ والا۔ دور تک پھیلا ہوا۔ خارشتی
خَالَ ـُ خَوْلاً و خِیَالاً: انتظام کرنا
نگرانی کرنا۔
ــــ عَلیٰ اَھْلِہٖ: اہل کے انتظام کیلئے کافی ہونا
خَوَّلَ: عطا کرنا۔ بخشنا۔
اَخْوَلَ و اُخْوِلَ: ماموں والا ہونا۔
اَخَالَ و تَخَوَّلَ فِیْہِ الخَیْرَ: اس
نے اس میں فراست سے بھلائی معلوم کی۔
تَخَوَّلَ و تَخَیَّلَ: ماموں بنانا۔
ــــ ہ ب: بہت توجہ کرنا۔
اِسْتَخْوَلَ: ماموں بنانا۔ نوکر رکھنا۔
خَوَلٌ ج خُوَلٌ: غلام۔ لونڈیاں چارپائے
خَالٌ ج اَخْوَالٌ و اَخْوِلَۃٌ و خُؤُوْلٌ
و خُؤُوْلَۃٌ: ماموں۔ اچھا
شگون۔ فوج کا جھنڈا۔
خَالَۃٌ ج خَالَاتٌ: خالہ۔ والدہ کی
ہمشیرہ۔
خَوْلَۃٌ: ہرنی۔
خُؤُوْلَۃٌ: ماموں ہونے کا رشتہ۔
خَوَلِیٌّ ج خَوَلٌ: منیجر۔ مال کا انتظام کرنیوالا

اَخْوَلُ م: ماموں والا۔
خَائِلٌ ج خَوَلٌ: مدبر۔ انتظام کرنے والا
مُخْوِلٌ: شریف ماموں والا۔
خَامَتْ ـُ خَوَمَانًا: مضر صحت
ہونا (زمین)
اَخَامَ: تین پاؤں پر کھڑا ہونا (گھوڑا)
خَامَۃٌ ج خَامٌ: مضر صحت ملک۔
خَامٌ ج اَخْوَامٌ: روئی کا کپڑا۔
خَانَ ـُ خَوْنًا و خِیَانَۃً و خَانَۃً
و مَخَانَۃً: امانت میں خیانت کرنا۔ بیوفائی
کرنا۔
ــــ خَوْنًا: نظر کمزور ہونا۔
خَوَّنَ: دغا بازی کا الزام لگانا۔
ــــ ومن و تَخَوَّنَ: آہستہ آہستہ کم کرنا
ــــ و تَخَوَّنَ: نگرانی کرنا۔
اِخْتَانَ: دھوکا دینا۔ بیوفائی کرنا۔
اِسْتَخَانَ: دھوکا دینے کی کوشش کرنا۔
خَانٌ ج خَانَاتٌ: کارواں سرائے۔
سرائے۔ تاتاریوں کا بادشاہ۔ دکان۔
خَانِیٌّ و خَانَاتِیٌّ و خَانْجِیٌّ: سرائے
کا مالک۔
خَانَۃٌ ج خَانَاتٌ: گانے کی ایک سُر کا
نام۔ نانبائی کی دکان۔
خَوُوْنٌ: بیوفا۔ کم نظر والا۔
خِوَانٌ ج اَخْوِنَۃٌ و خُوْنٌ و اَخَاوِیْنُ
دستر خوان۔
خَائِنٌ ج خُوَّانٌ و خَانَۃٌ و خَوَنَۃٌ
دغا باز۔ دھوکا دینے والا۔
خَائِنُ العَیْنِ: شیر۔ سست آنکھ والا۔
خَائِنَۃُ الاَعْیُنِ: اشارہ۔ وہم پرستی کی نظر
خَؤُوْنٌ و خَوَّانٌ و خَائِنَۃٌ و خُوَّانٌ:
بہت خیانتی۔ بہت دغا باز۔

خَوَاءً ـُ خَوًّا: گرنا (گھر)
خَوًّا: بھوک۔ چوڑی وادی۔
ــــ وَخُوٌّ: شہد۔
خُوَّۃٌ: وسیع زمین۔
خَوَی ـِ خَوَاءً و اخْوی: گرنا
(مکان) فارغ ہونا۔ خالی ہونا۔ بھوکا ہونا۔
آگ نہ دینا (چقماق) بارش نہ دینا (ستارے)
غروب ہونے کی طرف مائل ہونا (ستارہ)
خوفزدہ ہونا۔ بچہ جننا (عورت)
خَوِیَ ـَ خَیًا و خُوِیًّا و خَوَایَۃً: فارغ
ہونا۔ خالی ہونا۔
ــــ خَوَاءً: جننا (عورت)
خَوَّی: بیٹھنے میں پیٹ کو زمین سے اونچا
رکھنا (اونٹ) اڑنے میں دونوں بازو لٹکانا
(پرندہ) موٹا ہونا (مویشی)
ــــ ہ ولہ: زچہ کے لئے کھانا تیار کرنا۔
اَخْوَی: بہت موٹا ہونا (مویشی) ناکام
ہونا (بارش۔ چقماق) بھوکا ہونا۔
اِخْتَوَی: پاگل ہونا۔ عبور کرنا (ملک)
گھوڑے کے پہلو کو نیزہ سے چھیدنا۔
ــــ مَا عِنْدَ فُلَانٍ: فلاں کے پاس
سے اس نے سب کچھ لے لیا۔
خَوٍ: خالی پیٹ والا۔ کھوکھلا۔ بھوکا۔
خَوًی و خَوَاءٌ: دو چیزوں کے درمیان
کی خالی جگہ۔
خَوِیٌّ: نرم زمین۔
خُوَیَّۃٌ: زچہ کی خوراک۔
اَخْوَی (م) خَیَاءُ و خَوْیَاءُ: بےعقل
خَابَ ـِ خَیْبَۃً و تَخْیَابًا: ناکام
رہنا۔ نامراد ہونا۔ مایوس ہونا۔ بےایمان ہونا
خَیَّبَ و اَخَابَ: ناکام کرنا۔
اَلْھَیْبَۃُ خَیْبَۃٌ: بزدلی ہمیشہ ناکام ہوتی ہے

خَیَّابٌ: چقماق جو آگ نہ دے سکے۔
ذَهَبَ سَعْیُہ فی خَیَّاب ابنِ خَیَّاب
اس کی تمام کوشش بے فائدہ گئی۔
خَاتَ ـِ خَیْتًا وخُیُوْتًا: آواز کرنا
خَارَ ـِ خَیْرًا: دولت والا ہونا۔
ـــ اللّٰہُ لَکَ فِی الْاَمْرِ: اس کام میں اللہ تجھ پر مہربان ہو۔ اس میں اللہ تیرے لیے بہتری کرے۔
خَارَ ـِ خِیْرَۃً وخِیَرَۃً وخِیَرًا وخَیَّرَ: فضیلت دینا۔ ترجیح دینا۔ پسند کرنا
خَیَّرَ وخَایَرَ فی او بَیْنَ: پسند کرنے کا اختیار دینا۔
خَایَرَ فِی الْعِلْمِ: سبقت لیجانا علم میں
تَخَیَّرَ واِخْتَارَ: چن لینا۔ انتخاب کرنا۔ ذخیرہ کرنا۔
اِسْتَخَارَ: بھلائی چاہنا۔
ـــ اللّٰہَ: خدا سے دعا کرنا کہ بہتر کام پر لگائے۔
خَیْرٌ ج خِیَارٌ واَخْیَارٌ: نیک۔ بہت عمدہ۔ بہتر۔ مال۔ مفید چیز۔
خَیْرٌ ج خُیُوْرٌ: (ضد شر) بہتری۔ دولت گھوڑے۔ نیکی۔
خَیْرَۃٌ ج خَیْرَاتٌ: نیکوکار عورت۔ عمدہ چیز (خیر کی مؤنث)
خَیْرُ النَّاسِ: سب مردوں سے بہتر۔
ـــ النِّسَاءِ: سب عورتوں سے بہتر۔
خِیْرَۃٌ وخِیَرَۃٌ مِنَ الشَّیْءِ: اعلیٰ چیز عمدہ حصہ۔
خِیْرٌ: شرافت۔ فیاضی۔ اصلیت۔ ظاہری شکل۔
خِیَارٌ: پسندیدگی۔ نہایت عمدہ۔ ککڑی کھیرا۔

اَنْتَ بِالْخِیَارِ: تجھے اختیار ہے۔
خِیَارُ شَنْبَرَ: املتاس۔
خِیْرِیٌّ: ایک قسم کا زرد رنگ کا پھول۔
خَیْرِیَّۃٌ: عمدگی۔ فضل۔ نیکی۔ خوشی۔ عثمانی سلطنت کا ایک پرانا سکہ۔
خَیِّرٌ (م) خَیِّرَۃٌ: فیاض۔ بہت عمدہ۔
اَخْیَرُ (م) خَیْرَی وخُوْرَی ج اَخَایِرُ: زیادہ اچھا۔
اِخْتِیَارٌ: آزادی۔ پسندیدگی۔
مُخْتَارٌ: انتخاب شدہ۔ گاؤں کا نمبردار۔
خَارْصِینی: جست۔
خَیْزُرَانٌ: ایک قسم کی گھاس۔
خَاسَ ـِ خَیْسًا وخَیَسَانًا: جھوٹ بولنا۔
ـــ بِالْوَعْدِ: وعدہ توڑنا۔ بیوفائی کرنا۔ دغا کرنا۔
ـــ خَیْسًا: بدبودار ہونا (گوشت) سرد بازاری ہونا۔ کم ہونا (قیمت) جھوٹ بولنا۔ ذلیل ہونا یا کرنا۔
خِیْسَ اَنْفُہٗ: مجبوری سے مطیع ہونا۔ نارضامندی سے فرمانبرداری کرنا۔
خَیَّسَ: ذلیل کرنا۔ قید کرنا۔ کم کرنا۔
خَیْسٌ: رنج۔ قصور۔ غلطی۔ جھوٹ۔ سامان۔
خِیْسٌ ج اَخْیَاسٌ: گنجان درخت۔ دودھ۔
ـــ وخِیْسَۃٌ ج خِیَسٌ: بیشۂ شیر
مُخَیَّسٌ: ذلیل ہونے کی جگہ۔ قید خانہ۔
خَاشَ ـِ خَیْشًا مَا فی الْوِعَاءِ: برتن کی چیز نکالدینا۔
خَیْشٌ ج خُیُوْشٌ واَخْیَاشٌ: السی کا موٹا کپڑا۔ ادنیٰ آدمی۔ کمینہ آدمی۔ خشک السی

خَاصَ ـِ خَیْصًا: تھوڑا ہونا۔
خَیِصَ ـَ خَیَصًا: چھوٹی بڑی آنکھوں والا ہونا۔
خَیْصٌ وخَائِصٌ وخَیْصَی: تھوڑی مقدار۔ تھوڑی چیز۔
اَخْیَصُ (م) خَیْصَاءُ: ایک آنکھ دوسری آنکھ سے بڑی رکھنے والا۔
خَیْصَانٌ: تھوڑا مال۔
خَاطَ ـِ خَیْطًا وخِیَاطًا: سینا کپڑا
ـــ الْحَیَّۃُ: سانپ کا زمین پر چلنا۔
ـــ خَیْطَۃً واِخْتَاطَ اِلَی: ایک ہی دفعہ پکارنا۔ جلدی سے گذر جانا۔ ایک ہی دفعہ گذر جانا۔
خَیَّطَ وتَخَیَّطَ الشَّیْبُ فی رَاْسِہٖ سر میں بڑھاپا شروع ہونا۔
خَیْطٌ ج خُیُوْطٌ واَخْیَاطٌ وخُیُوْطَۃٌ وخِیْطَانٌ: دھاگا۔ رسی۔
اَلْخَیْطُ الْاَبْیَضُ: صبح صادق کی پہلی شعاعیں۔
اَلْخَیْطُ الْاَسْوَدُ: رات کی تاریکی۔
خَیْطُ بَاطِلٍ: مکڑی کا جالا۔ ذرات جو سورج کی شعاع میں دکھائی دیتے ہیں۔
ـــ ج خِیْطَانٌ وخِیْطٌ وخَیْطَی شتر مرغوں کا ریوڑ۔ ٹڈیوں کا دل۔
خِیَاطٌ ومِخْیَطٌ: سوئی۔
خِیَاطَۃٌ: درزی کا پیشہ۔ سینے کا پیشہ۔
خَیَّاطٌ: درزی۔
خَائِطٌ وخَاطٌ وخَیَّاطٌ: کپڑے سینے والا۔
مَخِیْطٌ ومَخْیُوْطٌ: سیا ہوا۔
خَیِفَ ـَ خَیَفًا: ایک آنکھ نیلی اور دوسری سرمگیں رکھنا (گھوڑا)

خَیَّمَ عَنِ الْقِتَال: لڑائی سے واپس آنا۔
— فِی الْمَکَان: مکان میں اترنا۔
تَخَیَّفَ اَلْوَانًا: گوناگوں رنگ والا ہونا۔ مختلف رنگوں والا ہونا۔
اَخَافَ وَاَخْیَفَ وَاِخْتَافَ: منیٰ میں ٹھہرنا (حاجی)
خَیْفٌ: پہاڑ کی ڈھلوان۔ پہاڑ کا پہلو تھن کا چمڑا۔ پانی بہنے کی جگہ سے بلند جگہ
خَیْفَةٌ: چھری۔ شیر کے رہنے کی جگہ۔
خَیْفَان: ٹڈی جس کے پروں کے مختلف رنگ ہوں۔ انسانوں کا گروہ۔
اَخْیَفُ (م) خَیْفَاءُ ج خِیْف: گھوڑا جس کی ایک آنکھ نیلی اور دوسری سیاہ ہو۔
اَخْیَافٌ: مختلف حالتوں اور شکل کے آدمی۔
اِخْوَةٌ اَخْیَافٍ وَبَنُوْ اَخْیَافٍ: ماں کی طرف سے بھائی۔
خَاقَان ج خَوَاقِیْنُ: سلطان۔ شہزادہ۔
خَالَ ـِ خَیْلًا وَخَالًا وَخَیْلَةً وَخِیْلَةً وَخَیَلَانًا وَخَیْلُوْلَةً وَمَخِیْلَةً وَمَخَالَةً: گمان کرنا۔ خیال کرنا
اِخَالُ: میں گمان کرتا ہوں۔
خَیَّلَ تَخْیِیْلًا وَتَخْیِیْلًا عَلیٰ: شک کرنا۔ تہمت لگانا۔
— تَخْیِیْلًا: گرجنا۔ چمکنا۔ اور برسنے کے لئے تیار ہونا (بادل)
— تَخْیِیْلًا فِیْهِ الْخَیْرَ: بھلائی کے نشان معلوم کرنا۔
— عَن: بزدل ہونا۔ کمزور کرنا۔

— تَخْیِیْلًا وَخَایَلَ لِ: جنگلی جانوروں کے لئے ڈراوا کھڑا کرنا۔
خَایَلَ: بارش کی امید دلانا (بادل)
— ہ: مقابلہ پر فخر کرنا۔
خُیِّلَ اِلَی: تصور کرنا۔ ایک چیز کو وہم سے دوسری چیز خیال کرنا۔
اَخْیَلَ: تھنوں میں دودھ رکھنا (اونٹنی) برسنے کے لئے تیار ہونا (بادل) بدلانا (چیز)
— عَلَیْهِ الْاَمْرُ: اس پر کام مشتبہ ہوگیا۔
— وَاَخَالَ: مزین ہونا (سبزی سے مکان)
تَخَیَّلَ: تکبر کرنا۔ تصور کرنا۔ خیال کرنا۔ بارش کے نشانوں والا ہونا (بادل)
— لَ: یہ وہم ہونا کہ وہ اس جیسا ہے
— فِیْهِ الْخَیْرَ: اس میں اس نے بھلائی کے نشانات معلوم کئے۔
تَخَایَلَ وَاِخْتَالَ: مغرورانہ طرز رکھنا۔ مغرور ہونا۔ متکبر ہونا۔
خَالٌ: بڑا پہاڑ۔ بڑا اونٹ۔ جھنڈا۔ کفن۔ خیال۔ سیاہ سانڈ۔ گھوڑا۔ مالک۔ تکبر کرنے والا۔ تنہا جگہ۔ رائے۔ شک۔ کنوارا۔ اچھا منتظم۔ گھوڑے کی لگام کا دہانہ۔ وسیع خیال آدمی۔ کمزور جسم والا۔ کمزور دل۔ شک سے خالی۔ وہمی آدمی۔
— ج خِیْلَان: چہرہ کا تل۔ چہرہ پر سیاہ نقطہ۔ بے بارش بادل۔ تکبر۔ بجلی۔
خَیْلٌ ج اَخْیَالٌ وَخُیُوْلٌ: گھوڑے سوار (جمع)
خَیْلٌ وَخِیْلٌ: ہینگ کا پودہ۔
خَائِلٌ وَخَالٌ ج خَالَةٌ وَاَخَائِلُ وَمُخْتَالٌ: متکبر۔ خودستائی کرنیوالا۔
خَیَال ج اَخْیِلَةٌ: وہم۔ دھیان۔ تصور۔ وہ صورت جو بیداری میں تصور کریں۔ نقش۔

انسانی شکل۔ ڈراوا۔ رائے۔ شک۔
خَیَالَةٌ ج خَیَالَات: نیند میں نظر آنے والی صورت۔ انسانی شکل۔ خیال۔
قُوَّةٌ خَیَالِیَّةٌ وَمُخَیِّلَةٌ: قوت متخیلہ جو حس مشترکہ کی قبول کی ہوئی صورتوں کو محفوظ رکھتی ہے۔
خَیَّالٌ ج خَیَّالَةٌ: سوار۔ گھوڑوں والا
خَیَّالَةٌ: گھوڑوں کا رسالہ۔
خُیَلَاءُ وَخِیَلَاءُ وَخَیْلَةٌ وَخِیَلٌ: عجب تکبر۔ گھمنڈ۔
اَخْیَلُ (م) خَیْلَاءُ ج خِیْل واخایل: بدشگونی کا پرندہ۔ سبز ہدہد۔
— وَمَخْیَلٌ وَمَخْیُوْلٌ: تل والا جس کے بدن پر سیاہ نقطہ ہو۔
مَخِیْلَةٌ ج مَخَائِل: غرور۔ رائے۔ نشان آثار مرض۔ بادل جس کے برسنے کی امید ہو
سَحَابَةٌ مُخِیْلَةٌ وَمُخْتَالَةٌ وَمُخَیِّلَةٌ وَمُخَیَّلٌ: وہ بادل جس سے بارش کی امید ہو
کَلَامٌ مُخِیْلٌ: مشکل کلام۔
اِنَّهٗ لَمُخَیِّلُ الْخَیْرِ: وہ نیکی کر سکتا ہے اس سے نیکی کی امید ہے۔
خَامَ ـِ خَیْمًا وَخَیَمَانًا وَخُیُوْمًا وَخُیُوْمَةً وَخِیَامًا وَخَیْمُوْمَةً: بزدل ہونا۔
خَیَّمَ وَاَخَامَ: خیمہ لگانا۔ خیمہ میں اقامت کرنا
— بِالْمَکَان: مکان میں اقامت کرنا یا ڈیرہ لگانا۔
خَیَّمَتِ الْکَرْمَةُ: انگور کی بیل کا خیمہ کی طرح ہو جانا۔
تَخَیَّمَ فِیْ وَب: کیمپ لگانا۔ ڈیرہ کرنا خیمہ لگانا۔
خِیْمٌ: نیچر طبیعت۔ خصلت۔

خَامٌ ج اَخْوَامٌ: سُرخی مائل۔ خام چمڑا ردی کا کپڑا۔ بھٹی پر نہ چڑھایا ہوا کپڑا) غیر معتنی پتھر۔

خَامَۃٌ ج خَامٌ و خَامَاتٌ: تروتازہ نباتات۔

خَیْمٌ و خَیْمَۃٌ ج خِیَامٌ و خِیَمٌ و خَیْمَاتٌ: خیمہ۔ ہر ایک ایسا گھر جو پتھر یا اینٹ سے نہ بنا ہو۔ جیسا جھونپڑی شامیانہ

خِیَامٌ: اُونٹ کی عماریاں۔

خَیَّامٌ: خیمہ میں رہنے والا۔

— وَخَیْمِیٌّ: خیمہ فروخت کرنے والا خیمہ بنانے والا۔

مُخَیَّمٌ: خیمہ لگانے کی جگہ۔ ڈیرہ کی جگہ۔

د = ۴

دَأْدَأَ: جلدی کرنا۔ جلدی دوڑنا (اونٹ) حرکت دینا۔ ٹھہرانا۔ جھمکٹا کرنا۔ ڈھانکنا

— فِی اِثْرِہٖ: اس نے اس کا کھوج لگایا۔

تَدَأْدَأَ: حرکت کرنا۔ ٹھہر جانا۔ ڈھانپا جانا۔ جگالی کرنا (اونٹ) جھکنا (بوجھ) لڑکھڑانا (پتھر) جھمگٹا کرنا۔

— عن: ایک طرف کو مائل ہونا۔ گرنا۔ (گھوڑے سے)

— فی مَشْیِہٖ: جھک کر چلنا۔

دَأْدَأٌ و دَأْدَاءٌ و دَأْدَأَۃٌ و دَأْدَاءَۃٌ ج دَآدِءُ: سخت سیاہ رات۔

دَأَبَ ـَ دَأْبًا و دَأَبًا و دُؤُوبًا فی: کوشش سے لگاتار کرنا (کام) لگاتار چلنا۔

— دَأْبًا و دَأَبًا: سخت ہانکنا (جانور) دھتکارنا۔

اَدْأَبَ: تھکانا۔ جاری رکھنا (سفر)

دَأْبٌ و دَأَبٌ ج اَدْؤُبٌ: کام۔ عادت۔ دائمی عادت۔

دَائِبٌ: تھکا ہوا۔

دَائِبٌ و دَؤُوبٌ: لگاتار کرنے والا۔

دَائِبَانِ: رات۔ دن۔

دَأَثَ ـَ دَأْثًا: بوجھل ہونا۔ میلا ہونا۔ میلا کرنا (کپڑا) کھانا (خوراک)

دِأْثٌ: سخت کینہ۔

دَأْثَاءُ ج دَآثِیُّ: لونڈی۔

ابن دَأْثَاءَ: احمق۔

دَأْدَسَ: کھیلنا (لڑکا)

دَارْصِیْنِیٌّ: دارچینی۔

دَئِصَ ـَ دَأَصًا: موٹا ہونا (ہونا) گوشت

دَأَظَ ـَ دَأْظًا: بھرنا (برتن) دبانا (پھنسی) ناراض کرنا۔ گلا گھونٹنا۔ سیر شدہ آدمی کو کھانا کھانے پر مجبور کرنا۔

— دَأَظًا: موٹا ہونا۔

دَأَلَ ـَ دَأْلًا و دَأَلًا و دَأَلَی: سست چلنا۔

— لَہٗ دَأْلًا و دَأَلَانًا و دَائِلٌ: دھوکا دینا۔

دُؤَالَۃُ: لومڑی کا علم جنس ہے۔

دَأْلٌ و دُئِلٌ و دُؤَلٌ و دَأَلَانٌ: گیدڑ۔ نیولا۔ بھیڑیا۔

دُؤْلُوْلٌ ج دَآلِیْلُ: مصیبت۔

دَأَمَ ـَ دَأْمًا: سہارا دینا (دیوار کو) کود کر سوار ہونا (آدمی پر)

تَدَأَّمَ: ڈھانپنا (پانی)

تَدَاءَمَ عَلَیْہِ: انبوہ کرنا (کام)

دَأْمَاءُ: سمندر۔

دَأَی ـَ دَأْیًا و دَأَیٰ و دَأَیَانًا و دَأْیَالًا: دھوکا دینا (بھیڑیے کا شکار کو)

دَأْیٌ ج دَأْیَاتٌ: سینے کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ۔

ابن دَأْیَۃَ: کوّا۔

دَایَۃٌ ج دَایَاتٌ: دائی۔ آنا

دَبَّ ـِ دَبًّا و دَبِیْبًا: آہستہ چلنا (جانور) رینگنا (سانپ وغیرہ) گھٹنوں کے بل چلنا (بچہ) پھینکنا۔

— السُّقْمُ فِی جِسْمِہٖ: بیماری نے اس کے جسم میں سرایت کی۔

اَدَبَّ: چلانا (بچہ کو) جاری کرنا (پانی) بھرنا (ملک عدل سے)

دَبَّتْ عَقَارِبُہٗ: اس کی چغلیاں و ریشہ دوانیاں چل پڑیں۔

دُبٌّ ج اَدْبَابٌ و دِبَبَۃٌ: ریچھ۔ بدمعاش۔

دُبٌّ اَکْبَرُ و دُبٌّ اَصْغَرُ: بنات النعش کبریٰ اور بنات النعش صغریٰ۔ قطب شمالی کے قریب چند ستاروں سے ترکیب پا کر دو ریچھ کی سی صورتیں بن گئی ہیں۔ ایک چھوٹی اور ایک بڑی۔ تین ستارے نعش کے پایہ شرقی کے قریب ہیں اور نعش چار ستارے پلنگ کی صورت کے۔ یہ سب مل کر سات ستارے ہوئے۔ یہ ساتوں قطب شمالی کے قریب ہیں اور سب کے سب قطب کے گرد پھرتے ہیں۔ انہیں سات سہیلیوں کا جھمکا بھی کہتے ہیں۔

مِنْ شُبَّ اِلٰی دُبَّ او مِن شُبٍّ اِلٰی دُبٍّ: جوانی سے بڑھاپے تک۔

رَکِبَ دُبَّہٗ او دُبَّۃَ فُلَانٍ: اس نے فلاں

کا طریقہ اختیار کیا۔
اَکْذَبُ مِنْ دَبٍّ وَدَبّاجٍ : وہ
زندوں اور مردوں سے زیادہ جھوٹا ہے
دَبَّۃٌ : طریقہ عمل۔ سمندری ریچھ۔
—— و دُبَبٌ ج دِبَابٌ : تیل کے لئے
برتن۔ ریتلی پہاڑی۔ رخساروں کا روُاں
بطخ کی شکل کی شیشہ کی بوتل۔ مرض فتق۔
لَیْسَ فی الدَّارِ دُبِّیٌّ : گھر میں کوئی
نہیں۔
دَبَبٌ : چہرہ کا روُاں۔ بالوں کی کثرت
گائے کا پہلا بچھڑا۔
دَبَّابٌ رم، دَبَّابَۃٌ ج دَبَّابَاتٌ
سخت رینگنے والا۔ چوپایہ۔
دَبَّابَۃٌ ج دَبَّابَاتٌ : ایک آلہ ہے جس
کو قلعہ کے محاصرہ میں استعمال کرتے ہیں۔
آدمی اس میں داخل ہوتے ہیں۔ اور اس کو
قلعہ کی دیوار کے پاس رکھ دیا جاتا
ہے۔ اور اس کے اندر کے لوگ دیوار
کو سرنگ لگاتے ہیں۔
دَبِیْبٌ : رینگنے والا۔ چھوٹا کیڑا جو پانی
میں کھیلتا رہتا ہے۔
دَبُوْبٌ و دَیْبُوْبٌ : ہتک کرنے والا
خون والا زخم۔ چغلخور۔ موٹا۔ گہری غار۔
دَابَّۃٌ ج دَوَابٌّ (مذکر و مؤنث) بوجھ
اٹھانے والا جانور۔ لدو جانور۔ رینگنے
والا جانور۔ گدھی۔
دَابَّۃُ الْاَرْضِ : زمینی جانور۔ شریر لوگ۔
دُوَیْبَّۃٌ : چھوٹا جانور۔ چھوٹا رینگنے والا
جانور۔
دُبَّاءٌ : کدو (مفرد دُبَّاءَۃٌ)
اَدَبُّ رم، دَبَّاءُ : چہرے پر روئیں رکھنے
والا گھنے بالوں والا (اونٹ)

مَدَبٌّ : پانی بہنے کا راستہ۔
اَرْضٌ مَدَبَّۃٌ : زمین جس میں کثرت
سے ریچھ ہوں۔
دَبَأَ ـَ دَبْأً : لاٹھی سے مارنا۔ حرکت
سے ٹھہرنا۔
دَبَّأَ عَلٰی : ڈھانکنا۔
دَبَجَ ـُ دَبْجًا و دَبَّجَ : نقشدار
بنانا۔ مزین کرنا۔ رنگ برنگ کرنا۔
دِیْبَاجٌ ج دَبَابِجُ و دَیَابِیْجُ : ریشمی
کپڑا۔ کمخواب۔
دِیْبَاجَۃٌ : چہرہ۔ کتاب کا دیباچہ
صَوْنُ الدِّیْبَاجَۃِ : شرف۔ بے داغ
عزت۔
بَذْلُ الدِّیْبَاجِ : کمینہ پن۔
دِیْبَاجَتَانِ : دو رخسارے۔
دَبَّاجٌ : ریشمی کپڑا فروخت کرنے والا۔
مُدَبَّجٌ : دیباج سے مزین۔ بدشکل۔ ایک
آبی بدشکل پرندہ۔
دَبَّحَ و اِنْدَبَحَ : سر کو نیچا کرنا۔ ذلیل
ہونا۔ عاجزی کرنا۔
—— فِی بَیْتِہٖ : گھر میں ہی رہنا۔
دَبْدَبَ : آواز دینا (کھر کا زمین پر)
رینگنا (ریچھ)
دَبْدَابٌ ج دَبَادِیْبُ : ڈھول۔ طبل۔
دَبَرَ ـُ دَبْرًا و دُبُوْرًا : پیٹھ دینا۔
بوڑھا ہو جانا۔ ختم ہونا (گرمی) مر جانا۔
—— دَبْرًا (تیر کا) نشانہ سے ہٹ کر پڑنا۔
لکھنا (کتاب) پیچھے آنا۔ مر جانا۔
—— بِ : لے جانا۔
—— عَنْ : مردہ کے متعلق روایت کرنا۔
—— دُبُوْرًا : مغرب کو مڑنا (ہوا) گذرنا
(دن یا رات)

دُبِرَ : مغربی ہوا کا لگنا۔
دَبِرَ ـَ دَبَرًا و اَدْبَرَ : لگی ہوئی کمر والا
ہونا (اونٹ)
دَبَّرَ : انتظام کرنا۔ انجام سوچنا۔ اچھی
طرح حکومت کرنا۔
—— الحدیث : دوسرے سے بات
بیان کرنا۔
دَابَرَ : مرنا۔ مخالفت کرنا۔ دشمنی کرنا۔
اَدْبَرَ : مر جانا۔ پیٹھ دینا۔ مغربی ہوا میں
داخل ہونا۔ مالدار ہونا۔ ڈوبنا (ستارہ)
مخالف ہونا (قسمت) بدھوار کو سفر کرنا۔
ختم ہونا (نماز)
تَدَبَّرَ : نتیجہ سوچنا۔
تَدَابَرَ : ایک دوسرے سے پیٹھ پھیرنا۔
آپس میں دشمنی کرنا یا اختلاف اور قطع تعلق
کرنا۔
اِسْتَدْبَرَ : انجام دیکھنا۔ کھوج لگانا۔
پیٹھ دینا۔ مڑ کر دیکھنا۔
دَبْرٌ ج اَدْبُرٌ و دُبُوْرٌ (واحد دَبْرَۃٌ)
شہد کی مکھیوں یا بھڑوں کا انبوہ۔ پہاڑ
چھوٹی ٹڈیاں۔ پیچھا۔ دولت۔ موت۔
دِبْرٌ (مفرد و جمع) بہت دولت بمعنے
دَبْرٌ۔
دُبُرٌ ج اَدْبَارٌ : پیٹھ۔ چیز کا پچھلا
حصہ۔ مکان کا کونہ۔ نماز وغیرہ کا اخیر۔
دَبْرَۃٌ ج دِبَارٌ : شکست۔ انجام۔
بوئی ہوئی زمین۔ تکلیف۔
دِبْرَۃٌ : ضد قبلہ۔ آسمان کا مغربی حصہ۔
دَبَرَۃٌ ج دَبَرٌ و اَدْبَارٌ : جانور کی
پیٹھ کا زخم۔ لاگا۔
دَبِرٌ رم، دَبِرَۃٌ : پیٹھ کے زخم والا جانور
دَبَارٌ : نقصان۔ تباہی۔

دِبَاسَۃ: آبپاشی کی نالیاں۔ وقوعات شکستیں۔
دُبَاس: بدھوار کا پُرانا نام۔
دَبُور: مغربی ہوا۔
دَبُور ج دَبَابِیر: نحل۔ طریقہ زنبور
دَبُورَۃ: تیسی۔ آلہ جس سے پتھر درست کئے جاتے ہیں۔
دَبَرَان: چاند کی ایک منزل ہے جو بُرج کے پانچ ستاروں پر مشتمل ہے۔
تَدْبِیرُ مَنْزِل: انتظام خانہ داری
دَابِر ج دَوَابِر: پیرو۔ نتیجہ۔ بقیہ۔ جڑ۔ نشانہ پر نہ لگنے والا تیر گذرا ہوا۔
قُطِعَ دَابِرُ الْقَوْم: لوگ تباہ کئے گئے، نیست و نابود کئے گئے۔
دَابِرَۃ: شکست۔ گھر کا پچھلا حصہ۔ پرندہ کے پاؤں کا پچھلا خار نحوست۔ انسان کی کونچیں۔
دَبْرِیٌّ: آخری وقت کی نماز۔
دَبَرِیٌّ: چیز جو ایسے وقت میں آئے جب اس کی ضرورت نہ رہے۔
دَیْبُرٌ: نافرمانی۔ دھاگے کا موڑ یا بل۔ لا یعرف قبیلہ من دبیرہ: وہ بہت جاہل ہے۔
مُدَابِر: تیروں کی کھیل میں ناکام رہنے والا
مُقَابَل وَمُدَابَر: شریف والدین والا۔ نجیب الطرفین۔ خوش قسمت۔ بدقسمت۔
مَدْبُور: مجروح۔ بہت مالی والا۔
دَبَسَ: چھپانا۔ چھپنا۔ میٹھا ہونا (انگور) کند ہونا (سنان)، مرمت کرنا (بوٹ)
اِدْبَسَّ: بھورے رنگ والا ہونا۔ سبزی دار ہونا (زمین)
دُبْسٌ: سیاہ۔ بہت۔

دِبْسٌ: شہد۔ راب۔ گروہ۔
دِبِس: شہد۔ رس۔
دُبْسِیٌّ: ایک قسم کا پرندہ۔
دُبْسَۃٌ: سُرخی مائل بھورا رنگ۔
اَدْبَسُ (م)، دَبْسَاءُ ج دُبْس: سُرخی مائل بھورے رنگ والا۔
دَبَّاس: شہد یا راب فروخت کرنیوالا یا بنانے والا۔
دُبُّوس ج دَبَابِیس: گرز۔ پن۔
دَبَشَ ـُ دَبْشًا: چھلکا اُتارنا۔ کھانا (خوراک)
دَبْشٌ: گھر کا سامان۔ ردی سامان۔
سَیْلٌ دُبَاشٌ: تباہ کن سیلاب۔
مَکَانٌ مَدْبُوش: ٹڈیوں سے ویران شدہ جگہ۔
دَبَغَ ـُ دَبْغًا و دِبَاغًا و دِبَاغَۃً: رنگنا (چمڑا)
اِنْدَبَغَ: رنگ دار ہو جانا (چمڑا)
دِبْغٌ و دِبَاغٌ و دِبْغَۃٌ و دِبَاغَۃٌ: چمڑا رنگنے کا مصالح۔
دِبَاغَۃٌ: چمڑا رنگنے کا پیشہ۔
دَبِیغٌ: رنگا ہوا چمڑا۔
دَبَّاغ: چمڑا رنگنے والا۔
مَدْبُغَۃٌ ج مَدَابِغ: چمڑا رنگنے کی جگہ۔ چمڑے جو رنگ میں پڑے ہوں۔
دَبَقَ ـِ دَبْقًا: سریش کے ساتھ شکار کرنا (پرندہ)
دَبِقَ ـَ دَبَقًا: چمٹنا (سریش)، مشتاق ہونا
دَبَّقَ: سریش سے شکار کرنا۔
اَدْبَقَ: سریش سے چپٹانا۔ چپٹانا۔
تَدَبَّقَ: سریش سے شکار ہونا۔

دِبْقٌ و دَابُوقٌ و دَبُوقَاءُ: پرندوں کے شکار کرنے کے لئے سریش۔ اکاس بیل۔
دَبَلَ ـُ دَبْلًا و دُبُولًا: کھاد دینا (زمین کو)، درست کرنا۔
دَبَّلَ ـِ دَبْلًا: انگلیوں سے چیز کو اکٹھا کرنا۔ بڑا بنانا (لقمہ)، واقع ہونا (مصیبت)، تباہ کرنا۔
—— بِالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔
دَبِلَ ـَ دَبَلًا: فربہ ہونا۔
دُبْلٌ ج دُبُولٌ: پلیگ۔ طاعون۔ ندی۔ مصیبت۔
دُبْلَۃٌ و دُبَیْلَۃٌ: پیٹ کا درد۔ بڑا لقمہ۔
دَبْلَۃٌ ج دَبَلٌ: انگوٹھی۔
دُبْلَۃٌ ج دُبَلٌ و دُبُلٌ: بڑا لقمہ۔ گٹھی۔ کلہاڑی کا سوراخ۔
دُبَالٌ: کھاد۔
دَبُولٌ: وہ عورت جس کی اولاد مر گئی ہو۔
—— وَدُبَیْلَۃٌ: مصیبت۔ پیٹ کی بیماری۔ ہلاکت۔
دَوْبَلٌ: نر خنزیر۔ چھوٹے قد کا گدھا۔
دَبِیٌّ (مفرد دَبَاۃ): چھوٹی ٹڈیاں۔ چیونٹیاں
دَثَّ ـُ دَثًّا: تیر مارنا یا پتھر پھینکنا (شکاری شکار پر)
دَثَّ ـِ دَثًّا: برسنا (آسمان)
دَثٌّ و دَثَّۃ و دِثَاث: ہلکی بارش۔
دُثَاث: پرندوں کا شکاری۔
دُثَّۃ: خفیف زکام۔
دَثَرَ ـُ دُثُورًا: محو ہونا۔ مٹنا (نشان)، بڑھاپے سے کمزور ہونا۔ گمنام ہونا۔ زنگ آلودہ ہونا (تلوار) میلا ہونا (کپڑا) گھنے پتے نکالنا (درخت)
دَثَّرَ: گھونسلا بنانا (پرندہ) تباہ کرنا۔

ڈھانپنا (چادر سے)
تَدَثَّرَ و اِدَّثَّرَ بالثوب: کپڑا اوڑھنا
تَدَثَّرَ فَرَسَہ: دَہ کودکر اپنے گھوڑے پر سوار ہونا
اِدَّثَرَ: دولت حاصل کرنا۔ مالدار ہونا)
اِنْدَثَرَ: محو ہونا۔ مٹنا۔
دَثْرٌ (واحد و جمع) دُثُوْرٌ: کثرت (ساماں کی)
مَالٌ دَثْرٌ: بہت مال۔
دِثْرُ مَالٍ: مال کا اچھا انتظام کرنیوالا۔
دَثْرٌ: میلا (کپڑا) بے شمار (سپاہی)
دِثَارٌ: اوڑھنے کا کپڑا۔ کمبل۔ لحاف وغیرہ۔
دَثُوْرٌ: سُست۔ گمنام۔ بہت سونیوالا
اَدْثَرُ: غافل۔
دَاثِرٌ ج دَوَاثِرُ: تباہ ہونے والا۔ غافل۔ زنگار آلودہ (تلوار)
مُدَّثِرٌ: کپڑا اوڑھنے والا۔
دَجَّ ـِ دَجِیْجًا و دَجَجَانًا: آہستہ چلنا (گروہ) نرم چال چلنا - ٹپکنا (چھت)
ـــ دَجًّا: لٹکانا (پردہ)
دَجَّجَ: بادل والا ہونا (آسمان) ہتھیاروں سے مسلح کرنا۔
تَدَجَّجَ: پورا مسلح ہونا۔
دُجٌّ: تیتر۔
دُجَّۃٌ: سخت اندھیرا۔
دَاجٌّ (مفرد و جمع) ج دَاجُّوْن و دَاجَّۃٌ: نرم رفتار۔ آہستہ چلنے والا۔
دِجَاجٌ (مفرد دَجَاجَۃٌ) ج دُجُجٌ: مرغ۔ مرغیاں۔ چوزے۔
دَجَاجُ الارضِ و الغابۃِ: جنگلی مرغ یا مرغی یا مرغیاں۔

دُجُجٌ: سخت تاریکی۔ سیاہ پہاڑ۔
دَجَاجُ الْمَاءِ: مرغابی۔
دَجَاجَۃ: عیال۔ دھاگے کی انٹی۔
دُجَاجِیٌّ: مرغ رکھنے والا۔ مرغوں کا شکاری۔ سیاہ۔
دَجُوْجِیٌّ و دَیْجُوْجٌ ج دَجَاجِیْجُ تاریک رات۔ اندھیری رات۔
مُدَجَّجٌ: پورا پورا مسلح۔ کامل ہتھیار پہنے ہوئے۔ جنگلی چوہا۔
دَخْدَجَ: تاریک ہونا (رات)
دَجِرَ ـَ دَجَرًا: حیران ہونا۔ مدہوش ہونا
دَاجِرٌ: بھاگ جانا۔
دُجْرٌ: ہل کی وہ لکڑی جس میں پھال ہوتا ہے۔ ہل کا ہاتھا۔
دَجِرٌ و دَجْرَانُ ج دَجْرَی و دَجَاجِیْ: متوالا۔ بیہوش۔ نشے میں مست۔
دِجْرَان: لکڑیاں جو بیلیں چڑھانے کے لئے کھڑی کی جاتی ہیں۔
دَیْجُوْرٌ ج دَیَاجِیْرُ و دَیَاجِرُ: سیاہ غبار۔ اندھیرا۔ گھنی سبزی۔
دَجَلَ ـُ دَجْلًا: جھوٹ بولنا۔ تاریک لگاتار (اونٹ کو) سفر کرنا۔
ـــ بِالْمَکَانِ: مکان میں مقیم ہونا۔
دَجَّلَ: ڈھانپنا۔ تارکول ملنا (اونٹ کو) گلٹ کرنا (برتن کو) کھاد ڈالنا (زمین میں)
دَجَالٌ: کھاد۔ گوبر۔
دُجَالٌ: سونا۔ سونے کا پانی۔
دُجَالَۃٌ و دُجَیْلٌ: تارکول۔
دَجَّالٌ ج دَجَّالُوْنَ و دَجَاجِلَۃٌ: نیم حکیم۔ کذاب۔ دھوکا دینے والا۔ بڑا گروہ سونے کا پانی۔
دَجَّالَۃٌ: ایک بڑا گروہ جو زمین پر چھا جائے۔

المسیح الدَّجَّال: جھوٹا مسیح۔
دِجْلَۃ: دریاء بغداد
دَجَّالَۃٌ: بیشمار گروہ۔
دَجَمَ ـُ دَجْمًا: تاریک ہونا (رات)
دَجِمَ ـَ و دُجِمَ دَجْمًا: اُداس ہونا۔ غمگین ہونا۔
دُجْمَۃُ العِشْقِ: عشق کی تکلیفات۔
دُجْمَۃ ج دُجَمٌ و دُجُمٌ: اندھیرا
دِجْمَۃ ج دِجَمٌ: دوست۔ ساتھی
غَلَایِرٌ دَیْجَمٌ: موجزن جوہڑ۔
دَجَنَ ـُ دَجْنًا و دُجُوْنًا و اَدْجَنَ: بادل و بارش والا ہونا (دن) سیاہ ہونا (رات) لگاتار بارش برسانا۔ (آسمان)
ـــ دُجُوْنًا بِالْمَکَانِ: جگہ میں رہنا
ـــ: مانوس ہونا۔ (کبوتر۔ کتا وغیرہ)
دَاجَنَ: مداہنت کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔ دھوکا دینا۔
اَدْجَنَ: مقیم ہونا۔ سیاہ ہونا (رات) لگاتار برسنا (آسمان)
دَجْنٌ ج دُجُوْنٌ و دِجَانٌ و اَدْجَانٌ: بکثرت بارش تہہ بہ تہہ سیاہ بادل۔
دُجْنَۃٌ ج دُجَنٌ و دُجُنَاتٌ: اندھیرا۔ تاریکی۔
لَیْلَۃٌ دُجُنَّۃٌ و لَیْلَۃُ الدُّجُنَّۃِ ج دُجُنَّاتٌ: کالی رات۔
دَاجِنَۃٌ و مُدْجِنَۃٌ: بہت بارش والا بادل۔ پالتو جانور۔
دَاجِنٌ (م) دَاجِنٌ و دَاجِنَۃ ج دَوَاجِنُ: پالتو جانور۔
اَدْجَنُ (م) دَجْنَاءُ ج دُجْنٌ: سخت سیاہ۔

دَجَبَہ : چھپ کر لیٹنا (شکاری)

دَجَا ـُ دَجْوًا ودُجُوًّا : سیاہ ہونا (رات) ہر طرف پھیلنا چوڑا ہونا۔ (کپڑا)

دَاجَیٰ مُدَاجَاۃً : پوشیدہ کینہ رکھنا۔

اَدْجَیٰ : گرانا (پردہ)

—— دتَدَجَّیٰ وادْجَوْجَیٰ : اندھیری گھُپ ہونا (رات)

دُجَۃٌ ج دُجَات ودُجًی : بنصر بنصر۔ وسطی۔ لقمہ۔ قمیص کا بٹن۔

دُجْیَۃٌ ج دُجًی : اندھیرا۔ تاریکی۔ بغیر تاروں کے رات۔ شکاری کے چھپنے کی جگہ۔

داجٍ (م) داجِیَۃٌ : پھیلنے والا۔ (اندھیرا) سیاہ (رات)

عَیْشٌ داجٍ : فراخ روزی۔

دَیَاجِیٌ : تاریکیاں۔

دَحَّ ـُ دَحًّا : بھرنا (خوراک کا معدہ کو) بڑا کرنا (مکان) ہٹانا۔

—— فی الاَرْضِ : زمین میں چھپانا۔

اِنْدَحَّ : فراخ ہونا یا پھولنا (پیٹ)

—— کَلَأً : گھاس سے سرسبز ہونا (زمین)

دَحْدَحٌ ودَحْدَاحٌ ودُحَادِحٌ ودَحْدَاحَۃٌ ودُحَیْدِحَۃٌ ودَوْدَحٌ : پست قد۔

دَحَرَ ـَ دَحْرًا ودُحُورًا و مَدْحَرَۃً : ہانکنا۔ دھتکارنا۔ دور کرنا جلاوطن کرنا۔ ہٹانا۔

دَاحِرٌ ودَحُورٌ : ہانکنے والا۔ دھتکارنے والا۔

دَحْرَجَ : لڑکانا۔

تَدَحْرَجَ : لڑھکنا۔ گول ہونا۔

دُحْرُوجَۃٌ ج دَحَارِیجُ : گوبر کی گولی جس کو گوبریلا لڑھکاتا ہے۔

دَحْزٌ : سخت مضبوط۔

دَحَسَ ـَ دَحْسًا بَیْنَ : فساد ڈالنا —— : بھر دینا۔ زبانی یاد کرنا۔ چمڑہ اُتارنے کے لئے کھال میں ہاتھ داخل کرنا (قصاب)

—— ب : ادھر اُدھر مارنا (پاؤں) کریدنا

—— بِالشَّرِّ : پوشیدگی میں بُرائی کرنا۔ ایسے طریق سے بُرائی کرنا۔ کہ دوسرا نہ جانتا ہو۔

—— وادْحَسَ : دانوں سے بھر جانا (بالی)

دَحِسَ ـَ دَحَسًا : چھلوری والی ہونا (انگلی)

دَحْسٌ : بیج سے بھرا ہوا خوشہ۔

دُحَّاسٌ ج دَحَاحِیْسُ : زمین کے اندر رہنے والا زرد رنگ کا کیڑا۔

دَاحِسٌ ودَاحُوسٌ ودُودْحَاسٌ : چھلوری۔

دِحَاسٌ : آدمیوں سے بھرا ہوا (مکان)

دَیْحَسٌ : بہت۔

مَدْحُوس : چھلوری والا۔ بھرا ہوا۔ (مکان)

اِنْدَحَشَ : دخل دینا۔

دَحَصَ ـَ دَحْصًا بِرِجْلِہٖ : پاؤں کو ہلانا (مذبوح جانور)

—— : جلدی کرنا

دَحَضَ ـَ دَحْضًا بِرِجْلِ : مذبوح کی طرح پاؤں مارنا۔ زمین کو پاؤں سے کریدنا۔

—— : پھسلنا

—— عن : بحث کرنا۔

—— دَحْضًا ودُحُوضًا : ڈھلنا۔ (سورج) پھسلنا (پاؤں)

—— دُحُوضًا واِنْدَحَضَ : باطل ہونا (دلیل)

—— دُحُوضًا ودَحَّضَ وادْحَضَ : باطل کرنا (دلیل)

اَدْحَضَ : پھسلانا۔

دَحْضٌ ودَحَاضٌ ج دِحَاضٌ : پھسلنی (جگہ)

مَدْحَضَۃٌ : پھسلنی جگہ۔ ٹھوکر۔ سدراہ۔ لغزش کی جگہ۔

حُجَّتُھُمْ دَاحِضَۃٌ : ان کی دلیل باطل ہے۔

دَحَقَ ـَ دَحْقًا وادْحَقَ : دُور کرنا۔ دھتکارنا۔

اِنْدَحَقَ : جگہ سے نکل جانا۔

دَاحِقٌ : احمق۔ غضب ناک

—— ودَحِیْقٌ : بعید۔

مُنْدَحِقُ البَطْنِ : بڑے پیٹ والا۔

دَحَلَ ـَ دَحْلًا : کنوئیں کے پہلو کھودنا۔ خیمے کے کونہ میں چھپ کر بیٹھنا۔ چھپنا۔ بھاگنا۔

—— وادْحَلَ فِی : خیمہ کے کونہ میں داخل ہونا۔ گڑھے میں داخل ہونا۔

دَحِلَ ـَ دَحَلًا : ڈھیلے پیٹ والا ہونا

دَاحَلَ : دھوکا دینا۔

دَحْلٌ ودُحْلٌ ج دِحَالٌ واَدْحَالٌ واَدْحُلٌ ودُحُولٌ ودُحْلَانٌ : گڑھا جو اوپر سے تنگ اور نیچے سے فراخ ہو۔ خیمہ کا کونہ۔ حوض۔

بِئْرٌ دَحُوْلٌ: وسیع پہلوؤں والا کنواں
دَاحُوْلٌ ج دَوَاحِیْلُ: مورچہ بندی
جو ہرنیوں کے ڈرانے کے واسطے کھڑی
کی جاتی ہے۔
دَحِلٌ (م) دَحِلَةٌ: ڈھیلے پیٹ
والا۔ دھوکا دینے والا۔ چھوٹا اور موٹا۔
مصیبت۔
دَحَّالٌ: شکاری
دَحَمَ ـَ دَحْمًا: زور سے
دھکا دینا۔
دَحْمَسَ: کالی ہونا (رات)
دَحْمَسٌ و دِحْمِسٌ و دُحْمُسٌ
ج دَحَامِسُ: سیاہ۔ سیاہ رات
دُحَامِسٌ: فربہ دست۔ گندم گوں آدمی۔ بہادر
دَحْمَلَ ب: زمین پر لڑھکانا۔
دَحَا ـُ دَحْوًا: بڑا اور ڈھیلا
ہونا (پیٹ) بہا لیجانا (بارش۔ کنکر)
ـــ اللّٰهُ الْاَرْضَ: خدا نے زمین
کو پھیلا دیا۔
اِدْحَوَى: پھیلنا
اُدْحِيٌّ و اُدْحِيَّةٌ و اُدْحُوَّةٌ و
مَدْحًى: ریت میں شتر مرغوں کے انڈے
سینے کی جگہ۔
دَحَى ـَ دَحْيًا: بچھانا (فرش)
تَدَحَّى: پھیلنا۔
دَحْيَةٌ: لنگوٹی۔
دِحْيَةٌ ج دِحَاءٌ: فوج کا سردار۔
سپہ سالار۔
دُخٌّ: دھواں۔
دَخْدَخَ: چھوٹے قدموں سے جلدی چلنا
ـــ عَنْ: رو دکنا۔
تَدَخْدَخَ: سکڑنا۔

دَخِرَ ـَ دَخَرًا و دُخُوْرًا: ذلیل
ہونا۔ عاجز ہونا۔
اَدْخَرَ: ذلیل کرنا۔ شرمندہ کرنا۔
دَخَسَ ـَ دَخْسًا دَاخَسَ فی
دھسانا۔
دَخِسَ ـَ دَخَسًا: متورم ہونا (کھر)
دَخِسٌ: موٹا تازہ۔
دَخَسٌ جانور کے پاؤں کا ورم۔
دُخَسٌ و دَخَسٌ: ایک سمندری جانور
کا نام ہے جس کو دُلفین بھی کہتے ہیں۔
(Dolphin)
دُخَسٌ و دَوَاخِسُ: چولہے کے پتھر
جن پر ہانڈی رکھی جاتی ہے۔
دِخَاشٌ: بہت چھوٹی کڑیوں والی (زرہ)
دَخِيْسٌ: الجھا ہوا گھاس۔ بہت تعداد۔
دَخَلَ ـُ دُخُوْلًا و مَدْخَلًا:
اندر جانا۔ داخل ہونا۔
ـــ ب: اندر لے جانا۔
ـــ عَلَى: ملاقات کرنا۔ باریابی پانا۔
ـــ و تَدَخَّلَ و تَدَاخَلَ: بیجا مداخلت
کرنا۔
دُخِلَ فی عَقْلِہٖ او فی جِسْمِہٖ و
دَخِلَ ـَ دَخَلًا: خرابی کا عقل یا
جسم میں داخل ہونا۔
دَخِلَ: خراب ہونا (کام) ناقابل فروخت
ہونا (سامان)
دَخَّلَ و اَدْخَلَ: ملاقات کرانا۔ داخل کرنا
دَاخَلَ: داخل ہونا۔ گفتگو کرتا چلا جانا
ـــ عَلَى: ناگہاں آجانا۔
ـــ فِی: روک بننا۔ جھگڑا کرنا۔
تَدَخَّلَ: آہستہ آہستہ داخل ہونا۔
ـــ عَلَى: التماس کرنا۔

تَدَاخَلَ: ایک دوسرے سے مل جانا۔
ایک دوسرے میں داخل ہونا۔ سازش کرنا
داخل ہو کر ڈھانک لینا۔
اِنْدَخَلَ و اِدَّخَلَ: داخل ہونا۔
گھس جانا۔
دَخَلٌ: عقل یا جسم میں خرابی۔ دھوکا
کمینہ۔ گنجان درخت۔ عیب۔
دَخْلٌ و دُخْلَةٌ و دِخَالٌ: ارادہ
خیال۔ طریق عمل۔
دَخْلَةٌ: جنگلی شہد کی مکھیوں کا چھتا
دِخْلَةٌ: راز۔
دَخْلٌ: آمد۔ معاملہ۔ بیماری عیب
شک۔ درآمد۔
دُخَّلٌ ج دَخَاخِيْلُ: ایک قسم کا
چھوٹا پرندہ۔ موٹا مضبوط جسم والا۔
دَاخِلٌ (م) دَاخِلَةٌ: اندرونی حصہ
اندر کی طرف۔
دَاخِلَةٌ مِنَ الْاَرْضِ: زمین کا گہرا حصہ
ـــ ج دَوَاخِلُ: اندرونی حصہ۔ ارادہ
یقین۔ عقل۔ پوشیدہ حصہ۔ مذہب۔
دَخِيْلٌ ج دُخَلَاءُ: ملا خدمت
کرنے والا۔ غیر زبان کا لفظ اپنے آپ
کو غیر قوم کی طرف منسوب کرنے والا۔
ـــ الرَّجُلِ: آدمی کا پوشیدہ خیال۔
دَاءٌ دَخِيْلٌ: اندرونی بیماری۔
دَخِيْلَةٌ: اندرون۔ اندرونی خیال۔
وَزَارَةٌ دَاخِلِيَّةٌ: وزیر داخلہ کا دفتر
دَوْخَلَةٌ و دَوْخَلَّةٌ: کھجور کے لئے
ٹوکری۔
دَخَّالُ الْاُذُنِ: بالی۔
مَدْخَلٌ ج مَدَاخِلُ: داخل ہونے
کا راستہ۔ دروازہ۔ دیباچہ۔ شروع کرنے کا ذریعہ

مُدْخَلٌ: حرامزادہ۔ لئیم۔
مَدْخُولٌ: لاغر۔ دُبلا۔ کمزور عقل۔
—— ج مَدَاخِیْلُ: آمدنی۔ معاملہ۔
دِخْلِلٌ: گوشت کے اندر کی چربی۔
دُخْلُلٌ: فاس مجت۔ ایک قسم کا پرندہ۔
رَجُلٌ مُتَدَاخِلٌ: موٹا تازہ آدمی
دَخَمَ ـَ دُخْمًا: جھنجوڑ کر ہٹانا۔
دَخْمَسَ دَخْمَسَةً: دھوکا دینا۔
—— عَلَی: اپنا ارادہ ظاہر نہ کرنا۔
دَخِنَ ـَ دَخَنًا: دھوآں لگنا (طعام کو) بہت دھوئیں والی ہونا (آگ) بُری ہونا (عادت)
—— وَدَخُنَ ـُ دُخْنَةً: خاکی رنگ ہونا
دَخَنَتْ ـُ دَخْنًا و دُخُونًا و دُخَانًا و اَدْخَنَ و اِدَّخَنَ: دُھوآں نکالنا (آگ) بلند ہونا (دھوآں یا غبار)
دَخَّنَ: دھوآں دینے والا بنانا۔
اَدْخَنَ الزَّرْعُ: کھیتی کے دانے سخت ہوئے۔
تَدَخَّنَ: دھوآں دینا۔
دُخْنٌ: باجرا۔
دَخَنٌ: دھوآں۔ کینہ۔ فساد۔ بری فطرۃ۔
دُخْنَةٌ: دھندلا۔ کالا۔ دھونی۔ جو مکانوں میں ہوا کی صفائی کے لئے کی جاتی ہے۔
دُخْنَاءُ و دُخَنَانٌ: دھندلے رنگ کی چڑیا۔
دُخَانٌ و دُخَّانٌ ج دَوَاخِنُ و اَدْخِنٌ: دھوآں۔ تمباکو۔
دَاخِنَةٌ ج دَوَاخِنُ: چمنی۔ دھوآں نکلنے کا سوراخ۔

دَخْنَان (م) دَخْنَانَة: دھوئیں سے ڈھانکی ہوئی چیز۔
دُخَانِیٌّ و دُخَانجی و دُخَاخِنِی: حقہ نوش۔ تمباکو پینے والا۔
اَدْخَنُ (م) دخناء ج دُخْنٌ: دھندلے رنگ والا۔
مَدْخَنٌ: دھوآں نکلنے کی جگہ چمنی۔
مِدْخَنَةٌ ج مَدَاخِنُ: انگیٹھی۔ دھوپدان۔
دَخیٌ: تاریکی۔
دَیْدَبٌ و دَیْدُبَان: چوکیدار۔ سنتری۔ دیدبان۔ راہبر۔ جنگلی گدھا۔
دَدٌ و دَدَنٌ: کھیل کود۔
دَدَان ٤ بے خیر آدمی۔ کند تلوار بہت کاٹنے والی تلوار
دَیْدَنٌ و دَیْدَان: عادت۔
دَرَّ ـِ دَرًّا: زیادہ ہونا (دودھ) سرسبز ہونا (پودہ)
—— ب: زیادہ دودھ دینا (اونٹنی)
—— دَرًّا و دُرُورًا: بہنا (پسینہ) روشن ہونا (چراغ) تیز ہونا (بازار) خون سے بھرجانا (رگ) نرم ہونا۔
دَرَّتْ ـِ دَرًّا: بیماری کے بعد رنگ کا بحال ہونا۔
دَرَّ ـِ دَرِیْرًا: تیز دوڑنا (گھوڑا)
اَدَرَّ: زیادہ ہوکر بہہ پڑنا (اونٹنی کا دودھ) بارش کی بوچھاڑ برسانا (ہوا) زور سے گھمانا تکلہ۔ حرکت دینا۔ گھمانا (تیر کو ناخن پر)
اِسْتَدَرَّ: زیادہ ہونا (دودھ) بہنے دینا۔ بارش برسانا (ہوا کا بادل سے)
دَرٌّ: دودھ کی کثرت۔ دودھ۔ روح۔

لِلّٰهِ دَرُّہٗ: اس کی خوبی ہوتی ہے۔ وہ خدا کیلئے ہے (خدا اسکا بھلا کرے)
دُرٌّ: بڑے بڑے موتی۔
دُرَّةٌ ج دُرَرٌ و دُرَّاتٌ: ایک موتی۔ طوطی۔
دِرَّةٌ ج دِرَرٌ: دودھ۔ دودھ کی کثرت۔ دودھ کا بہنا۔ خون۔ چابک
حُمَّی الْمُدِرَّةِ: دودھ کا بخار۔
دَرَرٌ: سیدھا راستہ۔ سڑک کا درمیان۔ ہوا کی سمت۔
دَارِی دَرَرَ دَارِکَ: میرا گھر تیرے گھر کے سامنے ہے۔
ھُمْ عَلَی دَرَرٍ وَاحِدٍ: ان کی ایک ہی تجویز ہے۔
دَارٌّ ج دُرُورٌ و دُرَّرٌ و دُرَّارٌ: کثرت سے بہنے والا دودھ۔ روشن چراغ
دَارَّةٌ و دَرُورٌ و مِدْرَارٌ: کثرت سے دودھ دینے والی۔
سُوقٌ دَارَّةٌ: تیز بازار۔
دَرَارَةٌ: تکلہ۔
دُرِّیٌّ و دِرِّیٌّ ج دَرَارِیُّ: روشن و چمکتا ہوا ستارہ۔
دَرُورٌ: خونی (جنگ)
دَرِیْرٌ: روشن چراغ۔ تیز رفتار (گھوڑا)
تَدِرَّةٌ: دودھ کی کثرت۔
مُدِرٌّ: دودھ بہانے والی۔ تکلہ کو تیز چلانے والا۔
مِدْرَارٌ: کثرت سے آنسو بہانے والی (آنکھ) کثرت سے بارش برسانے والا (آسمان)
دَرْدَرَ: کھجور کو چبانا (بوڑھے آدمی کا) بکھیرنا۔
دَرْدَارٌ: ڈھول کی آواز۔ ایک پودہ ہے

جس کو اونٹ پسند کرتے ہیں۔
دُرْدُرٌ ج دَرَادِرُ: بغیر دانتوں کے مسوڑے۔
دُرْدُرٌ: بھنور۔ گہرا غار۔
دَرَأَ ـَ دَرْأً و دَرْأَةً: زور سے ہٹانا۔ زور سے بہنا (پانی) چمکنا۔ (آگ) بھڑکنا (جانور) پھیلانا (فرش)
ـــ علی: اچانک حملہ کرنا۔
ـــ دَرُوْءًا: چمکنا (ستارہ) وبائی پھپھولے والا ہونا (اونٹ)
دَارَأَ مُدَارَأَةً: ہٹانا۔ خوشامد کرنا۔ نرمی کا سلوک کرنا۔ دھوکا دینا۔ ٹھگی کرنا
تَدَرَّأَ: شکار کو دھوکا دینے کے لئے چھپ رہنا۔ (شکاری)
ـــ علی: حقارت سے دیکھنا ظلم کرنا۔
ـــ وادَّرَأَ: جھگڑے میں کسی کو پیچھے ہٹانا۔ ناموافقت کرنا۔
اِنْدَرَأَ: زور سے بہنا (سیلاب) پھیلنا (آگ)
ـــ علی: اچانک آجانا۔
اِدَّرَأَ (ل): شکار کے لئے گھات میں بیٹھنا (شکاری)
دَرْءٌ: کجی۔ جھگڑا۔ آخری سرا۔ بڑھا ہوا حصہ۔
دَارِیءٌ: وبائی گلٹی (اونٹ کی)
دِرِّیْءٌ و دُرِّیْءٌ ج دَرَارِیْءُ: چمکتا ہوا (ستارہ)
دَرَارِیُّ: بڑے ستارے۔
دَرِیْئَةٌ: اونٹ۔ شکاری کے گھات لگانے کی جگہ۔ حلقہ جس پر تیر چلانا یا نیزہ لگانا سیکھا جاتا ہے۔
دُوتَدَرَأَةٍ و تُدْرَأٍ: ہٹانیوالا۔

صاحب عزت۔
مِدْرَأٌ: ہٹانے کا ذریعہ۔
دَرِبَ ـَ دَرَبًا و دُرْبَةً ب عادی ہونا۔ خوگر ہونا۔ شوقین ہونا۔
ـــ: ماہر کاریگر ہونا۔
دَرْبَیَ دَرْبَاتِیْ: تکلیف میں ڈالنا۔
دَرَّبَ رب۔ (فی و علی) خوگر بنانا۔ عادی بنانا۔ سکھلانا۔
ـــ الْجُنْدِیُّ: شکست کے وقت سپاہی کا مستقل رہنا۔
اَدْرَبَ: تُرہی بجانا۔ غیر ملک کی حد میں داخل ہونا۔
تَدَرَّبَ (ب): خوگر ہونا۔ سیکھ جانا۔
دَرْبٌ ج دِرَابٌ و دُرُوْبٌ: بڑا دروازہ گلی کا وسیع دروازہ۔ روم کے ملک میں جانے کا راستہ۔ پہاڑی درّہ۔ چھوٹا کوچہ
دَرْبٌ ج اَدْرَابٌ: کھجوریں خشک کرنے کا فرش۔
دُرْبَةٌ: مشق۔ لڑائی میں جرأت۔ تربیت۔ عادت۔ رسم۔
دَرِبَةٌ: ڈھول بجانے والی عورت ہنرمند عورت۔
دَرِبٌ و دَارِبٌ: ہنرمند۔ خوگر۔ شوقین۔ شکار کرنے والا کتا یا باز۔
دَرَّابَةٌ: بہت کاریگر عورت۔
مُدَرَّبٌ: تجربہ کار آدمی۔ اچھی تربیت پایا ہوا۔ سواری کا اونٹ۔ شیر۔
دَرْدَبٌ و دَرَبُوْتٌ و تَرَبُوْتٌ: مطیع اونٹ۔
٭ دَرِبَانٌ ج دَرَابِنَةٌ: دربان
دَرْبَزِیْنٌ و دَرَابْزُوْنٌ و دَرَابْزِیْنٌ ج دَرَابْزِیْنَاتٌ: لکڑی یا لوہے کے

ستون جو ایک نظام میں بنائے جاتے ہیں۔ اور ان پر چھت کا سہارا ہوتا ہے کٹھڑا۔
دِرْبَاسٌ ج دَرَابِیْسُ: شیر کاٹنے والا کتا۔ چٹخنی۔ سلاخ
دَرْبَصَ: ڈر سے ٹھہر جانا۔
دَرَجَ ـُ دُرُوْجًا و دَرَجَانًا چلنا (بچہ) سیڑھیوں پر چڑھنا۔ مرجانا۔ تباہ ہوجانا (قوم)
ـــ الْبِنَاءَ: اوپر تلے منزلیں بنانا۔
ـــ دَرْجًا و دَرَّجَ و اَدْرَجَ لپیٹنا (کتاب۔ کپڑا)
دَرَّجَ الْبِنَاءَ: اس نے منزل دار مکان بنایا۔
ـــ اِلٰی: آہستہ قریب کرنا۔ ناگوار ہونا
اَدْرَجَ: آہستہ کھینچنا (ڈول)
ـــ فی: ایک چیز کو دوسری میں داخل کرنا۔ کسی چیز میں لپیٹنا۔
دَرِجَ ـَ دَرْجًا: مرجانا۔ مراتب میں آہستہ آہستہ ترقی کرنا۔
ـــ فی: قائم رہنا (سچے مذہب پر)
تَدَرَّجَ اِلٰی: آہستہ آہستہ آنا۔
اِنْدَرَجَ: تباہ ہونا۔ شائع ہونا۔
ـــ فی و تحت کذا: داخل ہونا کسی چیز میں شمار ہونا۔
اِسْتَدْرَجَ اِلٰی: قریب لانا۔ ایک درجہ سے دوسرے درجہ میں ترقی دینا۔
ـــ: دھوکا دینا۔ برداشت کرنا۔
دَرْجٌ ج اَدْرَاجٌ: کاغذوں کا پلندہ (لکھنے کے لئے) تہہ۔ روانی (پڑھنے میں)
دُرْجٌ ج اَدْرَاجٌ و دِرَجَةٌ: عورتوں

کی چیزوں کی صندوقچی یا صندوق۔
دَرَّاج ج اَدْرَاج و دِرَاجٌ: راستہ
سفارش کرنے والا۔ سیلاب کا نشان
صلح کا سفیر۔
رَجَعْتُ أَدْرَاجِيْ: جس راستہ سے
میں آیا تھا۔ اُسی سے واپس ہوا۔
ذَهَبَ دَمُهُ أَدْرَاجَ الرِّيَاحِ:
اس کے خون کا بدلہ نہیں لیا گیا۔ یارائگاں
چلا گیا۔
خَلِّهِ دَرَجَ الضَّبِّ: جس طرف
وہ جاتا ہے جانے دے۔
دَرَجَةٌ ج دَرَجٌ: سیڑھی۔ درجہ
مرتبہ۔ طبقہ۔
۔۔ ج دَرَجَات: سیڑھی۔ زینہ۔ مرتبہ۔
عہدہ۔ چار منٹ کا وقت۔ مکان کی منزل
دَارِجٌ: بڑھنے والا بچہ۔ ہر جگہ پھیلنے
والا اخبار۔ رائج۔
دَارِجَةٌ ج دَوَارِجُ: جانور کا
پاؤں۔ تباہ شدہ (قوم)
دَرُوْجٌ: تیز رفتار (ہوا)
دُرَّجٌ: تکلیفات۔ ناامیدی کے کام
دُرَّاجٌ: بہت پھرنیوالا چغلخور۔
جنگلی چوہا۔
دَرَّاجَةٌ: محاصرہ کی مشین۔ سائیکل
دُرَّاجٌ ج دَرَارِيْجُ (واحد دُرَّاجَةٌ)
تیتر۔
تَدْرُجٌ و تَدْرُجَةٌ: تیتر بٹیر۔
مَدْرَجٌ ج مَدَارِجُ: راستہ
مسلک۔ لپیٹی ہوئی کتاب۔ مذہبی اعتقاد
مُدْرَجٌ و مُدْرَجَةٌ ج مَدَارِجُ
کاغذ کا یا کپڑے کا پلندہ۔ لپیٹی ہوئی کتاب
یا خط

مَدْرَجَةٌ: سڑک: کاغذ کا پلندہ۔
اعلیٰ چیز کی طرف پہونچنے کا ذریعہ۔ کاغذ یا
کپڑا جس میں کوئی تحریر لپیٹی جاتی ہے۔
دَرَحَ ۔ دَرْحًا: ہٹانا۔
دَرِحَ ۔ دَرَحًا: بوڑھا ہونا۔
دَرِحٌ: بوڑھا مرد یا عورت۔
دَرِدَ ۔ دَرَدًا: گرے ہوئے
دانتوں والا ہونا۔
أَدْرَدَ: دانت گرانا۔
دُرْدِيٌّ: تلچھٹ۔ تاتار کا باشندہ۔
أَدْرَدُ (م) دَرْدَاءُ ج دُرْدٌ:
گرے ہوئے دانتوں والا
دَرْدَبَ: خوفزدہ آدمی کے پیچھے
دیکھتے ہوئے دوڑنا۔
دَرْدَبَ (ب) عادی ہونا۔
دَرْدَبٌ: رات کو آمدورفت رکھنے والی
(عورت)
دَرْدَبِيْسٌ: مصیبت۔ بوڑھا مرد یا
عورت۔ حُب کا تعویذ۔
دَرْدَرَ: منہ میں چبانا۔
دَرْدَارٌ: ڈھول کی آواز۔ خاردار
زرد پھولوں والا ایک درخت۔
(Elm tree)
دُرْدُرٌ ج دَرَادِرُ: بچے کے دانت
اُگنے کی جگہ۔ مسوڑھا
دُرْدُرٌ: بھنور۔
دَرِزَ ۔ دَرَزًا: دنیاوی نعمتوں
اور لذتوں پر قادر ہونا۔ آسائش کی زندگی
گزارنا۔
دَرَزَ ۔ دَرْزًا: باریک سینا۔
(کپڑا)، بغیر سمجھے رٹنا۔
دَرْزٌ ج دُرُوْزٌ: دنیاوی نعمتیں۔ خوشحال

زندگی۔ درخت۔ سلائی۔ کھوپری کی
ہڈی کا جوڑ
بَنَاتُ الدُّرُوْزِ: جوئیں اور ان کے
انڈے۔
أَوْلَادُ دَرْزَةٍ: کمینے لوگ۔ جلاہے۔
درزی۔
أُمُّ دَرْزَةٍ: دنیا کی کنیت۔
دُرْزِيٌّ و دَرَازِيٌّ ج دُرُوْزٌ:
ایک قوم کا نام ہے۔ جو اکثر لبنان اور
حوران میں پائی جاتی ہے۔
دَرَّازِيٌّ: درزی۔ ابو محمد عبداللہ درزی
جس کی طرف طایفہ درزیہ منسوب ہے
دَرَسَ ۔ دُرُوْسًا: مٹنا (نشان)
۔۔ دَرْسًا: مٹانا (نشان) پورانا
کرنا (کپڑا) بوسیدہ کرنا یا ہونا۔
۔۔ دَرْسًا و دِرَاسَةً: پڑھنا (کتاب)
۔۔ دَرْسًا و دِرَاسًا: پورانا کرنا (کپڑا)
گاہنا (گندم)
دَرَّسَ و أَدْرَسَ: پڑھانا۔ لیکچر دینا
دَارَسَ: ایک دوسرے کو پڑھ کر سنانا
پڑھنا (کتاب)
تَدَارَسَ: ملکر پڑھنا (کتاب)
اِنْدَرَسَ: محو ہونا (نشان) مٹنا۔
(خبر) ناپید ہونا۔
دَرْسٌ ج دُرُوْسٌ: مطالعہ۔ سبق
لیکچر۔ غیر واضح راستہ۔
دِرْسٌ ج أَدْرَاسٌ و دِرْسَانٌ
اُونٹ کی دُم۔ بوسیدہ کپڑا۔
دَرِيْسٌ و دِرْبِيْسٌ: بوسیدہ کپڑا۔
دُرْسَةٌ: ورزش۔
دَارِسٌ ج دَوَارِسُ: محو شدہ۔
پھٹا ہوا۔ بوسیدہ۔ پڑھنے والا۔ عالم۔

دَرَّاسٌ: بہت پڑھنے والا۔ طالبعلم
بھوسہ سے غلہ کو علیحدہ کرنے والا۔
دِرْوَاسٌ ج دَرَاوِسُ: بُوٹی کتا۔
شیر۔ مضبوط گردن والا اُونٹ۔
اِدْرِيْسُ: ایک نبی کا نام ہے۔
مَدْرَسَةٌ ج مَدَارِسُ: سکول
کالج۔ یونیورسٹی۔
مِدْرَاسٌ: سکول۔ پڑھنے کی کتاب۔
مِدْرَاسٌ: یہود کا توراۃ پڑھانے
کا مدرسہ۔
مُدَرِّسٌ: عالم۔ استاد۔ پھٹے پُرانے
کپڑوں والا۔
مَدْرُوْسٌ: پھٹے پرانے کپڑے۔
پاگل۔ کثرت سے آمد ورفت والا (راستہ)
دَرِصَ ـَ دَرَصًا: بڑھاپے
کی وجہ سے شکستہ دانت ہونا (اونٹنی)
دَرْصٌ ج اَدْرَاصٌ و دِرَصَةٌ:
چوہیا یا خرگوش یا بلّی وغیرہ کا بچہ۔
اُمُّ اَدْرَاصٍ: مصیبت۔ جنگلی خرگوش۔
دَرِعَ ـَ دَرَعًا: سیاہ سر اور
سفید جسم ہونا (بھیڑ وغیرہ)
دَرَعَ ـَ دَرْعًا: سر کی طرف سے
چمڑا اُتارنا (بکری کا) جوڑ سے جدا کرنا
(ہاتھ)
دُرِعَ الزَّرْعُ: کھیت کا کچھ حصہ
کھایا گیا۔
—— المَاءُ: پانی کے قریب کی تمام
چیز کھائی گئی۔
دَرَّعَ: زرہ پہنانا۔ کرتا پہنانا۔ گلا
گھونٹنا۔ ظاہر کرنا۔ چلنے میں آگے بڑھنا۔
اَدْرَعَ: داخل کرنا۔ نصف سے تجاوز
کرنا (مہینہ) اندھیرا میں روانہ ہونا (مسافر)

—— وتَدَرَّعَ و اِدَّرَعَ: زرہ پہننا۔
قمیص پہننا
اِنْدَرَعَ: گوشت کا جدا ہونا (ہڈی سے)
آگے بڑھنا۔ بھر جانا (پیٹ)
—— القَمَرُ مِنَ السحاب: چاند بادل
سے نکلا۔
—— يَفْعَلُ كَذَا: وہ ایسا کرنے لگا۔
اِدَّرَعَ اللَّيْلَ: رات کی تاریکی میں داخل
ہوا۔ رات کے اندھیرے میں گیا۔
دِرْعٌ ج دِرَاعٌ و دُرُوْعٌ و
اَدْرُعٌ: قمیص۔ کُرتا۔ چار آئینہ۔ زرہ
—— المَرْاَةِ: عورت کی قمیص یا وہ قمیص
جو عورت گھر میں پہنتی ہے۔
دُرْعٌ و دُرَعٌ: ماہ قمری کی سولھویں
سترھویں اور اٹھارھویں راتیں۔
دُرَعٌ و دُرْعَةٌ: سر کی سفیدی
اور ران کی سیاہی (بکریوں اور گھوڑوں میں)
دَرِيْعٌ: تازہ گھاس۔
دُرْعَةٌ: چھلکے کی طرح کی چیز جو کھجور
کے درخت پر ہوتی ہے۔
دَرْعَاءُ ج دُرَعٌ و دُرْعٌ: رات
جس کا پہلا حصہ تاریک اور دوسرے
حصہ میں چاندنی ہو۔
دِرْعِيَّةٌ ج دَرَاعِيُّ: تیر جو زرہ
میں سے گذر جائے۔
دَارِعٌ و مُدَرَّعٌ: زرہ پہنا ہوا۔
زرہ پوش۔
دُرَّاعَةٌ ج دَرَارِيْعُ } کوٹ۔ جبّہ
مِدْرَعَةٌ ج مَدَارِعُ }
اَدْرَعُ (م) دَرْعَاءُ ج دُرْعٌ:
سیاہ سر اور سفید جسم والا (جانور) مخلوط النسل
(لوگ)

مِدْرَعَةٌ: یہودی عالم کا السی کا جبّہ
مَرَاكِبُ مُدَرَّعَةٌ: جنگی جہاز جن پر
لوہا لگا ہوا ہوتا ہے۔
دَرْفٌ: پہلو۔ سایہ۔ ڈھال۔
دَرْفَةٌ ج دِرَفٌ: دروازہ کی کواڑ
کا پھٹ۔ روشندان۔
دَرْفَقَ و اِدْرَنْفَقَ فی سَيْرِهٖ:
اس نے اپنے چلنے میں جلدی کی۔
دَرَقَ ـُ دَرْقًا فی المَشْيِ: چلنے
میں جلدی کرنا۔
دَرَّقَ: نرم کرنا۔
دَرْقٌ: سخت چیز۔
دَرَقَةٌ ج دَرَقٌ و اَدْرَاقٌ:
چمڑہ کی ڈھال۔
دِرْيَاقٌ و دِرْيَاقٌ: تریاق۔ شراب
دُرَّاقٌ و دُرَّاقِنٌ و دُرَّاقِنُ:
آڑو کا درخت و میوہ شفتالو۔ (واحد دُرَّاقَةٌ)
دَوْرَقٌ ج دَوَارِقُ: دو دستے والا
بڑا لوٹا۔ شراب کے ایک پیمانہ کا نام۔
درویشوں کی ایک قسم کی ٹوپی۔
دَرْقَاءُ: بادل۔
دَرْقَلَ: جلدی چلنا۔ ناچنا۔ ناز
سے چلنا۔
—— ل: فرمانبرداری کرنا۔
دَرْقِلٌ: ایک قسم کے ریشمی کپڑے۔
دَرَكَ: پے در پے برسنا (بارش)
—— ہ بالقَتْلِ والضَّرَرِ: اس نے
اس کو نقصان کا ذمہ دار قرار دیا۔
دَارَكَ: پالینا۔ آملنا (گھوڑے کا
شکار کو) ایک چیز کو دوسری کے پیچھے لگاتار
چلانا۔ نکالنا (آواز) روک دینا۔
لَا بَارَكَ اللّٰهُ فِيْكَ وَلَا تَارَكَ

وَلَا دَارَاكَ : خدا تجھ کو نہ برکت دے۔
اور نہ محفوظ رکھے۔
اَدْرَكَ : سمجھ کی عمر تک پہونچنا۔ پکنا (پھل) آملنا۔ حاصل کرنا۔ جاننا (مسئلہ)
اَدْرَكَ بِثَارِہٖ : اس نے اپنا بدلہ لے لیا
تَدَارَكَ : ایک دوسرے کو پالینا۔ جاری رکھنا (سفر) اصلاح کرنا (غلطی کی)
—— مَافَاتَ : تدارک مافات کرنا۔ ہاتھ سے نکلی ہوئی بات کی اصلاح کرنا۔
تَدَارَكَہٗ بِرَحْمَتِہٖ : اس نے اس کو اپنی رحمت میں لے لیا۔
اِدَّرَكَ : آملنا۔ پہونچ جانا۔ حاصل کرنا
اِسْتَدْرَكَ : درست کرنا (مافات یا غلطی) اصلاح کرنا (غلطی کی)
—— الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ : ایک چیز دوسری چیز کے ذریعہ سے حاصل کرنے کا ارادہ کرنا
—— عَلَیْہِ الْقَوْلَ : اس نے اس کی بات کی غلطی نکالی۔
دَرَكٌ ج دَرَكَات : آملنا۔ پالینا۔ ذمہ داری۔ پولیس
اَصْحَابُ الدَّرَكِ : چوکیدار۔ سادوریر
دَرَكٌ ج اَدْرَاكٌ : نتیجۂ عمل۔ گہرائی۔ رسی کا ٹکڑا جو ڈول کی رسی سے پیوند کیا جائے۔
دَرَكَۃٌ ج دَرَكَاتٌ و دَرَكٌ : تنزل۔ گہرائی۔ پٹر دل۔
دَرَكَاتُ النَّارِ : دوزخ کے درجے دوزخ کی آگ۔ تنزل کے درجے۔
اِدْرَاكٌ : قوت مدرکہ۔
دَرَاكِ : اسم فعل بمعنے پکڑ۔
دِرَاكٌ : لگاتار (سفر) کنا۔
دَرَّاكٌ : مرغوب چیز کو پالینے والا۔ کامیاب۔ سمجھدار

دَرِیْكَۃٌ : شکار۔
حروف اِسْتِدْرَاك : سابقہ کلام سے جو وہم پیدا ہوا ہو اس کو دور کرنے کے حروف۔ مثل بَلْ۔ لٰکِنْ۔ غَیْرَ اَنَّ اِلَّا اَنَّ ۲ کلا۔
رَجُلٌ مُدْرِكٌ : ہوشیار آدمی۔
اَلْقُوَّۃُ الْمُدْرِكَۃُ : احساس کی طاقت ذہانت۔
مَدَارِكُ الشَّرْع : شریعت کے احکام دریافت کرنے کی جگہیں۔ جیسے آیات قرانی و حدیثیں۔
مُدْرِكَات و مَدَارِكُ : حواس۔
مُتَدَارِك : عروض کی اصطلاح میں بحر متدارک
دَرْبَكَۃٌ : انبوہ۔
دَرَابُكَّۃٌ : ایک قسم کا باجا۔
دَرَمَ ـِ دَرْمًا و دَرَمًا و دَرَمَانًا و دَرَمَۃً : چھوٹے قدموں سے دوڑنا (جنگلی چوہا)
دَرِمَ ـَ دَرَمًا : موٹا تازہ ہونا (عضو) گر جانا (دانت) دانت گرانا (اونٹ)
دَرَّمَ : ناخن لینے کے بعد ان کو ہموار کرنا
اَدْرَمَ : دودھ کے دانت گرانا (بچہ)
دَارِمٌ و دَرِمٌ و دَرِیْمٌ : پر گوشت (عضو) موٹا۔
دَرُوْمٌ (مذکر و مؤنث) رات کو پھرنیوالا
دَرَّامٌ : جنگلی چوہے کا چال۔
دَرَّامَۃٌ : خرگوش۔ جنگلی چوہا۔
دِرْعٌ دَرِمَۃٌ و مُدَرَّمَۃٌ : نرم و ملائم زرہ۔
اَدْرَمُ (م) دَرْمَاءُ : بے دانت پر گوشت۔ موٹا تازہ۔

دَرْمَاءُ : بے دانت۔ خرگوش۔ سرخ پتوں والا درخت۔ موٹی تازی (عورت)
دَرْمَسَ : چپ ہونا۔ چھپانا۔
دَرْمَصَ : خاکساری کرنا۔
دَرْمَكَ : دوڑنا۔ ملائم بنانا (عمارت)
دَرْمَكٌ و دَرْمَقٌ : صاف و سفید فرش
دَرْمَكٌ : ملائم مٹی۔
دَرْمُوْكٌ : غالیچہ۔
دَرِنَ ـَ دَرَنًا و اَدْرَانٌ : میلا ہونا۔ گندا ہونا۔
اَدْرَنَ : میلا کرنا۔ گندا کرنا
تَدَرَّنَ : سل کی بیماری والا ہونا۔
دَرَنٌ ج اَدْرَانٌ : میل۔ مرض سل۔
اُمّ دَرَنٍ : دنیا۔
دَرِنٌ و مِدْرَانٌ : میلا بوسیدہ کپڑا۔
دَرَّانٌ : لومڑی۔
دَرِیْنٌ و دُرَانَۃٌ : پورانا کپڑا۔ پورانا گھاس جس کو جانور نہ کھائیں۔
اُمّ دَرِیْنٍ : بنجر زمین۔
دُرْنُوْكٌ و دِرْنِیْكٌ ج دَرَانِیْكُ : غالیچہ۔
دَرِیَ ـَ دَرْهًا علی : اچانک آجانا۔
—— لَ و عَنْ : ہٹانا۔ حفاظت کرنا۔
دَارِهَاتُ الدَّهْرِ : زمانہ کے مصائب
تَدَرَّہٗ : ہٹانا۔
مِدْرَہٌ ج مَدَارِہُ : سردار۔ قوم کا نمائندہ۔
دَرْهَمَ : درہم کی طرح گول پتے نکالنا (سبزی)
دُرْهِمَ : مالدار ہونا۔
اِدْرَهَمَّ : بوڑھا ہونا۔ بڑھاپے کی وجہ سے

دانت گرنا۔ کمزور ہونا (نظر)
دِرْهَمٌ ج دَرَاهِمُ: چاندی کا
سکہ جس کا وزن ۱/۸ اونس ہوتا ہے۔
دَرَاهِمُ: نقدی۔ روپیہ۔
مُدَرْهَمٌ: مالدار۔ بہت درہموں والا۔
مُدَرْهِمٌ: بوڑھا۔
دَرَى ـِ دِرْيًا و دِرْيَةً
و دَرَيَانًا و دِرْيَانًا و دُرِيًّا و
و دِرَايَةً و ب: جاننا۔
ـــ دَرْيًا: دھوکا دینا (شکار کو)
کنگھی کرنا (سر کو)
دَارَى مُدَارَاةً: نرمی کرنا۔ دھوکا دینا
اَدْرَى: آگاہ کرنا۔
تَدَرَّى و اِدَّرَى: دھوکا دینا
(شکار کو) کنگھی کرنا (سر کو)
مِدْرَى و مِدْرَاةٌ و مِدْرِيَةٌ
ج مَدَارٍ و مَدَارَى: کنگھی۔ سینگ
دَزَرَ ـُ دَزْرًا: ہٹانا۔
دَسَّ ـُ دَسًّا و دِسِّيسَى: مٹی کے
نیچے چھپانا۔ ہاتھ سے ٹٹولنا۔ جاسوسی کرنا
تارکول لگانا (اونٹ کی بغل میں)
مَزْرَدٌ: حلق۔ نگلنے کی نالی۔

مَزْرُوْدٌ: سرخ چہرہ والا۔

مُزْدَرَدٌ: گلا۔

اَخَذَ بِمُزْدَرَدِهٖ: اس نے اس کو بہت تنگ کیا۔

زَرِدٌ: جلدی نگلنے والا۔

زَرِدَ: نگلنا۔

— وزَرْدَمَ: گلا گھونٹنا۔

زَرْدَمَةٌ: نگلنے کی جگہ۔ ہوا کی نالی۔

زَرْزَرَ: گانا یا آواز دینا (شارک یا مینا)

— بِالمَكَانِ: جگہ میں اقامت کرنا۔

تَزَرْزَرَ: حرکت کرنا۔

زُرْزُوْرٌ و زُرْزُرٌ ج زَرَازِرُ وزَرَازِيْرُ: مینا۔ شارک۔

زَرْزَارٌ و زُرْزَازٌ ج زَرَازِرَةٌ: تیز فہم۔ ذکی۔ حاضر جواب۔

زَرَطَ ـِ زَرْطًا: نگلنا (لقمہ)

زَرَعَ ـَ زَرْعًا و اِزْدَرَعَ: بونا (کھیت)۔ جوتنا (زمین)۔ بیج ڈالنا۔

زَرَعَ اللّٰهُ النَّبَاتَ: اللہ تعالیٰ نے نباتات کو نشوونما دی۔

زُرِعَ لَهٗ بَعْدَ الشَّقَاوَةِ: وہ مفلسی سے مالدار ہو گیا۔

زَارَعَ: بٹائی پر کھیت دینا۔

اَزْرَعَ: فصل کے پتے اُگنا۔ یا بیج اُگنا۔ بونے کے قابل ہونا (آدمی) کاٹنا۔

تَزَرَّعَ اِلَى الشَّرِّ: شرارت کی طرف جلدی کرنا۔

زَرْعٌ ج زُرُوْعٌ: کھیتی۔ بیج۔ اولاد

زُرْعَةٌ: بیج۔

— وزِرْعَةٌ وزَرَعَةٌ: بونے کے لائق زمین۔

زِرَاعَةٌ: کاشتکاری۔

زَرِيْعٌ: بارانی کھیت۔ نرم چیز۔

زَرِيْعَةٌ: بیج۔ بوئی ہوئی زمین یا چیز۔

زَارِعٌ ج زَارِعُوْنَ وزُرَّاعٌ: بونے والا۔

زَرَّاعٌ ج زَرَّاعُوْنَ وزَرَّاعَةٌ: بہت بونے والا۔ بہت بیج بکھیرنے والا۔ چغلخور۔

زِرِّيْعٌ: نبات جو کھیت کٹنے کے بعد گرے ہوئے بیجوں سے اُگے

زَرِيْعٌ: بارانی کھیت۔

مَزْرَعَةٌ ج مَزَارِعُ: کھیت جھونپڑی۔

مُزْدَرَعٌ: کھیت۔

زَرَفَ ـِ زَرْفًا: کودنا۔

— زُرُوْفًا وزَرِيْفًا اِلَى: نزدیک ہونا۔

— فِي الكَلَامِ: جھوٹ بولنا۔

— : جلدی کرنا۔ دیر لگانا۔

زَرِفَ ـَ زَرَفًا و اَزْرَفَ: صحت کے بعد دوبارہ کھلنا (زخم)

زَرَّفَ: علیحدہ کرنا۔ دور کرنا۔ زیادہ کرنا۔ پراگندہ کرنا (گروہ) بھونکنا (نیزہ)

— فِي الكَلَامِ: کلام میں جھوٹ بولنا

— عَلَى: بڑھ جانا۔

اَزْرَفَ: آگے آنا۔ جلدی کرنا۔ تیز کرنا (اونٹنی) زرافہ جانور خریدنا۔

اِنْزَرَفَ: گھس جانا۔ وار پار گزر جانا۔ چراگاہ اور پانی تلاش کرنے کو جانا۔ گزر جانا (ہوا)

زُرَافَةٌ و زُرَّافَةٌ ج زَرَافِيُّ و زَرَافَى و زَرَائِفُ: شتر گاؤ۔

زُرَافَةٌ: جھوٹا۔

زَرَافَةٌ و زَرَّافَةٌ ج زَرَافَاتٌ: دس یا بیس آدمیوں کا گروہ۔

جَمَلٌ زُرُوْفٌ و زَرَّافٌ و مِزْرَافٌ: تیز رفتار اونٹ۔

زَرْفَنَ: حلقہ دار بنانا (بال)

زُرْفِيْنٌ ج زَرَافِيْنُ: حلقہ (بال یا لوگوں کا)

زَرَقَ ـُ زَرْقًا: بیٹ کرنا (پرندہ) مارنا (برچھی سے)

— وَازْرَقَتْ عَيْنُهٗ نَحْوِيْ: اس کی آنکھ نے میری طرف ترچھا دیکھا یا کن انکھیوں دیکھا۔

زَرِقَ ـَ زَرَقًا و اِزْرَقَّ: نیلا ہونا۔ اندھا ہونا۔

اِنْزَرَقَ: پیچھے ہٹنا۔ پار نکلنا (تیر) چت لیٹنا۔

اِزْرَقَّ و اِزْرَاقَّ: نیلا ہونا۔

زَرَقٌ و زُرْقَةٌ : نیلا رنگ -
آسمانی رنگ - اندھاپن - گھوڑے کی
ٹانگ کی سفیدی -
اَزْرَقُ (م) زَرْقَاءُ ج زُرْقٌ :
نیلا - بھورا - چکیلا - باز -
عَدُوٌّ اَزْرَقُ : سخت دشمن -
زُرْقٌ : نیزے - پھل (اوزار کا)
اندھے آدمی -
زُرَقٌ ج زَرَارِیقُ : سفید شاہیں
چوٹی کے سفید بال -
زَرْقَاءُ : آسمان - شراب -
—— الیمامة : نیل پا -
ابو زُرَیق و زُرَیقٌ : نیل کنٹھ
زَرُّوقَةٌ : پچکاری -
زُرَیقَاء : بل - دودھ اور زیتون
میں بھگویا ہوا کھانا -
زَوْرَق : چھوٹی کشتی -
اَزْرَقِیٌّ ج اَزَارِقَةٌ : خارجیوں
کا ایک بہت متعصب فرقہ -
مِزْرَاقٌ ج مَزَارِیقُ : برچھی -
زُرْقُمٌ (مؤنث و مذکر) ج
زَرَاقِمُ : سخت نیلا -
زَرَاقِمُ : بہت سے سانپ -
زَرِكَ = زَرَكًا : بدخلق ہونا
زَرَمَ = زَرْمًا و زَرَمٌ و
اَزْرَمَ : قطع کرنا -
زَرِمَ = زَرَمًا و اِزْرَأَمَّ :
منقطع ہونا (آنسو - کلام - وغیرہ)
اِزْدَرَمَ : نگلنا -
اِزْرَأَمَّ : ناراض ہونا - منقبض ہونا
زَرِمٌ : ذلیل - بخیل - تنگ حال -
بے آرام - تھوڑے جیتے والا -

اَزْرَمُ : بل منقطع -
زَرِیمٌ : ذلیل - تھوڑے جیتے والا -
زَرْنَبٌ : زعفران - بری جنگلی گائے
زِرْنِیخٌ : ہڑتال -
زَرْنَقَ : نالی سے پانی دینا (کھیت کو)
پہنانا (لباس)
زَرْنُوقٌ ج زَرَانِیقُ : چھوٹی نہر -
پانی کی نالی -
زَرْنَقَة : زیادہ - کامل حسن -
زَرْنِیقٌ : ہڑتال
زَرَی = زَرْیًا و زِرَایَةٌ
و مَزْرِیَةٌ و مَزْرَاةٌ و اَزْرَی
و تَزَرَّی علی : ملامت کرنا - نکتہ چینی
کرنا -
اَزْرَی بالامر : معاملہ کو حقیر سمجھنا -
—— ب : بدگوئی کرنا -
اِزْدَرَی و اِسْتَزْرَی : حقیر سمجھنا
ذلیل سمجھنا -
زَارٍ و مِزْرَاءٌ : ذلیل جاننے والا
زَرِیٌّ : ناکارہ - ذلیل -
زَطَّ - زَطًّا : بھنبھنانا
زُطٌّ (مفرد زُطِّی) : کسان - جاٹ -
زَعَبَ = زَعْبًا : بھرنا - یا بھرا ہوا
اٹھانا (برتن) پانی گرانا (برتن)
زَعَبَ و اِزْدَعَبَ : کاٹنا -
زَعَبَ = زُعِیبًا : کائیں کائیں
کرنا (کوا)
تَزَعَّبَ : ناراض ہونا - چستی کرنا - تقسیم
کرنا -
—— فی الاکل : زیادہ کھانا -
زُعْبَةٌ و زِعْبٌ : مال کا حصہ -
اَزْعَبُ (م) زَعْبَاءُ ج زُعْبٌ : پست قد

لئیم - موٹا -
زَاعِبٌ : اچھا راہبر -
زَعْبَقَ : پراگندہ کرنا -
زَعْبَلَ : موٹے بدن اور پتلی گردن
والا ہونا -
زَعْبَلٌ ج زَعَابِلُ : موٹے پیٹ
اور پتلی گردن والا - سانپ - گرگٹ - ڈول
زَعَجَ = زَعْجًا و اَزْعَجَ : بےقرار
کرنا - دھتکارنا - چلاتا (آدمی) چھین لینا
اِنْزَعَجَ : بے آرام ہونا -
زَعَجٌ و اِنْزِعَاجٌ : بے آرامی -
مِزْعَاجٌ : چلبل طبیعت کی عورت -
زَعِرَ = زَعَرًا و اِزْعَرَّ و اِزْعَارَّ
کم ہونا - بکھرنا (بال) بےخبر ہونا (آدمی)
زَعَارَّةٌ و زَعَارَةٌ : بدخلقی - بدخوئی
زُعْرَةٌ : ایک پرندہ ہے - جو ہمیشہ
اضطراب میں اور حرکت میں رہتا ہے -
زُعْرُورٌ ج زَعَارِیرُ : بدخلق -
تندخو - ایک قسم کے بیر ہیں جن کو فارسی
میں لج کہتے ہیں -
زَعِرٌ و اَزْعَرُ : کم بالوں والا -
زَعْزَعَ : سخت ہلانا - ہانکنا (اونٹ)
تَزَعْزَعَ : سخت ہلنا -
زَعْزَعَةٌ ج زَعَازِعُ : گھوڑوں کا
دستہ
زَعَازِعُ : زمانہ کے مصائب -
رِیحٌ زَعْزَعٌ و زَعْزَاعٌ و زُعَازِعٌ
و زَعْزَعَانٌ و زُعْزُعٌ : آندھی -
ہوا کا طوفان -
زَعَطَ = زَعْطًا : رینگنا (گدھا)
گلا گھونٹنا -
زَاعِطٌ : ناگہانی (موت)

زَعَفَ ـَ زَعْفًا وَاَزْعَفَ وَ اِزْدَعَفَ: فوراً مار دینا
اَزْدَعَفَ: کام تمام کر دینا (زخمی)
سَمٌّ زُعَافٌ: جلدی مار دینے والی زہر۔
مَوْتٌ مُزْعِفٌ: ناگہانی موت۔
زُعُوفٌ: خطرناک جگہیں۔ ہلاکت کی جگہیں۔
مِزْعَافَةٌ: سانپ
زَعْفَرَ: زعفران سے رنگنا۔
زَعْفَرَانٌ ج زَعَافِرُ: کیسر۔
ــــ الحَدِيْدِ: لوہے کا زنگ۔
زُعَافِقٌ ج زَعَافِقُ: بخیل بد خلق۔
زَعَقَ ـَ زَعْقًا: چلانا۔
ــــ: ڈرانا۔ ڈسنا (بچھو) اڑانا (خاک) زیادہ نمک ڈالنا (خوراک میں)
ــــ ب: ڈرانا۔ چلا کر ہانکنا۔
زَعُقَ ـُ زَعَاقَةً وزُعُوقَةً کڑوا ہونا (پانی)
زَعِقَ ـَ زَعَقًا: چست ہونا۔
ــــ وزُعِقَ وَانْزَعَقَ: رات کو ڈرنا۔
اَزْعَقَ: ڈرانا۔ زیادہ نمک ڈالنا کھود کر کڑوا پانی نکالنا۔
اِنْزَعَقَ: جلدی چلنا (گھوڑا)
زَعْقَةٌ ج زَعَاقَاتٌ: چیخ و پکار۔
زَعِقٌ: ہر چیز سے ڈرنے والا۔ رات کو ڈرنے والا۔
زَعَّاقٌ: جلدی چلنے والا۔
زُعَاقٌ: تلخ۔ نمکین (پانی)

مَزْعُوقٌ وزَعِيْقٌ: ڈرا ہوا۔
زُعْقُوقَةٌ ج زَعَاقِيْقُ: تیتر کے چوزے۔
زَعَّاقٌ: تیز چلنے والا (گھوڑا) جانوروں کو پیچھے سے ہانکنے اور چلانے والا۔
مِزْعَقٌ: ہل۔ تیز رفتار۔
زَعِلَ ـَ زَعَلًا: چست ہونا۔
ــــ من: اکتانا
اَزْعَلَ: چست کرنا۔ ستانا۔ بیقرار کرنا
ــــ من: ہٹانا۔
تَزَعَّلَ: چست و چالاک ہونا۔
زَعْلَةٌ: شتر مرغ۔ تکان۔ بیقراری۔
زَعِلٌ وزَعْلَانُ وَاِزْعِيْلٌ: بیقرار بے آرام۔ چست و چالاک۔
زَعَمَ ـُ زُعْمًا: سچ یا جھوٹ بولنا۔ خیال کرنا۔ بیان کرنا (یہ لفظ عموماً شکی یا جھوٹی بات کے متعلق استعمال ہوتا ہے)
زَعَمَ ـُ زَعْمًا وزَعَامَةً ب: ضامن بننا۔
ــــ زَعَامَةً علی: سردار بننا۔
زَعِمَ ـَ زَعَمًا نی: لالچ کرنا۔ طمع کرنا۔
زَاعَمَ: تنگ کرنا۔ دبانا۔ مقابلہ کرنا۔
اَزْعَمَ: ممکن ہونا (کام) اچھا ہونا (دودھ) لالچی بنانا۔ پھوٹنا (زمین کی سبزی) ذمہ دار ٹھہرانا۔
ــــ الی: فرمانبردار ہونا۔
ــــ علَی القوم: سردار بننا
تَزَعَّمَ: جھوٹی باتیں بنانا۔
زَعْمٌ: دعوی۔ غرور

زُعْمِیٌّ: جھوٹا۔ سچا۔
زَعَامَةٌ: شرافت۔ سرداری۔ اچھا حصہ یا زیادہ حصہ مال۔ سردار کا حصہ۔ ہتھیار۔ گائے۔ زرہ۔
زَعُوْمٌ: گفتگو میں رکنے والا۔
زَعِيْمٌ ج زُعَمَاءُ: ضامن۔ جواب دہ۔ سردار۔ رئیس۔ نمائندہ
مَزْعَمٌ ج مَزَاعِمُ: جھوٹا دعوی۔ خواہش۔ جھگڑا۔
اَمْرٌ مَزْعَمٌ: بے اعتبار کام۔ غیر معتبر بات۔
هٰذَا اَمْرٌ فِيْهِ مَزَاعِمُ: اس بات میں جھگڑے ہیں۔
مِزْعَامَةٌ: سانپ۔
زَعْنَفَ: آراستہ کرنا (دلہن)
زِعْنِفَةٌ ج زَعَانِفُ: جسم کے اطراف۔ جیسے ہاتھ و پاؤں۔ پست قد۔ مرد یا عورت۔ ہر ایک چیز کا ایک حصہ۔ ردی حصہ۔ لباس کا دامن۔ پراگندہ گروہ۔ مصیبت۔
زَعَانِفُ: مچھلی کے پر۔ مخلوط گروہ جو ایک نسل سے نہ ہوں۔ قمیص کے دامن کا پھٹا ہوا حصہ۔
زَغْزَغَ الکلام: دھیما بولنا۔ نرم بولنا۔
ــــ ب: تمسخر کرنا۔
زَغَا ـُ زَغْوًا: عادل ہونا۔
زَغِبَ ـَ زَغَبًا وزَغَبَ وَازْغَابَّ: روئیں دار ہونا (لڑکا یا چوزہ)
اَزْغَبَ: پتے نکالنے شروع کرنا (انگور)

زَغَبٌ : پروں یا بالوں کے روئیں۔
زُغَابِیّ و زُغَابَۃ : بہت چھوٹے روئیں۔ بہت نرم پر یا بال۔
اَزْغَبُ (م) زَغْبَاءُ ج زُغْبٌ : روئیں دار۔ بٹ تیتر کا چوزہ۔ ابلق گھوڑا
مَا اَصَبْتُ مِنْہُ زُغَابَۃً : میں نے اس سے کچھ نہیں پایا
زَغِبٌ : نرم بالوں والا یا روئیں دار
زُغْبُبٌ : پست قد بخیل۔
زَغْبَرٌ و زِغْبِرٌ : نئے کپڑے کے اُوپر کی پشم۔ کپڑے کا رواں تمام
اَخَذَ الشَّیْ بِزَغْبَرِہٖ : اس نے تمام چیز لے لی۔
زُغْبُرَۃٌ : چھوٹے پر (صحیح اس کا زَغَبٌ)
زَغَدَ ۔ زَغْدًا : اُونچی آواز سے کراہنا (اُونٹ) چڑھنا (دریا) دبانا (گلا یا مشک)
— ہ ب : لفظوں سے چوکتا کرنا
اَزْغَدَ : دودھ پلانا (بچے کو)
زَغْبَدٌ و زَغْبَدٌ : مکھن جو مشک دبانے سے پھوٹ کر نکلے۔
نَھْرٌ زَغَّادٌ : بہت پانی والی ندی
زَغَرَ ۔ زَغْرًا : کثرت سے ہونا۔ چڑھنا (دریا) چھین لینا۔ غصب کرنا نکتہ چینی کرنا۔
زَغْرٌ : کثرت۔
کَلْبٌ زَغَارِیٌّ : شکار پر چھوڑنے کے کتے۔
زَغْرَبَ : ہنسنا۔
زَغْرَبٌ : بہت پانی۔
— و زَغْرَبَۃٌ : بہت پانی والا (کنواں)

زَغْرَدَ زَغْرَدَۃً : کراہنا (اُونٹ)
زَغْزَغَ : ردی کرنا (کلام) چھپانا۔
— ب : تمسخر کرنا۔
زَغْزَغٌ : سبک آدمی۔ حسب نسب میں مطعون۔
زُغْزُغٌ : پست قد۔
زَغَفَ ۔ زَغْفًا : زیادہ ہونا (پانی)
— فِی حَدِیْثِہٖ : کلام میں جھوٹ ملانا۔
— ب : نیزہ مارنا۔
اِزْدَغَفَ : زیادہ لینا۔
زَغْفٌ ج اَزْغَافٌ : بادل جو برس چکا ہو۔ پوری اور لمبی زرہ۔
زَغَفٌ : لکڑی کے باریک ٹکڑے درخت کی پتلی شاخیں۔
زَغْفَۃٌ : بڑی یا مضبوط زرہ۔
مِزْغَفٌ : حریص۔ لالچی۔
زَغَّافٌ : بہت کلام کرنے والا۔
زَغَلَ ۔ زَغْلًا : ترچھا دیکھنا۔ بار بار گراتا (پانی) کلی کرنا۔
— و اَزْغَلَ : گرانا (پانی) دودھ پلانا (ماں کا بچہ کو)
اَزْغَلَ : چوگا دینا (چوزہ کو)
— بِالدَّمِ : خون بہانا (زخم)
زَغَلٌ : دھوکا۔
زُغْلَۃٌ : کلی کا پانی جو منہ سے پھینکا جائے۔ ٹونٹی۔ فوارہ۔
زَغُوْلٌ : حرص سے دودھ پینے والا۔
اَزْغَلُ : ترچھا دیکھنے والا۔
زُغْلُوْلٌ ج زَغَالِیْلُ : چست پھرتیلا آدمی۔ لڑکا۔ بچہ۔ زرد کھجور۔

زُغْلِیٌّ : کدورت رکھنے والا۔
تَزَغَّمَ : بار بار کراہنا (اُونٹ) غصہ سے بولنا (آدمی)
زَغْوَمٌ و زَغْمُوْمٌ : ہکلا۔ اٹک کر بولنے والا۔
زَفَّ ۔ زَفًّا و زُفُوْفًا و زَفِیْفًا : بہت تیز چلنا۔ آہستہ چلنا (ہوا) پر پھیلا کر لیٹنا (پرندہ) اُترنا۔
زَفَّ ۔ زَفًّا و زِفَافًا و اَزَفَّ و اِزْدَفَّ : بھیجنا (دلہن کو دولہا کے پاس)
— : چمکنا (بجلی)
اَزَفَّ : جلدی چلنا یا چلانا۔
اِزْدَفَّ : اُٹھا کر لے جانا (بوجھ)
اِسْتَزَفَّ : بہالے جانا (سیلاب)
زِفٌّ : چھوٹا پر۔
زَفِیْفٌ : پرندے کے باریک روئیں
زُفَّۃٌ : لشکر۔ دستہ۔
زَفَّۃٌ : ایک وقت۔ ایک کام۔
زَفُوْفٌ : شتر مرغ۔ تیز (اُونٹنی)
— و زَفْیَفٌ : تیز
اَزَفُّ : باریک اور گنجان پروں والا (شتر مرغ) تیز رفتار۔
مِزَفَّۃٌ : دلہن کی پالکی۔ ڈولی۔
زَفَتَ ۔ زَفْتًا : بھرنا (برتن)۔ اکسانا۔ نکال دینا۔ دھتکارنا۔ روکنا۔ ناراض کرنا۔ تھکانا۔
زَفَّتَ : رال لگانا (جہاز کو)
زِفْتٌ : رال۔ چیڑ کا گوند۔
زَفَدَ ۔ زَفْدًا : بھرنا (برتن) بہت جو کھلانا (گھوڑے کو)
اِزْدَفَتَ : سارا لینا (مال)

زَفَرَ ـِ زَفْرًا و زَفِیْرًا: لمبی آہ بھرنا - لمبا سانس لینا - ڈھینچوڈھینچو کرنا شروع کرنا (گدھا) بھڑکنے میں آواز دینا (آگ) سبزی اُگانا (زمین)

زَفَرَ زَفْرًا: بوجھ اُٹھالے جانا - مانگنا (پانی)

زَفَّرَ و تَزَفَّرَ: چرب خوراک کھانا

اِزْدَفَرَ: اُٹھانا -

زِفْرٌ ج اَزْفَار: بھاری بوجھ - مشک - گروہ - مسافر کا سامان -

زَفْرٌ: درخت کا سہارا یا ٹیک -

زُفَرُ: شیر - بہادر - فیاض - سمندر - بڑا دریا - سردار - بہت بخشش - گروہ قلی - مشکوں کے اُٹھانے میں مضبوط

زَفِیْرٌ: مصیبت - گدھے کے رینگنے کا آغاز - لمبا سانس -

زُفْرَة: لمبا سانس -

اَزْفَرُ (م) زَفْرَاءُ ج زُفْرٌ: بڑے پہلوؤں والا (گھوڑا)

زَافِرَة ج زَوَافِر: بڑا (اونٹ) بڑا سردار - کمان - قوم - جماعت - پر کے سوا تیر کا باقی حصہ - کندھا اور اس کا گرد اگرد -

زَوَافِر: گھوڑے کی پسلیاں - پانی بھر کر لانے والی لونڈیاں - انگور کی بیلوں کو اُٹھانے کے جنگلے کا شہتیر -

زوافِر المَجْد: بزرگی کے اسباب -

مُزْفَرٌ و مُزْدَفَرٌ: لمبا سانس -

مُزْفُوْر: مضبوط جوڑوں والا (جانور)

زَفْزَفَ: تیز دوڑنا - پر پھیلا کر زمین پر لیٹنا (پرندہ) سائیں سائیں کرنا (ہوا پودوں میں) اچھی چال چلنا -

زَفْزَفٌ و زَفْزَافٌ و زَفْزَافَة: متواتر تیز چلنے والی ہوا - آندھی - تیز رفتار

زَفْزَاف: شتر مرغ - خفیف -

زَفَنَ ـِ زَفْنًا: ناچنا - سخت دھکیلنا

زَفُوْن و زَافِنَة: ناچنے والی لونڈی لنگڑی (اونٹنی)

زِفْنٌ: چھپر جو چبوترہ پر بنایا جائے -

زَفَّان: ناچنے والا -

اِزْفَنَّة: حرکت - حرکت کرنے والا -

زَیْزَفُوْن: سریع رفتار (اونٹنی) ایک سفید پھولوں والا درخت -

زَفَى ـِ زَفْیًا و زَفَیَانًا: آواز دینا (کمان) ہانکنا (بادل کو ہوا) پھیلانا (شتر مرغ پر) مرنا (آدمی)

اَزْفَى: ایک جگہ سے دوسری جگہ لیجانا -

زَفَیَان: خفت - تیز رو (اونٹنی) خفیف

مَزْفِیّ و مُزْفِی: ڈرایا ہوا -

زَقَّ ـُ زَقًّا: بیٹ کرنا (پرندہ) چونچ سے چوگا دینا - سر کی طرف سے کھال اُتارنا (مینڈھے کی)

زَقَّقَ: کھال اُتارنا (جانور کی) بال کاٹنا (چمڑے کے)

زِقٌّ ج اَزْقَاق و زِقَاق و زُقَّان مشک -

ـــــ الحَدَّاد: بھٹی - دھوکنی -

زُقٌّ ج زُقَقَةٌ: شراب

زَقَّقَةٌ: چوزوں کو چوگا دینے والے کبوتر - چھوٹے بچوں کو پیار کرنیوالے -

زُقَاق ج اَزِقَّةٌ و زُقَّان: کوچہ گلی - تنگ راستہ

ـــــ وبحر الزُقاق: جبل طارق کی آبنائے -

مُزَقَّقٌ: سر منڈا ہوا - چمڑہ اُترا ہوا (جانور)

زَقَبَ ـُ زَقْبًا و اِنْزَقَبَ فی: داخل ہونا (چھچھوندر کا سوراخ میں)

ـــــ: داخل کرنا (چھچھوندر کو اس کے بل میں)

زَقَّبَ: چوں چوں کرنا (پرندہ)

زَقَبٌ ج زُقُبٌ: تنگ راستہ - قرب رَمَیْتُہ مِنْ زَقَبٍ: میں نے اس کو قریب سے تیر مارا -

زَقَحَ ـُ زَقْحًا و زَقَاحًا: چڑچڑ کرنا - (بندر)

زَقْزَقَ زَقْزَقَة و زِقْزَاقًا: چہچہانا (پرندہ) بیٹ کرنا - چونچ سے چوگا دینا - کودانا (بچہ) مسکرانا - ہلکا ہونا -

زُقْزَاق: آہستہ چلنے والا - ایک قسم کی چیونٹیاں -

زَقَعَ ـَ زَقْعًا و زُقَاعًا: بانگ دینا (مرغ) زور سے پادنا (گدھا)

زَقَفَ ـُ زَقْفًا و تَزَقَّفَ و اِزْدَقَفَ: جلدی سے چھین لینا -

اَزْدَقَفَ: نگلنا -

زُقْفَةٌ: کھانے وغیرہ سے چھینی ہوئی چیز -

زُقْلٌ: چور - لٹیرے -

زُقْلَةٌ ج زُقَلٌ: گرز -

زَقِیْلَةٌ: گلی تنگ راستہ -

زَوْقَلَ العَمَامَةَ: پگڑی کے سرے لٹکانا -

زَوَاقِیْلُ: بال جو پگڑی کے نیچے سے نکلے ہوئے ہوں - چور -

زَقَمَ ـُ زَقْمًا و تَزَقَّمَ و اِزْدَقَمَ نگل جانا -

زَقَم: تھوہر کھلانا۔
اَزْقَمَ: نگلوانا۔
تَزَقَّمَ: مکھن اور کھجور سے مرکب کھانا کھانا۔ نگلنا۔ بہت پینا۔ زقوم کھانا
زَقُّوم: تھوہر کا درخت۔ بُرا کھانا کھجور اور مکھن کی خوراک۔ مہلک کھانا۔ دوزخ کے پودے کا نام۔
زَقْمَة: ایک دفعہ کا نگلنا۔ پلیگ طاعون۔
زَقَنَ ـــِ زَقْنًا: اُٹھانا (بوجھ)
اَزْقَنَ: بوجھ اُٹھانے میں مدد دینا۔
زَقَا ـــُ زَقْوًا و زُقَاءً و زَقِیَ ـــَ زَقْیًا: بانگ دینا (مرغ)۔ ہُو ہُو کرنا (اُلو)
ـــــ: بہت رونا (بچہ)
اَزْقَی: رولانا۔
زَاقٍ (م) زَاقِیَة ج زَوَاقٍ: بولنے والا۔ بانگ دینے والا۔ چلّانے والا۔
زُقْیَة: درہموں یا اور چیزوں کا ڈھیر
زَقْیَة: چیخ۔
زَکَّ ـــِ زَکًّا و زَکَکًا و زَکِیکًا: دوڑنا۔ بوجہ کمزوری کے قریب قریب قدم ڈالنا۔ جلدی جلدی چلنا۔ بھرنا (برتن)
ـــــ بِسَلْحِهِ: بیٹ کرنا۔
زُکَّ: بوڑھا ہونا۔ بیماری سے کمزور ہونا۔
اَزَکَّ علی الامر: کام پر اصرار کرنا
ـــــ بِرَایِهِ: رائے میں اکیلا ہونا۔
تَزَکَّکَ: ہتھیار اُٹھانا۔
اِزْدَکَّ: سیراب ہونا (کھیت)

زُکَّ: فاختہ کا چوزہ
زِکَّة: ہتھیار۔
زُکَّة: غیظ و غم۔
زَکَأ ـــَ زَکْأً: مارنا۔ نقد دینا (روپیہ) ادا کرنا (حق)
ـــــ اِلٰی: پناہ لینا۔
اِزْدَکَأ حَقَّهُ مِنْهُ: اس نے اس سے اپنا حق لے لیا۔
رَجُلٌ زُکَأٌ و زُکَأَةٌ و زُکَاءُ النقد: نقد روپے ادا کرنے والا آدمی۔ مالدار۔
مَزْکَأ: جائے پناہ۔
زَکَبَ ـــُ زُکُوبًا و زَکْبًا: بھرنا (برتن)
اِنْزَکَبَ البَحْر: سمندر کا پانی گڑھے میں پڑا۔
زَکِیبَة ج زَکَائِب: غلے کے لئے گون۔
زُکْبَة: بچہ۔
زَکَتَ ـــُ زَکْتًا و زَکَّتَ و اَزْکَتَ: بھرنا (برتن)
اَزْکَتَتِ المَرْاَة بِغُلَامٍ: عورت نے بچہ جنا۔
زَکَرَ ـــُ زَکْرًا و زَکَّرَ: بھرنا (برتن)
زَکَّرَ و تَزَکَّرَ: بھر جانا (برتن) موٹا ہونا (پیٹ)
زُکْرَة ج زُکَر: شراب وغیرہ کے لئے مشکیزہ۔
زَکْزَکَ: بوجہ ضعف کے قریب قریب قدم ڈالنا۔
تَزَکْزَکَ: ہتھیار اُٹھانا۔
زَکَمَ ـــِ زَکْمًا و اَزْکَمَ: زکام لگانا

بھرنا (مشک)
ـــــ ب: خارج کرنا (رطوبت) جننا (بچہ)
زُکِمَ: زکام والا ہونا۔
زُکَام و زُکْمَة: زکام کی بیماری۔
زُکْمَةُ سَوْءٍ: بُری اولاد۔
زُکُمَّة: سخت ظالم آدمی۔ آخری بچہ۔
مَزْکُوم: زکام والا۔
زَکِنَ ـــَ زَکَنًا: سمجھنا۔ خیال کرنا تاڑ جانا۔
زَکَّنَ: خیال کرنا۔ گمان کرنا۔
زَاکَنَ: قریب ہونا۔
اَزْکَنَ: یاد کرانا۔ اطلاع دینا۔ سمجھانا۔ تاڑ جانا۔
زَکَانَة و زَکَانِیَة: درست اندازہ
زُکُنّ: اچھی یاد داشت والا۔
زَکِن: سمجھدار۔
زَکَا ـــُ زَکَاءً و زُکُوًّا و زَکِیَ ـــَ زَکًی: بڑھنا (پودہ) صلاحیت والا ہونا۔ عمدہ ہونا (زمین)
هٰذَا الاَمْرُ لَا یَزْکُو بِک: یہ تیرے لائق نہیں۔
زَکَّی: بڑھانا۔ بڑھنا۔ زیادہ ہونا پیاسا ہونا۔ پاک کرنا۔ زکات ادا کرنا خودستائی کرنا۔ اصلاح کرنا۔
اَزْکَی: بڑھنا۔ زیادہ ہونا۔ زیادہ کرنا
تَزَکَّی: صدقہ کرنا۔ پاکیزہ ہونا۔ نشوونما پانا۔
زَکًا: جفت عدد۔
زَکَاة و زَکْوَة: پاکیزگی۔ عمدہ حصہ۔

زکات۔ خیرات۔ صدقہ۔ نمو جو خدا تعالےٰ
کی برکت سے ہو۔
زَاکٍ ج زُکَاۃٌ و زَکِیٌّ ج اَزْکِیَاءُ
گناہ سے پاک۔ راستباز۔ رحم دل۔
عمدہ نشو ونما پانیوالا۔
زَکِیٌّ ج اَزْکِیَاءُ: اچھی نشوونما
پانے والا۔
زَلَّ ـِ و زَلَّ ـَ زَلًّا و زَلِیلًا
و زُلُولًا و مَزِلَّۃً و زَلَلًا و
زِلِّیْلٰی و زِلِّیْلَاءُ: گذرجانا۔
(زندگی) پھسلنا۔ گرنا۔
ــــ عَنِ الْحَقِّ: حق سے پھر جانا۔
ــــ زَلِیلًا و زُلُولًا: جلدی
گذرنا۔
ــــ زُلُولًا: کم وزن ہونا (درہم)
زَلَّ ـِ: خوراک پانا۔
زَلَّ ـَ زَلَلًا: پتلے نحیف سرینوں
والا ہونا۔
اَزَلَّ و اِسْتَزَلَّ: پھسلانا۔ غلطی
کرانا۔
ــــ اِلَیْہِ نِعْمَۃً: اس نے اس
کو اپنی نعمتیں بخشیں۔
زُلٌّ: پھسلنے کی جگہ۔
زَلَلٌ: پھسلنے کی جگہ۔ درہم کے
وزن کی کمی۔ گناہ کا ارتکاب۔
زِلَّۃٌ ج زِلَلٌ: سات پتھر۔
زَلَّۃٌ ج زَلَّاتٌ: ایک دفعہ کی
پھسلاہٹ۔ گناہ۔ لغزش۔ غلطی۔
ولیمہ۔ عرس: خوراک جو دوست کو
بھیجی جائے۔
زِلِّیَّۃٌ ج زَلَالِیُّ: فرش۔ ادنیٰ کمبل
زَالٌّ ج زَدَالٌّ و زُلَّلٌ: وزن میں کم درہم

مَاءٌ زُلَالٌ و زَلُولٌ و زَلِیلٌ و
زُلَازِلٌ: خالص میٹھا سرد و آسانی
سے گلے سے اُترنے والا پانی۔
زُلَالٌ: بہت پھسلنے والا۔
اَزَلُّ (م) زَلَّاءُ ج زُلٌّ: تیز رفتار
پتلے دُبلے سرینوں والا۔
مَزَلَّۃٌ: پھسلنے کی جگہ۔
مُزَلِّلٌ: بہت نیکی یا سلوک کرنیوالا
زَلِبَ ـَ زَلَبًا: چمٹنا۔
زُلْبَۃٌ: لقمہ۔
زُلَابِیَۃٌ: جلیبی۔
زَلَجَ ـِ زَلْجًا و زَلِیجًا و زَلَجَانًا
چلنے میں جلدی کرنا۔
زَلَجَ مِنْ فِیہِ کَلَامٌ: اس کے
منہ سے اچانک بات نکل گئی۔
زَلَجَ ـُ زَلْجًا و اَزْلَجَ: چٹخنی لگانا
(دروازہ کو)
ــــ زَلَجَانًا: آگے ہونا۔
زَلِجَ ـَ زُلُوجًا و تَزَلَّجَ:
پھسلنا۔
زَلَّجَ عَیْشَہُ: اس نے اپنے گذارہ
میں بخل کیا۔
ــــ الْکَلَامَ: کلام افشا کرنا۔
تَزَلَّجَ: شراب کا عادی بننا۔
زَلَجٌ و زَلِیجٌ: پھسلنی جگہ۔
زِلَاجٌ و مِزْلَاجٌ: چٹخنی۔
زَلُوجٌ: تیز رو۔ پھسلنے والا (تیر)
لمبا (سفر)
زَالِجٌ: بہت چلنے والا۔ مصائب
نجات پانے والا۔
مِزْلَجٌ ج مَزَالِجُ: برف پر بغیر پہیہ
کے چلنے والی گاڑی۔

مُزَلَّجٌ: تھوڑا۔ بخیل۔ غیر قوم میں داخل
ہونے والا۔ بے مروت۔
زَلَحَ ـَ زَلْحًا و تَزَلَّحَ: چکھنا۔
زَلْحٌ: باطل۔
تَزَلَّحَ عَنْ: پھسلنا۔
زَلْحَفَ: علیحدہ کرنا۔ رینگنا۔
تَزَلْحَفَ و اِزْلَحَفَّ: علیحدہ ہونا
کنارہ کش ہونا۔
زِلْحَفَۃٌ: سلحفاۃ سے محرف ہے۔
جس کے معنے کچھوا کے ہیں۔
زَلِخَ ـَ زَلَخًا: موٹا ہونا۔
زَلَخَ ـِ و تَزَلَّخَ: پھسلنا۔
ــــ زَلْخًا ہ ب: کھبونا (نیزہ)
زَلَخَ ـُ زَلَخَانًا: آگے بڑھنا۔
زَلَّخَ: صاف کرنا۔ ملائم بنانا۔
زَلْخٌ و زَلِخٌ: پھسلنی جگہ۔
زُلَّخَۃٌ: پیٹھ کی درد۔ بچوں کے پھسلنے
کی جگہ۔
زَلُوخٌ: تیز رو۔
زَلِزَ ـَ زَلَزًا: بے قرار ہونا۔
زَلَزٌ و زَلِیزٌ: خانگی اسباب۔
آلے کار: ستہ۔
زَلْزَلَ زَلْزَلَۃً و زِلْزَالًا:
حرکت دینا۔ ہلانا (زمین) ڈرانا۔
دور سے ہانکنا۔ (اونٹ)
تَزَلْزَلَ: ہلنا۔ جنبش کھانا (زمین)
زِلْزَالٌ و زَلْزَلَۃٌ ج زَلَازِلُ:
بھونچال۔
زَلَازِلُ: مصائب۔ خطرات۔
زُلْزُلٌ: ماہر نقارچی۔ سبک (جوان)
زَلْزِلٌ: خانگی اسباب۔
زُلْزُلٌ: خوش طبع و سبک۔ لڑائی جھگڑا

زَلَطَ ـِ زَلْطًا : جلدی چلنا ۔ ہڑپ کر جانا ۔
زَلَعَ ـَ زَلْعًا : دھوکے سے چھین لینا ۔ جلانا (پاؤں) نکالنا (پانی کنوئیں سے) خراب ہونا (زخم)
زَلِعَتْ ـَ زَلَعًا و تَزَلَّعَتْ : پھٹنا (پاؤں یا ہاتھ) اُوپر سے پھٹنا (ہاتھ)
ـــ زُلُوعًا : طلوع کرنا (سورج) بلند ہونا (آگ)
أَزْلَعَ فی : لالچ دینا ۔
اِزْدَلَعَ : دھوکا سے چھین لینا ۔ کاٹنا (درخت)
زَلَعَةٌ ج زِلَعٌ : خراب زخم شگاف
مُزَلَّعٌ : پھوٹے ہوئے پاؤں والا
زَوْلَعٌ : پھوٹی ہوئی ایڑیوں والا ۔
زَيْلَعٌ : ایک قسم کی چھوٹی چھوٹی کوڑیاں
زَلَغَ ـَ زُلُوغًا : طلوع کرنا ۔ (ستارہ) بھڑکنا (آگ)
اِزْلَغَبَّ : پردار ہونا (چوزہ) ہونڈنے کے بعد نکلنا (بال)
زَلَفَ ـُ زَلْفًا و زَلِيفًا و تَزَلَّفَ و اِزْدَلَفَ : آگے ہونا ۔ قریب آنا ۔
ـــ و زَلَّفَ : آگے کرنا ۔
زَلَّفَ فی الکلام : کلام میں زیادتی کرنا ۔
أَزْلَفَ : قریب کرنا ۔ اکٹھا کرنا ۔ آگے بڑھنے پر اُبھارنا (قوم کو)
زُلْفَةٌ و زُلْفَى : نزدیکی ۔ قرب ۔ درجہ رتبہ ۔ قدر و منزلت ۔
زِلْفٌ : باغ ۔ چراگاہ ۔
زُلَفٌ : دن اور رات ملنے کے اوقات
زُلْفَةٌ ج زُلَفٌ و زُلُفَاتٌ : درجہ رُتبہ ۔ قرب ۔ بڑی رکابی ۔ رات کا ایک حصہ
زَلَفَةٌ ج زَلَفٌ : بھرا ہوا تالاب یا حوض ۔ تھالی ۔ سبز کوزہ ۔ صاف پتھر ۔ سخت یا جھاڑو دی ہوئی زمین ۔ آئینہ ۔ پچھ ۔
زَلُوفٌ : بعید ۔
زَلِيفٌ : آگے بڑھنے والا ۔
مَزْلَفَةٌ ج مَزَالِفُ : گاؤں جو ساحل اور ریگستان کے درمیان ہو ۔
مَزَالِفُ : مرحلے ۔ کوچ کی جگہیں ۔
زَلِفَتْ ـَ و زَلَفَتْ ـُ زَلَفًا : پھسلنا (پاؤں)
ـــ بمکانہ : اس نے اُکتا کر جگہ کو چھوڑ دیا ۔
زَلِقَ ـِ زَلَقًا و زَلَّقَ و اَزْلَقَ : پھسلانا ۔ دُور کرنا ۔ ہٹانا ۔ مونڈنا (سر)
زَلَّقَ : پھسلنی بنانا (جگہ) تیز کرنا (لوہا) تیل لگانا (جسم کو)
تَزَلَّقَ : پھسلنی ہونا ۔ آراستہ ہونا ۔
أَزْلَقَ بِبَصَرِہٖ : اس نے غصہ سے گھور کر دیکھا ۔
ـــ الفَرَسُ : گھوڑی نے وقت سے پہلے بچہ گرا دیا ۔
زَلَقٌ و زَلِقٌ و زَلَّاقَةٌ : پھسلنی جگہ ۔
زَلِقٌ : جلد غضبناک ہونیوالا ۔
زَلَقَةٌ : صاف چٹان ۔ آئینہ ۔
زَلُوقٌ : تیز رفتار ۔ دور (منزل)
زَلِيقٌ : اسقاط کا بچہ ۔
زُلَّيْقٌ : ملائم آڑو ۔
زُلَّيْقَةٌ : ایک ملائم آڑو ۔
أَزْلَقُ (م) زَلْقَاءُ : ملائم چکیلا اور منڈے اُگے ہوئے بالوں والا (آدمی)
مِزْلَاقٌ : اسقاط کرنے والی (گھوڑی) چٹخنی ۔
مَزْلَقٌ و مَزْلَقَةٌ : پھسلنے کی جگہ
زَلَمَ ـُ زَلْمًا : خطا کرنا ۔ بھرنا (برتن) کاٹنا (ناک)
ـــ و زَلَّمَ المعطاءَ : تھوڑی بخشش دینا
اِزْدَلَمَ : کاٹنا ۔
زَلَّمَ : نرم کرنا ۔ برابر کرنا ۔ گول بنانا (چکی) اُجری خوراک دینا ۔
اِزْلَامَّ : سیدھا کھڑا ہونا ۔ جلدی سے کوچ کر جانا (قوم)
زَلَمٌ ج أَزْلَامٌ : کھرا ۔ بے پر تیر ۔ شگون لینے کے لئے تیر جن سے جاہلیت میں عرب تقسیم کیا کرتے تھے ۔
زُلْمَةٌ و زَلَمَةٌ : شکل اور قد و قامت
هُوَ العَبْدُ زُلْمَةً : وہ غلام کی طرح معلوم ہوتا ہے ۔
زَلَمَةٌ ج زَلَامٌ : بھیڑ یا بکری کے کان کا کٹا ہوا حصہ جو لٹکا رہتا ہے ۔ آدمی ۔ پیدل ۔
زَلِيمٌ : اچھی درست کی ہوئی تیر کی لکڑی
مُزَلَّمٌ : چھوٹے قد کا ۔ سبک ۔ خوش طبع ۔ تیر جس کی بناوٹ عمدہ ہو ۔
ـــ و أَزْلَمُ : جس کے کان کا کنارہ کٹا ہوا ہو (مینڈھا وغیرہ)
زَلْمَاءُ : مؤنث ازلم : شکرہ کی مادہ ۔ پہاڑی بکری ۔
زُلُّومَةٌ : ہاتھی کی سونڈھ ۔ لوئی ۔
زَمَّ ـِ زَمًّا : کس کر باندھنا ۔ بھرنا (مشک) اُٹھا لے جانا (بھیڑیا بیلا کو) آگے بڑھنا ۔ تسمہ لگانا (جوتی کو) بھنبھنانا (دہلنا)

— البعیرُ بِاَنفِہٖ: اونٹ نے اپنے ناک کو اُٹھایا۔
— وزَمَّم: نکیل ڈالنا۔
زَامَّ: مخالفت کرنا۔ تکبر کرنا۔
اَزَمَّ: تسمہ لگانا (جوتی کو)
اِنْزَمَّ: باندھا جانا۔
اِزْدَمَّ: تکبر سے سر اونچا کرنا۔
زِمَامٌ ج اَزِمَّۃٌ: باگ۔ لگام۔ نکیل کی رسی۔ مہار۔ جوتی کا تسمہ۔
زِمَامُ القَوْمِ: قوم کا سردار۔
— الاَمْرِ: کام کا بانی مبانی۔ کام کا دارومدار۔
اَلْقیٰ فی یَدِہٖ زِمَامَ اَمْرِہٖ: اس نے اپنے کام کی باگ اس کے ہاتھ میں دے دی۔
زَامٌّ ج زُمَّمٌ: باندھنے والا۔
زَمَمَ البَیْتِ: گھر کے مقابل پر۔ گھر کے سامنے
زُمَّامٌ: اونچی گھاس۔
اِزْمِیمٌ: مہینے کے آخر کا چاند۔
زَمُتَ ـُ زَمَاتَۃً وتَزَمَّتَ: معزز اور باوقار ہونا۔
زَمُتَ ـُ زَمَاتَۃً وتَزَمَّتَ: سنجیدہ اور باوقار ہونا۔
زَمِیتٌ (ج زُمَتَاءُ) وزِمِّیتٌ: باوقار۔ معزز۔ سنجیدہ۔
زَمَتَ ـِ زَمْتًا: گلا گھونٹنا۔
زَمَجَ ـُ زَمْجًا: بھرنا (مشک)
— الی: دعوت میں بے اجازت آنا۔
— بَیْنَھُمْ: پھوٹ ڈالنا۔
زَمِجَ ـَ زَمَجًا: غصے ہونا۔
زَمِجٌ ومُزْمَئِجٌّ: ناراض۔

زُمَّجٌ ج زُمَامِیجُ: سرخ رنگ کی شاہین۔
زِمِجّیٰ: پرندے کی دُم کی جڑ۔
زِمِجَّۃُ الظَّلِیمِ: شترمرغ کی چونچ
اَخَذہٗ بِزَاَمِجِہٖ: اس نے تمام کا تمام ہی لے لیا۔
مُزْمَئِجٌّ: غضبناک۔
زَمْجَرَ زَمْجَرَۃً: بہت شور کرنا
— وتَزَمْجَرَ: دھاڑنا (شیر)
زَمْجَرَۃٌ ج زَمَاجِرُ وزَمَاجِیرُ: بانسری۔ بانسری کی آواز۔ شور۔ آواز
زُمَّحٌ وزُمَّحٌ: کمینہ۔ پست قد و بدشکل۔ سیاہ رنگ شریر۔
زَامِحٌ: پھوڑا۔
زَمَخَ ـَ زَمْخًا: تکبر کرنا۔
زَامِخٌ ج زُمَّخٌ: متکبر۔
زَمَخٌ وزَمُوخٌ: بلند۔ اونچا۔
زَمْخَرَ: غصے سے دھاڑنا (چیتا) شگوفہ نکالنا (پودہ)
— وازْمَخَرَّ: سخت ہونا (آواز)
زَمْخَرٌ: لمبی بانسری۔ گنجان لپٹا ہوا درخت۔ کھوکھ۔
— وزَمْخَرِیٌّ: کھوکھلی ہڈی۔ نرم۔ بلند رتبہ آدمی۔
زَمْخَرَۃ الشَّبَابِ: پوری جوانی۔
زَمَرَ ـِ زَمْرًا وزَمِیرًا و زَمَّرَ: بانسری بجانا۔
— زَمَرَانًا: ڈر کر بھاگنا (ہرن)
— بِالحَدِیثِ: بات پھیلانا۔
— زِمَارًا: آواز دینا (شترمرغ)
زَمِرَ ـَ زَمَرًا: تھوڑے بالوں والا ہونا۔ کمزور دل ہونا۔ کم مروت والا ہونا۔

زَمَرَ: بھرنا (مشک)
اِزْمَأَدَّ: غصے سے سرخ آنکھوں والا ہونا۔
اِسْتَزْمَرَ: ذلت سے منقبض ہونا۔
زَمْرٌ ج زُمُورٌ: گیت۔ آواز۔ بانسری۔
زَمِیرٌ ج زِمَارٌ: پست قد۔ اچھا راگ۔
— وزُمُورٌ: خوبصورت لڑکا۔
زَمَّارَۃٌ: بانسری۔ کتے کے گلے کا لوہے کا پٹہ۔
زُمْرَۃٌ ج زُمَرٌ: گروہ۔ فوج۔
زِمَارَۃٌ: بانسری بجانے کا ہنر۔
زَامِرٌ وزَمَّارٌ: بانسری بجانیوالا۔
زُمَّیْرٌ: جٹی۔
اِزْمِیرُ: شہر سمرنا۔
مِزْمَارٌ ج مَزَامِیرُ: بانسری۔ مرلی۔
— ومَزْمُورٌ ج مَزَامِیرُ: بھجن۔ نعت۔ خدا کی تعریف کا گیت۔
مَزَامِیرُ دَاوُدَ: حضرت داؤدؑ کی زبور۔
زِمِّرٌ: خوبصورت نوجوان۔
زُمَّارَۃٌ وزُمُّورَۃٌ: کم مروتی
زُمْرُدٌ وزُمُرُّدٌ: سبز ہیرا (مفرد زُمُرُّدَۃٌ)
زَمْزَرَ: بھرنے کے بعد ہموار کرنے کے لئے ہلانا (پیمانہ)
زَمْزَمَ: زور سے گونجنا (آواز) گرجنا (رعد) ہنہنانا۔ آواز دینا۔ (آگ) سُر سے گانا (گویا)
تَزَمْزَمَ البَعِیرُ: اونٹ کا بڑبڑانا

زَمْزَمٌ وزُمَازِمٌ: بکثرت (پانی)

—— : حضرت ہاجرہ کے کوئیں کا نام جو کعبۃ اللہ میں اب تک موجود ہے۔

—— وزَمْزَام وزُمَزِم وزُمازِم بہت (پانی) تھوڑا کھاری (پانی)

زَمْزَمَۃ ج زَمَازِمُ: رعد کی گرج۔ شیر کی دھاڑ۔ آگ کے شعلہ کی آواز۔

زِمْزِمَۃ ج زَمَازِمُ وزِمْزِم: پچاس آدمیوں اور اونٹوں کی جماعت

زَمْزَمِیَّۃٌ: چھوٹی مشک۔

زَمِعَ ـــ زَمَعًا: حیران ہونا۔ خوف سے مبہوت ہونا۔

زَمَعَ ـــ زَمَعَانًا: تیز چلنا۔ (خرگوش) آہستہ آہستہ چلنا۔

اَزْمَعَ وزَمَّعَ علی وب: ثابت قدم رہنا۔ پکا ارادہ کرنا۔

—— العِنَبُ: گانٹھوں والا اور کھردرا ہونا (انگور) موٹی گانٹھوں والا ہونا۔

زَمَعٌ ج اَزْمَاع: چھوٹا نالہ۔ کمینے اور رذیل لوگ۔ خوف کا لرزہ۔ انگور کے خوشہ کی گانٹھیں۔ بکھرے ہوئے پودے۔ کمزور سیلاب۔ انگلیوں کی زیادتی۔ بے قراری۔ کام کے شروع کی کپکپی۔

—— وزَمَاعٌ: ثابت قدمی۔ عزم۔

زَمَعَۃ ج زَمَعٌ وزِمَاعٌ: ہرن یا بکری وغیرہ کے پاؤں کے پچھلی طرف کے لٹکے ہوئے بال۔

—— ج اَزْمَاع: چھوٹا ٹیلہ۔

مُزْمِعٌ: پکے ارادے والا چست

زَمِعِیٌّ: خبیث۔ مکار۔ جلدی غصے میں آجانے والا۔

زُمَّعٌ: بے ڈھنگ بھڑ۔

زَمِیْعٌ ج زُمَعَاءُ: اچھی رائے والا بہادر۔ پکے ارادے والا۔

—— وزَمُوْع: تیز رفتار۔

اَزْمَعُ ج اَزَامِعُ: ہوشیار۔ دانا آدمی۔ مکروہ بات۔

رَجُلٌ اَزْمَعُ: زائد انگلی والا آدمی

زَمَقَ ـِـ زَمْقًا: نوچنا (داڑھی) کھولنا (قفل)

زَمِیْقَۃٌ ومَزْمُوْقَۃٌ: نوچی ہوئی داڑھی

مَا اَغْنیٰ عَنْہُ زَمَقَۃ: اس نے اس سے کچھ دور نہ کیا۔

زَمَكَ ـُـ زَمْکًا: بھرنا (مشک) چپ رہنا۔

—— علی: برخلاف اکساتا۔

اِزْمَاكَّ: بہت غضبناک ہونا۔

زَمَكٌ: سخت غصہ۔

زَمَکَۃ: جلدی غصے ہونے والا۔ بیوقوف پست قد۔

زِمِكَّی وزِمِكٌّ: پرندہ کی دُم یا اس کی دُم کی جڑھ

زَمَلَ ـِـ زِمَالاً: دوڑنے میں لنگڑاتا۔

—— زَمْلاً وزَمَلاً وزَمَالاً و زَمَلاَنًا: لنگڑے پن سے چلنا (جانور) اٹھانا (بوجھ)

—— زُمُوْلا: پیروی کرنا۔ آواز دینا (کمان)

زَمَلَ زَمْلاً وزَامَلَ: پیچھے سوار کرنا

زَمَّلَ: لپیٹنا۔ چھپانا۔

زَامَلَ الرفِیْقَ: اونٹ کی محمل پر ساتھی بننا۔

تَزَمَّلَ واِزَّمَّلَ واِزْدَمَلَ ب: لپیٹنا (کپڑا)

زِمْلٌ: ردیف۔ سوار کے پیچھے سوار ہونے والا۔ بوجھ۔

—— وَزَمِلٌ وزُمَلٌ وزُمَّلٌ: کمزور۔ بزدل۔ ڈرپوک۔

زُمْلَۃٌ: ساتھیوں کی جماعت۔ جماعت

زَمَلَۃٌ: بال بچے۔ گھر کے لوگ۔ عیال۔

زَامِلٌ (م) زَامِلَۃ ج زَوَامِلُ: لدو جانور۔ لنگڑانے والا۔

زَامِلَۃٌ: توشہ دان۔

زَمِیْلٌ: ردیف۔

زُمَیْلٌ وزُمَیْلَۃٌ وزُمَّال و زُمَّالَۃٌ: ڈرپوک۔ کمزور۔

اَزْمَلُ ج اَزَامِل واَزَامِیْل مخلوط آواز۔ تمام

اَزْمَلَۃٌ: کمان کی آواز۔ تمام چیز

اَخَذَہٗ باَزْمَلِہ واَزْمَلَتِہِ: اس نے سب لے لیا۔

لَہٗ عِیَالٌ اَزْمَلَۃ: اس کا عیال بہت ہے۔

اُزْمُولَۃ واِزْمَوْلَۃ: آواز کرنے والا (پہاڑی بکرا)۔

اِزْمِیْلٌ: موچی کی چھری چھینی پتھر یا لکڑی میں سوراخ کرنے کا ایک اوزار۔ ہتھوڑا۔ مضبوط آدمی۔ کمزور لیس دار۔

مُزَمَّلٌ ومُتَزَمِّلٌ: کپڑوں میں لپیٹا ہوا۔

مُزَمّلَۃٌ: کپڑے میں لپٹی ہوئی۔ پانی سرد کرنے کا گھڑا یا مٹکا۔

مُزَّمِّلٌ: کپڑوں میں لپٹا ہوا۔ رسول کریم صلعم کا ایک نام ہے جس سے آپ کو کام کی ترغیب دی گئی ہے

زَمِنَ ـ زَمَنًا و زُمْنَۃً و زَمَانَۃً: مصیبت زدہ ہونا۔ معطل عضو والا ہونا۔ لنجا ہونا۔

اَزْمَنَ: دیر تک رہنا۔ بوڑھا ہونا فالج گرانا۔ مصیبت ڈالنا۔

ـــ عن: دیر لگانا۔

زَمَنٌ و زَمَنَۃٌ ج اَزْمَان: وقت۔ روزگار۔

زَمَانٌ ج اَزْمِنَۃٌ و اَزْمُنٌ: وقت۔

اَزْمِنَۃٌ: سال کے موسم۔

زَمَانَۃٌ: فالج۔ مصیبت۔ لنجاپن محبت۔

زَمِنٌ (ج زَمِنُوْنَ) و زَمِینٌ ج زَمْنَی و زَمَنَۃ: لنجا۔ معطل اعضاء والا۔

عَامَلَہٗ مُزَامَنَۃً: اس نے اس سے کچھ وقت کے لئے معاملہ کیا۔

زَمِہَ ـ زَمَہًا: تیز ہونا (گرمی)

زَمَہَتِ الشمسُ الرَّجُلَ: آدمی کو زیادہ دھوپ لگی۔

زَمْہَرَتْ و ازْمَہَرَّتْ: غصے سے سرخ ہونا (آنکھیں)

اِزْمَہَرَّ: سخت سرد ہونا (دن) چمکنا (ستارہ) تیوری والا ہونا (چہرہ)

زَمْہَرِیْرٌ: سخت سردی۔

مُزْمَہِرٌّ: سخت غصے والا ہنسنے والا

اِزْمَہَلَّ: برسنا (بارش) پگل کر بہنا (برف)

زَنَّ ـ زَنًّا: سوکھنا (پٹھا) ڈھیلے جوڑوں والا ہونا۔

ـــ و اَزَنَّہٗ بِخَیْرٍ اَوْ شَرٍّ: اُس نے اس کے متعلق اچھا یا بُرا خیال کیا۔ یا شک کیا۔

زِنٌّ: ماش

اَبُوْزَنَّۃ: لنگور

مَاءٌ زَنَنٌ: تھوڑا پانی

زَنَانٌ و زَنَاءٌ: تھوڑا (سایہ)

زَنَاَ ـ زَنْأً و زُنُوْءًا اِلٰی: پناہ لینا۔

ـــ: سکڑنا (سایہ) خوش ہونا جلدی کرنا۔ زمین سے چمٹ جانا۔

ـــ فی: چڑھنا (پہاڑ پر)

ـــ بَوْلُہٗ زَنْأً: اس نے اپنا پیشاب روک لیا۔

ـــ زُنُوْءًا: بند ہونا (پیشاب)

زَنَّاَ عَلٰی: تنگ کرنا۔

اَزْنَاَ: مجبور کرنا۔ چڑھانا۔ بند کر دینا

زُنَاءٌ: موٹا اور چھوٹا۔ پیشاب روکنے والا۔ تنگ۔ قبر۔

زِنِیٌّ: چھوٹی مشک۔

زَنِبَ ـ زَنَبًا: موٹا ہونا۔

اَزْنَبُ: پست قد و فربہ۔

زَیْنَب: ڈرپوک: ایک خوشبودار درخت

زُنَابَۃُ العَقْرَب: بچھو کا ڈنگ۔

ذَانِبِیّ: آہستہ چال۔

تَزَنْبَرَ عَلٰی: تکبر کرنا۔ تیوری چڑھانا ترش رو ہونا۔

زَنْبَرٌ: شیر۔

زَنْبَرِیٌّ: سست آدمی۔ بڑی کشتی۔

زُنْبُوْر ج زَنَابِیْرُ: بھڑ مضبوط گدھا۔ بڑا اچھا۔

ـــ و زُنْبُرٌ: حاضر جواب اور خوش طبع۔ پھرتیلا۔

اَخَذَہٗ بِزُنْبُوْرِہٖ: اس نے سب کا سب لے لیا۔

زِنْبِیْرٌ و زِنْبَارٌ: بھڑ۔ ایک قسم کا درخت۔ میٹھی انجیر۔

زُنْبُرُکٌ: گھڑی کا سپرنگ۔ بندوق کا گھوڑا۔

زِنْبَاعَۃٌ: موزے یا جوتی کا کنارہ

زَنْبَقٌ (مفرد زَنْبَقَۃٌ) ج زَنَابِق چمبیلی کا تیل۔ سوسن کا پودہ۔

اُمُّ زَنْبَق: شراب۔

زُنْبُل: پست قد آدمی۔

تَزَنْتَرَ: مٹک کر چلنا۔ مغرورانہ چال چلنا۔

زَنْتَرَۃ: تنگی۔ تنگ حالی۔

زَنِجَ ـ زَنَجًا: پیاس سے آنتوں کا سکڑنا۔

زَانَجَ: بدلہ دینا۔

تَزَنَّجَ عَلٰی: دست درازی کرنا۔

زِنْجٌ ج زُنُوْجٌ (مفرد زِنْجِیٌّ): نیگرو۔ حبشی۔

زَنْجٌ: حبشی

زَنْجَبَار: افریقہ کے مشرق میں ایک جزیرہ کا نام

زَنْجَبِیْل: سونٹھ۔ شراب۔

زَنْجَبَرَ: انگوٹھے کے ناخن کو سبابہ انگلی کے ناخن سے مارنا۔

زِنْجَارٌ: تانبے کا زنگار۔

زِنْجِیْرٌ وزِنْجِیْرَۃٌ: بچوں کے
ناخنوں کی سفیدی
—: ناخن کا کٹا ہوا حصہ۔
زِنْجِیْرٌ: زنجیر۔سنگل۔
حَسَابُ الزِّنْجِیْرِ: دوہرا حساب
رکھنے کا طریق۔
زِنْجَفْرٌ وزُنْجُفْرٌ: شنگرف
زَنَحَ۔ زَنْحًا: مدح کرنا۔
دفع کرنا۔
— وتَزَنَّحَ: معاملہ میں تنگی کرنا۔
زَنَّحَ وتَزَنَّحَ: بار بار پینا (پانی)
تَزَنَّحَ: مغرور ہونا
زَنِخَ۔ زَنْخًا: خراب ہونا۔
(تیل)
زَنَخَ۔ زُنُوخًا: چمٹنا (چربی
یا کلغی)
تَزَنَّخَ: تکبر کرنا۔کھل کر بات کرنا
زَنْخَرَ: خراٹے لینا۔
زَنَدَ۔ زَنْدًا وزُنُودًا: بھرنا
(برتن)، چقماق سے نکالنا (آگ)
زَنِدَ۔ زَنَدًا: پیاسا ہونا۔
زَنَّدَ: جھوٹ بولنا۔زیادہ سزا دینا
— فی الامر: معاملہ میں تنگدل
ہونا۔
— علی اَهْلِهِ: اُس نے اپنے
اہل پر تنگی ڈالی
اَزْنَدَ: زیادہ ہونا۔
تَزَنَّدَ: تنگ دل ہونا۔ناراض ہونا
جواب نہ دے سکنا۔
زَنْدٌ ج زِنَادٌ و اَزْنُدٌ و اَزْنَادٌ
کلائی۔چقماق کی اُوپر کی لکڑی۔خاردار
درخت۔

زَنْدَانِ: چقماق کی دونوں اُوپر
اور نیچے کی لکڑیاں۔
وَارِی الزَّنْدِ: کامیاب۔
کَابِی الزَّنْدِ: نامراد۔ناکام۔
هُمَا کَزَنْدَیْنِ: وہ دونوں مساوی
ہیں۔
مُزَنَّدٌ: تنگ۔بخیل۔کنجوس۔
عَطَاءٌ مُزَنَّدٌ: تھوڑی بخشش
تَزَنْدَقَ: بے دین ہونا۔بداعتقاد
ہونا۔ دو خداؤں کو ماننا۔
زَنْدَقٌ وزَنْدَقِیٌّ: بہت بخیل۔
زَنْدَقَةٌ: لامذہبی۔بے دینی۔
باطنی کفر۔
زِنْدِیْقٌ ج زَنَادِقَةٌ وزَنَادِیْقُ
بے دین۔منافق۔دو خدا ماننے والا
مجوسی۔
زَنَرَ۔ زَنْرًا: بھرنا (برتن) زنار
پہنانا۔
زَنَرَ بِعَیْنِهِ اِلَیْهِ: اس نے اس
کو گھور کر دیکھا۔
تَزَنَّرَ: زنار پہننا۔باریک ہونا۔
زُنَّارٌ وزُنَّارَۃٌ: زنار۔جنیؤ
زُنَابِیْرُ: کنکر۔چھوٹی مکھیاں۔
زَنْزَلَخْتُ: آزدرخت۔
زَنِفَ۔ زَنَفًا وتَزَنَّفَ:
غصے ہونا۔ناراض ہونا۔
زَنَقَ۔ زَنْقًا الفَرَسَ: گھوڑے
کے نیچے کے جبڑے کے نیچے تسمہ باندھنا
— البَغْلَ: خچر کے پاؤں میں
زنجیر ڈالنا۔
— وزَنَّقَ و اَزْنَقَ علی اَوْلادِهِ
اولاد پر خرچ میں کنجوسی کرنا۔

زَنْقَةٌ: تنگ کوچہ۔
زِنَاقٌ ج زُنُقٌ: رسی یا تسمہ۔جو
گھوڑے وغیرہ کے نیچے کے جبڑے
کے نیچے کے حلقہ میں باندھا جاتا ہے
خچر کے پاؤں کی زنجیر۔گلوبند۔
زِنَاقَةٌ: گھوڑے کے جبڑے
کے نیچے کی رسی کا حلقہ۔
زُنُوْقٌ: درستی رائے۔اچھی سمجھ۔
زَنِیْقٌ: محکم۔مضبوط (ارادے)
مَزْنُوقٌ: بند پیشاب والا۔
زَنَمَ اِلَی: مقابلہ کے لئے بھیجنا۔
زَنَمَةٌ: کان کا حصہ جو کاٹا جاتا ہے
اور لٹکتا رہتا ہے۔نشان۔
زَنِمٌ (م)، زَنِمَةٌ و اَزْنَمُ (م)
زَنْمَاءُ ج زُنْمٌ: جانور جس کے
کان کا حصہ کاٹ کر لٹکا دیا جائے۔
زُنَامٌ: مصیبت۔
زَنِیْمٌ و مُزَنَّمٌ: لئیم۔کمینہ۔
بیرونی۔اپنے باپ کے علاوہ دوسرے
کی طرف منسوب
مُزَنَّمٌ: کسی قوم میں خود بخود ملنے والا
زَنَا۔ زُنُوًّا: تنگ ہونا۔
زَنَّی علی: تنگی ڈالنا۔
زَنِیٌّ: تنگ
زَنَی۔ زِنًی وزِنَاءً وزَانَی
مُزَانَاۃً وزِنَاءً: بدی کرنا۔زنا کرنا
زَنَّی: کسی کو زانی کہنا۔
زَانٍ ج زُنَاۃٌ: زنا کرنے والا۔
زَانِیَةٌ ج زَوَانٍ: زانی عورت۔
کنچنی۔
—: بہت زناکار آدمی۔
زَنَّاءَۃٌ: بہت زناکار۔بندر۔

زِنوِیٌّ وزِنائِیٌّ : ولد الحرام

زِہْ : واہ۔ خوب۔ بہت اچھا۔

زَهَدَ وزَهِدَ ۔ وزَهُدَ ۔ زُهْدًا وزَهَادَةً فی وعن : پرہیز کرنا۔ رغبت نہ رکھنا۔ دنیاوی خواہشات کو ترک کرکے عبادت کے لئے فارغ ہونا۔

زَهَّدَ فی وعن : پرہیز کروانا۔ زہد کروانا۔ لالچی کہنا۔ رغبت ترک کرانا۔

تَزَهَّدَ : عبادت کی خاطر دنیا کو چھوڑنا۔

أَزْهَدَ : جائداد نہ رکھنا۔

اِزْدَهَدَ : تھوڑا خیال کرنا۔ حقیر شمار کرنا۔

خُذْ زَهْدَ ما یَکْفِیکَ : جتنا تم کو کافی ہو۔ اتنا لو۔

تَزَاهَدَ : حقیر جاننا۔

زُهْدٌ وزَهَادَةٌ : پرہیزگاری زہد۔

زَهَدٌ ج زِهَاد : زکات۔

زَاهِدٌ ج زُهَّادٌ وزَهَدٌ : پرہیزگار۔ تارک دنیا۔ درویش۔

أَرْضٌ زَهَادٌ : پانی پی جانے والی زمین۔

زَهِيدٌ ج زُهَدَاءُ : تھوڑا حقیر۔ درویش۔ بخیل۔ پرہیزگار۔ تارک دنیا۔

زَهِيدُ الْخُلُقِ : تنگ خلق والا۔

— الْعَيْنِ : قانع۔ تھوڑے پر صبر کرنے والا۔

مُزْهِدٌ : تھوڑے مال والا۔ درویش۔

زَهَرَ ۔ زُهُورًا : چمکنا۔ روشن ہونا۔ صاف رنگ ہونا (چہرا)

زَهِرَ ۔ زَهَرًا وزَهُرَ ۔ زُهُورَةً : خوبصورت رنگ والا ہونا

أَزْهَرَ : شگوفہ دار ہونا (پودہ) روشن کرنا (آگ)

اِزْدَهَرَ : چمکنا۔

— بالأمر : پرواہ کرنا۔ احتیاط کرنا

اِزْهَارَّ واِزْهَرَّ النبات : شگوفہ نکالنا (پودہ)

زَهْرٌ ج أَزْهُرٌ وأَزْهَارٌ و زُهُورٌ جج أَزَاهِرُ وأَزَاهِيرُ شگوفہ۔ کلی۔

زَهْرُ النَّرْدِ : تاش۔

زِهْرٌ وزِهْرَةٌ : حاجت۔ ضرورت

زَهَرٌ : ماہ قمری کی پہلی تین راتیں۔

زُهْرَةٌ : خوبصورتی۔ خوشنما سفیدی

زَهْرَةُ الدُّنْيَا : دنیا کی شان و شوکت

زُهَرَةٌ : زہرہ ستارہ۔

زَاهِرٌ ج زَوَاهِرُ : خوشنما پودہ۔ چمکدار رنگ۔

أَحْمَرُ زَاهِرٌ : بہت سرخ۔

زَاهِرِيَّة : ناز و نخرہ۔

أَزْهَرُ (م) زَهْرَاءُ ج زُهْرٌ : چاند۔ چمکیلے رنگ والا۔ روز جمعہ۔ جنگلی بیل سفید شیر۔ تازہ نکالا ہوا دودھ۔

زَهْرَاءُ : خوبصورت عورت۔ جنگلی گائے

أَزْهَرَان : چاند و سورج۔

مُزْهِرٌ : آگ جلانے والا۔ مہمان نواز

مِزْهَرٌ ج مَزَاهِرُ : سارنگی۔ بانسری۔ بڑا ڈھول۔

زَهَفَ : کھوٹا بنانا۔

زَهْزَقَ : بہت ہنسنا۔ اچھالنا (بچہ)

زَهْزَق : کمینہ۔

زَهَقَ ۔ زُهُوقًا : ذلیل ہونا ہلاک ہونا۔ جھوٹ بولنا۔

— واِزْدَهَفَ إلى : قریب ہونا۔

زَهِفَ ۔ زَهَفَانًا : جلدی کرنا چستی کرنا۔

أَزْهَفَ : قریب کرنا۔ خیانت کرنا۔ چغلی کرنا۔ ذلیل کرنا۔ ہلاک کرنا۔ خراب کرنا۔ شر کی طرف جلدی جانا۔ ڈھیلا کرنا۔ جلدی کرانا۔

— الخبرَ : خبر میں زیادتی کرنا۔

— على الجريح : زخمی پر حملہ کرکے اس کو مار دینا۔

اِزْدَهَفَ : گرانا (گھوڑا) جلدی کروانا۔ ہلاک کرنا۔

— وبہ لے جانا۔

— عن : منہ پھیرنا۔ انحراف کرنا

تَزَهَّفَ : چلے جانا۔ بچنا۔

— عن : اعراض کرنا۔

اِنْزَهَفَ : ڈر کر کودنا (گھوڑا)

زَهَقَ ۔ زَهْقًا وزُهُوقًا مغز دار ہونا (ہڈی) ٹھوس ہونا۔ نشانہ سے گذر جانا (تیر) جسم سے نکلنا (روح) آگے چلنا یا آگے نکل جانا (سواری) تباہ ہونا۔ باطل ہونا۔ کمزور ہونا۔

أَزْهَقَ : مغز سے پر ہونا (ہڈی) بھرنا (برتن) نشانہ سے گذارنا (تیر) باطل کرنا۔ لاشے کرنا۔

اِنْزَهَقَ : سبقت لے جانا۔ آگے بڑھنا۔

اِنزَهَقَتِ الدَّابَّة : جانور کودا
زَهَقٌ : میدان ہموار (زمین)
—— وزَهق : گڑھا۔
زَهَقَى : سبقت لے جانیوالا (گھوڑا)
زَاهِقٌ ج زُهَّقٌ : موٹا۔ دُبلا۔ کمزور شکست خوردہ۔ نشانہ سے گذرنے والا تیر۔
—— وزَهُوق : تباہ ہونے والا۔ باطل ہونے والا۔ غیر مستقل مزاج۔
زَهُوقٌ : گہرا کنواں۔
زَهِقٌ : تیز رفتار۔
زَاهِقَة (مؤنث زاهِقٌ) گہرا کنواں۔
زُهَاقٌ : مقدار۔ تقریبًا۔
زَهَكَ ــَ زَهْكًا : دو پتھروں کے درمیان پیسنا۔ اُٹھانا (ہوا کا گرد کو)
زَهَلَ ــَ زَهْلًا عن : دُور ہونا۔ بچنا۔
زَهِلَ ــَ زَهَلًا : سفید و ملائم ہونا
زَاهِلٌ : مطمئن دل والا۔ خاموش۔
زُهْلُولٌ ج زَهَالِيل : ملائم۔
زَهْلَقَ : ملائم اور سفید کرنا۔ دھونا (کپڑا)
—— لَهُ الحَدِيث : اس نے اس کو نرم کلامی سے مخاطب کیا۔
تَزَهْلَقَ : دُھلنا۔ ملائم و سفید ہونا خالص ہونا۔ موٹا ہونا۔
زِهْلِقٌ : ہلکا پھلکا۔ چست۔ سخت ہوا۔ ملائم۔ بتی کا سرا۔ موٹا و ہموار پیٹھ والا (گدھا)
زُهْلُوقٌ ج زَهَالِقُ : موٹا۔ چربی دار۔

زَهَمَ ــُ زَهْمًا و اَزْهَمَ : مغز سے پُر ہونا (ہڈی) زجر کرنا۔ ڈانٹنا طعن و تشنیع کرنا۔ کوسنا۔
زَهِمَ ــَ زَهَمًا : بدہضمی کرنا۔ چکنا ہونا۔
زَاهَمَ : دشمنی کرنا۔ جدا ہونا۔ نزدیک ہونا۔
زُهْمٌ : بدبو۔ چربی۔ خوشبو۔
زَهْمَان : بہت چکنا۔
زُهْمَةٌ و زُهُومَة و زَهَمَة سڑے ہوئے گوشت کی بدبو۔
زَهَا ــُ زَهْوًا و زُهُوًّا و زُهَاءً : چمکنا۔ روشن ہونا۔ نشو و نما پانا۔ لمبی ہونا (کھجور) رنگ اختیار کرنا (کچی کھجور) جوان ہونا (لڑکا) پانی پیکر سفر کرنا (اونٹ) شگوفہ دار ہونا۔ پھلدار ہونا۔ جننے کے قریب پہونچنا۔ (بکری) چلنا (ہوا) جھوٹ بولنا۔ تکبر کرنا۔
زَهَا ــُ زَهْوًا : جھوٹ بولنا۔ تکبر کرنا۔ روشن کرنا (لیمپ) ہلانا (ہوا نباتات) اُونچی کرنا (سوجیں کشتی)
—— فُلَانًا : حقیر سمجھنا۔ خفیف سمجھنا۔ گھمنڈ کرنے والا بنانا۔
—— فُلَانٌ بالسَّيْف : فلاں نے تلوار ہلائی۔
زُهِيَ : تکبر کرنا۔ غرور کرنا۔
اَزْهَى : حقیر جاننا۔ تکبر کرنا۔ لمبی ہونا (کھجور) ہلانا۔ رنگ اختیار کرنا (سبز کھجور) جلانا (لیمپ)
—— وزَهَّى : سُرخی مائل ہونا (کھجور)
اِزْدَهَى : مغرور بنانا۔ اکسانا۔ حقارت سے دیکھنا۔
زُهَاء : مقدار۔ اندازہ۔
—— مِائَة : تقریبًا ایک سو۔
زَهْوٌ : شگوفہ۔ شان و شوکت۔ تکبر تر و تازہ پودہ۔ جھوٹ۔ بے فائدہ سُرخی مائل کھجور۔ سرکشی۔ ظلم۔
—— و الزُّهَى : تازگی و خوبصورتی شان و شوکت۔
زُهَا الدُّنيا : دُنیا کی زینت اور شان و شوکت۔
زُهُوٌّ : سُرخی مائل کھجور۔
زَاهِي : چمکدار۔ پُر رونق چہرے والا پھولوں والا۔
مُزْدَهِي و مَزْهُوٌّ : متکبر۔ مغرور۔
زَاءَ ــُ زَوْءًا بِهِ الدَّهْرُ زمانے نے اس کو الٹا دیا۔
زَابَ ــُ زَوْبًا : چپکے سے بھاگ جانا۔ جاری ہونا (پانی)
زَاجَ ــُ زَوْجًا بَيْنَ : لڑائی ڈالنا۔ فساد ڈالنا۔
زَوَّجَهُ اِمْرَأَةً اَوْ بِامْرَأَة اَوْ لِامْرَأَة : اس نے عورت کے ساتھ اس کا نکاح کیا۔
—— وبِ دالی : جوڑنا۔
زَاوَجَ : ایک دوسرے سے میل و جول رکھنا۔ ایک دوسرے کے قریب ہونا۔
—— و اَزْدَوَجَ بَيْنَ : جوڑ دینا۔
تَزَوَّجَ : شادی کرنا۔
—— فی قَوْم : کسی قوم میں شادی کرنا
تَزَاوَجَ و اِزْدَوَجَ : مشابہ ہونا دوہرا ہونا۔

بۂ زَاجٌ ج زَاجَات: سلفیٹ آف
آئرن ۔ ہیراکسیس ۔
—— اَبْیَض: زنک سلفیٹ پھٹکری
—— الاساکِفَة وَالعِرَاقِی: نیلا
تھوتھا ۔ سلفیٹ آف کاپر ۔
زَوْجٌ ج اَزْوَاجٌ وزِوَجَةٌ
ج اَزَاوِیج: خاوند ۔ بیوی ۔
ساتھی ۔ جوڑا ۔
زَوْجَةٌ ج زَوْجَات: بیوی ۔
زَوَاجٌ وَزَوْجِیَّة وزِیْجَةٌ:
شادی ۔
زَاحَ ـُ زَوْحًا وزَوَاحًا
عَنِ المَکَانِ: جگہ سے ہٹنا یا چلے جانا
——: بکھیرنا ۔ اکٹھا کرنا (مویشی)
—— زَوَاحًا: چلے جانا ۔
اَزَاحَ: الگ کرنا ۔ فیصلہ کرنا ۔ حاصل کرنا
اِنْزَاحَ: دُور ہونا (بیماری)
زَادَ ـُ زَوْدًا وتَزَوَّدَ: توشہ
لینا ۔ سفر خرچ مہیا کرنا
اَزَادَ وزَوَّدَ: توشہ دینا ۔ سفر
خرچ دینا ۔
تَزَوَّدَ مِنْ: خط لیجانا ۔
اِزْدَادَ واِسْتَزَادَ: توشہ مانگنا ۔
زَادٌ ج اَزْوِدَةٌ واَزْوَادٌ: زادِ
راہ ۔ توشہ ۔ ذخیرہ ۔
مِزْوَدٌ ومَزَادٌ ومَزَادَةٌ ج
مَزَاوِدُ: توشہ دان ۔ سفر خرچ کا
تھیلا ۔
زَارَ ـُ زِیَارَةً وزَوْرًا
وزُوَارًا وزُوَارَةً ومَزَارًا
واِزْدَارَ: ملاقات کرنے کو جانا ۔
زَارَ البعیرُ زَوْرًا: اُونٹ کو

زوار سے باندھنا ۔
زَوِرَ ـَ زَوَرًا: مائل ہونا ۔
ٹیڑھی چھاتی والا ہونا ۔
زَوَّرَ: اصلاح کرنا ۔ آراستہ کرنا ۔
درست کرنا ۔ باطل کرنا ۔ جھوٹ کی طرف
منسوب کرنا ۔ عزت کرنا (ملاقاتی کی)
نیکی کرنا ۔ جھوٹ کو مزین کرنا ۔
اَزَارَ: ملاقات کے لئے اکسانا ۔
تعریف کرنا ۔ چلانا
تَزَاوَرَ: ایک دوسرے کی ملاقات
کو جانا ۔
—— وازْوَرَّ واِزْوَارَّ عَنْ:
علیحدہ ہونا ۔ منحرف ہونا ۔ ہٹ جانا ۔
اِسْتَزَارَ: ملاقات کرنے کیلئے کہنا
زَارَةٌ وزَاوِرَةٌ وزَاوُوْرَةٌ
پوٹا ۔ پرندہ کا معدہ ۔
——: اُونٹوں کا گلہ ۔ نرکل اور پانی
والی جھنگی ۔
زَوْرٌ (مذکر و مؤنث واحد و جمع)
چھاتی کے اوپر کا حصہ ۔ سمجھ ۔ پکا ارادہ
عقل ۔ شکلیں جو خواب میں نظر آئیں ۔
—— وزِوَرٌ وزُوْرٌ: سردار ۔
رئیس ۔
اَلْقِیْ زَوْرَهُ: اس نے اقامت اختیار کی
زُوْرٌ: جھوٹ ۔ اتہام ۔ بُت پرستی
بُت ۔ رائے ۔ عقل ۔ یہود و عیسائیوں
کے تیوہار ۔ راگ کا کمرہ ۔ طاقت ۔ ملامت
(کپڑے کی) ڈانٹ ۔ جعل سازی ۔ سرداد
کھانے کا مزہ ۔
زِیْرٌ ج اَزْوَارٌ واَزْیَارٌ و
زِیْرَةٌ: مشکل ۔ الٹی ۔ عادت عورتوں
سے باتیں کرنے کو پسند کرنے والا ۔

زِیَرٌ: غصے والا ۔
زِیَارٌ: دو لکڑیاں جن سے سوتری
گھوڑے کے ہونٹوں کو دباتا ہے ۔
تاکہ اس کی شوخی نہ رہے ۔
—— وزِوَارٌ ج اَزْوِرَةٌ: رسی جو
جانور کے چھاتی اور کمر کے تنگوں کے
درمیان ڈالی جاتی ہے ۔ اصلاح اور
بچاؤ کی چیز ۔
زَوْرَةٌ: ایک ملاقات ۔ غلام ۔
زَائِرٌ ج زَائِرُوْنَ وزُوَّارٌ و
زُوَّرٌ: ملاقاتی ۔ زیارت کرنے والا ۔
اَزْوَرُ م زَوْرَاءُ ج زُوْرٌ:
بھینگا ۔ ترچھی نظر والا ۔
زَوْرَاءُ: گہرا کنواں ۔ کمان ۔ چاندی
کا برتن ۔ شہر بغداد ۔ دریائے فرات
پیالہ ۔
فَلَاةٌ زَوْرَاءُ: دُور کا جنگل ۔
مَزَارٌ ج مَزَارَات: ملاقات کی
جگہ ۔ زیارت ۔ اولیاء کی زیارت کے
مقامات ۔
زَوْرَقٌ: چھوٹی کشتی ۔
زَوْشٌ: کمینہ غلام ۔
اَزْوَشُ: متکبر ۔
زَوَّطَ: بڑا لقمہ بنانا ۔
زَاعَ ـُ زَوْعًا: جانور کو تیز چلانے
کے لئے لگام ہلانا ۔ ہٹانا ۔ موڑنا ۔
(چیز) آگے دھکیلنا ۔
—— زَوْعَةً: پھانک کاٹنا (خربوزہ کی)
—— وتَزَوَّعَ: پیٹھ سے اُتر جانا ۔
(گوشت)
زَوَّعَ: بکھیرنا ۔ پراگندہ کرنا (اُونٹ)
سختی سے ہانکنا ۔

زُرَعٌ : ٹکڑی۔
زُرْعَۃٌ ج زُرَعٌ : ٹکڑا (گوشت کا) پھانک (تربوز کی) آدمیوں کا گروہ ۔ نباتات کا خشک ہونے والا قطعہ۔
زَاعَۃٌ : پولیس کے آدمی
زَاغَ ۔ زَوْغاً وزَوَغَاناً : مائل ہونا۔ جھک جانا۔ انحراف کرنا اضطراب کرنا۔ ظلم کرنا۔ جھکانا۔ بیوقوف ہونا۔
زَاغٌ : کوّا
زَافَ ۔ زَوْفاً : بازو و دُم کو پھیلا کر زمین پر کھینچنا (کبوتر) ڈھیلے اعضا کر کے چلنا۔ ہوا میں اُڑنا پر نِڈھال بلبلے دار ہونا (پانی)
تَزَاوَفَ : جمنا۔ شک کرنا۔
زُوْفَیٰ وزُوْفَاءُ : زوفا۔
زُوُوفٌ : چلنے میں سستی۔
زَوَّقَ : آراستہ کرنا۔ مزین کرنا۔ (کلام) نقش و نگار کرنا (گھر)
زَاوُوقٌ وزَاوُوقٌ : پارہ ۔ پارہ اور سونے کا مرکب۔
زَوَاقٌ : لونڈی کی زینت۔
زَوَّاقَۃٌ : گھروں میں نقش و نگار کرنے والے۔
زَاكَ ۔ زَوْكاً وزَوَكَاناً : مغرورانہ چال چلنا۔
زَوْكٌ : کوّے کی چال
زَالَ ۔ زَوْلاً وزَوَالاً وزُوُولاً وزُوُولاً وزَوِيلاً وزَوَلَاناً و اِزْدَلَّ : چلے جانا۔ پھر جانا۔ بند ہونا۔ تباہ ہونا۔ الگ ہونا۔
—— زَوَالاً وزُوُولاً وزَوَلَاناً وزَيَالاً : مع سواروں کے اُٹھنا۔ (گھوڑے) ڈھلنا (سورج)
زَالَ زَائِلُ الظِّلِّ : دوپہر ہوگئی
—— زَيْلُولَۃً : تھوڑی دیر کے لئے سفر ترک کرنا۔
زَالَ اَوْ زَوِيلٌ وزَوِيلٌ وزَوَالٌ : پہلو کا ڈر سے کانپنا۔
اَزَالَ وزَوَّلَ واِزْدَالَ : ہٹانا کنارہ پر کرنا۔
اَزَالَ اللّٰہُ زَوَالَہٗ : خدا اس کو ہلاک کرے۔
زَوَّلَ وتَزَوَّلَ : پیدا کرنا۔ لانا (چیز)
زَاوَلَ : قصد کرنا۔ کوشش کرنا۔ تلاش کرنا۔
تَزَوَّلَ : بعید ظرافت ہونا (لڑکا)
تَزَاوَلَ : ایک دوسرے سے بحث کرنا
اِنْزَالَ عن : جُدا ہونا۔
زَوْلٌ ج اَزْوَالٌ : شکل جو نیند میں دکھائی دے۔ وجود۔ تعجب۔ عجیب۔ باز۔ بہادر۔ فیاض۔ سخی۔ خوش طبع تفتیش۔
زَوَالٌ : ڈھلنا (سورج) اضطراب حرکت۔ بوسیدگی۔
زَوْلَۃٌ ج زَوْلَاتٌ : چست و ہوشیار عورت۔ عجیب
زَوِيلٌ : جوش و فکر۔ حرکت۔ پہلو
زَائِلٌ : غیر پائیدار۔
لَيْلٌ زَائِلُ النُّجُوْمِ : لمبی رات۔
زَائِلَۃٌ ج زَوَائِلُ : زندہ چیز ۔ متحرک چیز۔
زَوَائِلُ : ستارے۔ عورتیں۔ شکار۔
مِزْوَلَۃٌ ج مَزَاوِلُ : سورج گھڑی

زَامَ ۔ زَوْماً : مرنا۔
زَامٌ : چوتھائی (ہر چیز کی)
زَامَانِ النَّهَارِ : دن کا نصف۔
زَامَۃٌ ج زَامَاتٌ : گروہ۔
زُوْمٌ ج اَزْوَامٌ : نباتات کا رس گوشت۔ پانی جس سے کپڑا صاف کیا جاتا ہے۔
زَوِيمٌ : اجتماع۔
زَوْمَلَ : ہانکنا (اونٹ)
زَوْمَلَۃٌ : لدے ہوئے اونٹ۔
هُوَ اِبْنُ زَوْمَلَتِهَا : وہ اس کا جاننے والا ہے۔
زَانَ وزَوَانَۃٌ : سوء ہضم۔ بدہضمی۔
زُوْنٌ : بُت ۔ مندر۔
—— وزَوْن وزِدَنٌ : بونا۔ پست قامت۔
زُوْنَۃٌ : عقلمند عورت ۔ زینت
زِوَانٌ وزُوَانٌ : ایک قسم کی گھاس جو گیہوں میں ہوتی ہے۔
زَوَی ۔ زُوِيّاً وزَيّاً : کنارہ پر کرنا۔ ہٹانا۔ منع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ پکڑنا۔ چھپانا۔
زَوَّی وتَزَوَّی واِنْزَوَی : گوشہ نشین ہونا۔ سکڑنا۔
—— : رد کرنا۔ اُٹھا لے جانا ۔ دل میں سوچنا۔ (کلام)
اِنْزَوَی : باہم نزدیک ہونا۔
زَاوِيَۃٌ ج زَوَايَا : کونہ۔ گوشہ سٹ سکوئر۔ ٹی سکوئر۔ چھوٹی مسجد ہسپتال۔ جائے پناہ۔ مربع۔
زَاوِيَۃٌ قَائِمَۃٌ : جب ایک خط کے

سرے پر دوسرا خط سیدھا کھڑا ہونے
سے اس کے دونوں پہلوؤں میں جو
برابر زاوئے پیدا ہوتے ہیں۔ ان میں
سے ہر ایک کو زاویہ قائمہ کہتے ہیں۔
زَاوِیَۃٌ مُنْفَرِجَۃٌ : زاویہ قائمہ
سے بڑا زاویہ۔
تَزَیَّبَ : اکٹھا ہونا (گوشت)
زَیَبٌ : ہوا کی تیزی۔
اَزْیَبُ : مصیبت۔ جنوب مشرقی
ہوا۔ دشمنی۔ چستی چست۔ جنگلی
چوہا۔ بُرا۔ خوف۔ اجنبی۔ کمینہ۔
بہت پانی۔ چھوٹے قدم والا۔
زَیْبَبٌ و زَبٌّ : مضبوط آدمی۔
اِزْیَبٌّ : شدید۔ بخیل۔
زِئْبَقٌ : پارہ۔
زَاتَ ۔ِ زَیْتًا و زَیَّتَ : تیل ڈالنا
— : تیل سے چکنا کرنا۔ تیل کھلانا۔
اَزَاتَ : بہت تیل والا ہونا۔
اِزْدَاتَ : تیل لگانا۔
اِسْتَزَاتَ : تیل مانگنا یا تلاش کرنا
زَیْتٌ ج زُیُوتٌ : زیتون کا تیل
تیل۔ جوہر۔
زَیْتٌ حَارٌّ : السی کا تیل۔
زَیْتُوْنٌ (مفرد زَیْتُوْنَۃٌ) زیتون
کا درخت۔ زیتون کا پھل۔
مِزْیَتٌ و مَزْیُوْتٌ : برتن جس میں
تیل رکھا جائے۔
زَیَّاتٌ : تیل کا سوداگر۔ تیلی۔
زَیْتُوْنِیٌّ : گھوڑا جو موسم خزاں میں
پیدا ہو۔ زیتونی رنگ والا۔
زِیْجٌ : معماروں کا دھاگا جس
سے دیوار کو برابر کرتے ہیں۔ زائچہ۔

زَاحَ ۔ِ زَیْحًا و زُیُوْحًا و
زَیَحَانًا و اِنْزَاحَ : دُور ہونا۔
چلے جانا۔ اُتارنا (پردہ کو)
زَیَّحَ : لکیر کھینچنا۔ (کاغذ پر)
اَزَاحَ : ہٹانا۔ دُور کرنا۔ اُتار لینا۔
زِیْحٌ ج اَزْیَاحٌ : لائن۔ لکیر۔ دھاری
مَزَاحٌ : خلوت کی جگہ۔ تنہائی کی جگہ
زَاغَ ۔ِ زَیْغًا و زَیَغَانًا : ظلم
کرنا۔ ناانصافی کرنا۔ گمراہ ہونا۔ الگ
ہونا۔
اَزَاغَ : ہٹانا۔ الگ کرنا۔
تَزَیَّغَ : ذلیل ہونا۔
زَادَ ۔ِ زَیْدًا و زِیْدًا و زَیَدًا
و زِیَادَۃً و مَزِیْدًا و زَیْدَانًا :
بڑھنا۔ بڑھانا۔ زیادہ دینا۔
زَیَّدَ : بڑھانا۔
زَایَدَ : دوسرے سے زیادہ بڑھنا
(نیلامی میں)
تَزَیَّدَ : گراں ہونا (نرخ)
— و تَزَایَدَ فِی ۔ مبالغہ کرنا۔
(بات میں)
تَزَایَدُوْا فِی الْبَیْعِ : انہوں نے
بیع میں ایک دوسرے سے زیادہ
بولی دی۔
اِزْدَادَ : زیادہ ہونا۔ زیادہ کرنا۔
اِسْتَزَادَ : زیادتی چاہنا۔
زِیَادَۃٌ ج زِیَادَاتٌ و زَیَائِدُ :
زیادتی۔
زَیْدٌ و زِیْدٌ : زیادتی۔ بڑھاؤ۔
ھُمْ زَیْدٌ عَلٰی مِائَۃٍ : وہ سو سے زیادہ ہیں
مَزَادَۃٌ ج مَزَادٌ و مَزَائِدُ : بڑی
مشک۔

مَزَادٌ : نیلامی۔
زَیَّرَ : دوز میں دیکھو۔
زِیْرٌ ج اَزْیَارٌ و اَزْوَارٌ و
زِیْرَۃٌ : مٹکا۔ السی۔ عادت۔ عورتوں
سے باتیں کرنے کا شوق رکھنے والا۔
زِیْزٌ : جنگلی پیاز۔ بینڈا۔ مجیرا۔
زَیْزَیٌ و زِیْزَاءٌ و زَازِیَۃٌ ج
زَیَازٍ : چھوٹا ٹیلا۔ چھوٹی پہاڑی
پر یا ان کے اطراف۔
زَیْزَفُوْنٌ : ایک پودہ ہے
جس کے پھول پانی میں بھگو کر دوا
کے طور پر استعمال ہوتے ہیں۔
زَاطَ ۔ِ زَیْطًا و زِیَاطًا : چیخنا
زیادہ جھگڑنا۔
زَیَّاطٌ : شور کرنے والا۔ چیخنے والا
زَاغَ ۔ِ زَیْغًا و زَیَغَانًا و
زَیْغُوْغَۃً : ٹیڑھا ہونا۔ مائل ہونا
جھکنا۔ تھکنا (آنکھ)
زَیَّغَ : ٹیڑھا کرنا۔ کجی نکالنا۔
اَزَاغَ : جھکانا۔ بدراہ کرنا۔
تَزَیَّغَ : آراستہ ہونا۔ مزین ہونا۔
تَزَایَغَ : مائل ہونا۔
زَاغٌ ج زِیْغَانٌ : چھوٹا کوا جو
گندگی خور نہیں ہوتا۔
زَیْغٌ : جھکاؤ۔ شک۔ بے انصافی
کی طرف میلان
زَائِغٌ ج زَاغَۃٌ و زَائِغُوْنَ
جھکنے والا۔ گمراہ۔ ٹیڑھا۔
زَافَ ۔ِ زُیُوْفًا : کھوٹے ہونا
(روپے)
— زَیْفًا : کھوٹا بنانا۔ یا شمار کرنا
(روپیہ) پھاندنا (دیوار)

— زَيْفًا و زَيَفَانًا: مٹک کر چلنا۔ ڈگمگاتے ہوئے چلنا (اونٹ)
زَيَّفَ: کھوٹے بنانا یا ظاہر کرنا۔ (روپے) بلند ہونا (مکان) بے بدلہ چھوڑنا (خون) حقیر کرنا۔
زَيْفٌ ج زِيَافٌ و أَزْيَافٌ و زُيُوفٌ: دیوار کا کارنس کنگرا
— و زَائِفٌ ج زُيَّفٌ و زُيُوفٌ کھوٹا (روپیہ)
زَيَّافٌ: مٹک کر چلنے والا۔ شیر۔
زَيَّقَ الثَّوْبَ: کپڑے کو کالر یا گریبان لگانا۔
تَزَيَّقَ: آراستہ ہونا۔ سرمہ لگانا۔
زِيقٌ: کالر۔ گریبان۔ معمار کا دھاگا
زَاكَ = زَيَكَانًا: ناز و نخرہ سے چلنا۔
زِيكٌ: چھوٹے جوہر جو بڑے جوہر کے گرد اگرد لگے ہوتے ہوں۔
زَالَ = زَيْلاً و أَزَالَ إِزَالَةً و أَزَالَ عَنْ: ہٹانا۔ علیحدہ کرنا۔
زَالَ = زَيْلاً: بند ہونا
مَا زِلْتُ أَفْعَلُهُ: میں اس کو کرتا رہا
مَا زِلْتُ بِهِ حَتَّى فَعَلَ: میں اس کو اکساتا رہا۔ حتی کہ اس نے کر دیا۔
لَمْ يَزَلْ و لَا يَزَالُ: ہمیشہ سے ہے۔ ہمیشہ رہیگا (خدا)
زَيَّلَ: متفرق کرنا۔
زَايَلَ: علیحدہ کرنا۔ جدا کرنا۔
تَزَايَلُوا و تَزَيَّلُوا: وہ متفرق ہوئے۔
— عَنْ: وہ شرمائے۔

زَيْلٌ: دونوں سرینوں کے درمیان کا فاصلہ۔
أَزْيَلُ: دو رانوں کے درمیان فاصلے والا۔
مِزْيَلٌ و مِزْيَالٌ: خوش طبع۔ ہنرمند۔ ذہین۔
زَامَ = زَيْمًا: ایک لفظ بول کر خاموش کرنا۔
تَزَيَّمَ: بکھرنا (گھوڑے) ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ یا بھر جانا (گوشت)
زِيمَةٌ ج زِيَمٌ: گوشت وغیرہ کا ٹکڑا
أَزْيَمُ (م) زَيْمَاءُ: چپ چاپ خاموش (اونٹ)
زَانَ = زَيْنًا: زینت دینا۔ آراستہ کرنا۔ خوبصورت بنانا۔
زَيَّنَ و أَزَانَ: بمعنے زَانَ۔ مونڈنا یا حجامت کرنا۔
تَزَيَّنَ و ازَّيَّنَ ازَّيَّانًا و ازْدَانَ إِزْدِيَانًا: آراستہ ہونا۔ خوبصورت ہونا۔ حجامت ہونا۔
زَيْنٌ ج أَزْيَانٌ: خوبصورتی۔ زیب۔ خوبصورت۔
— الدِّيكِ: مرغ کی کلغی۔
زِينَةٌ: زیور۔ زینت کی اشیاء۔ دعوت۔ دریائے نیل کی دعوت۔ چراغ دانی۔
أَمْرَاضُ الزِّينَةِ: جلد یا ناخن یا بالوں کے امراض۔
زِيَانٌ: زیور۔ پوشاک۔
زَيَانٌ: خوبصورت۔
مُزَيِّنٌ: حجام۔ مونڈنے والا۔ آراستہ کرنے والا۔

زَائِنٌ: زینت دینے والا یا والی۔
زَانَةٌ: سوء ہضمی۔
زَيَّا تَزْيِيَةً: پوشاک پہنانا۔
تَزَيَّا: پوشاک پہننا۔ آراستہ ہونا۔
— بِزِيِّ الْقَوْمِ: قوم کا لباس پہننا۔
زِيٌّ ج أَزْيَاءٌ: شکل و ہیئت۔ پوشاک پہنے ہوئے کی شکل۔ لباس۔ فیشن۔ رسم۔ مانند۔

س = ۶۰

س: فعل مضارع کو مستقبل قریب کے معنوں میں کر دیتا ہے۔
سَأَبَ = سَأْبًا: گلا گھونٹنا۔ چوڑی کرنا (مشک)
— و سَئِبَ = سَأَبًا مِنَ الشَّرَابِ: اس نے بہت شراب پی۔
سَأْبٌ ج سُؤُوبٌ: بڑی مشک۔ چمڑے کا بیگ۔ سُؤْبَانُ مَالٍ: مال کا اچھا ناظم۔
مِسْأَبٌ: بڑی مشک۔ بہت پانی پینے والا۔
سَأَتَ = سَأْتًا: گلا گھونٹنا۔
سَأْتٌ: گلے کا پہلو۔
سَأَدَ = سَأْدًا و سَأَدًا: گلا گھونٹنا۔
سَئِدَ: کھارے پانی کے استعمال سے بیمار ہونا۔
سَئِدَ = سَأَدًا: پینا۔ کھل جانا (زخم)

اَسْأَدَ: ساری رات چلنا۔
سُؤَادٌ: بیماری جس کا سبب کھاری پانی کا پینا ہوتا ہے۔
سُؤْدَةٌ: جوانی کا بقیہ۔
سَأَرَ ۔ سَأْرًا و اَسْأَرَ: جوٹھا چھوڑنا۔ بقیہ چھوڑنا۔
سَئِرَ ۔ سَأَرًا: باقی رہنا۔
اَسْأَرَ مِن: باقی چھوڑنا (حساب سے)
تَسَأَّرَ الاِنَاءَ: برتن کا جوٹھا پینا۔
سُؤْرٌ ج اَسْآرٌ: برتن میں باقیماندہ پانی ۔ باقی ماندہ۔ جوٹھا
سُؤْرٌ ثَعِيرٌ: بہت شریر
سُؤْرَةٌ: جوانی کا بقیہ۔ عمدہ مال۔
سَأْسَأَ بِالْحِمَارِ: گدھے کو ڈانٹنا۔
تَسَأْسَأَ: مختلف ہونا۔
سَأَفَ ۔ سَأْفًا و سَئِفَ ۔ سَأَفًا: ناخنوں کے گرد اگرد سے پھٹنا یا چھٹنا (ہاتھ)
سَئِفَ و اِنْسَأَفَ: پھٹنا (کھجور کے پتے وغیرہ)
سَأَفٌ: کھجور کی شاخ۔ دُم کے بال۔
سَئِفٌ (م) سَئِفَةٌ: پھٹا ہوا۔ چھٹا ہوا۔
سَائِفَةٌ ج سَوَائِفُ: ریت کے نیچے کی باریک ریت۔
سَأَلَ ۔ سُؤَالًا و سَآلَةً و سَأَلَةً و مَسْأَلَةً و تَسْآلًا عن و ب: پوچھنا
۔۔ : مانگنا۔
۔۔ و سَاءَلَ مُسَاءَلَةً عن: خبر پوچھنا۔
اَسْأَلَهُ سُؤْلَهُ و سُؤْلَتَهُ و مَسْأَلَتَهُ: اس نے اس کی حاجت برلائی
تَسَأَّلَ تَسَؤُّلًا و تَسَوَّلَ تَسَوُّلًا مانگنا۔
تَسَاءَلَ و تَسَاوَلَ: ایک دوسرے سے پوچھنا یا دریافت کرنا۔
سُؤْلٌ و سُوْلٌ و سُؤْلَةٌ و سُوْلَةٌ و سُؤْوْلٌ: درخواست التجاء۔
سَأَلٌ و سُؤَلَةٌ و سَؤُوْلٌ: بہت پوچھنے والا۔
سَائِلٌ ج سَائِلُوْنَ و سُؤَّلٌ و سُؤَّالٌ و سَأَلَةٌ: مانگنے والا فقیر۔
مَسْأَلَةٌ ج مَسَائِلُ: حاجت۔ مطلب۔
مَسْؤُوْلِيَّةٌ: ذمہ داری
سَئِمَ ۔ سَأْمَةً و سَأْمًا و سَأْمَةً و سَآمًا و سَآمَةً و مِن اُکتا جانا۔
اَسْأَمَ اِسْآمًا: ملول کرنا۔
سَؤُوْمٌ: ملول۔ اکتایا ہوا۔
سَأَى ۔ سَأْوًا: دوڑنا۔ پیش کرنا۔ کھینچکر پھاڑنا (کپڑا) ارادہ کرنا۔ قصد کرنا
۔۔ بَيْنَ: دشمنی ڈالنا۔
سَأْوٌ: وطن۔ وہ جہت جس کا ارادہ کیا جائے۔ درد۔
هُوَ بَعِيْدُ السَّأْوِ: وہ بڑی ہمت اور سعی والا ہے۔ وہ دور کا قصد کرنے والا ہے۔
سَبَّ ۔ سَبًّا: سخت گالی دینا۔ کاٹنا۔ مقعد میں نیزہ مارنا۔
۔۔ الفَرَسَ: گھوڑے کی کونچیں کاٹنا
سَبَّبَ: بہت گالی دینا۔ اسباب بنانا سبب بننا۔
۔۔ لِلْمَاءِ مَجْرًى: اس نے پانی کے لئے نالی درست کی۔
سَابَّ مُسَابَّةً و سِبَابًا: گالی دینا۔ بیعزتی کرنا۔
تَسَبَّبَ: اسباب تلاش کرنا۔ سبب بننا۔ چھوٹی تجارت کرنا۔ گذارہ تلاش کرنا۔
۔۔ الی و با: وسیلہ بننا۔
تَسَابَّ و اسْتَبَّ: ایک دوسرے کو گالی دینا۔
اِسْتَسَبَّ لِ: گالی کے لئے پیش کرنا۔ یا کھینچ کر گالی کے لئے لے جانا۔ درست ہونا (معاملہ)
سِبٌّ ج سُبُوْبٌ: گالی دینے والا۔ رسی۔ پگڑی۔ بیخ۔ السی کا باریک ٹکڑا۔ عورت کا برقع۔
۔۔ و سُبَبَةٌ و مِسَبٌّ و مِسَبَّةٌ بہت گالی دینے والا۔
سَبَّةٌ: عرصہ۔ وقت کا حصہ
سُبَّةٌ: مقعد۔ بہت بدنام۔ عار۔ بےعزتی۔ بہت گالی دیا ہوا۔
سِبَّةٌ: ایک ہفتہ کا عرصہ۔ سبابہ انگلی
سَبَبٌ ج اَسْبَابٌ: رسی۔ ذریعہ۔ سڑک۔ دوستی۔ رشتہ داری کا تعلق۔ علم عروض کی اصطلاح میں دو متحرک حرف یا ایک متحرک اور دوسرا ساکن حرف
قطع اللّٰهُ بِهِ السَّبَبَ: خدا نے اس کی زندگی کی رسی کاٹ دی۔
تَقَطَّعَ بِهِمُ الاَسْبَابُ: ان کے تعلقات اور محبتیں کٹ گئیں۔

أَسْبَابُ السَّمَاءِ : آسمان کے اطراف اور کنارے۔
تَعَاطِی الْأَسْبَابِ : ذرائع ۔ تجارت گذارہ۔
سَبِيْبٌ ج سَبَائِبُ : بالوں کی بٹی گھوڑے کی ایال یا دُم یا ماتھے کے بال بالوں کی لٹ۔
سَبِيْبَةٌ ج سَبَائِبُ : بالوں کی لٹ بالوں کی بٹی۔ السی کے کپڑے کا ٹکڑا۔
سَبَّابُ الْعَرَاقِيْبِ : تلوار۔
سَبَّابَةٌ و مِسَبَّةٌ : انگوٹھے کے ساتھ کی اُنگلی۔
أُسْبُوْبَةٌ : گالیوں کا باعث۔
إِبِلٌ مُسَبَّبَةٌ : چیدہ اُونٹ۔
مُتَسَبِّبٌ : چھوٹا سوداگر۔ پھیری والا سوداگر۔ بساتی۔
سَبَأَ ـ سَبْأً و سِبَاءً و مَسْبَأً و اِسْتَبَأَ : پینے کے لئے خریدنا۔ (شراب) جلانا ۔ یا اُتارنا (چمڑہ) کوڑے مارنا۔ کانپنا (ہاتھ)
أَسْبَأَ لَهُ : مطیع ہونا۔
ــــ عَلٰی يَمِيْنٍ كَاذِبَةٍ : جلد بازی سے جھوٹی قسم کھانا۔
ــــ عَلَى الشَّرِّ : شرارت کا مطیع ہونا شریر ہونا۔
اِنْسَبَأَ : اُترنا (چمڑہ)
سَبَأٌ : ملک یمن کی ایک قوم کا نام۔
تَفَرَّقُوْا أَيْدِيْ سَبَا وَ أَيَادِيْ سَبَا : وُہ بکھر گئے۔
سِبَاءٌ و سَبِيْئَةٌ : شراب۔ شراب کی خرید۔
سَبَّاءٌ : شراب فروخت کرنے والا۔

سُبْأَةٌ : دُور کا سفر۔
سَبِيْءٌ مِنَ الْحَيَّةِ : سانپ کی کینچل۔
مَسْبَأٌ : راستہ۔
سَبَتَ ـِ سَبْتًا : آرام لینا۔ کاٹنا (چیز) کام چھوڑ دینا۔ ہفتہ کے دن میں داخل ہونا۔ سبت منانا ۔ حیران ہونا۔ رد کنا۔ مونڈنا (سر) لٹکانا (بال) مارنا (گردن پر)
سُبِتَ : بے سدت ہونا ۔ مرنا۔ سبات کی بیماری میں گرفتار ہونا۔
أَسْبَتَ : ہفتہ کے دن میں داخل ہونا
اِنْسَبَتَ : لمبا ہونا۔ نرم کرنا۔ پکنا (کھجور)
اِسْتَبَتَ : سبت منانا۔
سَبْتٌ ج سُبُوْتٌ و أَسْبُتٌ : روز ہفتہ۔ پورے سات دن۔ بہت عمدہ گھوڑا۔ دلیر لڑکا۔ بہت سونے والا۔ بہت عقلمند۔ زمانہ۔
ــــ و سَبْتَةٌ : عرصہ۔ وقت کا حصّہ
أَقَمْتُ سَبْتًا : میں کچھ دیر رہا۔
سِبْتٌ : دھوڑی۔ رنگا ہوا چمڑہ۔
سُبْتٌ : ایک قسم کی خطمی۔
سُبَاتٌ : نیند یا اُونگھ۔ آرام۔ زمانہ۔ عقلمند۔
اِبْنَا سُبَاتٍ : دن اور رات
سَبْتَانُ : بے وقوف۔
سَبْتَاءُ : صحراء۔
سَبَنْتَى ج سَبَانِتُ و سَبَاتَى : دلیر چیتا۔
سَبَنْتَاةٌ : دلیر یا زبان دراز عورت۔
مُسْبِتٌ : بے حرکت بے سدت ۔ ہفتہ میں داخل ہونے والا۔
مَسْبُوْتٌ : مردہ۔ مونڈا ہوا۔ بیہوش

تَسَبَّجَ : سیاہ چادر یا گلیم پہننا
سُبْجَةٌ و سَبِيْجَةٌ ج سُبُجٌ : سیاہ چادر یا گلیم۔ بے آستین سیاہ گون۔
سَبَجٌ : سیاہ منکے۔
سَبَّاجٌ : سیاہ چادر یا گلیم فروخت کرنے والا۔
ثَوْبٌ مُسَبَّجٌ : چوڑا کپڑا۔
سَبَحَ ـَ سَبْحًا : سونا۔ آرام لینا۔ حسب مرضی کام کرنا۔ اپنی معاش میں تیزی سے کام کرنا۔ پھیلنا (قوم) دوڑنا (گھوڑا) دُور نکل جانا۔
ــــ فِي : کھودنا (زمین) بہت کرنا ۔ (کلام)
ــــ عن : فارغ ہونا۔
ــــ سَبْحًا و سِبَاحَةً فِي و بِالْمَاءِ : پانی میں تیرنا۔
ــــ سُبْحَانًا : سبحان اللہ کہنا۔
سَبَّحَ تَسْبِيْحًا و لِ : خدا کی شان بیان کرنا۔ خدا کی پاکیزگی بیان کرنا۔
ــــ : عبادت کرنا ۔ خدا کے اوامر و نواہی پر عمل کرنا۔ نماز پڑھنا ۔ دُعا کرنا
أَسْبَحَ : تیرانا۔
سَبْحَةٌ : ایک بار کا تیرنا۔ کھال کے کپڑے۔
سُبْحَةٌ ج سُبَحٌ و سُبُحَاتٌ : دُعا۔ نفلی نماز۔ منکوں کی تسبیح۔
ــــ اللّٰهِ : خدا کی شان و جلال۔
سُبُحَاتُ وَجْهِ اللّٰهِ : خدا تعالٰی کے انوار۔
سُبْحَانَ اللّٰهِ : خدا کی شان۔ خدا نقصوں سے پاک ہے۔
تَسْبِحَةٌ ج تَسَابِيْحُ : بھجن۔ مذہبی گیت

سَابِحٌ ج سَابِحُون وسُبَّاحٌ وسُبَحَاءُ (م) سَابِحَةٌ ج سَابِحَاتٌ وسَوَابِحُ: تسبیح پڑھنے والا - تیز دوڑنے والا گھوڑا

سَابِحَاتٌ: جہاز - ستارے -

سَبَّاحٌ: اچھا تیراک -

سَبُوحٌ ج سُبَحَاءُ: بہت تیراک اچھا تیراک -

سُبُّوحٌ: بہت شان وشوکت والا - عیوب سے پاک -

ثَوْبٌ مُسَبَّحٌ: مضبوط کپڑا -

مُسَبِّحَةٌ: انگوٹھے کے ساتھ کی انگلی

مِسْبَحَةٌ ج مَسَابِحُ: منکوں کی تسبیح -

سَبْحَلَ سَبْحَلَةً: سبحان اللہ پڑھنا -

سِبَحْلٌ: موٹا -

جَارِيَةٌ سِبَحْلَةٌ: لمبے قد والی لونڈی -

سَبْحَنَ: سبحان اللہ پڑھنا -

سَبَخَ ـُ سَبْخًا وسَبَخَ: گہری نیند سونا - فارغ ہونا - دُور ہونا -

سَبِخَ ـَ سَبَخًا وأَسْبَخَ: شور والی ہونا (جگہ)

سَبَّخَ: کم کرنا یا کم ہونا - (گرمی) گہری نیند سونا - آرام لینا - فارغ ہونا - دُھننا (روئی)

ـــ عن: کم کرنا - (تپ)

أَسْبَخَ فِي الْحَفْرِ: کھودنے میں شورے والی زمین تک پہونچنا -

تَسَبَّخَ: سرد پڑنا یا ہلکا ہونا (گرمی غصہ)

سَبَخَةٌ (ج سِبَاخ) وسَبِخَةٌ ج سَبِخَاتٌ: شور (زمین)

سَبَخَةٌ ج سِبَاخٌ: ویران کھیت جو نہ جوتا گیا ہو - نمکین و دلدلی زمین -

سِبَاخٌ: کھاد -

سَبِيخٌ (مفرد سَبِيخَةٌ) ج سبائخ دُھنی ہوئی روئی - یا بکھرے ہوئے بال یا پر

سَبَدَ ـُ سَبْدًا وأَسْبَدَ: مونڈنا (بال) بڑھنا (مونچھیں)

سَبَّدَ: مونڈنے کے بعد اُگنا (بال) پر نکلنا (چوزہ کے) نمودار ہونا (کانٹے) کنگھی کرنا (سر) سر کو تیل لگانا - ترک کرنا پُرانے گھاس کے درمیان اُگنا (نیا گھاس)

سِبْدٌ ج أَسْبَادٌ: بھیڑیا - مصیبت هُوَ سِبْدٌ مِنَ الأَسْبَادِ: وُہ ہوشیار چور ہے -

أَسْبَادٌ: سیاہ کپڑے - کانٹوں کے سرے -

سَبَدٌ: تھوڑے بال -

مَالَهُ سَبَدٌ ولا لَبَدٌ: نہ اس کے پاس بال ہیں اور نہ صُوف یعنی کچھ بھی نہیں -

سَبِيدٌ: سبز گھاس کا بقیہ -

سُبَدٌ ج سِبْدَانٌ: جنگلی ابابیل - نرم پروں والا ایک پرندہ ہے - بُرا شگون - حوض بند کرنے کا ڈاٹ جو چیتھڑوں وغیرہ سے بناتے ہیں -

سَبَنْدَى ج سَبَانِدُ و سَبَنْدَاةٌ: لمبا - دلیر - چیتا -

سَبَانِدَةٌ: کھیل کود میں مشغول رہنے والے اشخاص -

سَبَرَ ـُ سَبْرًا واسْتَبَرَ: ٹٹولنا (زخم) گہرائی معلوم کرنا (کنواں وغیرہ کی) قیاس سے اندازہ لگانا -

سَبْرٌ: تیر چہرہ کی چمک -

ـــ وسِبْرٌ ج أَسْبَارٌ: اصل جڑ - رنگ - خوبصورتی خوش شکلی -

سِبْرٌ: عداوت - مشابہت -

سَبْرَةٌ ج سَبَرَاتٌ: ٹھنڈی صبح -

سِبَارٌ (ج سُبُرٌ) ومِسْبَرٌ و مِسْبَارٌ ج مَسَابِرُ ومَسَابِيرُ زخم کی گہرائی معلوم کرنے کی سلائی -

سَابِرِيٌّ: منسوب بسابوس - عمدہ کپڑا - عمدہ باریک کڑیوں سے بنی ہوئی زرہ - نہایت عمدہ کھجور -

سَبُّورَةٌ: سلیٹ - تختی -

مَسْبَرٌ: اندرونی حالت جو ظاہری شکل سے معلوم ہو سکے -

مَسْبُورٌ: خوش شکل -

سَبْرَتَ: قانع ہونا - مانگنا - مفلس ہونا -

سُبْرُوتٌ وسِبْرِيتٌ وسِبْرَاتٌ ج سَبَارِيتُ: مسکین - غریب - محتاج -

سُبْرُوتٌ: تھوڑی چیز - چٹیل ریگستان - بے ریش -

مُسَبْرَتٌ: بے بال -

سَبْسَبَ: بہانا (پانی) نرم چال چلنا - بُری گالی دینا -

تَسَبْسَبَ: بہنا (پانی)

سَبْسَبٌ ج سَبَاسِبُ: سُنسان جگہ

بیابان - وسیع میدان -
سَبِطَ ـَ سَبَطًا و سُبُوطًا و
سَبُطَ ـُ سُبُوطَةً و سَبَاطَةً :
سیدھے ہونا (بال)
سَبُطَ ـُ سَبَاطَةً : بہت ہونا -
(بارش) فیاض ہونا -
سُبِطَ سَبْطًا : بخار ہونا -
اَسْبَطَ : ڈر سے خاموش رہنا - بےحس و
حرکت ہونا - کمزور ہونا -
— بِالْاَرْضِ : زمین سے چمٹنا -
— عَنِ الامر : چشم پوشی کرنا -
— فِی النَّوْمِ : گہرا سونا -
سَبَّطَتِ النَّاقَةُ : اونٹنی نے ناتمام
بچہ گرا دیا -
سِبْطٌ ج اَسْبَاطٌ : پوتا - نواسا یہود
کا قبیلہ - ہر ایک قبیلہ جو ایک آدمی کی
نسل سے ہو - گروہ -
سَبْطٌ : سیدھے (بال) بہت (بارش)
— الیَدَیْنِ اَوِ الْبَنَانِ : کریم
فیاض -
سَبْطٌ و سَبِطُ الْجِسْمِ : عمدہ قد و
قامت والا -
شَعْرٌ سَبْطٌ : سیدھے بال -
سَبَطٌ : بہت شاخوں والا درخت
سُبَاطٌ : بخار - تپ -
سُبَاطٌ : ماہ فروری -
سُبَاطَةٌ : بال جو کنگھی کرنے سے
گرتے ہیں - کوڑا کرکٹ - کوڑا کرکٹ و گند
ڈالنے کی جگہ - کھجور کے خوشے -
سَابُوْطٌ : سمندری جانور کا نام -
سَابَاطٌ ج سَوَابِیْطُ و سَابَاطَاتٌ
گیلری کا چھت - وہ چھت جو دو لونوں مکانوں
کے درمیانی راستہ پر ہو -
سَبَطَانَةٌ : نے کی طرح کی نالی جس
میں غلہ وغیرہ ڈال کر پرندہ کو مارتے ہیں -
اِسْبَطَرَّ : لیٹ کر انگڑائی لینا -
جلدی کرنا (اونٹ)
— لَهٗ : اس کے لئے قائم ہوئی (حکومت)
سِبَطْرٌ ج سِبَطْرَاتٌ : تیز -
لمبا - ذکی القلب - ذہین -
سَبِطْرَاتٌ : زمین پر لیٹے ہوئے (اونٹ)
سِبَطْرَی : مغرورانہ چال -
سَبَیْطَرٌ : بگلا - لمبا -
سَبَعَ ـُ سَبْعًا : ساتواں ہونا -
ساتواں حصہ لینا - گالی دینا - پھاڑنا -
(درندہ) مارنا - ڈرانا - چرانا - سات
لڑی والی بنانا (رسی) سات بنانا -
سَبَّعَ : ساتویں مہینے جننا - سات بنانا -
سات گنا بنانا - سات ضلعوں والی بنانا -
(شکل) سات بار دھونا (برتن) سات
دفعہ دُہرانا -
— لَ : سات گنا اجر دینا - سات
دفعہ دینا - یا سات بچے عطا کرنا (خدا
کا بندہ کو)
سَابَعَ مُسَابَعَةً و سِبَاعًا : گالی
دینا - کاٹنا (دانتوں سے)
اَسْبَعَ : سات ہونا - بہت درندوں
والی ہونا (جگہ) ساتویں روز پانی پلانا -
(اونٹ کو) درندہ کا گوشت کھلانا -
غفلت کرنا (غلام) دائی کو دینا (بچہ)
— الرَّاعِیْ : چرواہے کے مویشیوں
پر درندہ آ پڑا -
اِسْتَبَعَ : چرانا - لوٹنا -
اِسْتَسْبَعَ : سات ہونا - پھاڑنا (بھیڑیا کو)
چرانا -
سَبْعَةٌ (م) سَبْعٌ : سات -
یَوْمَ السَّبْعِ : روز قیامت -
سَبْعٌ : سخت (معاملہ)
سَبْعٌ مِنَ الْمَثَانِیْ : سورۃ فاتحہ
یا پہلی سات سورتیں -
سُبْعٌ ج اَسْبَاعٌ : ساتواں حصہ
ساتویں روز کی باری کا بخار -
سَبُعٌ ج اَسْبُعٌ و سِبَاعٌ و
سُبُوْعٌ و سُبُوْعَةٌ : درندہ -
پھاڑنے والا -
سِبْعٌ : ساتویں دن کی پانی پینے کی
باری -
سُبَاعِیٌّ : سات حرفوں والا - سات
بالشت اونچا بڑا اونٹ - سات ماہ
میں پیدا شدہ - پورے قد والا (آدمی)
سَبْعُوْنَ : ستر -
سَبِیْعٌ : ساتواں حصہ - ایک قوم کا نام
سَابِعٌ ج سَبَعَةٌ و سَابِعُوْنَ :
ساتواں -
سُبُّوْعٌ : دعوت شادی -
اُسْبُوْعٌ ج اَسَابِیْعُ : ہفتہ یعنی
سات روز -
اُسْبُوْعًا : سات دفعہ - سات گنا -
مُسْبَعَةٌ : زمین جس میں بہت درندے
ہوں -
مُسْبَعٌ : سات ماہ کا بچہ - بچہ جس کی
ماں مر گئی ہو - حرام زادہ - غلام زادہ -
سَبَغَ ـُ سُبُوْغًا : لمبا ہونا پورا
ہونا (کپڑا) وسیع یا فراخ ہونا (عیش)
پھیلنا (بارش)
— اِلٰی وَطَنِهٖ : وہ اپنے وطن کی طرف جھکا

سَبَّخَ : بے بال بچہ گرانا (جانور)

اَسْبَغَ : لمبا وکشادہ کرنا (کپڑا) پوری پہننا (زرہ)

— عَلَیْهِ النِّعْمَةَ : اُس نے اُس پر نعمت پوری کی

سُبُغٌ وَمُسْبِغٌ : لمبی زرہ پہننے والا

سَبْغَةٌ : آسودگی ۔ وسعت ۔

سَابِغَةٌ ج سَوَابِغُ : فراخ اور لمبی زرہ ۔ بکثرت (بارش) پرشکل کپڑا ۔

سَابِغٌ : لمبے کپڑے والا جس کا کپڑا زمین سے رگڑتا جائے ۔ لمبی (دُم)

تَسْبِغَةٌ وَتَسْبِغَةٌ ج تَسَابِغُ : زرہ کا وہ حصہ جو خود کو زرہ کی کڑیوں سے ملاتا ہے ۔ اور گردن کی حفاظت کرتا ہے ۔ دُم ۔

اِسْبَغَلَّ : پانی سے تر ہونا (کپڑا) تیل سے تر ہونا (بال)

مُسْبَغِلٌّ : کشادہ ۔

سَبَقَ ـُ سَبْقًا اِلیٰ : آگے ہونا ۔ سبقت لے جانا ۔

— عَلیٰ کَذَا : غالب آنا ۔

سَبَّقَ : قبل از وقت بچہ گرانا (بکری) شرط لینا یا دینا ۔ روکنا یا قید کرنا ۔ (پرندہ)

سَابَقَ سِبَاقًا وَمُسَابَقَةً : مقابلہ پر دوڑنا ۔ دوڑنے میں بڑھ جانا

اَسْبَقَ اِلیٰ : جلدی کرنا ۔

تَسَابَقَ وَاِسْتَبَقَ : مقابلہ پر دوڑنا ۔

اِسْتَبَقَا الْبَابَ : دونوں نے دروازہ کی طرف جلدی کی ۔

اِنْسَبَقَ : جلدی سے بولنا یا کام کرنا ۔

سُبْقَةٌ وَسَبَقٌ ج اَسْبَاقٌ : شرط جو دوڑ پر رکھی جاتی ہے ۔

لَہٗ سَبْقٌ وَسَابِقَةٌ فِی هٰذَا : اس کو اس میں سبقت ہے ۔ یا ترجیح ہے

سَابِقٌ ج سُبَّاقٌ وَسَابِقُوْنَ : دوڑ میں جیتنے والا ۔ پہلا

سَابِقَةٌ ج سَوَابِقُ وَسَابِقَاتٌ : اقدمیت ۔ پہل ۔

سَوَابِقُ : گھوڑے

سَابِقَاتٌ : فرشتے ۔

سِبَاقٌ : گھوڑ دوڑ ۔ بندش ۔ قید ۔

سَبَّاقٌ : ہمیشہ آگے نکل جانے والا یا جیتنے والا (گھوڑا)

سَبُوقٌ وَمُسَبِّقٌ : آگے بڑھنے والا (گھوڑا)

سَبَكَ ـِ سَبْكًا وَسَبَّكَ : پگلانا ۔ ڈھالنا (دھات)

اِنْسَبَكَ : پگلنا ۔ ڈھلنا (دھات)

سَبِيْكَةٌ ج سَبَائِكُ : ڈلا (چاندی وغیرہ کا جو پگلا کر قالب میں ڈالا گیا ہو)

مَسْبَكٌ ج مَسَابِكُ : ڈھالنے کی جگہ یا کارخانہ ۔

سَبْكَرَ : لمبا کرنا ۔ لمبی ہونا (لڑکی)

سَبَلَ ـُ سَبْلًا : گالی دینا ۔

سَبَّلَ : وقف کرنا ۔ خدا کی راہ میں خیرات کرنا ۔ مباح کرنا ۔ لٹکانا (پردہ)

اَسْبَلَ : لٹکانا یا گرانا (پردہ) بہانا (آنسو) بالیں نکالنا (فصل) گرنا (بارش یا آنسو) بہت آمد ورفت والا ہونا (راستہ)

— عَلَیْهِ : اس کے برخلاف اس نے بہت کلام کیا ۔

سَبَلٌ : مینہ جو بادل سے نکل آیا ہو اور ابھی زمین پر نہ پہونچا ہو ۔ ناک ۔ بالیں (کھیت کی) آنکھ کی ایک بیماری جس میں آنکھ پر پردہ چھا جاتا ہے ۔ بہنے والی بارش یا خون

سَبَلَةٌ ج سِبَالٌ : مونچھیں ۔ ڈاڑھی کا اگلا حصہ ۔ اوپر کے لب کے درمیان کا دائرہ ۔

— وَسُبُوْلَةٌ : خوشہ ۔ بالی ۔

مَلَأَ الْاِنَاءَ اِلیٰ سَبَلَتِهٖ : اس نے برتن کو کنارہ تک بھرا ۔

نَشَرَ سَبَلَتَهٗ : اس نے دھمکی دی ۔

جَرَّ سَبَلَتَهٗ : اس نے اپنے کپڑے گھسیٹے ۔

حَسَنُ السَّبَلَةِ : خوبصورت چہرے والا

سَبِیْلٌ ج سُبُلٌ وَاَسْبُلٌ وَاَسْبِلَةٌ وَسُبُوْلٌ : سڑک ۔ راستہ ۔ ذریعہ ۔ واسطہ ۔ پبلک کا فوارہ ۔

— اللّٰهِ : جہاد ۔ حج ۔ پڑھنے کی خواہش ۔ خدا تعالےٰ کے احکام ۔

لَیْسَ عَلَیَّ فِیْ هٰذَا سَبِیْلٌ : مجھ سے اس کے متعلق کوئی بازپرس نہیں

لَیْسَ لَكَ عَلَیَّ سَبِیْلٌ : تو مجھ سے کوئی بازپرس نہیں کرسکتا ۔ تیرے لئے مجھ پر کوئی حجت نہیں ۔

اِبْنُ سَبِیْلٍ : مسافر ۔

سَبِیْلَةٌ : سڑک ۔ راستہ ۔

سَابِلَةٌ ج سَوَابِلُ : راہ گزروں کی جماعت ۔ بہت مستعمل راستہ ۔

اَسْبَلُ وَمُسْبِلٌ وَمُسَبَّلٌ : لمبی مونچھوں والا ۔

عَیْنٌ سَبْلَاءُ : لمبی پلکوں والی آنکھ ۔

إِمْرَأَةٌ سَبْلَاءُ: مونچھوں والی عورت
أَسْبَنَ: سیاہ تہ بند باندھتا (عورت)
سَبْنِيَّةٌ: سیاہ ریشم کا برقع۔ عورتوں کی سیاہ تہ بند۔
سَبَنْتٌ وسَبَنْتَةٌ: عرصہ۔
سَبَنْتَى ج سبانِتُ وسَبَابَات: دلیر آگے بڑھنے والا۔ چیتا۔
سَبِهَ سَبَهًا وسُبِّهَ تَسْبِيهًا بڑھاپے کی وجہ سے عقل زائل ہونا۔
سُبَاهٌ: سکتہ کی مرض۔
سَبَاهِيٌّ: بڑھاپے کی وجہ سے بےعقل
مَسْبُوهٌ ومُسَبَّهٌ: بےعقل
مُسَبَّهٌ: فصیح اللسان۔
جَاءَ سَبَهْلَلًا: وہ بغیر ہتھیار یا لاٹھی کے آیا۔ یعنی بے پرواہ آیا۔
سَبَى ـِ سَبْيًا وسِبَاءً واسْتَبَى قید کرنا۔ جلا وطن کرنا۔ دور کرنا۔ ایک ملک سے دوسرے ملک لے جانا۔ (شراب) کھودنے سے پانی تک پہونچنا۔
تَسَابَى: ایک دوسرے کو قید کرنا۔
سَبِيٌّ ج سُبِيٌّ: قیدی۔ اسیر۔ سانپ کی کینچلی۔
سَبِيٌّ (مذکر و مؤنث) ج سَبَايَا: قیدی سانپ کی کینچلی۔
سَبِيَّةٌ: موتی۔ دوسرے ملک میں بھیجی ہوئی شراب۔ قیدی عورت۔
سَابِيَاءُ ج سَوَابِي: بے شمار ریوڑ ریوڑ کی پیداوار۔ اونٹ جو نسل بڑھانے کے لئے رکھے جائیں۔ چھچھوندر کے بل کی مٹی۔
سَتٌّ: بری کلام۔ عیب۔ برائی۔
سِتَّةٌ (م) سِتٌّ: چھ۔

سِتُّونَ: ساٹھ۔ ساٹھواں۔
سَاتٌّ: چھٹا۔
أُسْتَاذٌ ج أَسَاتِذَةٌ وأَسَاتِيذُ مدرس۔ ماسٹر۔ پروفیسر۔ ڈاکٹر۔
سَتَرَ ـُ سَتْرًا وسَتَرًا: ڈھانکنا چھپانا۔
تَسَتَّرَ واِنْسَتَرَ واِسْتَتَرَ: ڈھک جانا۔ چھپ جانا۔
سِتْرٌ ج سُتُورٌ وأَسْتَارٌ: پردہ برقع۔ خوف۔ شرم۔ حیا۔
سَتْرٌ: ڈھال۔
سُتْرَةٌ ج سُتَرٌ: ڈھکنا۔ پردہ۔
سِتَارٌ (ج سُتُرٌ) وسِتَارَةٌ ج سَتَائِرُ: پردہ۔ برقع۔
سَتِيرٌ: پاک دامن۔
سَتِيرَةٌ: پاک دامن عورت۔
مَسْتُورٌ ج مَسْتُورُونَ و مَسَاتِيرُ: پاک دامن۔ تنگدست۔
سَتَّارٌ: پردہ پوش۔ بہت چھپانے والا۔
سُتَارِيٌّ وسُوتَارِيٌّ: مسخرہ۔
إِسْتَارٌ ج أَسَاتِيرُ وأَسَاتِرُ: چار۔ چار مثقال۔
مِسْتَرٌ ومِسْتَارَةٌ: پردہ۔ ڈھکنا برقع۔
مُسَتَّرَةٌ: پردہ دار عورت۔
سُتُّوقٌ: کھوٹے روپے۔
مُسْتُقَةٌ: لمبی آستینوں والی پوستین۔
سَتَلَ ـُ سَتْلًا وتَسَاتَلَ و اِسْتَتَلَ: قطار میں نکلنا۔ یکے بعد دیگرے گرنا (موتی)

ــــ: قطرے قطرے بہنا (آنسو)
سَتِلَ ـَ سَتَلًا وسَاتَلَ: پیروی کرنا۔
اِسْتَتَلَ: ایک دو سوے کے پیچھے چلنا۔
سَتَلٌ ج سِتْلَانٌ: پانی کا چشمہ عقاب۔
سُتَالَةٌ: ردی چیز۔
مُسْتَلٌ ج مَسَاتِلُ: تنگ راستہ
أَسْتَنٌ وأَسْتَانٌ: بوسیدہ درخت کی جڑھیں۔
إِسْتَانَةُ: قسطنطنیہ۔
سَتَهَ ـَ سَتْهًا: پیچھے لگنا۔ کھوج لگانا۔ سُرین پر مارنا۔
سَتْهٌ وسَتَهٌ واَسْتٌ ج أَسْتَاهٌ: سُرین۔ چوتڑ۔
أَسْتَهُ ج سُتْهٌ وسُتْهَانٌ: موٹے سُرین والا۔
سَتَا ـُ سَتْوًا: جلدی کرنا۔
سَتَّى واَسْتَى: تننا (کپڑے)
سَتًى وأُسْتِيٌّ: تانا۔ تنا ہوا کپڑا
سَتَّى الثَّوْبَ: کپڑے کا تانا۔
ما أنت لُحْمَةٌ ولا سَتَاةٌ: نہ تو بانا اور نہ تانا۔ یعنی تو کسی گنتی میں نہیں ہے۔
سَجَّ ـُ سَجًّا: لیپنا (دیوار)
سَجَّةٌ وسَجَاجٌ: بہت پانی والا دودھ۔
سُجُجٌ: لیپی ہوئی چھتیں۔ نیک نفوس۔
مِسَجَّةٌ: گلمالہ۔ لکڑی کا اوزار جس سے معمار لپائی کرتے ہیں۔

سَجَحَ ـ سَجحًا: کوکو کرنا (کبوتری) — وَسَجَّحَ لہٗ بکلامٍ: اشارہ اور کنایہ سے بات کرنا۔

سَجِحَ ـ سَجحًا وَسَجَاحَۃً: ملائم ہونا (رخسارہ)۔ کم گوشت ہونا نرم ہونا (طبیعت) درمیانہ قد کا ہونا — وَ اَسجَحَ: سہولت کرنا۔ آسانی کرنا۔ عفو کرنا (حاکم)

اِذَا سَأَلتَ فَاَسجِح: جب تو سوال کرے۔ تو نرمی سے کر۔

سُجُحٌ: نرم برد بار۔ قدر۔ اندازہ ماپ۔ خوش اخلاق۔ — وسُجُحٌ: سڑک کا وسطی حصہ۔

سَجِیحٌ: برد بار

سَجْحَۃ وَسَجِیحَۃٌ: خصلت خُلق فطرت۔ طبیعت

سَجِیحَۃ: اندازہ۔

سِجَاحٌ: سامنے کا۔ محاذات پر۔

اَسجَحُ (م) سَجحَاءُ ج سُجْحٌ خوبصورت۔ متناسب اعضاء والا۔

سُجَاحٌ: ہوا۔

سَجَدَ ـ سُجُودًا: خاکساری سے جھکنا۔ کھڑا ہونا۔ عاجز ہونا۔ سر نیچے کرنا (اُونٹ) عبادت میں پیشانی و ناک زمین پر رکھنا

سَجِدَتْ ـ سَجَدًا: سوجنا (پاؤں)

اَسجَدَ: سر جھکانا۔ نیچے کرنا (آنکھ)

سَاجِدٌ ج سُجَّدٌ وسُجُودٌ: جھکنے والا۔ سجدہ کرنے والا۔

سَاجِدُ الْمَنخَرِ: خاکساری کرنے والا۔

سَاجِدَۃٌ ج سَاجِدَات وسَوَاجِدُ جھکنے والی۔ سست (آنکھ) جھکا ہوا۔ (درخت)

سَجَّادٌ: بہت سجدہ کرنے والا۔ عابد۔

سَجَّادَۃٌ ومِسجَدَۃٌ: نماز کا مُصلّٰی فرش کا کپڑا۔

اَسجَدُ: پھولے ہوئے پاؤں والا۔

سِجْدَۃٌ: سجدہ۔

مَسجِد ج مساجِدُ: عبادت کی جگہ۔ مسجد۔

مَسجِد حَرَام: بیت اللہ شریف۔

مَسجِد اَقصٰی: مسجد جو ملک شام میں حضرت سلیمانؑ نے بنائی تھی اور اب اس مقام پر مسجد عمر بنی ہوئی ہے۔

مَسجِدَانِ: مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کی دو مسجدیں۔

مَسجَدٌ ج مَسَاجِدُ: پیشانی۔ عبادت گاہ۔ مسجد۔ جسم کے وُہ حصے جو سجدہ کے وقت زمین پر لگتے ہیں۔

سَجَرَ ـ سُجُورًا وسَجْرًا: گرم کرنا (تنور) بھرنا (پانی کا دریا کو) پٹکا ڈالنا (کتے کے گلے میں) آواز دینا (اُونٹنی) طغیانی میں آنا (سمندر) ڈالنا (پانی۔ حلق میں)

سَجَّرَ: جاری کرنا (پانی) گرم کرنا۔ (تنور) لمبی آواز نکالنا (اُونٹنی)

سُجِّرَ: چڑھنا (سمندر)

سَاجَرَ: مخلص دوست بننا۔

اِنسَجَرَ: بھر جانا (برتن) قطار میں چلنا (اُونٹ)

سَجْرٌ: رعد کی آواز۔ بھرا ہوا کنواں

سَجَرٌ وسُجرَۃٌ: آنکھوں کی سُرخی۔

سُجرَۃٌ ج سُجَرٌ: دریا کو بھرنے والا پانی

سَجُورٌ ومِسجَرٌ: ایندھن۔

سَجِیرٌ ج سُجَرَاءُ: خالص دوست

سَاجِرٌ: سیلاب جو ہر چیز کو بھر دے سیلاب میں ڈوبی ہوئی جگہ

سَاجُورٌ ج سَوَاجِیرُ: لکڑی جو کتے کے گلے میں لٹکاتے ہیں۔ کتے کے گلے کا پٹکا یا طوق۔

اَسجَرُ: سُرخ آنکھ والا۔ شیر۔ خالص کیچڑ والا تالاب۔

مَسجُورٌ: گرم کیا ہوا۔ بھرا ہوا۔ چڑھا ہوا (سمندر) بہت پانی والا وودھ۔ پروئے ہوئے (موتی) لڑی سے گر کر بکھرے ہوئے (موتی) بہت آبدار (موتی)

مُسَجَّرٌ ومُنسَجِرٌ: لٹکے ہوئے (بال)

سَجِسَ ـ سَجَسًا: گدلا اور متغیر ہونا (پانی) حرکت کرنا۔

سَجَّسَ: بدبودار اور خراب ہونا۔ (چشمہ)

سَجِسٌ وسَجِیسٌ وسَجْسٌ: گدلا بدبودار۔

لَا آتِیہِ سَجِیسَ اللَّیَالِی و سَجِیسَ الاَوْجَس وسَجِیسَ عَجَیْسٍ: میں کبھی اس کے پاس نہیں جاؤنگا۔

سَجسَجٌ: معتدل ہوا۔ زمین جو نہ بہت سخت ہو اور نہ بہت نرم۔ پو پھٹنے اور سورج نکلنے کے درمیان کا وقت۔

سَجَعَ ـ سَجْعًا: قصد کرنا ارادہ کرنا۔ کراہنے کی آواز کو لمبا کرنا یا رونا (اُونٹنی)

لمبی آواز دینا (کمان)
—— وسَجَّعَ : مقفی نثر لکھنا یا بولنا
کوکو کرنا (فاختہ یا کبوتر)
سَجْعٌ ج اَسْجَاعٌ : مقفی کلام۔
سَجْعَةٌ و اُسْجُوْعَةٌ ج اَسَاجِيْعُ
مقفی نثر کا ایک حصہ۔
سَاجِعٌ : درمیانی چال چلنے والا۔
اچھی شکل والا (چہرہ)
سَاجِعٌ وسَجَّاعٌ وسَجَّاعَةٌ :
مقفی عبارت بولنے والا۔
سَاجِعَةٌ وسَجُوْعٌ ج سُجَّعٌ و
سَوَاجِعُ : کوکو کرنے والی کبوتری۔
مَسْجَعٌ : مقصد۔شغل۔
سَجَفَ ـُ سَجْفًا وسَجَّفَ و
اَسْجَفَ البيتَ : مکان کا پردہ لٹکانا
سَجِفَ ـَ سَجَفًا : پتلی کمر والا ہونا
اَسْجَفَ : سیاہ ہونا (رات) پردہ
لٹکانا۔
سِجْفٌ وسِجِيْفٌ ج سُجُوْفٌ
و اَسْجَافٌ : برقع۔ دروازہ کا
پردہ۔
سِجَافٌ وسَجِيْفٌ : دروازہ کا پردہ
جو درمیان سے چرا ہوا ہوتا ہے۔
سُجْفَةٌ : رات کی ایک گھڑی۔
سِجَافَة : پردہ۔حجاب۔
سَجَلَ ـُ سَجْلًا ب : گرانا۔
(مائع چیز) لگاتار پڑھنا (کتاب)
—— وسَجَّلَ ب : گرانا (پانی) اُوپر
سے پھینکنا۔
سَجَّلَ : رجسٹر میں لکھنا۔
—— علیٰ : فیصلہ دینا (جج)
سَاجَلَ مُسَاجَلَةً وسِجَالًا : مقابلہ کرنا

اَسْجَلَ : مالدار ہونا۔بہت بخشش دینا
بھرنا (حوض) چھوڑ دینا۔ آزادانہ بولنا
—— لہ : سپرد کرنا۔
تَسَاجَلُوْا : آپس میں مقابلہ کرنا۔
اِنْسَجَلَ : اُوپر سے گرنا (پانی)
سَجْلٌ ج سِجَالٌ وسُجُوْلٌ : بڑا
ڈول جس میں پانی ہو۔ ڈول بھر۔حصہ
فیاض۔سخی بخشش۔بڑی ساکھ یا بڑا
نفس۔
الحَرْبُ سِجَالٌ : لڑائی میں کئی
اتفاقات ہوتے ہیں۔ لڑائی میں کبھی
ایک کو غلبہ اور کبھی دوسرے کو غلبہ
ہوتا ہے۔
سِجِلٌّ ج سِجِلَّاتٌ : معاہدات
کا رجسٹر۔ اقرار ناموں کا رجسٹر۔احکام
کا دفتر۔ جوڈیشل ریکارڈ۔ پتھر جس
پر لکھا جاتا ہے۔
اَمِيْنُ السِجِلَّاتِ : پرانے ریکارڈوں
کا محافظ۔
سَجُوْلٌ : بہت آنسوؤں والی (آنکھ)
سِجِيْلٌ : حصہ۔بہت سخت۔بڑی ساکھ
سِجِّيْلٌ : سنگ گل۔ گارا جس میں
پتھر ملے ہوتے ہوں۔ کھنگر۔
سَوْجَلٌ وسَوْجَلَةٌ وسَاجُولٌ
بوتل کا کیس یا غلاف۔
مُسْجَلٌ : مباح۔ہر ایک کیلئے جائز
سَجَمَ ـُ سُجُوْمًا وسِجَامًا واَسْجَمَ
بہنا (پانی۔ آنسو)
سَجَمَ ـِ سَجْمًا وسُجُوْمًا و
سَجَمَانًا : گرانا (آنسو۔ پانی)
—— سَجْمًا وسُجُوْمًا عن : ٹالنا
لیت ولعل کرنا۔

سَجَّمَ واَسْجَمَ : گرانا۔
سَجْمٌ : پانی۔ آنسو۔
عَيْنٌ سَجُوْمٌ ج سُجُمٌ : آنسو بہانے
والی آنکھ
نَاقَةٌ سَجُوْمٌ ومِسْجَامٌ ج
سُجُوْمٌ ومَسَاجِيْمُ : بہت دودھ
دینے والی اُونٹنی)
مَكَانٌ مَسْجُوْمٌ : جگہ جس پر بارش
برسی ہو۔
سَجَنَ ـُ سَجْنًا : قید کرنا۔چھپانا
(غم)
سَجَّنَ : پھاڑنا۔
سِجْنٌ ج سُجُوْنٌ : قید خانہ۔
سَجَّانٌ : داروغہ جیل۔
سَجِيْنٌ ج سُجَنَاءُ وسَجْنٰى : قیدی
—— وسَجِيْنَةٌ ج سَجَائِنُ : قیدی
عورت۔
سَاجِنَةٌ ج سَوَاجِنُ : پہاڑ سے
اُترنے والا نالہ۔
سِجِّيْنٌ : ہمیشہ۔ دائم۔سخت۔ دوزخ
کی آگ۔ کھجور کے درخت کے لئے گڑھا
جاءَ سِجِّيْنًا : وہ علانیہ آیا۔
سَجَنْجَلٌ ج سَنَاجِلُ : شیشہ۔چاندی
کا ٹکڑا۔
سَجَا ـُ سَجْوًا وسُجُوًّا : سنسان
ہونا۔ خاموش ہونا۔ ہمیشہ رہنا۔ آواز
لمبی کرنا (اُونٹنی)
سَجّٰى تَسْجِيَةً : چادر ڈالنا (مردہ پر)
کپڑے میں لپیٹنا (مردہ)
اَسْجَتِ النَّاقَةُ : اُونٹنی کا دودھ
زیادہ ہونا۔
سَاجٰى : چھونا۔سلوک کرنا۔

ساجی (م) ساجیة: چپ چاپ۔ خاموش۔

سجواء: غیر متحرک آنکھ والی (عورت) دودھ دُہنے کے وقت آرام سے کھڑی رہنے والی (اُونٹنی) نرم (ہوا)

سَجِیّةٌ ج سَجایا و سَجیّاتٌ: طبیعت۔ خصلت۔ خلق۔

سَحَّ ـِ سَحًّا: لگاتار۔ بہت بہانا (پانی) مارنا۔ بہت موٹا ہونا۔

— سَحًّا و سُحُوحًا و تَسَحَّحَ و اِنْسَحَّ: بہت بہنا (پانی)

سَحَّ ـِ سُحُوحًا و سُحُوحَةً بہت موٹا ہونا (بینڈھا)

سَحٌّ و سُحٌّ: خشک متفرق کھجوریں

سَحَاحٌ: ہوا۔ کرۂ ہوائی۔

سَحُوحٌ: بہت بارش والا بادل۔

عَینٌ سَحّاحَةٌ: بہت آنسوؤں والی آنکھ

فَرَسٌ مِسَحٌّ: بہت دوڑنے والا گھوڑا۔

سَاحٌّ و سَاحَّةٌ ج سِحَاحٌ: موٹی (بکری)

سَحَبَ ـَ سَحْبًا: گھسیٹنا۔ بہت کھانا پینا۔

یَسْحَبُ ذَیلَہ: وہ مغرورانہ چال چلتا ہے۔

سَحَبَ ذَیلَه علی مَعَایِبِه: اُس نے اس کے عیوب پر پردہ ڈالا۔

تَسَحَّبَ عَلیٰ: ناز کرنا۔ بے تکلفی سے پیش آنا۔

— من الاکل والشرب: بہت کھانا اور پینا۔

— فی حق فلانٍ: اُس نے فلاں کا حق چھین کر اپنے حق میں ملا لیا۔

اِنْسَحَبَ: گھسٹ جانا۔

سُحْبَةٌ و سُحَابَةٌ: پردہ جو آنکھ پر آ کر نظر کمزور کرتا ہے۔ تالاب میں باقی ماندہ پانی۔

سَحَابٌ ج سُحُبٌ: بادل۔

سَحَابَةٌ ج سَحَائِبُ: بادل عرصہ

اَقَمْتُ عِنْدَہٗ سَحَابَةَ یَومِنَا تمام دن میں اس کے پاس رہا۔

سَحْبَان: عرب کے ایک فصیح اللسان آدمی کا نام۔

سَحْبَلٌ: چوڑی وادی۔ بڑا پیٹ یا ڈول یا مشک۔

سَحَتَ ـَ سَحْتًا و سَحَتَ و اَسْحَتَ حرام مال کمانا۔ تباہ کرنا۔ بیخ و بُن سے اُکھیڑنا۔ مونڈنا۔

— عَنِ اللَّحْمِ: گوشت سے چربی جُدا کرنا۔

اَسْحَتَ: ہلاک کرنا۔ تباہ کرنا۔ خراب کرنا۔ بیخ و بن سے اُکھیڑنا۔

اُسْحِتَ: مال تباہ ہونا۔ مال کا ضائع ہونا۔

سَحْتٌ: بوسیدہ (کپڑا) سڑا۔ سخت سردی۔

دَمٌ سَحْتٌ: مباح خون۔

سُحْتٌ ج اَسْحَاتٌ: حرام۔ ناجائز

مَالٌ سُحْتٌ و سَحِیتٌ و مُسْحَتٌ و مَسْحُوتٌ: تلف شدہ مال۔ ہلاک شدہ مال۔

سُحْتٌ و سَحِیتٌ: نہ سیر ہونیوالا (آدمی)

عَامٌ اَسْحَتُ: خشک سال۔

مُسْحَتَةٌ: بوسیدہ لباس۔

سُحْتُوت و سِحْتِیت: ستو جن میں چکنائی اور پانی زیادہ ڈالا گیا ہو۔ تھوڑی سی چیز۔

سَحِیتَةٌ ج سَحَائِتُ: سب کچھ بہالے جانے والا (بادل)

مَسْحُوتُ الجَوْفِ والمِعْدَةِ: سیر نہ ہونے والا۔ بدہضمی سے تکلیف اُٹھانے والا۔

سَحَجَ ـَ سَحْجًا و سَحَّجَ: چھیلنا کھرچنا۔ جلدی چلنا (جانور)

تَسَحَّجَ و اِنْسَحَجَ: چھل جانا۔

سَحُوجٌ و مِسْحَاجٌ: بہت قسمیں کھانے والی عورت۔ قسم کھانے کی عادی عورت۔

سَحَّاجٌ: بہت چھیلنے والا۔ زمی سے دوڑنے والا (اُونٹ)

مِسْحَجٌ و مِسْحَاجٌ: تیز رفتار (چارپایہ) کاٹنے والا۔

سَحَرَ ـَ سِحْرًا و سَحَّرَ: دھوکا دینا۔ فریفتہ کرنا۔ جادو کرنا۔ جادو کا استعمال کر کے دل لبھانا۔ گلٹ کرنا (چاندی کو سونے سے) خراب کرنا (پانی کا مٹی کو)

— سَحْرًا: پھیپھڑا کو صدمہ پہنچانا

— عن: ہٹانا۔ دُور کرنا۔ دُور ہونا

سَحِرَ ـَ سَحَرًا: صبح اُٹھنا یا کام کرنا۔ پھیپھڑا کٹ جانا ڈول وغیرہ کے کھینچنے سے۔

سَحَّرَ: سحری کھلانا۔ جادو کرنا۔

اَسْحَرَ و اِسْتَحَرَ: صبح روانہ ہونا

یا صبح ہونا۔
تَسَحَّرَ : سحری کھانا۔ صبح کا کھانا کھانا
اِسْتَحَرَ : صبح کو بانگ دینا (مرغ)
سِحْرٌ ج اَسْحَارٌ وسُحُورٌ : جادو۔ دھوکا۔ وہ چیز جس کا ماخذ لطیف اور باریک ہو۔ حیلہ بازی۔ فساد۔ خوش بیانی۔ اغوا۔ جھوٹ کو سچ بنا کر دکھانا۔
سَحْرٌ و سُحْرٌ ج سُحُورٌ و اَسْحَارٌ و سُحَارَةٌ : پھیپھڑا
اِنْتَفَخَ سَحْرُهٗ : وہ بزدل ہو گیا۔
اِنْقَطَعَ مِنْهُ سَحْرِی : میں اس سے ناامید ہو گیا۔
مَاتَ بَيْنَ سَحْرِی وَنَحْرِی : وہ میرے سینے سے ٹیک لگائے ہوئے مرا۔
سَحَرٌ ج اَسْحَارٌ : انجام۔ کنارہ۔ سحری۔
سَحَرًا اَعْلٰی : صبح کاذب۔
سَحَرًا آخَر : صبح صادق۔
سُحْرَةٌ : صبح کاذب۔
سُحَرِیٌّ و سُحَيْرِيَّةٌ : سحری۔
سَحُورٌ ج سُحُرٌ : سحری کے وقت کا کھانا پینا۔
سَاحِرٌ ج سَحَرَةٌ و سُحَّارٌ و سَاحِرُونَ : جادوگر۔ عالم۔ دھوکا دینے والا۔
سَاحِرَةٌ ج سَاحِرَاتٌ و سَوَاحِر مؤنث ساحر۔
سُحَرٌ : درخت بید۔
اِسْحَارٌّ و اِسْحَارَّةٌ و سِحَالِعٌ : ایک سبزی ہے جو مویشیوں کو موٹا کرتی ہے۔

سَحَّارٌ : بہت جادوگر۔
سَحَّارَةٌ ج سَحَاحِيرُ : بچوں کی کھیل۔ صندوق۔
سُحَارَةٌ : پھیپھڑا۔
سَحِيرٌ : بڑے پیٹ والا (گھوڑا) پھیپھڑے کی بیماری والا۔
مَسْحُورٌ : پھیپھڑے کا مریض۔ خراب شدہ کھانا۔ ویران ملک۔ جادو کیا ہوا۔
مَسْحُورَةٌ : بنجر (زمین) تھوڑے دودھ والی بکری۔
مُسَحَّرٌ : پھیپھڑا دور کیا ہوا۔ کھوکھلا۔ جادو کیا ہوا۔
تَسَحْسَحَ : اوپر سے بہنا (پانی)
سَحْسَحٌ و سَحْسَحَةٌ : گھر کا صحن
— و سَحْسَاحٌ : زور کی بارش۔
سَحَطَ ـَ سَحْطًا و مَسْحَطًا : جلدی ذبح کرنا۔ گلا گھونٹنا (خوراک) پانی ڈالنا (شراب میں) مال کے ساتھ چھوڑنا (لبلا)
اِنْسَحَطَ : نیچے پھسلنا
سَحِيطٌ و سَحُوطَةٌ : ذبح کی ہوئی۔
مَسْحَطٌ : حلق۔ خوراک کی نالی۔
سَحَفَ ـَ سَحْفًا : چھیلنا (بال۔ چمڑے سے) مونڈنا (سر)
— و اَسْحَفَتِ الرِّيحُ : ہوا کا لے جانا (بادل)
اَسْحَفَ : سحفہ فروخت کرنا۔
سَحْفَةٌ ج سِحَافٌ : پیٹھ کے اوپر کی چربی۔
سُحَافٌ : سل کی مرض۔
سَحِيفٌ : چکی کی آواز۔ شور۔

سَحِيفَةٌ ج سَحَائِفُ : زور کی بارش۔ چربی جو چھیل کر جدا کی جائے۔
سَحُوفٌ : زور کی بارش۔ دبلی (اونٹنی) فربہ (اونٹنی) اونٹنی جس کے تھن لمبے اور دودھ کی نالیاں تنگ ہوں۔
مَسْحَفٌ : زمین پر سانپ کے چلنے کے نشان۔
مِسْحَفَةٌ : چمڑہ کھرچنے کا اوزار۔
مُسْحَفَةٌ : باریک گھاس والی (زمین)
سَحَقَ ـَ سَحْقًا و سَحَّقَ : بہت باریک پیسنا۔ بہت تیز چلنا (ہوا) مونڈنا۔ بوسیدہ کرنا (کپڑا) ہلاک کرنا۔ بہانا (آنکھ۔ آنسو) نرم کرنا (سخت چیز)
سَحِقَ ـَ و سَحُقَ ـُ سُحْقًا : دور ہونا
سَحُقَ ـُ سُحُقًا : بلند ہونا (درخت)
— سُحُوقَةً و اَسْحَقَ : بوسیدہ ہونا (کپڑا)
اَسْحَقَهُ اللّٰهُ : خدا اس کو دور کرے خدا اس کو تباہ کرے یا ہلاک کرے۔
تَسَحَّقَ و اِنْسَحَقَ : باریک ہونا۔ خاک ہونا۔ وسیع ہونا۔ فراخ ہونا۔
سَحْقٌ ج سُحُوقٌ : بوسیدہ کپڑا۔ پتلا بادل۔
ثَوْبٌ سَحْقٌ و ثَوْبٌ سَحِيقٌ : بوسیدہ کپڑا
سَحْقُ دِرْهَمٍ : کھوٹا درہم۔
سُحْقٌ : بُعد۔ دوری۔
سُحْقًا لَهٗ : خدا تعالیٰ اس کو اپنی رحمت سے دور رکھے۔
سَحُوقٌ ج سُحُقٌ : بلند کھجور۔ اونچا گدھا۔
سَحِيقٌ : باریک پسا ہوا۔

سَرْحَقٌ : لمبا۔
سَحِيْقَةٌ ج سَحَائِقُ : مؤنث سحیق زور کی بارش۔
مَسَاحِيْقُ الدُّمُوعِ : آنسوؤں کی قطاریں۔
سَحَلَ ـَ سَحْلاً : چھیلنا۔ رگڑنا۔ ملنا۔ باریک کرنا۔ گالی دینا۔ ملامت کرنا۔ نقد دینا روپیہ۔ مارنا (سو کوڑے) کچے دھاگے سے بُننا (کپڑا) رگڑنا۔ (رینی سے)۔ بٹنا (ایک لڑی کی رسی)
سَحَلَتْ سَحْلاً وسُحُوْلاً : رونا۔ (آنکھ)
ـــ ـِ سَحِيْلاً وسُحَالاً : ہنہنانا (خچر)
سَاحَلَ : گالی دینا۔ لعنت ملامت کرنا۔ ساحل پر آنا۔
اَسْحَلَ : گالی خوردہ پانا۔
اِنْسَحَلَ بالکلام : کلام کرنا۔
سَحْلٌ : نقد روپیہ۔
ـــ وسَحِيْلٌ ج اَسْحَالٌ و سُحُوْل وسُحُلٌ : کپڑا جس کا سوت مضبوط نہ ہو۔ ایک لڑی کی رسی۔
سَاحِلٌ ج سَوَاحِلُ : سمندر کا کنارہ۔
سِحَالٌ : لگام کا دہانہ۔
سُحَلَةٌ : خرگوش کا بچہ۔
سُحَالَةٌ : سونے چاندی کا برادہ گیہوں وغیرہ کے چھلکے۔ ردی لوگ۔
سُحَالٌ وسَحِيْلٌ : ہنہناہٹ۔
سَحِيْلٌ : ایک لڑی کی رسی۔
سِحْلِبَةٌ ج سَحَالِبُ : چھپکلی۔
اِسْحِلٌ : درخت جس سے مسواکیں بنتی ہیں

جنڈ کا درخت۔
اَسَاحِلُ : پانی بہنے کی جگہیں۔
مِسْحَلٌ ج مَسَاحِل : ریتی۔ لکڑی چھیلنے کا اوزار۔ جنگلی گدھا۔ زبان۔ لگام بہادر۔ فیاضی۔ رخسارہ۔ بکثرت بارش فصیح لیکچرار۔ پکا عزم۔ ایک مروڑ سے بٹی ہوئی رسی۔ خبیس آدمی۔ شیطان۔ داڑھی کا کنارہ۔ مشک کا منہ۔ چھلنی۔ بہت پانی والا پرنالہ۔ گمراہی۔
شَابٌّ مُسْحُلَان ومُسْحُلَانِيٌّ : لمبا یا سیدھے بالوں والا جوان۔
مَسْحُوْل : چھوٹا۔ حقیر۔ ہموار وہیج جگہ
سَحْلَفَةٌ ج سَحَالِف : کچھوا۔
سَحِمَ ـَ وسَحُمَ ـُ سَحَمًا : کالا ہونا۔
سَحَّمَ : سیاہ کرنا۔
اَسْحَمَتِ السَّمَاءُ : آسمان کا بارش گرانا۔
سُحَام وسُحْمَةٌ : سیاہی۔
اَسْحَمُ (م) سَحْمَاءُ ج سُحْم : سیاہ۔ سینگ۔ بُت۔ بادل۔ شراب کی مشک۔ خون جس میں مُتحالفین ہاتھ ڈبوتے ہیں۔ بھٹی یا مرپستان۔
سَحْمٌ : لوہا۔
سَحْمَةٌ : لوہے کا ٹکڑا۔
سُحُمٌ : لوہار کے ہتھوڑے۔
سَحَنَ ـَ سَحْنًا : توڑنا (پتھر) ملائم کرنے کے لئے رگڑنا (لکڑی) باریک پیسنا۔
سَاحَنَ : ملاقات کرنا۔ نیک سلوک کرنا
ـــ وتَسَاحَنَ : ڈیل ڈول کو دیکھنا۔
سَحْنَةٌ وسَحْنَاءُ : شکل وشباہت

رنگ۔ ڈیل ڈول۔
مِسْحَنَةٌ ج مَسَاحِنُ : اوزار جس سے پتھر توڑتے ہیں۔
سَحَا ـِ سَحْيًا : چھیلنا۔ کھرچنا۔ کھرچ کر مونڈنا (بال)
ـــ وَاَسْحَى وسَحَّى : باریک چمڑا سے جلد باندھنا (کتاب کی)
اِسْتَحَى : مونڈنا (بال)
سِحَاءٌ ج اَسْحِيَةٌ (مفرد سِحَاءَةٌ ج سَحَايَا) کتابوں کی جلد کے لئے باریک چمڑہ۔
سِحَاءَةٌ ج سَحًى : علاقہ۔ کانٹے دار درخت۔ چمگادڑ۔ صحن۔
سِحَاءَةٌ : دماغ کی جھلی:
سِحَابَةٌ : بادل کا ٹکڑا۔ کاغذ کا ٹکڑا۔ برادہ۔ دماغ کی جھلی۔ بیلچہ بنانے کا پیشہ
سَاحِيَةٌ : زور کا سیلاب یا بارش
سَحَّاءٌ : بیلچہ بنانے والا
اُسْحُوَان : بہت کھانے والا۔ خوبصورت لمبے قد والا۔
مِسْحَاةٌ ج مَسَاحٍ : پھاوڑہ بیلچہ
سَخَّتَ ـُ سَخَّا الجرادةُ : ٹڈی کا دُم کو زمین میں گاڑنا۔
ـــ فی : بہت مشغول رہنا۔
سَخَبٌ : شور۔
سِخَابٌ : لونگ وغیرہ کا ہار۔
اَسْخَتَ اِسْخِيْتَاتًا الجُرحُ : زخم کا ورم ہلکا ہونا۔
سَخَاخٌ وسَخْسَاخٌ : نرم زمین
سَخْتٌ وسِخِّيْتٌ : سخت۔ شدید۔ مضبوط۔
سُخْتٌ : گوبر۔

مَسْخُوتٌ : ملائم-

سِخْتِيَانٌ وسَخْتِيَان : بکری کی رنگی ہوئی کھال - مراکش کا چمڑا-

سَخَرَ ـَ سُخْرِيًّا وسَخَرًا و تَسَخَّرَ : بیگار لینا - ذلیل کرنا۔ مغلوب کرنا-

ـــ سَخْرًا عمدہ رفتار سے چلنا- (جہاز)

سَخِرَ ـَ سَخَرًا وسُخْرًا وسُخُرًا وسُخْرَةً ومَسْخَرًا وتَسَخَّرَ و استَسْخَرَ ب و من : ٹھٹھا کرنا-

سَخَّرَ : عاجز کرنا۔ شرمندہ کرنا-

سُخْرَةٌ : بیگار۔ جس سے مخول کیا جائے۔ بیگاری-

سُخَرَةٌ : مخولی-

سُخْرِيٌّ : بیگار-

ـــ وسُخْرِيَّةٌ : مخول۔ ٹھٹھا۔ حقارت

مَسْخَرَةٌ ج مَسَاخِرُ : وہ چیز جس کی وجہ سے ہنسی کی جائے-

سَاخِرَةٌ ج سَوَاخِرُ : خوشگوار رفتار سے چلنے والا جہاز-

وَكِيلٌ مُسَخَّرٌ : سرکاری وکیل-

سِخَاسِخٌ : عمدہ نرم زمین-

سَخِطَ ـَ سَخَطًا وعلى : ناراض ہونا۔ لعنت کرنا-

ـــ : ناپسند کرنا-

أَسْخَطَ : ناراض کرنا-

تَسَخَّطَ : ناراض ہونا۔ بہت ناپسند کرنا۔ تھوڑا سمجھنا (بخشش کو)

سُخْطٌ وسُخُطٌ وسَخَطٌ ومَسْخَطٌ : ناراضگی - غصہ

مَسْخَطَةٌ : غضب کا سبب-

مَسْخُوطٌ : مکروہ۔ قابل نفرت۔ بُت-

سَخُفَ ـُ سُخْفًا وسَخَافَةً : کمزور عقل والا ہونا۔ پتلا ہونا۔ کمزور ہونا پھٹنا (مشک)

سَاخَفَ : بے وقوفی کا برتاؤ کرنا-

سُخْفٌ وسَخَافَةٌ : بے عقلی- کمزوری عقل-

سُخْفَةٌ : دُبلاپن- کمزوری- عقل کی کمی-

سَخِيفٌ : کمزور عقل والا- پتلا - جھرجھرا (کپڑا)

سَخْفٌ : خراب گذارہ -

مُسْتَخِفَةٌ : تھوڑے گھاس والی (زمین)

سَخَلَ ـَ سَخْلاً : جلاوطن کرنا- دھوکا سے لینا-

سَخَّلَ : عیب لگانا۔ نکتہ چینی کرنا- دو چند کرنا- جھاڑنا (کھجور)

أَسْخَلَ : پیچھے ڈالنا (کام)

سَخْلٌ ج سُخَّلٌ وسُخَّالٌ : کمزور رذیل- ناکمل-

سَخْلَةٌ ج سَخْلٌ وسِخَالٌ و سُخْلَانٌ وسِخَلَةٌ : بکری کا بچہ- برّہ- لیلا-

سُخَالَةٌ : ردی چیز-

مَسْخُولٌ : مجہول- گمنام- رذیل-

سَخَمَ : سیاہ کرنا- بیعزت کرنا- گرم کرنا (پانی) بدبودار ہونا (گوشت)

ـــ ہ بصدرہ : اس نے اس کو ناراض کیا-

تَسَخَّمَ علیٰ : کینہ رکھنا-

سَخَمٌ وسُخْمَةٌ : سیاہی- کینہ

سُخَامٌ : کوئلہ- سیاہ رنگ- عمدہ شراب ہانڈی کی سیاہی- نرم پر جو پرندے کے بازوؤں کے نیچے ہوتے ہیں-

ـــ وسُخَامِيٌّ وسُخَامِيَّةٌ : خوشگوار شراب -

لَيْلٌ سُخَامٌ : سیاہ رات-

أَسْخَمُ (م) سَخْمَاءُ ج سُخْمٌ سیاہ-

سُخَامِيٌّ : سیاہ-

سَخِيمَةٌ ج سَخَائِمُ : نفرت۔ کینہ

سَخُنَ ـُ وسَخِنَ ـَ وسَخَنَ ـُ سُخُونَةً وسَخْنًا وسَخَانَةً و سُخْنَةً : گرم ہونا-

سَخِنَتْ ـَ سَخْنًا وسُخُونًا و سُخْنَةً : تکلیف سے گرم ہونا (آنکھ)

سَخَّنَ وأَسْخَنَ : گرم کرنا-

أَسْخَنَ عَيْنَهُ وبِعَيْنِهِ : اس نے اس پر مصیبت ڈالی-

سُخْنَةٌ وسَخَنَةٌ وسِخْنَةٌ و سُخُونَةٌ وسَخَانَةٌ : تپ- گرمی-

سُخْنٌ وسَخِينٌ وسُخْنَانٌ و سَخْنَانٌ : گرم-

سَاخِنٌ ج سُخَّانٌ : گرم-

سَخُونٌ : گرم شوربا-

سِخِّينٌ : درد دینے والی (ضرب) پھاوڑا کا دستہ- قصاب کی چھری-

سَخِينٌ : سخت گرم-

سَخِينَةٌ : آٹے کا ایک قسم کا کھانا گرم کھانا-

سُخَاخِينٌ : گرم-

مِسْخَنَةٌ ج مَسَاخِنُ : دیگ

تَسَاخِينُ : دیگیں- موزے-

سَخَا ُ وسَخِيَ َ وسَخُوَ ُ سَخًا وسَخَاءً وسُخُوًّا وسُخُوَّةً وسَخَاوَةً: فیاض ہونا۔سخی ہونا۔

سَخَا ُ سَخْوًا وسَخِيَ َ سَخْيًا: جلانا (آگ) آگ جلا تا رہا ہنڈی کے نیچے)

تَسَاخَى وتَسَخَّى: بناوٹی سخی بننا۔

سَخَاوَة: بخشش۔فیاضی۔

سَخَاءَةٌ ج سَخَاء: ایک قسم کی سبزی۔

سَخِيٌّ ج أَسْخِيَاء وسُخَوَاءُ (م) سَخِيَّة ج سَخَايَا وسَخِيَّاتٌ سخی بخشش کرنے والا۔

سَخْوَاءُ ج سَخَاوَى وسَخَاوٍ: فراخ نرم زمین۔

سَدَّ ُ سَدًّا: بند کرنا (برتن۔ سوراخ۔ دروازہ) پشتہ باندھنا۔

سَدَّ ِ سَدَدًا وسِدَادًا: ٹھیک سیدھا ہونا۔درست عمل والا ہونا۔نیک عمل ہونا۔

سَدَّدَ: سیدھا کرنا (نیزہ) راہ راست دکھانا۔

أَسَدَّ: سیدھا چلنا۔سیدھا ہونا ٹھیک نشانہ پر لگنا۔ درستی چاہنا۔

تَسَدَّدَ: سیدھا ہونا۔

اِنْسَدَّ واِسْتَدَّ: بند ہونا۔

اِسْتَدَّ: سیدھا ہونا۔راہ راست پر ہونا۔

سُدٌّ ج أَسْدَادٌ: دو چیزوں کے درمیان کی روک۔پہاڑ۔ پردہ۔پشتہ مانع

— ج أَسِدَّةٌ: عیب۔برائی۔اندھا پن

سُدٌّ ج سُدُودٌ: سیاہ بادل۔ پشتہ۔ چین کی بڑی دیوار۔

— ج سَدَدَةٌ: چٹانی پانی والی وادی۔ وادی۔سایہ۔

كَلَامٌ سَدٌّ: درست کلام

سَدَدٌ: راستی۔ درستی۔

سَدَادٌ: درستی۔سیدھا پن۔ہدایت

سِدَادٌ: دودھ جو تھن میں جم جائے ڈھکنا۔گزارہ۔

سِدَادَةٌ: ڈھکنا۔

سُدَادٌ: نتھنوں کے اندر کی روک جس سے ہوا لینی دشوار ہوتی ہے۔

سُدَّةٌ ج سُدَدٌ: دروازہ۔دہلیز۔ بیٹھنے کی جگہ۔(جیسے منبر) ارد گرد کا برآمدہ۔

سَادَّةٌ ج سُدَدٌ: اچھی طرح نہ دیکھ سکنے والی (آنکھ) بوڑھی (اونٹنی)

سَدَادٌ: سیدھا

سَدِيدٌ وأَسَدُّ ج سُدٌّ: درست ٹھیک۔

مَسَدٌّ: بند کرنے کی جگہ۔

سَدَّ مَسَدَّهُ: وہ اس کے قائم مقام ہوا۔

سَدَحَ َ سَدْحًا (ب): شک کرنا۔

— وتَسَدَّحَ: جھوٹ بولنا جھوٹی باتیں بنانا۔

اِنْسَدَحَ: اوندھا لیٹنا۔

سَدَّاحٌ: جھوٹا۔مفتری۔

سَدَحَ َ سَدْحًا: ذبح کرکے زمین پر لٹانا۔پچھاڑنا۔بھٹانا (اونٹنی) بھرنا (مشک)

— بالمكان: مکان میں اقامت کرنا

— وسَدَّحَ: قتل کرنا۔

انسَدَحَ: ٹانگیں کشادہ کرکے لیٹنا

سَادِحٌ: مالدار۔

سَادِحَةٌ: مؤنث سادح۔سخت بارش۔

سَدِيحٌ ومَسْدُوحٌ: پیٹھ پر لیٹا ہوا۔چت لیٹا ہوا۔

اِنْسَدَخَ: پھیلنا۔

سَدَرَ ُ سَدْرًا: لٹکانا۔ (بال)

— سَدْرًا وسُدُورًا: پھاڑنا (کپڑا)

سَدِرَ َ سَدَرًا وسَدَارَةً: حیران ہونا۔لاپرواہ ہونا۔

اِنْسَدَرَ: ڈھلوان سے نیچے اترنا جلدی کرنا۔ لٹکنا (بال)

تَسَدَّرَ بالثوب: کپڑا اوڑھنا

سِدْرٌ ج سُدُورٌ: بیری کے درخت۔

سِدْرَةٌ ج سِدِرَاتٌ و سِدْرَاتٌ وسِدَرٌ: بیری کا درخت۔

سِدْرَةُ المُنْتَهَى: انتہائی بیری یعنی انتہائی کمال۔

سَدَرٌ: سر کا چکر۔

سَدِرٌ: حیران۔لاپرواہ۔سمندر۔

سَدِرَةٌ: بوڑھی (اونٹنی)

سَدِيرٌ: تازہ سبزی۔شاہ نعمان کا قلعہ۔حیرہ جگہ کے علاقہ میں ایک دریا

أَسْدَرَانِ: آنکھ کی دو رگیں۔ دونو شانیں۔

جَاءَ یَضْرِبُ اَسْدَرَیْہِ: وہ خالی ہاتھ واپس آیا۔

سَدَسَ

سَدَسَ ـِ سَدْسًا: چھٹا ہونا
سَدَسَ ـُ سَدْسًا: چھٹا حصہ لینا
سَدَّسَ: شش پہلو بنانا۔ چھ کونہ بنانا
اَسْدَسَ: چھ ہونا۔ چھٹے روز پانی پر لانا (اُونٹ) آٹھویں سال میں دانت گرانا (اونٹ)
سِدْسٌ: چھٹے روز پانی پینے کی باری (اُونٹ کی)
سُدُسٌ ج اَسْدَاسٌ: ۱/۶ چھٹا حصہ
یَضْرِبُ اَخْمَاسًا لِاَسْدَاسٍ: وہ فریب اور دھوکا دینے میں کوشش کرتا ہے۔
سَدَسٌ ج سُدُسٌ: نویں سال سے پہلے کے دانت۔ آٹھویں سال کے دانت (اُونٹ کے)
سَادِسٌ (م) سَادِسَۃٌ: چھٹا۔
سُدَاسُ وَمَسْدَسُ: چھ چھ۔
سُنْدُسٌ: سبز رنگ کی چادر۔ چراغ کی سیاہی۔
سُدَاسِیٌّ: چھ حرف والا۔ چھ ہاتھ لمبا۔ چھ سے مرکب۔
سَدِیْسٌ ج سُدُسٌ: چھٹا حصہ۔ چھ سال کی عمر کا جانور۔ چھ ہاتھ لمبا۔ نویں سال سے پہلے کا دانت۔
مُسَدَّسٌ: چھ ضلعوں والی شکل ریوالور۔

سَدَعَ

سَدَعَ ـَ سَدْعًا: صدمہ دینا ذبح کرنا۔
سُدِعَ سَدْعَۃً شَدِیْدَۃً: سخت مصیبت پہونچنا۔
سَدْعَۃٌ: مصیبت۔
مِسْدَعٌ: راہنما۔ اپنے ارادہ پر چلنے والا۔ لیڈر۔

سَدَفَ

سَدَفَ ـِ سَدْفًا: اندھیرے میں داخل ہونا۔ پردہ لٹکانا۔
اَسْدَفَ: اندھیری ہونا (رات) پھوٹنا (صبح) سو جانا۔ دھندلی ہونا (نظر) روشن کرنا یا جلانا (چراغ) کھولنا (دروازہ) اُٹھانا (پردہ) تاریکی میں داخل ہونا۔ (لوگ)
ـــ عَنْ: الگ ہونا۔ روانہ ہونا۔
سَدَفٌ ج سُدُوْفٌ: اندھیرا روشنی۔ رات۔ منہ اندھیرا۔
سَدْفٌ ج سُدُوْفٌ: وجود جو دُور سے نظر آئے۔
سُدْفَۃٌ: تاریکی۔ روشنی۔ دروازہ کا پردہ۔
سِدَافَۃٌ: پردہ۔
سَدِیْفٌ: کوہان کی چربی۔ چربی کا ٹکڑا۔
سَدِیْفَۃٌ ج سَدَائِفُ: موٹی اُونٹنی۔
اَسْدَفُ (م) سَدْفَاءُ ج سُدْفٌ سیاہ (رات)

سَدِكَ

سَدِكَ ـَ سَدَكًا وَسَدْكًا بِ: چمٹنا۔ مشتاق ہونا۔ عادی ہونا۔
سَدَّكَ: ترتیب وار رکھنا (کھجوریں)
سَدِكٌ بِالطَّعْنِ: نیزہ مارنے والا۔

سَدَلَ

سَدَلَ ـِ سَدْلًا وَاَسْدَلَ وَسَدَّلَ: نیچے لٹکانا (پردہ۔ بال)
ـــ سَدْلًا: پھاڑنا (کپڑا)
ـــ فِیْ: جانا (ملک میں)
تَسَدَّلَ وَانْسَدَلَ: لٹکنا (بال پردہ)
سَدِلَ ـَ سَدَلًا: مائل ہونا۔
سَوْدَلَ: لمبی مونچھیں رکھنا۔
سِدْلٌ: چھاتی پر لٹکنے والی مالا۔
ـــ وَسُدُوْلٌ ج اَسْدَالٌ وَ اَسْدُلٌ وَسُدُوْلٌ: پردہ۔ برقع۔
سَدَلٌ: جھکاؤ۔ میلان۔
سَدِیْلٌ ج سُدُلٌ وَسَدَائِلُ وَاَسْدَالٌ: پالکی وغیرہ کا پردہ۔
سَوْدَلٌ: مونچھ۔

سَدَمَ

سَدَمَ ـُ سَدْمًا: بند کرنا۔ (دروازہ)
سَدِمَ ـَ سَدَمًا: رنجور ہونا۔ توبہ کرنا۔ غضبناک و غمگین ہونا۔ متغیر ہونا (پانی)
ـــ بِ: بہت چاہنا۔ عادی ہونا۔ حرص کرنا۔
سَدَّمَ: بدبودار کرنا (پانی)
سَدَمٌ: غیظ و حزن۔ پشیمانی و اندوہ
مَاءٌ سَدِمٌ وَسُدُمٌ ج سُدُمٌ وَاَسْدَامٌ: مٹی میں دفن شدہ پانی متغیر پانی۔
سَادِمٌ وَسَدْمَانُ: پشیمان اور غمناک۔
سَدِیْمٌ ج سِیدَامٌ: بہت نماز پڑھنے والا اور اس کا شائق۔
ـــ ج سُدُمٌ: کہر۔ پتلی دھند۔ مشہور۔
سَدُوْمُ: قوم لوط کا شہر

سَدَنَ

سَدَنَ ـُ سَدْنًا وَسِدَانَۃً: بتخانہ کا دربان ہونا۔ بتخانہ کی خدمت کرنے والا

لٹکانا (پردہ وغیرہ)
سِدْن وسَدَن (ج اَسْدَان)
وسَدَان: پردہ۔ بُرقع۔
سِدَانَۃُ الْکَعْبَۃِ: بیت اللہ
کی خدمت یا دربانی۔
سَادِنٌ ج سَدَنَۃٌ: مندر کا
دربان۔
سَدِیْنٌ: چربی۔ خون۔ اُون پردہ
سَدَانٌ: آہن جس پر لوہار (لوہا)
وغیرہ کوٹا کرتے ہیں۔
سدا، سَدْوًا: پھیلانا
(ہاتھ)
— بالْجَوْز: اخروٹ سے کھیلنا
سَدَتِ النَّاقَۃُ فِی الْمَشْی:
اُونٹنی خود سر ہو کر چلی۔
سَدَا سَدْوَہٗ: اس نے اس
کا قصد کیا
سَدِیَ۔ سَدًی: نرم ہونا
(کھجوریں)، زیادہ نمناک ہونا (زمین)
تَسَدّٰی: پیروی کرنا۔ سوار ہونا۔
اُوپر چڑھنا۔ اُوپر سے پکڑنا۔ تانا تننا۔
(کپڑے کا)
اِسْتَدٰی اِسْتِدَاءً: پسینہ والا
ہونا (گھوڑا)
— ب: لمبا کرنا (ہاتھ) کھیلنا۔
(اخروٹ سے)
سَدّٰی: تانا تننا (کپڑے کا) نمناک
کرنا (زمین)
— الی: سلوک کرنا۔ احسان کرنا۔
اَسْدَی اِسْدَاءً: نرم ہونا (کھجور کا)
تانا تننا۔ نمناک کرنا (زمین) چھوڑ دینا
مہمل چھوڑنا (کام) حاصل کرنا۔

— اِلٰی: احسان کرنا۔
— بَیْنَ: صلح کرانا۔
— بالجَوْزِ: اخروٹ سے کھیلنا۔
— بِیَدِہٖ: ہاتھ لمبا کرنا۔
سَدًی ج اَسْدِیَۃ: تانا۔ تری
یا رات کی شبنم۔ شہد۔ شہد کا چھتا۔
احسان۔
— وسَدَاء: سبز کھجوریں۔
سُدًی: ترک کیا ہوا۔ نکما۔ بیفائدہ
باطل۔
اَسْدِیٌّ: تانا۔
مِسْدَاۃٌ: تانا تننے کا آلہ۔
سَادِنی: چھٹا۔
سَدٍ: نرم کھجور۔
سَدِیَۃ: نمناک زمین۔
سَذَابٌ: بُری بو والا ایک
پودہ جس کے پتے پودینہ کی طرح
ہوتے ہیں۔
سَذَاجَۃٌ: سادگی۔
سَاذِجٌ: سادہ۔ نیک طبیعت
سَاذِجٌ ہِنْدِیٌّ: ایک پودہ ہے
سَوْذَقٌ: دل۔ کنگن۔ بیڑی کا
حلقہ۔ شکرا۔
سُذَانِق وسُوْذَنِیق وسُوْذَانِق
شاہین۔ شکرا۔
سَنْذَاقٌ وسَنْبَذُقَان: شکرا
سَرَّ، سُرُوْرًا ومَسَرَّۃ و
سُرًّا وسُرًی وتَسِرَّۃً: خوش کرنا
— سَرًّا: ناف کاٹنا۔ ناف میں
نیزہ مارنا۔
سَرَّ۔ سَرًّا: ناف کی بیماری
والا ہونا۔

سُرَّ بِھٖ وسُرًّا: خوش ہونا۔
اَسَرَّ: خوش کرنا۔ چھپانا یا ظاہر
کرنا (بھید)
— اِلٰی: کسی کو بھید بتانا۔
سَرَّرَ: خوش کرنا۔ شادی کرانا۔
(لونڈی سے)
سَارَّ: پوشیدہ بات کرنا۔ کان میں
بات کرنا۔
تَسَرَّرَ: لونڈی بنانا۔ پھٹنا (کپڑا)
تَسَارَّ: ایک دوسرے کو بھید بتانا۔
ایک دوسرے سے پوشیدہ باتیں کرنا
— اِلٰی: خوش ہونا
اِسْتَسَرَّ: لونڈی بنانا۔ چھپانے
میں مبالغہ کرنا۔ خوش ہونا۔ آخری راتوں
میں پوشیدہ رہنا (چاند)
— عن: چھپنا۔
سِرٌّ ج اَسْرَارٌ ج اَسَارِیْرُ: راز
بھید۔ دل۔ شادی۔ اصلیت۔ سب
سے اچھا حصہ۔ صحت۔ سیکرے منٹ
یا اصطباغ۔ جام صحت۔
رَجُلٌ بَرٌّ وسَرٌّ: سلوک کرنے
والا خوش کن آدمی۔
سِرُّ تُجَّارٍ: سوداگروں کا اعلیٰ
حاکم۔ چودھری بازار۔
سِرُّ کَاتِبٍ: پہلا سیکرٹری۔
کاتِمُ الاَسْرَار: سیکرٹری۔
سِرٌّ وسِرَرٌ وسُرَرٌ ج
اَسْرَارٌ وج اَسَارِیْرُ: ہاتھ یا
ماتھے کے خطوط۔
سَرَرٌ: ماہ قمری کی آخری رات
کھوکھلا پن۔
اَسَارِیْرُ: چہرہ کے محاسن۔

سُرُّج اسِرَّةٌ: ناف کا وُہ حصہ جو دایا کاٹتی ہے - ناڑو -
سُرَّةٌ ج سُرَرٌ وسُرَّات: ناف وادی کا درمیان یا عمدہ حصہ -
—— الأَرْضِ: زمین کا درمیان -
سَرَّةٌ: نازبو کے پھولوں کا گلدستہ
سُرُورٌ: خوشی -
سَرِيْرٌج اسِرَّةٌ وسُرُرٌ: بستر تخت - بادشاہت - اقتیار - پالکی - پنگوڑا -
سَرِيْرَةٌ ج سَرَائِرُ: بھید - دل - نیت
سُرِّيَّةٌ ج سَرَارِيّ: لونڈی
سَرَّاءُ: خوشی - خوشحالی - اچھی زمین -
سِرَارٌ ج اَسِرَّةٌ: پیشانی کی لکیر مہینہ کی آخری رات -
سَرَارٌ: خالص النسب - وادی کا عمدہ حصہ - مہینہ کی آخری رات -
سَرَارَةٌ ج سَرَائِرُ: خالص النسب لطیف وادی یا وادی کا بہترین حصہ - بہترین حصہ (کسی چیز کا)
اَسَرُّ: مجوف لوہا جس سے پتھر سے آگ نکالتے ہیں - زخمی چھاتی والا (اُونٹ)
مَسَرَّةٌ ج مَسَارُّ: نازبو کی شاخیں -
مِسَرَّةٌ ج مَسَارُّ: مجوف نالی جس کے ذریعہ پوشیدہ باتیں کی جاتی ہیں -

سَرَأَتْ ـ سَرْأً وسَرَأَتْ انڈے دینا (ٹڈی مچھلی) زیادہ بچے جننا (عورت)
اَسْرَأَتْ وسَرَّأَتْ: انڈے دینے کے وقت کو پہونچنا - (ٹڈی)

سَرْءٌ وسَرْأَةٌ: مچھلی یا ٹڈی یا گوہ وغیرہ کے انڈے -
سَرُوْءٌ: بہت انڈے دینے والی (مچھلی وغیرہ)
اَرْضٌ مَسْرُوْءَةٌ: بہت ٹڈی والی زمین -

سَرَبَ ـ سُرُوْبًا: جاری ہونا (پانی) چرنے کے لئے جانا (اُونٹ)
—— سَرْبًا: سینا (مشک)
—— فی: آوارہ پھرنا (ملک میں)
سَرِبَ ـ سَرَبًا الاِنَاءُ: برتن ٹپکنا
سُرِبَ: دھوآں داخل ہونا (ناک وغیرہ میں)
سَرَّبَ: نئی مشک تر کرنا - گھر واپس جانا - زمین کو دائیں بائیں کھودنا -
—— علی: پارٹیاں بھیجنا (سواروں یا اُونٹوں کی)
—— اِلَيَّ الاشياءَ: اس نے مجھے ایک ایک کر کے چیزیں دیں -
تَسَرَّبَ و اِنْسَرَبَ من الماء پانی سے بھر جانا -
—— فی: داخل ہونا (وحشی کا پناہ کی جگہ میں)
سَرْبٌ: اُونٹ - مویشی - سڑک - چھاتی - طریقہ عمل - روانگی -
مُخَلَّى السَّرْبِ: آزاد -
سِرْبٌ ج اَسْرَابٌ: گلہ (ہرنیوں وغیرہ کا) عورتوں کی جماعت - کھجور کے درختوں کا جھنڈ - راستہ - دل -
سَرَبٌ ج اَسْرَابٌ: بل - سوراخ زمین کے اندر کا گڑھا - وحشی جانور کے رہنے کی جگہ - پانی کی نالی - زیادہ آمدورفت کی سڑک - مشک کی دھار -
سَرِبٌ: بہتا ہوا پانی -
سُرْبَةٌ ج سُرَبٌ: ہرنیوں گھوڑوں وغیرہ کا گلہ - راستہ - انگور کے درختوں کی قطار - مشک کی سیون - سینہ کے درمیان کے بال -
سَرْبَةٌ: قریب کا سفر - مشک کی سیون
سَرَابٌ: سراب
سَارِبٌ وسَرُوْبٌ: سیدھا جانے والا
——: ظاہر - واضح - جلی -
مَسْرَبٌ ج مَسَارِبُ: پانی بہنے کا راستہ - راستہ -
مَسْرُبَةٌ ج مَسَارِبُ: چراگاہ - نہر - سینہ کے درمیان کے بال -
مُنْسَرِبٌ: لمبا - تیز چلنے والا پانی -

سَرْبَخَ: دوپہر کو چلنا - آرام سے چلنا - چست و چالاک ہونا -
سَرْبَخٌ: دُور تک پھیلا ہوا ریگستان
قَفْرٌ سِرْبَاخٌ و مُسَرْبَخٌ: بہت دور تک پھیلا ہوا بیابان -

سَرْبَلَ: کپڑا پہنانا - قمیص پہنانا -
تَسَرْبَلَ: قمیص پہننا - کپڑا پہننا -
سِرْبَالٌ ج سَرَابِيْلُ: قمیص پہننے کی چیز - (کپڑا وغیرہ)

سَرَجَ ـ سَرْجًا: جھوٹ بولنا - پٹی بنانا - (عورت - بالوں کی)
سَرِجَ ـ سَرَجًا: جھوٹ بولنا - خوبصورت چہرے والا ہونا - پٹی بنانا -
سَرَّجَ: خوبصورت بنانا - آراستہ کرنا سجانا - پٹی بنانا - جھوٹی بنانا (کہانی) زین ڈالنا (گھوڑے پر) رجسٹری کرانا (خط) ٹانکے لگانا (کپڑے کو) صحیح لفظ

شَرَجَ ہے۔ لیکن عوام سَرَّجَ الثَّوبَ کہتے ہیں۔
أَسْرَجَ: زین ڈالنا۔ روشن کرنا (چراغ)
سَرْجٌ ج سُرُوْجٌ: گھوڑے کی زین
مَالَ سَرْجُہٗ: اس کا کام خراب ہوگیا ہے۔
سِرَاجٌ ج سُرُجٌ: لیمپ۔ چراغ سورج۔
—— اللَّیلِ والقُحَلَةِ: جگنو۔
سِیْرِجٌ: تلوں کا تیل۔
سَرَّاجٌ: جھوٹا۔ زین ساز۔
سِرَاجَةٌ: زین سازی۔
أُسْرُوْجَةٌ: جھوٹ۔
سُرَیْجِیَّاتٌ: سریج لوہار کی بنائی ہوئی تلواریں۔
مَسْرَجَةٌ ج مَسَارِجُ: چراغ یا لیمپ رکھنے کی جگہ۔ چراغدان۔
مِسْرَجَةٌ ج مَسَارِجُ: چراغ لیمپ
سُرْجُوْجَةٌ و سِرْجِیْجَةٌ: فطرتی سلوک۔
سِرْجِنٌ و سِرْجِیْنٌ: سرگین گوبر۔ کھاد۔
سَرَحَ ـــ سَرْحًا و سُرُوْحًا صبح کو چرنے کے لئے جانا (مویشی) آہستہ چلنا (سیلاب)
—— سَرْحًا: چرانے کو لے جانا (مویشی) ظاہر کرنا (خیالات) بھیجدینا
سَرِحَ ـــ سَرَحًا: اپنے کام میں آزادی سے توجہ کرنا۔
سَرَّحَ: چرانے کے لئے لے جانا (مویشی) آزاد کردینا یا چھوڑ دینا۔ آسان کرنا۔ کنگھی کرنا (بال) طلاق دینا۔
—— عن: کھولنا۔ ہٹانا۔
اِنْسَرَحَ و تَسَرَّحَ: دور ہونا (رنج)
——: نرم اور تیز چلنا (جانور) ہاؤں پھیلا کر چت لیٹنا۔ کپڑے اُتار کر ننگا ہونا۔
سَرْحٌ: مویشی۔ بڑا درخت۔ بے خار درخت۔ گھر کا صحن۔
سَرْحَةٌ (مفرد سَرْح) جوان گدھی جو ابھی بارگیر نہ ہوئی ہو۔
خَیلٌ سُرُحٌ: تیز اور نرم قدم گھوڑے
عَطَاءٌ سُرُحٌ: فوری بخشش۔
سَرَاحٌ: طلاق۔ آسانی۔ جلدی۔
سِرْحَانٌ ج سَرَاحٍ و سَرَاحِیْنُ: بھیڑیا۔ شیر۔ حوض کا درمیان۔
ذَنَبُ السِّرْحَانِ: کاذب صبح۔
مَا لَہٗ سَارِحَةٌ و لا رَائِحَةٌ: اس کے لئے نہ تو صبح کو چرنے کو جانے والے اور نہ شام کو واپس آنیوالے مویشی ہیں یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔
سَرِیْحٌ: ننگا گھوڑا۔ آسانی۔ سہولت جلدی۔ جلدی کیا ہوا کام۔ آدارہ۔
سَرِیْحَةٌ ج سَرَائِحُ: تسمہ۔ تنگ۔ استہ
سَارِحٌ (م) سَارِحَةٌ: مویشی۔
مِسْرَاحٌ و مِسْرَحَةٌ ج مَسَارِحُ کنگھی۔
مَسْرَحٌ ج مَسَارِحُ: چراگاہ۔
مُنْسَرِحٌ: علم عروض کے ایک بحر کا نام
—— و سِرْیَاحٌ: تیز قدم (گھوڑا)
سُرْحُوْبٌ ج سَرَاحِیْبُ: گیدڑ خوبصورت جسم والا لمبا آدمی۔
سِرْحَالٌ: بھیڑیا۔
سَرَدَ ـــ سَرْدًا و سِرَادًا: سینا (چمڑا) سوراخ کرنا۔ بُننا (زرہ) اچھی طرح رواں کرنا (کلام) جلدی پڑھنا۔
سَرَدَ و سَرِدَ ـــ سَرَدًا: لگاتار رکھنا (روزہ)
سَرَّدَ: سینا (چمڑا) سوراخ کرنا۔
أَسْرَدَ: سبز کھجور والا ہونا (درخت)
تَسَرَّدَ: لڑی میں ترتیب وار ہونا۔ (موتی)
اِسْرَنْدَی: غالب آنا۔
سَرْدٌ: زرہ۔ زرہ کی کڑیاں
نُجُوْمٌ سَرْدٌ: ساتھ ساتھ ایک قطار کے ستارے
سَرَادٌ: سخت اور سبز کھجور
سِرَادٌ و سَرِیْدٌ و مِسْرَدٌ: ستالی
سَرَدٌ و مِسْرَدٌ ج مَسَارِدُ: موٹے سوراخوں والی چھلنی۔
مَسْرُوْدٌ و مُسَرَّدٌ و مَسْرُوْدَةٌ: زرہ۔
سِرْدَابٌ ج سَرَادِیْبُ: تہ خانہ سرد خانہ۔
سَرْدَحَ و سَرْدَحٌ: مہمل چھوڑنا
سِرْدَاحٌ ج سَرَادِحُ: لمبا مضبوط (اُونٹ وغیرہ) کیکر کے درختوں کا جھنڈ۔ ہموار زمین۔
سَرْدَقَ البَیْتَ: خیمہ کا سرا پردہ لگانا۔ خیمہ لگانا۔ شامیانہ لگانا
سُرَادِقٌ ج سُرَادِقَاتٌ: خیمہ کا سراپردہ یا قنات یا خیمہ کے چاروں طرف کا پردہ۔ کپڑے کا خیمہ۔ شامیانہ۔ غبار یا دھوئیں کا بگولا۔
سَرْسَبَ: چھڑکنا۔

تَسَرْسَبَ : پس وپیش کرنا۔

سَرِسَ ۔ سَرَسًا : بدخلق ہونا ہوشیار و محتاط ہوجانا

سَرِیْس : دانا۔ مقبوضہ چیز کی حفاظت کرنے والا۔

سَرْسَرَ : تیز کرنا (چھری)

سُرْسُوْس : دانا۔ ماہر۔ اچھا ناظم۔ پیارا۔

سِرْسَام : دماغ کی ایک بیماری ہے

سَرَطَ ۔ وسَرِطَ ۔ سَرَطَانًا وسَرَطًا وتَسَرَّطَ واِسْتَرَطَ : نگلنا۔

اِنْسَرَطَ : آسانی سے اُترنا (گلے سے پانی)

سِرَاطٌ : واضح راستہ۔ سڑک۔

سُرَاطٌ : تیز کاٹنے والی (تلوار)

سُرَاطِیّ : کاٹنے والی تلوار۔ تیز رفتار (گھوڑا)

—— و سُرَطٌ و سِرْوَاطٌ و سِرْطِیْطٌ : کھاؤ۔ بہت کھانے والا۔

سُرَطٌ : تیز چلنے والا۔

سُرَطَۃ و سَرَّاطٌ : بہت کھانے والا۔ جلدی نگلنے والا۔

سَرَطَان ۔ کیکڑا۔ برج سرطان۔ ایک پھوڑا کا نام جس میں کیکڑے کے پاؤں کی طرح رگیں دکھائی دیتی ہیں۔ انگریزی میں کینسر کہتے ہیں۔

مِسْتَرَطٌ : خوراک نگلنے کی نالی۔

سَرْطَعَ : ڈر کی وجہ سے تیز دوڑنا۔

سَرْطَلٌ وسَرْطَمٌ : بیڈول لمبا

سِرْطِمٌ وسَرْطَمٌ : پیٹو۔

سَرِعَ ۔ وسَرُعَ ۔ سُرْعَۃً و سِرَعًا و سَرْعًا و سَرَاعَۃ : جلدی کرنا۔

سَارَعَ اِلٰی : جلدی جانا۔

—— فی : کوشش کرنا۔

اَسْرَعَ فی : جلدی چلنا۔

—— ب : جلدی لانا۔

تَسَارَعَ و تَسَرَّعَ اِلٰی : جلدی کرنا۔

سِرْعٌ ج سُرُوْعٌ : انگور کی تازہ نازک شاخ۔ ہر تر و نازک شاخ۔

سُرْعٌ ج اَسْرَاعٌ : لگام۔

سُرْعَانَ : اسم فعل بمعنے جلدی کر

لَسَرْعَانَ مَا فَعَلْتَ : تو نے کیسی جلدی کی۔

سَرَعَانُ القَوْمِ : سب سے آگے کے لوگ۔

سَرِیْعٌ ج سُرْعَان (م) سَرِیْعَۃ ج سِرَاعٌ : جلدی کرنے والا۔ عروض کا ایک بحر۔

اَسَارِیْع : کمان کی رگیں۔ سفید جسم و سرخ سر والے کیڑے۔

مِسْرَعٌ و مِسْرَاعٌ ج مَسَارِیْعُ بہت جلدی کرنے والا۔

سَرْعَفَ : اچھی طرح پرورش کرنا (بچہ)

تَسَرْعَفَ : اچھی طرح پرورش پانا (بچہ)

سَرِغَ ۔ سَرَغًا : انگور کے گچھے بمع ڈنڈی کے کھانا۔

سَرْغٌ ج سُرُوْغٌ : انگور کی شاخ۔

سَرِفَتْ ۔ سَرَفًا : کھانا (درخت کے پتوں کو کیڑے کا) زیادہ دودھ پلانا (بچہ کو)

سَرِفَ ۔ سَرَفًا : بھلانا (کام) خطا کرنا۔ تجاوز کرنا۔

—— بِالْخَمْرِ : وہ شراب کا عادی ہے۔

اَسْرَفَ المَالَ : فضول خرچی کرنا۔ مال کو فضول خرچ کرنا۔

—— فی : غلطی کرنا۔ بے احتیاطی کرنا غافل ہونا۔ جاہل ہونا۔ حد سے تجاوز کرنا زیادتی کرنا۔

ذَهَبَ ماءُ الحوضِ سَرَفًا : حوض کا پانی کناروں سے بہ پڑا۔

سُرْفَۃ : سرخ جسم اور سیاہ سر والا کیڑا۔

سُرَافٌ : سرفہ کیڑے کا درختوں کے پتوں کو کھانا۔

سَرِفُ الفُؤَادِ : غافل۔ بے پرواہ۔

—— العَقْلِ : خراب عقل والا۔

اَرْضٌ سَرِفَۃ : زمین جس میں بہت سے سرفہ کیڑے ہوں۔

سَرُوْفٌ : سخت خوفناک (دن)

سَرِیْفٌ : انگور کے درختوں کی قطار۔

اِسْرَافِیْل : فرشتہ جو قیامت کو صور پھونکے گا۔

سَرَقَ ۔ سَرَقًا وسَرِقَۃً و سَرْقًا و اِسْتَرَقَ : چرانا۔ چوری کرنا۔

سَرِقَ ۔ سَرَقًا : چھپنا۔ کمزور ہونا (جوڑ)

سَرَّقَ : چور کہنا۔ چوری کرنا۔

سَارَقَ النَّظَرَ : چوری سے دیکھنا

تَسَرَّقَ : تھوڑا تھوڑا چرانا۔ چوری چوری سننا یا دیکھنا۔

اِنْسَرَقَ عن: سکڑنا۔ آہستہ گذرنا
کمزور ہونا (عضو)
اِسْتَرَقَ: سست ہونا (جوڑ)
ــــ السَّمْعَ: چوری سننا۔
سَرِقَةٌ: چرائی ہوئی چیز۔
سَرَقَةٌ ج سَرَق: ریشم کے کپڑے کا ٹکڑا
سَارِقَةٌ وسَرَّاقَة: چھوٹی آدمی۔
سَارِق ج سَرَقَةٌ وسُرَّاق وسَارِقُون: چور۔
سَرَّاق: بہت چور۔
سَارِقَة ج سَوَارِق: مؤنث
سَارِق: طوق۔
مُسْتَرِقٌ: کمزور۔ ناقص۔ چوری سننے والا
ــــ العُنُقِ: چھوٹی گردن والا۔
سُرْقُعٌ: انگور کا ترش نبیذ۔
سِرْقِينٌ: گوبر۔ کھاد۔
سَرِكَ ـ سَرَكًا: کمزور جسم ہونا۔
سَرَكَ وتَسَرْوَكَ: سست چلنا۔
سَرَمَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
تَسَرَّمَ: کٹ جانا۔
سُرْمٌ: مستقیم آنت کا سرا۔ کون
سَرَمٌ: دبر کا درد۔
سِرْمَانٌ: زرد وسیاہ بھڑ۔
سَرْمُوجٌ وسَرْمُوجَةٌ وسَرْمُوزَةٌ وسِرْمَايَةٌ: بوٹ گیٹس۔
سَرْمَدٌ: دائم ہمیشہ۔ لمبی (رات)
سَرْمَدِيٌّ: جس کا شروع اور اخیر نہ ہو (خدا)

تَسَرْمَطَ: تھوڑے ہونا (بال)
سَرْمَطٌ وسُرَامِطٌ وسَرَوْمَطٌ ومُسْرَمَطٌ وسَرَمْطِيطٌ: لمبی چیز
سَرَوْمَطٌ: ہر ایک چیز نگل جانے والا (آدمی)
سَرْمَقٌ: بالنفو کا پودہ۔
اِسْرِنْجٌ: سندور۔
سَرْهَدَ: کاٹنا (کوہان) اچھی خوراک کھلانا (بچہ کو)
سَرْهَدٌ: کوہان کی چربی۔ بہت (پانی)
مُسَرْهَدٌ: چربی دار۔ کوہان۔ اچھی خوراک کھلایا ہوا۔ فربہ
سَرْهَفَ: اچھی بنانا (غذا) اچھی خوراک کھلانا (بچہ کو)
سَرَا ـ سَرْوًا: انڈے دینا۔ (ٹڈی)
سَرَا ـ سَرْوًا وسَرُوَ ـ وسَرِيَ ـ سَرْوًا وسَرَاوَةً وسَرًا و سَرَاءً: سردار ہونا۔ جوانمرد ہونا۔ مروت اور سخاوت والا ہونا
ــــ وسَرَّى: اتارنا (کپڑے)
سُرِّيَ وانْسَرَى عَنْهُ الهَمُّ: اس کا فکر دور ہوگیا۔
ــــ القَوْمُ: قوم کا سردار مارا گیا۔
تَسَرَّى: مروت اور سخاوت ظاہر کرنا فیاض اور مروت والی عورت لینا۔
اِسْتَرَى: اختیار کرنا۔ چننا۔
سَرْوٌ (مفرد سَرْوَة) سرو کا درخت فضل۔ مروت۔
ــــ وسُرْوَةٌ ج سِرَاءٌ: چھوٹا تیر۔
سِرْوَةٌ: ٹڈی کا بچہ جبکہ کیڑے کی حالت میں ہو

سَرَاةٌ ج سَرَوَات: پیٹھ۔ دن کا درمیان۔ سڑک کا درمیان۔
سَرَوَاتُ القَوْمِ: قوم کے سردار
سَرِيٌّ ج سُرَوَى وسَرَاةٌ و أَسْرِيَاءُ وسُرَوَاءُ: صاحب شرف ومروت اور فیاض۔ شریف سردار۔ عمدہ چیز۔
سَرِيَّةٌ ج سَرِيَّاتٌ وسَرَايَا: فیاض وصاحب شرف اور مروت عورت
سَرَوَات وسِرْيَة: ٹڈی کا بچہ جو ابھی انڈے سے نکلا ہی ہو۔
سَرْوَلَ: پاجامہ پہنانا۔
تَسَرْوَلَ: پاجامہ پہننا۔
سِرْوَال وسِرْوَالَة وسِرْوِيل ج سَرَاوِيل: پاجامہ ازار وغیرہ کا دراز۔
مُسَرْوَلٌ: ٹانگوں پر بال رکھنے والا کبوتر بازوؤں اور رانوں سے آگے بڑھی ہوئی سفید والا (گھوڑا)
سَرَى ـ سُرًى وسَرْيَةً وسُرْيَةً وسِرَايَةً وسَرَيَانًا ومَسْرًى وأَسْرَى واسْتَرَى: رات کو سفر کرنا۔
ــــ ب وأَسْرَى: رات کو سفر کرانا۔
سَرَى عِرْقُ الشَّجَرَةِ: درخت کی جڑھیں زمین کے بیچ چل پڑیں۔
سَرَى مَتَاعَهُ: اس نے اسباب کو جانور کی پیٹھ پر ڈالا۔
ــــ الهَمُّ: غم جاتا رہا۔
سُرِيَ عَنْ: غضب یا غم کا دور ہونا
أَسْرَى ب: رات کو چلانا۔

— : اُونچی زمین کی طرف جانا۔
سَرَّی : بھیجنا (فوج کا دستہ)۔
— عن : فکر دور کرنا۔
سَایَرَ : ساتھ چلنا۔
سُرًی و سَرَیَان و سُرْیَة : رات
کا سفر۔
اِبْنُ السَّرَی : رات کو سفر کرنیوالا
سَرَاة ج سَرَوَات : سب سے
اُونچا حصہ۔
سَرَاةُ الضُّحَی : چاشت کا شروع۔
سَرَاء (مفرد سَرَاة) درخت جس
سے کمانیں بناتے ہیں۔
سَرَّاء : رات کو بہت چلنے والا۔
سَارِی ج سُرَاة : رات کو چلنے والا
— و مُسَارِی و مُسْتَرِی : شیر
سَارِیَة ج سَوَارِی : مؤنث سارِی
رات کو آنے والا بادل۔ ستون۔ تھم۔
مستول۔ رات کو چلنے والی جماعت۔
سَرَابِیَة و سَرَابِیا ج سَرَابِیَات
قلعہ۔ محل۔
سَرِیّ ج اَسْرِیَة و سُرْیَان
چھوٹی نہر یا پانی دینے کی نالی۔
سَرِیَّة ج سَرَایَا : فوج کا دستہ
تیر کا گول اور چھوٹا پھل۔
سَاسَب و سِیْسَب و سَبْسَب :
ایک درخت جس کی لکڑی سے تیر بنتے ہیں
سَیْسَبَان : ایک درخت کا نام۔
اَسَطّ : لمبی ٹانگوں والا آدمی۔
سُطُط : ظالم لوگ۔
مَسْطَبَة ج مَسَاطِب : چبوترہ
ثریا۔ اہرن۔ سائلوں کے جمع ہونے کی
جگہ یا سرائے۔

سَطَحَ ـ سَطْحًا و سَطَّحَ :
پھیلانا۔ بکھیرنا۔ برابر کرنا۔ پچھاڑ کر لٹانا
تَسَطَّحَ : مطاوع سطح۔
اِنْسَطَحَ : چت لیٹنا۔ پھیلنا۔
سَطْح ج سُطُوح : مکان کی چھت
چوڑی چوٹی۔ رقبہ۔ میدان۔
سَطِیْح : پھیلا ہوا۔ کمزوری یا بیماری
کے سبب سے سستی سے اُٹھنے والا۔
— و سَطِیْحَة : پانی کی مشک۔
سُطَّاح (مفرد سُطَّاحَة) : زمین
پر بچھا ہوا پودہ بیل وغیرہ۔
مِسْطَح : ہموار کرنے کا اوزار خیمہ
کا ڈنڈا۔ خرمن۔ بیلن۔
— و مِسْطَاح : کھجور کی شاخوں
کی چٹائی۔
مَسْطُوح : مردہ پڑا ہوا۔ چوڑی چھت
کا مکان۔
مُسَطَّح : چوڑا کیا ہوا۔ چھوٹے چھوٹے
کھجور کے پتوں کی چٹائی۔
سَطَرَ ـ سَطْرًا و اِسْتَطَرَ
لکھنا۔ گرانا۔
— بِالسَّیْف : تلوار سے کاٹنا۔
سَطَّرَ : تالیف کرنا (قصہ) لکیریں کھینچنا
(کاغذ پر)
— عَلَی : قصے بیان کرنا یا سُنانا۔
اَسْطَرَ : پڑھنے میں غلطی کرنا۔ سطر
چھوڑنا (پڑھتے میں)
سَطْر ج سُطُور و اَسْطُر و
اَسْطَار جج اَسَاطِیر : قطار۔ لکیر
تحریر کی سطر
سُطْرَة : خواہش۔ امید۔
اُسْطَار و اُسْطُورَة و اِسْطِیر

ج اَسَاطِیر : کہانی۔ قصہ۔
سَاطِر و سَطَّار : قصاب۔
سَاطُور ج سَوَاطِیر : قصاب
کی چھری۔ قصاب کے گوشت کاٹنے
کا چھُرا۔
مِسْطَرَة ج مَسَاطِر : کاغذ
پر لکیر ڈالنے کا رولر۔ نمونہ۔ سیاہ لکیر
مُسْطَار و مُسْطَارَة : شراب
جو پینے والے کو گرا دے۔ نئی شراب
بلند غبار۔
سَوْطَرَ و سَیْطَرَ و تَسَیْطَرَ
عَلَی : نگرانی کرنا۔ حاکم بننا۔
مُسَیْطِر و مُتَسَیْطِر : نگہبان رقیب اور دار
مَسْطَارِین : معمار کی کنی یا کرنا
سَطَعَ ـ سَطْعًا و سُطُوْعًا
و سَطِیْعًا : بلند ہو کر پھیلنا (غبار
بُو وغیرہ)
ہونا۔ موسم سرما میں خشک سالی کی تکلیف
اُٹھانا۔
یُشَتِّیْنِی: سرما میں مجھے کافی ہوگا۔
شَتّٰی: برسنا۔
شَاتٰی مُشَاتَاۃً وشِیْتَاءً: موسم
سرما پر سودا کرنا۔ یا موسم سرما میں سودا
کرنا۔
شِتَاءٌ ج اَشْتِیَۃٌ وشُتِیٌّ: موسم
سرما۔ بارش۔
شَتْوِیٌّ: موسم سرما کی بارش۔
شَتَاۃٌ وشَتْوَۃٌ وشَتَوِیَّۃٌ:
موسم سرما۔
شَاتٍ: سرد۔ بارش والا (موسم)
شَتِیٌّ: موسم سرما کی بارش۔
مَشْتًی ومَشْتَاۃٌ: موسم سرما کا وقت
یا مکان یا سرما کے ایام گزارنے کی جگہ۔
شَثٌّ ج شِثَاثٌ: چھوٹے سیب
کی طرح کا کڑوے مزے کا ایک درخت
ہے۔ جس کے پتے چمڑا رنگنے میں استعمال
کرتے ہیں۔ بہت زیادہ تعداد۔ جنگلی
اخروٹ۔ شہد بنانے والی مکھیاں۔
پہاڑ کی چوٹی کا کنگرا۔
شُثْرٌ ج شُثُوْرٌ: پہاڑ کی چوٹی۔
شَثِلَتْ ـَ شَثَلًا وشَثُلَتْ
ـُ شُثُوْلَۃً: موٹی ہونا (انگلیاں)
شَثْلُ الاَصَابِعِ: موٹی انگلیوں والا۔

شَثُنَ ـــ شَثَنًا وشُثُونَ سے
شُثُونَۃ : بمعنے شَثِل : پرگوشت
ہونا (ہتھیلی)
شَثْنٌ : پُرگوشت ۔ موٹا ۔
شَجّ ـــ شَجًّا : زخمی کرنا یا
توڑنا (سر) عبور کرنا (ریگستان) ملانا
(شراب پانی سے)
یَشُجُّ مَرَّۃً وَیَأْسُو مَرَّۃً :
کبھی غلطی کرتا ہے ۔ اور کبھی ٹھیک
کرتا ہے ۔
شَجِجَ ـــ شَجَجًا : زخمی سر والا ہونا
سر میں زخم کے نشان والا ہونا ۔
شُجِّجَ : زیادہ زخمی کرنا (کھوپری)
ـــ علی : مصمم ارادہ کرنا ۔
شَاجَّ مُشَاجَّۃً وشِجَاجًا و
تَشَاجَّ : ایک دوسرے کے سر پر
زخم لگانا ۔
شَجَاجُ : ہوا ۔
شَجَّۃٌ ج شِجَاجٌ : سر کا زخم ۔ زخم ۔
سر کے زخم کا نشان
آشَجُّ : سر کا زخمی ۔ چہرے پر زخم
کا نشان رکھنے والا ۔
ـــ وشَجِیجٌ ومَشْجُوجٌ و
مُشَجَّجٌ : زخمی ۔ سر کے زخم والا ۔
شَجِیجٌ ومُشَجَّجٌ : میخ ۔
شَجَبَ ـــ شَجْبًا : ہلاک کرنا
غمگین بنانا ۔ کھینچکر مشغول کرنا ۔
ـــ شُجُوبًا وشَجِبَ ـــ شَجَبًا
وتَشَجَّبَ : تباہ ہونا ۔ مرجانا ۔ غمگین
ہونا ۔
ـــ شَجِیبًا : جُدائی کی خبر دینا (کوّا)
اَشْجَبَ : غمگین کرنا ۔ ضایع ہونا (چیز)

تَشَاجَبَ : مل جل جانا ۔ آپس میں
مخلوط ہونا ۔
شَجَبٌ : غم ۔ مفلسی ۔ موت کا حکم ۔
ـــ ج شُجُوبٌ : خیمہ کا ستون ۔
ـــ ج شُجُوبٌ وأَشْجَابٌ :
کھال جو بطور ڈول کے استعمال ہو ۔
شَجِبٌ وشَاجِبٌ : تباہ ہونے والا ۔
غمگین ۔
شَاجِبٌ : بہت بکواس کرنے والا
مخولیا ۔ بہت بولنے والا (کوّا)
شِجَابٌ : بوتل کا کارک ۔ ڈھکنا ۔
ـــ وشُجُبٌ ومِشْجَبٌ : لکڑی
کا سٹینڈ جس پر کپڑے رکھے جاتے
ہیں ۔ اور پھیلائے جاتے ہیں ۔
شَجْبَاء : مشک ۔
شَجَرَ ـــ شَجْرًا : باندھنا ۔ ہٹانا ۔
منع کرنا ۔ نیزہ مارنا ۔ لکڑی سے کھولنا
(منہ) ستون لگانا (چھت میں) سرپائی
پر کپڑے لٹکانا ۔
ـــ النبات : نباتات کی لٹکی ہوئی
شاخوں کو باندھنا ۔
ـــ شَجْرًا وشُجُورًا بَیْنَ : زیر
بحث ہونا (معاملہ) کسی امر کے متعلق
آپس میں جھگڑنا ۔
شَجِرَ ـــ شَجَرًا : بے شمار جمعیت
والا ہونا ۔
شَجَّرَ : درخت بن جانا (پودہ) پیوند
لگانا (درخت پر) ستون دینا (درختوں کو)
شاجر مشاجرۃ : پھولوں سے
سجانا (کپڑا) جھگڑا کرنا ۔ خصومت
کرنا ۔ کھرچنا ۔ درختوں پر گزارہ کرنا ۔
(سبزی کے نہ ہونے سے مویشی کا) درخت

چرانا (مویشی کو)
أَشْجَرَ : درخت پیدا کرنا (جگہ)
تَشَاجَرَ : باہم جھگڑنا ۔ ایک دوسرے
کو نیزہ سے مارنا ۔ پیچیدہ ہونا (معاملہ)
مل جل جانا ۔
اِنْشَجَرَ : جلدی سے خلاصی پانا ۔
دور ہونا (نیند)
اِشْتَجَرَ : باہم جھگڑنا (قوم) آگے
آنا ۔ جلدی سے خلاصی پانا ۔ ٹھوڑی
کے نیچے ہاتھ کا سہارا دینا ۔ دور
ہونا (نیند)
شَجَرٌ ج أَشْجَارٌ (مفرد شَجَرَۃ)
درخت ۔
شَجَرَۃٌ مَلْعُونَۃٌ : درخت جس
سے شراب بنائی جاتی ہے ۔ تھوہر کا
پودہ ۔
شَجْرٌ : اختلافی بات ۔
ـــ ج شُجُورٌ وشِجَارٌ : دونوں
جبڑوں اور ٹھوڑی کے درمیان کا
حصہ ۔
شَجْرَۃٌ : چاہ زنخداں ۔
حُرُوفٌ شَجَرِیَّۃٌ : وہ حروف
جو شَجَر کے درمیان سے خارج ہوں
جیسے ش ۔ ض ۔ ج بعض کے نزدیک
ش ۔ ج ۔ ق ۔ ک ۔ ی ۔
شَجِرِبَّۃٌ : جھاڑی ۔ جھنڈ ۔ باغیچہ ۔
سایہ دار جگہ ۔
شَجِرٌ وشَجِیرٌ و اَشْجَرُ ومُشْجِرٌ :
بہت درختوں والی جگہ ۔
شِجَارٌ ج شُجُرٌ : چھوٹی پالکی ۔
دروازہ کے پیچھے رکھنے کی لکڑی ۔
لکڑی کا دہانہ جو بکری کے بچوں کے

منہ میں دیا جاتا ہے۔
شَجْرَاء : گنجان درخت۔ گنجان درختوں والی زمین۔
شَجِيْرٌ : مسافر۔ اجنبی۔ برا ساتھی۔ تلوار بہت درختوں والی جگہ۔
مَشْجَرَةٌ : جنگل۔ درختوں کا جھنڈ۔ بہت درختوں والی جگہ۔
مِشْجَرٌ ج مَشَاجِر : لکڑی کا سٹینڈ جس پر کپڑے رکھتے ہیں۔
ثَوْبٌ مُشَجَّر : بوٹے دار کپڑے۔ کپڑا جس پر درختوں کی شکلیں ہوں۔
شَجُعَ ـُ شَجَاعَةً : دلیر ہونا۔ بڑا جرأت والا ہونا۔
شَجَعَ ـُ شَجْعًا : دلیری میں دوسرے سے بڑھنا۔
شَجِعَ ـَ شَجَعًا : لمبا ہونا۔
شَجَّعَ : جرأت دلانا۔
تَشَجَّعَ : بہادر بننا۔
شُجُعٌ : درختوں کی جڑھیں۔
شُجْعَةٌ : بزدل۔ کمزور۔
شُجَاعٌ (ج شُجْعَانٌ وشِجَاعٌ و شُجَعَاءُ وشِجْعَةٌ وشَجَعَةٌ) : دلیر۔ بہادر۔ جرأت والا۔
اَشْجَعُ ج اَشَاجِعُ : انگلیوں کی جڑھ
ــــ وشُجَاعٌ ج شِجْعَانٌ و اَشْجِعَةٌ : سانپ کی ایک قسم ہے۔
اَشْجَعُ (م) شَجْعَاء : بہادر۔ دلیر۔ شیر۔ مضبوط۔ لمبا۔ زمانہ۔ ایک قسم کا سانپ۔
شَجِعٌ : بہادر۔ مجنون اونٹ۔ تیزی سے قدم اٹھانے والا (اونٹ)
شَجِيْعٌ ج شُجْعَان وشِجَاعٌ وشُجَعَاء وأَشْجِعَةٌ (م) شَجِيْعَةٌ ج شَجَائِعُ وشِجَاعٌ و شُجُعٌ : بہادر۔
مُشَجَّعَةٌ : عاجز۔ بزدل۔
مُشَجَّعٌ : بہت پاگل۔
شَجَمٌ : تباہی۔ ہلاکت۔
شُجُمٌ : مصائب۔ ہلاکتیں۔
شَجِنَ ـَ وشَجَنَ ـُ شَجَنًا و شُجُوْنًا : اندوہگین ہونا۔ غمگین ہونا۔ کوکو کرنا (فاختہ)
شَجَنَ ـُ شَجْنًا وشُجُوْنًا وشَجَّنَ : غمگین کرنا۔ روکنا۔
اَشْجَنَ : غمگین کرنا۔ الجھی ہوئی شاخوں والی ہونا (انگور کی بیل) روکنا۔
تَشَجَّنَ : لپٹنا (درخت) یاد کرنا۔ حرکت کرنا۔ غمگین ہونا۔
شَجَنٌ ج شُجُوْنٌ و اَشْجَان : اندوہ۔ رنج۔ غم۔ افسوس۔ ضرورت حاجت۔
شَجْن (ج شُجُوْنٌ) شَاجِنَة ج شَوَاجِنُ : وادی کا راستہ۔ وادی کے پہلو کا راستہ۔
شَجْنَةٌ وشِجْنَةٌ : شاخ۔ لپٹی ہوئی شاخ۔ لپٹے ہوئے گنجان درخت۔ درختوں والی وادی۔
بَيْنَهُمَا شِجْنَةُ الرحم : وہ دونوں قریبی رشتہ دار ہیں۔
شِجْنَةٌ : پہاڑ کی دراڑ۔
شَاجِنٌ : غمگین۔
شَجَا ـُ شَجْوًا و اَشْجَى : رنجیدہ کرنا۔ غمگین کرنا۔ خوش کرنا۔ اکسانا۔
شَجِيَ ـَ شَجًا : غمگین ہونا۔
ــــ ب : چیز کے اٹکنے سے گلا گھٹنا۔
اَشْجَيْتُهُ عَنِّي : میں نے اس کو اپنے سے الگ کر دیا ہے۔
تَشَاجَى : غم کا اظہار کرنا۔
ــــ علی : بہت غمگین یا متاثر ہونا
شَجًا : گلے میں اٹکنے والی چیز ہڈی وغیرہ
شَجْوٌ : غم۔ فکر۔ حاجت۔
مَفَازَةٌ شَجْوَاءُ : ریگستان جس میں سفر کرنا مشکل ہو۔
اَمْرٌ شَاجٍ : غمگین کرنے والا واقعہ
شَجٍ وشَجِيٌّ : فکرمند۔ افسوس کرنے والا۔ غمگین۔
شَحَّ ـِ ـُ شُحًّا ب و علی : بخل کرنا حرص کرنا۔
شَاحَّ ب علی : دینے میں بخل کرنا
ــــ : برابر تا ؤ کرنا۔
تَشَاحَّ فی و علی : کسی چیز کے بارے میں آپس میں بخل کرنا۔ ہر ایک کا اپنے لئے پسند کرنا۔
ــــ فی الجدال : جھگڑنے میں ایک دوسرے پر غالب ہونے کی خواہش کرنا
شُحٌّ : حرص۔ کمی۔ بخل۔ بخیل۔
شَحَاحٌ : حریص۔ بخیل۔ بنجر زمین۔ آگ نہ دینے والا (چقماق)
شَحِيْحٌ ج شِحَاحٌ واَشِحَّةٌ و اَشِحَّاءُ : بخیل۔ کنجوس۔ تھوڑا پانی دینے والا (چشمہ)
شَحِيْحَةٌ ج شَحَائِحُ : تھوڑا دودھ دینے والی اونٹنی۔
اَيَّامٌ اَوْ سَنُوْنَ شَحَائِحُ : دن یا سال جن میں کم بارش ہو۔
شَحْشَحٌ : چوڑا ریگستان۔ غیرت مند بہادر۔ خوش بیان لیکچرار۔

شَحْشَحَان: بخیل۔ غیور۔ لمبا۔
مُشَحْشَحٌ: بے برکت۔
شَحَبَ ـُ وَشَحُبَ ـُ وَشَحِبَ
وَشُحُوْبَةً وَشُحُوْبًا: بھوک یا
تکان یا مرض وغیرہ سے بدلنا (رنگ)
شَحَبَ ـَ شَحْبًا: کھرچنا (زمین)
شَاحِبٌ: متغیر رنگ والا۔ دبلا۔
شَحَتَ: دھتکارنا۔ ہٹانا۔
شَحْتَلَةٌ: چٹکی (نسوار کی) چھوٹا سا
ٹکڑا۔ تھوڑا۔
شَحْتُوْلٌ: بوڑھا ہرن۔ بیوقوف
آدمی۔
شَحَثَ ـَ شَحْثًا: تیز کرنا (چھری)
شَحَجَ ـِ شَحِيْجًا وَشُحَاجًا
وَشَحَجَانًا وَتَشْحَاجًا وَتَشَحَّجَ:
کائیں کائیں کرنا (کوا) ہنہنانا (خچر)
شَحَّاجٌ وَمِشْحَجٌ وَشَاحِجٌ:
گورخر۔ جنگلی گدھا۔
بَنَاتُ شَحَّاجٍ اَوْ شَاحِجٍ: خچریں۔
شَوَاحِجُ: کوے
شَحَذَ ـَ شَحْذًا وَاَشْحَذَ:
تیز کرنا (چھری وغیرہ)
ـــ بِبَصَرِهٖ: ٹکٹکی لگا کر دیکھنا۔
ـــ فِي السُّؤَالِ: بہت اصرار
کرنا مانگنے میں
ـــ الدَّابَّةَ: شدت سے جانور
کو ہانکنا۔
ـــ علی: غضبناک ہونا۔
ـــ وَتَشَحَّذَ: دھتکارنا۔ نکال دینا۔
شِحَاذَةٌ: فقیری کا پیشہ۔
شَحَّاذٌ: سوالی۔
شَحْذَان: بھوکا۔ دور سے ہانکنے
والا۔ ہلکا چلنے والا۔
شَحِيْذٌ وَشَحُوْذٌ: تیز کی ہوئی (چھری
وغیرہ) X
مِشْحَذٌ وَمِشْحَذَةٌ: کسوٹی۔
حَجَرُ الشَّحْذِ: کسوٹی۔
مَشْحَذَةٌ: دل کو اکسانے والا۔
شَحَرَ ـَ شَحْرًا: منہ کھولنا۔
شَحْرٌ: وادی کا درمیان۔ پانی چلنے
کی جگہ۔
ـــ وَشِحْرٌ: کنارہ۔ عمان اور عدن
کے درمیان کی ساحل۔
شِحْرَةٌ: تنگ کنارہ۔
شَحْوَرٌ وَشُحْرُوْرٌ ج شَحَارِيْرُ
کستورا پرندہ
شَحَزَ ـَ شَحْزًا: ڈرنا۔ گھبرانا
شَحْشَحَ: جلدی سے اڑنا (پرندہ)
کراہنا (اونٹ) آواز نکالنا (مولا)
ـــ من: ڈرنا۔
شَحْشَحٌ وَشَحْشَاحٌ: بدخلق۔ بخیل۔
ہمیشگی کرنے والا۔
شَحْشَحٌ: وسیع ریگستان۔ بہادر
آدمی۔ غیور۔ خوش بیان لیکچرار
مُشَحْشَحٌ: بے برکت۔
اِشْحَصَ: تھکانا
ـــ ه من وَشَحَّصَ عن: جگہ سے نکالنا۔
شَحَطَ ـَ شَحْطًا وَشُحُطًا وَ
شُحُوْطًا وَمَشْحَطًا: بھرنا (برتن)
سبقت لے جانا۔ ڈسنا (بچھو) رگڑنا
(دیاسلائی) زمین پر گھسیٹنا۔ پانی سے
پتلا کرنا (دودھ) تھم لگانا۔ (درخت کو)
بیٹ کرنا (پرندہ)
ـــ فِي الْاُنْبُوْبِ: نلی سے چوسنا۔
ـــ وَشَحِطَ ـَ شَحَطًا: دور ہونا (جگہ)
ـــ وَشَحِطَ الْجَمَلَ: اونٹ ذبح
کرنا۔
شُحِطَ بِالدَّمِ: خون سے لتھڑنا۔
شَحَّطَ: خون سے لتھیڑنا۔
اَشْحَطَ: دور کرنا۔
تَشَحَّطَ بِالدَّمِ: خون سے لتھڑنا۔
ـــ فِي الرَّحِمِ: رحم میں حرکت کرنا
(مضغہ)
شَحْظٌ وَمِشْحَظٌ: تھم جس پر انگور
کی بیل کو سہارا دیا جاتا ہے۔
شَاحِطٌ وَشَحَاطٌ: دور۔
شَحَاطَةٌ ج شَحَاطَاتٌ: دیاسلائی
شَاحُوْطَةٌ: سوت کا غرغرہ۔ دندانہ دار
ہتھوڑا (پتھر توڑنے کا)
شَوْحَطَةٌ: لمبی گھوڑی۔
شَحَكَ ـَ شَحْكًا: منہ چھینکا
لگانا (بچے کو)
شِحَاكٌ: لیلے کا منہ چھینکا
شَحَلَ: تراشنا (انگور کی شاخیں)
شَحَمَ ـَ شَحْمًا: چربی کھلانا۔
شَحُمَ ـُ شَحَامَةً: بہت چربی دار
ہونا۔ موٹا ہونا۔
شَحِمَ ـَ شَحَمًا: چربی کی خواہش
کرنا۔
شَحَّمَ: چربی ملنا۔
اَشْحَمَ: موٹا ہونا۔ چربیدار ہونا۔
چربی والا ہونا۔ چربی کھلانا۔
شَحْمٌ ج شُحُوْمٌ: چربی۔ گدا۔
شَحْمَةٌ: چربی کا ٹکڑا۔
ـــ الاَصَابِعِ: ککرمتا۔ کھمبی چھتر
ـــ العَيْنِ: آنکھ کا غدہ۔

— الأُذُن : کان کی لَو۔
— الرمّان : انار کا گودا۔
شاحِمٌ وشحّامٌ : چربی فروخت کرنے والا۔
شَحِمٌ : چربی کا حریص۔ گدے دار (پھل) تھوڑے رس والا انگور۔
شَحِیمٌ : چربی دار۔ موٹا۔
— وشَحِیمَةٌ : سریانیوں کے نزدیک نمازوں کے فرضوں کی کتاب
شَحَنَ ـَ شَحْنًا : بھرنا۔ پُر کرنا۔ (کشتی وغیرہ کو) دھتکارنا۔ دُور کرنا۔
شَحَنَ ـُ وشَحِنَ ـَ شَحْنًا : بغیر شکار پکڑنے کے دور تک جانا (کتا)
شَحِنَ ـَ شَحَنًا علی : کینہ رکھنا۔
اَشْحَنَ : بھرنا (جگہ) نیام میں ڈالنا یا نکالنا۔ (تلوار) رونے کو تیار ہونا (بچہ)
— لَهُ بسَهْمٍ : اس نے اس کو مارنے کے لئے تیر تیار کیا۔
شَاحَنَ : نفرت کرنا۔ دشمنی کرنا۔
تَشَاحَنَ : ایک دوسرے سے نفرت کرنا۔ ایک دوسرے سے بغض رکھنا
بُوْلِیصَةُ الشَّحْنِ : ریلوے پارسل کی بلٹی۔
شَحْنَاءُ وشِحْنَةٌ ومُشَاحَنَةٌ بغض۔ کینہ۔
شِحْنَةٌ ج شِحَنٌ : چارپایوں کے لئے ایک دن کی رسد۔ فوج کا دستہ رسالہ کا دستہ۔ کوتوال۔ پولیس۔
شَاحِنٌ (م) شاحِنَةٌ : بھرا ہوا لدا ہوا۔
مُشَاحِنٌ : کینہ سے بھرا ہوا۔

سَنَدُ المَشْحُونَات : پارسل کی رسید
شَحَا ـُ شَحْوًا وشَحِیَ ـَ شَحْیًا کھلنا (منہ)
— وأشْحَی : کھولنا (منہ)
تَشَحّی علی : زبان درازی کرنا۔
شَحًا : وسیع۔ چوڑا۔
شَحْوَةٌ : قدم۔ دونوں پاؤں کا درمیانی فاصلہ۔
شَحْوَاءُ : چوڑا کنواں۔
شَاحِیَةٌ ج شواحٍ : کھلے ہوئے منہ والا (گھوڑا)
شَخَّ ـُ شَخًّا : پیشاب کرنا۔ دوہنے کے وقت آواز نکالنا (دودھ)
— فی نَوْمِهِ : اس نے نیند میں خراٹے لئے۔
شَخَّ ـُ شَخِیخًا ب : لگاتار پیشاب کرنا۔
شَخَبَ ـُ شَخْبًا : دوہنا (دودھ)
— وانْشَخَبَ : بہنا (دودھ)
مَرَّ یَشْخَبُ فی الارضِ : وہ زمین پر تیزی سے گذر گیا۔
شَخْبٌ : خون۔
— وشُخْبٌ وشُخْبَةٌ ج شِخَابٌ دودھ کی دھار جو دوہتے وقت نکلے۔
شُخْبٌ فی الاناءِ وشُخْبٌ فی الارضِ دودھ کی ایک دھار برتن میں اور دوسری زمین پر یعنی ایک دفعہ درست اور دوسری دفعہ غلط۔
اُشْخُوبٌ ج اَشَاخِیبُ : تھنوں سے دودھ نکلنے کی آواز۔
— وَدَجٌ شَخِیبٌ : گردن کی کٹی ہوئی رگ جو خون بہا رہی ہو۔

شِخَابٌ وشُخْبُوبٌ وشُخْبُوبَةٌ ج شَنَاخِیبُ : پہاڑ کی چوٹی۔
— الخُلُقِ : کمینہ۔
شَخُتَ ـُ شُخُوتَةً : پتلا یا باریک ہونا۔
شَخَتَ الی : پہونچانا۔
شَخْتٌ وشَخِیتٌ ج شِخَاتٌ : پتلے جسم والا باریک۔ تھوڑا۔
شَخْتٌ وشِخْتِیتٌ وشَخِیتٌ وشِخْتِیتٌ : بلند غبار
شَخْتُورٌ وشُخْتُورَةٌ ج شَخَاتِیرُ : کشتی
شَخَرَ ـِ شَخِیرًا : خراٹے لینا۔ ناک یا حلق سے آواز نکالنا۔
— شَخِیرًا وشُخَارًا : ہنہنانا (گھوڑا)
شَخْرٌ : ابتداء (جوانی) زین کے اگلے اور پچھلے حصّہ کے درمیان کی جگہ
شَخِیرٌ : خراٹا۔ ہنہناہٹ۔ پہاڑی راستہ
شَخِّیرٌ : خراٹے لینے والا۔
شَخَزَ ـَ شَخْزًا : بے قرار ہونا۔ اضطراب کرنا۔
— علیه الامرُ : اس پر کام مشکل ہو گیا۔
— ہ بالرمح : اس نے اس کو نیزہ سے مارا۔
— بَیْنَ : فساد ڈالنا۔ اکسانا۔
تَشَاخَزَ : باہم بغض رکھنا۔
شَخْزٌ : سخت مشقت
شَخَسَ ـَ شَخْسًا : اضطراب کرنا جمائی لینے میں منہ کھولنا۔ (گدھا)
اَشْخَسَ ب : غیبت کرنا۔
— لَهُ فی المَنْطِقِ : اس نے اس سے گفتگو میں ترش رُوئی کی۔
سَاخَسَ : مختلف ہونا۔ لید سونگھ کر سر اونچا کر کے مونہہ کھولنا (گدھا)

خراب طور پر بند کرنا (دراڑ)

تشاخس: جمائی لینے میں یا لید سونگھ کر منہ کھولنا (گدھا) بڑھاپے کی وجہ سے گر کر بے ترتیب ہونا (دانت)

تشاخس ما بینھم: اُن کا آپس میں اچھا سلوک نہیں۔

شخیس: بے ترتیب۔متفرق حکم کے برخلاف کرنے والا۔

شخشخ شخشخة: جھنکارنا (ہتھیار) دور پھینکنا (پیشاب) بیٹھے ہوئے سینہ اُونچا کرنا۔ (اُونٹنی)

شخص ـ شخوصًا: بلند ہونا طلوع کرنا (ستارہ) نشانہ سے بلند پڑنا (تیر) سوجنا (زخم)

— بصرہ وببصرہ: اس نے اپنی آنکھ اُونچی کی یا ٹکٹکی لگائی۔

— من بلدٍ: شہر سے چلے جانا

— الی: واپس آنا۔

شخص ب: گھبراؤ میں ڈالنا۔

شخص ـ شخاصةً: موٹا ہونا

شخّص: تشخیص کرنا۔تمیز کرنا۔

اشخص: گھبراؤ میں ڈالنا۔ڈرانا جانے کا وقت آنا۔نشانہ سے بلند پڑنا (تیر)

— ب: غیبت کرنا۔

— لہٗ والیہ فی المنطق: اس نے اس سے ترش روئی سے کلام کیا

تشخّص: معین۔ممیز ہونا۔

— ل: سوجھنا۔

تشاخصوا: آپس میں اختلاف کرنا۔

شخص ج اشخص واشخاص و

شخوص: وجود جو دور سے دکھائی دے۔کالبد۔سیٹچو۔

شخوص: سستی۔

شخیص: جسیم۔مضبوط۔سردار۔ترش روئی سے گفتگو کرنے والا۔

متشاخص: ناموافق

مشخّص: ایکٹر۔ڈرامہ کھیلنے والا

شخط: دھکانا۔نکال دینا۔

شخل ـ شخلًا: صاف کرنا (شربت) دوہنا (اُونٹنی)

شاخل: سچی دوستی لگانا۔

شخل وشخیل: دوست۔

مشخل ومشخلة: چھلنی۔

شخم ـ وشخم ـ وشخم ـ شخومًا: خراب ہونا (کھانا)

شخّم: خراب کرنا یا ہونا (کھانا)

اشخم: خراب ہونا (خوراک) ترش ہونا (دودھ) رونے کو تیار ہونا (آدمی) بدبودار ہونا (منہ)

اشخامّ: خشک اور تر گھاس کا آپس میں مل جانا۔

اشخم: سفید (بال) بغیر نباتات کے (باغ) خشک (سال)

شخم: وہ لوگ جن کے تیز خوشبو یا بدبو سے ناک بند ہو جائیں۔

شدّ ـ شدًّا: دوڑنا (آدمی) اُونچا آنا (دن) تیز ہونا (آگ) باندھنا۔مضبوط کرنا۔کسنا۔تسلی دینا

شدّ خیلک: زین ڈال اپنے گھوڑے پر یعنی بہادر بن۔

شدّ الرحال الی: روانہ ہو جانا۔

شدّ ظہرہ: اس نے اس کی مدد کی۔

شدّ ـ شدًّا وشدّة وشدودًا علی: حملہ کرنا۔

شدّ ـ شدةً: قوی یا مضبوط ہونا۔

شدّد: مضبوط کرنا۔سخت کرنا۔تیز کرنا۔حرف پر شد دینا۔

— علی: سختی کرنا۔تنگی ڈالنا۔

شادّ فی: غالب آنے کی کوشش کرنا۔مقابلہ کرنا۔مقدمہ چلانا۔

اشدّ: عقل کی مضبوطی کو پہونچنا۔عمر کی پختگی کو پہونچنا۔سواری کے لئے مضبوط جانور رکھنا۔

تشدّد واشتدّ: مضبوط ہونا قوت والا ہونا۔

— للامر: بہت کوشش کرنا

— علی: بخل کرنا۔

اشتدّ: مضبوط ہونا۔تیز ہونا۔سخت ہونا۔گاڑھا ہونا۔

— فی السیر: چلنے میں جلدی کرنا

— علی: حملہ کرنا۔

شدّ النہار: دوپہر۔

شدّة: شد۔حملہ۔بنڈل۔پارسل جوتی۔کارڈوں کا دستہ۔دانتوں کی سیٹ:

شدّة ج شدائد: سختی۔جوش۔تنگی۔

— ج شدائد: مصیبت۔

شدّی: شدت۔

شدید ج اشدّاء وشدادٌ: بہادر۔مضبوط۔بلند۔قوت والا۔سخت۔مستقل مزاج۔بخیل۔گاڑھا تیز۔

شدید الباس: سخت جنگجو۔ دلیر۔
اشد: زیادہ مضبوط۔ زیادہ سخت۔ زیادہ گاڑھا۔
شدیدۃ ج شدائد: شدید کی مؤنث۔
حروف شدیدۃ: آٹھ حروف جن کا مجموعہ عبارت اجدت طبقک ہے۔
اشد: طاقت۔ مضبوطی۔
بلغ اشدہ: وہ اپنی جوانی کو پہونچ گیا۔
متشدد: حریص۔ سخت۔ بخیل۔
مشد: مضبوط سواری والا۔
مشد: کپڑا جس کو عورت اپنی کمر پر باندھتی ہے۔

شدح ۔ شدحا: موٹا ہونا
انشدح: چت لیٹ کر پاؤں کو کشادہ کرنا۔
شدحۃ: کشادگی۔ جائز۔ ازادی
شادح و اشدح: چوڑا۔ وسیع موٹا۔

شدخ ۔ شدخا و شدخ: پھوڑنا (سر) کچلنا۔
—: گردن کی پشت پر مارنا۔
شدخت غرۃ الفرس شدخا و شدوخا: گھوڑے کے ماتھے کی سفیدی کا ناک تک پھیلنا۔
— عن: غلط راہ پر جانا۔ چھوڑ دینا
تشدخ و انشدخ: ٹوٹنا۔ بگڑنا (رس)
شدخ: بچہ جو قبل از وقت پیدا ہو
شدخۃ: تازہ نرم (پودہ)
شادخ: چھوٹا و نازک۔ اعتدال سے پھرنے والا۔ ارادہ سے ہٹنے والا۔
شادخۃ: گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی جو ناک تک پہونچی ہوئی ہو۔
اشدخ (م) شدخاء: ماتھے پر سفیدی رکھنے والا (گھوڑا) شیر۔
مشدخ: کچلا ہوا۔ ٹوٹا ہوا۔ گردن کی پشت۔

شدف ۔ شدفا: کاٹنا۔
شدف ۔ شدفا: نہایت خوش ہونا (گھوڑا) مائل رخسارہ والا ہونا۔
اشدف: سیاہ ہونا (رات)
تشادف: جھکنا۔ مائل ہونا۔
شدف ج شدوف: کالبد۔ وجود اندھیرا۔ خوشی۔ شرافت۔ رخسارہ کا میلان۔ اونٹ کے سر کا الٹوا (لپیٹ)
شدفۃ: ٹکڑا۔ لقمہ۔ رات کا حصہ۔
شدف: لمبا۔ فوراً حملہ کرنے والا۔
شادوف: سیراب کرنے کا ڈول۔
اشدف (م) شدفاء ج شدف: بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔ بیں ہتا۔ بڑا (گھوڑا) مائل رخسارے والا۔ مشکل۔
متشادف: خمدار (کمان)

شدق ۔ شدقا: چوڑی باچھوں والا ہونا۔
تشدق: فصاحت دکھانا۔
— بالکلام: فصاحت سے کلام کرنا
شدق ج اشداق: باچھ۔ جبڑا۔
— و شدیق ج شدق: وادی کا کنارہ۔
اشدق (م) شدقاء ج شدق: چوڑی باچھوں والا۔ فصیح الکلام۔
شدقم و شداقم: چوڑی باچھوں والا۔ شیر۔

شدنباق ج شدائقۃ: کاہن سے ادنی درجہ کا پادری۔

شدن ۔ شدونا: مضبوط ہونا۔ چلنے کے قابل ہونا (جانور کا بچہ)
اشدنت: چلنے کے قابل بچے والی ہونا (ہرنی)
شدن: یاسمین کی مانند پھولوں کا پودہ
شادن: ہرنی کا بچہ۔
مشدن ج مشادن و مشادین: مضبوط و قابل چلنے کے بچے والی ہرنی۔

شدہ ۔ شدھا: توڑنا (سر)
— و اشدہ: حیران کرنا۔ لبھانا۔ خوش کرنا۔
شدہ و انشدہ و اشتدہ: حیران ہونا۔ پریشان ہونا۔
شدہ و شدہ و شداہ: حیرانی پریشانی۔ دہشت۔
مشادہ: مشاغل۔ حیران کرنے والے معاملات۔ تکلیفات۔

شدا ۔ شدوا: گانا (شعر) حدی گا کر چلانا (اونٹ)
شدا شدوہ: وہ اس کی چال چلا۔
— من العلم شیئا: اس نے کچھ علم حاصل کیا۔
شدا الہ فلانا او بفلان: تشبیہ دینا
شداہ او بہ: مقابلہ کرنا۔
اشدی: اچھی طرح گانا۔
شدا: کسی چیز کی حد۔ کنارہ۔ قوت کا بقیہ۔ گرمی۔ کھجلی۔
شدو: بہت میں سے تھوڑی مقدار
اخذوا شدوا من مالہ: اس کے

بہت مال میں سے تھوڑا سا انہوں نے لیا۔
شَاذٌ ج شَاذُّوْنَ و شُذَّاذٌ: گانیوالا
شَذَّ ـِ شَذًّا و شُذُوْذًا: اکیلا ہونا۔ خلاف قاعدہ ہونا۔ خلاف قیاس ہونا۔
—— عَنِ الْاُصُوْلِ: قواعد سے خلاف ہونا۔
شَذَّ ـُ شَذًّا و شَذَّذَ: جدا کرنا علیحدہ کرنا۔
اَشَذَّ: نادر بات کرنا۔ بے قاعدہ فقرہ استعمال کرنا۔ جُدا کرنا۔
شُذَّاذٌ: اجنبی لوگ۔ مسافر لوگ۔ تھوڑے لوگ۔
شُذَّانٌ: بکھری ہوئی چیز (جیسے کنکر وغیرہ)
شُذَّاذُ الْاٰفَاقِ: مسافر۔
شِذَّانٌ: کنول پھول۔ لوٹس پھول
Lotus flower
شَاذٌّ ج شَوَاذٌّ و شُذَّاذٌ (م)
شَاذَّةٌ ج شَوَاذٌّ: تنہا۔ جُدا۔ اکیلا۔ نادر۔ خلاف قیاس۔ بیقاعدہ تھوڑا۔
شَذَبَ ـِ شَذْبًا و شَذَّبَ: چھلکا اُتارنا۔ کاٹنا۔
——: بکھیرنا (مال)
—— عن: ہٹانا۔ حفاظت کرنا۔
—— و شَذَّبَ الشَّجَرَ: درخت کی شاخ تراشی کرنا۔
شَذَّبَ: دھتکارنا۔
تَشَذَّبَ: جدا ہونا۔ اکیلا ہونا۔
شَذَبٌ ج اَشْذَابٌ: کاٹی ہوئی ٹہنی۔ اتارا ہوا چھلکا۔ چارے کا باقیماندہ حصہ۔ ادھر۔ گھر کا سامان۔
شَذَبَةٌ: کاٹی ہوئی شاخ۔
شَاذِبٌ: وطن سے دور۔ مایوس۔
شَوْذَبٌ: لمبے خوبصورت قد والا۔ ہر چیز کا بہترین حصہ۔
مِشْذَبٌ: شاخ تراشی کی درانتی۔
مُشَذَّبٌ: کانٹے اتارا ہوا تنہ۔ پتلا لمبا (گھوڑا)
شَذَّرَ النَّظْمَ: لڑی کو منکے سے جدا کرنا۔
—— كَلَامَهُ بِشِعْرٍ: اس نے اپنی کلام میں شعر داخل کئے۔
—— ب: بدنام کرنا۔
تَشَذَّرَ: لڑائی کے لئے تیار ہونا۔ غصے ہونا۔ چستی سے کام کرنا۔ بکھرنا۔ ڈانٹنا۔ دھمکی دینا۔
شَذْرٌ ج شُذُوْرٌ و شَذَرَاتٌ: سونے کے ریزے یا ٹکڑے جو کان سے چنے جائیں۔ منکے جن سے جواہر کی لڑی میں فاصلے بنائے جاتے ہیں۔ چھوٹے موتی۔
شَذْرَةٌ ج شَذَرَاتٌ و شُذُوْرٌ: منکا۔ سونے کا ریزہ۔ جو کان سے چنا جائے۔
تَفَرَّقُوْا شَذَرَ مَذَرَ: وہ مختلف سمتوں میں بکھر گئے۔
شَوْذَرٌ: بے آستین قمیص۔ بڑی چادر
مَا شَذَفْتُ شَيْئًا: میں کوئی چیز حاصل نہ کر سکا۔ (یہ کلمہ حرف نفی کے بغیر استعمال نہیں ہوتا)
شَذَامُ: بچھو یا بھڑ کا ڈنگ نمک
شَيْذُمَانٌ: بھیڑیا۔
شَيْذُمَانَةٌ: تیز رو جوان اُونٹنی۔
شَذَا ـُ شَذْوًا: کستوری سونگھنا۔
—— وَاَشْذَى: دکھ دینا۔
شَذَّى بِالْخَبَرِ: خبر معلوم کر کے سمجھانا۔
اَشْذَى عن: دور ہٹانا۔
شَذْوٌ: کستوری۔ کستوری کی خوشبو۔
شَذًا: مسواکوں کا درخت حبوب کی تیزی۔ دکھ۔ برائی۔ مکھی۔ نمک۔ ایک قسم کا جہاز۔ کھجلی۔ لکڑی کے ٹکڑے۔
شَذَاةٌ ج شَذَوَاتٌ: قوت کا بقیہ۔ پرانی چیز۔
شَرَّ ـِ شَرًّا و شَرَارَةً و شُرُوْرًا: شریر ہونا۔ بدطینت ہونا۔ ٹپکنا (پانی) عیب جوئی کرنا۔ حقیر جاننا۔
شَرَّ ـُ شَرًّا و شَرَّرَ و اَشَرَّ: دھوپ میں رکھنا (گوشت)
شَرَّرَ و اَشَرَّ: دھوپ یا ہوا کے سامنے سوکھنے کے لئے رکھنا (گوشت)
——: دھتکارنا۔ شریر کہنا۔
اَشَرَّ: پھیلانا۔ عام کرنا۔ ظاہر کرنا۔
شَارَّ: جھگڑنا۔
تَشَارَّ: آپس میں جھگڑنا۔
شَرٌّ ج شُرُوْرٌ: برائی۔ کینہ۔ دشمنی۔ جنگ۔ عیب۔
شَرٌّ (م) شَرَّةٌ و شُرَّى النِّسَاءِ ج اَشْرَارٌ و اَشِرَّاءُ و شِرَارٌ: برا۔ شریر۔
شِرَّةٌ: تیزی۔ شر۔ چستی۔ غضب۔ طیش۔ ہلکا پن۔ حرص۔
شُرٌّ: شر۔ مکروہ۔
شَرَّانٌ (مفرد شَرَّانَةٌ) مچھر کی قسم کا

کیڑا جو چہرہ کے سامنے بغیر کاٹنے کے اُڑتا ہے ۔ بھنگا

شَرَرٌ و شِرَارٌ (مفرد شَرَرَةٌ و شِرَارَةٌ) آگ کے چنگارے ۔

اِشْرَارَةٌ ج اَشَارِیْرُ : پنیر وغیرہ سکھانے کی چٹائی ۔ اونٹوں کا بڑا گلہ ۔ خشک گوشت کا ٹکڑا ۔

شَرِیْرٌ ج اَشْرَارٌ و اَشِرَّاءُ شرارت والا ۔ ساحل سمندر ۔

شِرِّیْرٌ ج شِرِّیْرُوْنَ : بہت شرارت کرنے والا ۔ بدمعاش ۔ بُرا ۔ ابلیس کا لقب ۔

شَرِبَ ـَ شُرْبًا و مَشْرَبًا و تَشْرَابًا : پینا ۔ چوسنا ۔ جذب کرنا سیراب ہونا ۔

—— الدُّخَانَ : حقہ پینا ۔

اُكِلَ عَلَيْهِ الدَّهْرُ و شَرِبَ : وُہ تباہ ہو گیا ۔

شَرِبَ ـَ شَرَبًا : پیاسا ہونا ۔ پیاس بجھانا ۔ پیاسے یا سیراب اُونٹوں والا ہونا ۔

—— بہ : اس نے اس پر جھوٹ بولا ۔

شَرَبَ ـُ شَرْبًا : سمجھنا (کلام)

شَرَّبَ : صاف کرنا (کچا چمڑا) سیراب کرنا ۔ پانی پلانا ۔ حاملہ کرنا ۔

اَشْرَبَ : پلانا ۔ پیاسا ہونا ۔ سیراب ہونا ۔ اچھی طرح رنگنا (کپڑا)

—— الثَّوْبَ حُمْرَةً : کپڑے کو سُرخ رنگ رنگنا ۔

—— ہ : اس نے اس پر جھوٹ بولا ۔

—— الاِبِلَ : اُونٹ باندھنا ۔

—— الزَّرْعُ : سیدیدار دانوں والی ہونا کھیتی

اُشْرِبَ حُبَّ شَیْءٍ : کسی چیز کی محبت اس کے دل میں گڑ گئی ۔

شَارَبَ مُشَارَبَةً و شِرَابًا : مل کر پینا ۔ ایک ساتھ پینا ۔

تَشَرَّبَ : چوسنا ۔

—— فی : پھیلنا (رنگ کا کپڑا میں)

اِشْتَشْرَبَ : بہت ہونا (رنگ)

اِشْرَأَبَّ لِ و الی : گردن لمبی کر کے دیکھنا ۔

شُرْبٌ : پینے کا فعل ۔

شِرْبٌ : پینے کا وقت ۔ سیراب کرنے کا وقت ۔ پانی کا حصہ ۔ مشروب پانی ۔ گھاٹ

شَرْبَةٌ : جو یکبارگی پیا جائے ۔ جو ایک سانس پیا جائے ۔ ایک بار پینا ڈیک ۔

شُرْبَةٌ : چہرہ کی سُرخی ۔ سیراب ہونے کے اندازہ کا پانی ۔

شَرَبَةٌ ج شَرَبٌ و شَرَبَاتٌ : زیادہ پینا ۔ پیاس ۔ کھائی جو درخت کے گرد پانی کے لئے کھودی جائے ۔ گرمی کی تیزی ۔

شَرُوْبٌ و شَرِیْبٌ : پینے کے قابل (پانی)

شَرِیْبٌ : بہت پینے والا ۔ پینے میں ساتھی ۔

شَرَبَّةٌ : گھاس والی زمین ۔ طریقہ راستہ ۔

مَا زَالَ فُلَانٌ عَلٰى شَرَبَّةٍ وَاحِدَةٍ : وُہ ایک ہی طریقہ پر رہا

شَرَابٌ ج اَشْرِبَةٌ : پینے کی چیز ۔ شراب ۔ انگور کا رس ۔

شَرَابِیٌّ : سقا ۔ ماشکی ۔

شُرَبَةٌ و شَرُوْبٌ و شَرَّابٌ و شِرِّیْبٌ : بہت پینے والا ۔ شرابی ۔

شَرَّابَةٌ ج شَرَارِیْبُ : ٹکڑا ۔ گچھا

شَارِبٌ ج شَرْبٌ و شُرُوْبٌ : پینے والا ۔ جذب کرنے والا ۔

—— ج شَوَارِبُ : مونچھ ۔ کمزوری (جانوروں کی)

شُرُوْبٌ : پانی پینے والے ۔

شَوَارِبُ : گلے کی رگیں ۔ گردن میں پانی کی گذر گاہیں ۔

شَارِبَةٌ ج شَارِبَاتٌ و شَوَارِبُ پانی پینے والی ۔ قوم جو دریا کے ساحل پر بستی ہو ۔

مَشْرَبٌ ج مَشَارِبُ : پانی ۔ پانی پینے کی جگہ ۔ خواہش و میلان ۔

وَافَقَ الاَمْرُ مَشْرَبَہٗ : کام اس کی خواہش کے مطابق ہوا ۔

مَشْرُبَةٌ ج مَشَارِبُ : نرم زمین جو ہمیشہ سرسبز رہے ۔ پینے کی جگہ ۔ گھاٹ ۔ شراب پینے کا کمرہ ۔

مِشْرَبَةٌ ج مَشَارِبُ : پانی پینے کا برتن ۔

مُشَرَّبِیَّةٌ : چھت دار برآمدہ ۔

شَرَابِثٌ : موٹی ہتھیلی والا ۔ متغیر

شَرْبَقَ : ٹکڑے ٹکڑے کرنا (کپڑا)

شُرْبُنٌ : چیڑھ کا درخت ۔

شَرِثَ ـَ شَرَثًا و اِنْشَرَثَ سردی سے پھٹنا ۔ (چمڑہ یا ہاتھ)

شَرْثٌ و شَرْثَةٌ : پُرانی بوسیدہ جُوتی ۔

شَرِخٌ : تیز (تلوار)

شَرَجَ ـُ شَرْجًا : جھوٹ بولنا۔ جمع کرنا (چیز) ملانا (پانی۔ شراب میں)

ـــ د شَرَّجَ وَ اَشْرَجَ الحِجَارَۃَ پتھروں کو ایک دوسرے سے ملا کر تہ بتہ رکھنا۔ بند کرنا (دیگ)

شَرَّجَ : بُننا (کھجور کے پتے) موٹا سینا (کپڑا)

شَارَجَ : مشابہ ہونا

تَشَرَّجَ : مل جل جانا۔

تَشَارَجَ : باہم مشابہ ہونا۔

اِنْشَرَجَ : پھٹنا۔ دو حصوں میں پھٹنا۔

شَرْجٌ ج شِرَاج و شُرُوج : نوع۔ قسم۔ مثل۔ فرقہ۔ گروہ۔ دراڑ۔ طریقہ۔ راستہ۔ میدان کی طرف پانی بہنے کی نالی۔

اَصْبَحُوْا شَرْجَيْنِ : وہ دو گروہ ہو گئے۔

شَرْجَۃٌ : پانی کی نالی جو میدان کی طرف جا رہی ہو۔ اونٹوں کو پانی پلانے کی کھائی۔

شَرَجٌ ج اَشْرَاج : کاج۔ وادی کی چوڑی جگہ۔ بٹوا۔

شَرِيجٌ : مثیل۔ مانند۔ لکڑی کے دو ساوی ٹکڑوں میں سے ایک ٹکڑا۔

شَرِيجَۃٌ ج شَرَائِجُ : کھجور کے پتوں کا بُنا ہوا گون۔ سونج کی بٹی ہوئی رسی۔ ایک قسم کی لکڑی یا اس سے بنی ہوئی کمان۔

شِيْرِجٌ : تلوں کا تیل۔

شَرْجَبٌ : عمدہ گھوڑا۔ لمبی ٹانگوں والا

شَرَحَ ـَ شَرْحًا : وسیع کرنا۔ واضح کرنا (مسئلہ) لمبے ٹکڑے کاٹنا (گوشت) کھولنا۔ سمجھانا (کلام) محفوظ رکھنا۔

ـــ صدرہ للشئی اَو بہ : خوش ہونا۔

ـــ الی : رغبت کرنا۔

شَرَّحَ : کاٹ کر جُدا جُدا کرنا تشریح کرنا (مردہ کی)

شَرَحَ الصدر و القلب والخاطر خوشی منانا۔ خوش ہونا۔

اِنْشَرَحَ : کٹ جانا۔ وسیع ہونا۔ خوش ہونا۔

شَرْحٌ : بیان۔ نمائش۔

شَرْحَۃٌ : گوشت کی کتر۔

شَرِيحٌ وشَرِيحَۃٌ ج شَرَائِحُ گوشت کا لمبا ٹکڑا۔ ٹکڑا۔

علم التشریح و تَشْرِيحٌ : اناٹومی۔

شَرَخَ ـُ شُرُوخًا : جوان ہونا

شرخ ج شُرُوخ : نوجوانی شروع اصل۔ جڑ۔ مثل۔ ہم عمر۔ اونٹ کے ہر سال کے بچے۔ نقطہ۔ چوٹی۔

شَارِخٌ ج شَرْخٌ : نوجوان۔

شَرْخُوبٌ ج شَرَاخِيبُ ریڑھ کی ہڈی۔

شَرَدَ ـُ شُرُوْدًا وشِرَادًا بھاگ جانا۔

ـــ علی : اطاعت سے نکل جانا۔

شَرَّدَ وَاَشْرَدَ : ڈرانا۔ دھتکارنا بکھیرنا۔ بھگانا۔

شَارِدٌ ج شُرَّدٌ و شُرُوْدٌ ج

شُرُودٌ : بھاگنے والا۔

شَوَارِدُ اللُّغَۃِ : غیر مانوس الفاظ یا نقرے۔ قواعد سے مستثنی

شَرِيدٌ : دھتکارا ہوا۔ بھگایا ہوا

شَرِيدَۃٌ ج شَرَائِدُ : چیز کا بقیہ

شِرْدَاخٌ : فربہ ڈھیلا۔

شَرْذَرَ : متفرق کرنا۔

شِرْذِمَۃٌ ج شَرَاذِمُ و شَرَاذِيمُ : لوگوں میں سے تھوڑی جماعت۔ سکاؤٹ۔

ثِيَابٌ شَرَاذِمُ : پھٹے ہوئے کپڑے

شَرَزَ ـُ شَرْزًا : کاٹنا۔

شَرَّزَ : سزا دینا۔ گالی دینا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

شَارَزَ : جھگڑنا۔ دشمنی کرنا۔ بدخلق ہونا۔

اَشْرَزَ : بدقسمتی۔ اور ہلاکت میں ڈالنا

شَرْزٌ : کھردرا پن۔ شدت۔ کھردرا سخت۔ موٹا۔ قوت۔

شَرْزَۃٌ : نقصان۔ تباہی۔

شَرَّازٌ : سخت عذاب دینے والے

شِيْرَازٌ ج شَرَارِيزُ وشَوَارِيزُ دہی جس کا پانی نکال دیا گیا ہو۔

مُشَارِزٌ : سخت۔ بدخلق۔

مُشَرَّزٌ : باندھا ہوا۔ ملائے ہوئے کناروں والا۔

شَرِسَ ـَ شَرَاسَۃً وشَرَسًا وشَرِيسًا : بدخلق ہونا۔

شَرَسَ ـُ شَرْسًا : سخت کلامی سے ذلیل کرنا۔ رسی سے کھینچنا (جانور)

شَرِسَتْ ـَ شَرَاسَۃً : بہت چارہ کھانا (مویشی)

شَاسَ: سختی کا برتاؤ کرنا
تَشَاسَ: باہم دشمنی کرنا۔ باہم سختی سے پیش آنا۔
شِرْسٌ و شَرَسٌ: کانٹے دار جھاڑیاں۔
شَرِسٌ و شَرِیْسٌ و اَشْرَس (م) شَرْسَاءُ: بدخلق۔ بدطینت جھگڑالو۔ کینہ ورز۔ ناہموار (عنت ازمین)
شَرْسَاء: پتلا سفید بادل۔
شِرَاسٌ: سریس۔
شَرُسَ: بدخلق ہونا۔
شُرْسُوْفٌ ج شَرَاسِیْف: سختی کی ابتدا۔ بدقسمتی۔ مصیبت۔ پسلیوں کا وہ حصہ جو پیٹ کی طرف ہوتا ہے۔ پاؤں سے باندھا ہوا (اونٹ)
شَرْشَرَ: دانت سے کاٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ تیز کرنا (چھری) نکالنا (پانی یا گندم) کاٹ کر جھاڑنا (گھاس) چرنا (مویشی۔ نباتات)
تَشَرْشَرَ: بکھرنا۔
شَرْشَرٌ و شِرْشِرٌ: ایک قسم کی بیل
شَرَاشِرُ: روح۔ تمام جسم۔ بوجھ
اَلْقٰى عَلَيْهِ شَرَاشِرَهُ: اس نے اس سے اتنی محبت کی کہ اس کی محبت میں اپنے آپ کو ہلاک کر دیا۔
شَرَاشِرُ الذَّنَب: دم کی اطراف۔
شُرْشُوْرٌ ج شَرَاشِیْر: ایک قسم کی چھوٹی چڑیا۔
شُرْشِیْر: جنگلی بطخ۔
شَرَصَ ـُ شَرْصًا: کھینچنا۔ گالی دینا۔

شَرْصٌ: کھردراپن۔ سختی۔
شِرْصٌ ج شِرَاصٌ و شِرَصَة: کنپٹی۔
شَرَطَ ـِ ـُ شَرْطًا و اشْتَرَطَ عَلَيْهِ: لازم ٹھہرانا۔
— و شَرَّطَ: فصد لگانا۔ نشتر لگانا۔ پھاڑنا۔
شَرِطَ ـَ شَرَطًا: مشکل کام میں پڑنا۔
شَرَّطَ: باندھنا۔ مضبوط کرنا۔ زنجیر بنانا۔
شَارَطَ: ایک دوسرے سے شرط باندھنا
— و تَشَارَطَ: باہم معاہدہ کرنا۔ شرط لگانا۔
اَشْرَطَ: فروخت کے لئے نشان لگانا (جانور کو)
— نَفْسَهُ او مَالَهُ: اپنے آپ کو یا مال کو پیش کرنا۔
— الیه رَسُوْلًا: اس نے جلدی سے اس کی طرف ایلچی بھیجا۔
تَشَرَّطَ فِي: غور کرنا۔ اپنے پر خواہ مخواہ قیود لگانا۔
اِشْتَرَطَ لَ: لازم ٹھہرانا
شَرْطٌ ج شُرُوْطٌ: شرط۔ لازم عہدنامہ
— ج اَشْرَائِط: کمینہ۔ ہیچ۔
شَرَطٌ ج اَشْرَاطٌ: علامت۔ نشان۔ شروع ہر چیز۔ رذیل لوگ۔ اشراف۔
شِرْطٌ: دھجی۔
شُرْطَةٌ: شرط۔
— ج شُرَطٌ: پولیس۔ گارڈ۔

— و شُرَطِيٌّ و شُرْطِيٌّ: چوکیدار پولیس کا سپاہی۔
شَرِيْطٌ ج شُرُطٌ: شرط۔ کھجور کی رسی۔ عورت کی خوشبو رکھنے کی ڈبیا۔ تار۔ رسی۔ ریل کی سڑک کی ریل۔
شَرِيْطَةٌ ج شَرَائِطُ: شرط۔ تار۔ رسی۔ فیتہ۔ پھٹے ہوئے کان والا اونٹ۔
اَشْرَاطُ النَّاسِ: رذیل آدمی۔
مِشْرَطٌ و مِشْرَاطٌ و مِشْرَطَةٌ ج مَشَارِطُ و مَشَارِيْطُ: نشتر
شَرْطُوْطَةٌ ج شَرَاطِيْط: چیتھڑا۔ دھجی۔ ڈسٹر۔
شَرْطُوْنِيَّةٌ: پادری کا رتبہ۔ پادری کے رتبہ پر مقرر کرنے کی رسم۔
شَرْطَنَ: پادری کے عہدہ پر مقرر کرنا۔
شَرَعَ ـَ شَرْعًا: سڑک پر ہونا (مکان) گلی میں کھولنا یا کھلنا۔ (دروازہ) قانون قائم کرنا۔ ظاہر کرنا۔ سڑک پر چلنا (راستہ)
— ل: شریعت بنانا۔
— الحَبْلَ: رسی کھول کر اس کے دونوں حصوں کو کڑے میں ڈالنا۔
— الشیءَ: چیز کو بہت اونچا کرنا۔
— شَرْعًا و شُرُوْعًا: شروع کرنا (کام) پانی پر لانا (مویشی) سیدھا کرنا (نیزہ) نوکدار ہونا (نیزہ)
— فِي المَاءِ: پانی میں داخل ہونا یا پانی میں داخل ہو کر دونوں ہاتھوں سے پینا۔

— فی اَمْرٍ: کسی کام کو شروع کرنا

— الطَّرِیْقُ: راستہ کا واضح ہونا۔

— بِفُلَانٍ: وہ فلاں آدمی کو پانی پر لایا۔

— علی: قریب ہونا۔

— یَضْرِبُ: مارنے لگا۔

شَرَّعَ و اَشْرَعَ: دکھانا (راستہ) کھولنا (رسی) بادبان بنانا (کشتی کے)

— و اشرعه فی الماء: پانی میں داخل کرنا۔

اَشْرَعَ البَابَ الی او علی الطریق: اس نے دروازہ گلی پر کھولا۔

— الرمح علی: نیزہ سیدھا کرکے سامنے کرنا۔

— الشَّیْءَ: چیز بلند کرنا۔

اِشْتَرَعَ: قانون قائم کرنا۔ شریعت بنانا۔

شَرْعٌ: شریعت۔ مذہبی قانون۔

— و شِرْعٌ و شَرَعٌ: مثل۔ برابر۔

النَّاسُ فی هٰذا شَرْعٌ وَاحِدٌ: لوگ اس میں سب برابر ہیں۔

شِرْعٌ: جوتی کا تسمہ۔

شِرْعَة ج شِرَعٌ و شِرَاعٌ و شُرُعٌ: کمان کی زہ۔ کمان کی تار۔

شَرْعَة ج اَشْرَاعٌ: شامیانہ چھت: تختۂ جہاز۔ جہاز۔

شَرِیْعٌ: بہادر۔ عمدہ السی۔

شَرِیْعَة ج شَرَائِع: اسلامی قانون۔ خدائی احکام۔ ضابطہ۔ پانی کا راستہ۔ بڑی نہر۔ گھاٹ۔ دہلیز۔

نَهْرُ الشَّرِیْعَة: دریا اردن۔

شَارِعٌ ج شُرَّعٌ و شُرُوْعٌ: قانون بنانے والا۔ نزدیک۔

— ج شَوَارِعُ: راستہ۔ سڑک گلی۔

بَیْتٌ شَارِعٌ و دَارٌ شَارِعَة: مکان جس کا دروازہ سڑک پر ہو۔

شَوَارِعُ: ڈوبنے کے قریب ستارے سیدھے کئے ہوئے نیزے۔ نوکدار نیزے۔

اِبِلٌ شُرَّعٌ و شُرُوْعٌ: پانی میں داخل ہونے والے اونٹ۔

اَنْفٌ اَشْرَعُ: بلند چوٹی والی ناک

شِرَاعٌ ج شُرُعٌ و اَشْرِعَة: جہاز کا بادبان۔ کمان کی تار۔

شَرَاعَة: بہادری۔ دلیری۔

شُرَاعِیٌّ: لمبا (نیزہ)

— و شِرَاعِیَّة: لمبی گردن والا (اونٹ)

تَثْنِیَةُ الاِشْتِرَاعِ: تورات کی پانچویں کتاب۔

مَشْرَعٌ و مَشْرَعَة و مَشْرُعَة ج مَشَارِعُ: پانی کا گھاٹ۔ شاہراہ۔ چوک۔ منڈی۔

مُشْتَرِعٌ: واضع قوانین لیجسلیٹر۔

مَشْرُوْعٌ: جس کو شریعت نے جائز قرار دیا ہو۔ سیدھا کیا ہوا۔

شَرْعَبَ: لمبائی میں کاٹنا (چمڑہ)

شَرْعَبٌ: لمبا۔

شَرْعَبِیٌّ: ایک قسم کی دھاریدار چادر خوبصورت جسم کا لمبا آدمی۔

شِرْغٌ و شَرَغٌ: ایک قسم کا چھوٹا مینڈک۔

شَرَفَ ـُ شَرْفًا: درجہ اور شرافت میں غالب آنا۔

— و شَرَّفَ الحَائِطَ: دیوار کا کنگرہ بنانا۔

شَرُفَ ـُ شَرَافَة و شَرَفًا: بڑے رتبے والا ہونا شریف ہونا۔

شَرُفَتْ شُرُوْفًا: بوڑھی ہونا (اونٹنی)

شَرِفَ ـَ شَرَفًا: بلند ہونا

شَرَّفَ: بزرگی دینا۔ عزت کرنا۔

— و شَارَفَ و تَشَرَّفَ: اوپر چڑھنا۔

شَارَفَ: بزرگی میں مقابلہ کرنا۔ چڑھنا (مکان پر) اوپر سے جھانکنا قریب ہونا۔

اَشْرَفَ: بلند ہونا۔ کھڑا ہونا۔ اوپر چڑھنا (مکان کے) اوپر سے جھانکنا

— علی: اوپر سے جھانکنا۔

— علی المَوْتِ: قریب المرگ ہونا۔

اَشْرَفَتِ الخَیْلُ: گھوڑے تیز دوڑے

تَشَرَّفَ: شرافت والا ہونا۔ عزت پانا۔ کنگرے دار ہونا۔ (مکان)

تُشُرِّفَ القَوْمُ: قوم کے چیدہ آدمی ضائع ہوگئے

تَشَرَّفَ المکان: مکان پر چڑھنا

— لِلشَّیْءِ: چیز کی طرف جھانکنا۔

اِشْتَرَفَ و اِسْتَشْرَفَ: سیدھا کھڑا ہونا۔

اِسْتَشْرَفَ: بلند ہونا۔

—— الشَّیَ: ماتھے پر ہاتھ رکھکر چیز کی طرف نظر اُٹھا کر دیکھنا۔

شَرَفٌ: بلندی۔ بزرگی۔ خاندانی شرافت بلند مکان۔ ناک۔

—— مِنَ الْبَعِیْرِ: اُونٹ کا کوہان۔

شُرْفَۃٌ ج شُرَفٌ: کنگرہ۔

—— المَالِ: مال کا عمدہ حصہ۔

شَرَفَۃٌ ج شَرَفَاتٌ: پنجرہ جو دیوار میں لٹکایا جاتا ہے۔

اَشْرَافُ الانسَانِ: انسان کا ناک اور کان۔

تَشْرِیْفٌ: تعظیم کرنا۔

شَارِفٌ: عنقریب شرف حاصل کرنیوالا

—— ج شُرُفٌ وشُرَّفٌ وشُرُوفٌ وشَوَارِفُ: بوڑھی (اُونٹنی)

شَوَارِفُ: شراب کا برتن۔

شَرِیْفٌ ج شُرَفَاءُ واَشْرَافٌ (م) شَرِیْفَۃٌ ج شَرَائِفُ و شَرِیْفَاتٌ: بڑے مرتبہ والا۔ بزرگ

اَشْرَفُ (م) شُرْفَیٰ: زیادہ شریف بہت اُونچا۔ چِگا دڑ۔

—— (م) شَرْفَاءُ ج شُرُفٌ: کنگرہ دار (عمارت) بلند۔

اُذُنٌ شَرْفَاءُ: لمبا کان۔

مُشْرِفٌ: بلند (جگہ)

مَشْرَفٌ ج مَشَارِفُ: بلندی۔ نمایاں جگہ۔ جھانکنے کی جگہ۔

مَشَارِفُ الاَرْضِ: زمین کی بلند جگہیں۔

مَشْرَفِیٌّ: عرب کے ان دیہات کی طرف منسوب جو شام کے علاقہ کے قریب ہیں۔

سَیْفٌ مَشْرَفِیٌّ: شرفی علاقوں کی بنی ہوئی تلوار۔

مَشْرُوْفٌ: ادنیٰ درجہ کا۔ عامی۔

شَرَقَ ـُ شَرْقًا: لمبائی میں چیرنا (بکری کا کان) توڑنا (پھل)

شَرَقَتْ ـُ شَرْقًا وشُرُوْقًا: طلوع کرنا (سورج) پکنا (کھجور)

شَرِقَ ـَ شَرَقًا: سُرخ ہونا (آنکھ) چِرے ہوئے کان والا ہونا (مینڈھا) غروب کے قریب ہونا (سورج) پانی جاری ہونے کے ناقابل ہونا (زمین)

—— بِرِیْقِہٖ: تھوک سے گلا گھٹ جانا۔

—— بالدَّمِ: خون سے بھرنا (زخم)

شَرَّقَ: مشرق کو روانہ ہونا۔ چمکدار خوبصورت ہونا۔ دھوپ میں پھیلانا یا خشک کرنا (گوشت) چونے وغیرہ سے لیپنا (دیوار) شکار کو نیم مردہ چھوڑنا۔

اَشْرَقَ: چمکنا۔ چڑھنا (سورج) زرد ہونا (کھجور) سورج کے چمکنے سے روشن ہونا (مکان) روشن کرنا (سورج کا مکان کو)

—— الثَّوْبَ فی الصِّبْغِ: کپڑے کو اچھی طرح رنگنا۔

—— بِرِیْقِہٖ: ناراض کرنا غمگین کرنا

تَشَرَّقَ: دھوپ میں بیٹھنا۔

اِنْشَرَقَ: پھٹنا۔

اِشْرَوْرَقَتْ ب: آنسوؤں سے تر ہونا۔ سُرخ ہونا (آنکھ)

شَرْقٌ: سورج۔ سورج کے چڑھنے کا وقت۔

—— ج اَشْرَاقٌ: مشرق۔

—— و شِرْقٌ: روشنی جو دروازہ کی دراڑ سے داخل ہو۔

شَرَقٌ: سورج۔ گلا گھونٹنے والی چیز

شَرْقِیٌّ: مشرقی۔

شَرْقَاءُ: چِرے ہوئے کان والی (بکری)

شَرْقَۃٌ: چڑھنے کے وقت کا سورج موسم سرما میں دھوپ میں بیٹھنے کی جگہ ایک بار کی چمک۔ تیز کھانسی۔ آنکھوں کی درد جو دھوئیں سے ہو۔

شَرَارِقِیٌّ: زمین جس کو دریا سے تیل سیراب نہ کرے۔

تَشْرِیْقٌ: عید اضحیٰ کے بعد کے تین دن جن میں گوشت خشک کیا جاتا ہے نماز عید۔

شَارُوْقٌ: پلستر۔ چونے کا پلستر۔

شَارِقٌ ج شُرْقٌ: چمکنے والا۔ طلوع کرنے والا۔ مشرقی پہلو (پہاڑ وغیرہ کا

مَشْرِقٌ ج مَشَارِقُ: سورج چڑھنے کی سمت۔ مشرق۔

مَشْرُقَۃٌ ومِشْرَاقٌ ومِشْرِیْقٌ: سردیوں میں دھوپ میں بیٹھنے کی جگہ۔

مِشْرِیْقُ البَابِ: دروازے کا دراڑ جس میں سے سورج کے طلوع کے وقت دھوپ اندر آئے۔

مُشَرَّقٌ: بھونا ہوا۔ سُرخ رنگا ہوا چونا سے پلستر کیا ہوا۔

شَرَقْرَقٌ وشَرَقْرَاقٌ و شِقِرَّاقٌ: بُرے شگون کا ایک پرندہ سبز ہُدہُد۔

شَرِکَ ـَ شَرَکًا: تسمہ ٹوٹنا (جوتی)

شَرِکَ ـَ شِرْکًا وشِرْکَۃً و

شَرِكَةً وشِرْكَةً وشَارَكَةً: شریک ہونا۔
شَرَّكَ: تسمہ لگانا (جوتی کو)
اَشْرَكَ: تسمہ لگانا (جوتی کو)
—— فی: حصہ دار بنانا۔ شریک بنانا۔
—— باللّٰہ: خدا کا شریک بنانا۔
تَشَارَكَ: باہم حصہ دار ہونا۔ ایک دوسرے کا حصہ دار بننا۔
اِشْتَرَكَ: باہم حصہ دار ہونا۔ مشتبہ ہونا۔
شِرْكٌ: حصہ۔ شرک۔
—— ج اَشْرَاكٌ: حصہ۔ حصہ دار۔
شَرَكٌ ج شُرُك واَشْرَاك: جال پھندے۔ سڑک پر چارپایوں کے پاؤں کے نشان۔
شَرَكَةٌ: پھندا۔
شِرَاكٌ ج شُرُك واَشْرُكٌ: جوتی کا تسمہ۔
شُرَكِيٌّ وشُرَكِيٌّ: تیز (چال یا رفتار)
شَرِيكٌ ج شُرَكَاءُ واَشْرَاك (م) شَرِيكَةٌ ج شَرَائِك: ساجھی۔ حصہ دار۔ شراکت والا۔
مُشْرِكٌ ومُشْرِكِيٌّ: خدا کے ساتھ شرک کرنے والا۔
شَرَمَ ـِ شَرْمًا: پھاڑنا۔ کاٹنا (ناک) کناروں سے کھانا (ثرید)
—— لِفُلَانٍ مِن مَالِهِ: اس نے فلاں کو اپنے مال سے تھوڑا سا دیا۔
شَرِمَ ـَ شَرَمًا: ناک کٹا ہونا۔
شَرَّمَ: پھاڑنا۔ چیرنا۔ زخم کھا کر بھاگنا (شکار)
تَشَرَّمَ وانْشَرَمَ: پھٹنا۔
شَرْمٌ ج شُرُومٌ: خلیج۔ سمندر کی گہرائی

ایک قسم کا درخت۔
اَشْرَمُ (م) شَرْمَاءُ ج شُرْمٌ: ناک کی کٹی ہوئی چوٹی والا۔
شَارِمٌ: نشانے کے پہلو کو چھیدنے والا تیر۔
شَرِنَ ـَ شَرَنًا: پھٹ جانا۔
شَرْنٌ: شق۔ دراڑ۔
شَرَنْبَث وشَرَنْبَذ: موٹے ہاتھوں والا۔ شیر۔
شَرَنْبَاء: ایک قسم کی چڑیا۔
شَرْنَفَ الزَّرْعَ: کھیت کے غیر مفید بڑھے ہوئے پتوں کو کاٹنا
شِرْنَافٌ: لمبے اور نقصان دہ پتے۔
شَرْنَقَ: کاٹنا۔ کم کرنا۔ کویا بنانا (ریشم کا کیڑا)
شَرْنَقَة ج شَرَانِقُ: سانپ کی کینچلی۔ ریشم کے کیڑے کا گویا۔
شَرِهَ ـَ شَرَهًا وشَرَاهَةً اِلیٰ اَوْ عَلیٰ: حریص ہونا۔
شَرِهٌ وشَرْهَان: حریص۔
شَرْهَاءُ: خشک سال۔
شِرْدٌ: شہد۔
شَرَى ـِ شِرَاءً وشِرًى واشْتَرَى: خریدنا۔ بیچنا۔ دھوپ میں رکھنا (گوشت۔ کپڑا)
——: مخول کرنا۔ ٹھٹھا کرنا۔
—— بِنَفْسِهِ عن قومه: اپنی قوم کی طرف سے آگے بڑھ کر لڑنا۔ بادشاہ کے پاس قوم کا نمائندہ بننا۔
شَرِيَ ـَ شَرًى: چمکنا (بجلی) ناراض ہونا۔ جھگڑنا۔ تیز دوڑنا (گھوڑا) پھنسیاں نکلنا (جلد پر)

—— الشَّرُّ بَيْنَهُمْ: ان کے درمیان سخت فساد ہو گیا۔
اَشْرَى: بھر دینا (ناناب) حرکت دینا۔ جھلکانا۔ چمکنا (بجلی) خارجی بننا۔
—— بَيْنَهُمْ: لوگوں کے درمیان اختلاف ڈالنا۔
شَرَّى: دھوپ میں رکھنا۔ (گوشت کپڑا)
شَارَى مُشَارَاةً وشِرَاءً: سودا کرنا۔ جھگڑنا۔
تَشَارَى: ایک دوسرے سے بغض رکھنا
تَشَرَّى تَشَرِّيًا: بکھرنا۔ شراۃ فرقہ میں سے بننا۔
اِسْتَشْرَى فی: چلنے میں جلدی کرنا زور سے مشغول ہونا (کام میں)
——: ضروری اور مشکل ہونا (کام)
اِشْرَوْرَى: گھبرانا۔ اضطراب کرنا
شَرْيٌ: حنظل۔ (مفرد شَرْيَة)
اَرْيٌ وشَرْيٌ: شہد و اندرائن
شِرَاءٌ وشِرًى ج اَشْرِيَة: خرید فروخت۔
شَرًى ج اَشْرَاءٌ: سرخی مائل چھوٹی چھوٹی آبی پھنسیاں۔ پہاڑ۔ راستہ۔ پہلو ملک۔
—— وشَرَاةٌ: عمدہ یا ردی حصہ مال کا۔
شَرٍ (م) شَرِيَة: چھوٹی آبی سرخی مائل پھنسیوں والا۔
شَرِيٌّ (م) شَرِيَّة) اچھا گھوڑا، تیز گھوڑا۔
شَرِيَّةٌ: طریقہ۔ راستہ۔ فطرت۔
شَرْدَى: ایک جیسا۔ مشابہ۔

مَا لَهُ شَرْوَی: اس کی مثل نہیں۔
شَرْیَان ج شَرَایِیْن: جہندہ رگ۔ اچھلنے والی رگ۔
شَارِی ج شُرَاۃ: خریدنے والا گاہک۔ خارجی۔
مُشْتَرِی: ایک ستارہ کا نام۔ خریدنے والا۔ ایک قسم کا پرندہ۔
شَزْیَۃ: بڑھے ہوئے پتے کاٹنا۔ (کھیتی کے)
شِزْیَاف: زائد بڑھے ہوئے پتے۔
شَزَّ ـِ شَزَازَۃً: بہت خشک ہونا۔ بنجر ہونا۔
شَزٌّ وشَزِیْزٌ: بہت خشک۔ بنجر۔
شَزُبَ ـُ شُزُبًا و شُزُوبًا: ناہموار سخت ہونا (جگہ) دبلا پتلا ہونا۔ خشک ہونا۔
شَزَّبَ: دبلا کرنا (گھوڑا)
تَشَازَبَ علی: حصے کا انتظار کرنا۔
شَزْبَۃ: دبلی گدھی۔ کمان جو پرانی ہو۔ نئی ہو۔
شُزْبَۃ: فرصت۔ موقع۔
شَازِبٌ ج شُزَّبٌ و شَوَازِبُ: کھردرا۔ دبلا۔
شَزِیْبٌ ج شُزُوبٌ: غیر اصلاح شدہ لکڑی یا شاخ۔ کمان جو نئی ہو نہ پرانی۔
شَوْزَبٌ: علامت۔ نشان۔
شَزَرَ ـِ شَزْرًا ا (الیہ): غصے میں ترچھی نظر سے دیکھنا۔
ـــ فلانًا: دائیں بائیں سے نیزہ مارنا۔ نظر لگانا۔
ـــ واِسْتَشْزَرَ: بٹنا (رسی)
اِسْتَشْزَرَ: بٹ جانا (رسی) بلند کرنا یا ہونا (چیز)
اَشْزَرَ: سخت مصیبت میں ڈالنا۔
تَشَزَّرَ: ناراض ہونا۔ تیار ہونا (لڑائی کے لئے)
شَازَرَ: دشمنی کرنا۔
تَشَازَرَ: ایک دوسرے کی طرف غصے سے دیکھنا۔
شَزْرٌ: سختی۔ مشکل۔ کوشش۔ بٹی ہوئی رسی۔
غَزْلٌ شَزْرٌ: دھاگا جو ایک جیسا نہ ہو۔
شَزَرٌ وشُزْرَۃ: آنکھوں کی سرخی
اَشْزَرُ (م) شَزْرَاء: سرخ۔
عَیْنٌ شَزْرَاء: غصے کی وجہ سے سرخ آنکھ۔
شَزُنَ ـُ شَزَنًا: چست و چالاک ہونا زندہ دل ہونا۔
تَشَزَّنَ: سخت ہونا۔ مشکل ہونا۔ پچھاڑنا ذبح کرنے کے لئے لٹانا (بکری)
ـــ لَہٗ فی الخُصُومَۃ: وہ جھگڑے میں سخت ہوگیا۔
ـــ لِلسَّفَر: وہ سفر کے لئے تیار ہوا
شَزْنٌ: پانسا۔ جس سے چوسر کھیلا جاتا ہے۔
ـــ وشُزْنٌ: ایک چھوٹی ہڈی۔
شَزَنٌ: تکان۔ سختی۔ سخت زمین۔
ـــ وشُزُنٌ: پہلو۔ جانب۔ بعد۔
شَمَزَا ـُ شَزْوًا: بلند ہونا۔
شَسَّ ـِ شُسُوْسًا: خشک ہونا
شَسٌّ ج شِسَاسٌ وشُسُوسٌ و شَسِیْسٌ: سخت زمین۔
شَسِبَ ـَ و شَسُبَ ـُ شَسْبًا و شُسُوبًا: خشک یا دبلا پتلا ہونا۔
شَاسِبٌ ج شُسُبٌ: خشک۔ پتلا۔
شِسْبٌ و شَسِیْبٌ: پتلی لکڑی والی کمان۔
شَسُوبٌ: اونٹنی جس کا بچہ سردیوں میں مر جاتا ہے اور دودھ نہ دے۔
شَسَعَ ـَ شَسْعًا و شُسُوعًا: دور ہونا۔
ـــ شَسْعًا و شَسَّعَ و اَشْسَعَ النَّعْلَ: جوتی کے لئے تسمہ بنانا۔
اَشْسَعَ: دور کرنا۔
شَسِعَ ـَ شَسَعًا: جوتی کا تسمہ ٹوٹنا۔
ـــ بِ: دور کرنا۔
شِسْعٌ ج اَشْسَاعٌ: کنارہ۔ حد۔ تھوڑا (یا بہت مال) جوتی کی دوالی یا تسمہ جو پاؤں کی وسطی اور اس کے ساتھ کی انگلی میں ڈالا جاتا ہے۔
شَاسِعٌ وشَسُوعٌ ج شُسُعٌ: دور۔ بعید۔
شَسَفَ وشَسُفَ ـُ شُسُوفًا وشَسَافَۃً: دبلا ہونا۔ لاغر ہونا۔
شِسْفٌ: خشک روئی۔
شَاسِفٌ: دبلا۔ لاغر۔
شَسِیْفٌ: خشک کیا ہوا۔
شَسَفٌ: کچی چیر کر خشک کی ہوئی کھجوریں
شَصَّتْ ـِ شُصُوصًا و شِصَاصًا: بہت تھوڑے دودھ والی ہونا (اونٹنی) تنگ ہونا (گذران) دور ہونا۔
ـــ شَصًّا واَشَصَّ عن: روکنا۔

دور کرنا۔ ہٹانا۔
أَشَصَّ : دور چلا جانا۔ تھوڑے دودھ والی ہونا (اونٹنی)
مَا أَدْرِي أَيْنَ شَصَّ : میں نہیں جانتا کہ وہ کہاں گیا۔
شِصٌّ ج شُصُوص : مشاق چور۔
—— و شَصٌّ ج شُصُوصٌ : مچھلی پکڑنے کا کانٹا۔ بنسی۔
شَصُوصٌ ج شُصُصٌ و شِصَاصٌ تھوڑے دودھ والی (اونٹنی) خشک سال۔
شَصَاصَاء : خشک سالی۔ گرانی۔ خراب لدو جانور۔
لَقِيتُهُ عَلَى شَصَاصَاء : میں نے اس کو مشغول پایا۔
شَصَائِص : شدائد
شَصَبَ ـُ شُصُوبًا و شَصِبَ ـَ شَصَبًا : تکلیف دہ ہونا (گذران)
—— : سخت ہونا (معاملہ) قحط زدہ ہونا (جگہ)
شَصَبَ ـُ شَصْبًا : چمڑہ اتارنا (جانور کا)
أَشْصَبَ : تکلیف دہ بنانا (زندگی)
شَصَّبَ : خشکی
شِصْبٌ ج أَشْصَاب : سختی خشک سالی۔
—— و شَصِيبٌ ج أَشْصَابٌ حصہ۔ نصیب۔ قسمت۔
شَصِيبٌ : مسافر۔
شَصِيبَة ج شَصَائِبُ : شدت سختی۔ خشک سالی۔ بدقسمتی۔ تفکرات۔

کنویں کی گہرائی۔
شَصَائِب : اونٹ کے پالان کی لکڑیاں۔
شَاصِبٌ : تکلیف دہ زندگی۔
شَصَّابٌ : قصاب۔ قصائی۔
شَصَرَ ـُ شَصْرًا : کوہ تا سینگ سے مارنا (بیل)۔ موٹا سینا (کپڑا)
—— بالرمح : نیزہ سے مارنا۔
—— شُصُورًا : موت کے وقت پتھرانا (آنکھ)
شَصَرٌ ج أَشْصَارٌ : مضبوط اور قابل حرکت ہرنی کا بچہ۔ ایک چھوٹا پرندہ
شَاصِرٌ و شَوْصَرٌ : مضبوط اور حرکت کے قابل ہرن کا چھوٹا بچہ۔
شَاصِرَة ج شَوَاصِرُ : جنگلی جانوروں کا پھندا
شَصَا ـُ شُصُوًّا : پتھرانا (آنکھ) بلند ہونا (بادل)
—— و شَصِيَ ـَ شَصِيًّا : سخت ہونا (لاش) پانی سے بھرنے کے بعد کھڑے پاؤں والی ہونا (مشک)
أَشْصَى : ٹکٹکی لگانا۔ اونچی کرنا (آنکھ)
شَصْوٌ : شدت۔ سختی۔ مسواک۔
شَاصٍ (م) شَاصِيَة ج شَاصِيَات و شَوَاصٍ : پھولا ہوا اور سخت۔
شَطَّ ـِ شَطًّا و شُطُوطًا : دور ہونا یا کرنا۔ زیادتی کرنا۔ افراط کرنا۔ حق سے دور ہونا۔ ظلم کرنا۔
—— ـِ شَطَطًا : افراط کرنا۔ حق سے دور جا پڑنا۔
أَشَطَّ و اِشْتَطَّ : زیادتی کرنا۔ حق سے دور جا پڑنا۔
—— علی : ظلم کرنا۔
شَطَّطَ : زیادتی میں بڑھنا۔ دریا کے ساحل کے ساتھ چلنا۔ ریت پر چڑھ جانا (جہاز)
شَاطَّ : دوسرے پر حد سے تجاوز کرنے میں بڑھ جانا۔
شَطٌّ ج شُطُوط : سمندر یا دریا کا کنارہ۔
—— و شُطَّانٌ : کوہان کا پہلو۔
شِطَّةٌ و شَطَاطَةٌ و شِطَاطٌ فاصلہ۔ بُعد۔
شِطَاطٌ : قد و قامت کی خوبصورتی اور اعتدال۔
بَيْنَهُمَا شِطَاط : ان دونوں میں بہت فرق ہے۔
شَطَطٌ : بہت زیادہ۔ بے فائدہ جھوٹ۔ افراط
لَا وَكْسَ وَلَا شَطَطَ : نہ کم اور نہ زیادہ۔
شَطَّة : خوبصورت قد والی (لونڈی)
شَاطٌّ (م) شَاطَّةٌ : عمدہ قد والا
شَطَأَ ـَ شَطْأً و شُطُوءًا : ساحل پر چلنا۔ بوجھ لادنا (جانور پر) مغلوب کرنا۔
—— الأُمُّ بِالْوَلَدِ : ماں نے بچہ گرا دیا۔
—— و أَشْطَأَ : پھوٹنا (کھیتی)
أَشْطَأَ : زکام والا ہونا (آدمی) دونوں کناروں پر بہنا (وادی)
شَطَّأَ : دونوں ساحلوں پر بہنا۔ (دریا)

شَاطَأَ: ایک دوسرے کے ساتھ دریا
کے ساحل پر چلنا۔
شَطْءٌ ج شُطُوْءٌ: دریا کا ساحل
—— وشَطَاءٌ ج اَشْطَاءٌ: کھیتی
کے پتے۔ شاخ جو درخت کے جڑھ
کے گرد اگرد سے نکلے۔
شَاطِئٌ ج شَوَاطِئُ وشُطْآنٌ
دریا کا کنارہ۔ سمندر کا ساحل۔
شَطَبَ ـُـ شَطْبًا: کاٹنا۔ لمبائی
میں پھاڑنا۔ دور ہونا۔ لکیر کھینچنا۔
شَطَّبَ: جوہر یا دھاری بنانا (تلوار
یا کپڑا میں)
—— وجهه: چہرہ پر تلوار وغیرہ
کے نشان پیدا کرنا۔
تَشَطَّبَ: کٹنا یا چرنا۔
—— وانشطب: بہنا (پانی)
شَطْبٌ ج شُطُوْبٌ: لمبا عمدہ
خوبصورت قدوقامت والا۔ کھجور
کی نازک اور سبز شاخ۔
شَطْبَةٌ ج شُطَبٌ: کھجور کی سبز
شاخ۔ تلوار۔ لکیر جو غلط لفظ پر
کھینچی جاتی ہے۔
—— وشِطْبَةٌ: لمبے خوبصورت
قدوقامت والی لونڈی۔
شُطْبَةٌ وشُطَيْبَةٌ ج شُطَبٌ
دھاری یا خط جو تلوار کے پھل پر ہو
شَطِيْبَةٌ ج شَطَائِبُ: اونٹ
کی کوہان کا لمبائی میں کٹا ہوا قطعہ۔
شَطَائِبُ: مختلف گروہ۔ شدائد۔
مصائب۔
شِطَابٌ: لحاف سینے کی سوئی۔
مُشَطَّبٌ: دھاریوں والی تلوار۔ چہرہ
زخموں کے نشان والا آدمی۔ دھاریدار
کپڑا۔
شَطَرَ ـُـ شَطْرًا وشَطَّرَ:
دو برابر حصوں میں بانٹنا۔ نصف تھن
دوہنا (اونٹنی کا)
—— بَيْتَ الشِّعْرِ: شعر کا نصف حذف
کرنا
—— شُطُوْرًا: ایک تھن لمبا رکھنا
(اونٹنی)
شَطَرَ بَصَرُهُ: اس کی آنکھ نے
ترچھا یا بھینگا دیکھا۔
—— شَطَارَةً: ہوشیار ہونا۔
ہنرمند ہونا۔ حیلہ ساز ہونا۔ چور ہونا
—— شُطُوْرًا وشُطُوْرَةً و
شَطَارَةً عن: جدا ہو جانا۔ الگ
ہو جانا۔
—— الی: متوجہ ہونا۔ آگے آنا۔
—— علی: شرارت سے برخلاف چلنا
شَطَّرَ: دو حصے کرنا۔ ایک شطر پر
دوسرا شطر زیادہ کرنا (شعر کا)
شَاطَرَ: نصف نصف تقسیم کرلینا۔
تَشَاطَرَ: ہوشیاری ظاہر کرنا۔
فریب دینا۔
شَطْرٌ ج شُطُوْرٌ واَشْطُرٌ:
آدھا۔ نصف۔ جزو۔ طرف۔ کنارہ
پہلو۔ حصہ۔ دوری۔
شَطَرَ شَطْرَهُ: وہ اس کی طرف
گیا۔
وَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ
الْحَرَامِ: اپنا چہرہ عزت والی مسجد
کی طرف پھیر۔
الدَّهْرُ شَطْرَانِ: قسمت کے دو
چہرے ہیں۔
حَلَبَ اَشْطُرَ الدَّهْرِ: اس نے
زمانہ کو خوب آزمایا۔ یعنی اس کی بھلائی
اور برائی سے واقف ہے۔
اَوْلَادُهُ شِطْرَةٌ: اس کے بیٹے اور
لڑکیاں تعداد میں برابر ہیں۔
شِطْرَةٌ: نوع۔
شَطْرَانُ (م) شَطْرَى: نصف
بھرا ہوا۔
شَطُوْرٌ: ایک تھن دوسرے سے
لمبا رکھنے والی (مینڈھی) یا جس کا
ایک تھن خشک ہو گیا ہو۔
ثَوْبٌ شَطُوْرٌ: کپڑا جس کی ایک
جانب دوسری سے لمبی ہو۔
دَارٌ شَطُوْرٌ: دوسرے مکانوں
—— علیحدہ مکان۔
شَطِيْرٌ ج شُطَرَاءُ وشُطُرٌ
دور۔ اجنبی۔ اکیلا۔ نصف۔
شَطَارَةٌ: فریب۔ دھوکا۔ مکر۔
شَاطِرٌ ج شُطَّارٌ: ہوشیار۔
چالاک۔ مکار۔ فریبی۔ شریر۔ چور۔
اپنے لوگوں سے بدسلوکی کرنے والا۔
مَشْطُوْرٌ: دو حصوں میں تقسیم شدہ
مُشَاطِرٌ: نزدیک۔ نزدیک۔
هُمْ مُشَاطِرُوْنَا: ان کے مکان
ہمارے مکان سے ملے ہوئے ہیں۔
شِطْرَنْجٌ: ایک مشہور کھیل کا
نام ہے۔
شَطَسَ ـُـ شَطْسًا فِي الْاَرْضِ
سفر کرنا۔
شَطْسٌ: دانائی۔ عقلمندی۔
شُطُوْسٌ: ہر طرف جانیوالا۔ حکم کے

مخالف چلنے والا۔
شُطُسٌ وشُطْسَةٌ: مخالفت
عناد۔ دشمنی۔
شَطِعَ ـَ شَطَعًا: بیماری
سے گھبرانا۔
شَطَفَ ـُ شَطْفًا: چلے جانا
دور ہونا۔ دھونا (کپڑا)
ـــ عن: ایک طرف ہو جانا۔
سَهْمٌ شَاطِفٌ: نشانہ سے خطا
کرنے والا تیر۔
شَطُوفٌ: دور۔ بعید۔
شُطْفَةٌ ج شُطَفٌ: قطعہ۔
شَطَنَ ـُ شَطْنًا: مخالفت کرنا
مقابلہ کرنا۔ دور کرنا۔ رسی سے باندھنا
ـــ فی: داخل ہونا (ملک میں)
ـــ شُطُونًا: حق وغیرہ سے دور
ہونا۔
أَشْطَنَ: دور کرنا۔
شَطَنٌ ج أَشْطَانٌ: رسی
بِئْرٌ شَطُونٌ: گہرا کنواں۔
حَرْبٌ شَطُونٌ: بہت سخت
جنگ۔
شَاطِنٌ: شریر۔
شَيْطَنَ وتَشَيْطَنَ: شیطانی
کام کرنا۔ باغی ہونا۔ شریر ہونا۔
شَيْطَنَةٌ: شرارت۔
شَطِينٌ: دور۔
شَيْطَانٌ ج شَيَاطِينُ: بری
روح۔ شیطان۔ سرکش نافرمان۔
(انسان ہو یا جانور وغیرہ) سانپ
مُخَاطُ الشَّيَاطِينِ: سراب۔
شَيْطَانُ الفَلَا: پیاس۔

ركبه شيطانه: شیطان اس
پر سوار ہوا یعنی وہ غضبناک ہوا۔
شياطين العرب: عرب کے سانپ
ـــ الرأس: غصے کا جوش۔
شَظِيَ ـَ شَظْيًا: سخت ہونا۔
(لاش) ہاتھ پاؤں کا اونچا ہونا (بھری
ہوئی مشک کے)
شَظَّى: چمڑہ اتار کر گوشت جدا کرنا
(جانور کا)
إِنْشَظَى: شاخدار ہونا۔ متفرق ہونا۔
جدا جدا ہونا۔
شَظًا وشَظِيَّةٌ: چیپٹی (لکڑی یا
ہڈی کی) پھانک۔
شَظَّ ـِ شَظًّا: شاق ہونا (معاملہ)
ـــ وشَظَّظَ وأَشَظَّ: بکھیرنا۔
دھتکارنا۔
شَظَّ وانْشَظَّ بجوالق: بورے
کے کڑے میں لکڑی باندھنا۔
شَظٌّ ج أَشْظَاظٌ: باقیماندہ دن
شِظَاظٌ ج أَشِظَّةٌ: کھونٹی دار
ڈنڈا جو بورے کے گوشوں میں لگایا
جاتا ہے۔
شَظِيظٌ ج أَشْظَاظٌ: چری ہوئی
لکڑی سے باندھا ہوا بورا۔ چری
ہوئی لکڑی۔
طاروا أَشْظَاظًا واشْتِظَاظًا
وہ ہر طرف بکھر گئے۔
شَظِفَ ـَ شَظَفًا: تنگ ہونا
(گذارہ) سختی کی زندگی گذارنا۔ کھال
اور گوشت کے درمیان گھسنا (تیر)
کھردرا ہونا (ہاتھ)
ـــ وشَظُفَ ـُ شَظَافَةً:

خشک ہونا۔ مرجھانا (درخت)
شَظَفَ ـِ شَظْفًا عن: منع
کرنا۔ روکنا۔
شَظَفٌ ج شِظَافٌ واشْظَافٌ
شدت وتنگی۔
شِظَافٌ: بعد۔ دوری۔
شَظْفٌ: لکڑی کی چیپٹی۔ پھانک۔
شِظْفٌ ج شِظْفَةٌ: تختہ۔ خشک
روٹی۔ لکڑی کی کھونٹی۔
شَظِفٌ: تنگ گذران والا۔ سخت
جنگجو۔ بدخلق۔ ٹوٹی ہوئی (لکڑی)
شَظِفَةٌ: سخت وخشک (زمین)
شَظِيفٌ: پانی کی کمی سے خشک
ہونے والا درخت۔
شِظْفٌ ومِشْظَفٌ: بے ارادہ
بولنے والا۔
شَيْظَمٌ (م) شَيْظَمَةٌ ج
شَيَاظِمَةٌ: بڑا اور اونچا (گھوڑا
اونٹ)
شَظِيَ ـَ شَظًى: پھٹ جانا۔
چر جانا (لکڑی) متفرق ہونا (قوم)
ـــ ـَ شَظْيًا: سخت ہونا (لاش)
پانی بھرنے سے ٹانگیں اونچی ہونا۔
(مشک کی)
شَظَّى: پراگندہ کرنا۔
أَشْظَى: کلائی یا گھٹنے کی ہڈی کو
زخمی کرنا۔
تَشَظَّى: پھٹنا۔ متفرق ہونا۔ چور ہونا
ٹکڑے ٹکڑے ہونا (لکڑی)
شَظًى: گھٹنے یا کلائی کی پتلی وچھوٹی
ہڈی۔ پیرو۔
شَظِيَّةٌ ج شَظَايَا وشَظِيٌّ:

پنڈلی کی ہڈی۔ لکڑی یا ہڈی کی پھانک۔ کمان۔

شَعَّ ـِ شَعًّا وشَعَاعًا: پھیلنا (پانی)

—— ہٗ علی: مقابلہ پر روانہ کرنا۔ (سوار دشمن کے)

—— شعًّا وشَعِیْعًا: جلدی کرنا۔

—— ہٗ شَعًّا وشعاعًا: بکھیرنا۔ (پانی)

اَشَعَّ: پھیلانا (پانی وغیرہ) کرنیں پھیلانا (سورج) خوشہ نکالنا (کھیتی) دانوں سے پُر ہونا (خوشہ)

شُعٌّ: مکڑی کا جالا۔ سورج کی کرن۔

—— وشُعَاعٌ ج اَشِعَّۃ و شُعُعٌ وشِعَاعٌ: سورج یا روشنی کی کرن۔

شُعَاعُ السُّنْبُلِ: خوشہ کے خار۔

شَعَاع: ہلکا سایہ۔ پانی سے ملا ہوا (دودھ)

طَارَ فُؤَادُہٗ شَعَاعًا: اس کا دل غیر مطمئن ہوا۔

ذَھَبُوا شَعَاعًا: وہ بکھر گئے۔

شَعَبَ ـَ شَعْبًا: بکھیرنا۔ اکٹھا کرنا۔ درست کرنا۔ خراب کرنا۔ ظاہر ہونا جدا جدا ہونا۔ مرجانا۔ مشغول کرنا۔ روکنا (لگام۔ گھوڑے کو) ہلاک کرنا (موت)

—— اِلٰی: ایلچی بھیجنا۔

شَعِبَ ـَ شَعَبًا: کندھوں یا سینگوں کے درمیان سے فاصلہ والا ہونا

شَعَّبَ واَشْعَبَ عن: ہمیشہ کے لئے جدا ہونا۔

شَاعَبَ واَشْعَبَ: مرنا۔

تَشَعَّبَ: بکھرنا۔ شعبہ دار ہونا۔ شاخدار ہونا۔ دور ہونا۔

تَشَعَّبَتْھُمُ الْفِتْنَۃُ: فساد نے ان کو جدا جدا کردیا۔

اِنْشَعَبَ: دور دور ہونا۔ پھیلنا (شاخیں) الگ ہونا۔ (راستہ) مرنا۔ درست ہونا (چیز)

شَعْبٌ ج شُعُوب: بڑا قبیلہ۔ مثل بُعد۔ بعید۔ دراڑ۔

اِلْتَأَمَ شَعْبُھُم: وہ جدائی کے بعد اکٹھے ہوگئے۔

شُعُوبِیَّۃٌ: ایک فرقہ ہے جو عرب کو عجمی پر ترجیح نہیں دیتا۔

شِعْبٌ ج شِعَابٌ: درہ۔ پہاڑی راستہ۔ بڑا قبیلہ۔ پانی کا راستہ۔ کونہ کنارہ۔

شَعَابٌ: کندھوں کے درمیان کا فاصلہ۔

شُعْبَۃٌ ج شُعَبٌ وشِعَابٌ: گروہ۔ فرقہ۔ درخت وغیرہ کی شاخ۔ دو سینگوں یا شاخوں وغیرہ کے درمیان کا فاصلہ۔ پانی کی ندی۔ کسی چیز کا حصہ پہاڑ کی دراڑ۔ بڑی وادی جو کھیتی کو سیراب کرے۔

شُعَبُ السَّفُّوْدِ: سیخ کے دندانے جن میں گوشت بھوننے کے لئے لگاتے ہیں۔

—— الیَدِ: انگلیاں۔

—— الجسمِ: ہاتھ۔ پاؤں۔

شَعْبَانُ ج شَعَابِیْن وشَعْبَانَات: قمری سال کا آٹھواں مہینہ۔

شَحُوْبُ: موت۔

شَعِیْبٌ ج شُعُبٌ: پرانی مشک۔ سپاہی کا جھولا۔ پالان۔

اَشْعَبُ ج شُعْب: سینگوں میں فاصلہ رکھنے والا (جانور)

——: ایک حریص شخص کا نام۔

شَاعِبَانِ: دونوں کندھے۔

مَشْعَبٌ ج مَشَاعِبُ: راستہ۔

مِشْعَبٌ ج مَشَاعِبُ: سوراخ کرنے کا اوزار۔ برما۔

مُشَعَّبٌ: درست کیا ہوا۔

شَعْبَذَ: شعبدہ بازی کرنا۔ بازیگری کرنا۔ بھان متی کا تماشہ کرنا۔

شَعِثَ ـَ شَعَثًا: پراگندہ ہونا۔

—— شَعَثًا وشُعُوثَۃً وتَشَعَّثَ بکھرنا۔ غبار آلودہ ہونا (بال)

شَعَّثَ: بکھیرنا۔ پراگندہ کرنا۔ شعر میں تشعیث کا جاری کرنا۔

—— عن: حفاظت کرنا۔

—— من الشیئ: نکال لینا۔ لے لینا

تَشَعَّثَ: پراگندہ ہونا۔ شاخدار ہونا

—— من الطعامِ: کھانے میں سے تھوڑا کھانا

شَعْثٌ: کھریرا نہ کئے ہوئے (گھوڑے)

شَعِثٌ (م) شَعِثَۃ واَشْعَثُ (م) شَعْثَاءُ ج شُعْثٌ وشُعْثَان بکھرے ہوئے غبار آلودہ بالوں والا

مُشَعَّثٌ: چھوٹا کیا ہوا (شعر)

شَعُوثٌ: دراڑ والا (برتن)

تَشْعِیْثٌ: علم عروض کی اصطلاح میں فاعلاتن کی دو تدمیں سے ایک متحرک کے حذف کرنے کو کہتے ہیں۔

شَعَرَ ـُ وشَعُرَ ـُ شِعْرًا وشُعْرًى وشُعُورًا وشُعُورَةً وشِعْرَةً ومَشْعُورَةً ب: سمجھنا۔ محسوس کرنا۔ جاننا۔
ــــ شِعْرًا وشَعْرًا: شعر بنانا
ــــ الثَّوبَ: کپڑے کے اندر بال لگانا یا بھرنا۔

شَعِرَ ـَ شَعْرًا وشَعَرًا و أَشْعَرَ وتَشَعَّرَ واسْتَشْعَرَ: بالدار ہونا۔

شَعَّرَ الثَّوبَ: کپڑے کے اندر بال لگانا۔ بالدار ہونا۔ (کپڑا)

أَشْعَرَ: بالدار ہونا۔ اندر کی طرف بال لگانا (کپڑا)
ــــ ه ب: خبر دینا۔ آگاہ کرنا۔
ــــ الشِّعَارَ: بدن کے ساتھ لگنے والا کپڑا پہنانا۔
ــــ الهَمُّ قَلْبِي: فکر نے میرے دل کو پکڑ لیا۔
ــــ ب: چمٹانا۔

شَاعَرَ: شعروں میں مقابلہ کرنا۔

تَشَاعَرَ: بناوٹی شاعر بننا۔

إِسْتَشْعَرَ الشِّعَارَ: شعار پہننا
ــــ خَوْفًا: خوف زدہ ہونا۔
ــــ القَوْمُ: شعار کا نام لے کر لوگوں کا ایک دوسرے کو لڑائی میں پکارنا۔

شَعَرٌ (مفرد شَعَرَةٌ) ج أَشْعَارٌ وشُعُورٌ وشِعَارٌ: بال۔۔

شَعَرَةٌ ج شَعَرَاتٌ: ایک بال۔

شِعْرٌ ج أَشْعَارٌ: علم۔ احساس سمجھ۔ زیرکی۔ موزوں کلام۔ شعر جھوٹ

شِعْرَةٌ: بالوں کا حصہ۔ موئے زہار کے اُگنے کی جگہ۔ موئے زہار۔

شِعْرَى: ایک ستارہ کا نام۔ یہ اصل میں دو ستارے ہیں۔ شعری شامیہ اور دوسرا شعری یمانیہ۔ سخت گرمی کا وقت

شَعَارٌ: درخت۔ جنگل۔ درختوں کی جگہ۔ لپٹے ہوئے درخت۔ لباس جو جسم کے ساتھ لگا ہوا ہو۔

شِعَارٌ ج شُعُرٌ وأَشْعِرَةٌ: جسم سے لگنے والا کپڑا۔ خاص علامت کے لئے لفظ جو فوج میں مقرر ہوتا ہے جس سے اپنے آدمیوں کو پہچانا جاتا ہے۔ زرہ۔ جنگ کا نعرہ۔ جھول۔

شِعَارُ الحَجِّ: حج کے نشانات اور رسومات۔
ــــ المَمْلَكَةِ: حکومت کے علامات۔

شُعُورٌ: زیرکی۔ علم۔ سمجھ۔

شَعِيرٌ ج شَعَائِرُ: جو۔ ساقی۔

شَعِيرَةٌ ج شَعِيرَاتٌ: ایک جو۔ گرین۔ علامت۔ نشان۔

أَشْعَرُ ج شُعْرٌ و (شَعْرَانِيٌّ ومُشْعِرٌ ومُشْعَرَانِيٌّ) بالدار۔

شَعْرَاءُ ج شُعْرٌ مونث أَشْعَرَ پوستین۔ بہت درختوں والی زمین۔ اُونٹ کی مکھی۔ بھیڑ۔ ایک قسم کا آڑو۔

أَشْعَرُ الرَّقَبَةِ: مضبوط گردن والا

دَاهِيَةٌ شَعْرَاءُ: سخت مصیبت

شَاعِرٌ ج شُعَرَاءُ: شعر بنانے والا جھوٹا۔

شَاعِرَةٌ ج شَوَاعِرُ وشَاعِرَاتٌ شعر کہنے والی۔

شِعْرٌ شَاعِرٌ: عمدہ شعر۔

شُعْرُورٌ: بہت کمزور شاعر۔ چھوٹی ککڑی۔

مَشْعَرٌ ج مَشَاعِرُ: پانچ حواس میں سے ایک حس۔ سایہ دار درخت۔ حج کے رسوم ادا کرنے کی جگہ۔

شَعْشَعَ: چمکنا (ستارہ) ملانا۔ (شراب میں پانی) آپس میں ملانا (چیز)
ــــ عَلَيْهِمُ الخَيْلَ: اس نے سواروں کے ساتھ ان پر حملہ کیا۔

تَشَعْشَعَ الشَّهْرُ: مہینے کا اکثر حصہ گزر گیا۔

شَعْشَعٌ وشَعْشَعَانٌ ومُشَعْشَعٌ ہلکا سایہ۔ لمبا۔

شُعْشُعٌ وشَعْشَاعٌ وشَعْشَعَانٌ وشَعْشَعَانِيٌّ: لمبا۔ سبک۔ دانا۔ زیرک۔ ہوشیار۔

شَعْشَاءُ: انگور کی بیل کی شاخ۔

شَعَفَ ـَ شَعْفًا: دل پر غلبہ پانا (محبت)
ــــ ه بالقَطِرَانِ: تارکول لگانا۔ (اُونٹ کو)
ــــ الشَّيْءُ الشَّيْءَ: ایک چیز کا دوسری پر چڑھنا۔

شَعِفَ ـَ شَعَافًا ب: فریفتہ ہونا۔

شَعَفٌ: بہت محبت۔ کوہان کی چوٹی۔

شَعْفَةٌ: ہلکی بارش جو زمین کی سطح تر کردے

شَعَفَةٌ ج شَعَفٌ وشُعُوفٌ وشِعَافٌ وشَعَفَاتٌ: پہاڑ کی چوٹی۔ بالوں کی زلف۔ لٹ۔ چوٹی۔ بلندی۔

شُعَافٌ: دیوانگی۔ محبت کی شیفتگی فریفتگی

شَعَافٌ : دیوانگی محبت کی فریفتگی۔
مَشْعُوفٌ : محبت میں شیفتہ محبت کا دیوانہ۔
شَعَلَ ۔ شَعْلاً : بھڑکانا (آگ) غور سے دیکھنا (معاملہ)
شَعِلَ ۔ شَعَلاً و اِشْعَلَّ : دُم یا پیشانی پر سفید داغ رکھنا (گھوڑا)
اَشْعَلَ : بھڑکانا (آگ) دُم یا پیشانی پر سفید داغ والا ہونا (گھوڑا) چاروں طرف پھیلانا (سوار) زیادہ آنسوؤں والی ہونا (آنکھ) ٹپکنا (مشک) بکھیرنا۔ ناراض کرنا۔
شَعَّلَ : جلانا۔ بھڑکانا (آگ)
تَشَعَّلَتْ و اِشْتَعَلَتْ : بھڑکنا۔ (آگ)
اِشْعَالَّ : کھڑے ہونا (بال) دُم یا ماتھے پر سفید داغ والا ہونا (گھوڑا)
شَعَلٌ : گھوڑے کی دُم یا پیشانی کا سفید داغ۔
عَرِص و عَرِيص : چمکنے والی (بجلی)
عَرْصَة ج عَرَصَات و عِرَاص و اَعْرَاص : گھر کا صحن۔ رتبہ چوک۔

عَرَّاص: اضطراب کرنے والا بہت چمکنے والی بجلی۔ بجلی اور گرج والا بادل
عَرْصَعَ: کھینچکر چیر دینا۔
عَرْصَاف ج عَرَاصِیْف: پٹھوں کا چابک۔ اونٹ کے پالان کی پیخ۔ سونڈھ کی لچکدار ہڈی۔
عِرْصَام: شیر۔
عَرْصَم: پیٹو۔
عَرْصُوْم: بخیل۔
عَرَضَ ـِ عَرْضًا: ظاہر کرنا واقع ہونا (حادثہ) جائزہ لینا (لشکر کا)
عَرَضَہٗ عَارِضٌ من الحُمّیٰ: اس کو بخار ہو گیا۔
عَرَض ل: پیش کرنا۔ دکھانا۔ تیار کرنا۔
ـــ لَہٗ من حَقِّہٖ ثَوْبًا: اس نے اس کو اس کے قرضہ کے عوض کپڑا دیا
ـــ علی: دکھانا (چیز)
ـــ ہٗ عَلَی السَّیْفِ او السَّوْط: تلوار سے یا کوڑے سے مارنا۔
عَرَضَ الحَصِیْرَ: چٹائی بچھانا۔
عَرَض عَرْضَ فُلَان وعُرْضَہٗ وہ فلاں کی چال چلا۔
لا تَعْرِض عَرْضَ فُلَان: فلاں کو برائی سے نہ یاد کر۔
عَرَضَ الرَّجُلُ: آدمی بغیر مرض کے مرگیا
عَرَضَ لی عَارِض: مجھے ایک روک نے روک دیا۔
ـــ الفَرَسُ: گھوڑا دوڑ گیا۔
ـــ وعَرِض ـَ عَرَضًا واَعْرَض ل: ظاہر ہونا۔ نظر آنا۔ قابو میں ہونا۔

عَرَضَ ـُ عَرْضًا: چوڑی طرف سے رکھنا۔
عُرِض: پاگل ہونا۔
عَرُض ـُ عِرَضًا وعَرَاضَۃً (ضد طال): چوڑا ہونا۔
عَرَض ـُ عَرْضًا: مکہ مدینہ یا ان کے مضافات میں جانا۔ زبانی پڑھنا (کتاب)
عَرَّض ل: مقابل پر رکھنا۔ بیان کرنا اطلاع دینا۔ پیش کرنا۔
ـــ: چوڑا کرنا۔ اشارہ کرنا۔ سوجھانا۔ غیر صاف لکھنا۔ تبادلہ کرنا۔ چست ہونا
عَرَّض ب اَوّل: مبہم کلام کرنا۔ تعریض کرنا۔
عَارَض: عوض دینا۔ مقابلہ کرنا۔ ہٹ جانا۔ کنارہ پر ہو جانا۔ کلام پر اعتراض کرنا۔ دوسرے کی طرح کام کرنا۔
ـــ ہٗ فی السَّیْرِ: چلنے میں برابری کرنا
ـــ ہٗ بِعَمَلِہٖ: نقل کرنا۔
ـــ ب: مقابلہ کرنا (تحریر کا تحریر سے)
عَارَض: راستہ میں ملنا (جنازہ سے)
اَعْرَض: پیش کرنا (عرضی) چوڑا کرنا۔ ظاہر ہونا۔ چوڑا ہونا (کپڑا)
ـــ عن: پہلو تہی کرنا۔ رکنا۔
ـــ فی المَکَارِم: بہت فیاض ہونا
ـــ ل: پہونچ میں آنا (شکار) ممکن ہونا۔
اَعْرَض لَہُ الخَیْرُ: وہ نیکی کرنے کے قابل تھا۔
تَعَرَّض: ظاہر ہونا۔ پیچھے پڑنا۔
تَعَرَّضَ الشَّیْءُ: چیز کا ٹیڑھا ہونا یا پہلو ظاہر ہونا یا خراب ہونا۔

ـــ لِفُلَان: پیش آنا۔ مخالفت کرنا
ـــ لِلْاَمْر: کام میں دخل دینا۔
تَعَرَّض ل: پہونچ میں ہونا۔
تَعَارَض: ایک دوسرے کے خلاف کرنا۔ ایک دوسرے کے برخلاف ہونا۔
اِعْتَرَض: واقع ہونا۔ آرپار ہونا (سڑک یا ندی سے) سوار ہونا۔ منہ زور اونٹ پر) ملاحظہ کرنا (لشکر) مقابل میں آنا۔
ـــ فی رَسَنِہٖ: منہ زور ہونا (گھوڑا)
ـــ ل: منع کرنا۔ روک ڈالنا۔ مخالفت کرنا۔ پیش کرنا۔
ـــ الشَّیْءُ دُوْن: روک بنانا۔ آرپار رکھنا۔
ـــ علی فُلَان: نقص نکالنا۔ اعتراض کرنا۔
ـــ لِفُلَانٍ بِسَهْمٍ: سامنے آکر تیر سے مارنا۔
اِسْتَعْرَض: چوڑی چیز تلاش کرنا۔ سوال کرنا۔ دکھانے کے لئے کہنا۔
ـــ القَوْم: قوم کو بغیر کسی کے حال کے دریافت کرنے کے قتل کرنا
اِسْتَعْرِضِ العَرَب: عربوں میں سے جس سے چاہے پوچھ لے۔
عَرْض: حادثہ۔ بدلہ۔ نمائش (سامان و فوج کی)
ـــ ج عُرُوض: سامان۔ چاندی وسونے کے علاوہ تمام منقولہ سامان پہاڑ یا دامنِ کوہ۔ چوڑائی۔ بڑا لشکر کشادگی۔
ـــ ج عُرُوض واَعْرَاض و

عِرَاض: جنون۔ بادل۔ گھڑی۔
(رات سے) وادی۔ ٹڈی کی کثرت۔
یَوْمُ عَرْضٍ: جزا دسزا کا دن
اَعْرَاضُ الشَّجَرِ: درختوں کی چوٹیاں
عَرْضٌ: گذارش۔
عِرْضٌ ج اَعْرَاض: عزت۔
شہرت۔ اچھی عادت۔ روح۔
جسم۔ جسم کی بُو۔ وادی یا شہر کا
کنارہ۔ بڑا لشکر۔ بڑا بادل۔ لوگوں
سے بیہودگی سے پیش آنے والا۔
ھُوَ عَرِبُ الْعِرْضِ: وہ کمینہ خاندان
کا ہے۔
عُرْضٌ ج عِرَاض: پہلو۔ جانب
کنارہ۔ پہاڑ کا دامن۔ دریا یا سمندر
کا وسط۔ حدیث کا زیادہ حصہ۔
ھُوَ مِنْ عُرْضِ النَّاسِ: وہ عوام
کی نسل سے ہے۔
نَظَرَ اِلَیْہِ عَنْ عُرْضٍ اَوْ عَنْ
عُرُضٍ: اس نے اس کو کنارے
سے دیکھا۔
عَرَضٌ ج اَعْرَاض: اسباب
منقولہ اسباب۔ گھر کا سامان۔
خطرہ۔ قسمت۔ اتفاقی فائدہ بخشش
غنیمت۔ عارضہ
اَصَابَہٗ سَھْمُ عَرَضٍ: اس کو
اتفاقیہ تیر لگا۔
عَرَضًا: بغیر ارادہ کے۔ اتفاقیہ
فَعَلَہٗ عَرَضًا: اس نے بغیر قصد
اور ارادہ کے اس کو کیا۔
عُرْضَۃ: ارادہ۔ نشانہ۔ ہمت۔
کشتی لڑنے میں داؤ۔
ھُوَ عُرْضَۃٌ لِذٰلِکَ: وہ اس کے
مقابلہ کا ہے۔
جَعَلْتُہٗ عُرْضَۃً لَ: میں نے
اس کو اس کا نشانہ بنایا۔
عَرْضِیٌّ: گھر کا گوشہ۔
عُرْضِیٌّ: گھوڑے کی زین پر قائم نہ
رہنے والا۔ منہ زور (اونٹ)
عُرْضِیَّۃٌ: جانور کی منہ زوری۔
عِرَاض ج عُرُض: اونٹ کی ران
کی چوڑائی میں نشان یا لکیر۔ حصہ۔ کونہ
کنارہ۔ گوشہ۔
—— الحدیث: بات کا اکثر حصہ۔
عُرَاض و عُرُوض: چوڑا۔
عُرَاضَۃ: مؤنث عراض۔ سفر
سے آنے والے کا تحفہ۔
عَرُوض ج اَعَارِیض: شعروں
کا میزان۔ شعر کے پہلے مصرع کا آخری
جزء۔ نہ سدھائی ہوئی اونٹنی۔
—— ج عُرُض: کنارہ۔ پہاڑ کے
پہلو کا راستہ۔ مکہ ومدینہ اوران کا
گردواگرد۔ کلام کا مطلب۔ بادل۔
بہت چیز۔ چلنے میں سامنے نظر آنیوالی
جگہ۔
عَارِض ج عَوَارِض: رُوک۔
مانع۔ دورہ مرض۔ رخسارہ۔ بادل
پہاڑ۔ عارضی۔
عَارِضَۃ ج عَوَارِض: مؤنث
عارض۔ تختہ۔ آر پار شہتیر۔ منہ
کے پہلو کا دانت۔ رخسارہ کا پہلو۔
سامنے کی چیز۔ دروازہ کا چوکھٹ
کے اوپر کی لکڑی جس میں دروازہ پھرتا
ہے۔
عَرِیض ج عِرَاض: چوڑا۔ بکثرت
—— ج عِرْضَان: ایک سالہ لیلا۔
—— البِطَان: بڑے پیٹ والا یعنی
مالدار۔
دُعَاءٌ عَرِیضٌ: بہت دعا۔
عَرِیضَۃ: مؤنث عریض۔ عرض
حال۔ خط۔ عرضی۔ اختصار۔
—— الشکوٰی: نالش نامہ۔
تَعْرِیض: بات سمجھانے کے لئے
اشارہ۔
مَعْرِض ج مَعَارِض: نمائش کی
جگہ۔ نمائش۔ منڈی۔
مِعْرَض: دلھن کی آراستگی کا کپڑا
مُعَارَضَۃ: جھگڑا۔ کجروی۔
اِبْنُ الْمُعَارَضَۃِ: حرامزادہ۔
بےحیا۔
مِعْرَاض: بے پر تیر۔ ذو معنے کلام۔
مُعَرَّض ج مَعَارِض و مَعَارِیض
غیر واضح کلام۔ پیچیدہ کلام۔
مَعْرُوض: عرضی۔ گذارش۔
مُعْتَرِض: آرپار رکھنے والا۔ اعتراض
کرنے والا۔
عَرَطَ ـُ عَرْطًا و اِعْتَرَطَ:
ہتک عزت کرنا۔
اِعْتَرَطَ الرَّجُلُ: آدمی ملک
میں دُور چلا گیا۔
عِرْبِطٌ و اُمُّ عِرْبِیَۃ و اُمُّ العِرْبِیَۃ:
بچھو۔
عَرْطَبَۃ و عُرْطُبَۃ: بانسری۔
عَرْطَنِیثَا: ایک قسم کی نبات
جسے بخور مریم کہتے ہیں۔
عَرْعَرَ: بند کرنا (بوتل) بوتل
کا کارک نکالنا۔ پھوڑنا (آنکھ)

عُرْعُرَة و عَرْعَرَة ج عَرَاعِرُ بوتل کا کارک۔
عَرْعَرَةُ الجَبَل: پہاڑ کی چوٹی۔
عَرْعَرٌ: سرو کا درخت۔
عُرْعُرٌ: برا خلق۔
تَرکیب عُرْعُرَہ: وُہ بدخلق ہو گیا
عُرَاعِرُ ج عَرَاعِرَ: شریف سردار۔ موٹا اُونٹ۔
عَرَفَ ـِ عِرْفَةً و عِرْفَانًا و عِرِفَّانًا و مَعْرِفَةً: جاننا۔ بدلہ دینا۔
ـــ ل: صبر کرنا۔
ـــ بِذَنْبِهِ ل: اقرار کرنا۔
عَرَفَ ـُ عِرَافَةً علی القوم قوم کے معاملات کا انتظام کرنا۔ قوم پر سیاست کرنا۔
ـــ عَرْفًا: ایال کاٹنا (گھوڑے کی)
عَرِفَ عَرْفَةً: ہاتھ کی ہتھیلی میں پھوڑا ہونا۔
عَرُفَ ـُ عَرَافَةً: واقف کار ہونا۔
ـــ عَرْفًا و عَرَافَةً: بہت خوشبو استعمال کرنا۔
عَرِفَ ـَ عَرْفًا: خوشبو ترک کرنا
عَرَّفَ ا و ب: واقف کرنا۔ اطلاع دینا۔
ـــ ہ بِفُلَان: نام بتانا۔ شناخت کرانا۔
ـــ ہ فُلَانًا: نقص بتانا۔
ـــ: خوشبودار کرنا۔ معرفہ بنانا۔ (نکرہ کو) گناہ کا اقرار سننا (پادری)
عَرَّفَ الحُجَّاجُ: حاجیوں کا عرفات

میں ٹھہرنا۔
أَعْرَفَ: لمبی کلغی والا ہونا۔ (مرغ) لمبی ایال والا ہونا (گھوڑا)
تَعَرَّفَ: دریافت کرنا۔ اطلاع پانا معرفہ ہونا۔ (اسم نکرہ)
ـــ بِفُلَان: آشنا ہونا۔
تَعَرَّفَ الضَّالَّةَ: گمی ہوئی چیز کو تلاش کرنا۔
ـــ الی: واقف کرنا۔
تَعَارَفَ: ایک دوسرے سے آشنا ہونا۔
اِعْتَرَفَ: مطیع ہونا۔ خاکسار ہونا پہچاننا۔ خبر دریافت کرنا۔
ـــ: سوال کرنا۔ پتہ بتانا۔
ـــ ب: اقرار کرنا۔
ـــ لِلْأَمْرِ: صبر کرنا۔
ـــ الی: اپنے نام اور حال سے خبر دینا۔
اِسْتَعْرَفَ: جاننا۔
ـــ الی: واقفیت کے لئے منسوب ہونا۔
اِعْرَوْرَفَ: چڑھنا (سمندر) ایال والا ہونا (گھوڑا) گنجان ہونا۔ (کھجور) جھاگ دار ہونا (خون) گھوڑے کی ایال پر سوار ہونا۔
ـــ لِلشَّرِّ: فساد پر آمادہ ہونا۔
عَرْفٌ: بو (خصوصًا عمدہ بو)
عُرْفٌ ج أَعْرَافٌ: اقرار۔ کلغی۔ (مرغ کی) ایال (گھوڑے کی) فیاضی نیکی۔ اُونچی جگہ۔ موجیں۔ پہچان۔
عُرْفُ الشَّرْعِ: شرعی قانون۔ شرعی اصطلاح۔

جَاءَ القَوْمُ عُرْفًا: لوگ ایک دوسرے کے بعد آئے۔
لَهُ عَلَيَّ أَلْفُ عُرْفًا: میں مانتا ہوں۔ کہ اس نے مجھے ہزاروں فائدے دیئے ہیں۔
عِرْفٌ و عُرْفٌ: صبر۔
عُرُفٌ: بلند جگہ۔ بلند ریت۔ گھوڑے کی ایال۔
عَرْفَةٌ: ہوا۔ ہتھیلی کا پھوڑا۔
ـــ و عِرْفَةٌ: سوال۔ دریافت
عُرْفَةٌ ج عُرَفٌ: دو چیزوں کے درمیان کی حد۔ اُونچی ریت یا جگہ۔
عَرَفَةُ: مکہ مکرمہ کے قریب ایک پہاڑ ہے۔
يَوْمُ عَرَفَةَ: ذوالحجہ کی نویں تاریخ
عَرَفَات: مکہ سے بارہ میل پر حاجیوں کے کھڑے ہونے کی جگہ۔
عِرَافَةٌ: نجوم کا پیشہ۔ جادوگری
عَرَّافٌ ج عَرَّافُونَ: منجم۔ جادوگر
عُرْفِيٌّ (ضد شَرْعِيٌّ): عام لوگوں کی اصطلاح۔
عُرْفِيَّةٌ: کہاوت۔ مثل۔ مقولہ۔
مُحْكَمٌ عُرْفِيٌّ: ثالثی۔
اِعْتِرَافٌ: شکرگذاری۔ عیسائیوں کا اپنے گناہ کا اقرار۔ اقرار
عِرْفَانٌ: علم۔ فائدہ۔ عطیہ۔ معرفت
عَارِفٌ ج عَرَفَةٌ: بہت صبر والا۔ معلوم۔
عَارِفَةٌ ج عَوَارِفُ: مؤنث عارف۔ عطیہ۔ فائدہ۔
عَرُوفٌ ج عُرُفٌ: بہت صبر والا۔ مستقل مزاج۔

عَرُوفَة : جاننے والا۔ عالم۔
عَرِيْف ج عُرَفَاء : جماعت کا سردار۔ عالم۔ دوستوں کی واقفیت کرانے والا۔ انٹرڈیوس کرانیوالا۔ سکول ماسٹر۔ معلوم۔
اَعْرَف (م) عَرْفَاء ج عُرْف اسم تفضیل۔ کلغی والا (مُرغ) ایال والا (گھوڑا)
عَرْفَاء : اعراف کی مؤنث لگڑبگڑ اُونچی چوٹی۔
اَعْرَاف : ایک قسم کی کھجوریں۔ اتہلائی اور بلند بادل۔ دوزخ وبہشت کے درمیان ایک مقام۔ بالو کے بلند تودے۔
مَعْرِفَة ج مَعَارِف : علم سائنس
مَعْرِفَة الجَمِيل : شکر گزاری
مَعْرَف ومَعْرِف ج مَعَارِف چہرہ۔
مَعَارِف : چہرہ کے محاسن۔ علوم۔ دوست۔ اصحاب و واقف
حَيَّا اللّٰه مَعَارِفَكُم : خدا تمہارے چہروں کو بارونق کرے۔
مَعْرَفَة ج مَعَارِف : ایال کے اُگنے کی جگہ۔
مُعَرَّف : مقررہ۔
مُعَرِّف : اعتراف سننے والا پادری
مَعْرُوف : اسم مفعول۔ اچھا مناسب فائدہ۔ خدمت۔ مہربانی۔ رزق۔ احسان خوشبودار۔ ہتھیلی میں پھوڑا رکھنے والا۔
مُعْتَرِف : نصرانیت کا اقرار کرنے والا۔

عَرْفَج ج عَرَافِج : کانٹےدار جھاڑی۔
عَرَافِج : بے راستہ ریت۔
عَرَق ـُ عَرْقًا ومَعْرَقًا و تَعَرَّق : سب گوشت اُتار لینا (ہڈی سے)
ـــ الطَرِيْق : راستہ طے کرنا
ـــ ـِ عَرْقًا و عُرُوقًا فی الارض زمین میں سفر کرنا۔
عُرِق : دُبلا ہونا۔ کم گوشت ہونا۔
عَرِق ـَ عَرَقًا : پسینہ آنا۔ تر ہونا (دیوار) سُست ہونا۔
عَرَّق : پسینہ لانا۔
ـــ و اَعْرَق : تھوڑا پانی ملانا۔ لمبی جڑوں والا ہونا (درخت)
ـــ و اَعْرَق فی : آدھا بھرنا۔ (ڈول)
ـــ و اَعْرَق الاناءَ : برتن میں تھوڑا پانی ڈالنا۔
اَعْرَق : عراق میں پہونچنا۔ خاندانی شریف ہونا۔
ـــ و اعْتَرَق واسْتَعْرَق : لمبی جڑھوں والا ہونا (درخت)
اسْتَعْرَق : پسینہ آنے کے لئے گرمی کے سامنے آنا۔
عَرْق ج عُرَاق : ہڈی جس کا گوشت اُتار لیا گیا ہو۔ زیادہ آمدو رفت والا راستہ۔
عَرَق : پسینہ۔ دیوار کی نمناکی۔ دودھ دیوار میں اینٹوں یا پتھروں کا ردا جانوروں کی قطار۔ ایک قطار میں چلنے والے جانوروں کے نشان۔ پہاڑوں کے بیچ کے راستے۔ کھجور کا رس۔ دوڑ۔
جَرَى الفَرَس عَرَقًا او عَرَقَيْن گھوڑا ایک یا دو دوڑیں دوڑا۔
لَقِيْتُ مِنْهُ عَرَق القِرْبَةِ مجھے اس سے مشقت اور تکلیف ہوئی
ـــ الخِلَال : دوست کا عطیہ۔
عِرْق ج عِرَاق واَعْرَاق و عُرُوق : جڑھ۔ رگ جسم۔ بڑا یا چھوٹا پہاڑ۔ تھوڑا پانی۔ ریت کی باریک اور لمبی دھاری۔ شورے والی زمین۔ دودھ۔ بہت اولاد۔
ـــ الذَهَب : سُرخ مرچ۔
ـــ النِّسَا : وجع مفاصل کی قسم جوران سے شروع ہوتی ہے۔
عُرُوق الشَّام : شہتیر۔ لکڑی۔
فی الشَّرَاب عِرْق من المَاء : شراب میں تھوڑا پانی ہے۔
عَرَقِيَّة : پگڑی کے نیچے پہننے کا کپڑا۔ ٹوپی۔
عُرَق و عُرَقَة : بہت پسینہ والا
عَرْقَة : سطح مرتفع کی سڑک۔ گوشت کا ٹکڑا۔
عِرْقَة ج عِرْقَات وعِرَق جڑھ۔ درخت کا ریشہ۔
ـــ و عِرْقَاة : تہ۔ دولت کا ذریعہ۔ جڑھ۔
عَرَقَة ج عَرَق وعَرَقَات : دیوار میں پتھروں یا اینٹوں کا ردا پرندوں یا گھوڑوں کی قطار خیمہ کے گرداگرد کا پھندنا۔
عَرْقُوَة ج عَرَاقِی : ریتلا ٹیلہ۔ ڈول کے منہ کی لکڑی۔

ذَاتُ العَرَاقِی: مصائب۔
عَرِیْق و مُعْرِق: فیاض۔ شریف الاصل۔ عمدہ نسل (گھوڑا) بخل یا کرم وغیرہ میں خاندانی۔
—— واَعْرَق: جڑھ دار
عِرَاق ج اَعْرِقَۃ و عُرُوق و عُرُوق: سمندر کا کنارہ۔ ناخن کے گرداگرد کا گوشت۔ کان کا کنارہ میزپوش کی سیون۔ صحن (گھر کا)
عِرَاقِیَّۃ و عَرْقِیَّۃ ج عَرَاقِی: روئی کی ٹوپی۔ جو پگڑی کے نیچے پہنی جاتی ہے۔
بِلَاد العِرَاق: ملک عراق۔
العِرَاقَان: کوفہ و بصرہ۔
عُرَاق و عُرَاقَۃ: صاف پانی۔ بہت پانی۔
عُرَاق الغَیْث: بارش کے بعد اُگنے والے پودے۔
عَوَارِق: ڈاڑھیں۔ سال۔
عَرْقَان: بہت پسینہ بہانے والا
مِعْرَق: لوہے کا اوزار جس سے ہڈی سے گوشت الگ کیا جاتا ہے
مُعْرَق و مُعَرَّق و مَعْرُوق: تھوڑے پانی والی (شراب)
مَعْرُوق و مُعَرَّق: دُبلا۔ کمزور
مُعْرِق: پسینہ آور۔
عَرْقَب: کونچیں کاٹنا۔ حیلہ کرنا۔
تَعَرْقَب: پہاڑی راستوں میں سفر کرنا۔ حیلہ کرنا۔ عرقوب کی مانند ہونا۔
—— عَنِ الاَمْر: کام سے ہٹ جانا

عُرْقُوب ج عَرَاقِیْب: کونچ وادی کا موڑ۔ پہاڑی راستہ۔ حیلہ۔
—— : ایک جھوٹے شخص کا نام۔
عَرَاقِیْب الاُمُوْر: کاموں کی پیچیدگیاں۔
عَرْقَص: رینگنا (سانپ) کودنا (بچہ)
عَرْقَل: گمراہ ہونا۔ مشکل اور دشوار بنانا (کام)
—— علیہ الکلام: ٹیڑھا کلام کرنا
تَعَرْقَل: پیچیدہ ہونا (کام) ٹیڑھا ہونا (کلام)
عِرْقَال: حیلہ باز۔ گمراہ۔
عِرْقِیْل: انڈوں کی زردی۔
عَرَاقِیْل: مصائب۔
—— الاُمُوْر: کاموں کی پیچیدگیاں
تَعَرْقُل: حیرانگی۔ تشویش۔
عَرْقَلَی: متکبرانہ چال۔
عَرَک ـُـ عَرْکًا: ملنا (چمڑہ) ملکر محو کرنا (چیز) بوسیدہ کرنا (کپڑا) کھانا (مویشی۔ پودے) تجربہ کار بنانا (زمانہ کا) تربیت کرنا۔
—— الاَذَی بِجَنْبِہٖ: اس نے دکھ برداشت کیا۔
عَرِکَ ـَـ عَرَکًا و عُرَاکًا و عُرُوکًا و اَعْرَکَ: حیض والی ہونا (عورت)
عَرِکَ ـَـ عَرَکًا: مضبوط جنگجو ہونا۔
عَارَکَ مُعَارَکَۃً و عِرَاکًا: لڑائی کرنا۔

تَعَرَّکَ: ملا جانا۔ چھیلا جانا۔
تَعَارَکَ و اِعْتَرَکَ: انبوہ کرنا (لوگ) آپس میں لڑنا۔
عَرْکَۃ ج عَرَکَات: جنگ۔ بار بار کیا ہوا کام۔
عَرَک و عَرِک: آوازہ۔ شور۔
عَرِک ج عَرِکُوْن: مضبوط پہلوان۔
عَرَکِیّ ج عَرَک و ج عُرُوک: ماچھی۔
عِرَاک: پانی پر جمع ہونے والے
اَوْرَدَ اِبِلَہٗ العِرَاک: وہ اپنے تمام اونٹوں کو پانی پر لے آیا۔
عُرَکَۃ: تکلیف برداشت کرنیوالا
عَرُوک: چھوٹے کوہان والا اونٹ
عَرِیْکَۃ ج عَرَائِک: مزاج۔ طبیعت۔ اونٹ کا کوہان۔ نفس۔
لَیِّنُ العَرِیْکَۃ: نرم طبیعت۔
عَارِک ج عَوَارِک و مُعْرِک: حیض والی (عورت)
مَعْرَک ج مَعَارِک و مُعْتَرَک: لڑائی کا میدان۔
مَعْرَکَۃ و مَعْرُکَۃ ج مَعَارِک: لڑائی کا میدان۔
—— و مُعَارَکَۃ: لڑائی کشتی جھگڑا۔
مُعَارِک: لڑنے والا۔
مَعْرُوک: مویشی کے پاؤں سے روندی ہوئی (زمین) جمع شدہ ریت پانی پر خلط ملط مویشی۔
عَرْکَس: تہ بتہ ہونا۔ ڈھیر لگانا
اِعْرَنْکَس: ایک دوسرے پر جمع ہونا

بہت کالے ہونا (بال)

عَرَم ـِ عَرْمًا : گوشت اُتارنا (ہڈی سے) پتے اُتارنا (درخت کے) بدسلوکی کرنا۔

— اُمَّہ : ماں نے اس کو دودھ دیا

— عَرَامًا علی : سختی کا برتاؤ کرنا

عَرِمَ ـَ وعَرُمَ ـُ عَرَامَةً بدخلق ہونا۔ مضبوط ہونا۔ خراب ہونا۔

عَرَّم : ملانا۔

تَعَرَّمَ : گوشت نوچنا (ہڈی سے)

— علی : اکرباز ہونا۔

اِعْتَرَم : منہ زور ہونا (گھوڑا) ماں کے پستان چوسنا (بچہ)

اَعْرَمَ : اتہام لگانا۔

عَرَم وعُرْمَة : سیاہی اور سفیدی کا ملاپ۔ چھوٹے چھوٹے سیاہ و سفید نقطے۔

— : زچہا۔

عُرَام : بدخلقی۔ جہالت۔ فوج کی تیزی۔ ہانڈی کی میل۔

عُرْمَة وعَرَمَة ج عَرَم : لوہے کی خود۔ گیہوں کا ڈھیر جو بھوسہ نکالنے کے واسطے جمع کیا جائے۔

عَرِم : سخت شریر۔

عَرِمَة ج عَرِم : زور کی بارش پشتہ۔ بند۔

عَارِم : شریر۔ تیز (آدمی) سخت سرد (دن)

عَرَّام : جلدساز۔

عَرِيم ج عُرْمَان : مصیبت کھائی

اَعْرَم (م) عَرْمَاء ج عُرْم سفید و سیاہ داغوں والا۔ دُنبیوں یا بکریوں کا ریوڑ۔ ختنہ نہ کیا ہوا۔

عَرْمَاءُ : مؤنث اَعْرَم کی۔ چتی دار سانپ۔

عَرَمْرَم : سخت۔ بیشمار فوج۔

عَرْمَس : سخت ہونا (جسم)

عِرْمِس : پتھر۔ سخت (اُونٹنی)

عَرَن ـُ عَرْنًا علی : عادی ہونا۔

— ـِ : ناک میں لکڑی کا ٹکڑا ڈالنا (اُونٹ کے) ترتیب وار رکھنا (تبر)

عَرِن ـَ عَرَنًا : ٹانگوں کی بیماری والا ہونا (جانور)

— عِرَانًا : دُور ہونا (گھر)

اَعْرَن : گوشت پر گزارہ کرنا۔

عِرْن : پکے ہوئے گوشت کی بُو۔

عَرَن وعِرَان : پاؤں کی بیماری (جانوروں کی) جانور کی گردن کا پھوڑا۔

عَرُدن : پھوڑے والی ٹانگ والا

عَرِين ج عُرُن : جنگل۔ جھاڑ۔ طاقت۔ گوشت۔ گھر کا صحن۔

— وعَرِينَة ج عَرَائِن : شیر یا لگڑبگڑ کا بھٹ۔

عِرَان : لکڑی کا ٹکڑا جو اُونٹ کی ناک میں ڈالتے ہیں۔ نکیل۔

عُرَانِيَة : لہریں۔ بڑا سمندر۔

عِرْنِين ج عَرَانِين : ناک کا اُوپر کا حصہ۔ سردار۔ ہر چیز کا پہلا حصہ۔

عِرْنَاس ج عَرَانِيس : پہاڑ کا نمایاں حصہ۔ ٹیکلہ۔ بھٹا۔

عَرَا ـُ عَرْوًا : واقعہ ہونا (حادثہ) کسی کے پاس عطیہ مانگنے کو جانا کاج بنانا (قمیص کا)

— وعُرِی : تپ یا ڈر سے کانپنا۔

عُرِیَ الی : فروخت شدہ چیز کا افسوس کرنا۔

عَرَّی و اَعْرَی : دستہ لگانا (چمڑے کے بیگ کو) کاج بنانا (قمیص کے)

اَعْرَی : چھوڑ دینا۔

اِعْتَرَی : لگ جانا۔ عطیہ کی طلب کو جانا۔ پہونچنا۔ پکڑ لینا۔

عِرْو ج اَعْرَاء : کونہ۔ اردگرد کا علاقہ۔ آزاد جس کو کسی بات کا فکر نہ ہو۔

انا عِرْوٌ من کذا : میں اس سے خالی ہوں۔

عَرْو واعْتِرَاء : مصیبت کا پہونچنا۔

عُرَوَاء : تپ کی کپکپی۔ شمال۔

عُرْوَة ج عُرًی : دستہ۔ قبضہ (کوزے وغیرہ کا) کاج۔ قبضہ کا گرد و نواح۔ کڑی۔ جھاڑ۔ آدمیوں کی جماعت۔ قیمتی جائداد۔ شیر قابل بھروسہ چیز۔

اَنَا عُرْوَة مِنْهُ : میں اس سے آزاد ہوں۔

القی الیہ العُرَی : اس نے کام اس کے سپرد کر دیا۔

عَارٍ ج عُرَاة : تپ والا۔

مُعْتَرًی : مصیبت زدہ۔

عَرِی ـَ عُرْيَةً وعُرْيًا من

ننگا کرنا۔

عَرَّی و اَعْرَی اٰ ذٰ مِن: اتارنا (کپڑے) ننگا کرنا۔

عَرَّی مِن: چھوڑانا۔ آزاد کرنا

عَارَی: بغیر زین ڈالے ہوئے گھوڑے پر سوار ہونا۔

اَعْرَی: میدان میں اقامت کرنا ریگستان میں سفر کرنا۔ رات کی سردی لگنا۔

اَعْرَی: ننگا کرنا۔ پیچھے ہٹنا۔

— ہ النَّخْلَۃَ: ایک سال کے لئے کھجور کا پھل دینا (محتاج کو)

تَعَرَّی مِن: ننگا ہونا۔

اِعْرَوْرَی: تنہا سفر کرنا۔ ننگے گھوڑے پر سوار ہونا۔

— اَمْرًا قَبِیْحًا: شرمناک کام کرنا۔

عَرًی: دیوار۔ احاطہ۔ کھلا میدان۔ کونہ۔ سردی۔

عَرَاء ج اَعْرَاء: ویرانہ۔ ریگستان۔ ننگاپن۔

عُرْیٌ و عُرْیَۃ: ننگاپن۔

عَرَاۃ: ساحل۔ سردی کی شدت گھر کا صحن۔ میدان۔

فَرَس عُرْیٌ: بے زین گھوڑا

عَرِیٌّ و عَرِیَّۃ: سرد ہوا۔

عَرِیَّۃ: کھجور کا درخت جس کا پھل اُتار لیا گیا ہو۔

عَارِیَۃٌ: اُدھار لی ہوئی چیز۔

عَارٍ ج عُرَاۃ: ننگا۔ آزاد۔ مفلس۔

عُرْیَان ج عُرْیَانُوْن: ننگا۔

چست (گھوڑا)

مَعْرًی و مَعْرَاۃ ج مَعَارٍ: جسم کا ننگا حصہ (جیسے منہ۔ ہاتھ)

مَعَارِی: بنجر جگہیں۔ بچھونے

مُعَرًّی: ننگا کیا ہوا۔

عَزَّ ـِ عِزًّا و عِزَّۃً و عَزَازَۃً طاقتور ہونا۔ مضبوط ہونا۔ کمزور ہونا۔ مہنگا ہونا۔ کمیاب ہونا۔ قیمتی ہونا۔ مشکل ہونا۔ عزت والا ہونا۔ بہنا (پانی)

— علی: بزرگ ہونا۔

عَزَّ ـَ عَلَیْہِ: مشکل ہونا (کام)

— اَن یَفْعَلَ کَذَا: اس پر ایسا کرنا بہت مشکل ہے۔

عَزَّ ـُ عَزًّا: بڑائی میں غالب آنا۔ مضبوط کرنا۔

عَزَّزَ: مدد دینا۔ تعظیم کرنا۔ معزز بنانا۔

عَازَّ: عزت میں غالب ہونے کی کوشش کرنا۔ تقریر میں غالب آنا۔

اَعَزَّ: محبت کرنا۔ طاقتور بنانا۔

اَعَزَّتِ الْبَقَرَۃُ: گائے کا وضع حمل مشکل ہونا۔

اُعْزِزْتُ بِمَا اَصَابَکَ: جو کچھ تم پر گذرا ہے۔ اس سے مجھے تکلیف ہوئی۔

تَعَزَّزَ: طاقتور ہونا۔ صاحب عزت ہونا۔ مہنگا یا کمیاب ہونا۔ تکبر سے پیش آنا

—: سخت ہونا (گوشت)

اِعْتَزَّ: طاقتور یا عزت والا ہونا۔

— ب: کسی کے ساتھ فخر کرنا۔ بزرگ ہونا۔

— علی: غالب آنا۔

اِسْتَعَزَّ علی: غالب آنا۔ سختی کرنا۔

— اللّٰہُ بِہٖ: خدا نے اس کو مار دیا۔

اُسْتُعِزَّ بِالْعَلِیْلِ: غالب آنا (بیماری)

عِزٌّ: طاقت۔ شرافت۔ عزت۔ فتح سخت بارش

رَجُلٌ عَزٌّ: قوی آدمی۔

جِئْنِیْ بِہٖ عَزًّا بَزًّا: اس کو ضرور ہی لے آ۔

عَزَّۃ: ہرنی کی بچی۔

عِزَّۃ: طاقت۔ شان۔ کمیابی۔ ننگ حمیت۔

عَزِیْز ج عِزَاز و اَعِزَّۃ و اَعِزَّاء طاقتور۔ شریف۔ نادر۔ اپنی صفات میں سب سے بے نظیر (خدا) مشکل۔ ناممکن۔ مکرم۔ بادشاہ۔

عَزِیْزِ مِصْر: مصر کا حاکم۔

اَلْعُزّٰی: قریش کی ایک دیوی کا نام۔

عَزَّاء: شدت۔ سخت سال۔ زور کی بارش

مِعْزَاز الْمَرَض: سخت بیماری والا

مَعْزُوْزَۃ: سختی۔ زمین جس پر سخت بارش ہوئی ہو۔

عَزَبَ ـُ عُزْبَۃً و عُزُوْبَۃً و تَعَزَّبَ: مجرد رہنا۔

عَزَبَ ـِ عُزُوْبًا عَن: دُور جانا غائب ہو جانا۔

عَزِبَ: غیر آباد ہونا (ملک)

عَزَّبَ: دیر تک غائب رہنا۔ شروع کئے ہوئے کام کو ادھورا چھوڑ دینا۔

اَعْزَبَ: دور ہونا۔ دُور کرنا۔

تَعَزَّبَ: مجرد رہنا۔

عَزْبَة ج عِزَاب: جھونپڑی - کھیت - مزدوروں اور کاشتکاروں کے لئے چھوٹا گاؤں -
عَازِب: دُور کی چراگاہ - دور ہونے والا - غائب ہونے والا -
عَازِب (م) عَازِبَة: مرد جس کی بیوی فوت ہو گئی ہو - رانڈ -
عَزَب (مذکر یا مؤنث) ج عُزَّاب و اَعْزَاب: کنوارا - مجرد -
عَزِيب و اَعْزَب (م) عَزْبَاء ج عُزْب: کنوارا - مجرد - رانڈ
مِعْزَبَة: لونڈی - بیوی -
مِعْزَاب و مِعْزَابَة: اونٹوں کو چرانے کے لئے دُور لے جانیوالا -
عَزَجَ ـُ عَزْجًا: دفع کرنا - پھاوڑے سے اُوپر نیچے کرنا (زمین)
عَزَرَ ـِ عَزْرًا: ملامت کرنا - مدد کرنا -
— عن: منع کرنا - ہٹانا -
— علی: خبر دینا - اطلاع دینا مجبور کرنا -
عَزَّرَ: بہت ملامت کرنا - سرزنش کرنا - سخت مارنا - مدد کرنا - تعظیم کرنا
تَعْزِير: شرعی سزا کے علاوہ تنبیہی سزا
عَزَائِر: لکڑیاں - درختوں کا بقایا -
مُعَزَّر: ملامت کیا گیا -
عَزْدَرٌ و عَزَدَّرٌ: بدخلق -
عَزْدَرَة: بدخلق عورت - ٹیلہ -
عِزْرَائِيل: ملک الموت -
عَزْعَزَ: عورت میں غالب آنا -
عَزَفَ ـِ عَزْفًا و عُزُوفًا عن نفرت کرنا - ہٹ جانا -
— عَزِيفًا: آواز دینا - گانا -
— عَزْفًا عن: روکنا -
— ـِ عَزْفًا و عَزِيفًا: گانے کے اوزار کو بجانا - گانا - آواز دینا -
عَزَّفَ: آواز دینا -
اَعْزَفَ: ریت یا ہوا کی سائیں سائیں سننا -
تَعَازَفَ: ایک دوسرے کو راگ سنانا - آپس میں فخر کرنا - ایک دوسرے کی ہجو کرنا -
اِعْزَوْزَفَ لِلشَّرِّ: وہ شرارت پر آمادہ ہو گیا -
عَزْف: ریت یا ہوا کی سائیں سائیں وغیرہ واضح آواز - دف کی آواز -
عُزْف: جنگلی کبوتر -
عَازِف: گویّا - باجا بجانیوالا -
عَزُوف و عَزُوفَة ج عِزَاف غیر مستقل مزاج دوست - ناراض -
عَزَّاف: گرجنے والا بادل - بہت باجا بجانیوالا - بہت گانے والا
مِعْزَف و مِعْزَفَة ج مَعَازِف باجا - بانسری -
عَزَقَ ـِ عَزْقًا: کھودنا (زمین) کھانا -
عَزَقَ ـُ عَزْقًا: تیز دوڑنا - قتل کرنا -
— عن: روکنا (خبر)
عَزِقَ ـَ عَزَقَاب: چمٹنا -
عَزِق ج عُزُق: بدخلق -
عَزْقِی: برتن -
عَزْدُق و عَزْدَق: گری سے خالی پتہ
عَزْدَق: بخیل - تنگدل - سخت مزاج
عَزِيق: ہموار زمین -
مِعْزَق و مِعْزَقَة ج مَعَازِق: کدال - پھاوڑا - بکھیرنے کا اوزار
مُتَعَزِّق: بدخلق -
عَزَلَ ـِ عَزْلًا و عَزَّلَ و عن: ہٹانا - علیحدہ کرنا -
تَعَزَّلَ و اِنْعَزَلَ و اِعْتَزَلَ عن ہٹ جانا - علیحدہ ہونا -
تَعَازَلَ: ایک دوسرے سے کنارہ کش ہونا -
عَزَل: بے ہتھیار -
— الحِمَار: گدھے کا موخر -
عُزْل و عِزَالٌ: کمزوری
عُزُل ج اَعْزَال: بے ہتھیار -
عُزْلَة: علیحدگی - تنہائی -
اَعْزَل ج عُزْل و اَعْزَال و عُزَّل و عُزْلَان: بے ہتھیار بے بارش بادل - تنہا - اُڑنے کے ناقابل (پرندہ) گوشت کا ٹکڑا جو غیر حاضر کے لئے رکھا جائے مائل دُم والا جانور - سماک اعزل - علیحدہ ریت کا ٹکڑا -
عَزْلَاء ج عَزَالِی و عَزَالَی: دہن - مشک کا منہ -
مَعْزِل: اکیلی جگہ -
بِمَعْزِلٍ عن: دُور -
مُعْتَزِلَة: ایک اسلامی فرقہ کا نام
مِعْزَال ج مَعَازِيل: علیحدہ رہنے والا - بے ہتھیار - کمزور - بے وقوف علیحدہ چرانے والا - خود رائے -
عَزَمَ ـِ عَزْمًا و عُزْمًا و

مَعْزَمًا و عَزِيمًا و عَزِيمَةً
و عَزَامَةً و عُزْمَانًا علی :
ارادہ کرنا۔ کوشش کرنا
— : ارادہ پورا کرنا۔
عَزَمَ علی فُلان ل او عن :
التجا کرنا۔
عَزَمَ ہ علی: اُکسانا۔ کھانے
پر بُلانا۔
— و عَزَّمَ : منتر پڑھنا۔
تَعَزَّمَ و اِعْتَزَمَ و علی: ارادہ
کرنا۔
اِعْتَزَمَ : ارادہ پورا کرنا۔
— الطریق : وُہ سیدھا راستہ
پر چلا گیا۔
— الفَرَسُ جامحًا فی عَنَانِہٖ
گھوڑا منہ زوری میں چلا۔
عَزْم ج عُزُوم: ارادہ کی پختگی۔
عُزْمَۃ ج عُزَم: رشتہ دار۔
قبیلہ۔
عَزْمَۃ ج عَزَمَات: حق۔ واجب
اور لازم بات۔ ارادہ۔
عَزَمَاتُ اللّٰہِ و عَزَائِمُہٗ
خدا کے مقرر کردہ فرائض۔
عَزِیم: مستقل مزاجی۔ تیز دوڑ۔
عَزِیمَۃ ج عَزَائِم: مستقل
مزاجی۔ پختہ ارادہ۔ منتر۔ خدا کا مقرر
کردہ فرض۔ کھانے کی دعوت۔
مَالَہٗ عَزْمَۃ ولا عَزِیمَۃ :
وُہ غیر مستقل مزاج ہے۔
عَزْمِیّ : وعدہ پورا کرنے والا۔
منسوب الی العَزْم
عَازِم ج عَزَمَۃ و عَازِمُون
پختہ ارادہ کرنے والا۔ وفادار دوست
أَمْرٌ عَازِمٌ : کام جس پر پختہ ارادہ
کیا گیا ہو۔
عَازِمٌ و عَزُوم: اپنے ارادہ
پر قائم رہنے والا۔
عَزُوم ج عُزُم : بوڑھی۔ چوتڑ
عَزَمَۃ : سچے دوست۔
عَزَّام و مُعَزِّم : منتر کرنے والا
پیادہ۔ عازم کا مبالغہ۔
العَزَّام و المُعْتَزِم: شیر۔
مَعْزُوم : مضبوط ارادہ کیا ہوا۔
مُعْتَزِم علی: پختہ ارادہ کرنیوالا
عِزْہ و عَزِہ و عِزْہِیّ و
عِزْہَاۃ ج عَزَاہٍ و عَزَاہِیّ
و عِزْہُون: پرہیزگار۔ متقی۔ برا
شریر۔
عَزَا ـُ عَزْوًا و الی: منسوب
کرنا۔
— عزاءً : صبر کرنا۔
عَزَا ـُ عَزْوًا و تَعَزَّی و
اِعْتَزَی لِفُلان و الی فُلان:
منسوب ہونا۔
عِزَۃ ج عِزًی و عِزُون :
لوگوں کی جماعت۔
عِزْوَۃ : انتساب۔ لگاؤ۔ صبر۔
عَزَی ـِ عَزْیًا الی : منسوب
کرنا۔
عَزِیَ ـَ عَزَاءً علی مُصِیبت
پر صبر کرنا۔
عَزَّی : تسلی دینا۔ تسکین دینا۔
تَعَزَّی عن: صبر کرنا۔ تسلی پکڑنا۔
تَعَازَی : باہم ایک دوسرے کو تسلی دینا
عَزٍ (م) عَزِیَۃ و عَزِیّ (م)
عَزِیَّۃ : صابر۔
عِزْیَۃ : انتساب۔
عَزِیٌّ : بہت صبر کرنے والا۔
اِعْتِزَاء : ادّعاء کرنا۔ دعوے
کرنا۔ جنگ میں اپنا نام و نسب بیان
کرنا۔
تَعْزِیَۃ: تسلی دینا۔ ماتم پرسی
عَسَّ ـُ عَسًّا و عَسَسًا :
رات کو پٹرول کرنا۔ رات کو پہرہ کے
لئے پھرنا۔ دیر سے آنا (خبر) تھوڑا
سا کھلانا۔
اِعْتَسَّ: رات کو پہرہ دینے کے
لئے پھرنا۔ رات کو تلاش کرنا (چیز)
عَسّ و عَسَس: رات کو پھر کر پہرہ
دینے والے۔
عُسّ ج عِسَاس و عِسَسَۃ :
پیالہ یا بڑا برتن۔
دَعَسَّتِ النَّاقَۃُ عِسَاسًا: اُونٹنی
نے ناراضگی سے دودھ دیا۔
عَاسّ ج عَسَس و عُسُس
و عُسَّاس : رات کو پٹرول کرنیوالا۔
عَسَّاس: رات کو پہرہ دینے والا۔
بھیڑیا۔
عَسُوس: دودھ نکالنے کے وقت
بڑبڑانے والی اُونٹنی۔ رات کو شکار
تلاش کرنے والا۔ برا آدمی۔
مَعَسّ: مطلب۔ درخواست۔
عَسَبَ ـِ عَسْبًا: کرایہ پر
لینا۔ (گھوڑا)
أَعْسَبَ : بھاگنا (بھیڑیا)
أَعْسَبَہٗ جَمَلَہٗ : اس نے اپنا اُونٹ

اس کو عاریۃً دیا
اِسْتَعْسَبَ منہ: نفرت کرنا۔
—— : عاریتاً لینا (اُونٹ)
عَسْب: اولاد۔ نسل۔
عَسْبَۃ: پہاڑ کی دراڑ۔
عَسُوب: بڑا رئیس۔
عَسِیْب ج عُسُب و عُسُب
و عُسْبَان: دُم کی ہڈی۔ پشتِ پا
پہاڑ کی دراڑ۔ بے پتہ کھجور کی شاخ
یَعْسُوب ج یَعَاسِیْب: شہد کی
مکھیوں کا بادشاہ۔ بڑا رئیس۔ سونا
ایک قسم کا تیتر۔ گھوڑے کی پیشانی کی
سفیدی۔
عُسْبُر ج عَسَابِر: چیتا۔
عُسْبُرَۃ: چیتی۔ عمدہ نسل تیز رفتار
اُونٹنی۔
عِسْبَار: لگڑ بگڑ کے مشابہ افریقہ
کا ایک درندہ بھیڑیئے کا پلا۔
عُسْبُوْس و عُسْبُوْسَۃ: کتے
کا پلا جو بھیڑنی سے پیدا ہو۔
عَسَجَ ـِ عَسْجًا و عَسَجَانًا
و عَسِیْجًا: چلنے میں گردن لمبی کرنا
لنگڑاتا (اُونٹ)
اِعْسَنْجَ: بڑھاپے سے کبڑا ہونا۔
عَوْسَج: ایک خاردار جھاڑی۔
عَسْجَدٌ: سونا۔ جواہر جیسے
موتی۔ یاقوت۔ بڑا اُونٹ۔
عَسْجَدِیَّۃ: قیمتی ساز و سامان
پہنائے ہوئے سواری کے جانور۔
عَسْجَرَ: نمکین بنانا (کھانا) تیزی
سے دیکھنا۔
عَسْجَرۃ: نمک۔

عَسَدَ ـِ عَسْدًا: مضبوط
بٹنا (رسی)
عِسْوَدٌّ: قوی اور مضبوط۔ سانپ
عِسْوَدَّۃ: لمبا کپڑا۔
عَسَرَ ـُ عَسْرًا و عُسْرًا علی
مشکل ہونا۔ مخالف ہونا (وقت)
—— و عَسَّرَ علی: مخالفت کرنا۔
—— و اَعْسَرَ: دباؤ ڈالنا (مقروض
پر) مجبور کرنا۔
—— عَلَیْہِ ما فی بَطْنِہٖ: جو اس
کے پیٹ میں تھا اس کا نکلنا مشکل
ہو گیا۔
عَسَرَ ـِ عَسْرًا: بائیں طرف سے
آنا۔
—— عَسْرًا و عَسَرَانًا: دوڑنے
میں دُم اُٹھانا (اُونٹنی) عُسر ولادت
والی ہونا (عورت)
عَسِرَ ـَ عَسَرًا: کھبا ہونا۔ (بیں ہتھا ہونا)
عَسِرَ ـُ عُسْرًا و عُسُرًا و
عَسَرًا و مَعْسُوْرًا و عَسُرَ ـُ
عُسْرًا و عَسَارَۃً: مشکل ہونا۔
(کام) بدخلق ہونا۔
عَسَّرَ: مشکل بنانا۔ بائیں طرف سے
آنا۔ مخالفت کرنا۔
—— علی: تنگی ڈالنا۔
عَاسَرَ: سختی سے پیش آنا۔ (مقروض
سے) محتاج ہونا۔
اَعْسَرَ: مفلس ہونا۔ مشکل سے
جننا۔
تَعَسَّرَ و تَعَاسَرَ عَلَیْہِ الاَمْرُ:
کام کا مشکل ہونا۔ اور پیچیدہ ہونا۔
—— علیہ القول: بات کا پیچیدہ ہونا

تَعَسَّرَ: ناقابل برداشت ہونا۔
تَعَاسَرَ: ایک دوسرے سے سختی
کا برتاؤ کرنا۔
اِعْتَسَرَ من مَالِ فُلَانٍ: اس نے
فلاں کے مال میں خیانت کی۔
—— : مجبور کرنا۔ زبردستی کرنا۔
غیر تربیت یافتہ جانور پر سوار ہونا۔
اِسْتَعْسَرَ علی: مشکل ہونا یا پانا
(کام)
عُسْر و عُسُر: تنگدستی۔ سختی۔ تنگی
عُسْرَۃ و عُسْرَی و مَعْسَرَۃ
و مَعْسُرَۃ: سختی۔ مفلسی۔ تنگی
عَسَرَۃ و عَسَرَاء: پرندہ کے بازو کے
اوپر کا سفید پر۔
جَاءُوْا عُسَارَیَات و عُسَارَی
وہ یکے بعد دیگرے آئے۔
ذَھَبُوْا عُسَارَیَات: وہ ہر طرف
پھیل گئے۔
عَسِر و عَسِیْر: مشکل (زمانہ)۔
بدخلق (آدمی)
اَعْسَر (م) عُسْرَی ج عُسْر:
زیادہ مشکل۔ زیادہ منحوس۔
—— (م) عَسْرَاء ج عُسْر و
عِسْرَان: بیں ہتا (کھبا پ)
فُلَانٌ اَعْسَرُ یَسَرٌ: فلاں
دونوں ہاتھوں سے کام کرتا ہے۔
مُعْسِر: مقروض پر سختی سے دباؤ
ڈالنے والا۔
مُعْسِر: غریب۔ مفلس۔
مَعْسُوْس: تنگ حال۔ دیوالیہ۔
عَسْعَس: گذرنا یا تاریک ہونا۔
(رات) زمین کے نزدیک آنا (بادل)

— وتَعَسْعَسَ : رات کو منڈلانا (بھیڑیا)

تَعَسْعَسَ : سونگھنا - پیچیدہ کرنا (معاملہ) حرکت دینا -

عَسْعَس وعَسْعَاسٌ : بھیڑیا - شکاری جانور - سراب -

عَسْعَسَۃٌ وعَسَاسٌ : وہ اندھیرا جو شروع یا اخیر رات میں ہوتا ہے -

عَسَارِیسُ : جنگلی چوہا -

عَسَفَ ے عَسْفًا : ظلم کرنا قریب المرگ ہونا - زور سے پکڑنا (چیز کو) توڑ کر بتانا -

— الدمعُ الجفونَ : آنسوؤں کا پلکوں سے کثرت سے بہنا

— فی الاَمْر او الکلام : بغیر تدبر کے بولنا یا کام کرنا -

— علی ول : کسی کے لئے کام کرنا

— وعن وتَعَسَّفَ واعْتَسَفَ عن : ہٹ جانا (راستہ سے)

— المَفَازَۃَ : ریگستان کو بغیر راستہ کے طے کرنا -

یَعْسِفُ اللَّیْلَ وبِاللَّیْلِ : مطلب کی تلاش میں رات کو بے راہ جانا -

عَسَّفَ واَعْسَفَ : طاقت سے زیادہ کام لینا -

اَعْسَفَ : رات کے وقت بے راہ چلنا

تَعَسَّفَ : ظلم کرنا -

تَعَسَّفَ فی القَوْلِ : بے سمجھی سے بات کرنا

— واعْتَسَفَ : بغیر تدبر کے کرنا (کام)

تَعَسَّفَ واعْتَسَفَ عَنِ الطَّرِیْقِ : راستہ سے الگ ہونا -

اِنْعَسَفَ : مڑنا - جھکنا

اِعْتَسَفَ ہٗ ب : مجبور کرنا -

عَسْف : ظلم - موت - دباؤ -

عُسَاف : اونٹوں میں سانس کی نلی کی مرض -

عَاسِف (مذکر و مؤنث) ج عُوَّاسِف : سانس کی نلی کی مرض سے تکلیف اٹھانے والا -

عَسُوف وعَسَّاف ومِعْسَف : بڑا بے انصاف - بڑا ظالم -

عَسِیْف ج عُسَفَاء وعَسَفَۃ مزدور -

اَخَذُوا فی مَعَاسِیْفِ البَیْدِ و مَعَامِیْہَا : وہ جنگل کے گمنام راستوں پر چلے -

عَسِقَ ے عَسَقًا وتَعَسَّقَ : چمٹنا -

— علی : اصرار کرنا -

عَسَق : بدخلقی - بے انصافی -

عُسُق : مقروض سے بدخلقی کرنیوالا

عَسِیْقَۃ : ردی شراب -

عَسْقَل : چمکنا (سراب)

عَسْقَل ج عَسَاقِل وعَسَاقِیْل سراب -

عَسَاقِلُ وعَسَاقِیْلُ : بادل کے متفرق ٹکڑے -

عَسْقَلَان : شام کے ساحل کا ایک شہر - چوٹی -

عَسِكَ ے عَسَكًا ب : چمٹنا

تَعَسَّكَ : مٹک کر چلنا -

عَسْكَرَ : جمع ہونا - سیاہ ہونا (رات) جمع کرنا (فوج)

عَسْكَر ج عَسَاكِر : فوج - لشکر - بڑی تعداد - کثرت -

عَسْكَرَۃ : مصیبت - فکر - گرانی

مُعَسْكَر : فوج کا کیمپ - فوج کا ڈیرہ - جمع کی ہوئی چیز -

عَسَلَ ے عَسْلًا وعَسَّلَ : شہد ملانا (خوراک میں)

— وعَسَّلَ : شہد کھلانا یا شہد کا زاد دینا -

عَسَلَتِ النَّحلُ : شہد کی مکھیوں نے شہد بنایا -

عَسَلَ ے عَسْلًا وعُسُولًا و عَسَلَانًا : تھرتھرانا (نیزہ)

— ے عَسْلًا وعَسَلَانًا : ہوا سے لہرانا (پانی)

— ب : دوڑنا (ریگستان میں)

اِسْتَعْسَلَ : شہد طلب کرنا - شہد بنانا -

عَسَل ج عُسُل وعُسُول و عُسْل واَعْسَال وعُسْلَان : شہد - پھول - درختوں کا گوند - تازہ کھجوروں کا رس -

عَسَلَۃ : شہد کا چھتا - آدمی کی اصلیت -

عَسَلِیّ : شہد کی مانند -

عَاسِل وعَسُول ج عُسَّل : راستباز - صالح - نیک عمل کرنیوالا -

عَاسِل وعَسَّال : چھتے سے شہد

اکٹھا کرنیوالا۔ کانپنے والا (نیزہ)
عَاسِلَۃٌ ج عَوَاسِلُ: کانپنے والا (نیزہ)
عَسَّالَۃٌ: شہد کا چھتا۔ شہد کی مکھیاں۔ چھتے سے شہد کالنے والے
عَسِیلٌ ج عُسُلٌ: عطار کا برش جس سے وہ عطر اکٹھا کرتا ہے۔
مَعْسَلَۃٌ و مَعْسُلَۃٌ: شہد کا چھتا
عَسَلَجَ: نازک شاخیں نکالنا (درخت)
عُسْلُجٌ ج عَسَالِجُ و عُسْلُوجٌ ج عَسَالِیجُ: تازہ نازک شاخ لاپرواہ (لڑکا)
عَسْلَطَ: بے ترتیب کلام کرنا۔
عَسِمَ ـِ عَسْمًا فی: طمع کرنا۔ حرص کرنا
ھٰذَا اَمْرٌ لَا یُعْسَمُ فِیْہِ: یہ ایسی چیز ہے جس میں کوئی طمع نہیں کرتا۔
ـــ ـِ عَسْمًا و عُسُومًا: حاصل کرنا۔ روزی کمانا۔
ـــ فی: کوشش کرنا۔ محنت کرنا۔
ـــ و اَعْسَمَ: آنسو بہانا۔ آنکھوں کی پلکیں بند کرنا۔
عَسِمَ ـَ عَسَمًا و اَعْسَمَ: خشک ہو کر ٹیڑھا ہونا (پاؤں۔ ہاتھ)
اَعْسَمَ: خشک کرنا (ٹانگ۔ بازو) آنسو بہانا (آنکھ)
اِعْتَسَمَ: حاجت روائی کرنا۔ پرانی جوتی پہننا۔ کمانا۔
عُسْمَۃٌ: لقمہ۔
عَسَمَۃٌ: خشک روٹی کا ٹکڑا۔

اَعْسَمُ (م) عَسْمَاءُ ج عُسْمٌ: خشک شدہ ہاتھ یا پاؤں والا۔
عَسُمِیٌّ: بُرے یا اچھے کام والا۔
عَسُومٌ ج عُسُمٌ: اپنے بال بچے کے لئے کمانے والا۔
عُسُومٌ: خشک روٹی کا ٹکڑا۔ چھوٹا گھونٹ۔
عَسِنَ ـَ عَسَنًا فی: موٹا کرنا (چارہ کا جانور کو)
اَعْسَنَ و تَعَسَّنَ: تھوڑی نباتات پیدا کرنا۔ (جگہ)
تَعَسَّنَ: کھوج تلاش کرنا۔
عَسَنٌ: بالوں کی خوبصورتی و لمبائی چربی۔ موٹاپا۔
عِسْنٌ: مثل۔ نظیر۔
ـــ و عُسْنٌ: موٹاپا۔ چربی۔
اَعْسَانُ الشَّیْءِ: چیز کے نشانات
ھُوَ عَلٰی اَعْسَانٍ مِنْ اَبِیْہِ: وہ اپنے باپ کے مشابہ ہے۔
عَسَا ـُ عُسُوًّا و عَسَاءً و عَسِیَ ـَ عَسًی: سخت اور خشک ہونا (لکڑی) سخت تاریک ہونا (رات)
عَسَا ـُ عُسُوًّا: سخت اور کھردرا ہونا (ہاتھ)
عَسَا ـُ عَسْوًا و عُسُوًّا و عُسِیًّا و عَسَاءً و عَسْوَۃً: بڑی عمر کا ہونا۔
عَسْوٌ: موم۔
عُسُوٌّ: پودے کا مرجھانا۔ موٹا۔ کھردرا۔
عَاسٍ (م) عَاسِیَۃٌ: مرجھانے والا (پودہ) ظالم۔

عَسْوَۃٌ: بڑھاپا۔
عَسٰی: افعال مقاربہ میں سے ہے بمعنے امید اور نزدیک ہونا۔
اَعْسِ بِہٖ: کیسا لائق اور ہوشیار ہے
عَسٍ و عَسِیٌّ و مَعْسَاۃٌ ب: لائق۔ مناسب۔
مِعْسَاءٌ: بالغ ہونے کے قریب لڑکی
عَشَّ ـُ عَشًّا: گھونسلا میں رہنا (پرندہ) طلب کرنا۔ مرمت کرنا (کپڑا) جمع کرنا۔ تھوڑی دینا (بخشش) کم شاخوں والی ہونا (کھجور)
ـــ و اَعَشَّ: جگہ سے ہٹانا۔ نکال دینا۔
ـــ ـُ عُشُوشَۃً و عَشَاشَۃً و عَشَشًا: پتلا دبلا ہونا (بدن)
عَشَّشَ و اِعْتَشَّ: گھونسلا بنانا (پرندہ)
عششت النَّخْلَۃُ: کھجور کی شاخوں کا کم ہونا۔
عَشَّشَ الْکَلَاُ: گھاس کا خشک ہونا۔
اَعَشَّ عن: روکنا۔ منع کرنا۔
اَعَشَّ و اَعْشَشَ: دبلا کرنا (جسم)
ـــ: بھٹ میں مضطر کرنا (ہرن کو) سخت اور بے درخت زمین میں ہونا (آدمی)
اِنْعَشَّ: مرمت ہونا (قمیص)
اِعْتَشَّ: تھوڑا زاد لینا۔
عَشٌّ: تھوڑی بخشش۔ نحیف۔
عَشٌّ و عُشٌّ ج عِشَاشٌ و اَعْشَاشٌ و عِشَشَۃٌ: پرندہ کا گھونسلا۔

عَشَّۃ: کم شاخوں والی کھجور ردی
جگہ میں اُگا ہوا درخت - کم درختوں
والی زمین -
مَعَشٌّ: مطلب - سوال - عرضی -
مُعَشَّشٌ: پرندوں کے گھونسلے
بنانے کی جگہ -
عَشِبَ سَ عَشَبًا: خشک ہونا
مرجھانا (سبزی)
—— وعَشُبَ مُ عَشَابَۃً و
عَشَّبَ واَعْشَبَ: سبز گھاس والی
ہونا (زمین)
عَشَّبَ: سبز گھاس جمع کرنا -
اَعْشَبَ: سبز گھاس پانا -
—— وتَعَشَّبَ: سبز گھاس چرنا -
موٹا ہونا -
اِعْشَوْشَبَ: زیادہ سبز گھاس والی
ہونا (جگہ) سبز گھاس پانا -
عُشْب ج اَعْشَاب: سبز گھاس
عِیَالُ عَشَب: جوانوں کا خاندان
عَشَابَۃ: سبزی -
عَشَبَۃ (مذکر و مؤنث): زیادتیٔ
عمر سے خمیدہ
عَاشِب و عَشِب وعَشِبِب
ومُعْشِب ومِعْشَاب ج مَعَاشِیب
سبز گھاس والا (کھیت) بہت سبز
گھاس والا
تَعَاشِیب: سبز گھاس کے متفرق
قطعے -
عَشَرَ سَ عَشْرًا: دس میں سے
ایک لینا - دس بنانا - دسواں ہونا
دس مہینے کی حاملہ ہونا (اُونٹنی)
عَشَرَ مُ عَشْرًا و عُشُورًا وعَشَّرَ:

$\frac{1}{10}$ لینا - دسواں لینا - دسواں ہونا -
—— القَوْمَ: قوم کے مال کا دسواں حصہ لینا
عَشَّرَ: پے درپے دس دفعہ رینگنا
(گدھا)
—— واَعْشَرَ: حمل کے دسویں مہینے
میں ہونا (اُونٹنی - گھوڑی)
عَاشَرَ: آپس میں مل جلکر زندگی
گذارنا -
اَعْشَرَ: دس ہونا - دس بنانا -
تَعَاشَرَ: آپس میں دوستانہ
برتاؤ کرنا - مل جلکر گذارہ کرنا -
عِشْر: دسواں حصہ - مویشی کا دسویں
دن گھاٹ پر جانا -
عُشْر ج عُشُور واَعْشَار:
$\frac{1}{10}$ - دسواں حصہ -
قَلْبٌ اَعْشَار: شکستہ دل -
اَعْشَار: پرندے کے بڑے پر -
عَشَرَۃ (م) عَشْر: دس -
عِشْرَۃ: میل جول - صحبت - دوستی
عَاشِر ج عُشَّر: دسواں - دسواں
لینے والا - دسویں دن پانی پینے والا -
(اُونٹ)
عَوَاشِرُ: پرندے کے سب سے
بڑے پر -
عَشُورَی و عَاشُور وعَاشُورَاء
وعَاشُورَی: محرم کا نواں یا دسواں دن
عَشَّار ج عَشَّارُون: دسواں
جمع کرنے والا - عشر لینے والا -
عُشَرَاء: حمل کے دسویں مہینے کی
اُونٹنی - نوزائیدہ اُونٹنی -
جَاءُوا عُشَارَ اَوْ مَعْشَرَ: دس
دس آئے -

عُشَارِیَۃ: دسواں حصہ -
عُشَارِیٌّ: منسوب الی اَعْشَار
دس بالشت (کپڑا) دریائے نیل کی
کشتی -
عَشِیر ج عُشَرَاء: دوست
قریبی - خاوند - بیوی -
—— ج اَعْشِرَاء: دسواں -
عَشِیرَۃ ج عَشَائِر: قبیلہ -
اَعْشَرُ: احمق -
مَعْشَر ج مَعَاشِر: جماعت -
رشتہ دار - جن - انسان -
مِعْشَار: دسواں حصہ - بہت دودھ
دینے والی (اُونٹنی)
عَشْرَقَ: سبز ہونا (پودہ)
عَشْرَن: بیس پورا کرنا -
عِشْرُون و عِشْرِین: بیس -
عَشَزَ سِ عَشْزَانًا: پاؤں
کٹے ہوئے کی طرح چلنا -
—— علی: سہارا لینا -
عَشَوْزَ ج عَشَاوِز: دشوار گذار
راستہ یا ملک
—— وعَشَوَّزٌ: مضبوط اور موٹا -
اَعْشَنَ دعن: برا جاننا -
مَا یُعْشَنُ لِی اَمْرٌ قَبِیحٌ: کوئی
برا کام میری طرف منسوب نہیں ہوگا -
عَشِقَ سَ عِشْقًا وعَشَقًا و
مَعْشَقًا: بہت محبت کرنا - محبت
میں حد سے گذرنا -
عَشِقَ ب: چمٹنا -
تَعَشَّقَ: بہ تکلف عاشق بننا - عاشقی
دکھانا -
تَعَاشَقَ: ایک دوسرے پر عاشق ہونا

عِشق: بہت محبت۔
عَشَفَۃ ج عشق: عشق پیچاں۔
عَاشِق ج عُشَّاق و عَاشِقُون و عَوَاشِق (مذکر و مؤنث) بہت محبت کرنے والا۔
عشّاق و عِشّیق: بہت عشق والا
عَشِیق: عاشق۔معشوق۔
عَشِم ـَ عَشَمًا و عُشُومًا و تَعَشَّم: خشک ہونا (چیز)
عَشَم و عَشَمَۃ: طمع۔لالچ۔
عَشَمَۃ: خشک یا خراب روٹی کا ٹکڑا دُبلاپن سے خشک۔پیر فرتوت۔ (مرد یا عورت)
خُبز عَشِم و عَیشُوم: خشک یا خراب روٹی۔
اَعشَم (م) عَشمَاء: ملے جلے دو رنگ خشک درخت۔
عَشَن ـُ عَشْنًا و عَشَّن و اعتشن: تخمینہ کرنا۔رائے لگانا۔
اِعتشن: بے وجہ حملہ کرنا۔
عُشَان و عُشَانَۃ: ردی کھجوریں
عُشَانَۃ: کھجور کی شاخ کا ابتدائی موٹا حصہ۔
عَشَا ـُ عَشْوًا: رات کو جانے کا قصد کرنا (کسی کے پاس) رات کو چرانا (مولیشی)
ـــ والی: پاس جاکر بخشش مانگنا۔
ـــ عَشْوًا و عَشْیًا: رات کا کھانا کھلانا۔
عَشَا عن: ہٹ جانا۔اعراض کرنا
ـــ عَشْوًا و عُشُوًّا والی: رات کو آگ کی طرف جانا۔

ـــ ـُ عَشْوًا و عَشِیَ ـَ عَشًا: کمزور نظر ہونا۔رتوندی آنا۔
عَشِیَ علی: ظلم کرنا۔
عَشِیَ ـَ و تَعَشَّی: رات کا کھانا کھلانا۔ رات کو چرنا (مولیشی)
عَشَّی و اَعشَی: رات کا کھانا کھلانا۔
عَشَّی: رات کو چرانا (مولیشی) (روشنی کے ساتھ پکڑنا (رات کو پرندے)
اَعشَی: اندھا کرنا۔
تَعَشَّی: شام کا کھانا کھانا۔
تَعَاشَی: اندھا ہونے کا بہانہ کرنا۔
تَعَاشَی عن: جاہل ہونا۔
اِعتَشَی: رات کو چلنا۔رات کو آگ کی طرف جانا۔
ـــ آ و ب: رات کے وقت جانا (آگ کی طرف)
اِستَعشَی نَارًا: رات کو آگ سے راستہ پانا۔
ـــ: ظالم پانا۔
عَشَاء و عَشَاوَۃ: نظر کی کمزوری اندھاپن۔شبکوری
عَشَاء ج اَعشِیَۃ: رات کا کھانا
عِشَاء و عَشِیّ: رات کا شروع۔شام۔
عِشَاءَان: مغرب اور عشاء۔
عَشَوِیّ: منسوب بہ عَشِیَّۃ۔
عَشْوَۃ: دھندلاپن۔رات کی تاریکی۔رات کی پہلی چوتھائی۔
عُشْوَۃ و عِشْوَۃ: آگ کا شعلہ جو رات کو دور سے دکھائی دے۔حیرت۔شبہ۔

عَاشِیَۃ ج عَوَاشٍ: رات کو چرنے والا (مولیشی)
عَشٍ (م) عَشِیَۃ و اَعشَی (م) عَشوَاء: شبکوری والا۔
عَشوَاء: اندھی (اُونٹنی) رات کی تاریکی۔کھجور۔کھجور کا درخت۔
یَخبِطُ خَبطَ عَشوَاء: وہ اندھی اُونٹنی کی طرح پاؤں مارتا ہے۔ یعنی بے سوچے کام کرتا ہے۔
عَصّ ـَ عَصًّا و عَصَصًا: سخت ہونا۔
عَصَّص علی: اصرار کرنا (مقروض)
عَصّ: اصل۔
عُصَص و عُصعُص: دم کی جڑھ
عَصَب ـِ عَصْبًا و عَصَّب لپیٹنا۔ باندھنا۔مضبوط کرنا۔
ـــ: دودھ نکالنے کے لئے رانوں کو سخت باندھنا (اُونٹنی کی) گھر میں موجود رہنا (آدمی)
عَصَبَ القُطنَ: روئی کاتنا۔
ـــ عَصْبًا و عَصِب ـَ عَصَبًا ب: گھیرنا (مولیشی کا پانی کے برتن کو)
ـــ بِفُلَان: فلاں سے ملنا۔
ـــ و ب: سوکھنا (تھوک منہ میں)
ـــ عَصْبًا و عُصُوبًا: میلے ہونا (دانت) سُرخ ہونا (اُفق)
ـــ عَصْبًا و عِصَابًا: قبضہ کرنا
عَصِب ـَ عَصَبًا: بہت پٹھوں والا ہونا (گوشت)
ـــ القومُ بہ: لوگوں نے اس کو گھیر لیا۔
عَصَّب: سردار بنانا۔بھوکا کرنا۔ہلاک

کرنا۔ پٹی باندھنا۔
اَعْصَبَ : تیزی سے چلنا (اُونٹ)
تَعَصَّبَ : پگڑی باندھنا۔ پٹی باندھنا
سردار ہونا۔
—— ب : تسلی پانا۔
تَعَصَّبَ فی : سخت حفاظت کرنا
ضد کرنا۔
—— ل و مَعَ : جتھا بنانا۔ کسی کی
امداد میں بہت کوشش کرنا۔
—— علی : مقابلہ کی بہت کوشش کرنا
اِنْعَصَبَ : مشکل ہونا۔
اِعْصَوْصَبَ : سخت ہونا۔ جتھابندی
کرنا (لوگ)
اِعْتَصَبَ ب : پگڑی لپیٹنا۔
گروہ بننا (قوم) تاج پہننا (بادشاہ)
—— بالشیٔ : قناعت کرنا چیز پر یا
راضی ہونا۔
عَصْب : پگڑی۔ ایک قسم کی چادریں
ہوشیار لڑکا۔ تھوک جو منہ میں
سوکھ جائے۔
—— و عُصْب و عَصَب : عشق پیچان
عَصَب ج اَعْصَاب : پٹھے۔ قوم
کے چیدہ لوگ۔ عشق پیچان
عَصَبَة ج عَصَبَات : پٹھا۔ جتھا
باپ کی طرف سے رشتہ دار۔ دُور
کے رشتہ دار۔ پٹی باندھنے کی چیز۔
عِصْبَة : پگڑی باندھنے کا طریقہ۔
عُصْبَة ج عُصَب : لشکر۔ آدمیوں
وغیرہ کی جماعت۔
عِصَاب : اُونٹ کی ران باندھنے
کی رسی۔
عَصَّاب : دھاگا بنانیوالا یا فروخت

کرنے والا
عِصَابَة ج عَصَائِب : پٹی۔ پگڑی
سرپوش۔ آدمیوں وغیرہ کی جماعت۔
سُرخ دھند جو خشکی میں دکھائی دیتی ہے
عَصُوب : بدشکل اور دُبلی عورت
عَصِیْب ج اَعْصِبَة و عُصُب :
رسی سے باندھی ہوئی (اُونٹنی) اکٹھے
باندھکر پکائے ہوئے پھیپھڑے و
آنتیں۔
یَوْم عَصِیْب : سخت گرم دن۔
سخت دن۔
عَصَبِیَّة : دھڑابندی۔ تعصب
باپ کی طرف سے رشتہ داری۔
—— و تَعَصُّب : ضد۔ دھڑابندی
جوش۔ تعصب۔
مُعَصَّب : پگڑی والا۔ تاج پہننے
والا۔ سردار۔ بھوکا۔ محتاج۔
مَعْصُوْب : پٹی باندھا ہوا۔ فاقہ مست
باریک تلوار۔
رَجُل مَعْصُوب الخَلْق : مضبوط
بناوٹ کا آدمی۔
عَصَبْصَب : بہت گرم دن۔
سخت دن۔
عَصَدَ ـِ عَصْدًا و اَعْصَدَ
لپیٹنا۔ گرہ دینا۔
عَصَدَ ـِ عَصْدًا علی : مجبور
کرنا۔
—— عُصُوْدًا : مرنا۔
عَصَّدَ : میدہ سے سخت کرنا (دھاگا)
عَصِیْد : لپیٹا ہوا۔ گرہ دیا ہوا۔
مجبور۔
عَصِیْدَة : گھی میں ملا کر پکایا ہوا آٹا

عَصَرَ ـِ عَصْرًا و اِعْتَصَرَ :
نچوڑنا
—— و عن : منع کرنا۔
—— : بند کرنا۔ عطیہ دینا۔
اُعْصِرَ : بارش والا ہونا۔
عَصَّرَ : بار بار نچوڑنا۔
عَصَّرَ الزَّرْعُ : کھیتی کا بالیں نکالنا
—— و اَعْصَرَ : بالغ ہونا (لڑکی)
اَعْصَرَ : عصر کے وقت میں داخل
ہونا۔
اَعْصَرَ الرِّیْحُ : ہوا بگولا لائی۔
عَاصَرَ : ہمعصر ہونا۔
تَعَصَّرَ و اِنْعَصَرَ و اِعْتَصَرَ :
نچڑنا۔ مشکل ہونا (کام)
تَعَصَّرَ و اِعْتَصَرَ ب : پناہ لینا
اِعْتَصَرَ من : واپس لینا (مال)
—— علی : بخل کرنا۔
—— الثوبَ : کپڑا نچوڑنا۔
عَصْر ج اَعْصُر و عُصُوْر :
دوپہر کے بعد کا وقت۔ دن۔ رات
دن کا آخر۔ سورج کے سُرخ ہونے تک
صبح۔ قبیلہ۔ بخشش۔
العَصْرَان : صبح و شام۔ رات و دن
جَاءَ عَصْرًا : وُہ دیر کرکے آیا۔
عَصْر و عِصْر و عُصْر ج اَعْصَار
و اَعْصُر و عُصُوْر و عُصُر و
ج اعاصِر و اعاصِیْر : زمانہ
عمر۔ صدی۔ عرصہ۔
کَرِیْم العَصْر و العَصِیْر : وُہ اچھی
نسل والا ہے۔
عُصْر و عَصَر و عُصْرَة و مُعْتَصَر
جائے پناہ۔

عَصِیرٌ و عَصِیرَۃٌ و عُصَارَہ
و عُصَارَۃٌ: رس۔ نچوڑ۔
عَصِیرٌ: نچوڑا ہوا۔
عَاصِرَۃٌ ج عَوَاصِر: انگوروں
کو نچوڑنے کے لئے تین پتھر۔
عِصَار: سخت غبار۔ وقت۔
عُصَارَۃٌ: نچوڑ۔ نچوڑنے کے بعد
کا ثُفل یعنی تلچھٹ۔
رَجُل کَرِیمُ العُصَارَۃِ: سوال
کے وقت فیاضی کرنے والا آدمی
اِعْصَار ج اَعَاصِر و اَعَاصِیر
بگولا۔ ہریکین۔
عُنْصُر و عُنْصَر ج عَنَاصِر:
منبع۔ جڑھ۔ خاندان۔ اصل عنصر
مَعْصَر و مَعْصَرَۃٌ ج مَعَاصِر
نچوڑنے کی جگہ۔
کَرِیمُ العُصَارَۃِ و المَعْصَر
و المُعْتَصَر: فیاض۔
مِعْصَر و مِعْصَرَۃٌ ج مَعَاصِر
کولہو۔
مُعْصِر ج مَعَاصِر و مَعَاصِیر
جوان قابل شادی (لڑکی)
مُعْصِرَات: بارش والے بادل
عُصْعُص و عُصْعُص (ج
عَصَاعِص) عُصْعُوص ج عَصَاعِیص
دم کی ہڈی۔ کمینہ۔
عَصَفَ ۔ عَصْفًا و عُصُوفًا
و اَعْصَفَ: تیز چلنا (ہوا) تیز ہونا
عَصَفَ الشَّیْءُ: چیز کا مائل ہونا۔
— و اِعْتَصَفَ: کوشش سے
کمانا۔ (کنبہ کے لئے)
عَصَفَ ـُ عَصْفًا: کاٹنا (سبز کھیتی)

اَعْصَفَ: کاٹنے کے وقت پر پہونچنا
(کھیتی) ہلاک ہونا یا گمراہ ہونا (آدمی)
اَعْصَفَتِ الرِّیحُ: ہوا تیز چلی۔
عَصْف: کھیتی کے خشک پتے۔
شکستہ نباتات کا ڈھیر۔ بھس۔
عَصْفُ التِّبْنِ: بھوسہ کے تنکے۔
عَصْفَۃٌ: شراب کی بو۔ ایک بار
کا چلنا (ہوا کا) کھیتی کے تنے کا پتہ
عَاصِف و عَاصِفَۃٌ و مُعْصِف
و مُعْصِفَۃٌ: سخت تیز (ہوا)
سَهْمٌ عَاصِفٌ: نشانہ سے
چوک جانیوالا تیر۔
یَوْمٌ عَاصِفٌ: تیز آندھی والا
دن۔
عَاصِفَۃٌ ج عَوَاصِف: بگولا۔
طوفان۔ ہریکین۔
عَصُوف ج عُصُف و عَصِیف
تیز چلنے والی ہوا۔
عَصُوف: تیز رفتار (اونٹنی۔ ہرنی)
عَصِیفَۃٌ: پتے جو پھل سے جدا
ہو جائیں۔ غلہ کے کھوکھ۔
عَصِیفٌ: تیز ہوا۔
عُصَافَۃٌ: تنکے جو خوشہ سے گریں۔
(زگرسی پ) کوڑا کرکٹ جس کو ہوا
اڑائے۔
عَصْفَرَ: زرد رنگنا۔
تَعَصْفَرَ: زرد رنگ سے رنگین ہونا۔
عُصْفُر: زرد رنگ۔
عُصْفُور ج عَصَافِیر: چڑیا
چھوٹا پرندہ۔ گھوڑے کی پیشانی کا شروع
جہاں پر دو طرف کی ہڈیاں ملتی ہیں۔
گھوڑے کی پیشانی میں ہڈی جو اُٹھی ہوئی

ہوتی ہے۔
نَقَّتْ عَصَافِیرُ بَطْنِہِ: وہ بھوکا
عَصَافِیرُ المُنْذِرِ: اعلیٰ نسل
کے اونٹ۔
عَصَافِیرُ القَتَبِ: اونٹ کے
پالان کی میخیں۔ جن سے پالان کو باندھتے
ہیں۔
عُصَیْفِرَۃٌ و عُصَیْفِیرَۃٌ:
گل خیری کا زرد پھول۔
عُصْفُورَۃٌ: چڑیا۔
عَصِلَ ـَ عَصَلًا: ٹیڑھی ہونا
(لکڑی) پیشاب کرنا۔
عَصَلَ ـُ عَصْلًا: ٹیڑھا کرنا۔ موڑنا
عَصَّلَ: دیر کرنا۔
عَصَل: کمی۔ ریت کے ٹیڑھے قطعے۔
عِصْل و عَصَل ج اَعْصَال:
آنتیں۔
عَصِل (م) عَصِلَۃٌ ج عِصَال
و اَعْصَل (م) عَصْلَاء ج عُصْل
ٹیڑھا۔
اَمْرٌ اَعْصَلُ: پیچیدہ کام۔
مِعْصَل: مقروض پر سختی کرنیوالا۔
مِعْصَال (ج مَعَاصِیل) و مِعْصِیل
بڑے سر والا (ڈنڈا) ہاکی۔
عَصْلَبَ: مضبوط و سخت ہونا
سخت غصے یا پٹھوں والا ہونا۔
عَصْلَب و عُصْلُب و عُصْلُبِیٌّ
و عَصْلُوبٌ: مضبوط بڑے قد کا
آدمی
عَصَمَ ـِ عَصْمًا: بچانا محفوظ
کرنا۔ کمانا۔
— الی: پناہ لینا۔

—— و اَعْصَم: ڈوری سے باندھنا (مشک کا منہ)
عَصِم ـَ عَصَمًا: سفید پاؤں والا ہونا (گھوڑا۔ ہرن)
اَعْصَم: زین پر مضبوط کرنا۔
—— و اعْتَصَم ب: مضبوط پکڑنا
—— و اِنْعَصَم و اعْتَصَم من: بچنا۔
اَعْصَم و اعْتَصَم و اسْتَعْصَم من الشَّرّ: بُرائی سے بچنا۔
اِعْتَصَم و اِسْتَعْصَم ب: کسی کے پاس جانا۔
اِعْتَصَم ب: ہاتھ سے پکڑنا۔ پناہ لینا۔ بچاؤ چاہنا۔
عُصْم و عُصُم و عَصِيم: ہر چیز کا بقیہ۔
عَصَم: گھوڑے کے پاؤں کا سفید داغ۔
عِصَام ج اَعْصِمَة و عُصُم و عِصَام: سُرمہ۔ مشک کی ڈوری برتن کا دستہ۔ عہد و پیمان۔ دُم کا باریک سرا۔
عِصَامِيّ: نیک۔ شریف النفس
عِصْمَة: حفاظت۔ بچاؤ۔ روک نیکی۔ پاکیزگی۔
—— ج عِصَم و اَعْصُم و عِصَمَة و ج اَعْصَام: کتے وغیرہ کا پٹہ گلوبند۔
عَصَمَة: پکا۔
عُصْمَة: گلوبند۔ پٹہ۔ سفید پاؤں والا۔
عَصُوم و عَيْصُوم: بہت کھانے والا۔ پیٹو۔
اَبُو عَاصِم: بھونے ہوئے جو کا کھانا۔
عَاصِمَة ج عَوَاصِم: پاکدامن (عورت) محفوظ۔ مدینہ منورہ کا لقب دار الخلافہ۔
العَوَاصِم: انطاکیہ کا صوبہ۔
اَعْصَم (م) عَصْمَاء ج عُصْم سفید پاؤں والا (گھوڑا۔ بکری)
مِعْصَم ج مَعَاصِم: کلائی۔
مُعْتَصَم: حفاظت کی جگہ
مُعْتَصِمُ: چنگل مارنیوالا پنجہ مارنیوالا
مَعْصُوم: حفاظت کیا ہوا۔ غلطی سے محفوظ۔
عَصَا ـُ عَصْوًا: لاٹھی سے مارنا۔ باندھنا (زخم کو) نیکی یا بُرائی پر جمع کرنا (قوم)
عَصِيَ ـَ عَصًا: چھڑی پکڑنا۔
—— و اعْتَصَى بالسَّيْف: تلوار کو ڈنڈے کی طرح استعمال کرنا۔
اِعْتَصَى الشيءَ: چیز کا ڈنڈا بنانا۔
—— علی: سہارا لگانا۔
عَصَّى: چھڑی دینا۔
عَاصَى: ڈنڈا سے مارنا۔
اَعْصَى: بے پھل شاخیں نکالنا (انگور)
عَصَا ج عِصِيّ و اَعْصٍ: ڈنڈا لاٹھی۔ چھڑی۔ سہارا۔ دستہ ٹانگ کی ہڈی۔ زبان۔ سونٹا۔
——: اجتماع و اتفاق۔ جماعت۔
لَيِّنُ العَصَا: نرم طبیعت۔
شَقَّ العَصَا: اس نے جماعت کی مخالفت کی
اَلْقَى العَصَا: وُہ جگہ پر پہونچ گیا۔ اس نے سفر ختم کر دیا۔
اِنْشَقَّت العَصَا: نا اتفاقی کا واقع ہونا۔
قَشَرَ لَهُ العَصَا: اس نے اپنا دل اس کے سامنے کھول دیا۔
قَرَعَ لَهُ العَصَا: اس نے اس کو متنبہ کیا۔
اَلْقَى عَصَا التَّرْحَال: کوچ کے ڈنڈے کو اس نے پھینک دیا۔ یعنی وُہ مقیم ہو گیا۔
عُصَيَّة: چھوٹا ڈنڈا۔
عَصَى ـِ عَصْيًا و مَعْصِيَةً: نافرمانی کرنا۔ اطاعت سے نکلنا۔ مخالفت کرنا۔ اُڑنا (پرندہ) خون بہانا (رگ)
—— و علی و عَاصَى و اسْتَعْصَى علی: نافرمانی کرنا۔
تَعَصَّى و اعْتَصَى: مشکل ہونا۔ سخت ہونا (گٹھلی)
تَعَصَّى علی: نافرمانی کرنا۔
عِصْيَان و مَعْصِيَة: نافرمانی
عَاصٍ ج عُصَاة: نافرمان۔ باغی۔
—— ج عَوَاصٍ: لگاتار خون بہانیوالی (رگ)
عَصِيّ ج عَصِيُّون و اَعْصِيَاء و عَصَّاء ج عَصَّاؤُون: نافرمان عاصی۔
مَعْصِيَة ج مَعَاصٍ: لغزش
عَضَّ ـَ عَضًّا و عَضِيضًا وب و علی: دانتوں سے پکڑنا۔ دانتوں

سے کاٹنا۔
عَضَّہٗ بِلِسَانِہٖ: اس نے اس کی بُرائی بیان کی۔
عَضَّہُ الزَّمَانُ: زمانہ اس پر سخت رہا۔
عَضَّ ـُ عَضِیْضًا ب: چمٹنا
عَضَّ ب و عَضَّ علی: کاٹنا۔
عَضْعَضَ: زور سے کاٹنا۔ بہت کاٹنا۔
عَاضَّ مُعَاضَّۃً و عِضَاضًا ایک دوسرے کو کاٹنا (مویشی)
اَعَضَّ: دانتوں سے کاٹنا۔
اَعَضَّتِ البِئْرُ: کنواں بہت پانی والا ہوا۔
اَعْضَضْتُہٗ سَیْفِی: میں نے اُس کو اپنی تلوار سے زخمی کیا۔
تَعَاضَّ: ایک دوسرے کو کاٹنا
عِضٌّ ج عُضُوض و اَعْضَاض بد خلق۔ بخیل۔ سخت و مضبوط۔ پکے ارادہ والا۔ حیلہ باز۔ معیبت۔ ثانی ہیجر۔
— سَفَرٍ: اچھا چلنے والا۔
عِضٌّ ج اَعْضَاضٌ: چھوٹی کانٹے دار جھاڑی۔
عُضٌّ: جو۔ گیہوں۔ خشک گھاس مویشی کا چارہ۔ چھوٹی خاردار جھاڑی۔
عَضَاضٌ: جو چیز دانتوں سے کاٹ کر کھائی جائے۔ موٹا درخت۔
عِضَاضُ عَیْشٍ: مصیبت میں بڑا صابر۔
عَضُوضٌ و عَضَّاضٌ: بہت کاٹنے والا۔ ظالم۔
— : بہت گہرا کنواں۔ سخت وقت
عُضَاضٌ و عُضَّاضٌ: ناک کی اُونچی ہڈی۔
عَضِیْضٌ: سخت کاٹ۔ ثانی۔
عَضَبَ ـِ عَضْبًا: کاٹنا۔ حرکت سے روکنا۔ (بیماری)
— ہٗ بِلِسَانِہٖ: اس نے اس کو گالی دی۔
— ب: چھیدنا (نیزہ سے)
— عن: روکنا۔ واپس ہونا۔
عَضِبَ ـَ عَضَبًا و اَعْضَبَ: پھٹے ہوئے کان والا ہونا۔ شکستہ سینگ ہونا۔
عَاضَبَ: روک دینا۔ کاٹ دینا
عَضْبٌ: تیز تلوار۔ تیز زبان آدمی
عَضَّابٌ: بہت گالی دینے والا۔ یا کاٹنے والا۔
اَعْضَبُ (م) عَضْبَاءُ ج عُضْبٌ پھٹے ہوئے کان یا شکستہ سینگ بے مددگار۔ جس کا کوئی بھائی نہ ہو۔ کمزور۔
مَعْضُوبٌ: کمزور۔ لُنجا۔
عَضْبَرَۃٌ: شیر کی مانند ہونا (کتا)
عِضْبَاۃٌ: چکی کا پاٹ۔ دھوبی کے کپڑے دھونے کا پتھر۔
عَضَدَ ـُ عَضْدًا: مدد دینا بازو پر مارنا
عَضِدَ ـَ عَضَدًا: بازو کے درد والا ہونا۔
عَضَدَ ـِ عَضْدًا و اسْتَعْضَدَ درانتی سے کاٹنا (درخت)، اُونٹوں کے لئے پتے جھاڑنا۔
عَاضَدَ و اَعْضَدَ: دائیں بائیں نکل جانا (تیر)
عَاضَدَ: مدد کرنا۔
تَعَاضَدَ: ایک دوسرے کو امداد دینا۔
اِعْتَضَدَ: بغل میں لینا۔ مضبوط ہونا۔
— ب: مدد مانگنا۔ مضبوط ہونا۔
اسْتَعْضَدَ: چننا (پھل) درانتی سے کاٹنا (درخت)
عَضُدٌ ج اَعْضَادٌ: پہلو۔ سہارا کنارہ۔ مددگار
عَضُدٌ و عُضُدٌ و عَضِدٌ ج اَعْضَادٌ و اَعْضُدٌ: بازو۔ طاقت۔
عَضَدٌ: اُونٹ کے بازو کی بیماری درانتی سے شاخ تراشی کیا ہوا درخت
عَاضِدَانِ: ندی کے کناروں پر کی کھجوروں کی دو قطاریں۔
عَضَادٌ (مذکر و مؤنث) پست قد موٹے بازو والا۔
عِضَادٌ: بازوبند۔ درانتی کی طرح کا اوزار۔ اُونٹ کے بازو کا نشان
عِضَادَۃُ الطَّرِیْقِ: سڑک کا پہلو۔
هُوَ عِضَادَتُہٗ: وہ اس کا لازمی ساتھی ہے۔
عِضَادَتَا البَابِ: دروازے کی چوکھٹ کے دونوں بازو۔
عَضَادِیٌّ و عُضَادِیٌّ: موٹے بازو والا۔
عَضِیْدٌ ج عِضْدَانٌ: کھجور کے

درختوں کی قطار - چھوٹی کھجور - کٹا ہوا درخت -

اَعْضَد : پتلے بازو والا یا چھوٹے بازو والا -

مِعْضَد ج مَعَاضِد : درختوں کے کاٹنے کی درانتی -

مِعْضَد و مِعْضَاد : بازو بند -

مِعْضَاد : قصاب کی بڑی چھری درانتی -

مَعْضُود : شاخ تراشی کیا ہوا درخت -

مِعْضَدَة : ردیوں کی تھیلی -

عَضْرَس ج عَضَارِس : سردی اولے - برف - جنگلی گدھا - میٹھا اور سرد پانی -

عُضْرُوط ج عَضَارِط و عَضَارِطَة : روٹی پر نوکری کرنے والا -

— و عِضْرِط : کمینہ -

قوم عَضَارِیط : درماندے نفیر لوگ -

— ج عَضَارِیط : نرخرہ مری

عَضَل ـُـ عَضْلاً و عَضّل علی : روکنا - بدسلوکی کرنا - تھکانا

— ب : سخت ہونا (کام)

— : سخت گوشت پر مارنا

— بِہ عَضْلاً و عِضَالاً نا : عَضَّل : دوبارہ نکاح کرنے سے روکنا (بیوہ کو)

عَضِل ـَـ عَضَلاً : سخت گوشت والا ہونا - بہت گوشت والا ہونا -

عَضَّلَ عَلَیْہِ : تنگ کرنا -

— المَرْأَة من الزواج : اس عورت کو شادی کرنے سے روکا -

عَضَّلَ بِاَھْلِہٖ : لوگوں سے تنگ ہونا (مکان)

اَعْضَل و ب : مشکل ہونا (کام)

— و تَعَضَّل : حیران کرنا یا تھکا دینا (بیماری کا حکیم کو)

— المَرْأَة : عورت کا مشکل سے بچہ جننا -

عِضْل : بہت برا - بڑا ہوشیار آدمی

عَضَل ج عِضْلَان : بڑا چوہا -

عَضِل و عَضُل : سخت گوشت والا بہت گوشت والا -

عَضَلَة (ج عَضَل و عَضَلَات) و عَضِیلَة ج عَضَائِل : سخت گوشت

عُضْلَة ج عُضَل و عُضَل : مصیبت -

عُضَال (مذکر و مؤنث) و مُعْضِل : ضروری (کام) سخت (بیماری)

مُعْضِلَة ج مُعْضِلَات : مصیبت پیچیدہ مسئلہ -

— و مُعَضِّلَة : پیچیدہ مشکل معاملہ -

مُعْضِل و مُعْضِلَة ج مَعَاضِیل مشکل سے بچہ جننے والی مادہ -

عَضْم ج عِضَام : کمان کا دستہ دُم کی جڑ -

— ج اَعْضِمَة و عُضُم : گیہوں صاف کرنے کی ترسول (تریگل پ)

عَضَہ ـَـ عَضْھًا و عَضَھًا و عَضِیھَةً و عِضْھَةً : جھوٹ بولنا - چغلی کرنا - جادو کرنا - گالی دینا -

— عَضْھًا البَعِیرُ : کیکر کے درخت کو چرنا - اُونٹ

عَضُہَ ـَـ عَضْھًا و اَعْضَہ : بہتان لگانا - جھوٹ بولنا -

عِضَہ ج عِضُون : جھوٹ - بہتان جادو -

— و عِضَاھَة ج عِضَاہ : ہر خاردار جھاڑی - کیکر کی ایک قسم -

یَنْتَجِبُ غَیْرَ عَضَاھِہٖ : وہ غیر کے شتر چراتا ہے -

عِضَاھِیٌّ و عِضَھِیٌّ و عَضَوِیٌّ کیکر چرنے والا (اونٹ)

عَضِیھَة ج عَضَائِہ : بہتان جھوٹ - اور بری کلام -

عَضِہُ (م) عَضِھَة : بہت کیکروں والی (جگہ)

— و عَاضِہ : (مذکر و مؤنث) کانٹے دار درخت چرنے والا -

عَاضِہ : جادوگر - مہلک (سانپ)

عَاضِھَة ج عَوَاضِہ : مہلک (سانپ) جھوٹ -

عَضَا ـُـ عَضْوًا و عَضّی : جدا جدا کرنا - چمڑہ اتارنا (بھیڑ کا)

عُضْو و عِضْو ج اَعْضَاء : جوڑ بدن کا حصہ - عضو - جماعت کا فرد

عِضَة ج عِضُون : فرقہ - حصہ - جزء - جھوٹ -

رجل عَاضٍ : اچھی حالت والا آدمی - خوشحال -

عَطّ ـُـ عَطًّا و عَطَّط : پھاڑنا (کپڑا)

— : غلبہ پانا - زمین پر پچھاڑنا -

تَعَطَّط و اِنْعَطّ : چرنا (لکڑی)

اِنْعَطّ : مڑنا (لکڑی)

عُطُط : لمبائی میں چیرے ہوئے کپڑے کے ٹکڑے۔

عَطَاطٌ : بڑا بہادر۔ شیر۔

اَعَطّ : لمبا۔

عَطِبَ َ عَطَبًا و اِعْتَطَب ہلاک ہونا۔ تھکنا (جانور)

ـــ علی : آپے سے باہر ہونا۔ سخت غصے ہونا۔

عَطَبَ ُ عَطْبًا و عُطُوبًا : ملائم ہونا (روئی)

عَطَّبَ : خوشبودار بنانے کے لئے پکانا (شراب)

عَطَّبَ الکَرْمُ : انگور کے خوشے نکلنے کی گرہیں ظاہر ہوئیں۔

اَعْطَبَ : ہلاک کرنا۔ تباہ کرنا۔

اِعْتَطَبَ : چیتھڑے میں اٹھا کر لے جانا (آگ)

عَطْب : روئی کی ملائمت۔

عُطْب و عُطُب : روئی۔ اُون۔

عُطْبَة : روئی کا ٹکڑا۔ آگ لانے کا چیتھڑا۔

مُعْطِب : فقیر۔ ہلاک ہونے والا

مَعْطَب ج مَعَاطِب : ہلاکت کی جگہ۔

عُطْبُلٌ و عُطْبُول و عُطْبُولَةٌ و عَيْطَبُول ج عَطَابِل و عَطَابِيل نوجوان خوبصورت لمبی گردن والی عورت۔

ـــ و عُطْبُول : لمبی گردن والی ہرنی۔

عَطْد : سختی۔

عَطْوَّد : سخت لمبا (سفر) اونچا (پہاڑ) لمبا (دن) فیاض (آدمی)

عَطِرَ َ عَطَرًا : مہکنا۔ خوشبودار ہونا۔

عَطَّرَ : خوشبودار بنانا۔

تَعَطَّرَ و اِسْتَعْطَرَ : خوشبودار ہونا

تَعَطَّرَتِ الْبِنْتُ : لڑکی کا والدین کے پاس بغیر شادی کے رہنا۔

عِطْر ج عُطُور : خوشبو۔ ایک قسم کی نباتات۔

عِطَارَة : خوشبو فروخت کرنے والے کا پیشہ۔ دوائی ساز

عَطِرٌ (م) عَطِرَةٌ : خوشبودار۔

عَطَّار (م) عَطَّارَة : بہت خوشبو والا۔ خوشبو بیچنے والا

مِعْطِيرٌ و مِعْطَار (مذکر و مؤنث) بہت خوشبو والا۔

عَاطِر ج عُطُر : خوشبو پسند کرنے والا۔

عَطَرَّد : اونچا (پہاڑ) لمبا (آدمی یا دن) فیاض

عُطَارِد : بدھ ستارہ۔ دبیر فلک

عَطَسَ ِ عَطْسًا و عُطَاسًا چھینک مارنا۔ پھوٹنا (صبح)

عَطَسَ فُلَانٌ و عَطَسَتْ بِهِ النَّجْمُ : بدقسمتی اس پر پڑی۔ یعنی مر گیا

عَطَّسَ : چھینک مروانا۔

عَطْسَةٌ : چھینک۔

هُوَ عَطْسَةُ فُلَانٍ : وہ اس کی مانند ہے۔

عَاطِس : چھینک مارنے والا۔ صبح۔ سامنے سے آنے والا ہرن۔

عَاطُوس و عَطُوس : نسوار بنانے کی چیز۔ نسوار کا تمباکو۔ نسوار۔ ایک منحوس چارپایہ۔

النَّجْمُ العَطُوس : موت۔

مَعْطَس ج مَعَاطِس : ناک۔

عَطِشَ َ عَطَشًا : پیاسا ہونا

ـــ الی : بہت خواہش کرنا۔

عَطَّشَ و اَعْطَشَ : بہت پیاس لگانا بہت پیاسا کرنا۔

اَعْطَشَ : پیاسے مویشی والا ہونا۔

تَعَطَّشَ : پیاس برداشت کرنا۔

عَطَش : پیاس۔

عَطْشَة : پیاس کا جوش۔

عَطِش و عَطْشٌ (م) عَطِشَة و عَطْشَة : پیاسا۔

عُطَاش : ایک بیماری کا نام جس سے بہت پانی پیا جاتا ہے۔ اور سیرابی نہیں ہوتی۔

عَطْشَان ج عَطَاشَى و عِطَاش و عُطْشَى : پیاسا۔ بہت مشتاق۔

مَعْطَش ج مَعَاطِش : پیاس کا وقت۔

مَعْطَشَة ج مَعَاطِش : زمین جس میں پانی نہ ہو۔

مِعْطَاش (مذکر و مؤنث) : بہت پیاس والا۔

عَطْعَطَ عَطْعَطَةً : شور پکار کرنا۔ (لوگوں کا لڑائی وغیرہ میں)

عَطَفَ ِ عَطْفًا و عُطُوفًا الی : مائل ہونا۔

ـــ و عَطَّفَ : جھکانا (لکڑی) تہ کرنا۔ (گدی)

عَطَفَ کَلِمَةً علی اُخرَی : ایک

لفظ کو دوسرے لفظ سے حرف عطف
سے جوڑنا۔
— عن: پھر جانا۔
— ہٗ عن: ہٹا دینا۔
— ہ تعطّف علی: ہمدردی کرنا۔
عَطِفَ ـــ عَطَفًا: لمبی پلکوں والا
ہونا۔
عَطَّفَ ہٗ علی: ہمدردی پیدا کرنا
— ہ ثَوْبَہٗ: کپڑا لپیٹنا۔
تَعَطَّفَ و اِعْتَطَفَ ب: اپنے
آپ کو کپڑے میں لپیٹنا۔
تَعَاطَفَ: باہم محبت کرنا۔
— فی مِشْیَتِہٖ: تکبر سے چلنا۔
اِنْعَطَفَ: جھکنا۔ لپٹا جانا۔
اِسْتَعْطَفَ: رحم چاہنا۔ راضی کرنے
کی کوشش کرنا۔
عَطْف: ہمدردی۔ میلان۔ سڑک
کا موڑ۔ کجی۔ عطف۔
عِطْف ج اَعْطَاف و عِطَاف
و عُطُوف: بغل۔ پہلو۔ کنارہ۔
یَنْظُرُ فی عِطْفَیْہِ: وہ خود پسند ہے
ہُوَ ثَانِیْ عِطْفِہٖ: وہ تکبر سے چلا۔
عَطْفَۃ: موڑ۔ چھوٹی گلی۔ انگور
کی بیل کا سہارا۔
عِطْفَۃ: انگور کی بیل کے لٹکے ہوئے
حصے۔
عَطَف: درخت پر لپٹنے والی بیل
عشق پیچان۔ آنکھ کی پلکوں کی لمبائی۔
عِطَاف ج عُطُف و اَعْطِفَۃ
چادر۔ تہ بند۔ تلوار۔
عَاطِف ج عُطُف: محبت کرنے
والا۔ چادر۔ حرف عطف۔ گھوڑ دوڑ

میں چھٹے نمبر کا گھوڑا۔
عَاطِفَۃ ج عَوَاطِف و عَاطِفَات
و جسم۔ ہمدردی۔ رشتہ۔
طرفداری۔ شفقت۔ مؤنث عاطف
عَاطُوف ج عَوَاطِیف: شکار
کے لئے پھندا۔
عَطُوف: پھندا۔ بڑا شفیق۔ مہربان
عَطِیف: ملائم اور فرمانبردار عورت
عَطِیْفَۃ (ج عَطَائِف) و عِطَافَۃ
کمان۔
مَعْطُوفَۃ: ٹیڑھی کمان۔
مَعْطِف ج مَعَاطِف: گردن۔
جسم کا موڑ۔ کپڑے کی تہہ۔
مِعْطَف ج مَعَاطِف: چادر۔
تلوار۔
عَطَلَ ـــُ و عَطِلَ ـــَ عَطَلًا
و عُطُولًا و اسْتَعْطَلَ: خالی ہونا
مال۔ زیور وغیرہ سے (عورت)
عَطَلَ ـــُ عَطَالَۃً: بیکار ہونا۔
(مزدور)
عَطَّلَ: بے زیور کرنا (عورت کو) مال
چھیننا۔ بے کار کر دینا۔ بغیر چروا ہے
کے چھوڑنا یا ہونا (اونٹ) غیر آباد
یا غیر مزروعہ بنانا (ملک)
تَعَطَّلَ: بے زیور ہونا (عورت) بیکار
ہونا (مزدور)
عُطْل و عُطُل ج اَعْطَال: نیکی
یا تعلیم سے خالی۔
عُطُل ج اَعْطَال: بغیر رسی یا لگام
کے (گھوڑا) بے ہتھیار (آدمی) بغیر
زہ کے (کمان)
عَطَل: گردن۔ زیور کی جسم۔ وجود

جسم کے برہنے حصے
عُطْلَۃ: بے کاری۔ سستی۔
عَاطِل (ج عَوَاطِل و عُطَّل)
و عُطُل ج اَعْطَال: بے زیور
(عورت)
عَاطِل: سامان یا زیور یا ادب سے
خالی۔
عَطِیْل و عَیْطَل: تر کھجور کے خوشے
کاٹنا۔
عَیْطَل: بلند۔ عمدہ (اونٹنی)
عَطِیْلَۃ: لنجا۔
عَطْلَان: نکما۔ ناکارہ۔
تَعْطِیل: صفات باری کا انکار۔ چھٹی
مزدوروں کی ہڑتال۔
مُعَطَّل (م) مُعَطَّلَۃ: بے کار۔
بغیر چروا ہے کے ریوڑ۔ غیر مستعمل کنواں
غیر مزروعہ (زمین) بے کار پڑا ہوا (روپیہ)
مِعْطَال: بے کاری کا عادی۔ زیور
نہ پہننے کی عادی۔
عَطْمُوس: ریگستان جو حجاز کی
طرف جاتا ہے۔
اِعْتَطَمَ: ہلاک ہونا۔
عُطْم: دھنی ہوئی اون
عَاطِم و عَطِیْم ج عُطْم: ہلاک
ہونے والا۔
عَطَنَ ـــِ عَطْنًا و عَطِنَ:
گوبر یا نمک میں ڈالنا (چمڑہ)
— عُطُونًا: دوبارہ پانی پینے کے
لئے آرام لینا۔ (اونٹ)
عَطِنَ ـــَ عَطَنًا و انْعَطَنَ: سیراب
ہو کر بیٹھنا (اونٹ) نمک وغیرہ میں سڑنا
(چمڑہ)

عَطَن و اَعْطَن : دوبارہ پانی پلانے
کے لئے آرام دینا (اُونٹ کو)
عَطَن ج اَعْطَان : آبادی (ملک)
— و مَعْطِن و مُعْطَن ج مَعَاطِن
پانی کے نزدیک مویشیوں کے آرام کی
جگہ
رَحْبُ العَطَنِ : مالدار و فیاض۔
عَطَن و عَطْنَة : بدبو۔
عَطِن (م) عَطِنَة و مُعَطَّن (م)
مُعَطَّنَة : گلا ہوا بدبودار (چمڑہ)
عَطِين و عَطِينَة : بدبودار
(آدمی)
— و مَعْطُون : مصالح میں ڈالا
ہوا چمڑہ۔
عَاطِن ج عُطَّان و عُطُون و
عَطَنَة : پانی کے نزدیک دوبارہ
پینے کے لئے آرام لینے والا (اُونٹ)
عِطَان : چمڑے کا مصالح جس
میں سے ڈال کر چمڑے کے بال وغیرہ
کو الگ کیا جاتا ہے۔
عَطَا ـُ عَطْوًا و الی : لینا۔
پالینا - دینا۔
— رَأْسَهُ و يَدَيْهِ الی :
سر یا ہاتھ کو اُٹھانا۔
عَطَّى : جلدی کرانا - خدمت کرنا۔
مدد کرنا۔
عَاطَى مُعَاطَاةً و عِطَاءً و
اَعْطَى : پکڑا دینا۔ تحفہ پیش کرنا۔
عَاطَى : خدمت کرنا - مدد کرنا۔
اَعْطَى : مطیع ہونا (اُونٹ)
اَعْطَى لَهُ الشَّیْءَ : کسی کو چیز پکڑوانا
تَعَطَّى و اسْتَعْطَى : بخشش مانگنا۔

تَعَطَّى : جلدی کرنا - کرنے لگنا (کام)
تَعَاطَى : ہاتھ سے پکڑنا - لینا -
جھگڑنا (چیز پر) لگ پڑنا (کام پر)
— الرَّجُلُ : آدمی کا پاؤں کی
انگلیوں کے بل کھڑے ہو کر اور ہاتھوں
کو اُٹھا کر لینا۔
— : ظلم بتانے کا عادی ہونا۔
عَطًا و عَطَاء (ج اَعْطِيَة) و
عَطِيَّة ج عَطَايَا و عَطِيَّات :
تحفہ بخشش - تنخواہ - الاؤنس -
مِعْطَاء (مذکر و مؤنث) ج مَعَاطِ
و مَعَاطِي : بہت بخشش کرنیوالا -
عَطَاءَة و عَطَاوَة : بخشش -
عَظَّ ـُ عَظًّا : تکلیف دینا -
(جنگ)
— ہ بِالاَرْضِ : زمین سے چسپاں
کرنا - زمین پر پچھاڑنا -
عَاظَّ مُعَاظَّةً و عِظَاظًا :
بدسلوکی کرنا - سختی سے لڑنا -
عَظَّة : جنگ کی شدت -
عَظَبَ ـِ عَظْبًا و عُظُوبًا
خشک ہونا (چمڑا) کام سے سخت ہونا
(ہاتھ)
— علی : احتیاط کرنا -
— و عَظِبَ ـَ عَظَبًا علی :
صبر سے برداشت کرنا -
عَظَبَ ـِ عَظْبًا الطَّائِرُ :
پرندہ کا اپنی دُم کی جڑ یا دُم ہلانا -
عَظِبَ ـَ عَظَبًا : موٹا ہونا -
عَظَّبَ عن : پیچھے ڈالنا - روک دینا
عُظُوب : قربہ
عِظْيَبُ الخُلُقِ : بدخلق

عُنْظُب و عُنْظُبَان : ایک
قسم کی ٹڈی -
عَظِرَ ـَ عَظَرًا : نفرت کرنا -
ناپسند کرنا - بھرنا (برتن)
اَعْظَرَ : معدہ میں ثقیل ہونا (شراب)
عِظَارَة : شراب کی بدہضمی -
عُظْرُور ج عُظُر : شراب کی زیادتی
سے بیمار - شراب سے پُرشکم -
عِظَار : شراب کی بدہضمی -
عَظْعَظَ : کانپتا ہوا ٹیڑھا جانا
(تیر) لڑائی سے واپس ہونا (بزدل)
— فی : چڑھنا (پہاڑ پر)
عَظَلَ ـُ و عَظِلَ ـَ عَظْلًا
و تَعَاظَلَ و اعْتَظَلَ : ایک دوسرے
سے جفتی کرنا (کتے - مکڑی) ایک
دوسرے پر سوار ہونا (مکڑی)
عَظَّلَ و تَعَظَّلَ علی : مارنے
کے لئے ہجوم کرنا (لوگ)
عَاظَلَ مُعَاظَلَةً و عِظَالًا :
سوار ہونا - ایک چیز کو دوسری کے اوپر
رکھنا
— فی القَافِيَةِ عِظَالًا : قافیہ
تضمین کرنا -
— الکَلَامَ او بِهِ : کلام کو بار
بار دُہرانا -
عَاظِل و عَظْلَی : ایک دوسرے
کے اوپر نیچے چڑھی ہوئی مکڑی -
یَوْمُ العُظَالَی : لڑائی کا دن
تَعَظْلَمَ : بہت سیاہ ہونا -
عِظْلِم : نیل کا پودہ - سیاہ
(رات)
عَظْلَمَة : تاریکی -

عَظُمَ ـُ عِظَمًا و عَظَامَةً
و اَعْظَمَ : بڑا ہونا۔
عَظُمَ علی : مشکل ہونا۔ تکلیف دہ
ہونا۔
عَظَمَ ـُ عَظْمًا و اَعْظَمَ :
ہڈی دینا (کتے کو)
ـــ عَظْمَةً : ہڈی پر مارنا۔
عَظَّمَ : ہڈی ہڈی کر کے کاٹنا (بکری)
عَظَّمَ الشَّاةَ : بکری کی ہڈی ہڈی
کاٹنا
ـــ و اَعْظَمَ : بڑا سمجھنا۔ تعظیم کرنا
تَعَظَّمَ : تکبر کرنا۔ بڑا بننا۔
ـــ و تَعَاظَمَ و استَعْظَمَ :
بڑا بننا۔ متکبر ہونا۔
تَعَاظَمَ الاَمْرُ : کام بڑا ہونا۔
اِسْتَعْظَمَ : بڑا سمجھنا۔ بڑا حصہ لینا
بڑا شمار کرنا۔ انکار کرنا۔
عَظْم ج اَعْظُم و عِظَام : ہڈی
عَظْم و عُظْم الشَّیْءِ ج اَعْظَام
چیز کا بڑا حصہ۔
عِظَم و عِظَم و عُظْم : بڑائی۔
عَظْمُ الطَّرِیْقِ : راستہ کا درمیان
عَظْمَة و عَظَمُوت و عُظَّامَة
بڑائی۔ غرور۔ شان۔
عَظَمَة : کلائی یا ذبان کا موٹا حصہ
عَظَمَاتُ القَوْم : قوم کے سردار
ـــ و عَظَمُوْتٌ و عُظَّامَةٌ :
کبر۔ نخوت۔ فخر۔
عِظَامَة و عُظَامَة و عُظْمَة
و اِعْظَامَةٌ : گدی جس کو عورتیں
اپنے سرین موٹے کرنے میں استعمال
کرتی ہیں۔

عَظِیم ج عُظَمَاء و عِظَام :
بڑا۔ بلند۔ بڑا (معاملہ)
عُظَام و عُظَّام : بڑا۔
عَظِیْمَة ج عَظَائِم : مزدوری واقعہ
خطرناک مصیبت۔
عَظْمِیٌّ : بھورے رنگ کا کبوتر۔
عِظَامِیٌّ : بوسیدہ ہڈیوں پر فخر
کرنے والا۔ یعنی صرف بزرگوں کی بڑائی
پر گھمنڈ کرنے والا۔
مُعْظَم : بڑا حصہ۔
مُعَظَّمَة : بڑی سخت مصیبت۔
مُعَظَّم : عزت کیا ہوا۔
عَظَا ـُ عَظْوًا : زہر پلانا۔
غیبت کرنا۔ نیکی سے روکنا۔ برا سلوک
کرنا۔
عَظِیَ ـَ عَظْیًا : تکلیف دینا
عَظَایَةٌ و عِظَاءَة ج عَظَاء
و عِظَاء و عَظَایَا و عَظَایَات :
چھپکلی کی قسم کا جانور۔
عَفَّ ـِ عَفًّا و عِفَّةً و عَفَافًا
و عَفَافَةً و تَعَفَّفَ : ناجائز بات
سے رکنا۔ پاکیزہ چال چلن والا ہونا۔
ـــ و اسْتَعَفَّ عن : رک جانا۔
چھوڑ دینا۔
اَعَفَّ : پاکدامن بنانا۔
تَعَافَّ : علاج کرانا (بیمار) دوسری
بار دوہنا (اونٹنی کو)
اِعْتَفَّ و اِسْتَعَفَّ : خشک
گھاس چرنا (اونٹ)
عِفَّة و عَفَاف : پاکدامنی۔
پرہیزگاری۔ جسم کی پاکیزگی۔
عَفّ و عَفِیْف ج عَفُّوْن و اَعِفَّاء
و اَعِفَّة : پاکدامن۔ پرہیزگار۔ برے
کاموں سے بچنے والا۔
عَفِیْفُ النَّفْس : پاک نفس۔
عُفَّة و عُفَافَة : تھن کا بقیہ دودھ
عِفَاف : دوائی۔
جَاءَ علی عِفَّانِهٖ : وہ اس
کے ٹھیک وقت پر آیا۔
عَفَتَ ـِ عَفْتًا : مروڑنا۔ توڑنا
ـــ کَلَامَهٗ و فِیْهِ : لکنت کی وجہ
سے بولنے میں منہ ٹیڑھا کرنا۔
عَفِیْتَة : ایک قسم کی خوراک
عَفَّاتٌ : لکنت سے بولنے والا۔
عَفْتٌ : لکنت
عَفَجَ ـِ عَفْجًا : مارنا
(لاٹھی سے)
عِفْج و عَفَج و عَفِج ج اَعْفَاج
و عَفَجَةٌ : آنتیں۔
مِعْفَجَة و مِعْفَاجٌ : لاٹھی۔
کپڑے دھونے کی موگری۔
عَفَدَ ـِ عَفْدًا و عَفَدَانًا
دونوں پاؤں ملا کر کودنا۔
اِعْتَفَدَ : بھوک کی وجہ سے مرنے
کے لئے دروازہ بند کرنا
عَفَرَ ـِ عَفْرًا و عَفَّرَ فی :
لتھیڑنا (خاک میں) ملنا (برتن کو مٹی
سے) زمین پر دے مارنا۔ پہلی دفعہ
پانی دینا (کھیت کو) بار آور کرنا یا
پیوند لگانا (کھجور کو)
عَفِرَ ـَ عَفَرًا و اِسْتَعْفَرَ :
خاکستری رنگ ہونا۔ مٹی والا ہونا۔
عَفَّرَ : دھوپ یا گرم ریت میں خشک
کرنا۔ (گوشت) خاک میں گرانا۔ سفید

بنانا۔ بچہ کا دودھ چھڑانے کے لئے پستان کو مٹی لگانا (عورت) خوشہ چینی کرنا (کھیت میں)

عُفْر: مفلس ہونا۔ حقیر ہونا۔

تَعَفَّر و اِنْعَفَر و اِعْتَفَر: مٹی سے آلودہ ہونا۔ چھنے جانا (خوشے)

اِعْتَفَرَ: مٹی میں گھسیٹنا (کپڑا) شکار کو پھاڑنا (شیر) خاک آلودہ ہونا طاقتور ہونا (آدمی) زمین پر دے مارنا

تَعَافَرَ: سفید ہونا (ثرید)

عَفْر و عَفَر ج اَعْفَار: مٹی۔ خاک۔

کَلَام لَا عَفَرَ فِیْہِ: واضح کلام

عِفْر و عُفْر ج اَعْفَار و عِفَار: نر سؤر۔ سؤر۔ بہادر سخت موٹا۔

عُفْر: بُعد۔ بے رونق بازار۔

اَسَدٌ عِفْرٌ: بڑا شیر۔

رَجُل عِفْر و عِفِرٌّ و عِفْرِیّ و عُفَارِیَة: شریر۔ خبیث آدمی۔

عُفْرَة: خاکستری رنگ۔ پکپکی۔ گرمی کی شدت۔

— و عُفُرَّة: شیر کے ایال۔ مرغ کی گردن کے پر۔ انسان کی گدی یا سر کے درمیان کے بال۔ گھوڑے کی پیشانی کے بال۔

عُفُرَّة: مخلوط لوگ۔ عوام الناس سردی یا گرمی کی تیزی۔

عَفَار: ستو جو مصالح سے نہ ملائے گئے ہوں۔ بے سالن روٹی۔ درخت جو آگ نکالنے کے کام آتا ہے۔

عَفَارَة: مفرد عَفَار: خباثت شرارت۔ ہوشیاری۔

عِفْرِیَة: سخت مصیبت۔ شریر خبیث۔

— و عِفْرَاة: بمعنے عُفْرَة۔

جَاءَ نَافِشًا عِفْرِیَتَہٗ: وہ غصہ کی حالت میں آیا۔

عَفِیْر: دھوپ میں ریت پر خشک کیا ہوا گوشت۔ بے سالن روٹی۔

— و مَعْفُوْر: خاک آلودہ۔

عَفِیْرَة: گبریلا کی گولی۔

عِفِرِّیْن و عِفْر: شیر۔ گبریلا۔ مضبوط دل۔ کامل جوان آدمی۔

عَفْرَاء: سفید۔ سفید زمین۔ چاند کی تیرھویں رات۔

اَعْفَر (م) عَفْرَاء ج عُفْر: سرخی مائل سفید۔

یَعْفُوْر ج یَعَافِیْر: سرخی مائل ریت۔ ہرنی۔ رات کا حصہ۔ چالاک (گدھا)

مُعَافِر: سانڈیوں کے پیچھے چلنے والا تاکہ ان کے بچے ہونے سے مستفید ہو

مُعَفِّر: خوشہ چین۔

مُعَفَّر: خاک آلودہ۔ چُنا ہوا۔

عِفْرِیْت ج عَفَارِیْت: مکار۔ دلیر۔ دیو۔ ہوشیار۔ شریر۔

تَعَفْرَت: مکار ہونا۔ شریر ہونا۔

عَفْرَسَ: گرانا۔ غالب ہونا۔

عِفَرِس و عِفْرِیس و عِفْرَاس و عُفْرُوس و عَفَرْنَس: شیر

عَفَارِیْس: شتر مرغ

عَفَسَ ـِ عَفْسًا: پچھاڑ کر روندنا۔ روکنا۔ ہٹانا۔ بے چارہ رکھنا (جانور)

عَافَس: کشتی کرنا جھٹکے سے زمین کی طرف کھینچنا

تَعَافَس و اِعْتَفَس: آپس میں کشتی لڑنا۔

اِنْعَفَس فی: خاک آلودہ ہونا۔

— فی الْمَاء: پانی میں غوطہ لگانا

عِفَاس: فساد۔

عَفَشَ ـِ عَفْشًا: جمع کرنا۔

عُفَاشَة مِنَ النَّاس: ناکارے اور بے وقعت لوگ۔

اَعْفَش: کمزور نظر والا۔

عَفَصَ ـِ عَفْصًا: موڑنا اکھیڑنا۔ کشتی میں غالب آنا۔ لے لینا (حق)

— و اَعْفَص: بند کرنا (بوتل)

عَفَّص: ماجو سے رنگنا (کپڑا)

اَعْفَصَ الْحِبْرَ: سیاہی میں ماجو ڈالنا۔

عَافَصَ: کشتی لڑنا۔

اِعْتَفَص حَقَّہٗ مِن: قرض وصول کرنا۔

عَفْص: ماجو کا درخت۔ ماجو۔

عَفَص: ناک کا ٹیڑھا پن۔

عَفِص: وہ چیز جس کا ذائقہ کسیلا اور کڑوا ہو۔ اور گلو گیر ہو۔

عِفَاص: بوتل کا چمڑے کا ڈھکنا بٹوا۔

عُفُوصَة: کسلاہٹ و کڑواہٹ

عَفَطَ ـِ عَفْطًا و عَفِیْطًا و عَفَطَانًا: پادنا (بکری)

— عَفْطًا و عَفِیْطًا: چھینکنا (بھیڑ)

—— عَفْطًا: ہونٹوں سے پادنا (چرواہا)
—— بِغَنَمِہٖ: اس نے بکریوں کو آواز سے بلایا۔
—— فی کَلَامِہٖ: وہ لکنت سے بولا۔
عَفْط و عَفِیْط: چھینک۔
عَافِط و عَفِط: بہت پادنے والا۔
اَعْفَطُ: احمق
عَفَّاط و عِفَاطِیٌّ و عِفْطِیٌّ: لکنت والا۔
مَالَہٗ عَافِطَۃٌ وَلَا نَافِطَۃٌ: اس کے پاس نہ دنبی ہے اور نہ بکری یعنی اس کے پاس کوڑی بھی نہیں۔
عَفَق ـِ عَفْقًا: اکثر آنا جانا۔ تھوڑا سونے کے بعد جاگنا۔ جلدی جانا۔ غائب ہونا۔ پیوند لگانا پکڑنا۔ پادنا (گدھا) ادھورا کرنا۔ (کام) جمع کرنا (چیز)
—— ہٗ بِالسَّوْطِ: کوڑے سے بہت مارنا۔
—— عن: روکنا۔ منع کرنا۔
عَفَّقَ الغَنَمَ بَعْضًا علی بَعْضٍ: بکریاں آپس میں اکٹھی کرنا۔
عَافَقَ مُعَافَقَۃً و عِفَاقًا: ناز و نخرہ کرنا۔ دھوکا دینا۔
—— الذِّئْبُ الغَنَمَ: بھیڑیے کا بکریوں میں آتے جاتے نقصان کرنا۔
اَعْفَقَ: بے فائدہ آنا جانا۔
تَعَفَّقَ بِ: پناہ لینا۔
اِنْعَفَقَ فی: جلدی کرنا (کام میں)
اِعْتَفَقَ: حملہ کرنا (شیر کا شکار پر)
—— بِ: لڑنا (تلوار سے)

عَفَاقَۃ: چوتڑ۔
مِعْفَاقُ الزِّیَارَاتِ: بہت ملاقات کرنے والا۔
مُنْعَفِق: پانی سے واپس ہونے والا
عَفَك ـِ عَفْكًا الکَلَامَ: بے ہودہ کلام کرنا۔
عَفِك ـَ عَفَكًا و عَفْكًا: بہت بے وقوف ہونا۔
اَعْفَك (م) عَفْكَاء ج عُفْك: بے وقوف۔
——: مشکل
عَفِك و عَفِیْك: کم فہم
عَفَن ـِ عَفْنًا و عَفَّنَ: بودار کرنا (گوشت)
—— فی الجَبَلِ: وہ پہاڑ پر چڑھا۔
عَفِنَ ـَ عَفَنًا و عُفُوْنَۃً و تَعَفَّنَ: نمناکی سے خراب ہونا۔ بدبودار ہونا (گوشت)
عَفِن و مَعْفُوْن و مُعَفَّن و مُتَعَفِّن: بدبودار۔ تری لگنے سے سڑا ہوا۔
عَفَا ـُ عَفْوًا: زیادہ اور لمبا ہونا۔ گنجان ہونا۔ گپھے دار ہونا۔ کم ہونا۔ (بال۔ سبزی) صاف ہونا (پانی) محو ہونا (نشان)
—— عن شیءٍ: چیز سے رکنا
عَفَا ـُ عَفْوًا و عَفَی ـِ عَفْیًا: بڑھنے دینا (بال) فیاضی سے دینا۔
عَفَا و عَفَّی: محو کرنا
عَفَا ـُ عَفْوًا و عَفَاءً و عُفُوًّا: محو ہونا (نشان)
عَفَا عن فُلَانٍ و لَہٗ ذَنْبَہٗ:

اس نے اس کا قصور معاف کیا
عَفَّی علی مَاکَانَ: اس نے پہلے چال چلن کو درست کر دیا۔
عَفَّی عَلَیْہِمُ الخَبَالُ: تباہی نے ان کو مٹا دیا۔
عَفَّی: زیادہ اور لمبے بالوں والا ہونا
عَافَی مُعَافَاۃً و عِفَاءً و اَعْفَی مِن: صحت دینا۔ بچانا۔
اَعْفَی: صحت دینا۔ بڑھنے دینا۔ (بال) فیاضی سے خرچ کرنا۔ بہت مالدار ہونا۔
اَعْفَی ہٗ بِحَقِّہٖ: اس نے اس کا حق پورا کر دیا ہے۔
اَعْفَی ہٗ مِنَ الاَمْرِ: اس نے اس کو معاملہ سے بری کر دیا۔
تَعَفَّی: محو ہونا۔ مضمحل ہونا۔
تَعَافَی: تندرستی پانا۔
—— الشیءَ: چیز کو چھوڑ دینا۔
اِعْتَفَی: مانگنے کے لئے جانا۔
اِسْتَعْفَی مِنْ: آزادی تلاش کرنا استعفا دینا۔ معافی طلب کرنا۔
اِسْتَعْفَتِ الاِبِلُ الیَبِیْسَ: اونٹ نے خشک گھاس چری۔
عَفَاء: خاک۔ بارش۔ آنکھ کا پھولا۔ ہلاکت۔ گھروں کی محویت
عِفَاء: زیادہ لمبے بال۔ شتر مرغ کے پر۔
اَبُو العِفَاء: گدھا۔
عَفْو: محویت۔ چیز کا عمدہ حصہ۔ زیادتی۔ معافی۔ مہربانی۔ فائدہ۔ عمدہ زمین جس میں کوئی نشان نہ ہو۔ خرچ سے زائد مال۔

اَعْطَاہُ عَفْوًا : اس نے اس کو خودبخود دیدیا۔

عَفًا و عَفْو و عِفْو و عُفْو ج عَفْوَۃ و عِفَاء : گدھے کا بچہ۔

عَفْوَۃ : دیت۔ معافی۔

عِفْوَۃ و عَفْوَۃ : ہانڈی کی جھاگ۔

عِفْوَۃ : آدمی کے سر کے بال

عِفْوَۃ الطَّعَام : اچھا کھانا۔

عُفَاوَۃ : ہانڈی کا بقیہ۔

عِفَاوَۃ : ہانڈی کے اُوپر کا اچھا شوربہ۔ جو کسی خاص آدمی کو دیا جائے۔

عَفُوّ : بہت معاف کرنے والا بخشنے والا۔

عَافٍ ج عُفَاۃ و عُفِیّ و عَافِیَۃ معاف کرنے والا۔ درگذر کرنے والا۔ لمبے بالوں والا۔ پانی پر آنیوالا پانی تلاش کرنے والا۔ بخشش مانگنے والا۔ مہمان۔ مانگی ہوئی ہانڈی کا اجرت کے طور پر باقی چھوڑا ہوا کھانا۔

عَافِیَۃ ج عَوَافٍ و عَافِیَات پوری صحت۔ روزی تلاش کرنیوالا

کَثِیْرُ الْعَافِیَۃ : نیامش۔

مُتَعَافٍ : صحت پانے والا۔

مُعَفِّی : ساتھی۔ جو سلوک کا طالب ہو

عَقّ ـُ عَقًّا : پھاڑنا (کپڑا) کنوئیں سے بھرا ہوا نکلنا (ڈول)

ـــ ـُ عُقُوقًا و مَعَقَّۃً : نافرمانی کرنا۔ (بیٹے کا باپ کی)

ـــ ـِ عَقَقًا و عَفَاقًا و عِقَاقًا حاملہ ہونا (گھوڑی)

ـــ ـَ عَقَقًا و اِنْعَقّ : پھٹ جانا

عَاقَّ مُعَاقَۃً : مخالفت کرنا۔ (باپ کی)

اَعَقَّ : شاخیں نکالنا (انگور و کھجور) حاملہ ہونا (گھوڑی)

اِنْعَقّ : سخت ہونا (گرہ) گہری ہونا (وادی) بلند ہونا (غبار)

ـــ و اِعْتَقّ : پھٹنا

اِعْتَقّ : سونتنا (تلوار) بہت عذر کرنا

عُقّ و عُقَاق : تلخ (پانی)

عَقّ و عَقَّۃ : گہرا گڑھا۔

عِقَّۃ ج عِقَق : نوزائیدہ بچہ کے بال۔

عَقُوق ج عُقُق : حاملہ (گھوڑی)

نَوَی الْعَقُوق : نرم گٹھلیاں۔

عَقِیْق ج اَعِقَّۃ : سُرخ منکے۔ وادی جس کو سیلاب نے چوڑا کردیا ہو۔ چھوٹے بچہ کے بال۔ عقیق پتھر ایک وادی کا نام جو مدینہ منورہ کے پاس ہے۔

عَقِیْقَۃ ج عَقَائِق : بچے کے بال۔ بادلوں میں بجلی کی چمک۔ دریا۔ کھجور کی گٹھلی۔ بکری جو بچہ کے ساتویں دن ذبح کی جائے۔ توشہ دان۔ مشک وُہ تیر جو جاہلیت میں بدلہ لینے کا فیصلہ کرنے کے لئے آسمان کی طرف پھینکا جاتا تھا اگر بغیر خون کے واپس آتا تھا تو صلح ہوتی تھی مادر اگر خون آلودہ آتا تھا تو بدلہ لیا جاتا تھا۔

عِقَّان : شاخیں جو کھجور یا انگور کے تنوں سے نکلیں۔

عَقّ و عَاقّ ج عَقَقَۃ و اَعِقَّۃ نافرمان۔

عُقَق و اَعَقّ و عَقُوق : نافرمان

عَقَب ـُ عَقْبًا : ایڑی پر مارنا پیچھے آنا۔ تندی لپیٹنا (تیر یا کمان پر)

ـــ عَقْبًا و عُقُوبًا و عَاقِبَۃً فُلَانًا و مَکَانَہُ : جانشین ہونا۔ نائب ہونا۔

ـــ و عَقَّب و عَاقَب مُعَاقَبَۃً پیچھے قریب آنا۔ پیچھے لانا۔ تبادلہ کرنا۔

عَقَّبَ فِی : جستجو میں بڑی کوشش کرنا

ـــ الصلوۃ : نماز کے پیچھے دعا کیلئے بیٹھنا

ـــ الحاکم علی حُکْمِ سَلَفِہٖ حاکم نے اپنے سلف کے فیصلہ کے خلاف فیصلہ کیا۔

ـــ علی : بُرا بھلا کہنا۔ غلط بیان بیان کرنا۔

وَلّٰی مُدْبِرًا وَلَمْ یُعَقِّب : وُہ پیٹھ دیکر بھاگ گیا اور پھر کر نہ دیکھا۔

عَاقَب مُعَاقَبَۃً فی : باری باری سوار ہونا۔ (سواری پر) باری باری کرنا۔ پیچھے آنا۔

ـــ مُعَاقَبَۃً و عِقَابًا : سزا دینا بدلہ لینا۔

اَعْقَب : مرنے کے بعد اولاد پیچھے چھوڑنا۔ مرنا۔ بدلہ دینا۔ جانشین ہونا۔ باری باری سوار ہونا۔ واپس آنا (تپ)

ـــ ب : بدلہ دینا۔

— الامرُ: کام کا انجام اچھا ہونا
— الرجلُ: آدمی کا بُرائی سے نیکی کی طرف واپس آنا۔
— الارضُ: زمین کا چرے جانے کے بعد دوبارہ سرسبز ہونا۔
تَعقّب عن: صحیح خبر پانا۔
—: پیروی کرنا۔ پیچھا کرنا۔ نقائص تلاش کرنا۔ جرم پر گرفت کرنا۔
تَعاقَب: ایک دوسرے کے پیچھے آنا
— علی الرّاحلۃ: سواری پر باری باری سوار ہونا۔
— فی: باری باری کرنا۔
اِعتقب: روکنا۔
— منہُ ندامۃً: اس کے انجام میں اس نے ندامت اُٹھائی۔
اِستعقب: قدموں پر چلنا۔ پیروی کرنا۔ عیب تلاش کرنا۔
عَقب ج عِقاب: دوڑ۔
عَقِب ج اَعقاب و عَقِب ج اَعقاب: ایڑی۔ بیٹا۔ پوتا اولاد۔ پیچھے آنے والا۔ دُھرا۔
جاءَ فی عَقِبہِ او عَقبہِ: وہ اس کے پیچھے آیا۔
رَجع علی عَقِبہ: وہ جلدی ہی اس راستہ سے واپس گیا جس سے آیا تھا۔
وطیٔ عَقِبہُ: وہ اس کے پیچھے چلا۔
عُقْب و عُقُب ج اَعقاب: انجام۔ نتیجہ۔
عَقَب ج اَعقاب: پٹھا جس سے تندی بناتے ہیں۔

عُقبۃ ج عُقَب: نوبت۔ باری۔ جانشینی۔ منزل۔ بقیہ۔ چیز کا نشان و شکل۔ بدل۔
عِقبۃ ج عِقَب: چیز کا نشان۔ منقش کپڑا۔
عُقبۃ و عِقبۃ الجمال: حسن کا بقیہ۔
ما یفعلُ ذالکَ اِلاّ عِقبۃَ القمر
وہ اس کو مہینہ میں صرف ایک دفعہ کرتا ہے۔
عَقَبۃ ج عِقاب: پہاڑی سڑک مشکل چڑھائی۔ ڈھلوان۔ دشوار گزار راستہ
عُقبیٰ: کام کا بدلہ۔ جزا۔ ہر چیز کا آخر۔ آخرت۔
عِقاب و مُعاقبۃ و عُقوبۃ ج عُقوبات: بدی کا بدلہ۔ سزا۔
عُقاب ج اَعقب و عِقبان و ج عقابین: گدھ۔ بلند جگہ۔ آگے کو بڑھی ہوئی چٹان۔ جھنڈا۔
عُقاب: ایک ستارہ کا نام۔ Aquila۔ اونچی جگہ۔ حوض کی طرف پانی کی نالی۔ پتھر جس پر ساقی کھڑا ہوتا ہے۔
عُقاب و عَقنباۃ و عَبنقاۃ و بعنقاۃ: ایک خوفناک تیز پنجوں والا عقاب۔
عَقیب و مُعقِب و مُعاقِب: پیرو۔ جانشین۔
— ذلک: اس کے نتیجہ میں
عَقوب: لائق جانشین۔ اچھا جانشین۔

عُقوبۃ: سزا۔ قید۔
عاقِب: اچھا جانشین۔ نائب۔
عاقِبۃ ج عواقِب: مؤنث عاقِب۔ نسل۔ ہر چیز کا اخیر۔ نیک بدلہ
عُقبان: عاقبت۔
عُقَیب: ایک شکاری پرندہ۔
مُعقّب: ٹالنے والا (مقروض)
مِعقَب: بدل۔ ہانکنے میں ماہر۔ عورت کی اوڑھنی۔ کان کی بالی۔
مِعقاب: عورت جو لڑکا لڑکی باری باری جنے۔
المُعقّبات: رات اور دن کے ملائکہ۔ تسبیحیں جو باری باری پڑھی جاتی ہیں۔
مُعاقِب: پیرو۔ بدلا لینے والا۔
یَعقوب: حضرت ابراہیمؑ کے پوتے حضرت یعقوبؑ۔
یَعقوب ج یَعاقیب: نر چکور۔
عُقبول و عُقبولۃ ج عقابیل: بقیہ بیماری۔ تپ کے بعد کی ہونٹوں پر کی پھنسیاں۔
عَقابیل: مصائب۔
عَقَد ۔ عَقدًا و عَقّد
گرہ باندھنا۔ پکا کرنا (قسم یا سودا کو) محراب بنانا۔
عَقَد البناءَ بالجِص: اس نے عمارت کو سیمنٹ سے مضبوط کیا۔
عَقِد: گاڑھا ہونا (مائع) کلی نکالنا (پودہ)
— ناصیتہٗ: وہ ناراض ہو کر فساد پر آمادہ ہوا۔
— عنقہٗ الی: پناہ کے لئے جانا۔

عَقَدَ الحِسَابَ: انگلیوں پر شمار کرنا۔
عَقَدَ لِفُلَانٍ عَلیٰ: فلاں کو حکومت سپرد کرنا۔
— و عَاقَدَ علی: معاہدہ کرنا۔
عَقَدَ الخَیطَ: دھاگے میں گرہ ڈالنا۔
عَقِدَ ـَ عَقَدًا: رکنا (زبان) گرہ دار زبان والا ہونا۔
عَقَّدَ و اَعقَدَ: گاڑھا ہونا۔ (مائع)
عَقَّدَ الکَلَامَ و فِیہِ: غیر واضح کلام کرنا۔
عَاقَدَ: معاہدہ کرنا۔
تَعَقَّدَ: دُشوار ہونا (کلام) جمع ہونا (ریت) گاڑھا ہونا (شیرہ)
— و انعَقَدَ و اعتَقَدَ: پیچیدہ ہونا (دھاگا) مضبوط ہونا (سودا)
— و انعَقَدَ: گاڑھا ہونا (شیرہ)
تَعَاقَدَ: باہم معاہدہ کرنا۔
اِنعَقَدَ: محراب دار ہونا۔ جمع ہونا
اِعتَقَدَ: سخت ہونا (گٹھلی) مضبوطی سے قائم رہنا (برادری) کھولنا (چیز)
— الاَمرَ: معاملہ پر مضبوطی سے یقین رکھنا
— مَالًا: مال جمع کرنا۔
عَقْد: گرہ۔ معاہدہ۔ ذمہ داری لگاؤ۔
صَاحِبُ العَقدِ وَالحَلِّ: اعلیٰ حاکم۔ پورے اختیار والا۔
عَقْد ج عُقُود: محراب۔ گنتی کی دہائیاں جیسے دس۔ بیس تیس وغیرہ

عِقْد ج عُقُود: مالا۔ ہار۔
عَقِد: بند زبان والا۔
عَقِد و عَقَد (مفرد عَقِدَة و عَقَدَة): ریت کا ڈھیر مضبوط۔
عَقَد و عُقدَة: زبان کی رُکاوٹ دانتوں کی خرابی۔
عَقَدَة: زبان کی جڑ۔
عُقدَة ج عُقَد: گرہ۔ احسان۔ ہیرا۔ کلی۔ (پودہ کی) صوبہ کی حکومت جائداد۔ بہت درختوں والی جگہ۔ چراگاہ
عُقدَةُ کُلِّ الشَّیءِ: ہر چیز کی مضبوطی۔
تَحَلَّلَت عُقدَتُہُ: اس کا غصہ کم ہوگیا
عَاقِدَة ج عَوَاقِد و عَاقِدَات مؤنث عَاقِد
العَاقِدَات: جادو کرنے والیاں۔
عَقَّاد: بہت گرہ دینے والا۔ بساتی فروخت کرنے والا۔
عِقَادَة: بساتی کا پیشہ۔
اَعقَد (م) عَقدَاء ج عُقْد: بند زبان والا۔
عَقِید: گرہ دیا ہوا۔ گاڑھا۔ لونڈی معاہدہ۔ ساتھی۔
— الکَرَمِ او اللُّؤمِ: کمینہ یا فیاض آدمی۔
— العَسکَرِ: فوج کا سردار۔
عَقِیدَة ج عَقَائِد کو مُعتَقَد ایمان۔ مذہبی یقین۔
مِعقَاد ج مَعَاقِید: منکوں وغیرہ کی لڑی۔
مَعقِد ج مَعَاقِد: باندھنے کی جگہ۔ جوڑ۔ معاہدہ کے لئے ملنے کی جگہ۔
مُعَقِّد: جادوگر۔

مُعَقَّد: گرہ دار (لکڑی) پیچیدہ (دھاگا) معمہ دار (کلام)
مَعقُود: معاہدہ کیا ہوا۔ محراب دار۔
مَالَہُ مَعقُود: اس کی کوئی فیصلہ کن رائے نہیں۔
یَعقِید: شہد جو آگ سے گاڑھا کیا گیا ہے۔ شہد سے تیار کردہ خوراک
مُعتَقَد: عقیدہ۔
عَنقَدَ: گچھے نکالنا (انگور)
عُنقُود ج عَنَاقِید: گچھا (انگور وغیرہ کا)
عَقَرَ ـِ عَقرًا: زخمی کرنا۔ ذبح کرنا۔ ٹانگوں پر نشان کرنا (جانور کو)
— الاِبِلَ: اونٹ کی کونچیں کاٹنا
— ب: چلنے سے روک کے رکھنا
— عَقرًا و عُقرًا و عَقَارَةً و عُقِرَ و عَقُرَ ـُ عُقرًا و عَقَارَةً: بانجھ ہونا (مادہ)
عَقُرَ ـُ عُقرًا: بے نتیجہ ہونا (کلام)
عَقِرَ ـَ عَقَرًا: دہشت زدہ ہونا۔
عَقَّرَ: ذبح کرنا (اونٹ)
عَاقَرَ: فیاضی میں مقابلہ کرنا۔ گالی دینا۔ ہجو کرنا۔ لازم پکڑنا۔ مشغول ہونا
اَعقَرَ: بانجھ بنانا۔ حیران کرنا۔
تَعَقَّرَ: بہت جائداد والا ہونا۔ جاری رہنا (بارش) لمبا ہونا (پودہ)
— و انعَقَرَ و اعتَقَرَ: زین وغیرہ سے زخمی ہونا۔ (جانور کی پیٹھ)
انعَقَرَ: کونچیں کٹ جانا (جانور کی)
اِعتَقَرَ: شگون نہ نکال سکنا۔
عَقْر: زخم۔ گھر کا درمیان کا حصہ دو چیزوں کے درمیان کی خالی جگہ۔ اونچا

محل - برباد شدہ محل - قوم کے اُترنے کی جگہ -

عُقْر : بے اولاد آدمی - بدلہ - عورت کا مہر - لوگوں کے اُترنے کی جگہ - حوض کا موخر - گھر کا وسط - گھر میں عمدہ جگہ محل -

بَیْضَةُ العُقْر : مرغی کا پہلا انڈا - خداداد چیز -

عُقْر و عُقُر : چولہا -

عُقْر و عَقَرَة و عُقْرَة و عَقَارَة : بانجھ پن - (بے اولاد)

عَقْرَاء : مؤنث آعْقَر : ریتلی پہاڑی -

عَقَار ج عَقَارَات : گھر کا سامان - غیر منقولہ جائداد - سرخ رنگ

عُقَار : گھر کا سامان - شراب - عمدہ مال - گھاس -

عُقَر و عُقَرَة و مِعْقَر : جانوروں کا تھکانے والا -

عَقَّار ج عَقَاقِیْر : جڑی بوٹی دوا - بہت زخمی کرنے والا -

حَدِیْدٌ جَیِّدُ العَقَاقِیْر : عمدہ پان والا لوہا -

عَقَاقِیْرِیّ : دوائی ساز -

عَقُوْر ج عُقُر : زخمی کرنیوالا - کاٹنے والا (درندہ)

عُقَرَة و عَاقُوْر و مِعْقَر و مِعْقَار و مُعَقِّر : پیٹھ کو زخمی کرنے والی - (زین)

عَقِیْر ج عَقْرَی و مَعْقُوْر زخمی - تلوار زدہ - خوفزدہ - بے اولاد

عَقِیْرَة ج عَقَائِر : زخمی (جانور)

ٹانگیں کاٹا ہوا - گانے یا رونے یا پڑھنے والے کی آواز -

عَاقِر ج عُقَّر و عَوَاقِر : بانجھ (عورت) بے پھل (زمین)

— ج عُقَّر : مرد جس کی اولاد پیدا نہ ہو -

آعْقَر (م) عَقْرَاء ج عُقْر : شکستہ دانتوں والا (اونٹ)

عُقْرَی : غیر منقولہ جائداد -

مُعْقِر : بہت جائداد والا -

آرْض مَعْقَرَة : بہت بچھوؤں والی زمین

عَقْرَب : مروڑنا - جھکانا -

تَعَقْرَب : گھنگریالی ہونا (زلف) وعدہ خلاف ہونا -

عَقْرَب ج عَقَارِب : (مذکر ومؤنث) بچھو - تسمہ - گھڑی کی سوئی -

عَقَارِبُ : سختیاں - بدنامیاں - زلفیں -

عَقَارِبُ الشِّتَاء : سردی یا موسم سرما کی تکالیف -

العَقْرَب : برج کا نام -

عَقْرَبَة : مادہ بچھو - ہوشیار لونڈی زین کی کنڈی -

عُقْرُبَان : نر بچھو -

مُعَقْرِب (م) مُعَقْرِبَة : بہت بچھوؤں والی (زمین)

مُعَقْرَب (م) مُعَقْرَبَة : مڑی ہوئی - ٹیڑھی - مضبوط - کامل مدد کرنے والا -

عُقْرُق : مینڈک -

عَقَش ے عَقْشًا : موڑنا (لکڑی)

جمع کرنا (مویشی)

عَقْش و عَقَش : ایک خاردار درخت کا پھل - انگور کے درخت کی چوٹی -

عَقَص ے عَقْصًا : گوندنا (بال) چونڈا بنانا (عورت) ڈسنا - (بھڑ)

عَقِص ے عَقَصًا : پیچھے مڑے ہوئے سینگوں والا ہونا (مینڈھا) بخیل یا بدمزاج ہونا (آدمی) دانتوں کا منہ میں مڑنا -

عَقَّص : پیچیدہ ہونا (کام) چبھونا کھجلانا - ڈسنا -

عَقْص و عَقْصَة : ڈنک -

عَقِص : جمع شدہ ریت - بخیل - بدخلق

عُقْصَة ج عُقَص : گرہ -

عِقْصَة (ج عِقَص و عِقَاص) و عَقِیْصَة ج عَقَائِص و عِقَاص زلف - بٹے ہوئے بال

عِقَاص ج عُقُص : سرخ ریشم - موباف -

عَاقُوْص : کیڑوں کا ڈنک -

آعْقَص (م) عَقْصَاء ج عُقْص : پیچھے مڑے ہوئے سینگوں والا - ٹیڑھی انگلیوں والا - ٹیڑھے دانتوں والا -

مُعَقِّص : ڈسنے والا - کھجلانے والا

مَعْقُوْص : ڈسا ہوا - چھوٹے کیڑے کا ڈنک

مُعَاقَصَة : جھگڑا - کوشش -

مِعْقَص ج مَعَاقِص : ٹیڑھا تیر -

مِعْقَاص : ٹیڑھے سینگوں والی بکری -

عَقْعَقَ الطَّائِر : پرندہ کا آواز کرنا -

عَقْعَق: کوّے کی شکل کا ایک پرندہ
کوّا۔
عَقْعَقَة: نئے کپڑے یا کاغذ کا
کھڑکنا
عَقَفَ ـِ عَقْفًا و عَقَّفَ:
موڑنا لپیٹنا (تار)
تَعَقَّفَ و اِعْتَقَفَ: مڑنا لپٹنا
عُقْفَة: لومڑی۔
عُقْفَة: جھکاؤ۔ٹیڑھاپن۔
اَعْقَف: کج۔ بدخُلق۔
عَقْفَاء: لوہے کی کُنڈی۔
عُقَاف: بیماری جس سے بھیڑوں
کی ٹانگیں کج ہوجاتی ہیں۔
عَاقِف ج عُوْق (قُف): بکری جس
کی ٹانگیں بیماری سے کج ہوگئی ہوں۔
عُقَّافَة: مڑے ہوئے سر والی
لاٹھی۔ہک۔
عَقُوْف: گائے کا تھن جس کی
دھار ٹیڑھی پڑے۔
مَعْقُوف: ٹیڑھی پیٹھ والا۔
عَقْفَاء و عُقَیْفَاء: ایک
پودہ جس سے بکریاں ہلاک ہوجاتی ہیں۔
عَقْفَرَ و علی: تباہ کرنا۔مغلوب
کرنا۔(مصیبت)
تَعَقْفَرَ: ہلاک ہونا۔مصیبت
سے تباہ ہونا۔
عَنْقَفِیْر ج عَقَافِیْر: بچھو۔
بوڑھی اُونٹنی۔مکار عورت
عَقَلَ ـِ عَقْلًا و عَقَّلَ و
اِعْتَقَلَ: (اُونٹ کی) ٹانگ کو ران
سے باندھنا۔
ــــ ـُ عَقْلًا: قبض کرنا (دوا)

عَقَلَ ـِ عَقْلًا و مَعْقُولًا و
عَقَّلَ و تَعَقَّلَ: دانا ہونا۔عقلمند
ہونا۔سمجھنا۔سوچنا۔(چیز کو)
عَقَلَ ـِ عَقْلًا و عُقُولًا: ٹانگ
میں ٹانگ پھنسا کر گرانا (پہلوان کا
مقابل کو)
عَقَلَ ـُ: سمجھ میں دوسرے سے
بڑھنا۔
ــــ ـِ عَقْلًا: سمجھنا۔کنگھی کرنا
(عورت کا بالوں کو)
ــــ القَتِیْلَ: مقتول کا خون بہاؤ
دینا۔
ــــ عن فُلَان: فلاں کی طرف سے
خون بہاؤ ادا کرنا۔
ــــ لَهُ دَمَ فُلَان: فدیہ قبول کرکے
بدلہ چھوڑدینا۔
ــــ ـِ عَقْلًا و عُقُولًا: پہاڑ کی
چوٹی پر چڑھنا۔(جنگلی بکرا) دوپہر
کو سمٹنا (سایہ)
ــــ الی: پناہ لینا۔
عَقِلَ ـَ عَقَلًا: مڑی ہوئی ٹانگوں
والا ہونا۔
عَقَّلَ: خوشے نکالنا (انگور کی بیل)
سمجھدار یا دُور اندیش بنانا۔
عَاقَلَ: سمجھ میں مقابلہ کرنا۔فدیہ
میں دوسرے کا مدمقابل ہونا۔
اَعْقَلَ: سمجھدار پانا۔
تَعَقَّلَ: بناوٹی عقلمند بننا۔سمجھنا
پھنسنا (جال میں شکار)
تَعَقَّلَ الرِّجْلَ: پاؤں موڑ کر
ران پر رکھنا۔
تَعَقَّلَ لِفُلَانٍ بِكَفَّيْهِ: سوار ہونے
میں مدد دینے کے لئے پاؤں کے نیچے
ہاتھ رکھنا۔
تَعَاقَلَ: بناوٹی سمجھدار بننا
ــــ دَمَ فُلَانٍ: فدیہ دینے میں شریک
ہونا۔
اِعْتَقَلَ ہ: رکاب اور پنڈلی کے
درمیان رکھنا (نیزہ) پاؤں رکھنا (ران پر)
ــــ السَّرْجَ: پاؤں کو موڑ کر زین
پر رکھنا۔
ــــ من دَمِ فُلَانٍ: خون بہاؤ لینا
اُعْتُقِلَ: بند ہوجانا (زبان)
اِسْتَعْقَلَ: سمجھدار سمجھنا۔
عَقْل ج عُقُول: رُوحانی نور
جس کے ذریعہ وہ اشیا پائی جاتی
ہیں جو حواس سے نہیں حاصل ہوسکتیں
سمجھ۔دل۔دلیل۔علم۔خون بہاؤ۔
مضبوط جگہ۔
عُقْلَة و اِعْتِقَال: زبان کی روک
عُقْلَة ج عُقَل: باندھنے کی چیز
(جیسے بیڑی وغیرہ) بندھن۔اکائی
لکڑی کی گرہ۔
عِقَال ج عُقُل: رسی جس سے
اُونٹ کا پاؤں باندھا جاتا ہے۔
سر پہ باندھنے کی رسی۔
ــــ ج عُقُل و عُقُل: بھیڑوں
اور اُونٹوں کی سالانہ زکات۔
عِقَالُ المِئِیْن: درجہ والا آدمی
جس کی سالانہ زکات بہت ہو یا جس
کا فدیہ سینکڑوں اُونٹ دیکر ادا کیا
جاتا ہے۔
عَاقِل (مذکر و مؤنث) ج عُقَّال و
عُقَلَاء و عَاقِلُوْن: سمجھدار حکیم بالغ

عَاقِل ج عَاقِلَة: خون بہا ادا کرنے والا۔ جنگلی بکرا۔

عَاقِلَة ج عَاقِلَات و عَوَاقِل مؤنث عَاقِل: سمجھنے کی طاقت۔ بال گوندھنے والی عورت

عَاقِلَة الرَّجُل: باپ کی طرف کے رشتہ دار۔

عَاقُول ج عَوَاقِيْل: وادی کا موڑ۔ سختی۔ بے راستہ ملک۔ سمندر سمندر کی لہر

عَقُوْل: سمجھدار۔ قابض دوائی۔

عَقِيْلٌ: معقول۔

عُقَّالٌ: جانوروں کی ٹانگوں کی بیماری۔

عَقِيْلَة ج عَقَائِل: شریف پردہ نشین عورت۔ ہر چیز کا اعلے حصہ۔

عَقِيْلَة البَحْر: موتی۔

اَعْقَل (م) عَقْلَاء ج عُقْل: ٹیڑھی ٹانگوں والا۔

اَعْقَل (م) عُقْلٰی ج اَعَاقِل و عُقَّل: اسم تفضیل۔ زیادہ عقلمند

مَعْقِل ج مَعَاقِل: جائے پناہ ملجاء۔ اونٹ باندھنے کی جگہ۔ اونچا پہاڑ۔

مَعْقُلَة: خون بہا۔ تاوان۔

دَمُہٗ مَعْقُلَةٌ عَلٰی قَوْمِہٖ: اس کا خون بہا قوم پر تاوان ہے جو سالانہ ان کو دینا پڑتا ہے۔

مِعْقَبْلَة: کھونٹی والا سونٹا۔

مَعْقُوْل: سمجھا ہوا۔ مدلل۔ عقل۔ قبض والی انتڑی۔ کنواں۔

عِلْمُ المَعْقُوْلَات: علم موجودات علم طبعی۔

عَقَمَ ـُ عَقْمًا و عُقْمًا و عَقُمَ ـُ و عَقِمَ ـَ عَقْمًا و عَقَمًا و عُقِمَ: بانجھ ہونا (عورت) خشک ہونا (جوڑ)

عَقِمَ ـَ عَقَمًا: چپ رہنا۔

عَقَمَ ـِ عَقْمًا و عَقَّمَ و اَعْقَمَ: بانجھ بنانا۔

عَقَّمَ: خاموش کرنا۔ جراثیم مارنا۔

عَاقَمَ مُعَاقَمَةً و عِقَامًا: منفذ بازی کرنا۔ فضیلت کے لئے مقابلہ کرنا

عَقْمٌ و عَقْمَة و عِقْمَة: سرخ کپڑا۔ نقش و نگار کی ایک قسم۔

عُقْمٌ و عُقْمَة: بانجھ پن۔

عَقِيْمٌ (مذکر و مؤنث) ج عَقَائِم و عُقُم: بانجھ۔ دھندلا دن۔

عَقْل عَقِيْمٌ: عقل جس میں کوئی خیر نہ ہو۔

عُقَيْم و عَقَامٌ: سخت (جنگ)

عَقَام: بدخلق۔ بانجھ۔

عَقِيْم ج عُقَمَاء و عِقَام و عَقْمٰی بانجھ (عورت)

يَوْمٌ عَقِيْمٌ: دن جس میں کوئی خوشی نہ ہو۔

عُقْمِيٌّ: خاندانی شرافت والا (آدمی)

ـــــ و عِقْمِيٌّ: گہری (کلام)

مَعْقِم ج مَعَاقِم: گھوڑے کے جوڑ۔

مَعَاقِم: ریڑھ کی ہڈی کے منکے۔

عَقَا ـُ عَقْوًا و اِعْتَقٰی: کھودنا (کنواں)

عَقَا: بلند ہونا (جھنڈا) نفرت کرنا ناپسند کرنا۔ روکنا۔

عَقْوَة ج عِقَاء: گھر کا ماحول صحن محلہ۔ شہر کا گرداگرد۔

عَقِیَ ـَ عَقْيًا: ناپسند کرنا۔

ـــــ و عَقَّی: پہلی دفعہ دودھ پلانا (نوزائیدہ بچہ کو) پاخانہ لانے والی چیز پلانا۔ (نوزائیدہ بچہ کو)

عَقَّی: ہوا میں چکر لگانا (پرندہ)

مِنْ اَيْنَ عُقِّيْتَ او اُعْتُقِيْتَ، تم کہاں سے آئے ہو۔

اَعْقَی: کڑوا ہونا۔ ناپسند کرنا (چیز)

عِقْی ج اَعْقَاء: نوزائیدہ بچہ کا پاخانہ و بول۔

عِقْيَان: خالص سونا۔

عَكَّ ـُ عَكًّا و عَكِيْكًا: سخت گرم ہونا (دن) گھر پر رہنا (آدمی) ٹال دینا۔ اعادہ کے لئے کہنا۔ وضاحت سے بیان کرنا۔ لگاتار سخت ہونا (تپ)

ـــــ ب: غالب آنا (دلیل سے) مارنا (چابک سے) بار بار ایک بات دہرانے سے تھکانا۔

ـــــ عن: روکنا۔ ہٹانا۔

عُكَّ: تپ کا سختی سے چڑھنا۔

يَوْم عَكّ: سخت گرم دن۔

عَكَّة و عُكَّة ج عِكَاك: گرمی کی شدّت۔

عَكَّة و عُكَّة ج عِكَاك: تیز بخار۔ گرم ریت۔ گرمی کی شدت گھی کی مشک

عُكَّة ج عُكَك و عِكَاك: گھی کا برتن۔

عَكَّة و عَكَّاء: شام کا ایک شہر۔

عَكِيْك ج عِكَاك: گرمی کی شدت گرم و بخبر ہوا کے دن۔

عَکَبَ ـُ عُکُوبًا: بھیڑ کرنا
(اونٹ) جوش مارنا (ہانڈی) ٹھہرنا
عَکِبَ ـَ عَکَبًا: موٹے ہونٹ
یا ٹھوڑی والا ہونا۔ پاؤں کی قریب
قریب انگلیوں والا ہونا۔
عَکَّبَ: دھواں نکالنا (آگ)
تَعَکَّبَ: ہجوم کرنا (لشکرات)
اِعْتَکَبَ: اٹھنا یا اڑانا (غبار)
غبار والی ہونا (جگہ)
عَکْبٌ و عَکُوبٌ و عَاکُوبٌ
و عُکَابٌ: غبار۔
عُکَاب: دھواں۔ ہانڈی کی بھاپ
عَکُوب: ایک قسم کی خاردار نباتات
عَاکِب ج عُکُوب: بڑا گروہ۔
اَعْکَب (م) عَکْبَاء: پاؤں کی
قریب قریب انگلیوں والا۔
اَعْکُبٌ و عِکَابٌ و عُکُبٌ:
عنکبوت کا اسم جمع
عِکْبِرٌ: بولن۔
عَکْبَشَ: مضبوطی سے باندھنا۔
تَعَکْبَشَ فی: کانٹے چبھانا (شاخ)
عَکَدَ ـِ عَکْدًا و اَعْکَدَ
الی: پناہ لینا۔
ـــ: ممکن ہونا (کام)
عَکِدَ ـَ عَکَدًا: موٹی ہونا (گوہ)
ـــ ب و اِعْتَکَدَ: چمٹنا۔
اِسْتَعْکَدَ: باز کے ڈر سے نیچے
جھپکنا (پرندہ) موٹی ہونا (گوہ)
جمع ہونا (پانی)
عَکْد: درمیان۔
عَکِد: موٹا (اونٹ) خشک درخت
موٹی (سوسمار)

عُکْدَة ج عُکَد: گوہ کا بل۔ قوت
چوتڑ کی ہڈی۔
عَکَدَة: زبان کی جڑھ
مَعْکِد: پناہ کی جگہ۔
عَکَرَ ـِ عَکْرًا و عُکُورًا و
اِعْتَکَرَ علی: دوبارہ حملہ کرنا۔
عَکِرَ ـَ عَکَرًا و تَعَکَّرَ و
تَعَوْکَرَ: گدلا ہونا (پانی)
عَکَّرَ و اَعْکَرَ و عَوْکَرَ: گدلا
بنانا۔ (پانی)
اَعْکَرَ و اِعْتَکَرَ: سخت تاریک
ہونا (رات)
تَعَاکَرَ و اِعْتَکَرَ: دوبارہ ایک دوسرے
پر حملہ کرنا۔ (لوگ)
اِعْتَکَرَ: زور سے پڑنا (بارش)
غبار اڑانا (ہوا) قائم رہنا (جوانی)
عَکَر: تلچھٹ۔ تلوار کا زنگ
عِکْر: اصل۔ جڑھ۔ عادت۔ رسم۔
چلنے کی جگہ۔
عَادُوا الی عِکْرِهِم: وہ اپنے
اصل کی طرف لوٹ آئے۔
عَکْرَة و مَعْکَر: لڑائی میں دوبارہ
حملہ۔
عَکَرَة ج عَکَر: اونٹوں کا گروہ
زبان کی جڑھ۔
ـــ: اختلاط۔
عَکِر و مُعَکَّر و مُعَوْکَر: گدلا
(پانی)
عَکَّار: بہت حملہ کرنے والا۔
عِکْرِم: رات کی تاریکی۔
عِکْرِمَة (نام علم) و العِکْرِمَة: کبوتری
عَکَزَ ـُ عَکْزًا و تَعَکَّزَ علی:

سہارا لینا (ڈنڈے۔ پر)
عَکَّزَ: زمین میں گاڑنا (نیزہ)
ـــ ب: راہ پانا۔
عَکِزَ ـَ عَکَزًا: سکڑنا۔
عَکَّزَ: پھل لگانا (برچھی کو)
عِکْزٌ: بخیل۔ بدخلق
عُکَّاز و عُکَّازَة ج عَکَاکِیز و
عُکَّازَات: لوہے کے سرے والی لاٹھی
عَکَسَ ـِ عَکْسًا: الٹانا۔
ترش دودھ ڈالنا (کھانے میں)
ـــ علی فُلَانٍ اَمْرَهُ: اس نے
اس کے ارادے کو لوٹا دیا۔
ـــ ہ عن اَمْرِہٖ: اس نے اس کو
اپنے کام سے ہٹا دیا۔
ـــ: رسی سے روکنا (اونٹ) زمین
کی طرف جھٹکا دیکر زور سے دبانا۔
عَکِسَ ـَ عَکَسًا: تنگ خلق ہونا
عَاکَسَ مُعَاکَسَةً و عِکَاسًا:
مخالفت کرنا۔ ایک دوسرے کے ماتھے
کے بالوں کو پکڑنا۔ الٹانا (کلام)
تَعَکَّسَ: رینگ کر چلنا۔
تَعَاکَسَ و انْعَکَسَ و اعْتَکَسَ: الٹ جانا
عِکَاس البَعِیر: نکیل کی رسی جو اونٹ
کو روکنے کے لئے اس کے گھٹنے سے
باندھی جاتی ہے۔
عُکَّاس: ترمکڑی۔
عَکِیس: ترش دودھ جو شوربے میں
ڈالا جاتا ہے۔ تہ۔ ٹکڑا۔ درخت
کی شاخ کی داب۔ اونٹ کو روکنے
کی رسی۔
دُونَ الاَمْرِ عِکَاس و مِکَاس:
کام کے ختم ہونے سے پہلے بہت رکاوٹ

جھگڑا ہوگا۔
مَعْکُوس: اُلٹایا ہوا۔
عَکِیْسَۃٌ: بہت اُونٹ۔تاریک رات۔
عَکِشَ ـَ عَکَشًا وتَعَکَّشَ: سکڑنا۔ آپس میں مل جل جانا۔زیادہ ہونا یا لپٹنا (نباتات) بے ترتیب ہونا (بال)
عَکَشَ ـِ عَکْشًا: جمع کرنا۔مضبوط باندھنا (آدمی)
— علی: دوبارہ حملہ کرنا۔
تَعَکَّشَ: پیچیدہ ہونا (کام) جالا بنانا (مکڑی)
عَکِشٌ: گھنگریالے (بال) فضول (آدمی)
عَکِشَۃٌ: اُلجھی ہوئی بہت شاخوں والا (درخت)
عُکَّاشٌ وعُکَّاشَۃٌ وعُکَاشٌ وعُکَاشَۃٌ: مکڑی۔مکڑی کا جالا۔
عَکَاشَۃٌ: بھدا پن۔
عَکِصَ ـَ عَکَصًا: بدخلق ہونا ترش مزاج ہونا۔
عَکَصَ ـِ عَکْصًا: ہٹانا۔واپس کرنا۔
تَعَکَّصَ بِشَیْءٍ علی: بخیل ہونا۔
عَکِصٌ: بدخلق: چلنے میں روک پیدا کرنے والی (ریت)
عَکَظَ ـِ عَکْظًا: منع کرنا۔ روکنا۔
عَکَظَ ـِ عَکْظًا: مغلوب کرنا۔
عَکَّظَ بالشیء: چیز پر فخر کرنا۔
عَکَّظَ عن: پیچھے ہٹانا۔روکنا۔

عَاکَظَ: ٹال دینا۔
تَعَکَّظَ علی: مشکل ہونا۔پیچیدہ ہونا (کام)
— : بھیڑ کرنا (لوگ)
تَعَاکَظَ: جھگڑنا۔ مقابلہ کرنا۔آپس میں فخر کرنا۔
عَکِبْظٌ: چھوٹے قد والا۔ٹھوڑا
عَکِظٌّ: قصیر۔چھوٹا۔
عُکَاظٌ: ایام جاہلیت کے عربوں کا ایک میلا تھا۔
عَکَفَ ـُ عَکْفًا: ترتیب دینا۔
— علی: محبوس کرنا۔روکے رکھنا
— عن: منع کرنا۔
ـ ـِ عَکْفًا وعُکُوفًا وانْعَکَفَ علی: ہمیشہ محنت سے مشغول رہنا۔
عَکَفَ حَوْلَ دب: گرداگرد چکر لگانا۔
— فی النَّظْم: پروئے جانا (موتی)
— وتَعَکَّفَ واعْتَکَفَ فی: قیام کرنا۔بند رہنا (جگہ میں) گوشہ نشین ہونا۔
عَکَّفَ: گوندنا (عورت۔بال)۔ پرونا (موتی)
عَاکَفَ: چمٹنا۔لگا رہنا۔
عَکِفٌ: گھنگریالے (بال)
عَاکِفٌ ج عُکُوفٌ وعُکَّفٌ و عَاکِفُوْن: مقیم۔
مَعْکُوفٌ: کنگھی سے درست کرکے گوندے ہوئے بال
مُعَکَّفٌ: مڑا ہوا۔ٹیڑھا۔
عَکَلَ ـِ عَکْلًا: بکھرنے کے بعد اکٹھا کرنا۔تہہ بتہہ رکھنا (سامان)

قید خانہ میں بند رکھنا۔ زمین پر پچھاڑنا۔ بازو سے پاؤں باندھنا (اُونٹ کا) مرنا۔
— فی: کوشش کرنا۔
— وأَعْکَلَ واعْتَکَلَ علی: مشتبہ یا مشکل ہونا (کام)
اِعْتَکَلَ: سوسائٹی سے بچنا۔سینگوں سے لڑنا (بیل)
عُکْلٌ وعِکْلٌ ج أَعْکَالٌ: کمینہ بُرا۔
عَاکِلٌ ج عُکُلٌ: پست قد۔بخیل۔
عِکَالٌ: اونٹ کے پاؤں کو باندھنے کی رسی۔
عَوْکَلٌ وعَوْکَلَۃٌ: ریتلی پہاڑی
مَعْکَلٌ: قید خانہ۔
مِعْکَلٌ ج مَعَاکِلُ: گڈریے کا ٹیڑھے سر والا ڈنڈا۔
عَکَمَ ـِ عَکْمًا: لپیٹنا۔باندھنا (اسباب) انتظار کرنا۔
— البَعِیْرَ: اُونٹ پر باندھنا۔ (اسباب)
عَکَمَ علی: حملہ کرنا۔
— عن: پیچھے ہٹنا یا ہٹانا۔
— ل: ارادہ کرنا۔قصد کرنا۔
عُکِمَ عن: ہٹائے جانا۔
أَعْکَمَ: باندھنے میں مدد دینا۔
اِعْتَکَمَ: ڈھیر لگنا۔اُونٹ کے بوجھ کی دونوں طرفوں کا برابر ہونا۔
عَکْمَۃُ البَطْن: پیٹ کا کونہ۔
عِکْمٌ (ج أَعْکَام) وعِکَام ٥ عُکْمٌ: بنڈل۔بوجھ۔اسباب باندھنے کی رسی۔بوری۔کنوئیں کی چرخی

عَکَّام : اُونٹ ہانکنے والا۔
مَا لَہٗ عَکُوم : اس کے لئے پھرنے کی کوئی جگہ نہیں۔
مِعْکَم : بہت گوشت والا۔
تَعَکَّنَ :۔ جھری دار ہونا (پیٹ)
عُکْنَۃ ج عُکَن و اَعْکَان : پیٹ کا سلوٹ۔
عَکْنَان و عَکَنَان : بے شمار گروہ۔ دو سو سے زائد اُونٹ۔
دِرْع ذات عُکَن : وسیع زرہ
عِکَان : گردن
عَکْنَاء : موٹے تھنوں والی اُونٹنی یا بکری۔
عَکَا ـُ عَکْوًا : پیچھے کو موڑ کر باندھنا (دُم) موٹے ہونا (اُونٹ)
ـــ الدُّخَانُ : دھوئیں کا اُوپر چڑھنا
ـــ ب : کمر باندھنا۔
ـــ علی : مہربانی کرنا۔
ـــ بازارہ : ازاربند کے باندھنے کی جگہ سخت کرنا۔
عَکْوَۃ و عُکْوَۃ ج عُکًا و عِکَاء : دُم کی جڑھ۔ بڑا حصہ۔ زبان کی جڑھ۔ ازاربند وغیرہ کی موٹی گرہ۔ ہر ایک چیز کی موٹائی
عُکْوَۃ ج عُکًا و عِکَاء : مٹکا
اَعْکَی (م) عَکْوَاء : موٹے پہلوؤں والا۔ بڑا۔
عَکِیَ ـَ عَکْیًا : و عَکِیَّ و اَعْکَی : مرجانا۔
عَکَی بہ : گرہ باندھنا۔ اقامت کرنا (مکان میں)

اَعْکَی : مضبوط باندھنا (ازار)
عَاکٍ ج عُکَاۃ : مردہ۔ پیچھے فروخت کرنے والا۔

عَلّ ـِ عَلًّا و عَلَلًا و تَعِلَّۃً

دوسری بار پانی پینا۔
ـــ و عَلَّلَ : دوسری دفعہ پانی پلانا دُہرانا۔
عَلَّ المَضْرُوب و عَلَّہٗ ضَرْبًا : دوبارہ مارنا۔
عُلَّ : بیمار ہونا۔
عَلَّلَ : دوسری دفعہ جمع کرنا (پھل) وجہ بیان کرنا۔ بار بار پلانا۔ دلیل سے ثابت کرنا۔
ـــ ب : مشغول کرنا۔ بہلانا۔
ـــ و اَعَلَّ الکَلِمَۃ : کلمہ کی تعلیل کی وجہ بیان کرنا۔
اَعَلَّ : بیمار کرنا۔ گھونٹ گھونٹ پلانا۔
تَعَلَّلَ و اِعْتَلَّ : عذر کرنا۔
ـــ و اِعْتَلَّ ب : مشغول رہنا۔ چمٹے رہنا۔
تَعَلَّلَ : دلیل سے تمسک پکڑنا۔
تَعَلَّلَ و تَعَالَّ : نفاس سے نکلنا۔ (عورت)
اِعْتَلَّ : بیمار ہونا۔ نقص والا ہونا ناقص حرف والا ہونا (کلمہ)
اِعْتَلَّ بِالاَمْرِ : کام میں مشغول ہونا۔
اِعْتَلَّتِ الرِّیحُ : ہوا کا نرم ہونا
ـــ : ارادہ سے باز رکھنا۔
عَلّ ج اَعْلَال : بڑی عمر کا نحیف بیماری سے سکڑا ہوا۔ چھوٹے سے قد والا

موٹا بکرا۔ بے خیر۔
عَلَّۃ ج عَلَّات : بہلاوہ۔ سوت مصیبت۔ ضرورت۔ دوبارہ پانی پینا۔
بَنُو العَلَّات : ماں سے سوتیلے بھائی
عَلَّ و لَعَلَّ : شاید۔
عِلَّۃ ج عِلَل و عِلَّات۔ عذر وجہ۔ بیماری۔ حادثہ نقص (لفظ میں) ہلاؤ
عِلَّاتٌ : مختلف حالات
عِلَّۃ فی عروض : تغیر جو شعر کے عروض اور ضرب میں ہو۔
عُلَالَۃ و تَعِلَّۃ : بہلاؤ۔ بہلانے کا ذریعہ۔
عِلَالَۃ : بقیہ دودھ۔ ہر چیز کا بقیہ۔ تھوڑی چیز۔
عَلَل : دوسری دفعہ کا پینا۔
عُلِّیَّۃ و عِلِّیَّۃ ج عَلَالِیّ : اُوپر کا کمرہ۔ بالاخانہ۔
ھُوَ من عِلِّیَّۃ قَوْمِہٖ او من عُلِّیَّتِہِم او من عِلْیَتِہِم : وہ اپنی قوم کے چوٹی کے لوگوں میں سے ہے
اِعْلَال و تَعْلِیل و اِعْتِلَال : معتل کے تغیرات بیان کرنا۔
تَعْلِیل : عذر بیانی۔
عَلِیل (ج اَعِلَّاء) و مُعَلّ و مَعْلُول : بیمار۔
عَلِیلَۃ ج عَلِیلَات و عَلَائِل : مونث عَلِیل۔ بار بار خوشبو لگائی ہوئی (عورت)
یَعْلُول ج یَعَالِیل : تہ بتہ بادل یکے بعد دیگرے بارش۔ دوبارہ رنگا ہوا کپڑا۔ تھوڑا پانی۔ جو سیلاب سے کم

بعد رہ جائے - دو کوہانوں والا اُونٹ
بختی اُونٹ - پانی کا بُلبلا -
عَلَب ـُـ عَلْبًا و عَلِب ـَـ عَلَبًا
سخت اور کھردرا ہونا - لُوٹنا - (تلوار کی
دھار) سخت ہونے کے بعد بدبودار ہونا
(گوشت)
ـــ ـُـ عَلْبًا و عَلَب : سخت ہونے
کے بعد بدبودار ہونا (گوشت) نشان
لگانا - کاٹنا
ـــ ـِـ عَلْبًا و عَلَب : پٹھے کو تلوار کے
دستے کے گرد باندھنا -
اِسْتَعْلَب : بدبودار ہونا (گوشت)
موٹا و کھردرا ہونا -
اِعْلَنْبَیٰ اِعْلِنْبَاءً : شرارت کے
لئے تیار ہونا - اکڑنا - بالوں کو کھڑا کرنا
(بلّی)
عَلْب : ضرب وغیرہ کا نشان -
ـــ و عِلْب ج عُلُوب : سخت و نجر
(جگہ) سخت چیز -
عَلِب : سخت کھردرا - بوڑھا (ہرن)
عُلْبَة ج عُلَب و عِلَاب : دودھ
دوہنے کے لئے لکڑی یا چمڑے کا برتن
ڈبیا -
عِلْبَة ج عِلَب : درخت کی موٹی
گرہ -
عِلْبُوبَة القَوْم : جماعت کے
چیدہ آدمی -
عَلَابِیّ : سیسہ
عِلْبَاء ج عَلَابِیّ : گردن کے
پہلو کا پٹھا
تَشَنَّجَ عِلْبَاؤُهُ : وہ بوڑھا ہو گیا
عَلَث ـِـ عَلْثًا : آگ نہ نکالنا -

(چقماق) جمع کرنا -
ـــ ب : ملانا -
عَلِث ـَـ عَلَثًا : آپس میں سختی
سے لڑنا -
تَعَلَّثَ ل : پھندا لگانا -
تَعَلَّثَ ب : چمٹنا -
ـــ : خام بنانا (کام)
اِعْتَلَث : بغیر انتخاب کرنے کے
چیز کو لینا -
عَلِث : مستقل مزاج -
عُلَاثَة : دوسری چیز سے ملائی ہوئی
چیز - ادھر اُدھر سے جمع کرنے والا
آدمی - زیتون کا تیل یا مکھن دھی سے
ملایا ہوا -
اَعْلَاث الزَّاد : زادراہ جو بغیر
انتخاب کے کھایا جائے -
عَلِيث : جو اور گیہوں کی روٹی -
عَلِثٌ و مُعْتَلِثٌ : غیر باپ کی طرف
منسوب - بے فائدہ تیر -
عَلِج ـَـ عَلَجًا : مضبوط ہونا -
(آدمی)
عَلَجَ ـُـ عَلْجًا : معالجہ میں غالب
آنا -
عَالَج مُعَالَجَةً و عِلَاجًا : دوائی
کرنا (بیمار کی) کوشش کرنا - ڈریس
کرنا (زخم کا) مشق کرنا (کام کی) کھانا
(لوہا)
تَعَلَّجَ : جمع ہونا (ریت)
تَعَالَجَ : علاج تجویز کرنا -
ـــ و اعْتَلَجَ : ایک دوسرے سے
لڑنا -
اِعْتَلَجَ : آپس میں ٹکرانا (لہریں) جمع

ہونا (ریت)
اِسْتَعْلَجَ : موٹا ہونا (چہرہ) بڑھنا
(داڑھی)
عِلْج ج عُلُوج و اَعْلَاج : مضبوط
جنگلی گدھا - عجمی کفار میں سے مضبوط
آدمی - کافر - بالوں والا - گھنی
داڑھی والا -
رَمْل عَالِج : ریتلی پہاڑیاں -
عِلَاج و مُعَالَجَة : دوائی بیماری
کا علاج -
مُسْتَعْلِج الخَلْق : مضبوط و بڑے
جسم والا -
عَلْجَمٌ : لمبا اُونٹ یا گدھا -
بہت پانی والا جوہڑ -
عُلْجُوم ج عَلَاجِيم : نر شتر مرغ -
نر مینڈک - مینڈھا - جنگلی بکرا - بوڑھا
بیل - بطخ - رات کی تاریکی - سمندر
کی لہر - بہت کھجوروں والا باغ -
عَلْجَن : مضبوط (اُونٹنی) بے
پرواہ (عورت)
عَلَجَان : درخت کی جڑ میں جمع
شدہ خاک -
عَلِد ـَـ عَلَدًا : سخت اور
مضبوط ہونا - سرکش ہونا -
اِعْلَنْدَی : موٹا و مضبوط ہونا -
عَلْد ج اَعْلَاد : سخت - گردن کا
سخت پٹھا - حرکت سے انکار کرنے
والا
عَلَنْدَی ج عَلَانِد و عُلَادَی
موٹا و سخت - بڑا -
عَلَنْدَد : بہت موٹا و مضبوط
مَا لِيْ عَنْهُ مُعْلَنْدَد : میں اس سے

پچ نہیں سکتا - میرے پاس اس کو حاصل
کرنے کا کوئی ذریعہ نہیں -
عَلَوَّد : جمے رہنا - حرکت سے انکار
کرنا - (اونٹ)
اِعْلَوَّدَ : سنجیدہ ہونا (آدمی)
عِلْوَدٌّ و عَلْوَدٌ و عِلْوَدٌ : پورا
جوان (اونٹ) موٹی (گردن) بڑی (گوہ)
سنجیدہ سرد مزاج (سردار)
عَلِزَ ـــ عَلَزًا : بے آرام ہونا
گھبرانا (مریض)
اَعْلَزَ : عاجز کرنا - بے آرام کرنا -
(درد)
ـــ الیٰ : مائل ہونا - مشتاق ہونا -
ـــ من : بیمار ہونا -
عَلِزٌ : بے آرام - گھبرانیوالا -
عِلَّوْزٌ : کالک - درد قولون - غصہ
ناگہانی موت -
عَلَسَ ـــ عَلْسًا : پانی (پینا)
عَلَسَ : سخت ہونا (بیماری)
مَا عَلَسْتُهُ تَعْلِيسًا : انہوں نے
اس کو ذرا بھی خوراک نہیں دی -
عَلْسٌ و عُلَاسٌ و عَلُوسٌ : خوراک
طعام -
مَا عَلَسْنَا عَلُوسًا : ہم نے کچھ
نہیں کھایا -
عَلَسٌ : ایک قسم کی گندم - مسور
مُعَلَّسٌ : تجربہ کار -
عَلَّصَ فی : درد کرنا (بد ہضمی کا
معدہ میں)
عَالَصَ : مارنا - کشتی لڑنا -
اِعْتَلَصَ مِنْهُ شَيْئًا : اس نے
اس سے بہت تھوڑا لیا -

عِلَّوْصٌ : بدہضمی - درد قولون
عُلْصَةٌ : بہت تھوڑا -
عَلَضَ ـــ عَلْضًا : نکالنے کے
لئے ہلانا (میخ)
عَلَطَ ـــ عَلْطًا و عَلَّطَ :
جلا کر گردن پر نشان لگانا (اونٹ کو)
عَلَطَ بِالْقَوْلِ : بدنام کرنا -
ـــ و عَلَّطَ بِشَرٍّ : بے عزت کرنا -
عَلَّطَ : لگام اتارنا (جانور کی)
اِعْتَلَطَ دب : جھگڑنا -
اِعْلَوَّطَ : گردن سے لٹک کر سوار
ہونا (اونٹ پر)
ـــ الْأَمْرَ : کام میں بغیر سوچنے کے
کود پڑنا -
عُلُطٌ ج اَعْلَاطٌ : بغیر نشان اور
مہار کے (اونٹنی)
عُلْطَةٌ ج عُلَطٌ : مالا - قمری کی
گانی - سیاہ سرمہ -
عِلَاطٌ ج اَعْلِطَةٌ و عُلُطٌ :
گردن کا کنارہ - اونٹ کی گردن کی رسی
جھگڑا - سورج کی شعاع -
ـــ و اِعْلِيطٌ : اونٹ کی گردن کا
نشان -
اَعْلَاطُ الْكَوَاكِبِ : بے نام ستارے
عَلَفَ ـــ عَلْفًا و عَلَّفَ و
اَعْلَفَ : چارہ کھلانا (جانور کو)
عَلَفَتِ الرَّجُلُ : آدمی نے بہت پیا -
عَلَّفَ و اَعْلَفَ : پھلی نکالنا (درخت
ببول)
تَعَلَّفَ : چارہ تلاش کرنا -
اِعْتَلَفَ : چارہ کھانا (جانور)
اِسْتَعْلَفَ : ہنہنا کر چارہ مانگنا (گھوڑا)

عَلَفٌ ج اَعْلَافٌ و عِلَافٌ و
عُلُوفَةٌ : چارہ -
عَلُوفٌ : بہت کھانے والا -
عُلَّفٌ : ببول کے درخت کا پھل -
عَلَّافٌ ج عَلَّافَةٌ : چارہ فروخت
کرنے والا -
عَلُوفَةٌ ج عُلُفٌ : چارہ -
عُلُوفَةٌ ج عَلَائِفُ : مزدوری -
خوراک - سپاہی کی تنخواہ - پنشن -
عَلُوفَةٌ و عَلِيفٌ و مَعْلُوفٌ :
جگہ پر چارہ کھانے والا - جانور جس کو
چراگاہ میں نہ بھیجا جائے -
عُلْفُوفٌ : بداخلاق - بوڑھا -
موٹا اور بالوں والا (آدمی) اعلی النسل
کا گھوڑا
مُعَلَّفٌ : موٹا کیا ہوا (مویشی)
مَعْلَفٌ (ج مَعَالِفُ) و مِعْلَفٌ :
کھرلی - جانوروں کے گھاس کھانے
کی جگہ - استھان
عَلْفَطَ : ملانا -
عَلَقَ ـــ عَلْقًا و عُلُوقًا من :
اوپر سے چرنا (جانور کا پودہ کو)
ـــ ه بِلِسَانِهِ : اس نے اس پر
الزام لگایا یا گالی دی -
عَلِقَ : گلے میں جونکوں والا ہونا -
عَلِقَ ـــ عَلَقًا ب : لٹکانا - پکڑنا
چمٹنا - متعلق ہونا -
ـــ عُلُوقًا ب : پھنس جانا (وحشی
کا جال میں) حاملہ ہونا -
ـــ عُلُوقًا و عِلْقًا و عَلَقًا و
عَلَاقَةً ب : پیار کرنا - محبت کرنا
ـــ عُلُوقًا و عِلْقًا و عَلَقًا و

عَلَاقَةُ الشَّوكِ بِالثَّوبِ: کانٹوں کا کپڑوں سے الجھنا۔

عَلِقَ يَفْعَلُ: وہ کرنے لگ پڑا۔

عَلَّقَ ب و علی: لٹکانا۔ جوڑنا۔ (معاملہ)

—: بند کرنا (دروازہ)

— من: مختصر کرنا۔

عُلِّقَ: عاشق ہونا۔

أَعْلَقَ: جونک لگانا۔

— القَوْسَ: کمان کو لٹکانے کے لئے رسی وغیرہ باندھنا۔ کمان لٹکانے والا تسمہ لگانا۔

أَعْلَقَ الصَّائِدُ: شکاری کے جال میں شکار کا پھنسنا۔

أَعْلَقَ ب: باندھنا۔

أَعْلَقَ ظُفْرَهُ بِالشَّيءِ: اس نے اپنا ناخن چیز میں چبھویا۔

تَعَلَّقَ ب: لٹکانا۔ چمٹنا۔

— و اِعْتَلَقَ ب: محبت لگانا۔ چمٹنا۔

عَلَقٌ: کپڑے کا سوراخ

— و عِلْقٌ ج أَعْلَاقٌ و عُلُوقٌ قیمتی چیز۔ نفیس۔ تھیلا۔

عِلْقُ عِلْمٍ: مشتاق علم

عَلَقٌ: پُلی۔ کنویں کی رسی۔ مشک یا کمان کے لٹکانے کا تسمہ۔ جونک خون۔ جمنے والی مٹی۔ لٹکائی ہوئی چیز۔

عَلَقَةٌ ج عَلَقَاتٌ و عَلَقٌ: جونک

عَلْقَةٌ ج عَلَقٌ: مار۔

عِلْقَةٌ: بغیر آستین کے قمیص قیمتی نفیس کپڑا۔

عُلْقَةٌ ج عُلَقٌ: جائداد۔ تعلق۔ سامان تھوڑی چیز۔ درختوں کا وہ حصہ جس کو مویشی کھائیں۔

لَمْ يَبْقَ عِنْدَهُ عُلْقَةٌ: اس کے پاس کچھ نہیں رہا۔

لِيْ فِي هٰذا عُلْقَةٌ: مجھے اس میں دلچسپی ہے۔

عَلَاقٌ: تھوڑا سا۔ بقیہ۔ دودھ خوراک۔

عَلَاقَةٌ ج عَلَائِقُ: تعلق۔ سچی دوستی۔ جھگڑا۔ احسان۔ خون بہا۔ کفالت۔ روزی۔ پیشہ۔ تجارت۔ روزی کا ذریعہ۔ جہیز۔

عِلَاقَةٌ ج عَلَائِقُ: محبت۔ ونہ لٹکانے کا تسمہ۔ چابک کا تسمہ۔ پھل کی ڈانڈی۔

عِلَاقَةٌ ج عَلَائِقُ: تعلق۔ ہانڈی وغیرہ لٹکانے کی چیز۔

عَلُوقٌ: مصیبت۔ موت۔ دودھ نہ دینے والی اونٹنی۔ بہت چمٹنے والا۔

عَامَلَنَا مُعَامَلَةَ العَلُوقِ: اس نے ہم سے دودھ نہ دینے والی اونٹنی کا سا سلوک کیا۔ (امید توڑ دی)

عَلِيقٌ: جو وغیرہ جو گھوڑوں کو کھلائے جاتے ہیں۔

عَلِيقَةٌ ج عَلِيقَاتٌ و عَلَائِقُ: اونٹ جو غلہ لانے کے لئے روانہ کئے جائیں۔

عُلَّيْقٌ و عُلَّيْقَى: کانٹے دار جھاڑی ایک بیل ہے جو درختوں سے چمٹ جاتی ہے۔

عَوْلَقٌ: دیو۔ چھلاوہ۔ بھیڑیا۔ دم۔ بھوک

تَعْلِيقَةٌ ج تَعَالِيقُ: کتاب کا حاشیہ۔ کتاب کا ضمیمہ۔

رَجُلٌ ذُو مَعْلَقَةٍ: آدمی جو ہر چیز سے چمٹا رہے۔ لٹیرا۔

مِعْلَقٌ ج مَعَالِقُ: دودھ دوہنے کا برتن۔

مَعْلَقَةٌ (بجائے مَلْعَقَة) چمچہ۔

مُعَلَّقٌ: لٹکایا ہوا۔ محبت کا قیدی۔ جونک والا (جانور) عورت جس کو خاوند نہ آباد کرے اور نہ طلاق دے۔

مُعَلَّقَاتٌ: زمانہ جاہلیت کے شعرا کے سات مشہور قصیدے۔

مِعْلَاقٌ ج مَعَالِيقُ: زبان۔ رکاب کا چمڑا۔ جس سے کوئی چیز لٹکائی جائے۔

مَعَالِيقُ: اعضائے رئیسہ۔ (دل۔ تلی۔ جگر۔ پھیپھڑے)

مِعْلَاقٌ و ذُو مِعْلَاقٍ: مقدمہ باز۔ جھگڑالو۔

تَعَلُّقَاتٌ و تَعَلُّقَاتٌ: کاروبار۔

عَلْقَمَ: کڑوا ہونا یا کرنا۔

عَلْقَمٌ ج عَلَاقِمُ: حنظل۔ کڑوی چیز۔

عَلَكَ ـُ عَلْكًا: چبانا۔ گوندھنا (آٹا) پیسنا (دانت)

عَلَّكَ: اچھا رنگنا۔ (چمڑا) پرورش کرنا (مویشی) انتظام کرنا (جائداد کا)

اِعْلَنْكَكَ الشَّعْرُ: بال بہت سیاہ یا گھنے ہوگئے۔

عِلْكٌ ج عُلُوكٌ و أَعْلَاكٌ: چبانے کے لئے گوند

عِلْكَةٌ: چبانے کے لئے گوند کا ٹکڑا

عَلِكٌ: گاڑھی لیسدار سخت (خوراک)

العَلِكَات: ڈاڑھیں۔
عَلَّاك: گوند فروخت کرنے والا۔ بہت چبانے والا۔
عَوْلَك: گفتگو کی روک۔
عَلَمَ ـِ عَلْمًا: نشان کرنا
عَلَمَ الشَّفَةَ: ہونٹ چیرنا۔
ــــ ـُ: علم میں بڑھ جانا۔
عَلِمَ ـَ عِلْمًا: جاننا۔ علم رکھنا یقین کرنا۔ مضبوط کرنا (کام)
ــــ و ب: سیکھنا۔ اطلاع پانا۔ واقف ہونا۔
عَلِمَ ـَ عَلَمًا: اُوپر کے چرے ہوئے ہونٹ والا ہونا۔
عَلَّمَ و اَعْلَمَ و ب: سکھانا۔
عَلَّمَ له عَلَامَةً: علامت مقرر کرنا۔
عَالَمَ: علم میں غالب آنا۔
اَعْلَمَ: لڑائی کا نشان لگانا (گھوڑے پر) کپڑے پر نشان بنانا۔ اطلاع دینا
تَعَلَّمَ: عالم ہونا۔ سیکھنا۔ مضبوط کرنا۔
تَعَلَّمْ: افعال ظن میں سے یعنی اِعْلَمْ:
تَعَالَمَ: آپس میں سیکھنا۔ مکر سیکھنا۔
اِعْتَلَمَ: جاننا۔ بہنا (پانی) چمکنا (بجلی)
اِسْتَعْلَمَ: دریافت کرنا۔ جاننے کی خواہش کرنا۔
عَلَم ج اَعْلَام و عِلَام: نشان حدبندی کا پتھر۔ راستہ کا نشان اُونچا پہاڑ۔ اُوپر کے ہونٹ کا چیر۔ منارہ

ــــ ج اَعْلَام: کپڑے کے نقش و نگار جھنڈا۔ قوم کا سردار
عِلْم ج عُلُوم: سائنس۔ اشیاء کی اصلیت کی سمجھ۔ پختہ یقین۔
عَلَّام: کتاب پر نشان کرنے والا۔ نشانہ۔ مدعا۔
عَلَامَة ج عَلَام و عَلَامَات: نشان۔ راستہ معلوم کرنے کی پوسٹ میل کا پتھر۔
اِعْلَام: اطلاع۔
عَالَم ج عَوَالِم و عَالَمُون: تمام مخلوق۔ جہان۔ دُنیا۔
عَالِم ج عُلَمَاء و عُلَّام و عَالِمُون: جاننے والا۔ واقف۔ عالم۔
عَالِمَة ج عَوَالِم: گانے یا ناچنے والی عورت۔
عَلَّام و عَلَّامَة و تِعْلِمَة و تِعْلَامَة: بڑا عالم۔ باز۔ نسب نامہ میں خوب ماہر۔
عَلِيم ج عُلَمَاء: علم والا۔
عَيْلَم ج عَيَالِم: بہت پانی والا کنواں۔ سمندر۔ نر گرگٹ بگرا۔ مینڈک۔ موٹا۔ نازک۔
عَيْلَامٌ ج عَيَالِمُ و عَيَالِيمُ: نر گرگٹ بگرا۔
اَعْلَم (م) عَلْمَاء ج عُلْم: پھٹے ہوئے ہونٹ والا۔
مَعْلَم ج مَعَالِم: راستہ کی نشانی علامت۔
مَعْلَمُ الشَّيْءِ: چیز کے پائے جانے کی جگہ۔

مُعْلَم: نشان کیا ہوا (کپڑا۔ سکہ)
مَعْلُوم ج مَعَالِيم و مَعْلُومَات: فیس جو کاریگر کو ادا کی جاتی ہے۔
عِلْمَاد و عِلْمَادَة ج عَلَامِيد و عَلَامِدَة: تکلا۔
عَلَنَ ـُ و عَلُنَ ـُ و عَلِنَ ـَ عُلُونًا و عَلَنًا و عَلَانِيَةً و اِعْتَلَنَ و اِسْتَعْلَنَ: ظاہر ہونا۔
عَالَنَ مُعَالَنَةً و عِلَانًا و اَعْلَنَ ب: ظاہر کرنا (دشمنی)
عَالَنَ و اَعْلَنَ و ب ل: اظہار کرنا۔
اَعْلَنَ: اظہار کرنا۔
عُلَنَة: راز افشا کرنے والا۔
عَلَانِيَة: کھلم کھلا۔
عَلَانِيَة (ج عَلَانُون) و عَلَانِيّ ج عَلَانِيُّون: آدمی جس کا معاملہ کھلم کھلا ہو۔
عَلِهَ ـَ عَلَهًا: حیران ہونا۔ بہت مصروف ہونا۔ متوالا ہونا۔ بھوکا ہونا۔ بدفطرت ہونا۔ تیز ہونا (گھوڑا) قابل ملامت ہونا۔
عَلْهَان (م) عَلْهَى ج عِلَاه و عَلَاهَى: حیران۔
عَلَا ـُ عُلُوًّا و عَلِيَ ـَ عَلَاءً و اِعْتَلَى: بلند ہونا۔ اُوپر چڑھنا درجہ میں ترقی کرنا۔
عَلَا ب: اُٹھانا۔
عَلَا: غالب آنا۔ چڑھنا۔
ــــ ب: مارنا (تلوار سے)
ــــ المَكَانَ و بِهِ: مکان پر چڑھنا
ــــ فِي الْاَرْضِ: مغرور ہونا۔

— فی المَکَارِم: درجہ میں بلند ہونا
— الدابۃ: چارپایہ پر سوار ہونا
عَلّٰی و عَالٰی و اَعْلٰی: بلند کرنا۔
عَلَّی الشَّیْئَ: چیز پر چڑھنا۔
عَلَّی عن: اُتارنا (بوجھ)
عَالٰی و اَعْلٰی: درجہ میں غالب آنا
عَالٰی دبٍ: چڑھنا۔ سوار ہونا۔
عَالِ عَنِّی: مجھ سے دُور ہو۔
تَعَلّٰی: آہستہ چڑھنا۔
— و تَعَالٰی: بلند ہونا۔ مغرور ہونا۔
— و تَعَالٰی من: صحت پانا۔ (عورت کا مرض سے)
تَعَالَ: آجا۔ چلا آ (فعل امر)
اِسْتَعْلٰی: بلند ہونا۔ بلند پانا۔ غالب آنا۔
— و اَعْلَوْلٰی: چڑھنا۔
عَلُ: اُوپر۔
من عَلُ و من عَلٍ و من عَلاً و من عَلْوٍ و من عَالٍ: اُوپر سے (من عَلُ بحالت معرفہ من عَلٍ بحالت نکرہ)
من عَلْوٍ و من عَلاً و من عَالٍ: یعنے من عَلُ۔
هُمْ عِلْیُ القَدَمِ: وہ قوم کے سردار ہیں۔
عَلاء و عُلَیّ: شان و شوکت۔ شرافت۔ بلند درجہ۔
عَلْی و عَلَایَۃ: بلند جگہ۔ بلندی
عَلْو و عُلْو و عِلْو: سب سے اُونچی جگہ۔
اَخَذَہٗ عَلْوًا: اس نے اس کو زبردستی لے لیا۔

عِلَاوَۃ ج عَلَاوَی و عَلَاوِیّ: گردن یا سر کا اُوپر کا حصہ۔ زیادتی۔ اصلی بوجھ سے زائد۔
عُلَاوَۃ: اُوپر کا حصہ۔
عُلُوّ: بلندی۔
عَلَاۃ ج عَلاً و عَلَوَات: آہرن بلند اُونٹنی۔
عَلِیّ ج عَلِیُّوْن و عِلْیَۃ: بلند شریف۔ مشہور۔ سخت۔ اسمائے حسنیٰ میں ایک اسم۔
عِلْیَۃ النَّاس: لوگوں کے سردار
عُلِّیَّۃ ج عَلَالِیّ: بالاخانہ۔
عِلِّیُّوْن: اعلے جنت۔ فرشتے برکت والا۔
عَالٍ: بلند۔ شاندار۔
عَالِی الکَعْب: شریف۔
اَتَیْتُہٗ من عَالٍ: میں اس کے پاس اوپر سے آیا۔
عَالِیَۃ ج عَالِیَات و عَوَالٍ: بلند حصہ۔ نیزہ کی نوک۔ یا نیزہ کا اُوپر کا نصف۔
عَوَالِی: نیزے۔ نجد کی سطوح مرتفع
عَالِیّ: عرب کی سطوح مرتفع کا رہنے والا۔
عُلْوِیّ: مدینہ کی اُونچی جگہوں کا باشندہ
عَلْیَاء: بلند جگہ۔ پہاڑ۔ آسمان اُونچا۔
اَعْلٰی (م) عُلْیَا ج اَعَالٍ و عُلیٰ: زیادہ بلند۔ زیادہ شریف۔
عِلْیَان و عَلُیَان: بلند۔ موٹا۔ (مذکر و مؤنث) نرگرگا بگڑ۔ سامانِ خانہ۔

— و عِلِّیَّان: بلند آواز
عُنْیَان: کتاب کا عنوان
مَعْلَاۃ ج مَعَالٍ: بزرگی۔ شرافت۔ ہنر۔ درجہ۔
المُعَلّٰی: کھیل کا ساتواں تیر۔
مُتَعَالٍ: بلند۔
الحُرُوف المُسْتَعْلِیَۃ: حروف خ۔ص۔ض۔ط۔ظ۔غ۔ق۔
عَلْوَن عَلْوَنَۃً و عُلْوَانًا
الکِتَاب: خط پر مکتوب الیہ کا پتہ لکھنا کتاب کا نام لکھنا۔
عُنْوَانُ الکِتَاب: کتاب کا عنوان خط کا پتہ۔
عَلَی ـَ عَلْیًا و عُلِیًّا: چڑھنا (سطح پر)
عَلِیَ و عُلْیًا و عَلْیَاء و عُلْیَان و عَلَایَۃ و عِلْیَۃ و عِلِیٌّ و عَلِیٌّ: بلند۔
عَلٰی: یہ حرف جار ہے۔ مندرجہ ذیل معنوں پر استعمال ہوتا ہے۔ استعلاء جیسے علی ظهر المدابۃ۔ (گھوڑے کی پیٹھ پر) (۲) مصاحبۃ بمعنے بَذَلَ المال علی فَقْرِہٖ: اس نے مال باوجود احتیاج کے خرچ کیا (۳) بمعنے عَنْ جیسے رَضِیَ علیہ: اس سے خوش ہوا (۴) بمعنے تعلیل جیسے عَلَامَ تَضْرِبُنِی: تو مجھے کیوں مارتا ہے۔ (۵) بمعنے ظرفیت جیسے۔ دخل المدینۃ علی حِیْنِ غَفْلَۃٍ: شہر میں بے خبری میں داخل ہوا۔ (۶) موافقت باء جیسے ارکب علی اسم اللّٰه: خدا کا نام لیکر سوار ہو۔ (۷) بمعنے استدراک

جیسے عَلَی اَنَّ قُربَ الدّارِ خَیْرٌ
مِنَ الْبُعْدِ: لیکن گھر کا قرب دوری
سے بہتر ہے۔ (۸) کبھی مِن کے بعد
فوق کے معنے دیتا ہے۔ جیسے اَقَامَ
مِن عَلَی جَنَاحِ الْهَیْکَلِ: وُہ
ہیکل کے بازو پر کھڑا ہوا۔
عَلَیْکَهُ وبِهِ: وُہ مجھے دیدو۔
عَلَیْکَ زَیْدًا: زید کو جھٹ جاؤ۔
عَمَّ ـُ عُمُومًا: عام ہونا۔
— عَمَّا الْقَوْمَ ب: تمام کو
شامل کرنا۔
عُمِّمَ: اُسُّهُ عَمًّا وعُمَمًا:
اس کے سر پر پگڑی لپیٹی گئی۔
عَمَّ ـُ عُمُومَةً: چچا ہونا۔
عَمَّمَ: عام کرنا۔
عَمَّمَہٗ: پگڑی پہنانا۔ سردار
بنانا۔
اَعَمَّ: معزز چچوں والا ہونا۔
تَعَمَّمَ واعْتَمَّ واِسْتَعَمَّ:
پگڑی پہننا۔
تَعَمَّمَ: چچا پکارنا۔
اِعْتَمَّ الشَّابُ: جوان لمبا ہو گیا۔
اِسْتَعَمَّ: چچا سمجھنا۔
عَمٌّ: بڑا گروہ۔
عَمٌّ ج عُمُومَةٌ واَعْمَامٌ و
اَعُمٌّ: چچا۔
— وعُمٌّ: لمبی کھجوریں۔
عَمَّةٌ ج عَمَّاتٌ: پھوپھی۔
عِمَّةٌ: پگڑی باندھنے کی ہیئت
عُمِّیٌّ: عام۔
عُمُمٌ: جسم کا کمال۔ مال وجوانی
کا کمال۔

عَمَمٌ: کثرت۔ اجتماع۔ عام۔
رَجُلٌ عَمَمٌ: آدمی جس کی نیکی
اور عقل کامل ہو۔
عُمُومٌ: عمومیت۔ سب پر شمولیت
عُمُومَةٌ: چچا کا رشتہ۔
عِمَامَةٌ ج عَمَائِمُ وعِمَامٌ:
پگڑی۔ قحط۔ قیامت۔
— الامر: بات نہ جاننا
عَیِیَ ۔ عَیّاً فی المنطق:
کلام میں رک جانا۔
عَیّا تَعیِیَۃ و عایا مُعایاۃً:
مطلب بیان نہ کرسکنا۔
عایاہ: اس نے اس سے پیچیدہ
گفتگو کی۔
اَعیا: تھکنا۔ تھکانا۔ عاجز کرنا
(بیماری کا طبیب کو)
تَعایا عَلَیہ و تعایاہ: عاجز
کرنا۔
تعایا و تَعیّا و استعیا بالامر
کام کے ناقابل ہونا۔
عَیاءٌ: ناقابل علاج (بیماری)
تکان۔
عَیِیٌّ ج اَعیاء و عَیِیٌّ ج
اَعییاء و اَعیِیَۃ: نالائق
بزدل۔ ہکلا۔ کلام میں رکنے والا۔
عَیّان: عاجز۔ ناکارہ۔
اُعیِیّۃ: پیچیدہ کلام۔
مُعیٍ: تھکا ہوا۔ عاجز۔ ناکارہ

غ=۱۰۰۰

غَبَّ ـــ غِبًّا علی: ایک دن کے بعد آنا (تپ)

ـــ عن: ایک دن چھوڑ کر دوسرے دن آنا۔

زَارَہٗ غِبًّا: ناغہ کر کے ملاقات کرنا۔

غَبَّ ـــ غِبًّا و غُبُوبًا: ایک دن چھوڑ کر پانی پینا (مویشی)

ـــ وَأَغَبَّ عِنْدَہٗ: رات گذارنا

ـــ غِبًّا وَأَغَبَّ: بدبودار ہونا۔ (گوشت)

غَبَّتِ الأُمُورُ: کام انتہا کو پہنچ گئے۔

غَبَّبَ فی: کوتاہی کرنا۔ بہت نقصان کرنا (بھیڑیا بھیڑوں میں)

ـــ عن فُلَانٍ: فلاں سے دور کرنا۔

غَبَّبَ: خراب ہونا۔ بکری کا گلا پکڑنا (بھیڑیا)

أَغَبَّ: ایک دن چھوڑ کر ملاقات کو جانا۔ تیسرے روز پانی پلانا (مویشی کو) تیسرے روز دودھ دینا (اونٹنی)

ـــ وعلی: تیسرے روز آنا (بخار)

تَغَبَّبَ: نتیجہ کو دیکھنا۔

غِبٌّ: عاقبت۔ نتیجہ۔ انجام۔ بعد۔ دور کا (پانی)

غِبًّا: کبھی کبھی۔ ناغہ سے۔

زُرْ غِبًّا تَزْدَدْ حُبًّا: کبھی کبھی ملاقات کرو زیادہ محبت پاؤ گے۔

حُمَّی الغِبِّ: تیسرے کا بخار۔

غُبٌّ ج أَغْبَاب و غُبُوب: پست زمین۔ لہر جو کنارہ سے ٹکرائے۔ خلیج۔ بہت موج مارنے والا دریا۔

غُبَّۃ: خوراک کی تھوڑی سی مقدار۔

غَبَّۃ: گھونٹ۔

غَبَب ج أَغْبَاب: مرغ یا گائے بیل کے گلے سے لٹکنے والا گوشت یا گھینگا یا گلتھا۔

غَبِیبٌ: باسی گوشت۔ پانی کی چھوٹی ندی۔

غَبِیبَۃ: صبح اور شام کا ملایا ہوا دودھ

تَغْبِبَۃ: جھوٹی گواہی۔

مَغَبَّۃ: انجام۔ نتیجہ۔

غَبْغَبَ: تجارت میں دھوکا دینا

غَبْغَب ج غَبَاغِب: بیل یا مرغ کے گلے کے نیچے لٹکنے والا گوشت۔ منیٰ میں قربانی کی جگہ۔

غَبَثَ ـــ غَبْثًا: ملانا (پنیر گھی)

ـــ وإِغْبَثَّ: مٹیالا رنگ ہونا۔

غُبْثَۃ: خاکی رنگ۔ مٹیالا رنگ۔

أَغْبَث: مٹیالا۔ خاکی۔

غَبِیثَۃ: خوراک جو پنیر و مکھن سے بنائی جائے۔

غَبَجَ ـــ غَبْجًا: گھونٹ گھونٹ پینا۔

غُبْجَۃ: گھونٹ۔

غَبَرَ ـــ غُبُورًا وأَغْبَرَ وأَغْبَرَّ: خاکستری رنگ ہونا۔

غَبَرَ ـــ غُبُورًا: گزر جانا ٹھہرنا غبار آلودہ ہونا۔

غَبِرَ ـــ غَبَرًا: زخم کا خراب ہونا۔ کینہ رکھنا۔ غبار آلودہ ہونا۔

غَبَّرَ: غبار اڑانا۔ غبار آلودہ کرنا

ـــ باسم اللّٰہ: خدا کا نام دہرانا

ـــ وأَغْبَرَ: غبار اڑانا سبقت لے جانا۔

أَغْبَرَتِ السماءُ: آسمان کی بارش کا زور سے برسنا۔

أَغْبَرَ فی: زور سے مشغول ہونا۔

أَغْبَرَ: غبار آلودہ ہونا۔

اِغْبَرَّ اِغْبِرَارًا: خاکستری رنگ ہونا۔ بہت غبار والا ہونا (دن)

غِبْرٌ: کینہ۔

غُبْرٌ ج أَغْبَار، و غُبَّر ج غُبَّرَات: چیز کا بقیہ۔

غَبَرَۃ و غُبْرَۃ و غُبَار: خاک۔ مٹی۔

غُبْرَۃ: خاکستری رنگ۔

دَاهِیَۃُ الغَبَر: مصیبت

غَبِر: خراب شدہ (زخم) ناسور۔

غَابِر ج غُبَّر و غَابِرُون: جانے والا۔ گذشتہ۔ باقی رہنے والا زمانہ مستقبل۔

غُبَّرُ اللیل: رات کے آخری حصے۔

غُبَّرُ الشیءِ: چیز کے باقی ماندہ حصے۔

أَغْبَر (م) غَبْرَاء ج غُبْر: خاکستری رنگ والا۔ جانے والا۔

الغَبْرَاء: زمین۔ مادہ تیتر۔

بَنُو الغَبْرَاء: فقراء۔

غُبَیْرَاء (غَبْرَاء کی تصغیر): جوار سے بنی ہوئی شراب۔ ایک قسم کا پودا

جَاءَ علی غُبَیْرَاء الظُّهْر: اس کو کچھ نہ ملا۔

تَرَکَہٗ علی غُبَیْرَاء الظُّهْر اس نے اس کو مفلس چھوڑا۔

غُبْرُور (س): خاکستری رنگ کی چڑیا

مُغَبَّر: خاک آلودہ۔

مُغَبِّرَۃ: پرہیزگار لوگ جو خدا کے نام کو یاد کرتے ہیں۔

غَبَس ــ غَبْسًا و اَغْبَس و اِغْبَیْس و اِغْبَاس: تاریک ہوتا (رات)

اَغْبَس: خاکستری رنگ کا ہونا۔ (بھیڑیا)

غُبْسَۃ و غَبَس: تاریکی۔ بھورا رنگ۔

اَغْبَس ج غُبْس: بھورے رنگ والا۔ حریص (بھیڑیا) کمیت (گھوڑا) سیاہ (رات)

غَبِش ــ غَبَشًا و اَغْبَش: دھوکا دینا۔ ختم ہونے پر پہونچنا۔ (رات)

غَبَّش: دھندلا دیکھنا (آنکھ)

تَغَبَّش: ظلم کرنا۔ دھوکا دینا۔ جھوٹا دعوے کرنا۔

غِبَش (ج اَغْبَاش) و غُبْشَۃ: صبح سے پہلے کا سخت اندھیرا۔ رات کا آخری بقیہ۔

غَبَاشَۃ: نظر کی کمزوری۔

غَبِش (م) غَبِشَۃ و اَغْبَش (م) غَبْشَاء ج غُبْش: سیاہ (رات)

غَبِصَت ــ غَبَصًا: رونے کی وجہ سے بہت چرکدار ہوتا (آنکھ)

غَبَص: آنکھ کی چرک۔

غَبَط ــِ غَبْطًا: ہاتھ سے ٹٹولنا (جانور کو)

غَبَط و غَبِط ــ غَبْطًا و غِبْطَۃً: رشک کرنا۔

غَبَّط: رشک دلانا۔

اَغْبَط: لگاتار برسنا (بادل) گنجان ہونا (نباتات)

ـــ علی فُلَانٍ: لگاتار رہنا (بخار)

ـــ علی: جانور کی پیٹھ پر رکھنا (زین)

تَغَبَّط: خوش ہونا۔

ـــ وانْغَبَط: ناراض ہونا۔ تنگ ہونا

اِغْتَبَط و اُغْتُبِطَ: خوشی اور اچھی حالت میں رہنا۔

غَبْط: اچھی حالت۔

ـــ و غِبْط ج غُبُوط: کٹے ہوئے غلہ کی پولیاں۔

غِبْطَۃ: خوشی۔ حسنِ حال۔ رشک لاٹ پادری کا لقب۔

غَبِیْط ج غُبُط: اُونٹ کا پالان۔ پست زمین جو کناروں سے اُونچی ہو۔ پانی کی ندی جو اونچی زمین کو کاٹ کر اس کے اندر سے چلے۔

غَبِّیط: دریا کا بھنور۔

سَمَاء غَبَطی: لگاتار برسنے والا آسمان۔

غَابِط ج غُبَّط: رشک کرنے والا

مُغْبَطَۃ: نباتات سے ڈھکی ہوئی (زمین) بھنور والا (دریا)

مُغَبَّط: کیچڑ والی (سڑک) ناراض۔

غَبْغَب ج غَبَاغِب: گوشت جو مرغ یا بیل کے گلے سے لٹکا ہوا ہو۔ گلتھا۔

غَبَق ــُ غَبْقًا: شام کو پلانا۔

ـــ الغَنَمَ: شام کو پانی پلانا یا دودھ دُھنا بکریوں کا۔

تَغَبَّق: شام کو دودھ دُھنا۔

اِغْتَبَق: شام کو پینا۔ شام کو پلانا شام کو دھنا (اُونٹنی)

غَبَّق: شام کو پلانا۔

غَبُوق: جو چیز شام کو پی جائے۔ اُونٹنی جو شام کو دوہی جائے۔

غَبْقَان (م) غَبْقَی: شام کے وقت پینے والا۔

غَبَن ــُ غَبْنًا و غَبَنًا فی: دھوکا دینا۔ (خرید و فروخت میں)

غَبَن: چھپانا۔ غبن کرنا۔

غَبَن ــُ غَبْنًا: تنگ یا چھوٹا کرنے کے لئے موڑ کر سینا (کپڑا)

غَبِن ــَ غَبْنًا و غَبَنًا فی: بھولنا غلطی کرنا۔

غَبِن ــَ غَبَانَۃً و غَبْنًا: کندذہن ہونا۔ غلطی کھانا۔

غَبِنُوا خَبَرَ الشَّیْءِ: اس چیز کی خبر نہ تھی۔

تَغَابَن: ایک دوسرے کو دھوکا دینا۔ یا نقصان میں ڈالنا۔

یَوْمُ التَّغَابُن: قیامت کا دن۔ کیونکہ اس روز اہل دوزخ نقصان میں رہینگے۔ مجازًا افسوس کا دن۔

اِغْتَبَن: بغل میں چھپانا۔

غَبْن و غُبْن و غَبَن ج غُبُون: خرید و فروخت میں دھوکا۔ فریب۔ کمزوری نسیان۔

غَبَانَۃ: عقل کی کمزوری۔

غَابِن : دھوکا دینے والا۔ کام سے سستی کرنے والا۔ بزدل۔
غَبَابِیّ : کشمیری کپڑا۔
غَبِیْن و مَغْبُوْن : ضعیف الرائے شریر۔
غَبِیْنَة : دھوکا۔
مَغْبِن ج مَغَابِن : بغل جسم کی سلوٹ
مَغْبُوْن : سودے میں دھوکا خوردہ
مُغَابَنَة : سوداگری میں دھوکا دہی
غَبِیَ ـِـ غَبًا و غَبَاوَةً و عن : غبی ہونا۔ کند ذہن ہونا۔ بے سمجھ ہونا۔
غَبِیَ علی او من : مخفی رہنا۔
تَغَابَیٰ عن : غافل ہونا۔
تَغَبَّیٰ و اسْتَغْبَیٰ : غبی سمجھنا یا پانا۔
تَغَابَیٰ : غفلت ظاہر کرنا۔
غَبَاء : پوشیدہ۔ زمین سے پوشیدگی۔ بلند غبار۔
غَبْوَة و غُبْوَة : غفلت۔
غَبْو : ہلکی دھند۔
غَبَاوَة : جہالت۔ بے وقوفی۔ کند ذہنی۔
غَبِیّ ج اَغْبِیَاء و اَغْبَاء : سادہ لوح۔ بے وقوف۔ کند ذہن۔ جاہل۔
غَبَّیٰ : ڈھانپنا۔ چھپانا۔ چھوٹے کرنا یا جڑھ سے اکھیڑنا (بال)
اَغْبَیٰ : بوچھاڑ برسانا (بادل)
غَبْیَة ج غَبَیَات : بوچھاڑ۔ آسمان کا غبار۔
جَاءَ علی غُبَیْبَة الشَّمْس : وہ سورج کے غروب کے وقت آیا۔
اَغْبَیٰ (م) غَبْیَاء ج غُبْی : لپٹی ہوئی (شاخیں)

مَغْبَاة ج مَغَابٍ : شکار کا گڑھا جو مٹی سے ڈھانکا ہوا ہو۔
غَتَّ ـُـ غَتًّا فی : ڈبونا (پانی میں)
—— : رنج دینا۔ غمگین کرنا۔ خراب ہونا۔ (طعام۔ کلام) برتن سے منہ ہٹائے بغیر گھونٹ گھونٹ پینا (پانی) منہ پر کپڑا یا ہاتھ رکھکر چھپانا (ہنسی)
—— بِالْکَلَام : سرزنش کرنا۔ ملامت کرنا۔
غَتَّتَ و اَغَتَّ : خراب کرنا (کھانا)
غَتِلَ ـَـ غَتَلًا : بہت درختوں والی ہونا (زمین)
غَتِلَة : بہت درختوں والی (جگہ)
غَتِمَ ـِـ غَتْمًا : کلام میں رکنا۔ غیر فصیح عربی بولنا۔
—— اَغْتَمَ : بار بار ملاقات سے تنگ کرنا۔
اِغْتَتَمَ : بدہضمی سے تکلیف پانا۔
غَتْم : گلا گھونٹنے والی گرمی۔
غُتْمَة : گفتگو میں عدم فصاحت یا عجمیت۔
اَغْتَم (م) غَتْمَاء ج غُتْم : غیر فصیح کلام کرنے والا۔
غُتْمِیّ : غیر فصیح۔ گاڑھا دودھ (مظلوم)
حِیَاض غُتَیْم و حِیَاض غُتَیْمَ : موت۔
غَثَّ ـَـ غَثَاثَةً و غُثُوثَةً و اَغَثَّ : دبلا ہونا۔ کمزور ہونا (جانور) خراب ہونا (کلام)
—— ـِـ غَثًّا و غَثِیْثًا و اَغَثَّ الجُرْح : پیپ بہانا (زخم)
غَثَّ ـِـ غَثًّا علی : غیر موافق ہونا۔ تکلیف دینا (ملک)
لَا یَغِثُّ عَلَیْهِ شَیْءٌ : اس کو رائے میں کوئی چیز بری نہیں۔
لَا یَغِثُّ عَلَیْهِ اَحَدٌ : وہ ہر ایک کی رائے پوچھتا ہے۔
اَغَثَّ فی الْکَلَام : بیہودہ کلام کرنا۔
—— اللَّحْمَ : دبلا گوشت خریدنا۔
اِغْنَثَّ : سبزی سے موٹا ہونا (گھوڑا)
تَغَثْغَثَ : کم پانا۔
اِسْتَغَثَّ : پیپ خارج کرنا (زخم سے)
غَثَاثَة : دبلا پن (جانور کا)
غَثّ و غَثِیْث : دبلا۔ نکما۔ خراب۔
غَثِیْث و غَثِیْثَة : پیپ۔
غَثِیْثَة : عقل کا فتور۔ نکمی بیفائدہ چیز۔
غَثِرَ ـُـ غَثَرًا بِالنَّبَات : جگہ کا سبزی سے لہرانا۔
اَغْثَرَ : گوند بہانا (درخت)
اِغْثَاسّ : پشم دار ہونا (کپڑا)
غَثَر : کپڑے کا رُوآں۔
غُثْر و غَثَرَة و غَثْرَاء و غَیْثَرَة : کمینے لوگ۔ عوام الناس۔
غُبْرَة : سرخی مائل بھورا رنگ۔
غَثْرَة : سرسبزی۔ وسعت۔
اَغْثَر (م) غَثْرَاء ج غُثْر : پشم دار۔ رُوئیں دار۔ جاہل۔ تاریک شیر۔ بھیڑیا۔ پانی کے اوپر کا جالا۔
مِغْثَر و مِغْثَار و مُغْثُوْر ج مَغَاثِیْر : بعض درختوں کے گوند کا نام۔

غَنَمَ ـُ غَنْماً لِفُلَانٍ: مال کا عمدہ حصہ لینا۔
غُنْمَة: سیاہی مائل سفید رنگ
اَغْنَم: سیاہی مائل سفید رنگ والا
مَغْنُوم: ملایا ہوا۔ مخلوط۔
غَثَا ـُ غَثْوًا و غُثُوًّا و غَثَى ـِ غَثْيًا و اَغْثَى: کوڑے کرکٹ والا ہونا (سیلاب)
غَثَى ـِ: ملانا۔ مخلوط کرنا۔ (چیز کو) زیادہ کوڑے کرکٹ والی ہونا (وادی)
ـــ ـِ غَثْيًا و غَثَيَانًا و تَغَثَّى متلانا۔ قے کی طرف مائل ہونا (دل)
غَثَتِ السَّمَاءُ بِالسَّحَابِ: آسمان پر بادل چھا گیا۔
غُثَاء و غُثَّاء: کوڑا کرکٹ جو سیلاب کی جھاگ سے ملا ہوا ہو۔ جھاگ۔
غَدَّ ـَ غَدًّا و غُدًّا: غدود والا ہونا (اونٹ)
ـــ و غُدِّدَ و اَغَدَّ و اُغِدَّ: غدود والا ہونا۔
غَدَّدَ: حصہ لینا۔
اَغَدَّ علی: غصہ سے پھولنا۔
غُدَّة ج غُدَد: مویشی کی وبا۔ اونٹوں کی طاعون۔
غُدَّة و غُدَدَة ج غُدَد: وبائی غدود۔
غُدَّة ج غَدَائِد: مال کا حصہ۔ رسولی۔
غَادّ و مُغِدّ: غدودوں والا
مِغْدَاد: (مذکر و مؤنث) تیز مزاج بہت غصہ کرنے والا
مَغْدُود: وبائی غدود سے بیمار (اونٹ)
غَدَرَ ـِ غَدْرًا و غَدَرَانًا و ب: خیانت کرنا۔ عہد توڑنا۔ دھوکا دینا۔
غَدِرَ ـَ غَدَرًا: بہت چٹانوں والی ہونا (زمین) جوہڑ کا پانی پینا۔
ـــ و اَغْدَرَ: سیاہ ہونا (رات)
ـــ عن اَصْحَابِهٖ: اپنے ساتھیوں سے پیچھے رہنا۔
غَادَرَ مُغَادَرَةً و غِدَارًا: دغا دینا۔ پکڑوانا۔ چھوڑ دینا۔ باقی رکھنا۔
ـــ و اَغْدَرَ: چھوڑ دینا۔ پھینک دینا۔ حذف کرنا۔
اِسْتَغْدَرَ: جوہڑوں والی ہونا (جگہ)
غَدْر و غَدْرَة ج غَدَرَات: دھوکا۔ دغا بازی۔ بے وفائی۔
غَدَر و غَدَرَة و غَدَارَة و غُدْرَة ج غُدْرَات: باقیماندہ بقیہ۔ حصہ۔
غَدَر: ناہموار سخت بہت پتھروں والی جگہ۔ درختوں والی چٹانیں۔ کیچڑ جو نہر میں پانی خشک ہونے کے بعد رہ جائے۔
ثَبْتُ الْغَدَرِ: ثابت قدم۔
غَدِير ج غُدُر و غُدْرَان و اَغْدِرَة: جوہڑ۔ دریا۔ سیلاب
غَدِيْرَة ج غَدَائِر: زلف
ـــ ج غُدْرَان: زمین کا ٹکڑا۔ جو پودوں سے ڈھکا ہوا ہو۔
غَادِر ج غَادِرُوْن و غُدَّار و غَدَرَة: خائن۔ دھوکا دینے والا
لَيْلَةٌ غَدْرَاءُ و غَدِرَة: تاریک رات۔
غُدَر و غُدَرَة و غِدِّيْر: دغا باز۔ بے وفا۔
يَا غُدَرُ: اے خائن۔
يَا آلَ غُدَرَ: اے دھوکے بازو
غَدَّار و غَدُوْر: (مذکر و مؤنث) بہت بے وفا۔ دھوکے باز۔
غَدَّارَة ج غَدَّارَات: چھوٹا پستول۔
غَدَارِيْف: ریڑھ کی ہڈی۔
غَدَفَ ـِ غَدْفًا و غَدَّفَ فی العَطَاء: فیاض ہونا۔ بہت بخشش کرنا۔
اَغْدَفَ: بہت تاریک ہونا (رات)
ـــ علی: لٹکانا (نقاب) جال ڈالنا (شکاری کا شکار پر)
ـــ البَحْرُ: سمندر کا بہت لہروں والا ہونا۔
اِغْتَدَفَ مِنْهُ: زیادہ لے لینا
ـــ الثَّوْبَ: کپڑا کاٹنا۔
اِغْدَوْدَفَ: پھیلنے لگنا (رات)
غَادِف: ملاح۔
غُدَاف ج غِدْفَان: کوا۔ گدھ لمبے سیاہ بال۔ سیاہ بازو۔
غُدَافِيّ: سیاہ۔
غَادُوْف و مِغْدَف ج مَغَادِف: چپو
غَدَف: نعمت۔ آسودگی
غِدَفْل ج غَدَافِل: بڑے قد کا کامل اونٹ۔ بوسیدہ کپڑا۔

غَدِقَ ـَ غَدَقًا: زیادہ
پانی والا ہونا (چشمہ)
— واَغْدَقَ واغْدَوْدَقَ
وغَیْدَقَ: بکثرت ہونا (بارش)
بہت تھوک والا ہونا
غَدَقَ ـِ غَدْقًا: بارش سے
تر اور سرسبز ہونا (جگہ)
غَدَق: پانی کی کثرت۔
غَدِق: بارش سے ترشدہ (جگہ)
غَیْدَق: بکثرت (بارش) (پھلدار)
سال
غَیْدَق وغَیْدَاق وغَیْدَقَان
(مؤنث و مذکر) نازک۔ نرم جسم والا
غَیْدَاق ج غَیَادِیْق: فیاض۔
سرسبز۔ لمبے جسم والا (گھوڑا) تیز
دوڑ

تَغَدَّنَ: جھکنا۔ مائل ہونا۔
(شاخ)
اِغْدَوْدَنَ: لمبے اور لپیٹے ہوئے
ہونا (بال) تازہ وہرا بھرا ہونا (پودا)
غَدَن: اُونگھ۔ ڈھیلاپن۔ سستی
— وغُدْنَة: نزاکت۔ ڈھیلاپن
سستی۔
غَدَانِیّ: نازک۔ نرم اندام جوان
غِدَانٌ: شاخ جس پر کپڑے لٹکائے
جائیں۔

غَدَا ـُ غُدُوًّا: صبح آنا جانا
سفر کرنا۔ صبح میں داخل ہونا۔ بمعنے
صار۔
— غُدُوًّا وغُدْوَةً واغْتَدَی
علی: سویرے آنا۔
غَدِیَ ـَ غَدًا وتَغَدَّی: صبح
کا کھانا کھانا
غَدَّی: صبح کا کھانا کھلانا۔
غَادَی: صبح کے وقت آنا۔
غَدٌ (بجائے غَدْوٌ): کل۔ دوسرا
دن۔ دُور کا دن جس کا انتظار ہو۔
غَدِی وغَدَوِیّ: منسوب بغد
غُدْوَة (ج غُدًی وغُدُوٌّ)
وغَدَاة (ج غَدَوَات وغَدِیَّة
ج غَدَایَا وغَدِیَّات: صبح صبح
صادق سے سورج کے نکلنے تک کا
وقت۔
بِالغُدُوِّ والآصال: صبح شام۔
آتیتُہُ العشایا والغدایا:
میں اس کے پاس صبحوں اور شاموں
میں گیا۔
غَدِیَّةً وغُدْوَةً: علی الصبح۔
غُدَیَّة: ذرا سویرے۔
غَدَاء ج اَغْدِیَة: صبح کا کھانا
غَادٍ: صبح سویرے آنے والا شیر
الغَادِی والرَّائِح: جانے والا
اور آنے والا (آنے جانیوالا)
غَادِیَة ج غَوَادٍ وغَادِیَات
صبح کا بادل۔ صبح کی بارش۔
غَدْیَان (م) غَدْیَا: صبح کا
کھانا کھانے والا۔
مَغْدًی ومَغْدَاة: صبح کو جانے
کی جگہ۔

غَذَّ ـِ غَذًّا واَغَذَّ الجرح
زخم سے پیپ بہنا یا خون جاری ہونا
—: پیچھے رہنا۔
— السیر وفی السیر: چلنے میں
جلدی کرنا۔
— الشَّیْءَ: چیز کو کم کرنا۔
غَاذٌّ: پیپ والا۔
غَذِیْذَة: پیپ۔
اِغْتَذَّ: آٹے اور دودھ
سے کھانا بنانا۔
غَذِیْرَة: آٹے اور دودھ کی
بنی ہوئی خوراک۔

غَذْغَذَ: کم کرنا۔
تَغَذْغَذَ: اچھلنا۔ کودنا۔

غَذَمَ ـِ غَذْمًا لِفُلاَن
مِن: اچھا حصہ دینا (مال سے)
— وغَذِمَ ـَ غَذْمًا وتَغَذَّمَ
واغْتَذَمَ: حرص سے کھانا بہت
خواہش سے کھانا۔
اَغْذَمَ وتَغَذَّمَ: اُونٹنی کے
تھنوں سے سب دودھ چوس لینا (بچہ)
غُذْمَة ج غُذَم: مویشی کا ریوڑ۔
— وغَذَمَة ج غَذَم: دودھ
کی کثرت
غَذِیْمَة ج غَذَائِم: چوڑا اکنواں
وَقَعُوا فی غُذْمَةٍ او غَذِیْمَةٍ
وُہ مصیبت میں پڑ گئے۔
غُذَم ومُتَغَذِّم: پیٹو۔ کھاؤ۔

غَذْمَرَ: باہم ملا دینا۔ مخلوط کرنا
غضبناک ہونا۔ تخمینہ سے بیچنا۔ جُدا
جُدا کرنا (چیز)
— الکلام: حقارت سے بولنا۔
دھمکی دینا۔
تَغَذْمَرَ: غصے اور بدکلامی سے
چیخنا (مجلس میں)
غَذْمَرَة ج غَذَامِیْر: شور
غصہ۔ ڈانٹ۔

مُغَذِّي: وہی۔

غَذَا ـُ غَذْوًا: فائدہ دینا (خوراک کا بچہ کو)

ـــ ب: خوراک کھلانا۔ خوراک آگے لانا۔

غَذَا: جلدی چلنا۔ بہنا (خون۔ پیشاب) رکنا (پیشاب)

غَذَّى: پرورش کرنا۔ غذا دینا۔

غَذَّى العِرْقُ: رگ نے خون بہایا۔

تَغَذَّى و اِغْتَذَى: خوراک کھانا۔

اِسْتَغْذَى: سخت پچھاڑنا۔

غِذَاء ج اَغْذِيَة: مائع یا ٹھوس خوراک۔

غَاذٍ ج غُذَاة و غَاذُون: پرورش کرنے والا۔ خوراک دینے والا۔

غَاذِي مَال: مویشیوں کا منیجر

القُوَّة الغَاذِيَة: غذا ہضم کرنے کے اعضا۔

غَذِيّ (م) غَذِيَّة: بکثرت (چارہ)

غَذِيّ (ج غِذَاء) و غَذَوِيّ: رحم کا بچہ۔ لیلا۔

غَذِيٌّ: چھوٹے مویشی۔

غَذَوَان (م) غَذَوَانَة: تیز رفتار چالاک (گھوڑا) بدزبان۔

مُغَذٍّ: غذا دینے والا۔ کفایت کرنے والی (غذا)

غَرَّ ـُ غَرًّا و غُرَّة و غُرُورًا: دھوکا دینا۔ جھوٹا طمع دینا۔

ـــ الماءَ: پانی گرانا۔

ـــ غَرًّا و غِرَارًا: چوگا دینا (پرندہ کا چوزوں کو)

ـــ: غرغرہ پرندہ کھانا۔ خشک ہونا (پانی)

مَا غَرَّكَ بِفُلَان: تو نے فلاں پر کیسی جرأت کی۔

غُرَّ مِنَ العِلْمِ: اچھا تعلیم یافتہ۔

غَرَّ و غَرِرَ ـَ غَرَارَةً: ناتجربہ کار ہونا۔

ـــ ـِ غَرًّا و غَرَارَةً: بچوں کی طرح کام کرنا۔

غَرَّ ـَ غَرَرًا و غَرَارَةً و غُرَّةً: خوبصورت سفید رنگ ہونا۔ پیشانی پر سفید داغ والا ہونا۔ (گھوڑا) فیاض ہونا۔ نمایاں ہونا۔

غَرَّ الشَّيْءُ: چیز کا سفید ہونا۔

غَرَّرَ تَغْرِيرًا و تَغِرَّةً: پروں کو پھیلا کر اڑنے کا ارادہ کرنا (پرندہ) بھرنا (مشک) اگنا (بچہ کے اگلے دانت)

غَرَّرَ بِنَفْسِهِ: اپنے آپ کو خطرہ میں ڈالنا۔

غَارَّ غِرَارًا: سرد ہونا (بازار) تھوڑے دودھ والی ہونا (اونٹنی) کم کرنا (تحفہ)

اِغْتَرَّ: دھوکا کھانا۔ غافل ہونا

ـــ و اِسْتَغَرَّ ب: دھوکا کھانا

ـــ و اِسْتَغَرَّ: بے خبری میں آنا۔ بے خبری میں طلب کرنا۔

تَغَرَّرَ الفَرَسُ: سفید پیشانی والا ہونا گھوڑا۔

غَرٌّ ج غُرُور: تہہ۔ سلوٹ۔ جھری۔ زمین میں شگاف۔ چھوٹی ندی

طَوَيْتُهُ عَلَى غَرِّهِ: میں نے اس کو اس کی پہلی حالت پر چھوڑ دیا

غَرٌّ و غِرَار: تلوار کی دھار۔

غُرَّة ج غُرَر: گھوڑے کی پیشانی کا سفید داغ۔ صبح کی روشنی یا چاند۔ رنگ یا دانتوں کی سفیدی نہایت عمدہ حصہ۔ چہرہ۔ پیشانی۔ مہینے کا پہلا دن۔ شریف آدمی سے اچھا سلوک۔ ہر چیز کا ابتداء یا بڑا حصہ۔ غلام۔ لونڈی۔

غِرٌّ ج اَغْرَار: (مذکر و مؤنث) ناتجربہ کار۔ جاہل۔ بے پرواہ۔

غِرَّة ج غِرَر: غفلت۔ ناتجربہ کاروں کی جماعت۔

غَرَر: خطرہ۔

غِرَار ج اَغِرَّة: کمی۔ قلت غفلت۔ کساد بازاری۔ اونٹنی کے دودھ کی کمی۔

عَلَى غِرَارٍ: جلدی سے۔

غِرَار: نمونہ

عَلَى غِرَارٍ وَاحِدٍ: ایک ہی طرز کے۔ ایک نمونہ کے۔

لَبِثَ القَوْمُ غِرَارَ شَهْرٍ: لوگ تمام مہینہ رہے۔

وَلَدَتْ ثَلَاثَةً بَنِينَ عَلَى غِرَارٍ: اس نے پے درپے تین لڑکے جنے

غَارٌّ ج غُرَّار: دھوکا دینے والا۔ اندھا کرنے والا۔ غافل۔ کنواں کھودنے والا۔

غَرَّاس و غَرُوس: بہت دھوکا دینے والا۔ بہت لاپرواہ۔ بڑا غافل
غُرُوش: دھوکا۔ بیہودگیاں
الغَرُوس: دھوکے کا ذریعہ۔ دُنیا
غرغرہ کرنے کی ادویہ۔
غَرِير ج غُرَّان: دھوکا خوردہ
کفیل۔ عمدہ زندگی۔ محتاط۔
اَدْبَر غَرِيْرُہ و اَقْبَلَ ھَرِيْرُہ
اس کا حسن جاتا رہا اور اس کی بدخلقی آ گئی۔
— ج اَغِرَّاء و اَغِرَّة: ناتجربہ کار
نیک خصلت۔
اَغَرُّ (م) غُرَّاء ج غُرّ و غُرَّان: زیادہ غافل۔ خوبصورت
ہر سفید چیز۔ عمدہ۔ اچھے افعال والا۔
ماتھے پر تارہ رکھنے والا (گھوڑا)۔
دور سے چمکنے والا۔ شریف سردار۔
بہت گرم دن۔
غَرَارَة: غفلت۔
غِرَارَة ج غَرَائِر: بوری۔
غُرَيْرَة: ایک قسم کا جانور۔
مُغَارُّ الكَفِّ ج مَغَارّ: بخیل
مُغَارَّة: تھوڑے دودھ والی اونٹنی
مَغْرُوس: دھوکا خوردہ۔ مغرور
غَرَبَ ـُ غَرْبًا: روانہ ہونا
دور ہونا۔ غرب کی بیماری والی ہونا
(آنکھ)
— غُرُوبًا: دور ہونا۔ غروب
ہونا (ستارہ وغیرہ)
غَرُبَ ـُ غُرْبَةً و غُرْبًا
و غَرَّب و تَغَرَّب و اغْتَرَب
وطن چھوڑ جانا۔ غیر ملک میں جانا۔

غَرُبَ ـُ غَرَابَةً: غیر واضح ہونا
پیچیدہ ہونا (کلام) غیر ملک کا ہونا۔ غیر
مانوس ہونا۔
غَرِبَ ـَ غَرَبًا: بادِ سموم سے
سیاہ چہرے والا ہونا۔
غَرَّب و اَغْرَب: مغرب کو جانا۔
مغرب میں پہونچنا۔ دور ہونا۔ سیاہ
اور سفید بچے دینا۔ ہٹانا۔ دُور کرنا
غَرَّب: دور کی زمین میں مویشی چرانا
جلا وطن کرنا۔
اَغْرَب: مغرب کو جانا۔ عجیب چیز
کرنا یا کہنا۔ بہت ہنسنا۔ تیز دوڑنا۔
ملک میں دُور تک گھس جانا۔ اچھی حالت
میں ہونا۔ دوڑا کر مار دینا۔ (گھوڑا)
بھرنا (مشک)
— واُغْرِب: بہت دردمند ہونا
(بیمار)
— علی و ب: برا سلوک کرنا۔
تَغَرَّب: مغرب سے آنا۔ وطن سے
نکلنا۔ باہر جانا۔
اِغْتَرَب: غیر اقارب میں شادی
کرنا۔ وطن سے نکل جانا۔
اسْتَغْرَب: عجیب پانا۔ اجنبی پانا
بہنا (آنسو)
— واسْتُغْرِب: بہت ہنسنا۔
غَرْب ج غُرُوب: مغرب۔ ہر چیز
کی ابتداء۔ دھار (تلوار کی) آنسو۔
آنسوؤں کے بہنے کی جگہ۔ بڑا ڈول
آنکھ کا اندرونی یا بیرونی گوشہ۔ دوری
تلوار یا زبان یا مزاج کی تیزی۔ اشک
آور رگ۔ آنکھ کا ناسور۔ تھوک
کی کثرت۔ تیز رو گھوڑا۔

سَهْمُ غَرْبٍ و سَهْمٌ غَرْبٌ:
تیر جس کے پھینکنے والا معلوم نہ ہو۔
نَوًى غَرْبَة: دور کا ملک۔
غَرْبَة: دُوری۔
غَرَب: چاندی کا پیالہ۔ سونا۔ چاندی
بید۔ شراب۔ پانی جو کنویں اور حوض
کے درمیان ڈول سے ٹپکے۔
سَهْمُ غَرَبٍ و سَهْمٌ غَرَبٌ:
تیر جس کے پھینکنے والا معلوم نہ ہو۔
غُرَاب ج اَغْرُب و غُرُب و
غِرْبَان و اَغْرِبَة: کوّا۔
طَارَ غُرَابُہ: وہ جوان ہو گیا
غُرَاب نُوحِيّ: ایک قسم کا کوّا۔
اَرْضٌ لَا يَطِيرُ غُرَابُهَا: سرسبز
زمین۔
غُرَابُ البَيْن: بُرے شگون کا پرندہ
صُرَّ عَلَيْهِ جُلُّ الغُرَاب:
معاملہ پیچیدہ ہو گیا۔
اَغْرِبَةُ العَرَب: عربوں کے سیاہ
لوگ۔
غُرَاب: دھار۔ ہر چیز کا شروع۔
ایک قسم کا پرانا جہاز۔ ا: لے۔ برف
سر کا مؤخر حصہ۔
غُرُوب: شام کا وقت۔
غَارِب ج غَوَارِب: مغربی پہلو
(پہاڑ کا) ڈوبنے والا۔ چوٹی (اونٹ)
ہر چیز کا اُوپر کا حصہ۔ کندھا یا کوہان
اور گردن کے درمیان کی جگہ۔
غَرِيب ج غُرَبَاء: وطن سے
دُور۔ مسافر۔ اجنبی۔ عجیب۔ غیر مانوس
غَرِيبَة ج غَرَائِب: مؤنث غریب
ہنہ چکی۔

غُرُبٌ : غریب۔

مُغْرَب : صبح۔ ہر سفید چیز۔ یا سفید کنارے والی چیز۔

مَغْرِب ج مَغَارِب : سورج ڈوبنے کی جگہ۔ شمالی افریقہ

مَغْرِبِیّ : مغرب کا باشندہ۔ مغربی الجیریا کا رہنے والا۔

مُغَرِّب : مغرب کو جانے والا۔ هَلْ جَاءَكُمْ مِن مُغَرِّبَة خَبَرٍ : کیا تم نے غیر ملک سے خبر پائی ہے۔

غِرْبِيب : عمدہ انگور۔ سیاہ بالوں والا (بوڑھا آدمی)۔ بہت سیاہ (یہ لفظ اکثر تاکید پر بولا جاتا ہے)

غَرْبَل : چھاننا (غلہ) بکھیرنا تباہ کرنا۔ (آدمیوں کے گروہ کو)

—— البَلَدَ : ملک کے باشندوں کا حال کھولنا۔

—— فی الارض : ملک میں جانا۔

غَرْبَلَة : چھان۔

غِرْبَال ج غَرَابِیل : چھاننے کا اوزار۔ چھانی۔ دف۔ چغلخور۔

غَرِیبِل : چڑیا۔

مُغَرْبَل : چھانا ہوا۔ بکھرا ہوا۔ ردی لوگ۔ زوال پذیر (حکومت) بھولا ہوا مقتول۔

غَرِث ــ غَرَثًا : بھوکا ہونا

غَرَث : بھوکا مارنا (کتا)

غَرْثَان ج غَرْثَیٰ و غَرَاثَیٰ و غِرَاث : بھوکا۔ نازک۔

غَرْثَیٰ ج غِرَاث : بھوکی۔

غَرِثٌ و غَارِثٌ : بھوکا۔

غَرِد ــ غَرَدًا و غَرَّد و اَغْرَد و تَغَرَّد : گانا (پرندہ) بھنبھنانا (کیڑا)

اَغْرَدَهُ الطَّائِرُ : اس کو پرندہ نے گا کر خوش کیا۔

اِسْتَغْرَد : گانے کے لئے اکسانا

اِغْرَنْدَیٰ و عَلَیٰ : زور سے حملہ کرنا غالب آنا۔

اُغْرُود و اُغْرُودَة ج اَغَارِید : پرندوں کا گیت یا چہچہا۔

غِرْد و غَرِد و غِرِّید و مُغَرِّد گانے والا (پرندہ)

غِرْد و غُرْد (مفرد غِرْدَة و غُرْدَة) سرکنڈوں کا جھونپڑا۔

غَرَز ــ غَرْزًا : چبھونا۔

—— فی : رکھنا (رکاب میں پاؤں)

—— و غَرَّز : زمین میں دُم گاڑ کر انڈے دینا (ٹڈی)

غَرَز و غَرَّز فی : چبھونا (سوئی)

—— و اَغْرَز ب : گاڑنا (زمین میں چھڑی)

غَرِز ــ غَرْزًا : مطیع ہونا (باغی)

غَرَّز الغَنَمَ : موٹا کرنے کے لئے بکریوں کا دودھ دوہنا چھوڑ دینا۔

تَغَرَّز و اِغْتَرَز فی : گھس جانا داخل ہونا۔

اِغْتَرَز : رکھنا (پاؤں رکاب میں)

—— السَّیْرَ : روانگی کے قریب ہونا۔

غَرْز ج غُرُوز : چمڑے کا رکاب زمین میں گاڑی ہوئی لکڑی۔

اِلْزَم غَرْزَهُ : اس کی رکاب کو پکڑے رکھو۔ (اس کے فرمانبردار رہو)

غُرْزَة ج غُرَز : شگاف۔ ٹانکا

غَرِیزَة ج غَرَائِز : طبیعت فطرت۔

غَرَزِیّ : ایک چھوٹا پودہ

غَارِز (م) غَارِزَة ج غُرَّز داخل ہونے والا۔ گھسنے والا۔ تھوڑے دودھ والی اونٹنی۔

عُیُون غَوَارِز : نہ بہنے والے چشمے۔

تَغْرِیز ج تَغَارِیز : کھجور کا پودہ جو ایک جگہ سے اکھیڑ کر دوسری جگہ لگایا جائے۔

مَغْرِز : جھنڈ۔ اُگنے کی جگہ۔ گردن یا دانت کی جڑ۔ چبھونے کی جگہ۔

غَرَس ــ غَرْسًا و غِرَاسَة و اَغْرَس : لگانا (درخت) دینا (فائدہ)

اِنْغَرَس : لگنا (درخت)

غَرْس ج اَغْرَاس و غِرَاس : پودا۔

غِرْس ج اَغْرَاس : جو چیز زمین میں لگائی جائے۔ چھوٹا کوا۔ پانی جو بچہ کے ساتھ رحم سے آئے۔ جھلی جو بچہ پر ہوتی ہے۔ درختوں کا جھنڈ۔

غَرِیسَة ج غَرَائِس و غِرَاس : لگائی ہوئی ڈالی۔ گٹھلی جو بوئی جائے۔ کھجور کا پودہ جو اول بار اُگے۔ لونڈی۔

غِرَاس : لگانے کا وقت یا فعل درخت جو لگایا جائے۔

مَغْرِس ج مَغَارِس : پودہ لگانے کی جگہ۔ عورت۔

غُرُش ج غُرُوش: پیاسٹر (ایک ترکی سکہ جو دو یا ڈیڑھ پنس کے برابر ہوتا ہے)

غَرِضَ ـَ غَرَضًا الی: مشتاق ہونا۔

ـــ من: کبیدہ خاطر ہونا۔ ڈرنا۔ ملول ہونا۔

غَرَضَ ـِ غَرْضًا و غَرَّضَ: وقت سے پہلے دودھ چھڑانا (بچے کا)

غَرَضَ ـِ غَرْضًا: بھرنا (برتن) کم بھرنا۔ کرنا (کام)

غَرَضَ لَہٗ غَرِیْضًا: تازہ دودھ پلانا۔

ـــ و غَرَّضَ: تازہ چننا (پھل)

ـــ و اَغْرَضَ: باندھنا (اونٹ کا تنگ)

غَرُضَ ـُ غَرَضًا: تازہ ہونا (گوشت)

غَرَّضَ: تازہ گوشت کھانا۔ چننا (تازہ پھل) مزاح کرنا۔

هُوَ بَحْرٌ لا یُغَرَّضُ: وہ ناختم ہونے والا سمندر ہے۔

غَارَضَ: صبح کے وقت پانی پر لانا (اونٹ)

اَغْرَضَ: ستانا۔ رنج دینا۔ بھرنا (برتن) لگانا (نشانہ)

تَغَرَّضَ و اِنْغَرَضَ: ٹوٹ کر بیڑھی ہونا (شاخ)

تَغَرَّضَ لِ: طرفداری کرنا۔

اِغْتَرَضَ: تازہ چنا جانا (پھل) شست باندھنا۔

اُغْتُرِضَ فُلَانٌ: فلاں جوان مرگیا۔

اِسْتَغْرَضَ: طرفداری کا الزام دینا۔

غَرْضٌ ج غُرُضَانٌ: تنگات تہہ ـــ (ج غُرُوض و اَغْرَاض) و غُرْضَۃٌ ج غُرَض و غُرُض: اونٹ کا تنگ۔ تہہ۔

غَرَضٌ ج اَغْرَاض: حاجت۔ مقصد نشانہ۔ طرفداری۔

غَرِیْضٌ ج اَغَارِیْض: تازہ (گوشت و پھل) ہر سفید تازہ نازک چیز۔ خوش کن گیت۔ عمدہ گویّا۔ بارش کا پانی۔ وہ پانی جس پر صبح کے وقت اتریں۔

غَرَضِیَّۃٌ ج غَرَضِیَّات: خودغرضی طرفداری۔

اِغْرِیْضٌ ج اَغَارِیْض: شگوفہ ہر ایک سفید تر و تازہ چیز۔

مَغْرِضٌ ج مَغَارِض: اونٹ کے تنگ باندھنے کی جگہ۔

مَغْرُوض: بارش کا پانی۔

غُرْضُوف: نرم ہڈی جیسے ناک۔ کان وغیرہ کی۔

ـــ مث غُرْضُوفَان ج غَرَاضِیف دو لکڑیاں جو اونٹ کے پالان کے دونوں پہلوؤں پر ہوتی ہے۔ نرم ہڈی

غَرْغَرَ غَرْغَرَۃً: غرغرہ کرنا ذبح کرنا۔ بھونتے وقت آواز دینا (گوشت)

غَرْغَرَتِ الْقِدْرُ: ہانڈی کا آواز دینا یا غرغر کرنا۔

غَرْغَرَ بالرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔

تَغَرْغَرَ: غرغرہ کرنا۔

تغرغرتِ العَیْنُ بالدَّمْعِ: آنکھ کا آنسوؤں سے بھر جانا۔

غِرْغِرٌ: حبشی مرغیاں۔ جنگلی مرغیاں تیتریاں۔

غِرْغِرَۃٌ: ایک حبشی مرغی

غُرْغُرَۃٌ: ماتھے کی سفیدی۔ پرندہ کا پوٹا۔

فُلَانٌ غُرْغُرَۃٌ: فلاں شریف ہے۔

غَرَفَ ـُ غَرْفًا و اغْتَرَفَ چلو بھرنا۔

ـــ ـِ غَرْفًا: رنگنا (کھال) ڈالنا (اونٹ کے سر میں رسی) کاٹنا کترنا (بال)

تَغَرَّفَ: تمام لے لینا۔

اِنْغَرَفَ: کٹ جانا۔ مرجانا۔ مڑ کر ٹوٹنا۔

غَرْفٌ و غَرَفٌ: پودا جس سے چمڑا رنگا جائے۔

غِرْفَۃٌ ج غِرَف: جوتی۔ چلو بھرنے کی حالت۔

غُرْفَۃٌ (ج غِرَاف) و غُرَافَۃٌ چلو بھر۔ چمچہ بھر۔

غُرْفَۃٌ ج غُرَف و غُرْفَات و غُرُفَات و غُرَفَات: بالاخانہ بالوں کی زلف۔ رسی جو اونٹ کے سر پر ڈالی جائے۔ آسمان ہفتم۔ کوٹھڑی بہشت میں رہنے کا گھر۔

غَارِف: چلو بھرنے والا

غَارِفَۃٌ ج غَوَارِف: مؤنث

غَارِف: تیز رفتار (اونٹنی)۔ ماتھے کے چھوٹے کٹے ہوئے بال۔

غِرَاف: بڑا پیمانہ۔

غَرَّاف: بہت چوڑے قدم ڈالنے والا (گھوڑا) بہت پانی والا (دریا) رہٹ۔

غَرُوْف: کنویں جن کا پانی چلو سے پیا جائے۔

غَرِیْف: گھنے درخت۔ نرکل کا بیلا۔

غَرِیْفَۃ: درختوں کا جھنڈ۔ جوتی تلوار کی نیام کے سرے کا چمڑا۔

مِغْرَفَۃ ج مَغَارِف: چمچہ۔

مِغْرَفٌ: تیز رفتار گھوڑا۔

غَرِق ــ غَرَقًا فی الماءِ پانی میں ڈوبنا۔

غَرِقَ فُلَانٌ: بے پرواہ ہونا۔ غنی ہونا۔

غَرَقَ ــ غَرْقًا من: ایک گھونٹ لینا (دودھ سے)

غَرَّقَ و اَغْرَقَہ فی الماءِ: پانی میں ڈبونا یا غرق کرنا۔

غَرَّقَ و اَغْرَقَ ب: آرائش کرنا۔ (نیام کی سونے چاندی سے)

ــــ و اَغْرَقَ فی القَوْس: کمان بہت کھینچنا۔

غَارَق: نزدیک آنا۔

اَغْرَقَ فی: مبالغہ کرنا۔ حد سے بڑھنا۔ (کلام میں)

اِغْتَرَق: گھس کر آگے بڑھنا (گھوڑا) حسن کی وجہ سے کھینچنا۔ (نظر)

ــــ النَّفَسَ: زور سے ہانپنا۔

اِغْتَرَقَ البَعِیْرُ التَّصْدِیْرَ: موٹائی کی وجہ سے اونٹ پر تنگ پورا نہ آیا۔

اِسْتَغْرَق: سب لے لینا۔

ــــ فی: مبالغہ کرنا۔ حد سے بڑھنا۔

ــــ فی النَّوْمِ: گہری نیند سونا۔

ــــ فی الضَّحِک: ہنسی میں غرق ہونا

اِغْرَوْرَق: ڈبڈبانا۔ آنسوؤں سے بھر جانا (آنکھ)

غُرْقَۃ ج غُرَق: گھونٹ۔

اِغْرَاق: ایک گھوڑے کا دوسرے گھوڑوں میں داخل ہو کر آگے بڑھ جانا مبالغہ۔ حد سے تجاوز۔

غَارِق و غَرِق: ڈوبنے والا۔

غَرِق الصَّوْت: خوفزدہ۔ سانس چڑھا ہوا۔

غَارِیْقُون و اَغَارِیْقُون: ایک پودہ کی جڑ ہے۔ جو زہروں کی دوائی میں استعمال ہوتی ہے۔

مُغَرَّق و مُغْرَق: بہت آراستہ کیا ہوا (لگام کا دہانہ)

غَرْقَأ : خام انڈا دینا (مرغی) خام گرنا (انڈا)

غِرْقِئٌ: انڈے کی سفیدی۔ انڈے کی سفیدی کی جھلی۔

غَرْقَدٌ: انڈے کی سفیدی۔ ایک قسم کی جھاڑی۔

غَرْقَل : بوسیدہ ہونا (انڈا تربوز) سر پر پانی ڈالنا۔

غَرِل ــ غَرَلًا: بغیر ختنہ کے ہونا (بچہ)

غُرْلَۃ ج غُرَل: گلفہ (بچے کے آلۃ تناسل کا چمڑا جس کو ختنہ کے وقت کاٹا جاتا ہے)

اَغْرَل (م) غَرْلَاء ج غُرْل: بے ختنہ: پھلدار (سال) آسودہ (زندگی)

غَرِلٌ: ڈھیلا آدمی۔ بے قاعدہ زیادہ لمبا نیزہ۔

غَرِم ــ غُرْمًا و غَرَمًا و غَرَامَۃً و مَغْرَمًا: ادا کرنا۔ (قرضہ و جرمانہ)

ــــ فی التِّجَارَۃ: تجارت میں ناکام ہونا۔

غَرَّم و اَغْرَم: ادا کرنے کے لئے مجبور کرنا (قرضہ) جرمانہ کرنا۔

غُرِّمَ: برسنا (بادل)

اُغْرِمَ ب: بہت مشتاق ہونا۔

تَغَرَّم: تاوان برداشت کرنا۔ ذمہ لینا۔

اِنْغَرَم: عاشق ہونا۔

اِغْتَرَم: قرضہ کے ادائیگی کا ذمہ لینا۔

غُرْم و غَرَامَۃ ج غَرَامَات ٹیکس۔ قرض۔ تاوان۔ ضرر مشقت پشیمانی۔

غَرَام: شوق۔ عشق۔ ہلاکت۔ عذاب۔ دکھ۔ ذمہ داری۔ سختی مصیبت۔

غَرِیْم ج غُرَمَاء و غُرَّامٌ: قرض خواہ۔ مقروض۔ مخالف۔

مَغْرَم ج مَغَارِم: قرض۔ ذمہ داری۔ بمعنے غَرَامَۃ۔

مُغْرَم: عاشق۔ بہت چاہنے والا۔ قرض سے دبا ہوا۔

مَغْرُوْم: عاشق۔

غَرِن ــ غَرَنًا: خشک ہونا۔ (گوندھا ہوا آٹا)

غرن: ضعیف -
غرین و غرین: کیچڑ جو سیلاب
بہا لائے - جھاگ - بے وقوفی -
غرنۃ: ٹب - کٹھرا -
غرنوق و غرنیق و غرنیق
و غرانق: کلنگ - نازک پودہ -
زلف -
غرنوق و غرانق ج غرانق
و غرانیق و غرانقۃ: خوبصورت
جوان یا لڑکی -
غرا ـُ غرواً: سریش سے جوڑنا
ڈھانکنا (چربی کا دل کو) حیران ہونا
غری ـَ غراءً و غری و
غری و غری و اُغری ب:
بہت چاہنا - بہت رغبت رکھنا -
غری: سرد پانی والا ہونا (جوہڑ)
بہت ناراض ہونا (آدمی)
ـــ غراۃ: چمٹنا -
غری: سریش سے چمٹانا -
غاری مغاراۃ و غراءً
جھگڑنا -
ـــ بین: جوڑنا (دو چیزوں کو)
اغری ب: ترغیب دینا -
اکسانا - سردار مقرر کرنا - مشتاق کرنا
ـــ العداوۃ بینھم: دشمنی ڈالنا
تغری: چمٹنا -
غراء و غرا ج اغراء:
سریش - لیئی - چھوٹا بچہ - دُبلا -
غراءۃ: خوبصورتی -
بہ غرا: وہ خوبصورت ہے -
غراء و غروی: کسی چیز کی
بہت خواہش - شوق -

لا غرو و لا غروی: کوئی
تعجب نہیں -
غری (م) غریۃ: خوبصورت
پیرو - سرخ رنگ - عمدہ عمارت -
غریان: حیرہ کے علاقہ میں دو
خوبصورت عمارتیں تھیں -
مغر: اکسانے والا -
مغرو و مغری: چمٹا ہوا -
سریش لگایا ہوا -
مغراۃ: سریش لگانے کا اوزار
غز ـُ غزاً و اغتز ب:
تعلق لگانا - چمٹنا -
ـــ غزاً فی: چبھونا (سوئی)
غاز: جھگڑنا - کشتی لڑنا -
اغز: سخت اور زیادہ کانٹوں
والا ہونا (درخت)
اغزت البقرۃ: گائے
نے مشکل سے بچہ جنا -
انغز فی: گھس جانا -
تغاز: باہم جھگڑنا -
غزۃ: ملک شام میں ایک جگہ ہے
جس میں حضرت رسول صلعم کے جد
حضرت ہاشم کی قبر ہے -
غز: باچھ - ترکوں کی ایک قوم -
غزاز: ہمدوست - سب سے
محبت رکھنے والا -
غزر ـُ غزراً و غزارۃً
و غزراً: بہت ہونا - بہت
دودھ والی ہونا (اونٹنی) بہت
پانی والا ہونا (چشمہ)
غازر و استغزر: بہت لینے
کی امید پر تھوڑا دینا -

اغزر: بہت دودھ والی اونٹنیاں
رکھنا یا بہت بارش میں ہونا (قوم)
ـــ المعروف: بہت سخاوت
کرنا -
غزر ج غزر: کھجور کی شاخوں
کی لکڑی -
غزر و غزارۃ: کثرت -
غزار: کلکیں - بید -
غزیر (م) غزیرۃ ج غزار:
زیادہ - بہت
مغازر و مستغزر: بہت
لینے کی امید میں تھوڑا دینے والا -
مغزور: بارش سے اچھی طرح
سیراب شدہ (جگہ)
مغزار: بہت دودھ دینے
والی (اونٹنی)
غزل ـِ غزلاً و اغتزل
کاتنا (روئی وغیرہ)
غزل ـَ غزلاً و غازل
و تغزل ب: محبت جتانا (عورت
سے) عورت کی خوبصورتی وجمال
کی تعریف کرنا -
غزل: ہرنی کے آواز پر کھڑا ہونا
(کتا)
اغزل: کاتنا - پھیرنا (تکلا) بچے
والی ہونا (ہرنی)
غازل: محبت کی باتیں کرکے
مائل کرنا (عورت کو)
انغزل: کت جانا (روئی وغیرہ)
غازل فلان الاربعین
من العمر: فلاں شخص عمر کے
چالیسویں سال کے قریب پہونچا -

تغازل: ایک دوسرے سے محبت و پیار کی باتیں کرنا۔
غزل: کاتا ہوا (دھاگا) کڑی کا جالا۔
غزل و تغزّل: محبت کی گفتگو عورتوں سے لہو و لعب۔
غزال ج غزلان و غزلة ہرن۔ ہرنی کا بچہ۔
دم الغزال: ایک قسم کا پودہ ہے
غزالة: ہرنی۔ مؤنث غزال چڑھنے کے وقت کا سورج۔
غزالة الضحی و غزالاتہ: چاشت کے وقت کا شروع۔
غزل: عورتوں سے پیار و محبت کی باتیں کرنے والا۔ کوشش میں کمزور۔
غزلیّة: روئی و ریشم کا بنا ہوا کپڑا۔
غازلة ج غوازل و غزّل: کاتنے والی (عورت)
غزّال (م) غزّالة: کاتنے والا
اغزل: غزل کا اسم تفضیل
اغزل من الحمّی: بار بار آنے والا بخار۔
مغزل و مغزل ج مغازل تکلا۔
ابو مغازل: کلنگ۔
مغزول: کاتا ہوا۔
مغیزل: تصغیر مغزل۔ ایک قسم کی باریک رسی۔
غزا ـُ غزوًا و اغتزی طلب کرنا۔ قصد کرنا۔ چاہنا۔
عرفت ما یغزی من ھذا الکلام مجھے معلوم ہے جو اس کلام سے مراد ہے۔
— غزوًا و غزوانًا و غزاوة لڑنے کے لئے نکلنا۔ لوٹنے کے لئے حملہ کرنا۔
غزّی و اغزی: لڑائی کے لئے روانہ کرنا۔ یا تیار کرنا۔ مہلت دینا (مقروض کو)
اغتزی ب: دوستوں میں سے چن لینا۔
غزو: خواہش۔ قصد۔
غزو و غزوان و غزاوة: مہم۔ حملہ۔
غزوة ج غزوات: ایک لڑائی ایک حملہ۔
غاز ج غزاة و غزّی و غزیّ و غزّاء: لڑائی کرنے والا۔ فاتح۔ اسلام کا حامی۔
غزاة ج غزوات: مہم۔ حملہ
غازیة ج غوازی و غازیات جنگ کرنے والی۔ مؤنث غازی۔
غزیّة: جنگ کا ٹیکس۔
مغزی ج مغاز: جنگ۔ مہم جنگ کی جگہ۔ میدانِ جنگ۔
— الکلام: کلام کا اصلی مقصد
المغازی: غازیوں اور ان کے کاموں کے مناقب۔
مغزیة: عورت جس کا خاوند جنگ میں ہو۔ دیر سے جننے والی اونٹنی۔
غسّ ـُ غسًّا فی: گھس جانا (ملک میں)
— فی: ڈبونا (پانی میں)
غسّ: نقص نکالنا (کلام کا)۔ دھتکارنا (بلی)
انغسّ فی: ڈوبنا۔
غسّ (واحد و جمع ہر دو کے لئے) ج اغساس و غساس و غسوس: کمزور۔ حقیر۔
غسّان: یمن کے ایک قبیلہ کے جد اکبر کا نام۔ جس کی اولاد سے ملوک غسان تھے۔
غسر ـُ غسرًا علی: سختی کرنا (مقروض پر)
تغسّر: لپٹا ہوا اور الجھا ہوا ہونا (دھاگا) پیچیدہ ہونا (کام)
غسر: کوڑا کرکٹ جس کو ہوا جوہڑ میں ڈال دے۔
غسر: الجھا ہوا۔ پیچیدہ۔
اغسف: اندھیرے میں داخل ہونا۔ اندھیرے میں چلنا۔
غسف: اندھیرا۔
غسق ـِ غسقًا و غسقانًا و غسقًا و اغسق: بہت تاریک ہونا (رات)
— غسقًا و غسقانًا: گرنا (پانی)
— الغیم: بادل سے بارش پڑنا۔
— غسوقًا و غسق ـَ غسقًا آنسوؤں سے بھر جانے کی وجہ سے نہ دیکھ سکنا (آنکھ)
غسق و غاسق: رات کے پہلے حصے کا اندھیرا۔
غسق: گندم کا ردی حصہ
غاسق: چاند۔ تاریک رات۔ رات

آنے والی مصیبت۔ سیاہ سانپ
غَساق و غَسّاق: ٹھنڈا۔ سرد۔ بدبودار۔ پیپ دار۔
غَسَل ـِ غَسْلاً و غُسْلاً و غَسّل: پانی سے پاک کرنا۔ دھونا تکلیف دہ مار مارنا۔
ـــ بالسّوط: چابک سے مارنا۔
اِنْغَسَل: دھل جانا۔ بہنا۔
اِغْتَسَل: نہانا۔ وضو کرنا۔ پسینے والا ہونا (گھوڑا)
ـــ ب: خوشبو لگانا۔
غَسْل و غُسْل و غُسُل: غسل۔ وضو۔
غِسْل و غُسْل و غِسْلَة و غَسُوْل و غَسُّول: صاف کرنیوالی چیز (صابن وغیرہ)
غُسَالَة: صاف کرنے کا پانی۔ دھونے سے جو پانی خارج ہو۔ نہانے میں جو پانی بدن سے گرے۔
غَسِیْل ج غَسْلَی و غُسَلَاء: دھویا ہوا۔ نہلایا ہوا۔ دھونے کے قابل کپڑے۔
غِسْلِیْن: پیپ والا مادہ۔ دھونے کی میل کچیل۔
غَاسِل (م) غَاسِلَة: مردہ نہلانے والا۔ فلالین دھونے والا۔
غَاسُوْل: صابن وغیرہ جو دھونے کے کام آئے۔ سبزی جو دھونے میں استعمال ہو۔
غَسّال (م) غَسّالَة: دھوبی۔ نہلانے والا۔
مَغْسَل و مَغْسِل (ج مَغَاسِل) و مُغْتَسَل ج مُغْتَسَلَات: غسلخانہ۔ دھونے کا مکان۔ لانڈری۔
مِغْسَل و مَغْسَلَة: دھونے کا برتن۔

غَسْلَبَ: چھین لینا۔

غَسَم ـُ غَسْماً و اَغْسَم: تاریک ہونا (رات)
غَسَم: سیاہی۔ تاریکی۔ غبار۔
غُسَمَۃ و اَغْسَام: آسمان میں بادل کے ٹکڑے۔

غَسَن ـُ غَسْنًا: چبانا۔
غُسَان و غُسّان القلب: دل کے گوشے۔ دل کے انتہائی گوشے۔
غَسّان و غَیْسَان: جوانی کی طاقت یا جوش و تیزی۔
مَا اَنْتَ من غَسّانِہ او غَیْسانِہ: تو اس کے مقابلہ کا نہیں۔
غَسّانِیّ و غَیْسَانِیّ: بہت خوبصورت
غُسْنَة (ج غُسَن) و غُسْنَاة ج غُسْنَات و غُسُنَات: بالوں کی زلف۔
اَغْسَان: لوگوں کے اخلاق۔

غَسَا ـُ غَسْوًا و غَسِیَ ـَ غَسًی و اَغْسَی: سیاہ ہونا (رات)
غَسَاة ج غَسًی و غَسَوَات: کچی کھجور۔

غَشّ ـُ غَشًّا و غَشَّش: دھوکا دینا۔ بددیانتی کرنا۔ ملاوٹ کرنا (سامان میں) جعلی بنانا۔
اَغَشّ: خیانت میں ڈالنا۔
ـــ عن حاجتہ: حاجت سے ہٹانا۔
اِغْتَشّ و اِنْغَشّ: دھوکا کھانا۔
اِغْتَشّ و اِسْتَغَشّ: دھوکا باز یا منافق سمجھنا۔
غِشّ: فریب۔ دھوکا۔ جھوٹا بہانہ۔ جعلی سکہ۔ نقص۔ کینہ۔ منافقت خیانت۔ دل کی سیاہی۔ ترشروئی۔ ہر چیز کی کدورت۔
غُشّ (ج غُشُوش) و غَاشّ ج غُشّاش و غَشَشَة: بہت دھوکا دینے والا۔ منافق۔
غَشَش: گدلا (پانی) جعلی (سکہ)
غِشَاش: تاریکی کا شروع یا اخیر۔ تھوڑی سی مقدار (پانی کی)
غَشَاشًا و علی غِشَاشٍ: جلدی سے
غَشّاش: بہت دھوکا دینے والا۔
مَغْشُوْش: کھوٹا۔ جعلی۔ ملاوٹ کیا ہوا۔

غَشَّخَاش: دھوکا دینے والا

غَشَم ـِ غَشْمًا: بے سوچے سمجھے کرنا۔ رات کو بغیر تمیز کے لکڑی کاٹنا
ـــ ـُ غَشْمًا: ظلم کرنا۔ تار لکڑی سے لتھیڑنا۔ (اونٹ کو)
تَغَاشَم: سادہ بننا۔
اِسْتَغْشَم: سادہ یا جاہل خیال کرنا۔
غَشْم: ناانصافی۔
غُشْم: جہالت۔ سادگی۔
غَشِیْم ج غُشَمَاء: ناتجربہ کار۔ کھردرا (پتھر)
غَاشِم و غَشُوْم: ظالم۔ غاصب بہت تیز۔
مِغْشَم: بڑا بہادر۔ چست۔ عالم۔

غَشَمْشَم: بڑا دلیر۔ چست۔ بہت ظالم۔

غَشَمْشَمَۃ و غَشَمْشَمِیَّۃ : جرأت - دلیری -
غَشْمَر : اپنی مرضی پر چلنا - اپنے اوپر بھروسہ رکھنا - نیز چلنا (سبیلا) بے سوچے سمجھے کرنا (کام) ظلم کا برتاؤ کرنا -
تَغَشْمَرَ : زبردستی لے لینا -
—— علی : ناراض ہونا -
غَشْمَرَۃ و غَشْمَرِیَّۃ : ناانصافی
—— ج غَشَاھِرُ : آواز
غِشْمِیْرٌ : شدت - سختی -
آخَذَہٗ بالغِشْمِیْرِ : اس نے اس کو سختی سے پکڑا -
غَشَا - غَشْوًا : کسی کے پاس جانا
غَشِیَ - غَشَیَانًا ب : مارنا (چھڑی سے)
—— : کسی کے پاس جانا -
—— غَشَاوَۃً : ڈھانکنا - حیران کرنا بے سمجھی سے مشغول ہونا (کام میں)
—— غَشَا الفَرَسُ و غَبْرُہٗ : گھوڑے وغیرہ کا سر سے سفید ہونا -
غِشْوَۃ و غُشْوَۃ و غِشَاوَۃ وغُشَاوَۃ : پردہ - ڈھکنا -
علی قَلْبِہِ غِشَاوَۃ : اس کے دل پر پردہ ہے - یعنی وہ سمجھتا نہیں -
اَغْشَی (م) غَشْوَاء : سفید سر والا (گھوڑا وغیرہ)
غَشِیَ - غَشْیًا و غِشَایَۃً : ڈھانکنا - چھپانا -
غَشِیَ المَرْأَۃَ : عورت سے خلوت کرنا -
غَشِیَ و اَغْشَی : تاریک ہونا (رات)

اچانک آپڑنا (واقعہ)
—— المَکَانَ : مکان میں آنا -
—— غَشَیَانًا الرَّجُلَ : آدمی کے پاس جانا -
غُشِیَ عَلَیْہِ غَشْیًا و غُشْیًا و غَشَیَانًا : بیہوش ہونا - غشی والا ہونا
غَشَّی و اَغْشَی و علی : ڈھانکنا -
—— و اَغْشَی : ڈھکوانا -
اَغْشَی اللّٰہُ علی بَصَرِہٖ : خدا نے اس کی آنکھوں پر پردہ ڈالا - (یعنی اس کے دل کو سخت کر دیا)
تَغَشَّی و اسْتَغْشَی ب : اپنے آپ کو ڈھانکنا -
—— المرأۃ : عورت کے پاس جانا
تَغَشَّاہُ الاَمْرُ : کام نے اس کو چھپا لیا -
غِشَاء ج اَغْشِیَۃ : ڈھکنا - کیس - آنکھ کا چمڑہ - پردۂ دل - تلوار کا نیام -
غِشَایَۃ و غُشَایَۃ : پردہ - ڈھکنا
غَشْیَۃ و غَشْی و غُشْی و غَشَیَان بے ہوشی - غشی -
غَاشٍ م غَاشِیَۃ : ڈھانکنے والا - پردہ کرنے والا -
غَاشِیَۃ ج غَوَاشٍ : پردہ - ڈھکنا کیس - پیرو - نوکر - مہمان - مکان - قیامت - مصیبت - ایک اندرونی مرض -
مَغْشِیٌ عَلَیْہِ : بیہوش -
مُغْشًی و مُغَشًّی : ڈھانکا ہوا لپیٹا ہوا
غَصَّ - غَصَصًا ب : گلا گھٹنا (روٹی وغیرہ سے) مغلوب ہونا (رنج سے)

بھرپور ہونا (کمرہ)
اَغَصَّ : گلا گھونٹنا - تنگی میں ڈالنا - رنجیدہ کرنا -
—— عَلَیْنَا الاَرْضُ : اس نے ہم پر زمین تنگ کر دی - (یعنی بہت تکلیف دی)
اِغْتَصَّ : سخت رنج میں ہونا - تنگ ہونا
غُصَّۃ ج غُصَص : ناراضگی - خفگی - گلوگیر اندوہ - غم - غضب - تاسف -
غَاصٌّ و غَصَّان : گلا گھونٹا ہوا -
غَصَبَ - غَصْبًا علی : کام کرنے پر زبردستی مجبور کرنا -
—— : و من و اِغْتَصَبَ : ظلم سے چھین لینا -
غَصَبَ المرأۃَ : عورت سے زنا بالجبر کرنا -
—— الجِلْدَ : چمڑے سے بال دور کرنا
غَاصَبَ و تَغَاصَبَ : سختی کا برتاؤ کرنا - ایک دوسرے سے غصب کرنا -
اِنْغَصَبَ : مجبور ہونا -
غَصْب : مجبوری - چھینی ہوئی چیز - سختی -
غَصْبًا عَنْہُ : اس کی مرضی کے خلاف -
غَصْبًا عن رَقَبَتِکَ : باوجود تیرے -
غَاصِب ج غَاصِبُون و غُصَّاب و مُغْتَصِب : ظالم - زنا بالجبر کرنیوالا -
مَغْصُوب و مُغْتَصَب : مجبور - چھینا ہوا -
غَصَنَ - غَصْنًا : کاٹنا - کھینچنا (شاخ) اکھاڑنا - لینا (چیز)
—— عن : ہٹانا - روکنا -

غَضَّن و اَغْضَن : بڑے دانوں والا ہونا (گچھا)

اَغْصَنَت و غَصَّنَتْ : شاخدار ہونا (درخت)

غُصْن ج غُصُون و غِصَنَة و اَغْصَان : شاخ۔ ٹہنی۔

غُصْنَة : چھوٹی شاخ۔

ثَوْرٌ اَغْصَنُ : دُم میں سفیدی رکھنے والا بیل۔

غَضّ ـُـ غَضًّا و غَضَاضًا و غَضَاضَةً و من : نیچے کرنا۔ روکنا (آنکھ) جھپکنا ۔کم کرنا۔ چھوٹے کرنا (بال) محروم کرنا۔

غَضّ الغُصْنَ : تھوڑی سی توڑنا۔ (شاخ)

غَضّ عن : پھیر لینا (آنکھ)

ــــ ل : مکروہ بات کو برداشت کرنا۔

غَضّ ـُـ غَضًّا و غَضَاضَةً من فُلَانٍ : فلاں کی قدر کم کرنا۔ حقارت سے دیکھنا۔

غَضّ ـَـ غَضَاضَةً و غُضُوضَةً تر و تازہ ہونا (پودہ) خوبصورت نازک اندام ہونا (عورت)

غَضَّض : نازک و نرم ہونا۔ تازہ چیز کھانا۔

اِنْغَضّ : سکڑنا۔ جھپکنا (آنکھ)

تَغَاضَض عَنْهُ : غافل ہونا۔

غَضّ (ج غِضَاض) و غَضِيض ج اَغِضَّة و اَغِضَّاء : تازہ نازک۔ تر و تازہ۔ ملائم۔

غَضَاض و غُضَاض : سر کا اگلا حصّہ۔ چہرے کے اُوپر کا حصّہ۔

غَضَاضَة : کمی۔ نقص۔ بُرائی۔ سُستی

غُضَّة (ج غُضَض) و غَضِيضَة (ج غَضَائِض) و مَغَضَّة ج مَغَاض ذلت۔ نقص۔ کمی۔

غَضِيْض ج اَغِضَّاء و اَغِضَّة : سست۔ خوابیدہ (آنکھ) ناقص و ذلیل۔ تر و تازہ۔

مُغْضَّ : لپٹا ہوا۔ تر و تازہ (درخت)

غَضِب ـَـ غَضَبًا و مَغْضَبَةً علی : ناراض ہونا۔ بغض رکھنا۔

غَاضَب : ناراض کرنا۔ ایک دوسرے کو ناراض کرنا۔

اَغْضَب : ناراض کرنا۔ نکال دینا۔ (آنکھ سے تنکا وغیرہ)

تَغَضَّب و اِسْتَغْضَب علی : ناراض ہونا۔ زور سے اُبلنا۔ (ہانڈی)

غَضْب و غَضْبَة : سخت سُرخ۔ شیر۔ بیل۔ سخت پتھر۔ ڈھال چمڑے کی پوشاک۔ سر کا چمڑہ۔ مچھلی کا چمڑہ۔ چیچک کا داغ۔

غَضِب و غَضُب : ناراض۔

غَضُوب : (مذکر و مؤنث) تیز مزاج بہت غصّے والا۔

غَضْبَان (م) غَضْبَی و غَضْبَانَة ج غَضْبَی و غُضَابَی و غِضَاب و مُغْضَب : غصیلا۔ تیز مزاج۔ ناراض۔

غُضَابِیّ : ترش رُو۔ ناراض۔ سخت معاشرت والا۔

غُضُبَّة و غُضَبَّة و غُضُبَّة و غَضِبَّة : ناراض۔

غَضَر ـِـ غَضْرًا : بہت آسودہ حال بنانا۔ روکنا۔ کاٹنا۔ رنگنا (چمڑا)

غَضِر ـَـ غَضَرًا و تَغَضَّر عن : ہٹ جانا۔

ــــ لِفُلَانٍ من مالِهِ : فلاں کو مال سے کچھ دینا۔

ــــ غُضُورَةً و غَضَارَةً : نازک و نرم ہونا۔

غَضِر ـَـ غَضَرًا : آسودہ حال ہونا بہت مالدار ہونا۔ اچھے گزارے والا ہونا۔

اُغْتُضِر : جوانی میں مرنا۔

غَضَر و غَضَارَة و غَضْرَاء : خوش حالی۔ زندگی کا آرام۔

غَضَار و غَضَارَة : مٹی کا پکا ہوا سبز برتن۔ خالص مٹی۔

غَضَارَة ج غَضَائِر : بڑا پیالہ۔

غَضِر (م) غَضِرَة : آسودہ و خوش (زندگی)

غَضْرَاء ج غَضَارَی : زرخیز عمدہ زمین۔ نعمت۔ آسودگی و عمدہ گذارہ

غَضِير (م) غَضِيرَة : ملائم۔ سبز۔ نرم۔ تازہ۔

مَكَانٌ غَضِيرٌ : خالص مٹی والی جگہ

مُغْضِر و مَغْضُور : خوش عیش۔ عمدہ گذارہ والا۔

غُضْرُوف ج غَضَارِیف : نرم ہڈی۔ کرکری ہڈی۔

غَضْغَضَ : کم کرنا۔ کم ہونا (پانی)

تَغَضْغَضَ : کم ہونا و گہرا ہونا۔ (پانی)

غَضَمَ ـِـ غَضْمًا : توڑنا۔ (لکڑی) دہرا کرنا (سر نانا) ڈھیلا کرنا (کان کو)

غَضَف : دوڑ میں آہستہ ہونا (گدھا)

غَضِفَ ـ غَضَفًا و غُضُوفًا: ڈھیلا ہونا (کان) کان کٹا ہونا (کتا) آسودہ یا آرام ہونا (زندگی)
ـــ و اَغْضَفَ: تاریک ہونا (رات)
غَضَّفَ: لٹکانا - توڑنا۔
اَغْضَفَ: بادل والا ہونا - پھل سے لدا ہوا ہونا (درخت)
اَغْضَفَ السَّحَابُ: برسنے والا ہونا بادل
تَغَضَّفَ: کنڈلی مارنا (سانپ) ٹوٹنا لپٹنا - ناز سے چلنا (عورت)
ـــ علی: مہربان ہونا (قسمت) ڈھانکنا (رات)
ـــ و اِنْغَضَفَ: گرنا (کنواں)
اِنْغَضَفَ: ٹوٹنا (کان) گاڑھی ہونا (دھند)
غَاضِفٌ (م) غَاضِفَةٌ: آسودہ زندگی - آرام کی زندگی والا۔
ـــ و اَغْضَفُ (م) غَضْفَاءُ ج غُضْفٌ: کان کٹا۔
غُضْفٌ: شکاری کتے۔
اَغْضَفُ: سیاہ (رات) آسودہ زندگی - پھلدار (سال) ڈھیلے کانوں والا - موٹے پھل والا تیر۔
غَضَفٌ: کھجور کی طرح کے ایک قسم کے درخت۔
غَضَفَةٌ: مفرد غَضَفٌ - بٹیر کی طرح کا ایک پرندہ۔

غَضْفَرَ: تھکنا - سست ہونا - (کرایہ کا گھوڑا)
غَضَنْفَرٌ و غَضَفَرٌ: موٹا - کھردرا - بداخلاق - پُرگوشت کان - شیر۔

غَضَنَ ـ غَضْنًا عن: منع کرنا روکنا۔
ـــ: کچا بچہ گرانا (اونٹنی)
غَضَّنَ: موڑنا - شکن دار بنانا۔
ـــ و اَغْضَنَ: لگاتار برسنا (بادل)
غُضِّنَتْ و اَغْضَنَتْ عَلَيْهِ الْحُمّٰى اس کو لگاتار سخت بخار رہا۔
تَغَضَّنَ: مڑنا - سلوٹ والا ہونا۔
غَضْنٌ و غَضَنٌ ج غُضُونٌ: جھری یا سلوٹ (چمڑے وغیرہ کی) تہہ (کپڑے کی) تھکان و تکلیف۔
غَضَنُ الْعَيْنِ: آنکھ کا ظاہری چمڑا۔
رَجُلٌ ذُوْ غُضُونٍ: ماتھے کی سلوٹوں والا آدمی۔
غُضُونُ الْاُذُنِ: کان کی سلوٹ۔
فی غُضُونِ ذٰلِكَ: اسی اثنا میں۔
غَضْنَةٌ و غَضَنَةٌ: باریک چھلکا جو چیچک کے داغ پر ہوتا ہے۔
غَضِيْبَنٌ: اونٹنی کا کچا گرا ہوا بچہ۔
اَغْضَنُ: کھچی ہوئی آنکھ والا۔

غَضَا ـ غَضْوًا: تاریک ہونا (رات) درخت غضا چرنا (اونٹ)
ـــ غُضُوًّا: اچھی اور آسودہ حالت میں ہونا۔
غَاضٍ (م) غَاضِيَةٌ ج غَوَاضٍ: آسودہ - خوشحال۔

غَضِيَ ـ غَضًى الْبَعِيْرُ: درخت طلق کھانے سے اونٹ کے پیٹ میں شکایت ہونا۔
اَغْضَى: سیاہ ہونا (رات) بند کرنا (آنکھیں) سکڑنا (آنکھ کے پپوٹے)
اَغْضَى علی: صبر کرنا - رک جانا۔
ـــ ل: کراہت کرنا۔
ـــ عن: ہٹا لینا - (آنکھیں)
تَغَاضَى عن: چشم پوشی کرنا۔
غَضًا: جنڈ کا درخت - درختوں کا جھنڈ۔
اَهْلُ الْغَضَا: نجد کے رہنے والے
غَضْيَاءُ: زمین جس پر بہت طلق کے درخت ہوں - ناہموار زمین)
غَاضٍ (م) غَاضِيَةٌ (ج غَوَاضٍ) و مُغْضٍ: سیاہ (رات) عمدہ و بکثرت (چیز) مالدار (آدمی)
نَارٌ غَاضِيَةٌ: روشن آگ۔
غَضٍ (م) غَضِيَةٌ ج غَضَايَا: اونٹ جس کو درخت غضا کے کھانے سے پیٹ میں شکایت ہو۔

غَطَّ ـ غَطًّا و اَغَطَّ فی: ڈبونا - غوطہ دینا (پانی میں)
ـــ ـ غَطًّا: سخت نچوڑنا۔
غَطَّ ـ غَطِيْطًا: خراٹے لینا - بلبلا نکالنا (اونٹ کا)
ـــ غَطًّا: بسیرا کرنا (پرندہ)
تَغَاطَّ: ایک دوسرے کو غوطہ دینا۔
اِنْغَطَّ: ڈوبنا (پانی میں)
غَطَاطٌ: ایک قسم کا سنگخوار مرغ ایک قسم کا بھٹ تیتر۔
ـــ و غُطَاطٌ: صبح سے پہلے کا اندھیرا۔
غَطِيْطٌ: خراٹا۔
غُطَيْطَةٌ: دھند۔

غَطْرَسَ و تَغَطْرَسَ: خود ستا ہونا - متکبر ہونا۔
غَطْرَسَ: ستانا - چشم پوشی کرنا۔

— علی: حقیر جاننا۔ حقارت سے دیکھنا۔
تَغَطْرَس ل: ناراض ہونا۔
تَغَطْرَس فی مِشْیَتِہٖ: متکبرانہ چلنا۔ اِترانا۔
—: تکبر کرنا۔ مٹک کر چلنا۔ ناراض ہونا۔ بخیل ہونا۔
غَطْرَسَۃ: تکبر۔ بڑائی۔
غِطْرِس (ج غَطَارِس) و غِطْرِیس ج غَطَارِیس: متکبر خودستا۔
غَطْرَش: تاریک کرنا (رات کا آنکھ کو) تاریک ہونا (آنکھ)
غَطْرَف: سردار بننا۔ تکبر سے پیش آنا۔
— تَغَطْرَف: متکبرانہ چال چلنا متکبر ہونا۔ برتری چاہنا۔
غَطْرَفَۃ: تکبر۔ کھیل۔
غِطْرَاف: مشہور آدمی۔ سردار
غِطْرِیف و غُطْرُوف و غِطْرُوف ج غَطَارِفَۃ و غَطَارِیف: باز۔ سردار۔ سخی۔ خوش طبع جوان۔ مکھی۔ چوڑی (گردن)
—: باز کے چوزے۔
غَطَس ــِ غَطْسًا و فی: ڈبونا (پانی میں)
— فی: ڈوبنا۔ غوطہ لگانا (پانی میں)
— فی الاناءِ: برتن میں جانور کی طرح منہ ڈبونا۔
— بِہٖ النَّجْم: موت نے اس کو نگل لیا۔

غَطَّس و فی: ڈبونا (پانی میں) پانی میں ڈبو کر بپتسمہ دینا۔
تَغَاطَس: ایک دوسرے کو غوطہ دینا اپنے آپ کو ناسمجھ یا لاپرواہ جتانا۔
غِطَاس: بپتسمہ۔
عِیدُ الغِطَاس: مسیح کو بپتسمہ دینے کا دن۔
غَاطِس (م) غَاطِسَۃ: غوطہ مارنے والا۔ سیاہ (رات)
غَطَّاس: ایک پرندہ جو غوطہ لگاتا ہے پانی کی تہہ تک پہونچنے والا۔
غَمُّوس: لڑائیوں میں آگے بڑھنے والا بہادر۔ غوطہ مارنے والا۔
مِغْطَس ج مَغَاطِس: غوطہ لگانے کے لئے برتن۔ یا جگہ۔
مُغْنَطِیس و مَغْنَاطِیس: مقناطیس
غَطَش ــِ غَطْشًا و اَغْطَش سیاہ ہونا (رات)
— غَطْشًا و غَطَشَانًا: آہستہ چلنا (بیمار یا لنگڑا)
غَطِش ــَ غَطَشًا ب: کمزور نظر والا ہونا۔ دھندلی نظر والا ہونا۔
غَطَّش ل: نصیحت کرنا۔
اَغْطَش: تاریک ہونا (رات) تاریک کرنا (رات کو)
تَغَطَّش: کمزور ہونا (آنکھ)
تَغَاطَش: جان بوجھ کر اندھا یا غافل بننا۔
غُطَاش: رات کی ظلمت۔
غَطَش: نظر کی کمزوری۔ رات کی ظلمت۔
اَغْطَش (م) غَطْشَاء ج غُطْش: کمزور نظر والا۔
غَطْشَاء: اندھیری (رات)
فَلَاۃ غَطْشَاء و غَطِش غَطْشیٰ بے راستہ و بے آب ریگستان۔
غَطْغَط: جوش مارنا (ہانڈی) غالب آنا (نیند)
— و تَغَطْغَطَ البَحْرُ: بہت لہردار ہونا سمندر۔
تَغَطْغَط: بکھرنا۔
غَطْغَطَۃ: ہانڈی کا جوش۔ سمندر کی لہروں کی آواز۔ مرغ سنگ خوار کی چیخ
غَطَاغِط: لیلیاں۔
غَطَف: بہتری۔ ابرو کے بالوں کی زیادتی۔ پلکوں کی لمبائی۔
اَغْطَف (م) غَطْفَاء: لمبی پلکوں والا۔ گنجان ابروؤں والا۔ آسودہ (زندگی)
غَطَفَان: یہود کی ایک قوم کا نام
غَطَل ــُ غَطْلًا: ابر آلودہ ہونا (آسمان)
غَطِل ــَ غَطَلًا: سیاہ ہونا (رات)
غَطْلِیل: بہت جائداد یا مویشی والا ہونا۔
غَیْطَل: مویشی کی تجارت کرنا۔ شور کرنا۔ بھیڑ کرنا (گروہ)
اِغْطَالَّ: ڈھیر ہونا۔
غَیْطَلَۃ: اندھیرا۔ مخلوط آوازیں۔ گروہ۔
غَیْطَلَۃ و غَیْطَل: گنجان لپٹے ہوئے درخت۔ بھیڑ۔ بیل۔ گائے بارہ سنگھے۔ بل۔ اندھیرا۔ گھبراہٹ۔ شور

غطمّ و غِطیم و غطمطم: بڑا سمندر۔ بڑا (گروہ) فیاض سخی۔

غطمطا و تغطمط: جوش مارنا۔ (سمندر) آپس میں ٹکرانا۔ (لہریں) جوش کھانا (ہانڈی) آواز دینا (سیلاب)

غُطامِط و غُطمطیط: کھردری آواز۔ سمندر کی آواز۔

غَطمُطم: بڑا سمندر۔

غَطا ۔ غَطوًا و غُطوًّا و غطّی و اغطی: ڈھانکنا۔ چھپانا اونچا ہونا۔

غطا: اندھیرا پھیلانا (رات) کناروں سے بہنا (پانی)

اغطی: رس دار ہونا۔ پھیلنا (انگور کی بیل)

غِطاء ج اغطیۃ: ڈھکنا۔ پردہ۔

غِطایۃ: عورت کی کرتی۔ بنائن عرق گیر۔

غطی ۔ غطیًا و غُطیًّا: تاریک ہونا (رات) خوشحال ہونا (جوان) بہت ہونا (پانی)

— و غطی و غطّی: ڈھانکنا۔ چھپانا

— و اغطی: پھیلی ہوئی شاخوں والا ہونا (درخت)

تغطّی و اغتطی: ڈھک جانا۔ چھپ جانا۔

غاطِیۃ (م) غاطی: انگور کی بیل۔

غفّ ۔: گزارہ کے لئے لینا۔ گرد اگرد جمع ہونا۔

تغفّف و اغتفّ: سبز چارہ سے موٹا ہونا (مویشی)

اغتفّ: تھوڑی چیز دینا۔

غفّ: خشک پتے یا گھاس۔

غفّۃ: سبز چارہ کی کفایت۔ سبز چارہ کا ایک لقمہ۔ چوہا۔ بقیہ (برتن کا)

— من العیش: خوراک کی کفایت

غفر ۔ غفرًا و غفر و اغفر: چھپانا۔

غفر الشیب ب: چھپانا سفید بالوں کو (رنگ سے)

غفر ۔ غفرًا و غفیرًا و غفیرۃً و غفرانًا و مغفرۃ و غفورًا ل: پردہ پوشی کرنا۔ بخش دینا (گناہ) اصلاح کرنا (کام کی)

— و غفِر ۔ غفرًا و غفر: دوبارہ بیمار ہونا۔ روئیں دار ہونا۔ (کپڑا) تندرست ہونا۔ دوبارہ کھل جانا (زخم)

غفر الجلب السوق: درآمد نے بازار کو چھپا لیا (یعنی درآمد کی وجہ سے کساد بازاری ہوگئی)

غفّر: گناہ معاف کرنے کی دعا کرنا۔ ڈھانکنا

اغفر: گوند نکالنا (پودہ) سبز گھاس اگانا (جگہ)۔ چھپانا۔

تغفّر: گوند اتارنا (درخت سے)

تغافر: ایک دوسرے کے واسطے دعائے مغفرت کرنا۔ ایک دوسرے کو معاف کرنا۔

اغتفر: بخش دینا

استغفر اللہ الذنب و من الذنب: میں خدا سے گناہ کی معافی مانگتا ہوں۔

اغفارّ الثوب: کپڑے کے روئیں کھڑے ہونا۔

غفر و غفَر: کپڑے کے روئیں۔ پیٹ۔

غَفر و غُفار: گردن کے چھوٹے چھوٹے بال۔ چھوٹی گھاس۔

غُفر و غَفر ج اغفار و غِفرۃ و غُفور: پہاڑی بکری کا بچہ۔

غِفر: بھیڑا۔ کیڑا۔

غَفَر و غَفارۃ (بجائے خفر) رات کا پہرہ۔ گارد۔

غفِر الوجہ او القفا: گردن یا چہرے پر بال رکھنے والا۔

غِفارٌ: رخسارہ کا نشان۔

غُفرۃ: ڈھکنا۔

غفر الامر بغفرتہ: اس نے مناسب طریق سے کام کی اصلاح کردی ہے۔

سنۃ الغفران: جوبلی۔

غِفارۃ ج غفائر: ایک قسم کا خود جو سپاہی کلاہ کے نیچے پہنا کرتا ہے۔ عورت کے بال چھپانے کی اوڑھنی۔ ٹکڑا ابر کمان کے چلہ پر ہوتا ہے۔

غفّارۃ: وسیع چادر یا جبہ جس کو پادری پہنتے ہیں۔

غافِر ج غفرۃ و غافرون: معاف کرنے والا۔

غفور و غفّار: بہت معاف کرنے والا (خدا)

غَفِيْر : روآں - ڈھکنا - چوکیدار
اَلْجَمَّاءُ الْغَفِيْرُ : بڑا گروہ -
جَاءُوْا اَلْجَمَّ الْغَفِيْرِ او جمًّا
غَفِيْرًا او الجمّ الغفير : وہ
سب شریف و وضیع آگئے -
غَفِيْرَة : ڈھکنا - زیادتی - کثرت
اصلاح کا ذریعہ - پیوند -
مَا فِيه غَفِيْرَة : اس میں معافی
نہیں -
غَوْفَر : تربوز -
مِغْفَر و مِغْفَرَة ج مَغَافِر :
خود -
— و مُغْفُر و مُغْفُور ج
مَغَافِر و مَغَافِيْر : ایک پودہ
کا گوند - مَن -
مَغْفِرَة : معافی -
غُفْرَةٌ : چھوٹے بالوں والا پہاڑی
بکرا -
غَفَش : آنکھ کی چیرک -
غَافَص مُغَافَصَةً و غِفَاصًا
اچانک آ پڑنا - اچانک آ پکڑنا -
غَافِصَة ج غَوَافِص : بلائے
ناگہانی - اچانک آنے والی مصیبت
غَفَق ـِ غَفْقًا : اچانک
واپس آنا -
— علی : ہجوم کرنا - حملہ کرنا -
— ہ بالسّوط : چابک سے مارنا
— غَفْقَةً : تھوڑی سی نیند کرنا
غَفَّق : اونگنا -
تَغَفَّقَ الشَّرَابَ : تمام دن شراب
پینا -
اِغْتَفَقَ ب : احاطہ کرنا -

غَفْق : ہلکی بارش -
مَغْفِق : مرجع - واپسی کی جگہ -
مُنْغَفَق : واپس ہونے اور مڑنے
کی جگہ -
غَفَل ـُ غُفُوْلًا و غَفْلَةً و
غَفَلًا : غافل ہونا - لاپرواہی کرنا -
ڈھانکنا (چیز کو)
— وَتَغَافَلَ عَن : چشم پوشی کرنا -
غفلت کرنا -
غَفَّلَ و اَغْفَلَ : بے پرواہ بنانا -
غافل شمار کرنا -
غَفَّلَ : ڈھانکنا - چھپانا -
غَافَلَ و تَغَفَّلَ و اِغْتَفَلَ
و اِسْتَغْفَلَ : اچانک آ پکڑنا -
غفلت کے وقت کا انتظار کرنا -
اَغْفَلَ : غفلت کرنا - بھولنا -
تَغَافَلَ : غافل ہونے کا بہانہ کرنا
— عن : بھولنا -
غَفَل : وسعت گزارہ -
غُفْل ج اَغْفَال : غیر آباد (زمین)
وہ چیز جس پر کوئی نشان نہ لگایا
گیا ہو - گمنام (شعر و کتاب) بےخبر
و بے شر آدمی -
غَفْلَان و تَغَافُل : لاپرواہی -
غَافِل (ج غَافِلُوْن و غُفُوْل و
غُفَّل) و غَفْلَان : غافل - لاپرواہ
غُفْلَان : غافل -
مُغَفَّل : سادہ لوح - بے پرواہ -
غافل - بے ہودہ - بے وقوف -
مَغْفَلَة : لب زیریں کے بال -
غَفَا ـُ غَفْوًا و غُفُوًّا و
غَفِيَ ـَ غَفْيَةً و اَغْفَى : اونگنا

ہلکی نیند سونا - تیرنا (پانی پر)
غَفْو و غَفْوَة : ایک اونگ -
غَافٍ (م) غَافِيَة : بلندی جس
تک پانی نہ پہونچا ہو - اونگنے والا -
غَفَى ـِ غَفْيًا و اَغْفَى : صاف
کرنا - (گندم کو)
اَغْفَى : تنکے اور زوان والی ہونا -
گندم - کھلیان میں بھوسہ پر سونا -
(آدمی)
غُفَاء و غَفَى : تنکے اور چھوٹی
گیہوں - جو گندم میں ملے ہوئے ہوتے
ہیں - گندم کا پھٹکن -
غَفْيَة : بلندی جس پر پانی نہ چڑھے
غُفَاءَة : آنکھ کی پتلی کی سفیدی
غَقّ ـِ غَقًّا و غَقِيْقًا چیخنا
(شکرا) جوش کھانا - (تارکول کا)
غَقٌّ : شکرا کی چیخ -
غَقّ و غَقِيْق : بھنور کی آواز -
غَلّ ـُ غَلًّا فی : داخل کرنا -
داخل ہونا -
— بَصَرُهُ : اس کی آنکھ راہ راست
سے بھٹک گئی -
— المَفَازَة : ریگستان میں
داخل ہونا -
— بَيْن : بہنا (پانی کا درختوں میں
سے)
— و غَلَّل : ہتھکڑی یا طوق
ڈالنا - پہنانا (شلوکہ کرتی)
— الشی : چیز کو چوری سے سامان
میں رکھ لینا -
— ـُ غُلُوْلًا و اَغَلّ : بیوفائی
کرنا - دھوکا دینا -

— ـِ غِلًّا و غَلِيلًا صَدْرُہٗ: کینہ سے سینہ کا پُر ہونا۔

غُلَّ غُلًّا و غُلَّةً: سخت پیاسا ہونا۔

غَلَّلَ ب: خوشبو لگانا (داڑھی کو)

اَغَلَّ و غَلَّ: غلہ پیدا کرنا (زمین) غلہ والی ہونا۔ زرہ پہننا۔ حملہ کرنا۔ خیانت کرنا۔

— البَصَرَ: ٹکٹکی باندھکر دیکھنا۔

—: خیانت کی طرف منسوب کرنا۔ خائن ہونا

اَغَلَّ علی: خوراک لانا۔ (عیال بچہ کے لئے)

تَغَلَّلَ و انْغَلَّ فی: گھسنا۔ داخل ہونا۔

اِغْتَلَّ ب: خوشبو لگانا۔

اِغْتَلَّ: غلہ لے لینا (زمین کا) کپڑوں کے نیچے پہننا (کپڑا)

اِسْتَغَلَّ: غلہ جمع کرنا۔ غلہ مانگنا۔

غِلّ: کینہ۔ کھوٹ۔

غُلّ ج اَغْلَال: ہتھکڑی۔ بیڑی۔ طوق۔ سخت پیاس۔

غُلَّةٌ ج غُلَلٌ: سخت پیاس۔ کپڑوں کے نیچے پہننے کا کپڑا۔ چیز جس میں کوئی چھپ جائے۔ کوزہ کے سر پر باندھنے کا کپڑا۔

غَلَّة ج غَلَّات و غِلَال: آمد۔ غلہ۔ گھر کے کرایہ کی آمد۔

غَلَل ج اَغْلَال: پانی جو درختوں کے درمیان سے جاری ہو۔ پیاس بجھنی۔ وہ گوشت جو اُتارتے وقت چمڑہ پر رہ جائے۔

غِلَالَة ج غَلَائِل: شلوکہ جو کپڑوں یا زرہ کے نیچے پہنتے ہیں۔ زرہ کے دو حلقوں کو جوڑنے والی میخ۔

غَالِيَة: مُشک اور عنبر اور کافور سے ملی ہوئی خوشبو۔

غَلُول: ہلکی خوراک۔

غَلِيل: سخت پیاس۔ کینہ۔ محبت یا غم کی گرمی۔ سخت پیاسا۔

غَلِيلَة ج غَلَائِل: زرہ۔ شلوکہ جو کپڑوں کے نیچے پہنا جاتا ہے۔

لَا اِغْلَالَ ولَا اِسْلَالَ: نہ دھوکا ہوگا اور نہ رشوت۔

غَلِيل (م) غَلِيلَة و غَلَّال و مُغْتَلّ و مَغْلُول: پیاسا۔

مُغِلّ و مِغْلَال: بہت غلہ پیدا کرنے والی (جگہ)

انا مُغْتَلٌّ اِلَيْهِ: میں اس کا مشتاق ہوں۔

مُغَلَّات و مُسْتَغَلَّات: زمین کا منافع و فصل۔

غَلَب ـِ غَلْبًا و غَلَبَةً و غَلَبًا و مَغْلَبًا و مَغْلَبَةً و علی: غالب آنا۔

غَلِبَ ـَ غَلَبًا: موٹی گردن والا ہونا۔

غَلَّبَ علی: غالب کرنا۔ غالب ظاہر کرنا۔

غَالَبَ مُغَالَبَةً و غِلَابًا: غلبہ پانے کے لئے مقابلہ کرنا۔ غالب ہونا۔

تَغَلَّبَ علی: طاقت سے غالب آنا۔ مغلوب کرنا۔

اِغْلَوْلَبَ: گھنا ہونا۔ (گھاس) بہت ہونا (قوم)

اِسْتَغْلَبَ عَلَيْهِ الضَّحِك: اس پر ہنسی غالب آگئی۔

غَلَّاب: بہت غلبہ پانے والا۔

غَالِب ج غَلَبَة و غَالِبُون: غالب آنے والا۔

غَالِبَةٌ ج غَوَالِبُ: غالب آنے والی شکل۔

غَالِبًا و فی الغَالِب و فی الاَغْلَب: عموماً۔ اکثر۔ عام طور پر۔

اَغْلَب: زیادہ طاقتور۔ اکثر۔

اَغْلَب (م) غَلْبَاء ج غُلْب: موٹی گردن والا۔ شیر۔

غَلْبَاء: گھنے درختوں والا باغیچہ۔ بڑا قبیلہ۔ بڑا اونچا ٹیلہ۔

غُلُبَّة: بہت جلد غالب آنیوالا۔

مُغَلَّب: بار بار مغلوب کیا ہوا۔ غالب ظاہر کیا ہوا۔

مَغْلَبَة: فتح۔ غلبہ۔ فتح کی جگہ۔

غَلَت ـُ غَلْتًا: فسخ کرنا۔ (خرید و فروخت)

غَلِتَ ـَ غَلَتًا: حساب میں غلطی کرنا۔

تَغَلَّتَ و اغْتَلَتَ: اچانک اکپڑنا

غَلْتَة: رات کا پہلا حصہ۔

غُلْتَة: حسابی غلطی۔

غَلَث ـِ غَلْثًا: ملانا۔

غَلِثَ ـَ غَلَثًا و اِغْتَلَثَ: آگ نہ دینا (چقماق)

غَلِثَ ـَ غَلَثًا: باہم شدت سے لڑنا۔

غَلَث: مخلوط چیز۔ کوڑا کرکٹ جو غلہ میں ملا ہوا ہو۔

غَلِث و مُغَالِث : سخت لڑاکا۔

— : مجنون۔

غَلْثَیٰ : ایک کڑوا پودہ۔

غَلِیْث و مَغْلُوث : گندم جس میں جو و تنکے وغیرہ ملے ہوئے ہوں۔

غَلَجَ ـِ غَلْجًا و غَلَجَانًا : برابر رفتار پر چلنا (گھوڑا)

تَغَلَّجَ علی : ظلم کرنا۔

غُلُج : جوانی کا عمدہ حصہ۔

اُغْلُوج ج اَغَالِیج : نرم و ملائم شاخ۔

غَلَّسَ و اَغْلَسَ : آخری شب کی تاریکی میں سفر کرنا۔ یا کام کرنا۔

غَلَّسَ فی الصَّلٰوۃِ : آخر شب کی تاریکی میں نماز پڑھنا۔

— الماءَ : آخر شب کی تاریکی میں پانی پر وارد ہونا۔

اَغْلَسَ : آخر شب کی تاریکی میں داخل ہونا۔

غَلَس ج اَغْلَاس : آخر شب کی تاریکی۔

غَلِیْس و غُلَس : جنگلی گدھا۔

وَقَع فی وَادِی تُغُلِّسَ : وہ بہت مصیبت میں پڑا۔

غَلَصَ ـُ غَلْصًا و غَلْصَمَ : نائے گلو کاٹنا۔ سر حلقوم کاٹنا۔

غِلِص و غِلِیْص : پیغام لیجانے والا لڑکا۔ جوتا بنانے والا۔

غَلْصَمَة ج غَلَاصِم : گردن کا پچھلا حصہ۔ زبان کی جڑ۔ گلا۔ ٹیٹوا۔ حلقوم کا سرا۔ قوم کے سردار جماعت۔

هُوَ فی غَلْصَمَةٍ من قَوْمِهٖ : وہ اپنی قوم میں معزز شخص ہے۔

غَلِطَ ـَ غَلَطًا و تَغَلَّطَ : غلطی کرنا۔

غَلَّطَ : غلطی منسوب کرنا۔

غَالَطَ مُغَالَطَۃً و غِلَاطًا و اَغْلَطَ : غلطی میں ڈالنا۔

تَغَالَطَ : ایک دوسرے کو غلطی میں ڈالنا۔

غَلْطَۃ : ایک غلطی۔

غَالِط و غَلْطَان : غلطی کرنیوالا۔

غَلُوطَۃ و مَغْلَطَۃ ج مَغَالِیط و اُغْلُوطَۃ ج اُغْلُوطَات و اَغَالِیط : وہ مسئلہ یا بات جس سے آدمی کو غلطی میں ڈالا جائے۔ وہ چیز جس میں بہت غلطی واقع ہو۔

مِغْلَاط : غلطی کرنے کا عادی۔

مُغَلَّط و مَغْلُوط : غلطی خوردہ

مُغَالِط : غلطی میں ڈالنے والا۔ دھوکا دینے والا۔

غَلَظَ ـِ و غَلُظَ ـُ غِلَاظَۃً و غِلْظَۃً و غُلْظَۃً و غِلَظًا : موٹا ہونا۔ گاڑھا ہونا۔ سخت ہونا۔ تند خو ہونا۔

— و اسْتَغْلَظَ : گاڑھا یا موٹا ہونا سخت ہونا۔ گہرا ہونا (رنگ) ناہموار ہونا (زمین)

غَلَّظَ : موٹا یا گاڑھا یا کھردرا یا مشکل بنانا۔ مضبوط کرنا۔ (قسم)

— علیه فی الیمین : اس نے اس پر قسم میں سختی کی۔

اَغْلَظَ لِفُلَانٍ فی القَوْلِ : اس نے فلاں سے سخت کلامی کی۔

— : گاڑھا پانا (چیز کو)

اَغْلَظَ المُسَافِرُ : مسافر کا سخت زمین پر اترنا۔

اِسْتَغْلَظَ : موٹا پانا۔ موٹا ہونا۔ سخت ہونا۔ خریدنے سے رکنا

غَالَظَ : دشمنی کرنا۔

غَلْظ : ناہموار سخت زمین۔

غِلَظ و غِلْظَۃ : موٹائی۔ ناہمواری کھردراپن۔ شدت۔ سخت کلامی۔ سختی

بَیْنَهُمْ غِلْظَۃٌ : ان کے درمیان عداوت ہے۔

غُلَاظ : غلیظ۔

غَلِیْظ ج غِلَاظ : موٹا۔ کھردرا۔ غیر مہذب (آدمی) بد اخلاق۔ سخت۔ گاڑھا۔

— و مُغَلَّظ : سخت قسم۔

غَالِظ ج غَلَظَۃ : موٹا۔ سخت۔ گاڑھا

مُغَلَّظ : سخت شرائط پر لیا ہوا (خون بہا دم)

مُغَالَظَۃ : نفرت۔ عداوت۔ مخالفت

غَلْغَلَ غَلْغَلَۃً و تَغَلْغَلَ : چلنے میں جلدی کرنا۔ بھوٹنا (پانی)

— فی الشیءِ : چیز میں زور سے داخل ہونا۔

تَغَلْغَلَ بِالغَالِیَۃِ : خوشبو لگانا۔

رِسَالَۃٌ مُغَلْغَلَۃٌ : ایک علاقہ سے دوسرے علاقہ میں پہونچایا ہوا پیغام۔

غُلْغُلَۃ : شور۔

غَلْغَل ج غَلَاغِل : درخت کی گہری جڑ۔

غَلَفَ ـُ غَلْفًا و اَغْلَفَ : ڈھانکنا

خلاف میں ڈالنا۔ زین پوش ڈالنا۔ (زین پر)
غَلِفَ ـَ غَلَفًا: بے ختنہ ہونا۔
غَلَّفَ: غلاف میں ڈالنا۔ ڈھانکنا لفافہ میں ڈالنا (خط)
أَغْلَفَ الشَّيءَ: چیز کے لئے غلاف بنانا۔ یا چیز کو غلاف میں ڈالنا۔
تَغَلَّفَ و اِغْتَلَفَ: غلاف میں ہونا یا پڑنا۔
ــــ الرَّجُلُ: آدمی نے ڈاڑھی کو غالیہ خوشبو لگائی۔
غَلْفٌ: ایک درخت جس سے چمڑا رنگتے ہیں۔
غُلْفَةٌ: ختنہ کا چمڑا۔ گلفہ۔
ــــ غُلْفَتَانِ: موچھوں کی دونوں طرفیں۔
أَغْلَفُ (م) غَلْفَاءُ ج غُلْفٌ غلاف میں ڈالی ہوئی (بوتل) میان میں ڈالی ہوئی (تلوار) سخت (دل) ختنہ نہ کیا ہوا۔
عَيْشٌ أَغْلَفُ: فراخ زندگی۔
غَلْفَاءُ: نہ چری ہوئی (زمین) فراخی والا (سال)
غِلَافٌ ج غُلُفٌ و غُلُفٌ و غُلُفٌ: کیس۔ نیام۔ غلاف لفافہ
مُغَلَّفٌ ج مُغَلَّفَاتٌ: خطوں کا بنڈل۔ لفافہ۔ انڈا کی جھلی۔
غَلْفَقٌ: سبز کائی جو پانی پر ہوتی ہے
غَلَقَ ـِ غَلْقًا: چلے جانا۔
غَلِقَ ـَ غَلَقًا: ضبط ہونا۔ (ضمانت یا رہن) رنجیدہ ہونا۔ ناراض ہونا۔ بے آرام ہونا۔ بدخلق ہونا۔

غَلَّقَ و أَغْلَقَ و غَلَقَ غَلْقًا: بند کرنا (دروازہ)
غَلَّقَ: ختم کرنا۔ (بیع)
غَالَقَ: شرط لگانا۔
أَغْلَقَ عَلى: مجبور کرنا۔
أُغْلِقَ عَلَيْهِ الْأَمْرُ: معاملہ اس پر مبہم رہا۔
أُغْلِقَ فِي يَدِ الْوَالِي: حاکم کے حوالہ ہونا (مجرم)
تَغَالَقَ: باہم شرط لگانا۔
اِنْغَلَقَ: بند ہونا۔ (دروازہ)
اِسْتَغْلَقَ عَلى: مشکل ہونا (گفتگو) خاموش رہنا۔ مقرر ہونا (بیع)
ــــ: مشکل سے کھلنا (دروازہ) مشکل ہونا (معاملہ)
غَلَقٌ ج أَغْلَاقٌ و ج ا غَالِيقُ: لکڑی کا قفل۔ بڑا دروازہ۔ ٹوکری۔
غَلِقٌ: مشکل (کلام) بند (دروازہ) ضبط کی ہوئی (ضمانت) بدخلق (آدمی) زخمی پیٹھ والا (اونٹ)
غُلُقٌ و مُغْلَقٌ و مَغْلُوقٌ: بند کیا ہوا (دروازہ)
مَغْلَقٌ ج مَغَالِقُ: آمد کا ذریعہ۔
مِغْلَقٌ ج مَغَالِقُ و مَغَالِيقُ: جوئے کے تیروں میں سے فائدہ دہ تیر۔
ــــ و مِغْلَاقٌ و مَغْلُوقٌ ج مَغَالِيقُ: تالا۔ قفل۔ کنجی۔
غَلِمَ ـَ غَلَمًا و غُلْمَةً و اِغْتَلَمَ: شہوت پرست ہونا۔
اِغْتَلَمَ: جوان ہونا (لڑکا) جوش کھانا (شراب) زور میں ہونا (لہریں)

غَلِمٌ و غِلِّيمٌ و مُغْتَلِمٌ: شہوتی شہوت پرست۔
غُلَامٌ ج غِلْمَانٌ و غِلْمَةٌ و أَغْلِمَةٌ: نوجوان۔ لونڈا۔ غلام نوکر۔
غُلَامَةٌ: لونڈی۔ نوکرانی
غُلَامِيَّةٌ و غُلُومِيَّةٌ و غُلُومَةٌ نوجوانی کی حالت۔ جوانی۔
غَيْلَمٌ: نرکچھوا۔ بڑے سر اور گھنے بالوں والا جوان۔ مینڈک۔ کنوؤں میں پانی کا منبع۔
مَا فِي الدَّارِ غَيْلَمٌ: گھر میں کوئی نہیں۔
غَلَنَ ـُ غَلْنًا: طاقتور ہونا۔ (جوان)
غَلَّنَ: تھم جانا (سمندر) ہوا وغیرہ)
غَلْيَنَةٌ: ٹھہرا ہوا (سمندر وغیرہ)
غُلْوَانُ الشَّبَابِ: آغاز شباب یا اس کی چستی۔
غَلَا ـُ غُلُوًّا: حد سے بڑھنا۔ زیادہ ہونا۔ بلند ہونا۔ گنجان اور بڑا ہونا۔ (پودہ)
ــــ بِالدِّينِ: مذہب میں جوشیلا اور مضبوط ہونا۔
ــــ ـُ غَلْوًا و غُلُوًّا بِالسَّهْمِ و غَالَى مُغَالَاةً و غِلَاءً بِالسَّهْمِ او بِالسَّهْمِ: تیراندازی میں معمولی فاصلہ سے بڑھ جانا۔
غَلَا ـُ غَلَاءً: مہنگا یا ستا ہونا (نرخ)
غَالَى مُغَالَاةً و غِلَاءً فِي: مبالغہ کرنا۔ حد سے بڑھنا۔

— مغالاۃ ب : قیمت چڑھنا۔
(چیز کی) مہنگی قیمت پر خریدنا
غالَی الرجلَ : خوبی میں کسی
آدمی کا مقابلہ کرنا۔
اَغلَی : زیادہ قیمت پر خریدنا مہنگا
پانا یا مہنگا کرنا۔ پتے اُتارنا (انگور
کی بیل کے)
— وتغالی (ا غلوّلی : گنجان
اور بڑا ہونا (درخت)
اِغتلی : جلدی چلنا (اونٹ)
استغلی : مہنگا پانا۔
غلاء : مہنگائی۔
غلاءۃ ج اغلیۃ : چھوٹی قسم کی
ایک مچھلی۔
غُلُوّ و غُلْوَاء و غُلَوَاء :
مبالغہ۔
غُلْوَاء و غُلَوَاء و غُلْوَان :
جوانی کی چستی و آغاز۔ زیادتی۔
غَلْوَۃ ج غَلَوَات و غِلاء :
تیر مارنے کا انتہائی فاصلہ۔
غالٍ (م) غالیۃ ج غَوالٍ :
مہنگا (مال) قیمتی۔
غالِی : چربیدار گوشت۔
بعتُہ بالغالی : میں نے اس کو
مہنگا فروخت کیا۔
مِغلَی و مِغلاۃ ج مغالٍ :
تیر جو بہت دُور فاصلہ پر مارا جائے۔
غلَی ۔ غَلْیًا و غَلَیَانًا و
اِنغلَی : جوش مارنا (ہانڈی)
غلّی و اَغلَی : اُبالنا۔ جوش دینا
(ہانڈی کو)
— : دُور سے اشارہ سے سلام کرنا۔

تغلّی غالیۃ : خوشبو لگانا۔
غلّایۃ : پتیلی۔
غلیُون ج غلایِینُ و غلاوِین
زغیلا۔ جنگی جہاز۔
غالیۃ ج غوالٍ : ایک مرکب
خوشبو ہے۔ جو مشک اور عنبر اور
کافور سے بنتی ہے
مَغلِیّ و مُغلیّ : اُبلا ہوا (شراب)
جوشاندہ۔
غمّ ۔ غمًّا و غمّمَ : چھپانا
ڈھانکنا۔
غمّ و اغمّ : غمگین کرنا۔ رنجیدہ
کرنا۔
غمّ و اغمّ یومُنا : ہمارا دن
سخت گرم ہوگیا۔
غُمّ علی : مخفی ہونا۔ پوشیدہ ہونا
مبہم ہونا (معاملہ)
غَمّ ۔ غمَمًا : لمبے اور گنجان
بالوں والا ہونا۔
غامّ : ایک دوسرے کو رنجیدہ کرنا
اَغمَّ : بادل والا ہونا (آسمان)
ما اَغمّک لی او الیّ او علیّ :
تو نے کس قدر مجھے غمگین بنایا۔
تغامّ : غم کا اظہار کرنا۔
اِنغمّ : ڈھک جانا۔
— و اِغتمّ : غمگین ہونا۔
اِغتمّ النباتُ : نبات کا لمبا اور
زیادہ ہونا۔
غمّ ج غُمُوم و غُمّۃ ج غُمَم
حزن۔ رنج۔ گھبراہٹ
یومٌ غَمّ : گرم دن
لیلۃٌ غَمّ و غَمّۃ و غُمّی : گرم یا

غم کی رات۔
اَمرٌ غُمّۃ : مشکل و پیچیدہ معاملہ
غَمّۃ : ذبح شدہ بھیڑ کا کلہ اور
پائچہ۔
کطمّۃ غمّۃ : اچانک۔
غَمّی : شدت۔ تاریکی۔ غبار۔
غُمّی : سخت رنجدہ معاملہ
غَمام و غَمامۃ ج غمائم
پتلا سفید بادل۔
غَمامۃ : بادل کا قطعہ۔
غُمام : زکام
غِمامۃ ج غمائم : تھوتھڑی
منہ پر کا چھینکا۔
غامّ (م) غامّۃ : ڈھکنا۔
سخت گرم (دن یا رات)
اَغمّ (م) غمّاء : لمبے گھنے بالوں
والا۔
غمّاء : غم۔ حزن۔ مصیبت۔
گھبراہٹ۔ بادل والی (رات)
غمیم : گرم کرکے گاڑھا کیا ہوا
دودھ۔
غُمُوم : چھوٹے ستارے جو مخفی
رہیں۔
مُغِمّ : بہت پانی والا (بادل)
مُغِمّۃ : بہت نباتات والی
(زمین)
غمت ۔ غمتًا : ڈھانکنا
معدہ پر ثقیل ہونا (کھانا)
غمّتہ فی الماء : اس نے
اس کو پانی میں غوطہ دیا۔
غمِت ۔ غمتًا : خوراک کے
ثقل سے مدہوش ہونا۔

غَمَجَ ـِ غَمْجًا و غَمِجَ ـَ
غَمَجًا: لمبی کشش سے پانی پینا۔
غَمْجَۃ و غُمْجَۃ ج غُمَج: گھونٹ۔ کشش۔
غَمُجَ: تیل لگانا (کمان کو)
غِمْجَاس: گاڑھا مادہ
غَمَدَ ـُ غَمْدًا و اَغْمَدَ نیام میں ڈالنا (تلوار کو) ڈھانکنا۔ درست کرنا۔
غَمِدَ ـَ غَمَدًا: بہت یا تھوڑے پانی والا ہونا (کنواں) تاریک ہونا (رات)
غَمَّدَ و تَغَمَّدَ: قصور چھپانا۔ بھرنا (برتن) رحمت کے سایہ میں رکھنا (خدا)
اَغْمَدَ: ایک چیز کو دوسری میں داخل کرنا۔
تَغَمَّدَ: نیام میں ڈالنا (تلوار) بھرنا (برتن)
اِغْتَمَدَ: داخل ہونا (رات میں)
غِمْدٌ ج اَغْمَاد و غُمُود: تلوار کا نیام۔ کیس۔ غلاف۔
غَامِدٌ: بھرا ہوا جہاز۔
غَامِدَۃٌ ج غَوَامِدُ: مٹی سے ڈھکا ہموار کنواں)
غُمْدَان: یمن کے ایک قلعہ کا نام۔
مَغْمَد ج مَغَامِدُ: نیام۔
غَمَرَ ـُ غَمْرًا: ڈھانکنا۔ (پانی) کنارہ پر سے بہنا۔ دبا لینا (پانی)
غَمِرَ ـَ غَمَرًا صَدْرُہُ غِمْرًا و غَمَرًا علی: سینہ کا کینہ سے بھرجانا
غَمِرَتْ یَدُہٗ: اس کے ہاتھ کو گوشت کی چربی لگ گئی۔

غَمُرَ ـُ غَمَارَۃً و غُمُورَۃً: زیادہ ہونا (پانی) جاہل ہونا (آدمی)
غَمَّرَ: برتن میں پانی پلانا (گھوڑے کو) ترغیب دینا۔ بغلگیر ہونا۔ زعفران ملنا
— بالشیٔ: چیز کو پھینک دینا۔
— و تَغَمَّرَ و اِغْتَمَرَ: منہ پر زعفران ملنا۔ کاسمٹک ملنا۔
اَغْمَرَہٗ الحَرُّ: گرمی نے کم ہوکر اس کو سفر پر جرأت دلائی۔
غَامَرَ: سخت لڑائی لڑانا۔
تَغَمَّرَ: چھوٹے برتن میں پینا۔
تَغَامَرَ: باہم بغلگیر ہونا۔
اِنْغَمَرَ و اُغْتُمِرَ: پانی میں غوطہ لگانا۔ ڈوبنا۔
اِغْتَمَرَ: ڈبو دینا (پانی کا)
غَمْرٌ ج غِمَار و غُمُور: بہت پانی۔ سمندر کا بڑا حصہ۔ فیاض و خلیق۔ تندخو (گھوڑا)
ثَوبٌ غَمْرٌ: پورا کپڑا۔
— من النَّاس: عام لوگ۔ لوگوں کی جماعت۔
— الخُلُق و الرِّدَاء: فیاض آدمی۔
لَیْلٌ غَمْرٌ: سخت تاریک رات
غُمْرٌ ج اَغْمَار: ناتجربہ کار۔ جاہل۔
غَمِرٌ: بہت چربیدار۔
غِمْرٌ ج اَغْمَار: کینہ۔ پیاس
غَمَرٌ ج غُمُور: ناتجربہ کار۔ کینہ۔ گوشت کی بدبو۔
— النَّاس: مخلوق۔ جماعت۔ لوگوں کی جماعت۔

غُمْر و غُمْرَۃ ج اَغْمَار: زعفران۔ چھاتی۔
غُمَر ج غِمَار و اَغْمَار: چھوٹا پیالہ۔
غَمْرَۃ ج غَمَرَات و غِمَار و غُمَر: گہرائی۔ گہرا پانی۔ بڑی مقدار۔ مصیبت۔
غَمَرَات المَوْت: موت کی تکالیف۔
غُمْرَۃ: زعفران۔ سیمنٹ۔ کاسمیٹک جو زعفران سے بنتا ہے۔
غَمَارَۃ: جہالت۔ ناواقفی۔
غُمَار و غَمَار و غُمَارَۃ و غَمَارَۃ: لوگوں کی جماعت۔ انبوہ۔
غَامِر: بہت (پانی) خراب (زمین) بغلگیر ہونے والا۔
غَمِیْر: بہت پانی۔
مُغَامِر و مُغَمِّر: لاپرواہی سے خطرہ میں گھس جانے والا۔
مُغْتَمِر: سیراب شدہ (درخت) سوکھے بالوں والی (گندم) مدہوش (آدمی)
مَغْمُور: گمنام۔ غیرمشہور۔ مقہور۔
غَمَزَ ـِ غَمْزًا ب: اشارہ کرنا (آنکھ یا ابرو سے) ٹٹولنا (ہاتھ سے)
غَمَزَ ب و علی: طعن دینا۔ مخالفت پر شرارت کی کوشش کرنا
غَمَزَ: ظاہر ہونا (نقص) پھوٹے پڑنا (بیماری) لنگڑا ہونا (جانور) امتحان کے لئے دانتوں سے چبانا (نرم

اَغۡمَزَ فی: عیب گیری کرنا - بدظلم کرنا - کمزور پانا -
غَامَزَہٗ: عیب لگانا -
تَغَامَزَ: ایک دوسرے کو آنکھ سے اشارہ کرنا -
اِغۡتَمَزَ: طعن کرنا - کمزور سمجھنا (کلمہ کو)
غَمۡزَۃ: آنکھ کا ایک اشارہ -
غَمۡزَ ج غَمۡز و اَغۡمَاز: بکے مولیشی - کمزور آدمی -
غَمَّاز: بندوق کا گھوڑا -
غَمَّازَۃ: گال یا ٹھوڑی پر کا گڑھا
غَمِیۡزٌ: نمایاں عیب -
غَمِیۡزَۃ: کمزوری - بُرائی - نقص -
مَا فِیۡہِ غَمِیۡزَۃ او مَغۡمَزٌ: اُس میں کوئی عیب نہیں -
مَغَامِز و مَغۡمَزٌ ج مَغَامِزُ: عیب - طعن یا طمع کی جگہ -
مَغۡمُوز: مشکوک - متہم -
غَمَسَ ـِ غُمُوسًا: ڈوبنا (ستارہ)
غَمَسَ الرُّمۡحَ فی صَدۡرِہٖ: اس نے نیزہ کو اس کے سینہ میں داخل کر دیا -
— غَمۡسًا و غَمَسَ فی: غوطہ دینا - ڈبونا -
غَمَّسَ: زور سے ڈبونا - تھوڑا پانی پلانا (جانور کو) پتھر یا اینٹ کو سیمنٹ سے لگانا -
غَامَسَ: خطرات میں کود پڑنا - اپنے آپ کو لڑائی یا خطرہ میں ڈالنا - غوطہ زنی میں مقابلہ کرنا -
غَامَسَ فی الاَمۡرِ: کام میں جلدی کرنا -

اِنۡغَمَسَ و اِغۡتَمَسَ فی: ڈوبنا - گھس جانا -
اِنۡغَمَسَ: سیمنٹ والی ہونا (اینٹ)
غَمُوس: گھس جانے والا (نیزہ) مصیبت میں ڈالنے والا (معاملہ) بہادر
اَلۡیَمِیۡنُ الۡغَمُوس: جھوٹی قسم جو ارادۃً کھائی جائے -
غَمِیۡس: تاریکی - تاریک (رات) پوشیدہ - غیر مشہور (نظم)
— و غَمِیۡسَۃ: درختوں کا جھنڈ گنجان چیز -
غَمَّاسَۃ ج غَمَّاس: ایک قسم کا آبی پرندہ - پنڈ ڈبی - جینی -
غَمِشَ ـَ غَمَشًا: چرک بہنے کی وجہ سے چوندھا ہونا -
اَغۡمَش: کمزور نظر والا -
غَمَصَ ـِ و غَمِصَ ـَ غَمۡصًا حقیر جاننا -
— النِّعۡمَۃَ: نعمت کی ناقدری کرنا -
— علی فُلَانٍ قَوۡلَہٗ: عیب لگانا برا کہنا -
لَا تَغۡمِصۡ عَلَیَّ: مجھ پر جھوٹ نہ بول
غَمِصَ ـَ غَمَصًا: چرکدار ہونا (آنکھ)
اِغۡتَمَصَ: حقیر جاننا -
غَمَص: آنکھ کی چرک یا کیچڑ -
غَمُوصُ الۡحَنۡجَرَۃ: جھوٹا -
یَمِیۡنٌ غَمُوص: جھوٹی قسم -
الۡغَمُوص و الۡغُمَیۡصَاء: ایک برج کا نام -
اَغۡمَص (م) غَمۡصَاء ج غُمۡص چرکدار آنکھ والا -

مَغۡمُوص عَلَیۡہِ: دین یا عزت میں عیب لگایا ہوا -
غَمَضَ ـُ غُمُوضًا و غَمُضَ ـُ غُمُوضَۃً: پوشیدہ ہونا پیچیدہ ہونا (گفتگو)
غَمَضَ ـِ غَمۡضًا و غَمَّضَ و اَغۡمَضَ عن فُلَانٍ فی: سہولت کا برتاؤ کرنا - (بیع میں)
غَمَضَ ـُ غَمۡضًا فی: گھس جانا چھپنا (تلوار گوشت میں) ملک میں پھرنا (آدمی)
غَمِضَ ـَ و غَمُضَ ـُ غُمُوضَۃً و غَمَاضَۃً: پست ہونا (جگہ)
غَمَّضَ و اَغۡمَضَ: بند کرنا (آنکھ)
غَمَّضَ: مبہم کرنا (کلام)
— و اَغۡمَضَ علی: بند کرنا (آنکھ) برداشت کرنا -
اَغۡمَضَتِ الۡعَیۡنُ فُلَانًا: آنکھ کا فلاں کو حقارت سے دیکھنا -
اَغۡمَضَ عن الشَّیۡءِ: تجاوز کرنا چشم پوشی کرنا -
اِنۡغَمَضَ: بند ہونا (آنکھ)
مَا اغۡتَمَضَتۡ عَیۡنَایَ: میری آنکھ نہیں لگی -
اِغۡتَمَضَ: چمکنی بند ہونا (بجلی)
— عن: چشم پوشی کرنا -
غَمۡض ج اَغۡمَاض و غُمُوض: پست (زمین)
ذُوۡ غَمۡضٍ: گمنام - ذلیل -
غُمۡض و غِمَاض و غَمَاض و تَغۡمِیۡض و اِغۡمَاض و تَغَمَّاض: نیند - آنکھ کی جھپک -

ما اکتحلت عینی غمضًا اَوْ
غِماضًا اَوْ اِغماضًا او تغماضًا
او تغمیضًا: میری آنکھ نہیں لگی
آتانی ذالک علی اُغتماضٍ:
اس کو میں نے بغیر تکلیف کے حاصل
کیا۔
غامِض ج غوامِض: دقیق المعنی
(کلام) پست (زمین) گمنام و ذلیل
(آدمی)
غوامِضُ الابل: چھوٹے اونٹ
اَمْرٌ غامِضٌ: مبہم ومغلق معاملہ
غامِضَة ج غوامض و غامِضات
دقیق مسئلہ۔ راز۔
الدّار الغامِضَة: گھر جو راستوں
سے کنارے پر ہو۔
غَمِضَة: نقص۔ برائی۔
غَمیضَة: عیب۔
غُمَیْضَة: آنکھ مچولی میں اندھا
آدمی۔
ما فی ھذا الامر غُموضَة:
اس بات میں کوئی عیب نہیں۔
مَغْمَض ج مغامِض: بہت
پست (زمین)
مُغْمِضات: گناہ جو جان بوجھکر
کئے جائیں۔
--- اللیل: رات کی تاریکیاں۔
مُغَمَّض: بند کی ہوئی (چیز) غیرواضح
مبہم (لفظ)
غَمَط ـِ وغَمِط ـَ غمطًا
حقیر جاننا۔ ناقدری کرنا۔ (نعمت کی)
زور سے گھونٹ بھرنا (پانی کا) ذبح
کرنا۔ انکار کرنا (حق کا)

اَغْمَط علی: دائمی ہونا (تپ)
غامَط فی: لگاتار پینا۔
تَغَمَّط علی: ڈھانکنا (زمین)
اِغْتَمَط: غالب آکر دبا لینا۔
--- ب: حقیر جاننا۔
غَمْط: پست زمین۔
غَمْغَمَ غَمْغَمَةً: خوف کے
وقت ڈکارنا (بیل) جنگ میں آوازیں
نکالنا۔ دودھ کے لئے پستانوں پر
رونا (بچہ)
تَغَمْغَمَ: غیرواضح کلام کرنا۔ پانی
کے نیچے گڑگڑانا (غریق)
غَمْغَمَة ج غماغِم: غیرواضح
کلام۔
غَمَق ـُ وغَمِق ـَ وغَمُق
ـُ غَمَقًا: نمناک ہونا (جگہ) زیادہ
نمناکی سے خراب ہونا (نباتات)
غَمِق (م) غَمِقَة: نمناک (جگہ)
نمناکی کی وجہ سے خراب شدہ (پودہ)
غَمَقَة: کمر کی ایک بیماری۔
مَغْموق: کمر کی بیماری والا۔
غَمَل ـُ غَمْلًا: چھپانا۔ پسینہ
لانے کے لئے ڈھانکنا۔ ڈھیر لگانا۔
(انگور) ڈھانکنا (کچی کھجوروں کو پکانے
کے لئے) درست کرنا۔ وسیع ہونا۔
--- وتَغَمَّل: ایک دوسرے پر چڑھنا
(نباتات)
غَمِل ـَ غَمَلًا: پٹی کی وجہ سے
خراب ہونا (زخم) تہ بتہ ہونے کی وجہ
سے بدبودار ہونا۔
اِنْغَمَل: خراب ہونا (چمڑہ)
غَمِل و مَغْمول: خراب شدہ (چمڑا)

غَمیل ج غُمُل: خراب چمڑا۔
پست میدان۔
غُمْلول ج غمالیل: درختوں
سے ڈھکی ہوئی وادی۔
مَغْمول: گمنام۔ غیرمشہور۔
غَمْلَج و غَمَلَّج (مذکرومؤنث)
و غِمْلاج و غُمْلوج و غِمْلیج
(م) غُمْلوجَة و غِمْلیجَة:
غیرمستقل مزاج۔
غُمْلوج ج غمالیج: سائے
میں اُگی ہوئی شاخ۔
غَمَن ـُ غَمْنًا: دفن کرنا۔
جمع کرنا (انگور) چھپانا۔ نیم رس میوہ
کو پکانے کے لئے ڈھانکنا۔ پسینہ
لانے کے لئے کپڑے سے ڈھانکنا۔
--- وغُمِن و انْغَمَن فی: دفن کیا
جانا۔ دفن ہونا۔ غائب ہونا (زمین میں)
غَمَا ـُ غَمْوًا و غَمَی ـِ غَمْیًا
و غُمِیّ: لکڑی اور کیچڑ سے چھت بنانا
ڈھانکنا۔
غُمِی و اُغْمِی علی المَرِیض:
مریض کو غشی آنا۔
غُمِی و اُغْمِی یومُنا اَو لیلتُنا:
ہمارا تمام دن ابرآلود رہا۔ یا تمام
رات سیاہ رہی۔
اُغْمِی علیّ: پوشیدہ ہونا۔ مشکوک
ہونا (خبر)
غُمْی و اِغْماء: غشی۔
غِماء و غَمًی ج اَغْمِیَة و
اَغْماء: مٹی اور لکڑی کی چھت۔
غَمَّی: وہ چیز جس سے پسینہ لانے
کے لئے گھوڑے کو ڈھانپا جائے۔

رَجُلٌ غَمِیٌّ : غشی والا آدمی۔
رِجَالٌ غَمِیٌّ و اَغْمَاءٌ : غشی والے آدمی۔
غَمًی و غِمَاءٌ ج اَغْمَاءٌ و اَغْمِیَۃٌ : مکان کی چھت۔
مُغْمًی عَلَیْہِ : غشی والا۔
فی السَّمَاءِ غَمًی اَوْ غَمِیٌّ : آسمان بادل والا ہے۔
غَنَّ ــ غَنَّۃً : گنگنانا۔
غَنَّ ــ غَنًّا : پکنا (کھجور)
ـــ و اَغَنَّ : زیادہ درختوں والی ہونا (وادی)
غَنَّنَ : سرسبز کرنا (باغ)
اَغَنَّ : بھنبھنانا (مکھی) خوشی کی آواز سے گانا۔ بھرجانا (مشک) پک جانا (کھجور)
غُنَّۃٌ : غنغناہٹ۔ چھنکار۔ پتھر کی آواز۔
غُنَانٌ : مکھیوں کی بھنبھناہٹ۔
اَغَنُّ (م) غَنَّاءُ : غنغنانے والا بہت درختوں اور گھاس والی (وادی) سرسبز باغ۔
قَرْیَۃٌ غَنَّاءُ : بہت آباد گاؤں
غُنَّبَۃٌ ج غُنَبٌ : منہ کے گوشوں کی گول لکیریں۔
غَنِثَ ــ غَنَثًا : سانس لے لیکر پینا۔ بدی کی طرف مائل ہونا۔
تَغَنَّثَ : بوجھل ہونا۔ چمٹنا۔
غَنِجَ ــ غَنَجًا و تَغَنَّجَ : ناز و نخرہ کرنا۔
غُنْجٌ و غُنُجٌ و غُنَاجٌ : ناز و نخرہ
غَنِجٌ و مِغْنَاجٌ (م) غَنِجَۃٌ و مِغْنَاجٌ : ناز و نخرہ کرنے والا۔
غُنْجَۃٌ : جنگلی چوہا۔
غِنَاجٌ : کاجل جو عورتیں جسم پر خال گوندنے کے لئے استعمال کرتی ہیں۔
اُغْنُوجَۃٌ ج اَغَانِیجُ : ناز و نخرہ کرنے کی چیز۔
غُنْجُلٌ ج غَنَاجِلُ : لگڑ بگڑ۔
غُنْدُرٌ : موٹا چربیدار (بچہ)
غَنِصَ ــ غَنَصًا : تنگ سینہ والا ہونا۔
غَنِظَ ــ غَنْظًا : قریب المرگ ہونا
ـــ علی : مشکل ہونا۔
ـــ و اَغْنَظَ : بہت غصے ہونا۔
غَانَظَ : سختی کرنا۔
غَنْظٌ و غَنَظٌ و غَنَاظٌ و غِنَاظٌ : رنج و غم۔
مَغْنُوظٌ : غمگین۔
غَنِمَ ــ غُنْمًا و غَنْمًا و غَنَمًا و غَنِیمَۃً و غُنْمَانًا : غنیمت حاصل کرنا۔ مفت حاصل کرنا۔
ـــ غَنْمًا : مفت پانا۔
غَنَّمَ : غنیمت کا حصہ دینا۔ حصے سے زائد دینا۔
اَغْنَمَ : حصہ سے زائد دینا۔
تَغَنَّمَ و اِغْتَنَمَ : غنیمت سمجھنا۔
اِغْتَنَمَ و اِسْتَغْنَمَ الفُرْصَۃَ : موقع کو غنیمت جاننا۔
تَغَنَّمَ : بکریاں حاصل کرنا۔
غُنْمٌ و غَنِیمٌ و مَغْنَمٌ ج مَغَانِمُ : کمائی۔ غنیمت جو جنگ میں حاصل کی جائے۔
غَنِیمَۃٌ ج غَنَائِمُ : لوٹ۔
غَنِیمَۃٌ بَارِدَۃٌ : غنیمت جو بغیر مشقت کے ملے۔
غَنَمٌ ج اَغْنَامٌ و غُنُومٌ : بکریاں
غَنَمٌ مُغَنَّمَۃٌ و مُغَنْمَنَۃٌ : بہت تعداد والا۔ بکریوں کا ریوڑ۔
غُنَامَاكَ اَنْ تَفْعَلَ كَذَا : تیری کوشش کا انتہا یہ ہے کہ تو ایسا کرے
غَنَّامٌ : چرواہا۔ بہت بکریوں والا۔
غَانِمٌ (م) غَانِمَۃٌ : لوٹنے والا بغیر محنت کے کامیاب ہونے والا۔
مَغْنَمٌ ج مَغَانِمُ : غنیمت۔
غَنِیَ ــ غِنًی و مَغْنًی ب : ٹھہرنا۔ (جگہ میں)
ـــ لَہٗ بِالْمَوَدَّۃِ : اس نے اس کی محبت میں دوام کیا۔
غَنِیَ ــ غِنًی : شادی کرنا۔ بہت خوبصورت ہونا (عورت)
غَنِیَ ــ غِنًی و غَنَاءً و غُنْیَانًا : مالدار ہونا۔
ـــ بالشیء عن : کفایت کرنا۔ بس کرنا
غَنَّی : آواز کرنا (کبوتر)
غَنَّی و اَغْنَی : مالدار بنانا۔
غَنَّی و تَغَنَّی ب : گانا۔ شعر پڑھنا
ـــ و تَغَنَّی ب : مدح کرنا۔ عورت کے حسن و جمال کی تعریف کرنا۔ ہجو کرنا۔
اَغْنَی عَنْ : کافی ہونا۔
ہٰذَا مَا یُغْنِی عَنْکَ شَیْئًا : یہ تجھے کوئی فائدہ نہیں دیگا۔
اَغْنَی عَنْہُ غَنَاءَ فُلَانٍ و مَغْنَاہُ و مُغْنَاہُ و مَغْنَاتَہٗ و مُغْنَاتَہٗ : قائم مقام ہونا۔

مَا اَغْنَى فُلَانٌ شَيْئًا : فلاں نے کچھ فائدہ نہیں دیا۔
اَغْنَى عَنْهُ : دُور کرنا۔
تَغَنَّى و تَغَانَى و اِغْتَنَى و اِسْتَغْنَى : مالدار ہونا۔
تَغَانَى : ایک دوسرے سے غنی ہونا
اِسْتَغْنَى عَن : غنی ہونا۔
ـــ اللّٰهَ : خدا سے دُعا کرنا کہ وُہ غنی کر دے۔
غِنًى و غُنْيَة و غُنْيَان : کفایت دولتمندی۔
مَا لَهُ عَنْهُ غِنًى اَوْ غُنْيَةٌ : اس کے بغیر اس کو چارہ نہیں۔
غِنًى و غَنَاء : کفایت ۔ دولت۔
غِنَاء و اُغْنِيَّة و اِغْنِيَة ج اَغَانِيّ و اَغَانٍ : گیت ۔ سُر ۔ راگ
لَا غَنَى عَنْهُ : اس سے چارہ نہیں
غَنِيٌّ ج اَغْنِيَاء و غَانٍ : دولتمند مالدار ۔ مکتفی۔
غَانِيَة ج غَوَانٍ و غَانِيَات : خوبصورتی کی وجہ سے زیوروں سے غنی عورت ۔ پاکدامن ۔ باحیا یا شادی شدہ عورت۔
مَغْنًى ج مَغَانٍ : منزل ۔ رہنے کی جگہ۔
مَا لَهُ عَنْهُ مَغْنًى : وُہ اس سے بے پرواہ نہیں ہو سکتا۔
مَكَانُ كَذَا مَغْنًى مِن فُلَانٍ : وُہ جگہ ایسے کے لائق ہے۔
مُغَنٍّ : گویّا۔
مُغَنِّيَة : گانے والی۔
غَهِبَ ـ غَهَبًا عن : غافل ہونا
اِغْتَهَبَ : اندھیرے میں سفر کرنا۔
غَهَبًا : بلا ارادہ ۔ بلا قصد۔
غَيْهَب ج غَيَاهِب : تاریکی ۔ سخت سیاہ ۔ کند ذہن ۔ غافل آدمی کمزور۔
غَيْهَبَة : لڑائی کا شور۔
غَيْهَبَانٌ : تاریکی ۔ پیٹ۔

غَاثَ ـ غَوْثًا و اَغَاثَ اِغَاثَةً و مَغُوثَة : مدد کرنا۔
غَوَّثَ : مدد کے لئے چلانا۔
اِسْتَغَاثَ و ب : مدد چاہنا۔
غَوْث و غُوَاث و غَوَاث : مدد مانگنے کی پکار۔
غَوْث و غِيَاث و اِغَاثَة و غَوِيث : خوراک وغیرہ کی مدد۔
اِسْتِغَاثَة : فریاد۔
مُغَاوِث : پانی۔

غَاجَ ـ غَوْجًا و تَغَوَّجَ : دُہرا ہونا ۔ مڑنا (شاخ)
غَوْج : نرم و نازک ۔ تیز رفتار (گھوڑا) چوڑا (اُونٹ)

غَارَ ـ غَوْرًا و غُؤُورًا و اَغَارَ و تَغَوَّرَ في : پستی کی طرف جانا ۔ جذب ہونا (پانی) گرم ہونا (دن) دن کے نصف میں ہونا ۔ (آدمی) تلاش کرنا۔
ـــ ـ غَوْرًا و غُؤُورًا و غِيَارًا في : گھس جانا۔
ـــ في اَمْرٍ : معاملہ میں باریک نظر سے دیکھنا۔
غَارَ ـ غَوْرًا و غَوَرًا : زمین میں جذب ہونا (پانی)
ـــ غَوْرًا و غُؤُورًا : گڑھا پڑنا (آنکھیں)
ـــ غِيَارًا و غُؤُورًا و غَوْرًا : ڈوبنا (سورج)
غَارَ ـ غِيَارًا هُ بِخَيْرٍ : اس نے اس کو فائدہ دیا۔
ـــ ول : مدد کرنا۔
غَوَّرَ : شکست دینا ۔ غروب ہونا (سورج) چھپانا ۔ گہرا چلا جانا ۔ یا گہرا کرنا (پانی)
غَاوَرَ مُغَاوَرَةً و اَغَارَ اِغَارَةً و غَارَةً و مَغَارًا و اِسْتَغَارَ علی : لوٹ ڈالنا۔
اَغَارَ ب او اِلی : مدد مانگنے کے لئے آنا۔
اَغَارَ : تیز دوڑنا (گھوڑا)
اَغَارَ اِغَارَةً : چلنے میں جلدی کرنا ۔ پستی کی طرف جانا ۔ ملک میں پھرنا ۔ مضبوط بٹنا (رسی)
تَغَاوَرَ : ایک دوسرے پر غارت ڈالنا۔
اِسْتَغَارَ اِسْتِغَارَةً : پست زمین میں اُترنے کا ارادہ کرنا ۔ موٹا ہونا سوجنا (زخم) لوٹ ڈالنا۔
اِسْتَغْوَرَ اِسْتِغْوَارًا : غلہ یا کھانا ملک کی زرخیزی کے لئے دُعا مانگنا۔
غَارٌ ج اَغْوَار و غِيرَان : سوراخ ۔ غار ۔ پست زمین ۔ چاہ زنخدان بڑا لشکر ۔ جوش ۔ انگور کے پتے ۔ ایک قسم کے درخت۔
غَارَان : خانۂ چشم کی ہڈیاں ۔ اعلیٰ و اسفل تالو۔

اِلْتَقَی الغَارَان: دو لشکر ایک دوسرے سے لڑے۔
غَارَۃ ج غَارَات: غارتگری لوٹ۔ تیز غارت ڈالنے کے گھوڑے
حَبْلٌ شَدِیْدُ الغَارَۃ: مضبوط بٹ والی رسی۔
شَنَّ الغَارَۃ: غارت گری کے لئے سواروں کو پھیلانا۔
غَوْر: نشیب: تھاہ۔ گہرائی کھڈ۔ فکر بچار۔
بَعِیدُ الغَوْر: گہری نظر ڈالنے والا۔ لائق۔
غَوْر و غَائِر: زمین میں جذب ہونے والا (پانی)
غِوَرٌ: دیت۔
غَائِرَۃ: دوپہر۔ دوپہر کا سونا۔
غَوْرِی: گہرائی۔
غَوْرَۃ: سورج۔ قیلولہ۔
مَغَار و مَغَارَۃ ج مَغَاوِر و مَغَارَات: غار۔
مُغَاوِر و مِغْوَار ج مَغَاوِیْر: بہت لوٹ ڈالنے والا۔
فَرَسٌ مِغْوَار: تیز گھوڑا۔

غَازَ ـُ غَوْزًا: قصد کرنا۔

غَاز ج غَازَات: پٹرول۔

غَوَّش: بکواس کرنا۔

غَاصَ ـُ غَوْصًا و مَغَاصًا و غِیَاصَۃً و غِیَاصًا فی: غوطہ لگانا۔ ڈوبنا (پانی میں)

— علی المعانِی: معانی میں غور کرنا۔ معنے کی تہہ کو پہونچنا۔
— علی الشئ: اچانک آجانا ہجوم کرنا۔
غَوَّص فی: غوطہ دینا۔
غَائِص ج غَاصَۃ و غُوَّاص: غوطہ لگانے والا۔
— فی: تہہ کو پہونچنے والا۔
غَوَّاص: بہت غوطہ لگانے والا۔ موتی وغیرہ نکالنے کے لئے سمندر میں غوطہ لگانے والا۔ ایک قسم کا پرندہ
غَوَّاصَۃ: سب میرین کشتی آبدوز کشتی۔
مَغَاص: غوطہ لگانے کی جگہ۔ پنڈلی کا اوپر کا حصہ۔
غِیَاصَۃ: غوطہ زنی کا پیشہ۔

غَاطَ ـُ غَوْطًا: کھودنا (گڑھا) گھس جانا۔ (ریت میں پاؤں) دب جانا۔ چھپ جانا۔

— و غَوَّط و اَغَاط: گہرا کھودنا (کنواں)
غَاطَ فی: داخل ہونا۔
غَوَّط: بڑے بڑے لقمے نگلنا۔
تَغَوَّط: قضائے حاجت کرنا۔ پاخانہ کرنا۔
تَغَاوَط: پانی میں غوطہ لگانے میں مقابلہ کرنا۔
اِنْغَاط: مڑنا۔ ٹیڑھی ہونا۔ (لکڑی)
غَوْط و غَاط ج غُوط و اَغْوَاط و غِیْطَان و غِیَاط: پست زمین۔
غَاطٌ: جماعت
غَاوِط: اونٹ کا بچہ۔
غَائِط و غَوْطَۃ: پست زمین باغ۔ قضائے حاجت کی جگہ۔ پاخانہ
غُوطَۃ: زرخیز وادی۔ دمشق کا گردونواح۔
غَوِیط: گہرا۔
بِئْرٌ غَوِیْطَۃ: گہرا کنواں۔

غَاغَۃ: بہت سے مخلط لوگ

غَاغ: پودینہ کی قسم۔
غَوْغَاء: ٹڈی جس کے پر نکل آئے ہوں۔ یا اڑنے کے لئے تیار ہو۔ سفلے لوگ۔ جھگڑا۔ فساد۔ گھبراہٹ۔

غَالَ ـُ غَوْلًا و اغْتَال: ہلاک کرنا۔ اچانک پکڑ لینا۔ مدہوش کرنا (شراب)

غَوَّل: حرص سے کھانا۔
غَاوَل فی: جلدی چلنا۔
تَغَوَّل: مختلف رنگ یا شکل اختیار کرنا۔ گوناگوں ہونا۔ دگرگوں ہونا۔ ابتر ہونا۔ (معاملہ) بے راستہ ہونا (ریگستان) تباہ کرنا (چھلاوہ کا)
غَال: دروازے کا قفل۔
غَوْل: سر درد۔ مدہوشی۔ حیرانی۔ فکر۔ وسیع ریگستان۔ مشقت۔ پست زمین۔ بہت مٹی۔
اَتَی غَوْلًا غَائِلَۃً: وہ حیران کرنے والے معاملے میں پڑ گیا۔
غُول ج اَغْوَال و غِیْلَان: مصیبت حادثہ۔ چھلاوہ۔ غول بیابانی۔ سانپ۔ ہر وہ چیز جس سے عقل زائل ہو۔ تباہی۔ گوناگوں شکلیں اختیار کرنے والا (جن و جادوگر) موت۔
غِیْلَۃ: پوشیدہ قتل۔
غَائِل: اچانک ہلاک کرنے والا۔
غَائِلَۃ ج غَوَائِل: مؤنث غائل

مصیبت - فساد - شر - ہلاکت -
آغْوَل: آسودہ زندگی -
مِغْوَل: ہلاک کرنے کا آلہ - لمبی پیکان - لاٹھی جس کے اندر پتلی سی تلوار ہوتی ہے - گپتی -
مَغَالَة: نقصان - ہلاکت -
غَوَی ـِ غَیًّا و غَوَی و
آغْوَی: گمراہ کرنا - برائی پر اکسانا
غَوَی ـِ غَیًّا و غَوِی ـَ غَوَایَة
گمراہ ہونا - ناکام ہونا - تباہ ہونا -
غَوِیَ ـَ غَوًی: کمزور ہاضمہ والا ہونا - حریص ہونا -
غَوَی: منجمد ہونا (دودھ)
تَغَاوَی: بناوٹی جاہل بننا - گمراہ بننا -
تَغَاوَی علی: قتل پر ایک دوسرے کو امداد دینا -
اِنْغَوَی: گمراہ ہونا -
اِسْتَغْوَی: گمراہ کرنا -
بِتُّ غَوًی و غَوِیًّا و مُغْوِیًا و مَغْوِیًّا: میں نے اکیلے رات گزاری
سَوْفَ یَلْقَوْنَ غَیًّا: وہ عنقریب عذاب پائیں گے -
غَیَّة و غِیَّة ج غِیَّات: گمراہی غلطی - چاہی ہوئی چیز -
وَلَد غَیَّة و غِیَّة: حرامزادہ ولد زنا -
آغْوَاء: بدی کی ترغیب - دھوکا
غَاوٍ ج غُوَاة و غَاوُوْن: بدی کی ترغیب دینے والا شیطان گمراہ -
ــ اُس غَاوٍ: چھوٹا سر -

غَادِیَة: مؤنث غادی - پانی کی مشک -
غَاوٍ و غَوٍ و غَوِیّ و غَیَّان: گمراہ بندہ حرص - ناکام -
اُغْوِیَّة (ج اَغَادِیّ) و مَغْوَاة (ج مَغَاوٍ) و مُغَوَّاة ج مُغَوَّیات: خطرناک جگہ - پھندا - گرنے کا گڑھا مصیبت -
مُغْوٍ و مُغْوٍ: دھوکا دینے والا گمراہ کرنے والا -
غَابَ ـِ غَیْبًا و غِیَابًا و غَیْبَةً و غُیُوبًا و مَغِیبًا عن: دور ہونا غیر حاضر ہونا - پوشیدہ ہونا -
ــ غِیَابًا و غُیُوبَةً: ڈوبنا - چھپنا - (سورج)
ــ ـِ غِیَابَةً و غُیُوبَةً و غَیْبًا و غِیَابًا و غِیبَةً فی: چھپنا
ــ غَیْبَةً و اِغْتَاب: عیب گیری کرنا - غیبت کرنا -
غَیَّب: دور کرنا - چھپانا - زبانی یاد کرنا -
غَیَّبَهُ غَیَابُه: اس کو اس کی قبر نے چھپا لیا یعنی وہ اپنی قبر میں دفن ہوا -
غَایَب: غائب کو مخاطب کرنا -
آغَابَتِ المَرْأَةُ: عورت کا غیر حاضر خاوند والی ہونا -
تَغَیَّب عن: غائب ہونا -
تَغَایَب: چپ چاپ چلے جانا - غائب ہونا -
غَیْب ج غِیَاب و غُیُوب: پوشیدہ چیز - راز - بھید - میدان - قسمت شک -
وَقَعْنَا فی غَیْبَةٍ اَوْ غَیَابَةٍ: ہم پست زمین میں گرے -
غَائِب ج غُیَّب و غُیَّب و غُیَّاب و غَائِبُون: غیر حاضر -
غَیْبًا و علی الغَائِب: زبانی -
غَابَة ج غَاب و غَابَات: پست زمین - نے کا جھنڈ - جنگل - لمبا نیزہ - لوگوں کا گروہ -
غَابَةُ البَحْر: سمندری کیڑوں کا متجر درخت -
غِیْبَة: بدگوئی - غیبت -
غَیَاب: قبر -
ــ و غَیَابُ الشَّجَر: درخت کی جڑھیں -
غَیَابَة ج غَیَابَات: پردہ -
غَیَابَةُ البِئْر: تنگ چاہ - کنویں کی گہرائی -
مَغِیْبُ الشَّمْس: سورج کے غروب کا وقت -
مُغِیْب و مُغِیْبَة: عورت جس کا خاوند غیر حاضر ہو -
غَاث ـِ غَیْثًا: بادل برسنا یا برسانا - روشن ہونا -
غِیْثَ: بادل سے سیراب ہونا -
تَغَیَّث: موٹا ہونا (جانور)
غَیْث ج غُیُوث: بارش - گھاس جو بارش کے بعد اُگے - بادل -
ذُبَاب الغَیْث: شہد کی مکھی -
غَیِّث: بہت بارش والا (بادل)
ذُو غَیِّث: تیز دوڑنے والا (گھوڑا)

ذَاتُ غَیْثٍ: بہت پانی دینے والا (کنواں) ج

مَغِیث و مَغْیُوث: بارش سے سیراب شدہ (جگہ)

غَیْثٌ مُغِیث: عام بارش۔

مَغِیثَۃ و مَغْیُوثَۃ: بادل سے سیراب (زمین)

غَیِدَ ـ غَیَدًا: پتلی و نازک ہونا (شاخ) مائل گردن والا، نرم کندھوں والا ہونا (جوان)

تَغَایَدَ فِی مِشْیَتِہٖ: نزاکت کی وجہ سے چلنے میں جھکنا۔

غَیَدٌ: نزاکت۔ نرمی۔ گردن کا جھکاؤ۔

غِیدِ غِیدِ: جلدی کرو۔

غَادَۃٌ ج غَادَاتٌ: نرم نازک شاخ۔ نازک نرم اندام عورت۔ تروتازہ درخت۔

اَغْیَدُ (م) غَیْدَاءُ ج غِیدٌ: نرم نازک (شاخ) نوجوان نازک (لڑکا)

غَیْدَانُ الشَّبَابِ: جوانی کا شروع

غَیْدَقَ: زیادہ ہونا (بارش)

غَیْدَقٌ: بہت پانی۔

غَیْدَاقٌ: ہر سبز۔ فیاض۔

ـــ و غَیْدَقٌ و غَیْدَقَانٌ: ملائم۔

غَارَ ـ غَیْرَۃً و غَیْرًا و غَارًا علی: غیرت کرنا۔

ـــ ـ غَیْرًا و غِیَرًا: دیت دینا خوں بہاؤ دینا۔ رسد مہیا کرنا۔

غَارَ ـ غِیَارًا ب: بخشنا (دولت و بارش)

ـــ: فائدہ دینا۔

غَیَّرَ: بدلنا۔ تبدیل کرنا۔

غَایَرَ مُغَایَرَۃً و غِیَارًا: تبادلہ کرنا۔ مخالفت کرنا۔ بیع میں مقابلہ کرنا۔ غیر ہونا۔

اَغَارَ: غیرت ابھارنا۔

ـــ الرَّجُلُ امْرَأَتَہٗ: مرد کی دوسری شادی کرنے پر عورت نے غیرت کی۔

تَغَیَّرَ: بدلنا۔

ـــ عَلَى امْرَأَتِہٖ: عورت پر غیرت کرنا۔

تَغَایَرَ: ایک دوسرے پر غیرت کرنا۔ مختلف ہونا (اشیاء)

اِغْتَارَ: رسد مہیا کرنا۔

غِیَرٌ ج اَغْیَارٌ: تبدیلی۔ اختلاف

بَنَاتُ غِیَرٍ: جھوٹ و باطل۔

غَیْرُ: سوائے۔ بمعنے لا۔

فَعَلَہٗ غَیْرَ مَرَّۃٍ: اس نے اس کو کئی بار کیا۔

عِنْدِی رَجُلٌ لَا غَیْرُ: میرے پاس صرف ایک آدمی ہے۔ اور نہیں۔

قَبَضْتُ عَشَرَۃً لَا غَیْرُھَا و لَا غَیْرُ: میں نے دس سے زیادہ نہیں لئے۔

جَاءَ الْقَوْمُ غَیْرَ فُلَانٍ: فلاں کے سوا سب قوم آئی۔

غَیْرَ اَنَّ: تاہم۔

غِیَرُ الدَّھْرِ: زمانہ کے حادثات۔

غِیْرَۃٌ ج غِیَرٌ: خوں بہاؤ۔ دیت۔ نخوت۔ غیرت۔ گندم کا ذخیرہ۔

غَیْرَۃٌ: رشک۔ جوش۔

غِیَارٌ: تبادلہ۔ لباس کا نشان جس سے غیر مسلم کی شناخت ہو۔ ڈبلاپن

غَیُورٌ و غَیْرَانُ و مِغْیَارٌ: غیرت کھانے والا۔ جوشیلا۔

غَیُورٌ و غَیْرَی ج غَیَارَی و غُیَارَی و غُیُرٌ و مَغَایِیرُ: غیرت کھانے والی۔

مُغَیِّرَۃٌ: باری سے آنے والا (تپ)

مَغِیرٌ و مَغْیُورٌ: بارش سے سیراب شدہ (جگہ)

غَاضَ ـ غَیْضًا و مَغَاضًا و تَغَیَّضَ و انْغَاضَ: کم ہونا (پانی قیمت)

مَا تَغِیضُ الْاَرْحَامُ: جس کو رحم خراب کرتے ہیں۔

غَاضَ و غَیَّضَ و اَغَاضَ: کم کرنا (پانی۔ قیمت) روکنا (آنسو)

غَیَّضَ: جھاڑیوں میں آمد و رفت رکھنا (شیر)

غَیْضٌ: تھوڑی مقدار۔ کمی۔ نا مکمل اسقاط شدہ بچہ۔

غَیْضَۃٌ ج غِیَاضٌ و اَغْیَاضٌ و غَیْضَاتٌ: شیروں کے چھپنے کی جگہ بہت درختوں والی دلدلی جگہ۔ جنگل بن۔

مَغِیضٌ ج مَغَایِضُ: جوہڑ۔ پانی کے اجتماع کی جگہ۔

غَاطَ ـ غَیْطًا فی: داخل ہونا۔ چھپنا۔

غَیْطٌ: باغ۔ پست زمین۔

مُغَایَطَۃٌ: خصومت۔

غَاظَ ـ غَیْظًا و غَیَّظَ و غَایَظَ و اَغَاظَ: غصے پر آمادہ کرنا۔ رنجیدہ کرنا

تَغَیَّظ: سخت گرم ہونا (دن)
تَغَیَّظ و اِنْغَاظ و اِغْتَاظ: ناراض ہونا۔ غصے ہونا۔
غَیْظ و غَیَاظ: غصہ۔ ناراضگی۔
مَغِیْظ و مُنْغَاظ و مُغْتَاظ: ناراض۔ رنجیدہ۔

غَاف ۔ غَیَفَانًا و اَغْیَفَ و تَغَیَّفَ: دائیں بائیں لٹکی ہوئی شاخوں والا ہونا (درخت)
غَیَّفَ: بھاگنا۔ بزدلی کرنا۔
— عن الاَمْر: کام سے ہٹنا۔
اَغَافَ: جھکانا۔ مائل کرنا۔ (شاخ)
تَغَیَّفَ: چلنے میں جھکنا۔ جھری دار ہونا۔
غَاف: ایک بہت میٹھے پھل کا درخت۔
غَیْف: پرندوں کی ڈار۔
اَغْیَف: نوجوان۔ نرم ملائم۔ نازک اندامی سے جھکنے والا۔ آسودہ گذران
غَیَّاف: بہت لمبی ڈاڑھی والا۔
غَیُفَان و غَیَّفَان: متکبرانہ چال

غَیَّقَ: خراب کرنا۔ موڑنا (آنکھ)
— فی رَأْیِہٖ: رائے تبدیل کرنا غیر مستقل مزاج ہونا۔
غَیَّقَ الطائِرُ: پرندہ کا اپنی جگہ پر پھڑپھڑانا۔
تَغَیَّقَ: تاریک ہونا (آنکھ)
غَاق و غَاقَة: مرغابی۔
غَاق: کوا۔
غَاقِ: کائیں کائیں۔

غَال ۔ غَیْلًا و اَغَال اِغَالَةً و اَغْیَلَ اِغْیَالًا: حاملہ ہونے کی حالت میں دودھ پلانا (بچہ کو)
— غِیَالًا و غِیَالَةً و غُئُوْلًا: چرانا۔
اَغْیَلَ: گھنا ہونا (درخت) سال میں دو دفعہ بچہ دینا (بکری) حاملہ ہونے کی حالت میں دودھ پلانا۔
تَغَیَّلَ و اِسْتَغْیَلَ: گنجان شاخوں والا ہونا (درخت) بہت مویشی والی ہونا (قوم)
اِغْتَال: غفلت پر ہلاک کرنا۔ دھوکا سے مارنا۔ موٹا ہونا (جوان)
غَال ج غَالَات: قفل۔
غَیْل و لَبَن غَیْل: حاملہ عورت کا دودھ۔
— : بہت موٹا لڑکا۔ ہموار زمین پر بہنے والی ندی۔ دور کی چیز جو نزدیک نظر آئے۔
غِیْلٌ ج اَغْیَالٌ و غُیُوْل: بن جنگل۔ بہت شاخوں والا گنجان درخت پانی والی ندی۔ نہر کی مانند۔
غِیْلَة: دھوکا۔ ہوشیاری۔ حمل کے وقت کا دودھ پلانا۔
قَتَلَہٗ غِیْلَةً: اس نے اس کو دغابازی سے قتل کیا۔
غَائِلَة و مُغِیْل و مُغْیِل: حمل کی حالت میں دودھ پلانے والی عورت
غَائِلَة (ج غَوَائِل) و مَغَالَة: پوشیدہ کینہ۔ برائی۔ مصیبت۔
— : حوض کا سوراخ۔
غَیَّال: شیر۔ جھاڑیوں میں بہت آنے والا
اُمّ غَیْلَان: کیکر۔
الاَغْیَلُ: پُرگوشت۔ موٹا۔
مُغَیِّل و مُتَغَیِّل: جھاڑی میں بہت آنے والا (شیر)
مُغْیَال: لپٹا ہوا (درخت)

غَام ۔ غَیْمًا و غُیُوْمًا و اَغَام اِغَامَةً و اَغْیَمَ اِغْیَامًا و تَغَیَّمَ: بادل والا ہونا (آسمان)
غَام و غِیْم: سخت پیاسا ہونا۔
اَغْیَمَ القَوْمُ: لوگوں کا پیاسا ہونا۔
اَغْیَمُوْا فی المکانِ: انہوں نے مکان میں اقامت کی۔
غَیْم ج غُیُوْم: بادل۔ پیاس۔ ایک پیاس لانے والی بیماری۔ گنجان درخت۔
غَیْمَة: مفرد غَیْم۔
غَیْمَان (م) غَیْمَی: سخت پیاسا (اونٹ)

غَان ۔ غَیْنًا: پیاسا ہونا۔ متلانا (دل) ابر آلود ہونا (آسمان)
غِیْنَ و اُغِیْنَ علٰی قَلْبِہٖ: خوشی کی لہر محسوس کرنا۔
اَغَان: ڈھانپنا۔ ربادل کا آسمان کو)
غَیْن: بادل۔
غَیْنَة: گھنے درخت۔
غِیْنَة: مردار سے بہنے والا مادہ پیپ۔ درختوں کا جھنڈ۔
اَغْیَن (م) غَیْنَاء ج غِیْن: سبز و لمبا (درخت و نباتات)
غَیْنَاء: سبز و لمبا (درخت)

غَیْهَم: تاریکی۔

غَبَّا تَغْبِیَةً و اَغْبَا اِغْبَاءً: جھنڈا گاڑنا۔
— الطَّیْرُ و عَلٰی: پرندہ کا پھڑپھڑانا

اَغْيَا السَّحَابُ : بادل کا ٹھہرنا۔
غَايَا الْقَوْمُ فَوْقَ رَاسِهٖ بِالسُّيُوْفِ : قوم نے اس کے سر پر تلواروں کو بلند کیا۔
تَغَايَتِ الطَّيْرُ عَلَی : پرندوں کا گھومنا۔
تَغَايَوْا عَلَيْهِ حَتّٰی قَتَلُوْهُ : انہوں نے ایک دوسرے کو اس کے خلاف مدد دی اور قتل کر دیا۔
غَايَةٌ ج غَايَات و غَایٌ : جھنڈا۔ مقصود و فائدہ۔ انتہا۔ پھڑ پھڑانے والا پرندہ۔ چڑیوں کے شکار کانے۔
غَايَتُكَ اَنْ تَفْعَلَ كَذَا : تیری آخری طاقت یہ ہے کہ تو ایسا کرے۔
اَنْتَ بَعِيْدُ الْغَايَةِ : تیری رائے درست ہے۔
غَيَايَةٌ ج غَيَايَاتٌ : سورج کی شعاع کی روشنی۔ کنویں کی گہرائی۔ ہر چیز جو سایہ کرے۔ جیسے بادل و غبار۔
مُغَبًّا : ایسا مقصد جس کی کوئی غایت ہے

ف = ۸۰

یہ حرف کئی معنوں میں استعمال ہوتا ہے
(۱) حرف عطف کے طور پر جو ترتیب کے معنے بھی دیتا ہے جیسے قَامَ زَيْدٌ فَعَمْرٌو : یعنی پہلے زید اور پھر عمرو کھڑا ہوا
(۲) سبب کے لئے جیسے ضَرَبَهٗ فَمَاتَ : اس نے اس کو مارا۔ اس لئے وہ مر گیا۔
(۳) شرط کے جواب کے لئے جیسے اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَنِیْ فَاحْفَظُوْا وَصَايَايَ یعنی اگر تم مجھ سے محبت کرتے ہو تو میری وصیتوں کو یاد رکھو۔
(۴) بمعنے استئناف یعنی نئے معنوں کے لئے جیسے يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ
(۵) زائد جیسے زَيْدٌ فَلَا تَضْرِبْهُ یعنی زید کو نہ مار۔
اِفْتَأَتَ عَلَیَّ الْبَاطِلَ : اس نے مجھ پر بہتان باندھا
اِفْتَأَتَ بِرَأْيِهٖ : وہ اپنی رائے میں اکیلا ہے۔ وہ خودرائے ہے۔
اُفْتُئِتَ : وہ اچانک مر گیا۔

فَأَد — فَأْدًا : دل پر مارنا۔ دل کی بیماری لگنا۔
فَأَدَ الْخَوْفُ فُلَانًا : خوف نے فلاں کو بزدل بنا دیا۔
— اللَّحْمَ فِی النَّارِ : گوشت کو آگ میں رکھ کر بھوننا۔
— الْخُبْزَ : گرم راکھ میں روٹی پکانا
فُئِدَ فَأْدًا و فَئِدَ — فَأَدًا : دل کی بیماری والا ہونا۔
تَفَأَّدَ : جلنا (آگ) متاثر ہونا (دل)
اِفْتَأَدَ : جلانا (آگ) آگ میں بھوننا (گوشت)
فُؤَادٌ ج اَفْئِدَةٌ : دل۔ عقل۔ روح
اُفْؤُوْدٌ ج اَفَائِيْدُ : راکھ میں پکائی ہوئی روٹی۔
فَئِيْدٌ : آگ۔ بھونا ہوا۔ بزدل۔
مُفْتَأَدٌ : چولہا۔
مِفْأَدٌ و مِفْآدٌ و مِفْأَدَةٌ ج مَفَائِدُ و مَفَائِيْدُ : کریلنی سیخ۔
مَفْؤُوْدٌ : دل کی بیماری والا۔ دل پر مارا ہوا۔ بھونا ہوا۔ کمزور دل۔ راکھ میں پکائی ہوئی روٹی۔

فَأَر — فَأْرًا : کھودنا (مٹی) دفن کرنا یا چھپانا (چیز)
فَئِرَ — فَأَرًا : بہت چوہوں والا ہونا (مکان)
فَأْرٌ ج فِئْرَان و فِئَرَةٌ و فُؤُوْرٌ : چوہے۔ چوہیاں۔ کستوری۔
فَأْرَةٌ : ایک چوہا یا چوہیا۔
فَأْرٌ و فَأْرَةٌ : کستوری کا نافہ۔
فَئِرٌ (م) فَئِرَةٌ : چوہوں کی خراب کردہ (چیز) بہت چوہوں والا (مکان)
فَئِرَةٌ و مَفْأَرَةٌ : بہت چوہوں والی (زمین)

فَأَس — فَأْسًا : کلہاڑی سے چیرنا (لکڑی) کلہاڑی سے مارنا۔ سر کی پشت پر مارنا۔
فَأْسٌ ج فُؤُوْس و اَفْؤُس : کلہاڑی۔ مراکش کے شہر فیض کا نام
— الرَّأْسِ : سر کی پشت کی اُبھری ہوئی ہڈی۔
فَأْسُ الْفَمِ : منہ کی وہ طرف جس میں دانت ہوں۔
— اللِّجَامِ : لگام کا دہانہ۔

فَأَق — فُؤَاقًا : ہچکی لینا۔
فُؤَاقٌ : ہچکی۔

فَأَل و فَوَّلَ ب : فال نکالنا۔
تَفَأَّلَ و تَفَاءَلَ و اِفْتَأَلَ و اِسْتَفْوَلَ ب : نیک فال لینا۔
فَأْلٌ ج فُؤُوْل و اَفْؤُل و تَفَاؤُل :

اچھی فال۔

لَا فَأْلَ عَلَيْكَ: تجھپر کوئی ضرر نہ ہو۔

فَأَمَ و فَئِمَ — فَأْمًا و تَفَأَّمَ: گھاس سے منہ بھرنا (اُونٹ)

فَأَمَ من: سیراب ہونا (پانی سے

فَأَّمَ و اَفْأَمَ: وسیع کرنا۔ (پالان) بھرنا (ڈول)

فِئَام ج فُؤُوم: جماعت۔

قَطَعُوهُ فُؤَمًا: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

فَأَى — فَأْوًا و فَأْيًا: تلوار سے چیرنا۔ (سر)

اَفْأَى: دراڑیں گرنا۔

اِنْفَأَى: کھلنا۔ پھٹنا (برتن) ننگا ہونا۔

فَأْو: شگاف۔ دراڑ۔ تنگ درہ۔ ملائم جگہ۔ راستہ۔ پہاڑوں سے محیط عمدہ زمین۔

فِئَة ج فِئَات و فِئُون: لوگوں کی جماعت۔

فَتَّ — فَتًّا و فَتَّتَ: انگلیوں سے چھوٹے چھوٹے ریزے کرنا۔ (روٹی)

اَمْرٌ يَفُتُّ الكَبِد: یہ دل کو ٹکڑے کرنے والا واقع ہے۔

فَتَّ فِي سَاعِدِهِ: اس نے اس کو کمزور کردیا۔

تَفَتَّتَ و اِنْفَتَّ: چور چور ہونا۔ ٹوٹنا۔

فَتّ: چورا چورا ہونے والا۔ چٹان کی دراڑ۔

هُمْ اَهْلُ بَيْتٍ فُتٌّ: وہ بکھرے ہوئے اور متفرق لوگ ہیں۔

فَتَّة و فُتَّة: خشک گوبر۔ اُپلے۔ کھجوروں کا ڈھیلا۔

فُتَات و فَتِيتَة ج فَتَائِت: ٹکڑے۔ ریزے۔

فَتُوت و فَتِيت و مَفْتُوت: چورہ چورہ کیا ہوا۔

فَتَأَ — فَتْأً: بجھانا (آگ)

فَتَأَهُ عن الامر: اس نے اس کو کام سے روکا۔

فَتِئَ — فَتْأً عن: بھولنا۔ رکنا۔

مَا فَتِئَ و مَا فَتَأَ و مَا اَفْتَأَ يَفْعَلُ: وہ ہمیشہ کرتا رہا۔

فَتَحَ — فَتْحًا و فَتَّحَ: کھولنا (دروازہ) جاری کرنا (نالی) فتح کرنا (ملک) زیر دینا۔

—— الحاكِمُ بَيْنَ النَّاس: فیصلہ کیا حاکم نے لوگوں کے درمیان۔

—— اللّٰهُ عليه: خدا نے اس پر ظاہر کیا۔

—— فَتْحًا و فَتَاحَةً على فُلَانٍ اس نے فلاں کو مدد دی۔

فَاتَحَ: فیصلہ حاکم کے پاس لے جانا بلا بھیجنا۔ پہلے مخاطب ہونا۔ بغیر کچھ دینے کے بھاؤ ٹھہرانا۔ آسان کرنا (بیع کو)

تَفَتَّحَ و اِنْفَتَحَ: کھلنا۔ کھلنا (شگوفہ)

تَفَتَّحَ فِي الكَلَام: اپنے خیالات کا اظہار کرنا۔

—— بالمَالِ على فُلَانٍ: فلاں پر اپنے مال کا اظہار کرنا اور فخر جتانا۔

تَفَاتَحُوا الكَلَامَ بَيْنَهُمْ: انہوں نے آپس میں آہستہ کلام کی۔

اِنْفَتَحَ: کھل جانا۔

اِفْتَتَحَ: فتح کرنا (ملک)

—— و اِسْتَفْتَحَ: کھولنا (دروازہ) شروع کرنا۔

—— و اِسْتَفْتَحَ ب: شروع کرنا۔ (مجلس)

اِسْتَفْتَحَ ب: فروخت شروع کرنا (سوداگر)

اِسْتَفْتَحَ: مطلب دریافت کرنا (فقرہ وغیرہ کا) مدد طلب کرنا۔

فَتْح: زبر۔

فَتْح ج فُتُوح: نصرت۔ مدد۔ فتح۔ پہلی بارش۔ دریاؤں کا جاری پانی۔

فُتُوحَات: فتح کئے ہوئے علاقہ

فَتْحَة: زبر۔ ایک بار کا کھولنا۔

فَتَاحَة: نصرت۔

فِتَاحَة و فُتَاحَة: متخاصمین کے درمیان کا فیصلہ۔

بَيْنَهُمَا فُتَاحَات: ان کے درمیان جھگڑے ہیں۔

فُتُح: چوڑے منہ والی کھلی بوتل۔ وسیع اور کھلا ہوا دروازہ۔ بڑا سوراخ

فُتْحَة ج فُتَح: علم و مال کی نمائش وسیع سوراخ۔

فَاتِح: ہلکے رنگ والا۔

فَاتِحَة ج فَوَاتِح: شروع۔

الفَاتِحَة و فَاتِحَةُ الكِتَاب: قرآن مجید کی پہلی سورۃ۔

فَتُوح : موسم بہار کی پہلی بارش۔
—— ج فُتُح : نھنوں میں چوڑے سوراخ والی اُونٹنی۔
فَتَّاح : بہت کھولنے والا۔فاتح ج۔ چوڑا (خیمہ)
اَلفَتَّاح : خدا۔
اِفْتِتَاح و مُفْتَتَح : دیباچہ۔ شروع۔ ابتداء۔
حَرْفُ الْاِسْتِفْتَاح : حرف اَلَا
اِسْتِفْتَاح : دن کی پہلی بیع۔ سودے کا شروع۔
مَفْتَح ج مَفَاتِح : خزانہ۔ میگزین دفینہ۔
مِفْتَح (ج مَفَاتِح) و مِفْتَاح ج مَفَاتِيح : کنجی۔
فَتِخَ ـــ فَتَخًا : ڈھیلے۔کمزور اور نرم جوڑوں والا ہونا۔
فَتَخَ ـــ فَتْخًا و فَتَّخَ مروڑنا (انگلیاں)
اَفْتَخَ : تھکنا۔
تَفَتَّخَ : انگلی میں انگوٹھی پہننا۔
فَتْخَة و فَتَخَة ج فَتَخ و فُتُوخ و فَتَخَات : بے نگینہ انگوٹھی۔
فُتُوحُ الْاَسَدِ : شیر کے پنجے۔
اَفْتَخُ (م) فَتْخَاء ج فُتْخ : نرم و ڈھیلے اور کمزور مفاصل والا ٹیڑھے پاؤں والا۔
فَتَرَ ـــ فُتُورًا و فُتَارًا و تَفَتَّرَ : مضبوطی کے بعد نرم ہونا یا تیزی کے بعد سکون اختیار کرنا۔ نیم گرم ہونا (پانی)
—— عن : سستی کرنا (کام میں)

—— فُتُورًا و فَتْرَةً : ٹھنڈی ہونا۔ کم ہونا (گرمی)
—— فُتُورًا و فَتْرًا : سست ہونا۔ (جسم و نظر)
فَتَّرَ : نیم گرم کرنا (پانی) کم کرنا (گرمی) برسنے کیلئے ٹھہرنا (بادل)
فَتَّرَ و اَفْتَرَ : کمزور و سست کرنا۔
اَفْتَرَ : کمزور پلکوں والا ہونا۔
اِسْتَفْتَرَ : مطیع ہونا (گھوڑا)
فَتْر و فُتُور : سستی و کمزوری۔ نیم گرمی۔
فَتْرَة : گوشت کی پرت۔ کھانے کی معلوم مقدار۔
فِتْر : انگوٹھے اور سبابہ انگشت کے درمیان کا فاصلہ۔ نصف بالشت
فُتْر : کھجور کے پتوں کی چٹائی جس پر آٹا چھانا جاتا ہے۔
فَتْرَة ج فَتَرَات : سستی۔ انکساری و کمزوری۔ عارضی صلح۔ دو بخاروں کے درمیان کا وقفہ۔ دو نبیوں کے درمیان کا وقفہ۔
—— و فِتَّر : ایک مچھلی کی قسم جس کے پکڑنے پر کپکپی لگ جاتی ہے۔
فَاتِر (م) فَاتِرَة : کمزور و سست نیم گرم (پانی)
فَاتُور : نیم گرم (پانی)
فَتْرَص فَتْرَصَة : ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ کاٹنا۔
فَتَشَ ـــ فَتْشًا و فَتَّشَ : تلاش کرنا تفتیش کرنا۔
فَتَشَ و فَتَّشَ عن : بحث کرنا۔ تفتیش کرنا
فَتَّاش : بہت تفتیش کرنے والا۔

مُفَتِّش : انسپکٹر۔
فَتَغَ ـــ فَتْغًا : روند کر ریزہ ریزہ کرنا۔
تَفَتَّغَ : ریزہ ریزہ ہونا۔
فَتْفَتَ الی : پوشیدہ بات کرنا۔ چُورہ چُورہ کرنا۔ پیاس بجھانے سے روکنا۔ (اُونٹ کو)
تَفَتْفَتَ : چورا چورا ہونا۔
فَتَافِت : کانا پھوسی۔ پوشیدہ اقوال۔
فَتَقَ ـــ فَتْقًا و فَتَّقَ (ضد رَتَقَ) چیرنا۔ پھاڑنا۔ جدا جدا کرنا۔ ادھیڑنا (کپڑا) خمیر ڈالنا (گوندھے ہوئے آٹے میں) خوشبو نکالنا (کستوری سے)
فَتَقَ بَيْن : اختلاف ڈالنا۔
فَتِقَ ـــ فَتَقًا : سرسبز ہونا (جگہ)
فَتَّقَ الكَلَام : کلام کو واضح کرنا۔
اَفْتَقَ : موٹے مویشی والا ہونا۔ صاف موسم والا ہونا۔ بادلوں میں سے ظاہر ہونا۔ (سورج) بے بارش جگہ پر پہونچنا۔
تَفَتَّقَ و اِنْفَتَقَ : موٹے پہلوؤں والا ہونا (مویشی) پھٹنا۔ ادھڑنا جدا جدا ہونا۔
—— ج فُتُوق : شگاف۔ نا اتفاقی۔ وسیع جگہ۔ ایسی جگہ جس کو بارش نے چھوڑ دیا ہو۔ سرسبزی۔ گذارہ میں خلل صفاق کی بیماری۔
—— و فَتَق : صبح۔
فُتُوق : مصائب۔ خشک سالی۔
عَامٌ ذُو فُتُوق : تھوڑی بارش والا سال۔
فِتَاق : خمیر کا ڈھیلا۔ بادل سے نکلنے

والا سورج - دوائیوں یا خوشبوؤں
کا مرکب -
فَتِيق : چمکنے والی (صبح) تیز (تلوار)
موٹا (اونٹ)
— اللِّسَان : گوناگوں کلام کرنیوالا -
فُتُق و مُفْتِقَة : گفتگو میں تفنن
عورت -
هُوَ الفَاتِق و الرَّاتِق : وہ کھولنے
والا اور بند کرنے والا ہے (سب سے
بڑا حاکم ہے)
مَفْتُوق : چرا ہُوا - فتق بیماری والا
فُتَيْق : دربان - بادشاہ - بڑھئی -
لوہار -
مَفْتَقُ القَمِيص : قمیص کا
گریبان
فَتَكَ ـِ فَتْكًا و فُتْكًا و فُتُوكًا
و أَفْتَكَ : دلیر و بہادر ہونا - بے
دھڑک ہونا -
فَتَكَ فی : اصرار کرنا - بے دھڑک
شروع کرنا (کام)
فَتُكَ ـُ فُتُوكًا فی صناعتِهِ :
اپنے پیشہ میں ماہر ہونا -
— فی الخُبْثِ : خباثت میں بڑھنا
— ب : دغا بازی سے گرفتاری کرنا
یا قتل کرنا -
فَاتَكَ : جلد بازی سے شروع کرنا
(کام) ہنر مندی میں مقابلہ کرنا - کھلم کھلا
قتل کرنا یا حملہ کرنا - مطلوبہ قیمت دینا
دور سے کرنا (کام)
فَتَّكَ : دھننا (روئی)
تَفَتَّكَ بِأَمْرِهِ : اس نے اپنے معاملے
میں خود رائی اختیار کی -

فَتْك : جلد بازی - جرأت -
فَاتِك ج فُتَّاك : دغا بازی سے
قتل کرنے والا - دلیر - بہادر - مجرم -
فَتَلَ ـِ فَتْلًا و فَتَّلَ : بٹنا (رسی)
فَتَلَ ذُؤَابَتَهُ : اس نے اس کی
رائے کو بدل دیا -
— عن : پھیر لینا (منہ)
فَتَلَ البُلْبُل : بلبل چہچہایا -
مَا زَالَ يَفْتِلُ من فُلَانٍ فی الذِّرْوَةِ
و الغَارِب : وہ اس کے دھوکے میں
آ گیا -
تَفَتَّلَ و اِنْفَتَلَ : بٹ جانا -
اِنْفَتَلَ عن صَلَاتِهِ : نماز سے پھر
جانا -
فَتِلَ ـَ فَتَلًا : اونٹ کے دونوں
پہلوؤں اور ٹانگوں کا دُور دُور ہونا -
فَتَل : اونٹ کے ٹانگوں اور پہلوؤں
کے درمیان کا بُعد -
فُتْلَة : دھاگا - ایک بار کا بٹ -
کیکر کی پھلی -
فَتَلَة : کیکر کا بیج -
هٰذَا مَا يُغْنِي عَنْكَ فَتْلَةً أَوْ
فَتِيلًا : یہ تجھے ایک ذرہ فائدہ نہیں
دیگا -
فَتِيل و مَفْتُول : بٹا ہوا (دھاگا)
فَتِيل و فَتِيلَة ج فَتَائِل و فَتِيلَات
بتی جو چراغ میں ڈالتے ہیں - کھجور کے
ریشوں کی رسی - کھجور کی گٹھلی کی پتلی جھلی -
میل کی بتی جو انگلیوں کے پوروں کو
جلد پر رگڑنے سے بنتی ہے - فلاسک
فَتَّال : بہت بٹنے والا - بلبل -
أَفْتَل (م) فَتْلَاء ج فُتْل : پہلوؤں

اور ٹانگوں کے درمیان دوری والا
(اونٹ)
مِفْتَل : رسی بٹنے کا آلہ -
مُفَتَّل : زور سے بٹی ہوئی (رسی - دھاگا)
مَفْتُول الخَلْق : مضبوط جسم والا -
فَتَنَ ـِ فِتْنَةً : جلانا - پگلانا -
فَتَنَ ـِ فَتْنًا و فُتُونًا و فَتَّنَ و
أَفْتَنَ : دھوکا دینا - تعجب میں ڈالنا
مائل کرنا - فریفتہ کرنا - فتنہ میں ڈالنا -
— فُتُونًا و فَتِنَ الی النِّسَاء :
عورتوں سے بدکاری کا ارادہ کرنا -
— فِتْنَةً و مَفْتُونًا : آزمانا
دھوکا دینا -
— عن رایہ : اس نے اس کو
اپنی رائے سے ہٹا دیا -
فُتِنَ : مصیبت زدہ ہونا -
— و أُفْتِنَ و اُفْتُتِنَ : فریفتہ کیا جانا
مائل کیا جانا - مصیبت زدہ ہونا -
اِفْتَتَنَ : فتنہ میں ڈالنا - فتنہ میں پڑنا
فریفتہ ہونا -
فَتْن : حال - فن - فن کی قسم -
العَيْش فَتْنَان : زندگی کے دو پہلو
ہیں یعنی اچھا اور برا -
فِتْنَة ج فِتَن : دھاتوں کا پگلانا -
آزمائش - میلان - فساد - بغاوت -
عورتیں - گمراہی و کفر - شرمندگی - محنت
عبرت - ناپارسائی - فجور - بے اعتقادی
گناہ - سزا - دیوانگی - مال و اولاد -
فُتْنَة : درخت ببول کا پھول -
فَاتِن ج فُتَّان و فَتَّان : گمراہ کرنے
والا - فسادی - آزمائش کرنے والا -
مائل کرنے والا - فریفتہ کرنے والا -

فَتَّان : سُنار - شیطان - بہت فتنہ انگیز - چور -
الفَتَّانَان : سونا چاندی -
فَتَّانَة : کسوٹی -
فَتِین : پگلایا ہوا - سیاہ پتھر - مفتون — ج فُتُن : دھوپ سے جلی ہوئی زمین -
مَفْتُون : آزمائش - مجنون - فساد پر اکسایا ہوا - مصیبت زدہ -
فَیْتَن : بڑھئی -

فَتَا ـُ فَتْوًا : فیاضی میں غالب آنا -
فَتِیَ ـَ فَتًی و تَفَتَّی و تَفَاتَی : نوجوان ہونا - بہادر و فیاض ہونا -
فُتِّیَتْ تَفْتِیَةً و تَفَتَّتْ تَفَتِّیًا : لڑکوں کے ساتھ کھیلنے سے روکی جانا پردہ کی جانا (لڑکی)
اَفْتَی فی : فتویٰ دینا -
فَاتَی : سخاوت میں غالب آنا - فتویٰ دریافت کرنا
تَفَتَّی و تَفَاتَی : نوجوان بننا (لڑکی - بوڑھا) فیاضی ظاہر کرنا
تَفَاتَوْا اِلی : وہ فتوے لینے کے لئے گئے -
اِسْتَفْتَی : فتوے دریافت کرنا -
فَتَاء و فُتُوَّة : نوجوانی - فیاضی بہادرانہ صفت -
فُتْوَی و فُتْیَا ج فَتَاوٍ و فَتَاوَی فتوے - شریعت کا فیصلہ -
فَتًی مث فَتَیَان و فَتَوَان ج فِتْیَان و فِتْیَة و فُتُوَّة و فُتُوّ و فِتِیّ و فُتِیّ : نوجوان - سخی - فیاض - غلام - بہادر -
الفَتَیَان : دن رات -
فَتَاة مث فَتَاتَانِ ج فَتَیَات و فَتَوَات : نوجوان لڑکی - لونڈی -
فَاتِیَة ج فَوَاتِی : کنچنی - بازاری عورت -
فَتِیّ (م) فَتِیَّة ج فِتَاء و اَفْتَاء ہر ایک جوان جانور -
اَفْتَی : زیادہ فیاض - زیادہ چھوٹا - جنگی مدرسہ کا طالب علم -
مُفْتٍ : فتویٰ دینے والا - مُفتی -

فَتَّ ـُ فَتًّا : ٹکرے سے بکھیرنا (کھجوریں)
اِنْفَتَّ : ٹوٹنا - شکستہ دل ہونا (آدمی)
اُفْتُتُّوا : ان کو شکست دی گئی -
فَتّ : باجرا کی روٹی - تخم حنظل
تَمْرٌ فَتٌّ : متفرق کھجوریں
مَفَتَّة : کثرت - گروہ -

فَثَأَ ـَ فَثْأً : ٹھنڈا کرنا - (غصہ)
— فَثْأً و فُثُوْءًا : ٹھنڈا کرنا - (ہانڈی کا جوش) کم کرنا (سردی)
— عن : روک دینا - ہٹا دینا -
اَفْثَأَ : تھکنا -
— ب : ٹھہرنا - (مکان میں)
— وانْفَثَأَ : کم ہونا - (گرمی)

فَثَجَ ـِ فَثْجًا : کم کرنا - ٹھنڈا کرنا - (پانی سرد پانی سے)
— و فَثِجَ و اَفْثَجَ و اُفْثِجَ : بوجھل ہونا - تھکنا -
بَحْرٌ لا یُفْثَجُ : ناپید سمندر -
فَاثِج ج فَوَاثِج : حاملہ اونٹنی -
فَاثُور : سنگ مرمر کی میز - دھات کا تھال - سورج کی ٹکیہ - فرش - شراب کا برتن - جاسوس -

فَثَغَ ـَ فَثْغًا : پھوڑنا - (سر)

فَجَّ ـُ فَجًّا و اَفَجَّ مَا بَیْنَ رِجْلَیْهِ ٹانگیں چوڑی کرنا -
فَجَّ : کھینچنا (کمان کی تندی)
فَجَّ ـَ فَجَجًا : چلنے میں چوڑی رکھنا (ٹانگیں)
اَفَجَّ : ٹانگیں چوڑی کرکے چلنا - بیٹ کرنا - (شتر مرغ)
— و اِفْتَجَّ : پہاڑی سڑک پر چلنا
— فی المشی : تیز چلنا -
اَفَجَّ ب : بہار سے پھاڑنا (زمین)
تَفَاجَّ : چوڑی ٹانگیں کرکے چلنا -
اِنْفَجَّ القوسُ : کھچ جانا کمان -
فَجّ (ج فِجَاج) و فُجَاج : دو پہاڑوں کے درمیان کا کشادہ راستہ - کشادہ راستہ - درہ -
فِجّ : تربوز -
فِجّ و فُجَاجَة و فَجّ : خام (پھل)
فَجَج : ٹانگوں کے درمیان کی چوڑائی
اَفَجّ (م) فَجَّاء ج فُجّ : چلنے میں دونوں ٹانگوں میں پھیلاؤ والا - دونوں ٹانگیں پھیلا کر چلنے والا -
فُجَّة : درز - شگاف - درمیان کی جگہ
یَمْشِی مُفَاجًّا : وہ ٹانگیں پھیلا کر چلتا ہے
اِفْجِیج : وسیع وادی - تنگ و گہری جگہ -
فُجُج : سست لوگ -

فَجَأَ و فَجِئَ ـَ فَجْأً و فُجَاءَةً و فُجَاءَةً و فَاجَأَ و افْتَجَأَ : اچانک آنا -

فُوجِئَ: موت کا اچانک آنا۔
اَفْجَأَ: عین وقت پر پکڑ لینا
فُجَاءَۃً: اچانک۔
فَاجِئٌ و مُفَاجِئٌ: اچانک آنیوالا (تیر)
فَجَرَ ـُ فَجْرًا و فُجُورًا: بہانا۔ جاری کرنا (پانی)
— القَنَاۃَ: پانی کی نالی پھاڑنا۔
فَجَرَ: ظاہر کرنا (صبح) فاجر کہنا۔ جھٹلانا۔ مخالفت کرنا۔
فَجَرَ ـُ فُجُورًا عن الحق: حق سے منحرف ہونا۔
— فَجْرًا و فُجُورًا: جھوٹ بولنا زنا کرنا۔ گناہوں پر سوار ہونا۔ کمزور نظر و الا ہونا خراب ہونا (کام) رد کرنا مخالفت کرنا۔
— من: اچھا ہونا (بیماری سے)
فَجِرَ ـَ فَجَرًا: فیاضی کرنا بخشش کرنا۔
فَاجَرَ: دوسرے کے ساتھ ملکر شرارت کرنا۔
اَفْجَرَ: صبح میں داخل ہونا۔ زنا کرنا جھوٹ بولنا۔ کفر کرنا۔ حق سے انحراف کرنا۔ جاری کرنا (چشمہ) بہت مال پانا فاجر یا شریر یا بدکار پانا۔
فَجَّرَ: بدکار کہنا۔ بہت جاری کرنا۔ (پانی)
تَفَجَّرَ و اِنْفَجَرَ: جاری ہونا (پانی) روشن ہونا (صبح)
— و اِنْفَجَرَ بالکرم: بخشش کرنا
اِنْفَجَرَ علی: ہر طرف سے بکثرت آپڑنا (دشمن)

اِنْفَجَرَ: اُڑنا۔ پھٹ جانا۔ (مشین۔ بارود)
اِفْتَجَرَ الکلام و فی الکلام: جھوٹی بنانا (کلام)
فَجَر: بخشش۔ فیاضی۔ فائدہ۔ دولت
فَجْرٌ: صبح کی روشنی۔
طَرِیْقٌ فَجْرٌ: واضح راستہ
فَجْرَۃٌ: جھوٹ۔
رَکِبَ فَجْرَۃً: جھوٹ پر سوار ہوا یعنی اس نے جھوٹ بنایا۔
فُجْرَۃٌ ج فُجَر: وادی کا چوڑا حصہ جس میں پانی بہہ رہا ہو۔
— و مَفْجَرَۃٌ و مُنْفَجَرَۃٌ ج مَفَاجِرُ و مُنْفَجَر: پانی کا نکاس۔ پانی بہنے کی جگہ۔
فُجُورٌ و فَجَارِ: شرارت۔ زنا کاری
فِجَارٌ: دو پہاڑوں کے درمیان کے وسیع راستے۔
فَجَارِ: اے بدکار عورت
فَاجِرٌ ج فَجَرَۃٌ و فُجَّارٌ و فُجُور (ج فُجُرٌ) و فَوَاجِرُ: بدکاری کرنے والا۔ زانی۔ جھوٹا۔ زوال پذیر۔ شریر جادوگر۔ تابع معاصی۔
فَاجِرٌ (م) فَاجِرَۃٌ: بدخلق۔ بدزبان
یَمِیْنٌ فَاجِرَۃٌ: جھوٹی قسم۔
فَجَسَ ـُ فَجْسًا و تَفَجَّسَ: تکبر کرنا۔ غالب آنا۔ فساد شروع کرنا
اَفْجَسَ: جھوٹا فخر کرنا۔
تَفَجَّسَ علی: تکبر سے پیش آنا۔
فَجَعَ ـَ فَجْعًا و فَجَّعَ: دردمند کرنا۔ مصیبت میں ڈالنا (سامان یا اہل کی تباہی سے)

فُجِعَ بہ و فیہ: تکلیف دیا گیا (مال کے نقصان سے)
تَفَجَّعَ: دردمند ہونا مصیبت زدہ ہونا۔
— لِفُلَانٍ: کسی کی تکلیف پر دردمند ہونا۔
اِنْفَجَعَ: مبتلا ہونا۔
مَوْتٌ فَاجِعٌ و فَجُوعٌ: دکھ دہ موت۔
اِمْرَأَۃٌ فَاجِعٌ: مصیبت زدہ عورت۔
فَاجِعَۃٌ ج فَوَاجِعُ: مصیبت
فَجْفَجَ: ترش روئی سے جواب دینا۔ باتونی ہونا۔
فَجْفَاجٌ: باتونی۔ شور کرنیوالا۔
فَجَلَ ـُ فَجْلًا و فَجِلَ ـَ فَجَلًا: ڈھیلا اور موٹا ہونا۔
فَجَّلَ: چوڑی کرنا (چیز)
اِفْتَجَلَ: ایجاد کرنا۔ تجویز کرنا۔
فُجْلٌ و فُجُلٌ (مفرد فُجْلَۃٌ) مولی۔
فَجَّالٌ: مولیاں بیچنے والا۔ سبزی فروش
اَفْجَلُ: چوڑی ٹانگوں والا۔
فَجَمَ ـِ فَجْمًا و فَجَّمَ: دندانہ دار کرنا۔ (چھری)
فَجِمَ ـَ فَجَمًا: موٹی باچھوں والا ہونا
تَفَجَّمَ و اِنْفَجَمَ: چوڑی ہونا (وادی) دندانہ دار ہونا (چھری)
فُجْمَۃُ الوَادِی: وادی کی وسیع جگہ
اَفْجَمُ: موٹی باچھوں والا۔
اَفْجَنَ: سداب زیادہ کھانا

فَیْجَن : سُداب۔
فَجَا ـُ فَجْوًا : کھینچنا (کمان کی تندی) کھولنا (دروازہ) چوڑی کرنا (ٹانگیں)
فَجِیَ ـَ فَجًا : چوڑی ٹانگوں والا ہونا۔
فَجَّیَ : ظاہر کرنا۔ ننگا کرنا (معاملہ)
ـــ عَنْ : دُور کرنا۔
اَفْجَیَ : بال بچوں پر بہت خرچ کرنا
تَفَاجَیَ : درمیان سے کشادہ جگہ والا ہونا۔
اِنْفَجَیَ : کھلنا (دروازہ)
فَجْوَۃ ج فَجَوَات وفِجَاء : فُرجہ : دو چیزوں کے درمیان کشادہ جگہ۔ صحن۔ وسیع زمین۔
ـــ وفَجْوَاء : وسیع جگہ۔ گھر کا صحن۔
اَفْجَیَ (م) فَجْوَاء : چوڑی ٹانگوں والا۔
فَحَّ ـِ فَحًّا وفَحِیْحًا وتَفَحَاحًا : خراٹے مارنا آواز (سانپ) پھیلنا (خوشبو)
فُحَّۃ الفُلْفُل : سیاہ مرچ کی تیزی۔
فُحُح : پھنکارنے والے سانپ
فَحَثَ ـَ فَحْثًا وافْتَحَثَ عن : تلاش کرنا۔
فَحَج ـَ فَحْجًا وفَحِج ـَ فَحَجًا : تکبر کرنا۔
فَحِج وفَحَّج وتَفَحَّج و اِنْفَحَج فی مِشْیَتِہٖ : پاؤں کے اگلے حصے کو اندر کی طرف پھیر کر چلنا۔

اَفْحَجَ عن : رک جانا۔ ہٹ جانا۔ پچھلی ٹانگوں کو چوڑا کرنا۔ (دودھ والی اُونٹنی)
تَفَحَّجَ : چوڑی ٹانگیں کرکے بیٹھنا۔
اِنْفَحَجَ : چوڑی ہونا (ٹانگیں)
اَفْحَج (م) فَحْجَاء ج فُحْج : پاؤں کے پنجے کو اندر کی طرف کرکے چلنے والا۔
اِفْتَحَرَ : ایسی رائے دینا جس کو سب رد کریں۔
فَحَس ـَ فَحْسًا : ہاتھ سے چاٹنا (پانی) جو کے خوشہ کے بال ملنا۔
فَحُشَ ـُ فُحْشًا وتَفَاحَشَ : حد سے گزرنا (چیز) بُرا ہونا (کام) بدخلق ہونا (عورت)
فَحَّشَ ب : بُرا کہنا۔ ملامت کرنا۔
فَاحَشَ : بدزبانی کرنا۔
اَفْحَشَ وتَفَاحَشَ : بُری بات کہنا۔ بُرے کام کرنا۔
اَفْحَشَ وتَفَحَّشَ فی الکلام علی : بدکلامی کرنا۔ گالیاں سُنانا۔
تَفَحَّشَ ب واسْتَفْحَشَ : خراب یا بُری یا زیادہ پانا (چیز)
فُحْش وفَحْشَاء : حد سے زیادتی۔ زنا۔ بہت بڑا گناہ۔ کمینگی۔ بدزبانی
فَحَّاش (م) فَحَّاشَۃ : فاحش کا مبالغہ۔
فَاحِش (م) فَاحِشَۃ : قبیح۔ بدخلق۔ بہت بخیل۔ حد سے متجاوز چیز
فَاحِشَۃ ج فَوَاحِش : کمینگی۔ زناکاری۔ حد سے زیادتی۔ بُرائی۔ کنجنی۔

مُتَفَحِّش : بے حیا۔ عیاش۔
فَحَصَ ـَ فَحْصًا عَنْ : غور سے دیکھنا۔ معائنہ کرنا۔ تلاش کرنا دریافت کرنا۔ کھودنا (زمین) ظاہر کرنا۔ کریدنا (زمین) تر کرنا (بادل کا زمین کو) بہت تیز دوڑنا (ہرن)
ـــ ب : کھودنا (زمین)
فَاحَصَ مُفَاحَصَۃً وفِحَاصًا : ایک دوسرے کے عیبوں کی جستجو کرنا
فَحَّصَ وافْحَصَ عن : دُور کرنا۔
تَفَحَّصَ وافْتَحَصَ عن : تفتیش کرنا۔
فَحْص : امتحان۔ تلاش۔ دریافت ہموار زمین۔ آباد جگہ۔
فُحْصَۃ : چاہ زنخدان۔
فَاحِص : دریافت کرنے والا۔
فَحِیْص ومُفَاحِص : بُرائیوں کی جستجو میں لگا رہنے والا۔
مَفْحَص ج مَفَاحِص واُفْحُوص ج اَفَاحِیْص : گڑھا جو سنگخوار مُرغ نے انڈے دینے کے لئے بنایا ہو۔
فَحَضَ ـَ فَحْضًا : چیرنا (زبیل)
فَحْفَحَ : بند میں پھونکنا۔ آواز بیٹھنا۔
فَحْفَاح : باتونی۔ بولنے والا۔
فَحَلَ ـَ فَحْلًا وافْتَحَلَ : سانڈ اُونٹ بھیجنا (اُونٹنی کی طرف) منتخب کرنا (عمدہ سانڈ)
اَفْحَلَ : سانڈ دینا۔
تَفَحَّلَ : سانڈ کے مشابہ ہونا۔ بے پھل ہونا (درخت)

اِسْتَفْحَلَ : بلند یا مضبوط ہونا۔ (نر کھجور) بڑا ہونا (کام) نر ہونا (کھجور)

فِحْلَة و فُحُولَة و فِحَالَة : ذکورت مردمی۔

فَحْل ج فُحُول و اَفْحُل و فِحَال و فِحَالَة و فُحُولَة : سانڈ۔ مذکر چست آدمی۔

— ج فُحُول : فضیلت رکھنے والا (شاعر)

فَحْل و فُحَّال ج فَحَاحِيل : نرکھجور۔ کھجور کے پتوں کی چٹائی۔

فَحْلَة : مردوں کی صفت رکھنے والی عورت۔ کرکسا۔ زبان دراز عورت۔

مُتَفَحِّل : بے پھل (درخت)

فَحَمَ ـُ فُحُومًا : خشک ہونا یا کم پانی والا ہونا (کنواں)

فَحَمَ ـَ فَحْمًا : جواب نہ دے سکنا۔ سخت اندھیرے میں شراب پینا۔

فَحَمَ ـُ و فَحِمَ ـَ و فُحِمَ فَحْمًا و فُحَامًا و فُحُومًا و اُفْحِمَ : رونے سے آواز بند ہونا (بچہ کی)

فَحُمَ ـُ فُحُومًا و فُحُومَةً بہت سیاہ ہونا۔

فَحَّمَ : سیاہ کرنا۔

اَفْحَمَ : دلیل سے خاموش کرنا۔ چپ کرانا (بچہ کو) شعر بولنے سے روکنا (فکر کا شاعر کو) بہت تاریکی میں داخل ہونا۔ شعر بولنے کی طاقت نہ رکھنے والا پانا۔

فَحِّمُوا وَ اَفْحِمُوا عَنْكُم مِن اللَّيْل : رات کے تاریک حصہ میں مت روانہ ہو۔

اِفْتَحَمَ : شام کو پینا۔

فَحْم و فَحَم و فَحِيْم : کوئلہ۔

فَحْم الحَجَر و حَجَرِیّ : پتھر کا کوئلہ۔

فَحْمَة ج فَحَمَات : کوئلہ کا ٹکڑا۔

— ج فِحَام و فُحُوم : رات کی سخت سیاہی۔

فُحُومَة : سخت سیاہی۔

فَحَّام ج فَحَّامَة : کوئلہ فروخت کرنے والا۔ فری میسن۔

فَاحِم : ٹھہرا ہوا (پانی)

فَاحِم و فَحِيْم : سیاہ (بال) ٹھہرا ہوا (پانی) خاموش (آدمی)

فَحُوم : جواب کی طاقت نہ رکھنے والا۔

مُفْحَم : لاجواب۔ خاموش کردہ

مُفَحَّم : کوئلہ بنایا ہوا

فَحَا ـُ فَحْوًا و فَحَّى بِكَلَامِه اِلَى : اپنی کلام سے اشارہ کرنا

فَحَّى : ہانڈی میں مصالح ڈالنا۔

فَاحَى : گفتگو کرنا۔ مطلب سمجھنا۔

فَحًا و فِحًا ج اَفْحَاء : بیج یا خشک بیج۔ پیاز۔ مصالح۔

فَحْوَة : شہد کا چھتا۔

فَحْوَى و فَحْوَاء و فُحَوَاء ج فَحَاوٍ : مطلب و معنئ کلام۔

فَخَّ ـِ فَخًّا و فَخِيْخًا و افتخّ خراٹے مارنا۔ پھنکارنا (سانپ) پھیلنا (خوشبو)

فَخَّ ـِ فَخًّا و فَخَّةً و فَخَخًا کمزور ہونا (ٹانگیں)

فَخّ ج فِخَاخ و فُخُوخ : پھندا جال۔ گُڑُکّی۔

فِخَّة : خراٹا۔ گندی و میلی عورت

فَخَتَ ـُ فَخْتًا : کوکو کرنا یا آواز دینا (کبوتر) جھوٹ بولنا۔ سوراخ کرنا (چھت کو) ننگا کرنا (برتن) کاٹ ڈالنا۔

— ہامَتَهُ بالسیفِ : اس نے اس کے سر کو تلوار سے اُڑا دیا۔

فَخَّتَ فی : چغلی کھانا۔

تَفَخَّتَ : مغرورانہ رفتار چلنا۔ کبوتری کی طرح چلنا۔ حیران ہونا۔ جھوٹ کی عادت والا ہونا۔

اِنْفَخَتَ : سوراخ دار ہونا (چھت)

فَخْت : چھت کا گول سوراخ۔ چاندنی۔ شکاری کا پھندا۔

فَاخِتَة ج فَوَاخِت : فاختہ۔

فَخَجَ ـَ فَخْجًا : مغرور ہونا

فَخِجَ ـَ فَخَجًا : جدا جدا پیروں والا ہونا۔

فَخَذَ ـَ فَخْذًا : ران پر مارنا۔ ران توڑنا۔

فَخَّذَ : چھوٹے چھوٹے گروہوں میں بلانا (قوم)

— عن و بَيْنَ : بکھیرنا و متفرق کرنا (قوم)

— القَوْمَ : قوم کو مدد نہ دینا۔

فَاخَذَ : شکست دیکر متفرق کرنا (قوم)

تَفَخَّذ: پیچھے رہنا (کام سے) پیچھے ہٹنا۔
تَفَخَّذ: ران پر ران رکھنا۔
اِسْتَفْخَذ: مطیع ہونا۔
فَخْذ و فَخِذ (مؤنث) ج اَفْخَاذ: ران (یہ لفظ مؤنث استعمال ہوتا ہے)
فَخْذ ج اَفْخَاذ: گوت۔ قبیلہ سے کم گروہ۔
فَخَر - فَخْرًا و فَخَرًا و فَخَارًا و فَخَارَةً و فِخِّيرَى و فِخِّيرَاءِ و افْتَخَر: فخر کرنا۔ بڑائی کرنا۔
فَخَرَهُ: فخر میں غالب آنا۔
فَخَّرَ - وفَخَّر و اَفْخَر علی: فیاضی و فخر میں فضیلت دینا۔
فَخِرَ - فَخَرًا من: ناک چڑھانا تکبر کرنا۔
فَاخَر مُفَاخَرَةً و فِخَارًا: فخر میں غالب آنا۔
تَفَاخَر: باہم ایک دوسرے پر فخر کرنا۔
اَفْخَر: شریف بچے جننا (عورت)
تَفَخَّر: تکبر کرنا۔ ناک چڑھانا۔
اِسْتَفْخَر: شاندار چیز لینا۔ شاندار پانا۔
فَخْر و فَخَر: فضیلت و عظمت
فُخْرَةٌ: فخر
فَاخِر: بڑائی کرنے والا۔ شاندار عمدہ چیز۔ بے گٹھلی کھجور۔
فَخُور و فَخِير و فِخِّير: بہت فخر کرنے والا۔
فَخِيرٌ: فخر میں مغلوب کیا ہوا۔

فَخِيرَة: سوراخ - گڑھا۔
فَخَّار: مٹی کا پکا ہوا برتن پکی ہوئی مٹی۔ کمہار کی مٹی۔ ٹھیکری۔
فَخَّارَةٌ: مفرد فَخَّار
فَاخُور ج فَوَاخِير: ایک قسم کی چنبیلی۔
فَخَّارِیٌّ و فَاخُورِیٌّ: گلساز یا کمہار۔
فَاخُورَة: کمہار کا پیشہ۔
مَفْخَرَةٌ ج مَفَاخِر: وجہ فخر۔ وہ چیز جس سے فخر کیا جائے۔ فیاضانہ کام۔
فَخَز - فَخْزًا و فَخِزَ فَخَزًا و تَفَخَّز: تکبر کرنا۔ بڑا بننا۔
فَخْز: فضل و فضیلت
فَخَش - فَخْشًا: گم کرنا۔ کھونا۔
فَخْفَخ فَخْفَخَةً: جھوٹا فخر کرنا
فَخْفَخَة: نئے کپڑے یا کاغذ کا آواز دینا۔
تَفَخَّل: حلم و وقار ظاہر کرنا۔ بہت شاندار کپڑے پہننا۔ بانکا بننا۔
مُتَفَخِّل: بردباری ظاہر کرنے والا بانکا۔
فَخُم - فَخَامَةً: موٹا ہونا۔ بڑی شان والا ہونا۔
فَخَّم: پُر کرنا (حرف) تعظیم کرنا۔
تَفَخَّم: بڑا بننا۔
فَخْم: بڑے درجہ یا قدر والا۔ بڑے جسم والا۔ موٹا۔ زوردار (کلام)
فُخْمِيَّة: غرور۔ تکبر۔ بڑائی۔ موٹاپن
اَفْخَم: بہت بڑائی والا۔ بہت جلال والا

فَدَّ - فَدِيدًا: پھڑ پھڑانا (پرندہ) آواز دینا۔ دوڑنا (آدمی) زمین کو روندنا (ریوڑ)
هُوَ يَفُدُّ لِي وَيَعُدُّ لِي: وہ مجھے دھمکاتا ہے۔
فَدَّد: تکبر اور اکڑ بازی سے چلنا خرید و فروخت میں چلانا۔
فَدَّاد ج فَدَّادُون: چلانیوالا متکبر۔ بہت روندنے والا۔ سینکڑوں سے ہزاروں تک اونٹوں کا مالک۔
فَدَّادُون: زمیندار۔ مویشی چرانے والے۔ بیلوں یا اونٹوں کو ہانکنے والے بدو لوگ۔
فَدَّادَة: مؤنث فَدَّاد۔ جھینگر۔ بزدل۔
فَدَح - فَدْحًا: بھاری ہونا (کام یا قرض یا بوجھ)
اَفْدَح و اِسْتَفْدَح: بوجھل یا مشکل پانا۔
فَادِح: مشکل و بوجھل۔
فَادِحَة ج فَوَادِح: مصیبت
فَدَخ - فَدْخًا: توڑنا کوٹنا (تازہ لکڑی)
فَدَس - فَدْسًا و فُدُوسًا: پہاڑ کی چوٹی پر پناہ لینا۔ (جنگلی بکرا) سرد ہونا۔ پکا ہوا گوشت)
فَدِس - فَدَسًا: بیوقوف ہونا۔
فَدَّس: توڑنا (پتھر)
تَفَدَّس: ٹوٹنا (پتھر)
فَدَس ج فُدُوس و فَادِس ج فَوَادِس و فَدُوس ج فُدُس: پہاڑی بکرا۔ مارخور۔

فَادِرٌ ج فُدُرٌ و فَوَادِرُ و فَدَاوِرُ: پکا ہوا سرد گوشت۔ اکیلی چلنے والی اُونٹنی۔ جنگلی بکرا۔
فِدْرَةٌ ج فِدَرٌ: پکے ہوئے گوشت کا سرد ٹکڑا۔ پہاڑ یا رات کا ٹکڑا۔ کھجوروں کا ڈھیلا۔
فَدِرٌ: بے وقوف۔ احمق۔ جلدی ٹوٹنے والی لکڑی۔
فُدُرٌ: چاندی۔ موٹا لڑکا۔
فُدَرَةٌ: قوم سے اکیلا رہنے والا۔ اکیلا چلنے والا۔
فَادِرَةٌ و فِنْدِيرَةٌ: مؤنث فَادِرٌ۔ پہاڑ کی چوٹی کا بڑا پتھر۔
مَفْدَرَةٌ: بہت سی پہاڑی بکریوں کی زمین۔ پہاڑی بکروں کی پناہ کی جگہ
اَفْدَس: مکڑیوں والے گھر والا یا دروازے والا ہونا۔
فُدْس ج فِدَسَةٌ: مکڑی۔
فَيْدَس: بڑا مٹکا۔ بڑا گھڑا۔
فَيْدُوس: چھٹی۔ تفریح۔
فَدَشَ ـُـ فَدْشًا: پھوڑنا (سر)
فَدَشَ ـِـ فَدْشًا: ہٹانا۔
فَدْشٌ: مادہ مکڑی۔
فَدِعَ ـَـ فَدَعًا: ٹیڑھے مفاصل والا ہونا۔
فَدَعَ ـَـ فَدْعًا: تھوڑا پھاڑنا یا کچلنا۔
فَدَّعَ: ٹیڑھے مفاصل والا بنانا
فَدَعٌ: مفاصل کا ٹیڑھا پن۔
اَفْدَعُ (م) فَدْعَاءُ ج فُدْعٌ ٹیڑھے جوڑ والا

فَدَعَةٌ: جوڑ میں کجی کی جگہ۔
فَدَغَ ـَـ فَدْغًا: پھوڑنا (سر) گھی یا چربی کا بگھار لگانا۔
اِنْفَدَغَ: ٹوٹنا۔ نرم ہونا۔ (خشک چیز)
مِفْدَغٌ ج مَفَادِغُ: توڑنے کا آلہ۔
فَدْفَدَ فَدْفَدَةً: چلانا۔ خطرہ سے بھاگ نکلنا۔
فَدْفَدٌ ج فَدَافِدُ: سخت ہموار جگہ۔ صحرا۔ اُونچی جگہ۔
فُدْفُدٌ و فُدَفِدٌ: چلانیوالا۔ کرخت آواز والا۔ کرخت کلام۔ پاؤں کو بہت دبا کر چلنے والا۔
فَدَكَ: دھننا (روئی)
فَدَّكَ القُطْنَ: دھنوانا (روئی)
فَدُمَ ـُـ فُدُومَةً و فَدَامَةً کلام میں رکنا۔ بے وقوف ہونا۔
فَدَمَ ـِـ فَدْمًا و علی ب و فَدَّمَ و اَفْدَمَ: منہ بند کرنا (برتن یا آدمی کا)
فَادِم ج فَوَادِم: شاخوں یا دیوار کی ہمواری معلوم کرنے کا آلہ۔
فَدْم ج فِدَام: کلام میں رکنے والا۔ بیوقوف۔ کند ذہن۔ موٹا۔ گہرے سرخ رنگ والا۔
فِدَام (ج فُدُم) و فِدَّام و فِدَّامَة و فَدُّوم: سرپوشِ ابریق۔ دہان بندِ مجوس۔ رومال۔
مُفَدَّم: گہرے سرخ رنگ والا۔
المُفَدَّمَات: ظروف خانہ و مٹکے جن کا منہ باندھا ہوا ہو۔
فَدَّنَ: موٹا کرنا (مویشی) بلند کرنا (عمارت) سرخ رنگ رنگنا (کپڑا)

فَدَن ج اَفْدَان: سرخ رنگ۔ بلند عمارت۔
فَدَان و فَدَّان ج فَدَادِين و اَفْدِنَة و فُدُن: بیلوں کی جوڑی جو ہل میں جوتی ہوئی ہو۔ ہل۔
فَدَّان: ایکڑ۔ رقبہ۔ ایک دن کی محنت۔ بویا ہوا کھیت۔
فَادِن ج فَوَادِن: شاقول۔
علی القِدَّة و الفَادِن: وزن اور پیمانہ سے
فَدَوْكَسٌ: شیر۔ مضبوط آدمی۔
فَدَی ـِـ فَدْيًا و فِدًی و فِدَاءً و فَادَی مُفَادَاةً و فِدَاءً من: مال وغیرہ دیکر بچانا۔ یا چھوڑانا۔
فَدَی بِنَفْسِهِ و فَدَّی: اس نے کہا میں تجھ پر قربان جاؤں۔
فَادَی: بدلہ لیکر چھوڑ دینا۔ بچانا۔
اَفْدَی: فدیہ قبول کرنا (قیدی سے)
ـــ: انبار بنانا (کھجور وغیرہ کے لئے) لاڈ کرنا۔ موٹے بدن والا ہونا
تَفَادَی: ایک دوسرے کا فدیہ دینا ایک دوسرے کے ساتھ بچنا۔
ـــ و افْتَدَی من: بچنا۔ رکنا۔
اِنْفَدَی: فدیہ دیا جانا۔
اِفْتَدَی بِفُلَانٍ: فدیہ دیکر چھڑانا خاوند سے بدلہ دیکر آزاد ہونا (عورت)
فِدًی و فَدًی و فِدَاء و فِدْيَة ج فِدًی و فِدْيَات: فدیہ۔ مال جو قیدی کے آزاد کرنے کے عوض دیا جائے۔
فِدَاكَ اَبِي و فِدًی لَكَ اَبِي: میرا

باپ تجھ پر قربان (یعنی مجھے آپ سے بہت محبت ہے)

فَدَاءٌ ج اَفْدِيَةٌ : جَو کا انبار کھجوروں وغیرہ کا انبار۔ جَم۔ تاجر کے غلہ وغیرہ کے ذخیرہ کی جگہ۔

الفَادِی : عیسائیوں کے نزدیک حضرت مسیحؑ۔

فِدَاوِیٌّ ج فِدَاوِيَّةٌ : بہادر

فُدَاوِيَّةٌ : ایک فرقہ کا نام ہے جو دوسروں کو مار دیتا ہے۔

فَذَّ ـُـ فَذًّا عن : اکیلا ہونا۔

— : دھتکارنا۔

اَفَذَّ : ایک بچہ دینا (بکری)

تَفَذَّذَ و اسْتَفَذَّ : اکیلا ہونا۔

فَذٌّ ج اَفْذَاذٌ و فُذُوْذٌ : اکیلا جوئے کا پہلا تیر۔

کَلِمَةٌ فَذَّةٌ و فَاذَّةٌ : شاذ و نادر بات۔

اَفَذُّ : بے پر تیر۔

فُذَاذًا و فُذَاذًا و فُذَاذَی الگ الگ۔ جدا جدا

مُفِذٌّ و مُفِذَّةٌ : ایک بچہ دینے والی (بکری)

مِفْذَاذٌ : وہ بکری جس کی عادت ایک ہی بچہ دینے کی ہو۔

فَذْفَذَ : اچانک چھلانگ مارنے کے لئے سکڑنا۔

فَذْلَكَ : فارغ ہونا۔ (حساب سے)

فَذْلَكَةٌ : کل میزان۔ پہلی تفصیل کا خلاصہ۔

فَرَّ ـِ فَرًّا و فِرَارًا و مَفَرًّا و مَفِرًّا : بھاگ جانا۔

— ـِ فَرًّا و فِرَارًا و فُرَارًا عن : جانور کی عمر دیکھنے کے لئے دانتوں کا معائنہ کرنا۔ تحقیقات کرنا۔

فُرَّ الاَمْرُ جَذَعًا : معاملہ اپنی پہلی حالت پر لوٹ آیا۔

فَارَرْتُهٗ : میں نے اس کے حالات کی بحث کی اور اس نے میری حالت کی تحقیق کی۔

اَفَرَّ : بھگانا۔

اَفَرَّ رَاسَهٗ : اس نے اس کا سر چیرا (تلوار سے)

اَفَرَّتِ الاِبِلُ : اونٹ کے دودھ کے دانتوں کا گرنا۔

تَفَرَّرَ : ہنسنا۔

تَفَارَّ : چاروں طرف بھاگنا (لوگ)

اِفْتَرَّ : اچھی طرح ہنسنا چمکنا (بجلی) سونگھنا (چیز)

فَرٌّ (مذکر و مؤنث واحد و جمع) بھاگنے والا۔

هُوَ فُرَّةٌ او فُرَّةُ القَوْمِ : وہ اپنی قوم سے چیدہ آدمی ہے۔

فِرَّةٌ : ہنسنے کا طریقہ۔ بٹیر۔

فُرَّةٌ و اَفُرَّةٌ و اُفُرَّةٌ : اختلاط شدت۔ برائی۔

فُرَدَةٌ و فَرَّارٌ و فَرُوْرٌ و فَرُوْرَةٌ بھگوڑا۔ بھاگو۔ بہت تیز بھاگنے والا

فَرَّارٌ : پارہ۔

اَفَرُّ : خوبصورت طرز سے ہنسنے اور مسکرانے والا۔

فُرَارٌ و فَرِيْرٌ و فُرُوْرٌ : لیلا۔ دنبی کا بچہ۔ جنگلی بچھڑا۔

فَرِيْرٌ : منہ۔

مَفَرٌّ ج مَفَارٌّ : بھاگنے کی جگہ۔ جائے پناہ۔

مِفَرٌّ : بہت تیز بھاگنے والا (گھوڑا)

فَرَأٌ و فَرَاءٌ ج اَفْرَاءٌ و فِرَاءٌ : جنگلی گدھا۔

اَمْرٌ فَرِیٌّ : بناوٹی معاملہ۔ بڑا کام۔

فَرَتَ ـُـ فَرْتًا : بدکار ہونا۔

فَرِتَ ـَـ فَرَتًا : کمزور عقل ہونا۔

فَرُتَ ـُـ فُرُوْتَةً : میٹھا ہونا (پانی)

فُرَاتٌ : بہت میٹھا (پانی) ایک بڑے دریا کا نام جو خلیج فارس میں گرتا ہے سمندر۔

الفُرَاتَان : دجلہ و فرات۔

فَرْتَكَ فَرْتَكَةً : چھوٹے قدموں سے چلنا۔ خراب کرنا (کام) باریک باریک کاٹنا۔

فَرْتَنَ : چھوٹے قدموں سے چلنا۔ ناراض ہونا۔

فَرَثَ ـُـ فَرْثًا و تَفَرَّثَ و اِنْفَرَثَ دل متلانا (حاملہ کا)

— ـِ فَرْثًا و فَرَّثَ : جگر پر مارنا۔

فَرِثَ ـَـ فَرَثًا و تَفَرَّثَ : بکھرنا (قوم)

— : سیر ہونا۔

اَفْرَثَ الکَرِشَ : اوجھ کو چیر کر گوبر نکالنا۔

اَفْرَثَ : ملزم گردانا۔

فَرْثٌ (ج فُرُوْثٌ) و فُرَاثَةٌ : اوجھ کا گوبر۔

فُرَاشَةٌ : اوجھ کے اندر کا گوبر۔

فَرَج = فَرْجًا و فَرَّج: کھولنا
وسیع کرنا۔
— بَیْنَ: درمیان میں جگہ چھوڑنا
— و فَرَّج عن: دور کرنا۔ ہٹانا۔
(غم)
فَرَّج علی: دکھانا۔
اَفْرَج: چوزوں والی ہونا (مرغی)
دور ہونا (غبار)
— عن: ہٹ جانا۔ چھوڑ جانا (جگہ)
تَفَرَّج: کھلنا۔ دور ہونا (غم) سیر
کرنا۔ بہلنا۔
اِنْفَرَج: کھلنا۔ دور ہونا (غم)
انفرج مابَیْنَ الشَیْئَیْن: دو
چیزوں کے درمیان کی جگہ کشادہ ہوگئی
— الرجل من ضِیقِہٖ: آدمی
نے تنگی سے نجات پائی۔
فَرْج ج فُرُوج: شگاف۔ دراڑ
ٹانگوں کے درمیان کی جگہ۔ شرمگاہ۔
رحم۔ وسیع جگہ۔ سرحد۔
فَرْج الوَادِی: وادی کا بطن۔
فُرُج و فُرُج و فُرْجَة: بھید نہ
چھپانے والا۔
فَرَجٌ و فُرُوجٌ: تندی سے علیحدہ
کمان۔
فَرَج و اِنْفِرَاج: خوشی جو غم کے
بعد حاصل ہو۔
اُمّ الفَرَج: ایک قسم کا پکوان۔
فَرْجَة و فُرْجَة: تکلیف و فکر سے
نجات
فُرْجَة ج فُرَج: شگاف۔ دراڑ
فُرْجَة: خوشگوار نظارہ۔
فَرُّوج ج فَرَارِیج: بچے کی قمیص
قباء جس کو پیچھے سے چیرا گیا ہو۔
فَرُّوج و فُرُّوج ج فَرَارِیج:
مرغی کے چوزے۔
فَرُّوجَةٌ: مرغی کا ایک چوزہ۔
تِفْرِجَة ج تَفَارِیج و تَفَارِج
انگلیوں یا ستونوں کے درمیان کا فاصلہ
خوشگوار نظارہ۔
— و تِفْرَاجَة: کمزور و بزدل
فَرَجِیَّة: سمور کی قباء۔ وسیع قباء۔
تَفَارِیج القَبَاء: قباء کے شگاف۔
فَارِج و مُفَرِّج: غم کو ہٹانیوالا
دل خوش کرنے والا۔
مُفْرِج: چوزوں والی مرغی۔
مُفْرَج: صحرا میں قتل شدہ مقتول
جس کے قاتل کا پتہ نہ ہو۔ اکیلا آدمی
جس کا نہ کنبہ ہو نہ اولاد اور نہ مال ہو۔
مُفَرَّج: کنگھی۔ بغل سے دور کہنی
والا۔
زَاوِیَة مُنْفَرِجَة: وہ زاویہ جو
زاویہ قائمہ سے بڑا ہو۔
مَفْرُوج: کشادہ کیا ہوا۔ تسلی دیا ہوا
فِرْجَار: پرکار۔
فَرْجَنَ: کھریرا کرنا (گھوڑے کو)
فِرْجَوْن: کھریرا
فَرِح = فَرَحًا: خوش ہونا۔
اکڑ باز ہونا۔
فَرِحَ بِ: خوش ہونا۔
فَرَّح و اَفْرَح: خوش کرنا۔
اَفْرَح: غمگین کرنا۔ دبا لینا (قرض)
فَرَح: خوشی۔ دعوت ولیمہ۔
فَرْحَة و فُرْحَة: فرحت۔ خوشی
خوشی کا موجب۔ عطیہ جو خوشخبری دینے والے
کو دیا جائے۔
فَارِح ج فَارِحُون و فَرِح ج
فَرِحُون: خوش و خرم۔
فَرْحَان (م) فَرْحَی و فَرْحَانَة
(ج فَرَاحَی و فَرْحَی) و فَرُوح ج
فُرُح: خوشی والا۔ قانع۔
مُفْرِح و مُفَرِّح: خوش کرنیوالا۔
مُفْرَح: مفلس۔ قرض سے دبا ہوا
مجہول النسب
مِفْرَاح: (مذکر و مؤنث) بہت
خوش۔
مَفْرُوح: مسرور
فَرِخ = فَرَخًا: خوشی میں
زندگی گزارنا۔
فَرِخ الرَّجُلُ: آدمی بے کھٹکا ہوگیا
— الی الارض: زمین سے چمٹنا۔
فَرَّخ و اَفْرَخ: چوزوں والا ہونا
(پرندہ) پھٹنا (انڈا چوزہ سے)
فَرَّخ: پھوٹنا (پودہ) بھیرو کرنا۔
کمزور یا ڈرپوک ہونا (قوم)
— و اَفْرَخ: دور ہونا (ڈر)
اَفْرَخ: صاف ہونا (معاملہ)
اَفْرَخُوا بَیْضَھُم: انہوں نے
اپنے انڈے پھوڑ دیئے۔ (بھید ظاہر کیا)
اِسْتَفْرَخ: چوزے نکالنے کے لئے
لینا (کبوتر) چوزوں والا ہونا کبوتر۔
فَرْخ ج اَفْرُخ و اَفْرَاخ و
فِرَاخ و فُرُوخ و اَفْرِخَة و
فِرْخَان: چوزہ۔ چھوٹا پودہ یا جانور
دماغ۔ کمزور و ذلیل۔ دھتکارا ہوا۔
(آدمی)
فَرْخ الشَّجَرَة: شاخ جو درخت کی

جڑ ھ سے نکلے۔

فَرْخٌ وَ سَ پِتی: کاغذ کا قطعہ۔

فَرْخَةٌ ج فِرَاخ: چوڑی شاخ نیزے اور تیر کی چوڑی سی نوک۔

مَفْرَخ ج مَفَارِخ: مرغی خانہ

مُسْتَفْرَخ و مَعْمَل الفِرَاخ انڈے سینے والا ادزار۔

فَرَدَ ـُ دفَرِد ـَ دفَرُدَ ـُ فُرُودًا وانْفَرَدَ: اکیلا ہونا۔ سادہ ہونا۔

فَرَدَ عن: علیحدہ ہونا۔ الگ ہونا۔

فَرَدَ وَ اَفْرَدَ وتَفَرَّدَ وانْفَرَدَ واسْتَفْرَدَ ب: تنہا ہو کر مشغول ہونا اکیلے کام کرنا۔

فَرَّدَ: لوگوں سے کنارہ کشی کرنا۔ فقیہہ ہونا۔

اَفْرَدَتْ: ایک بچہ دینا

اَفْرَدَ واسْتَفْرَدَ: علیحدہ کرنا۔

اَفْرَدَ رَسُولًا اِلی: اس نے ایلچی روانہ کیا۔

تَفَرَّدَ وانْفَرَدَ واسْتَفْرَدَ فی: لاثانی ہونا۔

اِسْتَفْرَدَ: تنہائی تلاش کرنا اکیلے پانا۔ چن کر الگ کرنا۔

فَرْد ج فِرَاد وَ اَفْرَاد: ایک طاق۔

فَرْد وجَوْز: طاق وجفت۔

ـــ ج اَفْرَاد و فُرَادَی: لاثانی بے نظیر۔

فَرْد ج فُرُودَة و فُرُود: پستول

ـــ ج اَفْرَادٌ: داڑھی کی ایک جانب۔ ایک تلوے والی جوتی۔

اَفْرَادُ و فُرُود النجوم: آسمان کے کنارے میں الگ الگ چمکنے والے ستارے۔

ـــ الناس: بڑے آدمی۔

هٰذَا الشئ فَرْد: یہ منفرد چیز ہے

فَرِد و فَرَد: تنہا۔ لاثانی۔

فَرْدَة ج فُرَد: محصول چنگی۔ بیگ گٹھا۔ جانور کا نصف بوجھ۔

ـــ ج فَرْدَات واَفْرَادٌ و

فَرَدَة: مؤنث فَرْدٌ۔

فُرَدَة: اکیلا جانے والا۔

جَاءُوا فُرَادَ وفَرَادَ وفُرْدَى وفِرَادًا وفُرَادَى: ایک ایک آئے۔

فَارِد: تنہا۔ صرف۔ صاف سفید شکر۔ بکری جو گھر میں اکیلی چھوڑی جائے

نَاقَة فَارِدَة: چراگاہ میں اکیلی اونٹنی۔

فَوَارِدُ: ج فَارِدٌ۔

فَرُودِيَّة: عورتوں کی پگڑی۔

فَرِيد (م) فَرِيدَة: ایک۔ دوسروں سے الگ۔ لاثانی۔ بہت عمدہ۔ چھوٹا موتی۔

فَرِيدَة ج فَرَائِد: کاغذ کا دستہ۔

فَرَّاد: موتی فروخت کرنے والا

اَفْرَد: ملائم۔

مُفْرَد: اکیلا۔ واحد۔ سادہ۔ جنگلی بیل۔

مُفْرَدَة ج مُفْرَدَات: مفرد دوائی۔

مُفَرِّد: دنیا سے الگ۔

رَاكِبٌ مُفَرِّدٌ: سوار جس کے ساتھ سوائے اپنے اونٹ یا گھوڑے کے کوئی نہ ہو۔

مُفَرَّد: تنہا۔ الگ۔ قیمتی موتیوں والی مالا۔

مُتَفَرِّد ومُنْفَرِد: تنہا۔ جدا۔

فَرْدَسَ: پچھاڑنا۔

فَرْدَسَة: چوڑائی۔

فِرْدَوْس ج فَرَادِيس: باغ۔ پھلدار وادی۔ بہشت۔

صَدْرٌ مُفَرْدَسٌ: چوڑا سینہ۔

كَرْمٌ مُفَرْدَسٌ: چھت پر چڑھائی ہوئی انگور کی بیل۔

فَرَزَ ـِ فَرْزًا وافْرَزَ: الگ کرنا۔

فَرَزَ عَلَىَّ بِرَأْيِهِ: اس نے اپنی رائے سے میرے خلاف فیصلہ کیا۔

فَارَزَ: الگ کرنا (حصہ دار کو)

اَفْرَزَ الصائدُ الصَّيْدَ: شکار نے شکاری کو قریب سے مارنے کا موقعہ دیا۔

ـــ ب: خاص طور پر دینا۔

اِفْتَرَزَ دُونَ اَهْلِ بَيْتِهِ: اس نے اپنے لوگوں سے مشورہ لینے کے بغیر فیصلہ کیا۔

تَفَارَزَ: فسخ کرنا (شرکت)

فَرْدَزَ: مرنا (آدمی)

فَرْز: دو پہاڑوں کے درمیان کشادہ جگہ۔ دو ٹیلوں کے درمیان کا میدان۔

فِرْز: ٹیلہ یا ریت کا رستہ۔ باری

— اَفْرَاز و فُرُوز: مقررہ حصہ۔
فِرْزَة ج اَفْرَاز و فُرُوز: حصّہ
سِنّ الْاِفْرَاز: بالغ ہونے کی عمر۔
فَرْزَة: سخت زمین کی دراڑ۔
اِفْرِيز ج اَفَارِيز: کارنس دیوار کی کنگنی یا منڈیر۔
فَارِز: صاف و واضح (کلام) فیصلہ کن۔
فَارِزَة: مؤنث فارز۔ ریت کا راستہ۔
فَرْدَز: کنارہ۔
مَفْرُوز: جدا کیا ہوا۔ ممیز۔ سنجاف دار (کپڑا)

فَرْزَدَق ج فَرَازِق و
فَرَازِد: روٹی کے ریزے۔ گوندھے ہوئے آٹے کے پیڑے۔ تنور میں گری ہوئی روٹی۔ ایک شاعر کا لقب
فَرْزَدَقَة: مفرد فرزدق

تَفَرْزَعَ: گٹھا گٹھا ہونا۔ (گھاس)
فُرْزُع: کپاس کے بنولے۔
فُرْزُعَة ج فَرَازِع: گھاس کا بنڈل۔

فَرْزَلَ: ہتھکڑی لگانا۔
فِرْزِل: ہتھکڑی۔ لوہا کاٹنے کی قینچی۔
فُرْزُل: موٹا آدمی۔

فَرْزَن ج فَرَازِين: شطرنج کی ملکہ۔
فَرْزَنَ فی: دیکھنا۔ نگاہ کرنا۔
تَفَرْزَن: ملکہ بنا۔ (بیذق کا شطرنج میں)

فَرَسَ
فَرَسَ — فَرْسًا و افْتَرَسَ: گردن توڑنا یا شکار کرنا (شیر) پھاڑنا (شکار) متفرق کرنا (چیز)
— ب — رِ یا لُعَيْن فِرَاسَةً: قیافہ شناس ہونا۔ ظاہری حال سے باطن کو معلوم کرنا۔
فَرُسَ — ے فَرَاسَةً و فُرُوسَةً و فُرُوسِيَّةً: ماہر سوار ہونا۔ ماہر ہونا۔
فَرَّسَ: سوار بنانا۔ اکسانا۔ شکار کروانا (درندہ سے)
اَفْرَسَ: گلے کی حفاظت سے غافل ہونا (راعی)
— الْاَسَد حِمَارَهُ: اپنی نجات کے لئے اس نے شیر کو اپنا گدھا پھاڑنے دیا۔
اَفْرَسَ عن بَقِيَّةِ مَال: اس نے مال لیکر بقیہ مال چھوڑ دیا۔
تَفَرَّسَ الرَّجُلُ: مرد بناوٹی سوار بنا۔
تَفَرَّسَ فی: نظر جما کر دیکھنا
— فی: بیرونی نشان سے باطن معلوم کرنا۔ علامت سے جاننا۔
فُرْس: فارس کے باشندے بالاخانوں کے لئے سفید مٹی۔
بِلَادُ الْفُرْس و بِلَادُ فَارِس فارس کا علاقہ۔
فَارِسِيّ: منسوب بہ فارس۔ فُرس کا واحد۔
الْفَارِسِيَّة: فارسی زبان۔
فِرْس: ایک قسم کی گھاس۔
فَرَس (مذکر و مؤنث) ج اَفْرَاس: گھوڑا۔ گھوڑی۔ بہت سے ستاروں کا نام۔
فَرَسُ الرِّهَان: گھوڑ دوڑ کا گھوڑا۔
هُمَا كَفَرَسَيِ الرِّهَان: وہ دونوں گھوڑ دوڑ کے گھوڑوں کی مانند ہیں۔ (فضل اور کوشش میں ایک جیسے ہیں)
فَرَسُ الْبَحْر: ایک قسم کی بڑی مچھلی۔ دریائی گھوڑا۔
فَرَسُ النَّبِيّ: ٹڈا
فَرَسَة: گھوڑی۔
فِرْسَة: گردن کا پھوڑا۔ سرد ہوا
فِرَاسَة: قیافہ شناسی۔
فَرِيس ج فَرْسَى: پھاڑا ہوا شکار۔ قتل کیا ہوا۔ حلقہ جو رسی کے سرے پر باندھا جاتا ہے۔
فَرِيسَة ج فَرَائِس: جنگلی جانور کا مارا ہوا شکار۔ غنیمت۔
فَارِس ج فُرْسَان و فَوَارِس: سوار۔ شیر۔
هُوَ فَارِسٌ بِالْاَمْر: وہ کام سے ماہر ہے۔
اَفْرَس: سواری میں زیادہ ماہر۔ زیادہ سمجھدار۔
اَبُو فِرَاس و فَرَّاس: شیر۔
فَرَانِس و فِرْنَاس: شیر۔ موٹی گردن والا۔
فِرْنَاس ج فَرَانِسَة: مضبوط بہادر۔ دہقانوں کا رئیس۔
مَفْرُوس: گردن کے پھوڑے کا مریض۔ ٹوٹی ہوئی کمر والا۔ کبڑا۔ سرد

ہوا سے تکلیف زدہ۔
فرسخ فرسخة: وسیع ہونا
— تفرسخ و افرنسخ: مدھم
پڑنا (سردی)
تفرسخ و افرنسخ الھم
عنہ: اس کا غم دور ہو گیا۔
فرسخ ج فراسخ: تین میل
کی مسافت۔ فرسنگ۔ تقریباً آٹھ
کیلومیٹر۔ آرام۔ سکون۔ لمبا زمانہ
بہت اور ہمیشہ رہنے والی چیز۔ دراز
سراویل مفرسخة: وسیع
شلوار۔
فرسق و فرسک: ناشپاتی
فرسن ج فراسن: اونٹ
کے کھر کا کنارہ۔
الفراسن: شیر۔
رجل مفرسن الوجہ:
منہ پر بہت گوشت رکھنے والا آدمی
فرش ـُ ـِ فرشا و فراشا
و افترش: بچھانا۔ جھوٹ
بولنا۔ بچھانا (بستر)
فرش عن: تیار ہونا۔ ارادہ
کرنا۔
— وفرش و افرش: بچھانا (فرش)
فرش و افرش: فرش لگانا (گھر
میں)
فرش: پھڑپھڑانا (پرندہ)
— الزرع: کھیتی کا لمبا ہونا۔
افرش: زیادہ فرش والا ہونا
(مکان) غیبت کرنا۔ ذبح کرنے کے
لئے گرانا (جانور) پتلی کرنا (تلوار)
لمبی شاخوں والا ہونا (درخت)

— عن: دور ہونا۔
تفرش: پھڑپھڑانا (پرندہ)
افترش: پھیلانا۔ روندنا۔ چلنا۔
(راستہ پر) پھیلنا۔ زمین پر گرانا۔
— اثر فلان: اس نے فلاں
کا پیچھا کیا
— المال: مال غصب کرنا۔
— عرضہ: اس نے اس کی
بے عزتی کی۔
فرش ج فروش: چٹائی۔ فرش
وسیع میدان۔ غلہ کی پیدائش۔
چھوٹے چھوٹے درخت یا چھوٹی
لکڑیاں۔ اونٹوں کے بچے جھوٹ
فصل جب اس کے تین پتے ہو جائیں
بہت نباتات والی جگہ۔ ذبح کے
قابل گائیں یا بکریاں۔
فرشة: بچھونے کی حالت
ھو حسن الفرشة: وہ اچھی
شکل میں بچھا ہوا ہے۔
فرشة و فرشاة و فرشایة
جھاڑو۔
فراش: کیچڑ جو پانی کے خشک ہو
جانے کے بعد سطح زمین پر خشک ہو
جائے۔ شراب کی سطح کے بلبلے۔
زبان کے نیچے کی دو سبز رگیں۔ چکی
کا پیہ۔ تیتری۔ پپیہ کا طائر۔
فراش ج فرش و افرشة:
بستر۔ چٹائی۔ فرش۔ بیوی۔ خاوند۔
پرندہ کا گھونسلا۔
فراش: فرش فروخت کرنے والا
فراشة ج فراش: تیتری۔
پتلی ہڈی یا پتلا لوہا۔ تھوڑا پانی۔ ادھ بچھا

آدمی۔ کندھوں کے اٹھے ہوئے
کنارے۔ تالے کا کنڈا۔
فریش ج فرائش: سات دن
کی بیاہی ہوئی گھوڑی۔ تازہ جنے
ہوئی گھوڑی۔ بیل۔
مفرش ج مفارش: چٹائی۔
فرش۔ بستر۔
مفرشة ج مفارش: زین
پر بچھانے کا کپڑا
مفرش: بہت پھیلی ہوئی فصل۔
مفترش: بے کوہان (اونٹ)
فرشح فرشحة و فرشحی
ٹانگیں کھولنا۔ ڈھیلے پن سے ران
زمین پر لگا کر بیٹھنا۔ قریب قریب قدم
ڈال کر کودنا۔
فرشاح: وسیع میدان۔ بلند
وموٹی عورت۔ بے بارش بادل۔
چوڑا کھر۔
فرص ـِ فرصا: کاٹنا۔
چیرنا۔ چھیدنا۔ شانہ کے گوشت پر
مارنا۔
فرص فرصا و فرصا: شانہ
کے گوشت میں درد والا ہونا۔
فرص: سجانا (جوتی)
فارص فی: باری باری کرنا۔
افرص: موقع ملنا۔ فرصت ملنا
تفارص: باری باری استعمال
کرنا۔
افترص و استفرص: موقع
پانا۔
فرصة ج فرص: موقع۔ مناسب
وقت۔ باری۔

جَاءَتْ فُرْصَتُكَ مِن: تیری باری آگئی۔
اِنْتَهَزَ الفُرْصَةَ: موقعہ کو غنیمت جاننا۔
فَرِيْص: باری پر کام کرنے والا۔
فَرِيْصَة ج فَرَائِص: کندھے اور پسلیوں کے درمیان کا گوشت۔ شانہ کا گوشت۔ نوبت
— ج فَرِيص: شاہ رگ۔
اِرْتَعَدَتْ فَرِيْصَتُهُ او فَرَائِصُه: اس کے شانہ کا گوشت کانپنے لگا۔ (ڈر گیا)
ضَخْمُ الفَرِيصَة: بہت دلیر۔
مِفْرَص (ج مَفَارِص) و مِفْرَاص ج مَفَارِيْص: لوہے یا چاندی کے کاٹنے کا اوزار۔ چھینی۔

فِرْصِد و فِرْصَاد: انگور کا بیج۔
فِرْصَاد: ایک قسم کی سرخ گوند۔ شہتوت کا درخت یا پھل۔

فَرَضَ ـِ فَرْضًا و فَرَّضَ: چھیدنا۔ کاٹنا۔ اندازہ کرنا۔ معین کرنا۔
— و اَفْرَضَ و اِفْتَرَضَ علی: فرض کرنا۔ واجب ٹھہرانا۔
— و اَفْرَضَ ل: عطیہ دینا۔ پنشن دینا۔ وقت مقرر کرنا۔
فَرَضَ ـِ و فَرُضَ ـُ فُرُوضًا و فَرَاضَةً: بوڑھا ہونا (جانور) چوڑا ہونا۔
فَرُضَ ـُ فَرَاضَةً: فرضوں کا واقف ہونا۔
فَرَّضَ: واجب ٹھہرانا۔ سوراخ کرنا (لکڑی کو)
اِفْتَرَضَ: تنخواہ پانا (سپاہی) تباہ ہونا (قوم) فرض ہونا۔
فَرْض ج فِرَاض: کاٹ۔ کمان کی چلہ چڑھانے کی جگہ۔
فَرْض ج فُرُوض: شرعی قانون۔ فرض۔ سنت۔ سپاہی کی تنخواہ۔ اپنے پر فرض کی ہوئی چیز۔ مقررہ عطیہ۔ تنخواہ دار فوج۔
فُرْضِيٌّ: کاٹ
فُرْضَة ج فُرَض و فِرَاض: کمان کے سرے کی کاٹ۔ دیوار کا سوراخ بندرگاہ۔ دریا کے کنارے کا شگاف دوات کی سیاہی کی جگہ۔ دروازہ کی چوتھی۔ یعنی وہ لکڑی جس پر دروازہ گھومتا ہے۔
فِرَاض: دریا کا دہانہ۔ کپڑا۔
فَارِضٌ ج فُرَّضٌ (م) فَارِضَة ج فَارِضَات و فَوَارِض: اسم فاعل۔ بمعنے موٹا۔ پرانا۔
— و فَرِيْض و فَرَضِيٌّ: شریعت کا عارف۔
فَرِيضَة ج فَرَائِض: فرض۔ مقررہ صدقہ۔ مقررہ حصہ۔
عِلْمُ الفَرَائِض: علم میراث
اَصْحَابُ الفَرَائِض: وارث جن کے حصے قرآن میں مقرر ہیں۔
مِفْرَض و مِفْرَاض: چھینی۔ برما۔ کاٹنے کا آلہ۔
مَفْرُوض: فرض کردہ۔ کٹا ہوا۔ بخشا ہوا۔ مقرر کردہ۔

فَرَطَ ـُ فُرُوطًا: آگے ہونا۔ پہلے جانا۔
— ـِ فَرْطًا و فَرَاطَةً: پہلے جانا۔
— ـُ فَرْطًا فی و فَرَّطَ فی: کوتاہی کرنا۔ کمی کرنا۔
فَرَطَ عَلَيْهِ فی القَوْل: وہ اس سے پہلے بولا۔
فَرَطَ مِن: بے سوچے نکلنا (لفظ) بے سوچے ہونا (کام)
— منه شَيْءٌ: اس سے چیز جاتی رہی۔
— فُلَانًا: وہ فلاں پر غالب آیا۔
— و فَرَّطَ الی و اَفْرَطَ: پیغامبر بھیجنا۔
فَرَطَ علی فُلَانٍ: فلاں کو ایذا دینا
فَرَطَ و اُفْتُرِطَ وَلَدًا: چھوٹا بچہ کھونا۔
فَرَّطَ: حد سے زیادہ تعریف یا ہجو کرنا۔ چھوڑ دینا۔ سبقت لے جانا۔ ضایع کرنا۔ بکھیرنا۔
— عن: ہٹانا۔
فَارَطَ مُفَارَطَةً و فِرَاطًا: سبقت لے جانا۔ پالینا۔
اَفْرَطَ ب: جلدی کرنا۔
— بِيَدِهِ الی سَيْفِهِ: جلدی سے اس نے تلوار کھینچی۔
— فی: حد سے تجاوز کرنا۔
—: لبریز کرنا (برتن) بھول جانا۔ چھوڑ دینا۔
— علی: طاقت سے زیادہ بوجھ ڈالنا۔

تَفَرَّطَ : بڑھ جانا (گھوڑے کا
دوسروں سے)
— الشَّيْءُ : چیز کا وقت جاتے رہنا
تَفَارَطَ : تیزی میں مقابلہ کرنا۔ جلدی
کرنا۔ وقت کے پیچھے آنا۔ آگے
بڑھنا۔ ایک دوسرے سے پیش دستی
کرنا۔ (قوم) اچانک دبا لینا (غم کا)
اِنْفَرَطَ : حل ہونا۔
اِفْتَرَطَ وَلَدًا : اس کا چھوٹا بچہ
مرگیا۔
لَا يُفْتَرَطُ اِحْسَانُهُ : اس کا احسان
منقطع نہ ہوگا۔
فَرْطٌ : زیادتی۔ مبالغہ۔ حد سے
تجاوز۔ غفلت۔ عرصہ۔ راستہ کا
نشان۔ ٹیلے یا چھوٹے پہاڑ کی چوٹی۔
اِيَّاكَ وَالفَرْطَ فِي : خبردار!
حد سے گذرنے سے بچ۔
آتَيْتُهُ فَرْطًا : میں اُس کے
پاس وقت کے بعد گیا۔
آتَيْتُهُ فَرْطَ يَوْمٍ : میں اس کے
پاس ایک دن کے بعد گیا۔
فُرُطٌ : پہاڑ کا دامن۔
اَفْرَاطُ الصَّبَاحِ : صبح کی پہلی
شعاعیں۔
فَرَطٌ : (واحد و جمع) پہلے پہونچنے
والا۔ پہلا پہونچا ہوا اجر۔ جلد بازی
وہ کام جس میں کمی کی جائے۔
فُرُطٌ : زیادتی۔ ناانصافی۔ دوسروں
پر سبقت لے جانیوالا گھوڑا۔
اسراف۔
اَمْرٌ فُرُطٌ : چھوڑا ہوا (کام)
فَرَطَةٌ و فُرْطَةٌ : دوڑ میں سبقت

فُرْطَةٌ فِي البِلَادِ : ملک میں سفر
الفُرَاطَةُ والفِرَاطُ : پانی جو
چند قبیلوں کا مشترکہ ہو۔ اور پہلے پہنچنے
والے کو ملجاتے۔
بِئْرٌ فُرَاطَةٌ : مشترکہ کنواں۔
فَارِطٌ ج فُرَّاطٌ : پہلے پہونچنے
والا۔ گم شدہ۔ جلدی سے نکلا ہوا
(لفظ)
فِرِّيطٌ : فضول خرچ۔
مُفْرِطٌ : حد سے تجاوز کرنے والا۔
مُفْرَطٌ : ترک کیا ہوا۔ لبریز۔
مَفَارِطُ البِلَادِ : ملک کے اطراف
فَرْطَحَ : چوڑا کرنا۔
رَأْسٌ فِرْطَاحٌ و مُفَرْطَحٌ :
چوڑا سر۔
فَرْطُونَةٌ : طوفان۔
فَرْطَسَ الخِنْزِيرُ : سُور نے ناک
لمبی کی۔
فُرْطُوسَةٌ او فِرْطِيسَةٌ ج
فَرَاطِيسُ : سُور کی ناک۔
فِرْطَاسٌ : چوڑا۔
فَرَعَ - فَرْعًا : چڑھنا (پہاڑ
پر) اُترنا (وادی سے) گھومنا۔
(زمین میں)
— فَرْعًا و فُرُوعًا : شرف
یا خوبصورتی میں فوقیت لے جانا (قوم)
— الفَرَسَ : گھوڑے کو لگام
کھینچکر ٹھہرانا۔
— رَأْسَهُ بِالعَصَا : سر پر لاٹھی
مارنا۔
— بَيْنَ : روک بننا۔ صلح کرانا۔
هٰذَا اَوَّلُ صَيْدٍ فَرَعَهُ :

یہ پہلا شکار ہے جس کا اس نے
خون گرایا ہے۔
فَرِعَ - فَرَعًا : بہت بالوں والا
ہونا۔
فَرَّعَ فِي : چڑھنا (پہاڑ پر)
— مِنْ : اترنا۔
— بَيْنَ : تفریق کرنا۔
— المَسَائِلَ مِنْ هٰذَا الاَصْلِ
اس نے اصل سے نتائج اور فروع
نکالے۔
اَفْرَعَ مِنَ الجَبَلِ : پہاڑ سے اُترنا
— ب : کسی کے مکان پر اُترنا۔
— : حفاظت کرنا۔ زخمی کرنا (لگام کا
گھوڑے کے منہ کو) حملہ کرنا (درندہ کا
ریوڑ پر) دریافت کرنا (ملک)
— وَاسْتَفْرَعَ : شروع کرنا۔
(کام)
اَفْرَعَ الشَّيْءُ : چیز کا بلند اور
لمبا ہونا۔
اَفْرَعَتِ الاِبِلُ : اونٹنیوں نے
پہلے بچے دیئے۔
تَفَرَّعَ : بہت ہونا (شاخیں) نکلنا
(مسائل کا اصول سے)
تَفَرَّعَ : گالی دینا (قوم کو) فوقیت
لے جانا۔ بلند ہونا (چیز پر)
اِفْتَرَعَ البِكْرَ : بکر زائل کرنا۔
فَرْعٌ ج فُرُوعٌ : چوٹی۔ اُوپر کا حصہ
شاخ۔ کونپل۔ عورت کے بال (اصل
کی فرع۔
فَرْعُ القَوْمِ : قوم کے سردار۔
فَرْعٌ ج فِرَاعٌ : نالا۔ پانی
بہنے کی جگہ۔

فَرَع ج فُرُوع: اُونٹ و بکری کا پہلا بچہ۔ تقسیم۔ جوئیں

فَرْعَة ج فِرَاع: پہاڑ کی چوٹی۔ راستہ کی بلندی۔

فَرَعَة و فَرْعَة: جوتی کا اوپر کا چمڑا۔

فَرَّاعَة: کلہاڑا۔

فَارِع: بلند (پہاڑ)

فَارِعَة ج فَوَارِع: مؤنث فَارِع۔ پہاڑ کی چوٹی۔ راستہ کی بلندی۔

اَفْرَع (م) فَرْعَاء ج فُرْع و فُرْعَان: گنجان بالوں والا۔

مِفْرَع ج مَفَارِع: صلح کرانے والا۔

مُفْرِع الكَتِف: چوڑے شانوں والا۔

فَرْعَن: ظالم ہونا۔ مغرور ہونا۔

تَفَرْعَن: لمبی اور مضبوط ہونا۔ (نباتات)

فِرْعَوْن ج فَرَاعِنَة: مصر کے قدیمی بادشاہوں کا لقب۔ مغرور۔ بد اعتقاد۔ ظالم۔ مگرمچھ۔

فَرَغ ـُـ و فَرِغ فُرُوغًا و فَرَاغًا: خالی ہونا۔

—— مِنْ: بے کار ہونا۔ فارغ ہونا۔ ختم کرنا۔

—— ل و اِلٰی: ارادہ و قصد کرنا

—— فُرُوغًا: مرنا۔

فَرَغ دَمُهُ: اس کا خون رائگان گیا۔

—— فَرْغًا عليه الماءَ: اس نے اُس پر پانی گرایا۔

فَرِغ ـَـ فَرَاغًا: گرنا (پانی)

فَرُغ ـُـ فَرَاغَةً: آہستہ چلنا (جانور) فکرمند ہونا۔ گھبرانا۔

—— عَلَيْهِ الضَّرْبَة: زخم کا چوڑا ہونا۔

فَرَّغ: خالی کرنا۔ ڈالنا۔ (پانی) گرانا (خون)

اَفْرَغ: گرانا (پانی یا خون) سانچہ میں ڈھالنا (دھات)

اَفْرَغ علی: ڈالنا۔

—— علی فُلَانٍ الصَّبْرَ: صبر دینا

تَفَرَّغ: کام سے فارغ ہونا۔

—— ل: پوری کوشش صرف کرنا۔

اِفْتَرَغ: اپنے اوپر ڈالنا (پانی)

اِسْتَفْرَغ: قے کرنا۔ خالی کرنا۔ (برتن) گرانا (پانی)

—— جُهْدَهُ و مَجْهُودَهُ ل: اس نے اس کے لئے اپنی پوری طاقت خرچ کر دی۔

فِرَاغ ج اَفْرِغَة: بڑا برتن۔ ڈول یا مٹکے کا کنارہ جس سے پانی گرایا جاتا ہے۔ جانور کے ایک طرف کا بوجھ۔ چوڑا پھل (نیزہ وغیرہ کا) وسیع القدم جانور۔

فَرْغ ج فُرُوغ: قحط زدہ زمین۔ برتن کا کنارہ جس سے پانی گرایا جاتا ہے

طَعْنَة ذَاتُ فَرْغ: نیزے کا چوڑا زخم۔

فِرْغ و فَرَاغ: خالی وقت۔ فرصت۔

بَيْتُ الفَرَاغ: ٹٹی۔

ذَهَبَ دَمُهُ فَرْغًا و فِرْغًا: اس کا خون رائگان گیا۔

فَرِيغ ج فِرَاغ: چوڑا۔ میدان۔ وسیع قدم گھوڑا۔ چوڑا (راستہ) تیز (چھری یا زبان)

فَرِيغَة: (مؤنث فریغ) بڑی مشک۔ چوڑا زخم۔

فَرِغ و فَارِغ ج فُرَّاغ: خالی۔ بے کار۔

اَفْرَغ (م) فَرْغَاء: خالی۔

طَعْنَة فَرْغَاء: نیزے کا چوڑا زخم۔

فَرْغَان: چوڑا برتن۔

فَرَسٌ مُسْتَفْرِغ: تیز دوڑنے والا گھوڑا۔

مُفْرِغ: دھات ڈھالنے والا۔

مُفَرَّغ و مُفْرَغ: پگھلی ہوئی (دھات)

الآلَة المُفَرِّغَة: پانی کی مشین

فَرْفَخ: نرم زمین۔

فَرْفَرَ فَرْفَرَة: پر پھڑپھڑانا۔ (پرندہ) غیر مستقل مزاج ہونا۔ چھوٹے چھوٹے قدموں سے تیز چلنا۔ کوٹے سے نکلنا (پروانہ) کاٹنا۔ توڑنا۔ کچلنا۔ لگام کو چبانا۔ سر ہلانا (گھوڑا) جنبش دینا۔ غیبت کرنا۔ ہتک عزت کرنا۔

فَرْفَرَ فی الکلام: بہت مخلوط کلام کرنا۔

فِرْفِر و فُرْفُر: چڑیا۔ نوجوان شیر جو اپنے ہمسر کو پھاڑ دے۔

—— و فُرَافِر و فُرْفُور: لیلا جنگلی گائے کا بچھڑا۔ بیوقوف آدمی۔

فُرْفُور ج فَرَافِير: تیتری - پروانہ۔
فَرْفُوری: چینی کا برتن۔
فَرْنَاس (م) فَرْنَاسَة: غیر مستقل مزاج۔ شیر۔ ایک درخت ہے جس کی لکڑی کو آگ کم جلاتی ہے۔ اور اس سے پیالے بناتے ہیں۔
فِرْنَاس: شیر۔
فَرْفِير: ارغوانی۔
فَرَقَ ـُ فَرْقًا و فُرْقَانًا جدا جدا کرنا۔ تمیز کرنا۔ فیصلہ کرنا۔ صاف بیان کرنا۔ پھاڑنا۔ (سمندر کو)
فَرَقَ بَیْنَ: جدا کرنا۔ فیصلہ کرنا۔
ــ فَرْقًا: مانگ نکالنا۔ (بالوں کی)
فَرَقَ الطائرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا
فَرَقَ ـُ فُرُوقًا: سڑک نکلنا (دوسری سڑک سے)
ــ لِفُلَانٍ: صاف ہونا۔ واضح ہونا (راستہ)
ــ الامْرُ: واضح ہونا معاملہ۔
ــ وَاَفْرَقَ: بچے کی پیدائش کے بعد یخنی دینا (عورت کو)
فَرَقَت النَّاقَة: دردِ زہ والی ہونا (اونٹنی)
فَرِقَ ـَ فَرَقًا: ڈرنا۔ گھبرانا۔ موج میں داخل ہونا۔
فَرَّقَ تَفْرِیقًا و تَفْرِقَةً: تقسیم کرنا۔ حصوں میں دینا۔ بے ترتیب کرنا۔ خوف دلانا۔ بولنا (الفاظ)
فَارَقَ مُفَارَقَةً و فِرَاقًا چھوڑ دینا۔ جدا ہو جانا۔ تازہ مرا ہوا ہونا۔

اَفْرَقَ من: افاقہ پانا (بیماری سے)
ــ: ڈرانا۔ آزاد چرنے دینا۔ (اونٹ کو) غفلت کرنا (ریوڑ سے) بیٹ کرنا (پرندہ) بیٹ کرانا (پرندہ کو)
تَفَرَّقَ تَفَرُّقًا و تِفِرَّاقًا: بکھرنا۔
اِنْفَرَقَ و تَفَارَقَ و اِفْتَرَقَ: بکھرنا۔ جدا ہونا۔
اِنْفَرَقَ لہ الطریق: اس کے لئے راستہ واضح ہو گیا۔
فَرْقٌ: جدائی۔ اختلاف۔ بالوں کی مانگ۔ السی۔ مرغ کی کلغی۔
فَرْق ج فُرُوق: مترادف۔
فَرْق (ج فُرْقَان) و فَرَق ج اَفْرَاق: اہل مدینہ کا ایک پیمانہ ہے جو ۱۶ پونڈ کے قریب ہوتا ہے۔
فَرَق: بالوں یا ڈاڑھی کی مانگ۔ دانتوں کا فاصلہ۔ ڈر۔
فَرَق (بجائے فَلَق) و فُرْقَان: صبح کی پہلی شعاع۔
فِرْق: ریوڑ۔ حصہ۔ لڑکوں کی جماعت۔ پہاڑ۔ موج۔
فُرْق و فُرْقَان: حق اور باطل کے درمیان تمیز کا ذریعہ۔ قرآن مجید۔ دلیل۔ مدد۔ صبح۔ سحری
یَوْمُ الفرقان: یوم بدر۔ جنگ بدر کا دن۔
فُرْقَان و فُرْقٌ: تورات۔ قرآن مجید۔ ایک پیمانہ۔
فِرْقَة ج فِرَق: گروہ۔ جماعت فوجی دستہ۔
فُرْقَة و فَرَاق و فِرَاق و اِفْتِرَاق و مُفَارَقَة: جدائی۔
فَرُوق (م) فَرُوقَة: بہت گھبرانے والا۔ بڑا ڈرپوک۔ کمزور دل۔
فَارُوقَة و فَرُوقَة و فَرُّوقَة (مذکر و مؤنث) بزدل۔
تَفْرِیق و تَفْرِقَة: تقسیم۔
فَرِیق ج اَفْرِقَاء و اَفْرِقَة و فُرُوق: ریوڑ۔ گروہ۔ جماعت۔ جرنیل۔
فَرِیقُ الخَیل: گھوڑوں سے آگے چلنے والا۔
فَرِیقَة: بکریوں کا ریوڑ۔ ایک قسم کا کھانا جو نفاس والی کے لئے بنایا جاتا ہے۔
اَفْرَق (م) فَرْقَاء ج فُرْق: داڑھی یا بالوں کی مانگ والا۔ جدا جدا دانتوں والا۔ سفید مرغ۔ مینڈھا جس کے سینگوں میں زیادہ فاصلہ ہو
فَارِق ج فُرَّاق: جدا کرنے والا۔ تنہا بادل۔ دردِ زہ والی اونٹنی حق و باطل میں فرق کرنے والی چیز
ــ (ج فُرَّق) و فُرُق ج فَوَارِق: دردِ زہ والی (اونٹنی)
الفَارُوق: حضرت عمر بن خطاب کا لقب۔ امور میں فیصلہ کرنیوالا۔
ضَمَّ تَفَارِیقَ مَتَاعِہ: اس نے اپنے بکھرے ہوئے سامان کو اکٹھا کیا۔
اَخَذَ حَقَّہُ بِالتَّفَارِیق: اس نے اپنا حق تھوڑا تھوڑا کر کے لیا۔
مَفْرِق ج مَفَارِق: راستہ

کی وُہ جگہ جہاں سے اور راستے نکلیں۔ بالوں کی مانگ

اَلفَرْقَدُ (مث) اَلفَرْقَدَانِ ج اَلفَرَاقِدُ : قطب شمالی کے نزدیک دو ستارے ہیں۔ سخت میدان

فَرْقَعَ : تیز دوڑنا۔ پادنا۔

—— الاصابعَ : انگلیاں چٹخانا۔

تَفَرْقَعَ : انگلیوں کا چٹخنا۔

اِفْرَنْقَعَ عن : دُور ہونا۔

اِفْرَنْقَعُوْا مُشْمَعِلِّیْنَ : وُہ جلدی پراگندہ ہوگئے۔

فِرْقِلَّةٌ : رسیوں کا چابک۔

فَرَكَ ـُ فَرْكًا وفَرَّكَ : ملنا (کپڑا یا خوشہ)

—— عن : کھرچنا۔

فَرَكَ وفَرِكَ ـَ فِرْكًا و فُرُوكًا وفِرِكَّانًا : ناپسند کرنا۔

فَرِكَ ـَ فَرَكًا : ڈھیلا ہونا۔ (کان)

فَارَكَ : چھوڑنا۔

فَرَّكَ : ملنے میں مبالغہ کرنا۔

اَفْرَكَ : آسانی سے چھلکا اُترنے کے قابل ہونا (چھلکا)

تَفَرَّكَ : گفتگو میں ہکلانا۔ ٹھوکر کھانا۔ گفتگو میں غلطی کرنا۔

—— وانْفَرَكَ : ملا جانا (انگلیوں میں) چھلکا اُترنا (خوشہ کا)

اِسْتَفْرَكَ : سخت اور موٹا ہونا (دانہ خوشہ میں)

فِرْكٌ : نفرت۔ خاوند بیوی کی نفرت۔

فَرِكٌ : آسانی سے چھلکا اُترنیوالا (اخروٹ)

فَرِكَةٌ وفَرْكَاءُ : ڈھیلا (کان)

فَارِكٌ و فَرُوكٌ : اپنے خاوند سے نفرت کرنے والی۔

فَرِيْكٌ : گھی سے پکائی ہوئی گندم۔

—— م فَرِيْكَةٌ : آسانی سے چھلکا اُتارا ہوا (دانہ)

مِفْرَكٌ ج مَفَارِكُ : بیخکش

مَفْرُوكٌ : گاڑھا رنگا ہوا (کپڑا)

اَفْرَمَ : بھرنا (برتن)

اَفْرَمُ : شکستہ دانتوں والا۔ دانت گرانے والا (بچہ) بے دانت۔

فَرَمَانٌ ج فَرَامِيْنُ : شاہی حکم

فُرْنٌ ج اَفْرَانٌ : تنور۔

فَرَّانٌ : نانبائی۔ تنور کا مالک۔

فُرْنِيٌّ : گول روٹی۔ نانبائی۔

فَارِنَةٌ : روٹی پکانے والی۔

فِرْنِبٌ : چوہا۔

فِرِنْدٌ ج فِرَانِدُ : انار کے دانے۔ عمدہ جوہروں اور نقش و نگار والی تلوار۔ گلاب کا سُرخ پھول ریشمی کپڑا۔

سَيْفٌ فِرِنْدٌ : بے مثل تلوار۔

اِفْرَنْدٌ ج اِفْرِنْدَاتٌ : تلوار کا جوہر۔ تلوار کا نقش و نگار۔

فِرْنَاسٌ ج فَرَانِسَةٌ : دلیر۔ بہادر۔ گاؤں کا نمبردار۔

فَرْنَسَةُ المَرْاَةِ : بیوی کا گھر کا اچھا انتظام۔

فَرَنْسَاءُ : فرانس کا ملک۔

تَفَرْنَقَ : برابر ہونا۔ خراب ہونا کھڑا ہونا۔ (اُونٹ کا کان)

فَرَانِقُ : فوج کا رہبر۔ پیغامبر۔ گیدڑ

فَرِهَ ـَ فَرَهًا : خوش ہونا۔ اکڑباز ہونا۔

فَرُهَ ـُ فَرَاهَةً و فَرَاهِيَةً و فُرُوهَةً : ماہر ہونا۔ دانا ہونا۔ چست و چالاک و سبک ہونا۔

اَفْرَهَ : چست و چالاک غلام لینا۔ خوبصورت بچے جننا (عورت)

اِسْتَفْرَهَ : اچھے تلاش کرنا (گھوڑے)

فَرِهٌ (ج فَرِهُوْنَ) (م) فَرِهَةٌ و فَارِهٌ (م) فَارِهَةٌ و اَفْرَهُ (م) فَرْهَاءُ ج فُرْهٌ : ہوشیار۔ ماہر۔ چست و چالاک۔ خوش (آدمی)

فَارِهٌ ج فُرَّهٌ و فُرَّهَةٌ و فُرْهٌ و فُرْهَةٌ : تیز (گدھا خچر) خوبصورت (لڑکا۔ لڑکی)

فَرَاهَةٌ و فَرَاهِيَةٌ و فُرُوهَةٌ خوشی۔ مہارت۔ خوبصورتی۔ ہوشیاری۔

فَرْهَدَ : موٹا ہونا (لڑکا) تنگ ہونا (دل)

فِرْهَدٌ : حیران کرنا۔ تھکانا۔

فُرْهُدٌ و فَرْهَدٌ و فُرْهُوْدٌ : موٹا۔ نوجوان (لڑکا)

فُرْهُوْدٌ ج فَرَاهِيْدُ : پہاڑی بلیلا۔

فَرَّى : سمور لگانا (جبہ پر)

اِفْتَرَى : سمور پہننا۔

فَرْوٌ و فَرْوَةٌ ج فِرَاءٌ : پوستین سمور والا کپڑا۔

فَرْوَةٌ : سر کی کھال۔ اُونٹ کے

بالوں کا کمبل - بادشاہ کا تاج - کثرت عورت کے سر کا زیور -

اَبُو فَرْوَة : ناریل -

فَرْدِیَّة : سمور -

فَرَّاء : پوستین بنانے والا -

مُفَرَّاة : سمور والا جبہ -

فَرُوَ فَرْوَزَةً : مرنا -

فَرَی ـِ فَرْیًا علی : افترا کرنا جھوٹ باندھنا -

ــــ : چلنا - (ملک میں) چمکنا (بجلی) اٹھانا (مشک)

فَرَی الفَرِیَّ : اس نے عجیب کام کیا -

ــــ و فَرَّی و اَفْرَی : چیرنا - کاٹنا

فَرِیَ ـَ فَرًی : حیران ہونا -

اَفْرَی : الزام لگانا - مرمت کرنا - کاٹنا - پھاڑنا -

تَفَرَّی و اِنْفَرَی : پھٹنا - چرنا (کپڑا) پھوٹنا (چشمہ)

اِفْتَرَی علی : جھوٹ باندھنا -

ــــ ب و علی : الزام لگانا -

فَرْیَة : شور - گھبراہٹ - ایک جھوٹ -

فِرْیَة ج فِرًی : جھوٹ - دروغ بافی -

فَرِیّ (م) فَرِیَّة : عجیب بات - مشہور بات - پھٹا ہوا - بناوٹی بات - بڑا ڈول

لَقَدْ جِئْتِ شَیْئًا فَرِیًّا : تو نے حیران کن (تعجب انگیز) کام کیا ہے -

یَفْرِی الفَرِیَّ : وہ آدمی عجیب کام کرتا ہے -

فَزَّ ـِ فَزًّا : اکیلا ہونا - الگ ہونا

کودنا - ڈرنا (ہرن) فریب دینا - غالب آنا -

ــــ عن : ڈرا کر ہٹانا -

ــــ ـِ فَزِیْزًا : جاری ہونا (زخم) پھوٹ نکلنا - (پسینہ - پانی)

ــــ ـِ فَزَازَةً و فُزُوْزَةً : اضطراب کرنا - ڈرنا - کودنا

اَفَزَّ و اِسْتَفَزَّ : ڈرانا - قلق و اضطراب میں ڈالنا - بے قرار و بے آرام کرنا -

تَفَازَّ : ایک دوسرے سے لڑنا -

اِسْتَفَزَّ : بے آرام کرنا - قلق میں ڈالنا گھر سے نکال دینا - قتل کرنا - سبک گردانا (ڈر) کم ظرف بنانا -

فَزٌّ ج اَفْزَاز : جنگلی گائے کا بچھڑا - ڈرپوک - سبک آدمی -

فَزَّة : چھلانگ جو ڈر سے لگائی جائے

قَعَدَ مُسْتَفِزًّا : وہ بے اطمینانی کی حالت میں بیٹھا -

فَزَرَ ـُ فَزْرًا : چیرنا - پھاڑنا - (کپڑا) توڑنا -

ــــ ب : پیٹھ پر مارنا - (ڈنڈا سے)

فَزَرَ و فَزَّرَ : پھاڑنا (مشک) پیٹ پھاڑنا (جانور کا)

ــــ ـُ و فُزُوْرًا : پھٹنا -

فَزِرَ ـَ فَزَرًا : پیٹھ یا چھاتی میں کبڑاپن ہونا -

فَزَّرَ و اَفْزَرَ : چورہ چورہ کرنا -

تَفَزَّرَ و اِنْفَزَرَ : پھٹنا - ٹوٹنا - بوسیدہ ہونا - (کپڑا)

فِزْر : بکریوں کا چھوٹا ریوڑ - لیلا جڑھ - منبع - اصل شیر ببر کا بچہ

فِزْر : شگاف - دراڑ - پھٹ -

فُزْرَة ج فُزَر : کوزہ پشتی - سینہ کا ابھار - چوڑا راستہ -

اَفْزَر (م) فَزْرَاء ج فُزْر : کبڑی چھاتی یا پیٹھ والا -

فَازِر : چوڑا لمبا راستہ - سیاہی مائل چیونٹی -

فَازِرَة : مؤنث فَازِر - ریت کا لمبا راستہ -

فَزَارَة : چیتا کی مادہ -

فَزْرَاء : مؤنث اَفْزَر : موٹی تازی یا قریب البلوغ (لونڈی)

فَزَعَ ـَ فَزَعًا و فَزْعًا و فِزْعًا - فَزِعَ ـَ فَزَعًا من : ڈرنا - خوف کھانا -

فَزِعَ الی و من : پناہ لینا - فریاد چاہنا -

ــــ و اَفْزَعَ : مدد کرنا -

ــــ من النَّوْم : وہ نیند سے جاگا -

فَزَعَ علی : حملہ کرنا - کودنا -

فَزَّعَ و اَفْزَعَ : ڈرانا -

فُزِعَ عن فُلَان : فلاں کا ڈر جاتا رہا

اَفْزَعَ من النَّوْم : نیند سے جگانا

ــــ من فُلَانٍ : ڈر دور کرنا -

اَفْزَعَ القَوْمَ : قوم کو مدد دینا

فَزَّعَ : ڈرانا -

ــــ عن : خوف دور کرنا -

فَزَع ج اَفْزَاع : ڈر - خوف - مصیبت کے وقت کی مدد -

فُزْعَة : وہ آدمی جس سے دوسرے ڈریں -

فُزَعَة و فَزِیْع : بہت ڈرپوک -

فَازِع (ج فَزَعَة) و فَزِع و مُفَازِع : ڈرنے والا - بزدل -

فزاعة : ڈرپوک - بہت ڈرانیوالا ڈراوا -
مَفْزَع و مَفْزَعَة : جائے پناہ -
مُفَزَّع : بہادر - ڈرپوک
فَسّ : سُرخ ترکی ٹوپی -
فَسْفَس و فَسْفَاس ج فَسَافِس کھٹمل
فَسَأَ - فَسْأً و فَسَأً تَفْسِئَةً و تَفْسِيئًا : پھاڑنا (کپڑا)
فَسَأَ و تَفَسَّأَ : پیٹھ پر مارنا (ڈنڈا سے)
فَسَأَ عن : منع کرنا - ہٹانا -
فَسِئَ - فَسَأً : اُبھری ہوئی چھاتی والا ہونا -
تَفَسَّأَ : پھٹنا (کپڑا)
— فی د بیّن : پھیلنا (بیماری)
اَفْسَأ : اُبھری ہوئی چھاتی اور دبی ہوئی پیٹھ والا ہونا -
فُسْتُق و فُسْتَق و فِسْتُق : پستہ کا درخت یا پھل -
فُسْتُقِیّ : پستہ کے رنگ والا -
فُسْتُقِیَّة : مزین ٹونٹی والا برتن
فُسْتَان ج فَسَاتِین و فُسْطَان عورت کا لباس - یا پیٹی کوٹ -
فَسَّج : پیشاب کرنے کے لئے ٹانگیں کشادہ کرنا -
اَفْسَج عَنِّی : اس نے مجھے چھوڑ دیا
فَسَح - فَسْحًا : لمبے قدم چلنا
— لہ فی السَّفَر : راہداری دینا یا سپورٹ دینا
— و فَسَّح و اَفْسَح و تَفَسَّح لہ فی المجلس : اس نے مجلس میں اس کے لئے جگہ کشادہ کی -

فَسُح - فَسَاحَةً و اَفْسَح : کشادہ ہونا (مکان)
فَسَّح : وسیع کرنا (مکان)
فَسَّح ل : بمعنے فَسَح
تَفَسَّح و انْفَسَح : وسیع ہونا -
تَفَسَّح و تَفَاسَح فی : مکان میں آرام کرنا -
تَفَاسَح : کھلنا (مجلس میں)
فَسْح : راہداری -
فُسُح و فُسُحُم : چوڑی چھاتی والا
فُسْحَة ج فُسَح : کھلی جگہ - چوک رخصت کا دن - فرصت -
— و فَسَاحَة : وسیع گنجائش -
فَسِیح و فُسَاح و فُسُح و فُسُحُم : چوڑا مکان -
فَیْسَحِی : قدموں کی چوڑائی -
فَسَخ - فَسْخًا و فَسَّخ : پھاڑنا - جدا جدا کرنا - منسوخ کرنا (قانون کو) چھوڑنا (سودا کو) خراب کرنا (رائے کو) جگہ سے ہٹانا (لکڑی)
فَسَخ - فَسْخًا : کمزور عقل یا جسم ہونا -
— و فَسِخ - فَسَخًا : خراب ہونا - (رائے)
فَاسَخ و تَفَاسَخ : اتفاق سے منسوخ کرنا - (بیع کو)
اَفْسَخ : بھولنا (کتاب کو)
تَفَسَّخ : کٹ جانا - جدا جدا ہونا - اترنا بالوں کا جسم سے) دراڑوں والا ہونا -
اِنْفَسَخ : بے ترتیب ہونا - خراب ہونا - ٹوٹ جانا (بیع کا)
فَسْخ و فَسْخَة : جسم یا عقل میں کمزوری والا -

فَسْخَة : ایک بار کی منسوخی - حصہ - ٹکڑا -
فَسِیخ : اپنے کام کا انتظام نہ کر سکنے والا - خشک کی ہوئی چھوٹی مچھلیاں -
فَاسِخ : منسوخ کرنے والا - جدا کرنے والا - منسوخ -
فَسَد ـُـ و فَسُد ـُـ فَسَادًا و فُسُودًا : خراب ہونا - شریر ہونا - بے ترتیب ہونا -
فَسَّد و اَفْسَد : خراب کرنا
فَاسَد - ہ ھَطَہٗ : اس نے اپنے گروہ سے بدسلوکی کی -
اَفْسَد علی : برخلاف اُٹھانا (ملک کو)
— بَیْن : مخالفت ڈالنا -
اَفْسَد و اسْتَفْسَد فی : شرارت یا فساد ڈالنا -
تَفَاسَد : آپس میں مخالف ہونا -
اِنْفَسَد : بدلنا - خراب ہونا -
اِسْتَفْسَد : بدسلوکی کرنا - فساد چاہنا -
فَسَاد : کھیل کود - شرارت - خرابی - فساد - ظلم سے مال لینا - جھگڑا - نقصان
فَاسِد و فَسِیْد ج فَسْدَی : خراب - شریر - نکما -
مَفْسَدَة ج مَفَاسِد : فساد کی وجہ یا جڑھ -
فَسَر ـِـ فَسْرًا و فَسَّر : بیان کرنا واضح کرنا - ننگا کرنا -
فَسَر ـِـ فَسْرًا و تَفْسِرَةً : بیمار کا پیشاب دیکھنا (حکیم)
فَسَّر : کھول کر بیان کرنا -
تَفَسَّر و اسْتَفْسَر عن : وضاحت

چاہنا۔ تفصیل پوچھنا۔
تَفْسِیر ج تَفَاسِیر: تاویل۔ بیان۔ توضیح۔ شرح۔
تَفْسِرَۃ: بیمار کا پیشاب۔ ہر چیز جو دوسری پر دلالت کرے۔

فُسَّاط و فُسْطَاط ج فَسَاطِیط: بالوں کا خیمہ۔
فُسْطَاط ج فَسَاطِیط: کیمپ۔ شہر۔ قوم کی مجلس کی جگہ۔ پرانے مصر کا نام۔
فَسِیْطٌ: ناخنوں کی تراش۔

فُسْتَان: عورت کا لباس پیٹی کوٹ۔

فَسْفَسٌ و فَسْفَاسٌ ج فَسَافِسُ و فَسَافِیْسُ: ایک بدبو دار گھاس ہے احمق۔
فُسَیْفِسَاءُ و فُسَیْفِسَۃ: پچی کاری سنگ مرمر وغیرہ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جو خوبصورتی کے لئے آپس میں ملائے جاتے ہیں۔
فُسَافِسُ: مچھر۔

فَسَقَ ــِـ و فَسُقَ ــُـ فِسْقًا و فُسُوقًا: انصاف چھوڑنا۔ بدکار ہونا خدا کے احکام کو توڑنا۔
ــــ و انْفَسَقَ: چھلکے سے نکلنا (پکی کھجور)
فَسَّقَ: فاسق کہنا۔ خراب کرنا۔
فِسْق و فُسُوق: نافرمانی۔ بدکاری کی زندگی۔
فِسْقِیَۃ ج فِسْقِیَات: حوض۔ فوارہ۔ وضو کرنے کی جگہ۔
فَاسِق ج فَسَقَۃ و فُسَّاق و فَاسِقُون: بدکار۔ نافرمان۔ گنہگار۔
فُسَق و فَسَّاق و فِسِّیْق: بدمعاش شریر۔ بڑا بدکار۔
یَا فَسَاقِ: او بدکار عورت۔
فَاسِقِیَّۃ: پگڑی پہننے کا طریقہ
فُوَیْسِقَۃ: تصغیر فاسقہ: چوہیا

فَسْكَل: حقیر جاننا۔
فِسْكِل: گھوڑ دوڑ میں اخیری گھوڑا۔ کمینہ۔ بُرا

فَسِلَ ــَـ و فَسُلَ ــُـ فَسَالَۃً و فُسُولَۃً و فُسِلَ: برا ہونا۔ کمینہ یا ادنی ہونا۔
فَسَلَ ــُـ فَسْلًا: دودھ چھوڑانا۔ (بچہ کا)
فَسَّلَ و اَفْسَلَ: کھوٹا بنانا (روپیہ) کھوٹا ظاہر کرنا (سکہ)
اَفْسَلَ: کھجور کے پودے کو اکھیڑ کر دوسری جگہ لگانا۔
اِفْتَسَلَ: بمعنے اَفْسَلَ
فُسَالَۃ: لوہے چون۔ کوڑا کرکٹ۔ لوہا جو کوٹتے وقت گرے۔
فَسْل ج فُسَلَاء و اَفْسُل و فُسُول و فُسُولَۃ و فِسَال و فُسْل: کمینہ۔ کھوٹا (سکہ) دوسری جگہ لگانے کے لئے انگور کی قلمیں۔ ہر ردی چیز۔
فِسْل: بے وقوف۔
فَسِیْلَۃ ج فَسِیْل و فَسَائِل و جج فُسْلَان: کھجور کی شاخ جو جڑھ سے پھوٹتی ہے۔ اور اکھیڑ کر دوسری جگہ لگائی جاتی ہے۔ درخت کی قلم۔
مَفْسُوْلٌ: رذیل۔ کمینہ بے مروت

فَسَا ــُـ فَسْوًا و فُسَاءً: پھسکی نکلنا۔
فُسَاء: پھسکی۔
فَسَوَات الضِّبَاع: کھمبی
فَاسِیَۃ و فَاسِیَاء ج فَوَاسٍ: ایک قسم کا سیاہ کیڑا۔ گبریلا۔
فَسُوٌّ و فَسَّاءٌ: بہت پھسکیوں والا
مَفْسَی: پھسکی نکلنے کی جگہ۔

فَشَّ ــُـ فَشًّا: ڈکار لینا۔ معدہ کی ہوا کا نکلنا۔ تھوڑا نفخ ہونا۔ پھیانا جھوٹا فخر کرنا۔ ورم کم ہونا (زخم کا) بغیر چابی کے کھولنا (دروازہ) دبا کر ہوا نکالنا یا مکھن نکالنا۔ (مشک سے) جلدی سے دُہنا (اُونٹنی کو)
ــــ بَیْنَ: چغلی کھانا۔
فَشَّ خُلُقَہٗ: اس نے بہت ناراضگی کا اظہار کیا۔
اِنْفَشَّ: دبانے سے مشک وغیرہ سے نکلنا (ہوا) جاری ہونا (دودھ) ورم کم ہونا (زخم کا)
ــــ عن: سستی کرنا۔
فَشّ: زخم کی سوجن کی کمی۔ خرنوب درخت
ــــ و فَشُوْش: موٹا کپڑا۔ کمزور رائے احمق۔ بیہودہ فخر کرنے والا۔ پانی رسنے کی جگہیں۔
فَشَّاشٌ: جیب کترا۔ بغیر چابی کے تالا کھولنے والا۔
فَاشُوش: کمزور رائے والا۔
فَشِیْش: آواز
ــــ الأفعی: سانپ کی خشکی پر چلنے کی آواز۔

فَشَأَ ــَـ فَشْأً: فخر کرنا۔
تَفَشَّأَ ب و فی: پھیلنا (بیماری کا لوگوں میں)

فَشَج ـِ فَشْجًا و فَشَجًا: پیشاب کرنے کے لیے ٹانگیں کشادہ کرنا (اونٹ)

فَشَغ ـَ فَشْغًا: ظلم کرنا۔ بدسلوکی کرنا۔ ٹانگیں کھولنا۔ بچوں کی کھیل میں طمانچہ مارنا۔

— فِی اللَّعِب: کھیل میں جھوٹ بولنا ظلم کرنا۔

— و فَشَّغ: جوڑوں کو ڈھیلا کرنا تھکنا۔ لمبے قدم لینا۔

فَشَط ـُ فَشْطًا: جھوٹا فخر کرنا۔

اِنْفَشَط: پھٹنا (لکڑی)

فَشَع ـَ فَشْعًا: چوٹی سے سوکھنا (مکئی)

فَشَغ ـَ فَشْغًا و فَشَّغ: ڈھانکنا

فَشَغ و اَفْشَغ ب: مارنا (چابک سے)

فَشَّغ: غالب آنا (نیند)

فَاشَغ بَیْن د فُوْشِغ بِالنَّاقَة اونٹنی کو غیر بچہ کا عادی بنانا۔

اَفْشَغ: نکما ہونا۔ ناکارہ ہونا۔

تَفَشَّغ: سست ہونا۔ موٹا کپڑا پہننا۔ پھیلنا۔ غالب آکر سوار ہونا۔

— فی: سر کو ڈھانکنا (سفید بال) جسم میں پھیلنا (خون)

— و فی: خیموں کے درمیان داخل ہو کر چھپ جانا

اِنْفَشَغ: ظاہر ہونا۔ بکثرت ہونا۔ وسیع ہونا۔

فَشْغَة: نرکل کا گودا۔ عشق پیچاں

نَاصِیَة فَاشِغَة و فَشْغَاء: بکھرے ہوئے بالوں والی پیشانی۔

فُشَاغ و فُشَّاغ: اکاس بیل

فُشَاغ: کسل سستی

اَفْشَغ: دانتوں میں فاصلہ رکھنے والا بے ترتیب سینگوں والا (مینڈھا)

مِفْشَغ: گھوڑے کو روکنے والا اپنے صاحب کو منہ پر بیہودہ کہنے والا۔

مُفْشِغ: بے برکت۔ بے خیر

فَشْفَش: کمزور رائے ہونا بہت جھوٹ بولنا۔

— بِبَوْل: پیشاب چھڑکنا۔

فَشْفَاشَة: نرم چیز۔

فَشِق ـَ فَشَقًا: بہت لالچ کرنا۔

فَشَق ـِ فَشْقًا: توڑنا

فَشَق: دوڑ دھوپ۔ چستی۔

فِشْك: لید۔

فَشَكَة و فَشَنْك ج فَشَك: کارتوس

بَیْت الفَشَك: کارتوسوں کا بکس۔

فَشِل ـَ فَشَلًا: کمزور ہونا۔ ڈھیلا ہونا۔ بزدل ہونا۔

فَشَل ـُ فَشْلًا: بکھیرنا (داڑھی)

فَشَّل و اَفْشَل و تَفَشَّل و اِفْتَشَل: پالکی پر پردہ کرنا (عورت)

تَفَشَّل: بہاد پانی) شادی کرنا۔ (آدمی)

فَشَل: سستی۔ بزدلی۔ کمزوری۔

فَشْل ج فُشْل و اَفْشَال و فَشِل و فَشِیْل: بزدل۔ ڈھیلا۔

فِشْل (ج فُشُول) و مِفْشَل ج مَفَاشِل: اونٹ کے ہودج کا پردہ

اَفْشَل (م) فَشْلَاء ج فُشْل: بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا بیں ہتھا

اَلْيَد الفَشْلَاء: بایاں ہاتھ۔

مِفْشَل: غیر قوم میں شادی کرنیوالا۔

تَفْشِیْل ج تَفَاشِیْل: نقوش میں بقیہ دودھ

مِفْشَلَة: پرند کا پوٹا۔

فَشَا ـُ فَشْوًا و فُشُوًّا و فُشِیًّا پھیلنا (خبر یا راز) چراگاہ میں پھیلنا (مویشی)

فَشَت عَلَیْهِ الضَّیْعَة: اس کی جائداد پھیل گئی (وہ نہیں جانتا کہ اپنے کاموں کا کیا انتظام کرے)

فَشَت اُمُوْرُهُم: ان کے امور بکھر گئے۔

اَفْشَی: بہت ریوڑوں والا ہونا۔ پھیلانا (خبر) ظاہر کرنا (راز)

تَفَشَّی: چوڑا ہونا (پھوڑا) پھیلنا (سیاہی)

— ب: پھیل جانا (بیماری)

فَشَاء: مویشیوں کی زیادتی

فَشْوَة: عورت کی خوشبو کی ڈبیا۔

فَشْیَان: غشی۔

فَاشٍ: پھیلنے والا۔

فَاشِیَة ج فَوَاشٍ: مؤنث فاشٍ بکھرے ہوئے مویشی۔

فَصّ ـِ فَصًّا و اَفْتَصّ من: اکھیڑنا۔

— ـِ فَصِیْصًا: بہنا (زخم) آہستہ آہستہ رونا (بچہ) آواز دینا (ٹڈی)

مَا فَصّ فِی یَدِی مِنْهُ شَیْءٌ: میرے ہاتھ میں اس سے کچھ نہیں رہا۔

فَصّص بِعَیْنِه: اس نے گھور کر دیکھا۔

—: نگینہ جڑنا (انگوٹھی میں)

اَفَصّ اِلَیْهِ شَیْئًا من حَقِّه: اس نے اس کے حق کا کچھ حصہ دیا

اِنْفَصّ من: خلاصی پانا۔ الگ ہونا۔

اِسْتَفَصَّ من: حاصل کرنا - نکال لینا -
فَصّ و فُصّ ج فُصُوص و اَفُصّ: نگینہ - دو ہڈیوں کا جوڑ - آنکھ کی پتلی - لہسن کا سرا - ضیح - اصلیت - بہیہ کا دھرا پانی کا بلبلا -
فُصَّة: ایک سرپتیا گھاس -
فَصَّاص: نگینہ ساز - یا نگینہ فروش
فَصِیْص: صاف گٹھلی
فَصَح ـَ فَصْحًا: ظاہر ہونا (صبح)
فَصُح ـُ فَصَاحَةً وفَصَّح و اَفْصَح: بے جھاگ ہونا (دودھ)
فَصُح ـُ فَصَاحَةً و اَفْصَح: خوش بیان ہونا - فصیح الکلام ہونا -
— الاَعْجَمِی: غیر عرب کا عربی بولنا -
اَفْصَح: ظاہر ہونا (صبح) واضح ہونا (کلام) بے جھاگ ہونا (دودھ) ایسٹر کی عید منانا - صاف ہنہنانا (گھوڑا) صفا رنگ ہونا (پیشاب) خوش بیانی کرنا - فصاحت سے بولنا - اپنی مراد کھولکر بیان کرنا -
— من: خلاصی پانا -
— عن مُرَادِہٖ: اس نے اپنی مراد ظاہر کی -
تَفَصَّح: اچھا خوش بیان ہونا -
— و تَفَاصَح فی کَلَامِہٖ: تکلف سے خوش بیان بننا -
فَصْح و فَصِیْح: بے جھاگ (دودھ)
فِصْح: ایسٹر - یہودیوں کے مصر سے نکلنے کی یاد کی عید -
فَصْح و فَصِیْح ج فُصَحَاء و فِصَاح و فُصُح: خوش بیانی سے بولنے والا - فصیح کلام کرنے والا -
فَصِیْحَةٌ ج فِصَاحٌ و فَصَائِح و فَصِیْحَات: مؤنث فصیح -
یَوْمٌ فِصْحٌ: بے ابر دن -
مُفْصِح: صاف بے ابر (دن)
فَصَخ ـَ فَصْخًا عن: دیدہ و دانستہ بے پرواہی کرنا -
—: اکھیڑنا (ہاتھ)
فَصِیخ و فَصِیْخَة و فَاصِخَة: کمزور عقل -
فَصَد ـِ فَصْدًا و فِصَادًا: فصد کرنا - خون نکالنا -
— لہ عطاءً: بخشش کے طور سے جاگیر دینا -
— و افْتَصَد: کھولنا (رگ)
فَصَّد: تھوڑے پانی میں بھگونا -
اَفْصَدَتِ الشَّجَرَةُ و انْفَصَدَتْ: درخت کی آنکھیں پھوٹ آنا -
تَفَصَّد و انْفَصَد: بہنا (خون)
فُصْدَة و فَصِیْدَة: خون میں گوندھی ہوئی کھجوریں -
فِصَادَة ج فَصَائِد: خون کا جاری ہونا -
فَصَّاد: خون نکالنے والا -
فَصِیْد: فصد کیا ہوا - خون جو آنت میں ڈالکر بھونا جائے -
فَصِیْد (م) فَصِیْدَة و مَفْصُود (م) مَفْصُودَة: فصد کیا ہوا -
تَفْصِیْد: دراڑ - شگاف -
مِفْصَد: نشتر -
فَصَع ـَ فَصْعًا: دو انگلیوں سے دبا کر پھاڑنا (کھجور) اکھیڑنا - اُتارنا
— عِمَامَتَهٗ عن رَاْسِہٖ: اس نے پگڑی اپنے سر سے اُتار دی -
— و فَصَّع ب ل: دینا -
فَصَّع من: نکال دینا -
اِنْفَصَع من: نکل جانا -
اِفْتَصَع حَقَّهٗ من: اس نے اپنا تمام حق زور سے لیا -
فَصْعَان: ہمیشہ ننگے سر رہنے والا -
فَصْعَاء: چوہیا -
فَصْفَص فَصْفَصَةً: جلدی جلدی بولنا (کلام) لانا (صحیح خبر)
فَصْفَصَ الدَّابَّةَ: جانور کو فصفص گھاس کھلانا -
تَفَصْفَصَ الْقَوْمُ: بکھرنا (قوم)
فِصْفِصَةٌ ج فَصَافِص: سبز سرپتیا گھاس
فُصَافِص: چست اور شدید العزم (آدمی)
فَصَل ـِ فَصْلًا: جدا کرنا - الگ کرنا -
— عن: تمیز کرنا -
— بَیْنَ: حدبندی کرنا - روکنا -
— الخُصُومَات: اس نے جھگڑوں کا فیصلہ کیا -
— البِضَاعَة: سامان کی قیمت لگانا -
فَصَل ـِ فِصَالًا و افْتَصَل عن الرِّضَاع: دودھ چھڑانا (بچہ کا)
فَصَل ـُ فُصُولًا: پھوٹنا (انگور کی بیل)
— من: نکلنا (مکان سے)

فَصَّل: مالا کے دو منکوں کے درمیان
غیر قسم کا منکا ڈالنا۔ دینا (چیز) سینے کے
لئے قطع کرنا (کپڑا) کھول کر بیان کرنا۔
واضح کرنا۔ جدا جدا حصّے بنانا (چیز کے)
ٹکڑے ٹکڑے کرنا (قصاب کا بھیڑ کو)
فَاصَل: موقوف کرنا۔ سودا سے کرنا۔
الگ کرنا (شریک کو)
اَفْصَل: دودھ چھوڑانے کے وقت
کو پہونچنا (بچہ)
اِنْفَصَل: علیحدہ ہونا۔ جدا ہونا الگ
ہونا۔
ـــ عن: جدا کرنا۔ چھوڑنا۔
اِفْتَصَل: دودھ چھڑانا (بچہ کا)
اکھیڑ کر دوسری جگہ لگانا (کھجور)
فَصْل ج فُصُول: روک۔ دو چیزوں
کے درمیان کی حد۔ جوڑ۔ فصل (کتاب
کی) فیصلہ۔ موسم: پلیگ۔ سوال۔
فریب۔
یَوْمُ الفَصْل: روز قیامت۔
قَوْلٌ فَصْلٌ: سچی بات ہے جھوٹی
نہیں۔
فَصْلَة: کھجور جو ایک جگہ سے اکھیڑ
کر دوسری جگہ لگائی جائے۔
فَصْلُ الخِطَاب: خطیب کا اَمَّا
بَعْدُ کا لفظ حق اور باطل کے درمیان
کا فیصلہ۔
فَصِیل ج فُصْلان و فِصَال:
دودھ چھڑایا ہوا اونٹنی یا گائے کا
بچہ۔ شہر کی بڑی فصیل کے سامنے کی
چھوٹی دیوار۔
فَصِیلَة ج فَصَائِل: مؤنث فصیل
کنبہ۔ گروہ۔ گوشت کا ٹکڑا۔

جَاءُوا بِفَصِیلَتِهِم: وہ اپنے تمام
رشتہ داروں کے ساتھ آئے۔
تَفْصِیلَة ج تَفَاصِیل: سینے کے
لئے قطع کیا ہوا کپڑا۔ کپڑے کی وضع
فَصَّال: کاٹنے والی (تلوار) خود غرض
مداح۔
فِصَال: دودھ چھڑانا۔
فَاصِل: فیصلہ کن۔
خَطّ فَاصِل: حد۔
فَاصِلَة ج فَوَاصِل: منکا جو مالا
میں دو منکوں کے درمیان پرویا جائے
فَاصِلَة صُغْرٰی: علم عروض کی
اصطلاح میں تین متحرک حروف جن کے
بعد ساکن ہو۔ جیسے ضَرَبَتْ
فَاصِلَة کُبْرٰی: علم عروض کی
اصطلاح میں چار متحرک حروف جن
کے بعد ساکن ہو۔ جیسے ضَرَبَکُمْ۔
فَیْصَل ج فَیَاصِل: فیصلہ۔ نیز
تلوار۔ زور کی ضرب (تلوار کی) حاکم۔
قاضی۔
ـــ و فَیْصَلِیٌّ: جج۔ ثالث۔
مَفْصِل ج مَفَاصِل: جوڑ۔
مِفْصَل: زبان۔
مُفَصَّلَة ج مُفَصَّلَات: قبضہ۔
(دروازہ وغیرہ کا)
مِفْصَال: بہت فیصلہ کرنے والا
فَصَم ـِ فَصْمًا: بغیر جدا کرنے
کے توڑنا۔ کاٹنا۔
فُصِم: گرجانا (گھر)
اَفْصَم: کم ہونا (بادل یا تپ)
ـــ عَنْهُ: دور ہونا (تپ)
تَفَصَّم و اِنْفَصَم: ٹوٹنا۔ کٹ جانا۔ پھٹ جانا

فَصِیْم و اَفْصَم و مَفْصُوم: ٹوٹا
ہوا۔ کٹا ہوا۔
فَصَی ـِ فَصْیًا من: جدا کرنا
فَصَّی و من و عن: جدا کرنا۔ الگ
کرنا۔ چھڑانا۔
فَاصَی: جدا کرنا۔
اَفْصَی من: بند ہونا (بارش)
اَفْصَی الصَّائِدُ: شکاری نے کچھ نہیں
پکڑا۔
اَفْصَی و تَفَصَّی و انْفَصَی من: محروم
ہونا (نیکی سے) خلاصی پانا۔ (برائی یا
تکلیف سے)
فَصًی: مفرد فَصَاة۔ انگور یا منقّے
کے بیج۔ کھجور کی گٹھلیاں۔
فَصْیَة: موسم کا اعتدال۔ سکتہ۔
یَوْمٌ فُصْیَةٌ اَوْ فَصْیَةٍ: معتدل
دن۔
فَصْیَة و فَصِیَّة ج فَصَایَا:
چھٹکارا۔ رہائی
فَضَّ ـُ فَضًّا: توڑنا (مہر۔ بکر)
بہانا (آنسو) حل کرنا (مشکل) سوراخ
کرنا (موتی میں) متفرق کرنا (گروہ)
لَا یَفْضُضِ اللّٰهُ فَاكَ: خدا تیرے
دانتوں کو نہ توڑے۔
ـــ علی: بانٹ دینا۔ تقسیم کرنا۔
فَضَّض: چاندی چڑھانا۔
تَفَضَّض و انْفَضَّ و تَفَضَّض:
بکھرنا۔ متفرق ہونا۔
اَفَضَّ: بہت دینا (بخشش)
اِنْفَضَّ: بکھرنا۔ ٹوٹنا۔ بہنا (آنسو)
اِفْتَضَّ: تھوڑا تھوڑا ڈالنا (پانی)
فَضَض: بکھرے ہوئے لوگ یا چیزیں۔

فی المَدِینَۃِ فَضَضٌ: شہر میں متفرق
لوگ ہیں۔
تَمرٌ فَضَضٌ: الگ الگ کھجوریں۔
فَضَض و فِضاضٌ و فُضاضَۃٌ و
فَضِیضٌ: ریزے۔ ٹکڑے۔
فَضَض و فَضِیض: پانی کا وہ حصہ
جو غسل کے وقت ادھر ادھر بکھر جائے
فَضِیضٌ: شکستہ۔ میٹھا یا بہنے والا
پانی۔
فِضَّۃ: چاندی۔
— و فَضَّۃ ج فِضاض: پتھریلی
زمین۔
فاضَّۃ ج فَوَاض: مصیبت۔
مِفَضَّاض و مِفَضّ و مِفَضَّۃ:
سہاگا۔ ہینگا۔ کھیت میں پھرنے
کا پٹرا۔
اِنفِضاض: جاری پانی پر پہونچنا۔
تَفَضَّج و انفَضَج عَرَقاً:
پسینہ سے تر ہونا۔ فراخ ہونا۔ (چیز)
ڈھیلا یا کمزور ہونا (کام)
فَضِیج: پسینہ۔
فَضَح ـَـ فَضْحاً: بے عزت
کرنا۔ برائیاں ظاہر کرنا۔ حل کرنا۔
(معمہ) غالب آنا۔ (چاند کا ستاروں
پر)
فَضَح و اَفضَح: طلوع کرنا۔
(صبح)
فَضِح ـَـ فَضَحاً: تھوڑا اسفید
ہونا۔
فاضَح و تَفاضَح: ایک دوسرے
کے عیوب ظاہر کرنا۔ ایک دوسرے
کو بے عزت کرنا۔

اَفضَح: پکی ہوئی کھجور والا ہونا (کھجور
کا درخت)
اِنفَضَح و اِفتَضَح: برائیوں کا
ظاہر ہونا۔ شرمندہ ہونا۔ بے عزت ہونا۔
اِفتَضَح الاَمرُ: بات کا مشہور
ہونا۔
اَفضَح (م) فَضحاء ج فُضْح
تھوڑا اسفید۔
فاضِحٌ: برائی ظاہر کرنے والا۔ صبح
فَضَّاح: مبالغہ فاضِحٌ
فُضُوح و فُضُوحَۃ و فَضاحَۃ
و فِضاح: عیب۔ بیعزتی۔ شرمندگی۔
فَضُوح: بے عزتی کرنے والا۔ بیعزت
کیا ہوا۔
فَضِیح: بے عزتی کیا ہوا۔ مویشی
و مال کا برا انتظام کرنے والا۔
فَضِیحَۃ ج فَضائِح: مؤنث
فضیح۔ عیب۔ شرمندگی۔ برائیوں کا
انکشاف۔
مَفضَحَۃ ج مَفاضِح: فضیحت
کا باعث۔ شرمندگی۔
فَضَخ ـَـ فَضخاً و اِفتَضَخ:
کھوکھلی چیز کا توڑنا۔ (جیسے تربوز وغیرہ)
توڑنا (سر) پھوڑنا (آنکھ)
اَفضَخ: پکنا (انگور)
اِنفَضَخ: پھوٹنا۔ ٹوٹنا۔ فراخ ہونا۔
فَضُوخ: مدہوش کرنے والی شراب
فَضِیخ: انگوروں کا رس۔ کھجوروں
کی شراب۔ کچی لسی۔ بہت پانی ڈالا ہوا
دودھ۔
فضفص: وسیع ہونا (کپڑا) آسودہ
ہونا (گذارہ) وسیع کرنا۔

فَضفَاضٌ: کشادہ۔ فیاض۔
اَرضٌ فَضفاضٌ: زمین جس کی سطح
پر بارش کا بہت پانی جمع ہو۔
فَضفاضَۃ و فُضافِضَۃ: چوڑی
(زرہ) بہت پانی والا (بادل)
—: موٹی دراز قد (عورت)
فَضَل ـُـ و فَضِل ـَـ فَضلاً: باقی
رہنا۔ زائد ہونا۔ فضل میں بڑھنا۔
فَضِل و فَضُل ـُـ فَضلاً: صاحب
قَرَعَ ـُ قَرْعًا: جوئے میں غالب آنا۔ قرعہ میں غالب آنا۔

قُرِعَ عَلَيْهِ قَرْعًا: وُہ قرعہ میں مغلوب ہوا

قَرِعَ ـَ قَرَعًا: گنجا ہونا۔ نصیحت پکڑنا۔ تیر اندازی میں ہارنا۔

—— ـَ قَرْعًا وَقَرَعًا: خالی ہونا۔ (مکان) مشورہ قبول کرنا۔ ختم ہونا (کنوئیں کا پانی)

قَرَّعَ: بے آرام کرنا۔ ملامت کرنا۔ ڈانٹنا۔ کترانا۔ (بال) علاج کرنا (اُونٹ کے گنجے بچے کا)

قَارَعَ مُقَارَعَةً وَقِرَاعًا: قرعہ میں غالب آنا۔ جوا کھیلنا۔ لڑانا

اَقْرَعَ بَيْنَ: آپس میں قرعہ اندازی کرنا۔

اَقْرَعَ دَارَهٗ اٰجُرًّا: اس نے گھر میں اینٹوں کا فرش لگایا۔

—— : سب سے اچھا حصہ دینا۔ رکنا۔ مشورہ قبول نہ کرنا۔ گھر کے نزدیک پہونچنا (مسافر) موٹا پیوند لگانا (جوتی کو) زمین تک پہونچنا (غوطہ خور) ایک دوسرے

کو دو لتیاں مارنا (گدھے) ہمیشہ رہنا۔ (برائی)

—— ب: روکنا (گھوڑے کو لگام سے)

—— اِلَى الْحَقِّ: حق کی طرف لوٹنا۔

بِتُّ اَتَقَرَّعُ وَاَنْقَرِعُ: میں نے رات بے آرامی میں گذاری۔

تَقَرَّعَ: بے آرام ہونا۔ کروٹیں لینا

تَقَارَعَ: آپس میں قرعہ اندازی کرنا۔ جھگڑنا۔

اِنْقَرَعَ: گنجا ہونا۔

اِنْقَرَعَ عَنْ: رکنا۔

اِقْتَرَعَ فِي وَعَلَى: قرعہ ڈالنا۔

—— : پسند کرنا۔

—— : جلانا (آگ) بنانا (شعر)

اِسْتَقْرَعَ: سخت ہونا (کھر) بے خار ہونا (اوجھ)

قَرْعٌ: کدو۔

قَرْعَةٌ: ایک کدو۔ اُونٹ کی ران کا داغ۔ کھوپری۔ گنجا سر۔

قَرَعٌ: سفید پھنسیاں۔ گھوڑدوڑ والوں کی شرط۔

قَرَعٌ وَقَرَعَةٌ: گنج۔ پھنسی۔ اُونٹوں سے خالی چراگاہ۔ زمین کی وُہ جگہیں جن میں صرف خشک گھاس ہو۔ کھجلی

قَرَعَةٌ: ڈھال۔ غلہ ڈالنے کا اُوپر سے تنگ اور نیچے سے وسیع تھیلا۔

قُرْعَةٌ ج قُرَعٌ: قرعہ۔ حصہ۔ نصیب۔ چمڑے کا تھیلا۔ قرعہ اندازی جبری بھرتی۔ ووٹ۔

قُرْعَةٌ وَقَرِيعَةٌ: سب سے اچھا مال۔

قَرِيعَةٌ: گھر کی سب سے اچھی جگہ۔

قَرِعٌ: نہ سونے والا۔ خراب (ناخن) مشورہ قبول کرنے والا۔

اَرْضٌ قَرِعَةٌ: بنجر زمین۔

قَارِعَةٌ: مؤنث قَارِعٌ مصیبت قیامت۔

—— ج قَوَارِعُ: مصیبت۔ سڑک کی درمیانی بلندی۔

قَرَّاعٌ: سخت مضبوط۔ ہُدہُد۔ ڈھال

قَرِيعٌ ج قَرْعَى: حقیر۔ عمدہ (گھوڑا) جوا کھیلنے والا۔ جُوئے میں جیتنے والا یا مغلوب۔ سردار۔ برگزیدہ۔ ممتاز۔ نر اُونٹ۔

قَرِيعُ الدَّهْرِ: زمانہ کا بہادر یا چیدہ آدمی۔

قِرِّيعٌ: سردار۔

اَقْرَعُ (م) قَرْعَاءُ ج قُرْعٌ وَقُرْعَانٌ: گنجا۔ بے چھال (درخت) سخت (جگہ) پوری (تعداد) سنگلاخ (پہاڑ) عمدہ لوہے کی (تلوار) زہریلا و گنجا۔ (سانپ) بے سینگ (جانور)

قِدْحٌ اَقْرَعُ: ریت سے مانجھ کر صاف کیا ہوا لکڑی کا پیالہ۔

قَرْعَاءُ: مؤنث اقرع۔ ننگی چراگاہ باغ۔ مصیبت۔ صحن خانہ۔ راستہ کا بلند حصہ۔

قُرَيْعَاءُ: زمین جو کناروں سے سرسبز اور درمیان سے ننگی ہو۔

مِقْرَعٌ: کھجوریں یا گھی رکھنے کا تھیلا

مُقْرَعٌ: سر کو اُونچا رکھنے والا (گھوڑا بوجہ لگام کھینچنے کے)

مِقْرَعَةٌ ج مَقَارِعُ: کھٹکھٹانے والا

چابک - چھڑی
مِقْراع : ہتھوڑا (پتھر توڑنے کے لئے)
مَقْرُوع : عمدہ (گھوڑا) ماسٹر - سردار - گنجے سر والا
قَرَاعُول : راستہ کا نگران -
قَرَف ـِ قَرْفًا و قَرَّف ب : شبہ کرنا - عیب لگانا - تہمت لگانا -
قَرَف علی : بدسلوکی کرنا - جھوٹ بولنا - چھیلنا (زخم کو)
قَرَف : ملانا -
ـــ ل : کمائی کرنا (عیال کے لئے)
قَرِف ـَ قَرَفًا : قریب ہونا (مرض کے) نفرت کرنا -
قَرِّف و اَقْرَف : خراب ہونا - (خوراک)
قَارَف مُقَارَفَةً و قِرَافًا : قریب آنا - نزدیک ہونا (گناہ کے)
اَقْرَف : تہمت لگانا - بدگوئی کرنا لگانا (بیماری) نفرت کرانا -
ـــ ب : تہمت لگوانا -
ـــ ل : قریب آنا - میل جول کرنا -
تَقَرَّف : چھیلا جانا (زخم)
اِقْتَرَف : کمانا - مرتکب ہونا (گناہ کا) حاصل کرنا (مال)
اِسْتَقْرَف مِن : برا سمجھنا - متنفر ہونا
قَرَف ج قُرُوف و قِرَاف : ایک قسم کا برتن جو انار کے چھلکوں سے رنگا جاتا ہے - گوشت رکھنے کا خانہ - خالص سرخ رنگ -
قِرْف : درخت کی چھال - روٹی کے ٹکڑے جو تنور کے ساتھ رہ جاتے ہیں - ناک کا خشک مواد - زمین سے اکھاڑی ہوئی چیز - لائق -
قَرَف : مرکب - تہمت - مرض کا عود نفرت - میل جول -
ـــ و قَرِف و قَرِيف ب : لائق -
قِرْفَة ج قِرَف : شک - تہمت - ہولناک کام - ایک قسم کی دارچینی چھال کھائی -
قِرْفَة حَطِيبَة : خراب دارچینی -
بَنُو فُلَانٍ قِرْفَتِي : مجھے فلاں قوم میں اپنی حاجت برآری کا خیال ہے -
قَرَافَة : قبر - قبرستان -
قُرَافَة : درخت کی چھال -
قَرُوف ج قُرُف : سخت ظالم - بڑا بے انصاف - چمڑے کا تھیلا -
قُرْفِي و مُقْرِف : سرخی مائل رنگ والا
مُقْرِف : بدشکل (چہرہ) خسیس -
اَقْرَف : سخت سرخ -
مَقْرِف : چھال اتری ہوئی جگہ -
مُقْرِف ج مَقَارِف : غلام باپ کی اولاد - عام گھوڑے کی نسل - قابل نفرت
مِقْرَافٌ : گناہوں کا بہت ارتکاب کرنے والا -
مَقْرُوف : پتلا دبلا (آدمی)
قَرْفَص : ٹانگوں کے گرد ہاتھ ڈالکر رانوں کے بل بیٹھنا - پاؤں کے نیچے سے ہاتھ باندھکر بیٹھنا -
تَقَرْفَص العَجُوز : بڑھیا اپنے کپڑوں میں لپٹ گئی -
قِرْفِصَى و قُرْفُصَى و قُرْفُصَاء : اکڑوں بیٹھک -
قَرَافِصَة : ڈاکو -
قُرَافِصِي : مضبوط -
قَرْفَط : چھوٹے قدموں سے چلنا -
اِقْرَنْفَط : سکڑنا -
مُقَرْفَل : لونگ ڈالکر خوشبودار کیا ہوا (کھانا)
قَرَق ـُ قَرْقًا : چوزے یا انڈے پروں کے نیچے لینے کے لئے کڑکڑانا - (مرغی)
ـــ ب : دھوکا دینا -
قَرِق ـَ قَرَقًا : میدان میں چلنا -
قَرَّق : انڈوں پر بٹھانا یا بیٹھنا (مرغی)
اِنْقَرَق : سوراخ دار ہونا -
قِرْق ج اِقْرَاق : بری جڑھ - عادت حقیر لوگ - جماعت -
جَاءَ قِرْقٌ مِنَ النَّاسِ : لوگوں کی جماعت آئی -
قَرَق و قَرِق و قِرْقٌ : ہموار مکان -
قُرْق : مرض فتق -
قُرْقَة : انڈے سینے والی مرغی -
قَرَاقَة : سخت محنت -
قَرْقَد : سخت خشک ہونا (روٹی) خشک کرنا (روٹی)
قَرْقَذَان و قَرْقَذُون : سنجاب
قَرْقَر : کوکو کرنا (کبوتری) کڑکڑانا (مرغی) آواز نکالنا (اونٹ) گڑگڑانا (پیٹ) کھوکھلا ہونا (درخت) شکایت کرنا (آدمی)
ـــ فی الضحک : قہقہہ مارنا -
قَرْقَر و قَرْقَرَة : نرم ہموار (زمین)
قَرْقَرَة ج قَرَاقِر : کبوتری کی آواز قہقہہ - خط و خال - شکایت -
قَرْقَار : اونٹ کی آواز - اونچی آواز

والا اونٹ۔
قُراقِرُ و قُراقِری: بلند آواز والا ساربان یا حدی خوان۔
قُراقِرۃ: باتونی عورت
— و قَرقارۃ: اونٹ کا پھیپھڑا جو جوش کے وقت نکالتا ہے۔
قَرقارۃ: اونٹ کی جھاگ۔ درخت کی کھوکھ۔ لمبی گردن والا شیشہ کا گلاس
قُرقُور ج قَراقِیر: لمبا جہاز لیلا۔
قَرقارۃ و مُقَرقَرُ: کھوکھ (درخت کی)

قَرقَس و قَرقَص ب: کتے کو بلانا۔ کور کور کرکے کتے کے پلے کو بلانا
قِرقِس: مچھر کے مشابہ کیڑا (اگتی پ)
قَرقُوسی: سخت میدان
قُرقُوس و قُرقُوص: کتے کا پلا۔ چھوٹا کتا۔

قَرقَش: زور سے کاٹنا (روٹی)
قَرقُوشَۃ ج قَراقِیش: مُرمُری روٹی۔ بسکٹ۔

قَرقَط: چھوٹے ٹکڑوں میں کاٹنا دانتوں سے کاٹنا (چوہیا)
قَرقُوطَۃ: چھوٹا ٹکڑا۔

قَرقَع: آواز دینا (گاڑی) کھٹکھٹانا
تَقَرقَع: کھٹکھٹانا۔
قَرقَعَۃ: کھٹکھٹاہٹ۔

قَرقَف: کوکو کرنا (کبوتری) بلند آواز سے ہنسنا۔ کراہنا (اونٹ) ڈرانا۔ کپکپانا (سردی)
قُرقِف و تَقَرقَف: سردی سے کانپنا۔
قَرقَف و قُرقُوف: شراب۔ سرد پانی۔
قَرقَفَۃ: کوکو کی لمبی آواز۔ ہنسی کے قہقہہ کی آواز۔
قَرقَفَّ و قُرقُف: ایک چھوٹا پرندہ۔
قَرقُوف: درہم۔ شراب۔
دِیکُ قُراقِف: بلند آواز مرغ

قَرقَلُ و قَرقَلُ ج قَراقِلُ: بے آستین (قمیص)

قَرقَم: بری خوراک دینا (بچہ کو)
مُقَرقَم: بری خوراک دیا ہوا (بچہ)

قِرِلّی: ایک ڈرپوک آبی پرندہ۔

قَرِم ـِ قَرماً و قُرُوماً و مَقرَماً و قَرَماناً و تَقَرَّم: تھوڑا کھانا شروع کرنا (بچہ)
— ـُ قَرماً: چھیلنا۔ کھانا (خوراک) گالی دینا۔ قید کرنا۔ اونٹ کی ناک پر داغ دینا۔
قَرِم ـَ قَرَماً الی: بہت مشتاق ہونا
قَرَّم: کھانا سکھانا۔
اَقرَم: سانڈ بننے کے لئے فارغ رکھنا (گھوڑا)
اِستَقرَم: وقت سے پہلے سانڈ بننا۔
قَرم ج قُرُوم: اونٹ کے ناک پر کا نشان۔ سانڈ۔ سردار۔ جوئے کے تیر پر کی علامت عظیم۔
اَلقِرِم و القِرِیم: جزیرہ کریمیا۔
قَرَم: گوشت کا شوق۔
قَرمَۃ و قُرمَۃ و قُرامَۃ: چمڑہ جو اونٹ کی ناک سے کاٹا جائے۔
قِرمِیَۃ ج قَرامِیّ: درخت کا تنہ۔
قُرامَۃ: تنور سے لگا ہوا روٹی کا باقی ماندہ حصہ۔ تفص۔ برائی۔ اونٹ کی چھاتی کا سخت حصہ۔
اَقرَم (م) قَرماء ج قُرم: د مُقرَم: اصطبل میں فارغ نر گھوڑا
قَرماء: ناک پر داغ والا۔
قِرام و مِقرَم و مِقرَمَۃ: سرخ تصاویر والا اونی پردہ۔

قَورَم: گوشت کو اس کی چربی میں محفوظ رکھنا۔
قاوَرمَۃ: نرم آگ سے پکایا ہوا گوشت۔ قورما۔

قَرمَد: لیپنا۔ فرش لگانا۔ (اینٹوں کا) باریک اور قریب قریب لکھنا۔
قَرمَد فی مَشیِہ: چلنے میں قریب قریب قدم رکھنا۔
قُرمُود ج قَرامِید: پہاڑی بکرا۔ مارخور۔ پہاڑی بکرے کا لیلا
قَرمَدُ: لپائی کرنے کا مصالحہ
قِرمِید ج قَرامِید: پختہ اینٹ چونہ۔ سیمنٹ۔ پہاڑی بکری۔
مُقَرمَد: اینٹوں کا بنا ہوا پلستر کیا ہوا۔

قِرمِز: سرخ رنگ کا۔ قرمزی رنگ سے رنگا ہوا چمڑہ۔
قِرمِزِیّ: قرمزی رنگ والا۔
قِرمِزِیَّۃ: ایک قسم کا بخار۔

قَرمَش: جمع کرنا۔ پسینا خشک کھانا۔ خراب کرنا۔
قِرمِش مِنَ النّاس: عام لوگ

قَرمَص و تَقَرمَص: اپنے

سوراخ میں داخل ہونا (کبوتر)
قِرْمِص و قِرْمَاص و قُرْمُوص ج قَرَامِيص: کبوتر کا گھونسلا۔ سردی سے پناہ لینے کے لئے گڑھا۔ روٹی پکانے کی جگہ۔
قَرْمَط فی المَشْیِ: وہ چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلا۔
— الکِتَابَ: کتاب کی باریک اور نزدیک نزدیک سطریں لکھنا۔
—: اوپر سے چرنا (مویشی)
اِقْرَمَّط: سکڑنا۔ بکھرنا (بال)
قُرْمُوط: ایک قسم کی مچھلی۔ باڈنا بھونرے کی گولی۔
قَرْمَطِیّ ج قَرَامِطَة: شیعوں کا ایک فرقہ۔
قَرْمَل: پھاڑنا۔
قَرْمَل (مفرد قَرْمَلَة) چھوٹی بے خار جھاڑی۔ نکما آدمی۔
قِرْمِلِیّ ج قَرَامِل: دو کوہانوں والا اونٹ۔ چھوٹے قد کا بال دار اونٹ۔
قَرَامِل و قَرَامِیل: عورت کا موباف۔
قَرَن ـِ قَرْنًا ب: جوڑ کر باندھنا۔ ایک جوئے میں جوتنا (دو بیل)
قَرَن ـُ قِرَانًا: سرپٹ دوڑنا (گھوڑا)
— ـُ قِرَانًا و اَقْرَن بَیْن: اکٹھا کرنا۔
قَرِن ـَ قَرَنًا: ملے ہوئے ابرو والا ہونا۔
قَرَّن: اکٹھا کر کے باندھنا۔ مثلثی شکل بنانا۔
قَارَن مُقَارَنَةً و قِرَانًا: ساتھی بنتا۔
— ب: ایک چیز کا دوسری سے مقابلہ کرنا۔
اَقْرَن: ملا کر دو تیر چلانا۔ اکٹھا کرنا (دو چیزیں) ایک رسی میں دو قیدی لانا۔ سینگدار مینڈھا کی قربانی دینا۔
— و اسْتَقْرَن: پختہ ہو کر پھٹنے کے قریب ہونا (پھوڑا) زیادہ ہونا (خون کا رگ میں)
— و اسْتَقْرَن ل: لائق ہونا۔
اَقْرَن عن: علیحدہ ہونا۔ عاجز ہونا۔
— علی الغَرِیم: غریم پر تنگی ڈالنا۔
اَقْرَنَت الثُّرَیا: ثریا ستارے بلند ہوئے۔
تَقَرَّن: نمایاں یا گوشہ دار ہونا۔
تَقَارَن: باہم مصاحب ہونا۔
اِقْتَرَن ب: متصل ہونا۔ جڑنا۔
اسْتَقْرَن لِفُلَان: فلاں کے دوستوں میں سے ہونا۔
قَرْن ج قُرُون: سینگ۔ بالوں کی زلف۔ سر کا پہلو۔ سورج کی پہلی شعاعیں۔ پھل کی نوک۔ نمایاں گوشہ ریگستان میں داخل ہونے کا راستہ چراگاہ کا عمدہ حصہ۔ وقت۔ عمر۔ نسل۔ ہمعمر۔ ایک زمانہ کے لوگ۔ بارش کی بوچھاڑ۔ سو سال کا عرصہ سردار۔ تلوار کی دھار یا پھل چھوٹی پہاڑی۔ قلعہ۔
— ج قِرَان و قُرُون: بالوں کی زلف۔ پہاڑ کی چوٹی۔ بالوں کی پٹی۔ ریشوں کی رسی۔
ذُو القَرْنَیْن: دو سینگوں والا یمن کے بادشاہوں میں سے ایک بادشاہ کا لقب۔ منذر ابن ماالسماء کا لقب۔
قَرْن خَرْتِیْت: گینڈا
اُمُّ القَرْن: گینڈا۔
وَحِید القَرْن: گینڈا
قَرْن او قَرْنَا الشَّیْطَان: دوزخ کا بچھو یا پیرو۔
قِرْن ج اَقْرَان: برابر کا۔ ہمعمر۔ ہم لیاقت۔
قَرَن ج اَقْرَان: ترکش۔ دوسرے سے جوتا ہوا۔ رسی جس سے دو اونٹ باندھے ہوئے ہوں۔
— ج قِرَان: تلوار۔ تیر۔
قُرْنَة ج قُرَن: کونہ۔ بڑھا ہوا کونہ۔ تلوار یا نیزہ کی دھار۔ زبان کی نوک۔
قِرَان و مُقَارَنَة: دو ستاروں کا ایک برج میں اکٹھا ہونا۔ دو چیزوں کا آپس میں مطابق ہونا۔
قَارِن: تیر و تلوار سے مسلح۔
قَارُون: ایک مالدار آدمی کا نام
قَرِیْن و قُرَانَی ج قُرَنَاء: دوسرے سے جڑا ہوا۔ ساتھی۔ مصاحب۔ خاوند۔ ہمعصر۔ جان۔ قریبی۔ دوست
— العَیْن: سرمے دار آنکھ والا۔
قَرِیْنَة ج قَرَائِن: جان۔ بیوی۔ قرینہ۔
دُور قَرَائِن: ایک دوسرے کے سامنے کے مکانات۔

قُرَانَی : مقارن - اُونٹ کے چمڑے
کی بٹی ہوئی تندی -
جَاءُوْا قُرَانَی : وہ اکٹھے آئے -
قَرَّان : بوتل -
قُرْدُن : ایک لقمہ میں دو پھل کھانیوالا
سرپٹ دوڑنے والا (جانور) بیٹھنے کے
وقت دونو زانوں ملا سنے والا (جانور)
— وَقُرُونَۃ : جان -
اَقْرَن (م) قَرْنَاء : سینگوں والا
ملے ہوئے ابرو والا -
حَیَّۃ قَرْنَاء : سینگوں والا سانپ
قَرْنِیَاءُ : لوبیا
مِقْرَن : جوا - بیل
مُقْرَن : ملا یا ہوا - جوڑا ہوا - کونہ دار
سینگوں والا -
مُقْرُوْن ب : ہمیشہ ساتھ لگا رہنے
والا (شیطان)
مُقْرَنَۃ : مؤنث مُقْرَن ، سلسلہ
کوہ -
قَیْرَوَان ج قَیَرْوَانَات : کارواں
قَیْرُوَان : شمالی افریقہ میں ایک
اسلامی شہر -
قَرْنَب : چوہا - جنگلی چوہا -
قَرْنَبَی : ایک قسم کا بھونرا -
قَرْنَس : آگے سینا (باز کی) -
لڑائی میں بھاگ جانا (مرغ)
قِرْنَاس : پہاڑ کا آگے بڑھا ہوا
حصہ - چرخے کا ہکلا - 1
مُقَرْنَس : سیڑھی کی طرز پر بنی ہوئی
(چھت)
قُرْنُوص ج قَرَانِیْص : بوٹ
کا اگلا حصہ - Toe

قُرْنَافَۃ : رائفل کا موٹا حصہ
قَرَنْفُل وَقَرَنْفُوْل : لونگ
قَرَنْفُلَۃ : ایک لونگ - نیم گلابی رنگ
والا (پھول)
مُقَرْفَل : لونگ سے خوشبودار
کیا ہوا -
قَرِہَ - قَرْهًا : یرقانی ہونا
ضربوں سے سیاہ ہونا - چھلنا (چمڑہ)
اَقْرَہ (م) قَرْهَاء (ج قُرْه) و
مُتَقَرِّہ : یرقانی - کثرت مار سے
سیاہ - چھیلا ہوا -
قَارِہٌ : ضربوں سے سیاہ - خشک
(چمڑا)
قَرَا - قَرْوًا اِلَی : قصد کرنا -
— بالرمح : نیزہ سے مارنا -
— وَاقْتَرَی واسْتَقْرَی :
پیچھا کرنا -
اَقْرَی : پیٹھ کی درد والا ہونا -
ضیافت طلب کرنا -
اِسْتَقْرَی : پیپ دار ہونا (پھوڑا)
قَرَا : پیٹھ - کدو کی قسم - تونبڑی -
قَرْوٌ ج قُرُوٌّ واَقْرَاءٌ وَاَقْرٍ
وَقُرِیٌّ : لمبا حوض - پانی پینے کا ایک
چھوٹا برتن - کولہو کی نالی - ملک جو
عبور نہ کیا جا سکے - شراب بنانے کے
لئے کھجور کے تنے کا مٹکا - لکڑی کا
پیالہ - کھوکھلا نرکل - ایک ہی طرز کی
اشیاء -
قَصِیْدَتَانِ عَلَی قَرْوٍ وَاحِدٍ
ایک روی کے دو قصیدے -
تَرَکَتِ الاَرْضُ قَرْوًا : تمام زمین
پر بارش چھا گئی -

اَصْبَحَتِ الاَرْضُ قَرْوًا وَاحِدًا
زمین کی سطح پانی سے ڈھک گئی -
رَاَیْتُهُم عَلی قَرْوٍ وَاحِدٍ : میں
نے ان کو ایک ہی طریقے پر دیکھا -
قَرْو وَقَرْوَۃ : ایک بیماری
جس سے خصیوں کا چمڑا کھنچ جاتا ہے
قَرْوَاء : عادت - ڈبر لمبے کوہان
والی اونٹنی -
قَرَوَان ج قِرْوَانَات : پیٹھ پیٹھ
کا وسط -
قَرْوَانِیٌّ : خصیوں کی جلد کی کھچاوٹ
والا - باد خایہ والا -
قَرْوَی : عادت -
قَرِیٌّ : ایک طرز کی اشیاء -
مَقْرَی ج مَقَارٍ : ٹیلہ کی چوٹی -
مُقْرَوْرِی : لمبی پیٹھ والا -
قَرَاقُوْل : سنتری - گارڈ -
قَرَاکُوْز : پتلیوں کا تماشہ -
قَرَی - قِرًی وقَرَاءً و
اَقْتَرَی : مہمان نوازی کرنا - مہمان
رکھنا -
— قَرْیًا وقَرْیَانًا : جمع
کرنا - (پانی حوض میں)
— وتَقَرَّی واقْتَرَی واسْتَقْرَی
چکر لگانا (ملک میں)
اَقْرَی واقْتَرَی واسْتَقْرَی :
مہمانی مانگنا -
اَقْرَی : گاؤں میں رہنا -
قِرًی : مہمان کی دعوت یا خوراک -
حوض میں جمع شدہ پانی -
قَرْیَۃ ج قُرًی وقُرَایَا : گاؤں
آدمیوں کا گروہ -

—— النَّمل: چیونٹیوں کے رہنے کی جگہ۔
قَرْیَۃُ الاَنْصَار: مدینہ منورہ۔
قَرْیَتَانِ: مکہ و طائف۔
قَرِیّ ج اَقْرِیَۃ و اَقْرَاء و قُرْیَان: جما ہوا دودھ۔ نالی۔ پانی کے بہاؤ کی جگہ۔ بلندی سے باغ کی طرف بہنے والی نالی۔
قَرِیَّۃ و قَرْیَۃ ج قَرَایَا: چھڑی۔ جہاز کے بادبان کا گز۔ چیونٹیوں کا مکان۔
قَارٍ (ضد بَادٍ) گاؤں کا باشندہ
قَارِیَۃ: مؤنث قارِی۔ لوگوں سے بھرپور (مکان) تلوار کی دھار۔ نیزے کا نیچے یا اوپر کا سرا۔
—— و قَارِیَّۃ ج قَوَارٍ و قَوَارِیّ: چھوٹی ٹانگوں اور لمبی چونچ اور سبز پیٹھ والا پرندہ۔
قَرَوِیّ: دیہاتی۔
قَارَاۃ ج قَارَیَات: لوگوں کی بھیڑ سے بھرا ہوا مکان۔
مَقْرَی و مَقْرَاۃ: برتن۔ جگہ جس میں بارش کا پانی جمع ہو۔
مِقْرَی و مَقْرَاء (م) مِقْرَاۃ و مِقْرَاء: مہمان نواز۔ بہت مہمانی کرنے والا۔
مِقْرَی و مِقْرَاۃ ج مَقَارٍ: بڑا پیالہ جس میں مہمانوں کے آگے کھانا پیش کیا جائے۔
مَقَارِی: باورچیخانہ کا سامان ہانڈیاں۔
قَزّ ـِ قَزًّا: کودنے کے لئے سکڑنا۔ کودنا۔
—— عن: نفرت کرنا۔
—— قُزًّا و تَقَزَّز مِنَ الدَّنَس: گند سے بچنا۔
قَزّ ج قُزُوز: ریشم۔ ابریشم خام
دُود القَزّ: ریشم کے کیڑے۔
قِزّ و قَزَز و قُزَّاز و مُتَقَزِّز: گند سے بچنے والا۔
قَزَاز و خَزَّاز: اژدہا۔ چھوٹا سانپ۔
قَازّ: شیطان۔
قَزَاز (بجائے زُجَاج) شیشہ۔
قَازُوزَۃ: پانی پینے کا گلاس۔ تھالی
قَزَّاز: ریشم فروخت کرنے والا۔ ریشم کے کیڑے پالنے والا۔ گلاس فروخت کرنے والا۔
قَزَح ـَ قَزْحًا و قَزَّح: مصالح ڈالنا (ہانڈی میں)
—— قَزْحًا و قَزَحَانًا: ابلنا (ہانڈی کا) بلند ہونا (درخت)
—— و قَزِح ـَ قَزْحًا و قُزُوحًا و قَزَّح ب: پیشاب کرنا (کتا)
قَزَّح: مزین کرنا (کلام کو) درخت کی جڑھوں میں پیشاب ڈالنا۔
تَقَزَّح: زیادہ شاخدار ہونا (پودہ)
قَزْح: کتے کا پیشاب۔ مصالح۔
قُزَح: شیطان۔ بادلوں کا فرشتہ
قَوْس قُزَحَ: بادلوں کی قوس قزح
قُزَحِیَّۃ: آنکھ کی پتلی۔
قِزْح ج اَقْزَاح: مصالح۔ پیاز کا بیج۔ شہتوت کی شاخ۔ سانپ کا پاخانہ۔
قُزْحَۃ ج قُزَح: قوس قزح کے رنگ کی دھاری۔
قَزَّاح: بیج یا مصالح فروخت کرنے والا۔
قَوَازِح: آبی بلبلے
تَقَازِیح: مصالح۔
قَازِح: مہنگا (نرخ)
قَزَع ـَ قُزُوعًا: تیز دوڑنا (ہرنی) دیر لگانا۔
قَزَّع: سخت دوڑنا (گھوڑا) جلدی روانہ کرنا (پیغامبر) دوڑانے کے لئے تیار کرنا (گھوڑا) مونڈنا (موچھیں) درمیان سے سر منڈانا۔
—— ل: خاص طور سے مشغول کرنا
اَقْزَع ل فی القَوْل: سخت الفاظ کرنا۔
تَقَزَّع: دوڑنے کے لئے تیار ہونا (گھوڑا) مونڈ جانا (سر)۔ متفرق ہونا (قوم) دور ہونا (بادل)
قَزَع: بادل کے بکھرے ہوئے ٹکڑے۔ اون کا ردی حصہ۔ السی چھوٹے اُونٹ۔
—— و قُزَّعَۃ و قَزِیْعَۃ: بالوں کی لٹ۔ سر کے وسط میں بالوں کی چوٹی۔
قَزَعَۃ: ولد الزنا۔ بادل کا ٹکڑا باؤنا۔
قَزَعَۃ و قِزَاع: چیتھڑا۔
ما عِنْدَہ قَزَعَۃ: اس کے پاس کوئی کپڑا نہیں۔
اَقْزَع: بال گرانے والا (ہرن۔ بکرا)

مُقَزَّع: چست-چوٹی پر تھوڑے بالوں والا (گھوڑا) بشارت کے لئے مخصوص کیا ہوا آدمی جس کا مال مرجائے اور بچے اس کے پاس باقی رہ جائیں۔

قَزَل ـِ قَزْلًا و قَزَلَانًا: کودنا لنگڑانا۔

قَزِلَ ـَ قَزَلًا: لنگڑانا۔

اَقْزَل (م) قَزْلَاء ج قُزْل: لنگڑا۔

قَزَم ـِ قَزْمًا: عیب لگانا۔

قَزُمَ ـُ قَزَمًا: کمینہ ہونا۔حقیر ہونا۔

تَقَزَّمَ: کاموں میں زور سے کود پڑنا

قَزَم: کمینگی-ادنیٰ پن-ہیچ آدمی-ردی مال-

قَزَم (واحد و جمع-مذکر مؤنث) (ج قُزُم و اَقْزَام و قَزَامَی) (م) قَزَمَة (ج قَزَمَات) قَزْم و قَزِم و قُزُم (م) قَزْمَة و قَزِمَة و قُزُمَة: حقیر-کمینہ-ہیچ آدمی-

قَزِمٌ ج قُزُمٌ و اَقْزَامٌ: پست قد کمینہ-مفلس-

قِزَام: کمینے-

قُزَام: اچانک موت-نامغلوب ہونے والا-

قَزْمَة ج قِزَم: کدال-

سُودَدٌ اَقْزَمُ: نئی سرداری-

قَزْمَلٌ: بدشکل-پست قد-

قَزَان: پانی اُبالنے کا تانبے کا برتن

قَزَا ـُ قَزْوًا: گندگی سے بچنا-عیب سے بچنا-

ـــ الارض بعصاه: اس نے زمین پر لاٹھی سے نقط ڈالے-

اَقْزَى: ناپاک ہونا-گندا ہونا-

قُزَة ج قُزَات: سانپ-ایک قسم کی کھبل-

قُوزَى: لیلا-

قَزَى: گراکر قتل کرنا-

قِزْى: لقب

بِئْسَ القِزْى هذا: یہ برا لقب ہے

قَسّ ـُ قَسًّا و قُسًّا: چغلی کرنا-بری کلام سے ایذا دینا-

ـــ و تَقَسَّس: تلاش کرنا پیچھا کرنا

قَسّ: گودا نکالنا (ہڈی سے)

قَسّ و قَسَّس: اچھی طرح چرانا-

قَسّ قُسُوسَة و قِسِّيسَة: پادری بننا-

اِقْتَسَّ: کھانا تلاش کرنا (شیر) اکیلی چرنا (اونٹنی)

قَسّ ج قُسُوس: اچھا چرواہا-عیسائی پادری-راہب-کاہن-گرو-

قَسَّة: چھوٹی بستی-

قَسَّاس: چغلخور-

قُسَاس: سیلاب کا کوڑا کرکٹ-آرمینیا کے ایک پہاڑ کا نام-

قُسُس: عقلاء-ہوشیار محافظ

قِسِّيس ج قِسِّيسُون و قُسَّان و اَقِسَّة و قَسَاوِسَة و قَسَاقِسَة پادری-

قَسِّيّ: کھوٹا (درہم) مصری (کپڑا)

قُسُوسَة و قِسِّيسِيَّة و قُسُوسِيَّة پادری کا درجہ-یا حالت-

قَسَب ـِ قَسْبًا: جاری ہونا (پانی) غروب ہونے کو مائل ہونا (سورج)

قَسُبَ ـُ قَسُوبَةً و قُسُوبًا: سخت ہونا-

قَسْب: بہت سخت-خشک کھجور-

ـــ و قُسْبُبٌ: ہر ایک لمبی اور مضبوط چیز-

قُسَابَة: ردی کھجوریں-

قَسُوب: موزہ-

قَسِيب: پانی کے بہاؤ کی آواز-

قَسَح ـُ قَسَاحَةً و قُسُوحَةً: سخت ہونا-بٹنا (رسی)

قَاسَح: سخت سلوک کرنا-

قَاسِح ج قُسَّاح و مَقْسُوح: موٹا-سخت-

قَسَر ـِ قَسْرًا و اقْتَسَر على: مجبور کرنا-

قَسْر: مجبوری-روک-

قَسْوَر: زیادہ عمر والا ہونا (آدمی) بکثرت ہونا (نباتات)

قَسْوَر و قَسْوَرَة ج قَسَاوِر و قَسَاوِرَة: شیر-بہادر مضبوط جوان تیرانداز شکاری-عزیز-

قَسْوَرَة ج قَسْوَر: ایک میدانی نباتات-

قَيْسَرِيّ ج قَيَاسِر و قَيَاسِرَة: بڑا-لمبا-

قَيْسَرِيَّة: مسجد کے ارد گرد کی گلی-

قَسَط ـِ قَسْطًا و قُسُوطًا: ظلم کرنا-حق سے علیحدہ ہونا-بکھیرنا-تقسیم کرنا-لگانا (ٹیکس)

قَسَط ـُ قِسْطًا و اَقْسَط: انصاف والا ہونا-عادل ہونا-

قَسِط ـَ قَسَطًا: خشک ہونا (گردن)

قَسِطَتِ الرِّجْلُ: پاؤں کے پٹھے خشک ہو گئے

تَقَسَّطَ: قسطوں سے ادا کرنا۔ پودوں
کے درمیان برابر فاصلہ چھوڑنا۔ بکھیرنا
وقفہ سے چلانا (مُرغ)
قَسْطَانی: بخیل ہونا۔
— علیٰ: بخل کرنا۔ کنجوسی کرنا۔
— واقْتَسَطَ: تقسیم کرلینا۔
تَقَسَّطُوہُ بَیْنَھُم: برابر برابر
آپس میں تقسیم کرنا۔
قِسْط: (مفرد وجمع) عدل۔ عادل
قِسْط ج اَقْسَاط: نصیب۔ حصہ
مقدار۔ میزان۔ مفرد قسط۔ نصف
صاع کا پیمانہ۔ رزق۔
قُسْط: کٹھ
قُسُط وقَسِیط الرِّجْل: سخت
یا کج پاؤں والا۔
اَقْسَط (م) قَسْطَاء ج قُسْط:
کسی عضو میں سختی اور خشکی والا۔
سخت (ٹانگ یا گردن)
قُسْطَان وقُسْطَانِیّ وقُسْطَانِیَّة
قوس وقزح۔
قَسْطَان: غبار۔
قَسَط: عضو میں سختی یا خشکی۔
مُقْسِط ج مُقْسِطُون: منصف
عادل۔
قسطر: کھرا کرنا (دراہم کو)
قَسْطَرُ ج قَسَاطِر: مٹی کی نالی۔
قَسْطَر وقَسْطَار: ہوشیار۔ دانا
قَسْطَرِیّ ج قَسَاطِرَة: پرکھنے
والا۔ صراف۔ جسیم۔
قُسْطَاسُ ج قَسَاطِیس: ترازو
میزان۔ Steel yard
قسطل وقَسْطَال وقُسْطُول

وقَسْطَلَانُ ج قَسَاطِلُ: غبار۔
لڑائی میں پھیلا ہوا غبار۔ پانی باہر نکالنے
کی نالی۔
اُمُّ قَسْطَلٍ: مصیبت۔ موت۔
نہرٌ قِسْطَالٌ: چلنے میں آواز نکالنے
والا دریا۔
قَسَاطِلُ الْخَیْلِ: گھوڑوں کی آوازیں
قَسْطَلَانِیَّة: شفق کی سرخی۔ غبار
کی کثرت
— وقَسْطَلَانِیٌّ: قوس وقزح
قَسْطَلَة: پانی کے چلنے کی آواز۔ اونٹ
کی آواز۔
قسم ـِ قَسْمًا وقَسَّمَ: تجزیہ کرنا۔
تقسیم کرنا۔ بکھیرنا۔ (زمانہ کا قوم کو)
قَسَّمَ: باقاعدہ رکھنا۔ پس وپیش کرنا۔
(کام میں)
قَسُمَ ـُ قَسَامَةً: خوبصورت ہونا۔
قَسَّمَ بَیْنَ: تقسیم کرنا۔
قَسَّمَ علی: منتر کرنا۔
قَاسَمَ: بانٹنا۔
— علی: حلفیہ معاہدہ کرنا۔
اَقْسَمَ بِاللّٰہِ: اس نے خدا کی قسم
کھائی۔
— لَہٗ: قسم کھانا۔
تَقَسَّمَ: تقسیم ہونا۔ متفرق ہونا۔
تَقَاسَمَ واقْتَسَمَ: آپس میں تقسیم
کرنا۔
تَقَاسَمَ: باہم قسم کھانا۔
اِنْقَسَمَ الی: تقسیم ہوجانا۔
اِسْتَقْسَمَ: حصہ مانگنا۔ قسم کھانے
کے لئے کہنا۔ غور وفکر کرنا۔
قَسْم: حصہ۔ عطاء۔ رائے۔ شک۔

بادل۔ پانی۔ ہانڈی۔
— وقِسْم: عادت۔ خلق۔ فطرت
قِسْم ج اَقْسَام وج اَقَاسِیم:
حصہ۔ مقسوم۔ بہتری کا حصہ۔
قَسَم ج اَقْسَام ومُقْسَم: قسم۔
قِسْمَة: بانٹ۔ نصیب۔ حصہ۔
قاعدہ۔ تقسیم۔ (در حساب)
قَسِمَة وقَسَمَة ج قَسِمَات
وقَسَمَات: خوبصورتی۔ چہرہ۔ عطا
کا مشکا۔
قَسَامَة ج قَسَامَات: قسم۔ صلح
قسم کھانے والے۔
— وقَسَام: خوبصورتی۔ حسن۔
قُسَامَة: صدقہ کا مال۔ خیرات۔
تقسیم کرنے والے کا الگ کیا ہوا اپنا
حصہ۔
قَسَامِیّ: کپڑا لپیٹنے والا۔ دو چیزوں
کے درمیان کی چیز۔ اوسط۔
قَسَّام: بہت تقسیم کرنے والا۔
قَسِیم (ج اَقْسِمَاء وقُسَمَاء) و
مُقَاسِم: برابر کا حصہ دار۔
قَسِیم ج اَقْسِمَاء: نصیب۔ تقسیم
کی ہوئی چیز کا نصف۔
— ج قُسُم: خوبصورت۔
قَسِیمَة ج قَسَائِم: مؤنث قسیم
عطردان۔ عطر فروش کا بکس۔ منڈی۔
بازار۔ خوبصورت چہرہ۔
اُقْسُومَة (ج اَقَاسِیم) ومَقْسَم
ومِقْسَم ج مَقَاسِم: نصیب۔ حصہ
مَقْسِم: واٹر ورکس۔
صَاحِبُ الْمَقَاسِم: بادشاہ کا نائب
مُقْسَمۂ: قسم۔

مُقسَم عَلَیهِ: منتر کیا ہوا۔
مُقَسَّم: غمگین۔ خوبصورت۔
مُقَسِّم: حصہ لینے والا۔ منتر کرنیوالا۔
اَقْسَن: کام سے سخت ہاتھوں والا ہونا۔
اِقْسَانَّ اِقْسِئْنَانًا وقُسَائِیْنَةً: سخت و خشک ہونا (لکڑی) سخت خشک و بوڑھا ہونا (آدمی) کالی ہونا (رات)
قَسَا ـُ قَسْوًا وقَسْوَةً و قَسَاوَةً وقَسَاءً: سخت و بے رحم ہونا۔ سیاہ ہونا (رات) کھوٹا ہونا (درہم)
قَسَّى وأَقْسَى: سخت کرنا (چیز کو)
قَاسَى: برداشت کرنا (تکلیف) سخت سلوک کرنا۔
قَسِیّ ج قِسْیَان وقَسِیَّات: کھوٹا (درہم)
— ج قَسِیُّون وقَاسٍ ج قُسَاة: سخت۔ مشکل۔
عَشِیَّة قَسِیَّة: سرد شام۔
قَاسِیَة: پاٹ۔ دھات یا مٹی کا برتن۔
مَقْسَاة لِلْقَلب: دل کو سخت کرنیوالا
قَشَّ ـُ قُشُوشًا: دبلا ہونے کے بعد تندرست ہونا۔ دبلے کی چال چلنا۔
— من مَرَضِه: وہ بیماری سے تندرست ہوا۔
قَشَّ ـُ قَشًّا: چننا۔ اکٹھا کرنا۔ ہاتھ سے ملنا۔ خشک ہونا (نباتات) جھاڑو دینا۔ (مکان کو) جھاگ اُتارنا (ہانڈی کی) صدقے کے ٹکڑے کھانا
قَشّ: چننا۔ خشک ہونا (نباتات)

قَشَّ وأَقَشَّ وانْقَشَّ: چلے جانا۔
قَشَّ وتَقَشَّشَ: ادھر اُدھر سے کھانا۔ اُٹھانا (گند)
تَقَشَّشَ: گھاس پات نکالنا (کھیت)
أَقَشَّ: بنجر ہونا (زمین)
— من: تندرست ہونا (بیماری سے)
قَشّ: ردی کھجور۔ بڑا ڈول۔ گھر کا کوڑا کرکٹ۔
قَشُّ البَحر: سمندری نباتات۔
قَشَّة: تنکا۔ ٹکڑا۔
قُشّ ج قُشُوش: گھونسلا۔ چھوٹا مکان۔
قُشَاشَى وقَشِیْش: ردی۔ کوڑا کرکٹ
قَشَّاش: ردی جمع کرنے والا۔ گرا ہوا حقیر کھانا اٹھا کر کھانے والا۔
قَشِیْش: سانپ کی حرکت کی آواز۔
قَشَب ـِ قَشْبًا وقَشَّب ب: زہر ملانا (خوراک میں)
قَشَبَهُ السّمّ: اس نے اس کو زہر پلایا۔
— : خراب کرنا۔ طعن کرنا۔ عیب لگانا (آدمی کو)
— وقَشَّب: نقصان دینا۔
— ب: مبتلا کرنا۔ (بدی میں)
قَشَبَهُ المَال: مال نے اس کی عقل کھو دی۔
— علی: افترا باندھنا۔
قَشُب ـُ قَشَابَةً: صیقل و سفید پانا۔ نیا ہونا۔ صاف ہونا۔
قَشِب وتَقَشَّب: پھٹی ہوئی ہونا (جلد)
تَقَشَّب: زنگار آلودہ ہونا (تلوار)

اِقْتَشَب: تعریف یا ذم حاصل کرنا۔
اِسْتَقْشَب: گندا سمجھنا۔
قَشْب: گند۔
قِشْب ج أَقْشَاب: زہر۔ زنگار۔ خوراک کا ردی حصہ۔ جان۔
رَجُل قِشْب خِشْب وقِشْبَة: کمینہ و ناکارہ آدمی۔
قِشْبَة: بے خیر چیز۔ بے برکت۔ کمینہ آدمی۔
قَشَب ج أَقْشَاب: زہر۔ جلد کی پھٹن۔
قَشِیْب ج قُشُب وقُشْب: نیا۔ صاف۔ سفید۔ گھسا ہوا۔ صیقل شدہ یا زنگار خوردہ (تلوار)
قُشْبَانِیَّة: پرانی چادر۔
مُقَشَّب: غیر خالص۔
حَسَبٌ مُقَشَّبٌ: مخلوط النسل۔
قَشْبَر ـ قَشْبَرَةً: لکڑی کے ٹکڑے چننا۔
قِشْبَارٌ وقُشَابِرُ اللّحیة: لمبی داڑھی والا۔
قُشْبُر: سر کی بھوسی۔ یا پپڑی۔
قَشَدَ ـُ قَشْدًا: چھیلنا۔
قِشْدَة: ایک بہت دودھ والا پودہ۔ پتلا مکھن۔ گھی کا تلچھٹ۔
قَشَر ـِ قَشْرًا وقَشَّر: چھیلنا۔
تَقَشَّر وانْقَشَر: چھل جانا۔
اقْتَشَر: ننگا ہونا۔
قِشْر ج قُشُور: چھلکا۔ لباس۔
— وقُشْرَة: ایک بالشت لمبی مچھلی
قَشَر: سخت سُرخ۔
قَشِر: موٹی چھال والا۔

القِشْرَان : ٹڈی کے پر۔
قُشْرَة و قُشْرَة : زمین کی سطح کو چھیل دینے والی بارش
— : منحوس۔
قِشْرَة : چھال۔ لباس۔
قَاشِر (م) قَاشِرَة : چھیلنے والا گھوڑ دوڑ میں سب سے آخری (گھوڑا)
قَاشُور و قَاشُورَة : تباہی کا سال۔ سخت قحط کا سال۔
قُشَارَة : اتارا ہوا چمڑا یا چھال۔
اَقْشَر (م) قَشْرَاء ج قُشْر : چھلکا اتارا ہوا۔ سخت سُرخ۔ گرمی کی وجہ سے چھیلی ہوئی ناک والا۔ بہت مانگنے والا۔
قَشْوَر : چہرہ کو صاف کرنے کی دوائی
مُقَشَّر و مُقْتَشِر : ننگا۔ صاف۔ واضح
مُقْشَر : اصرار سے مانگنے والا۔
قَشَطَ ـِ قَشْطًا : لاٹھی سے مارنا
— عن : اتارنا۔ (ڈھکنا) ننگا کرنا
قَشَطَ : پھسلنا (زمین)
— من الخِنْصِر : انگلی سے نکلنا (انگوٹھی)
قَشَّطَ : لوٹنا۔
تَقَشَّطَ و انْقَشَطَ : صاف ہونا۔ (آسمان) لاٹھی سے مار کھانا۔ مطاوع قَشَطَ۔ لُوٹا جانا۔
قَشْطَة : دودھ کی بالائی۔
قِشَاطٌ : انکشاف۔
قِشَاط : چمڑے کا تسمہ۔ پچھلی۔
مِقْشَط ج مَقَاشِط : چھیلنے کا آلہ چاقو۔ ریشم کے دھاگوں کو صاف کرنے کا اوزار۔

قَشَعَ ـَ قَشْعًا : بکھیرنا (قوم کو)
— و اَقْشَعَ : پراگندہ کرنا۔ (ہوا کا بادل کو)
قَشِعَ ـَ قَشَعًا : خشک ہونا۔
اَقْشَعَ و تَقَشَّعَ و انْقَشَعَ : اڑنا (بادل)
اَقْشَعَ : بکھرنا (قوم)
اِنْقَشَعَ : ختم ہونا (رات)
— و تَقَشَّعَ : بکھرنا۔
— عن : روانہ ہونا (قوم)
— عن القَلْبِ : دل سے دُور ہونا (فکر)
قَشْع ج قِشَع : خشک و بوسیدہ مشک خشک چمڑہ۔ خشک ہو کر پھٹی ہوئی مٹی آدمی جس کا گوشت بڑھاپے کی وجہ سے ڈھیلا پڑ جائے۔ بڑا ٹوکرا۔ نر لگڑ بگڑ۔
— ج قُشُوع : چمڑے کا خیمہ۔ بوسیدہ پوستین۔ احمق۔ شتر مرغ کے پر۔
قَشْع و قِشْع : اڑنے والا بادل۔
— و قِشْع و قُشْع : حمام کا کوڑا کرکٹ
قَشْعَة ج قِشَاع و قِشَعَة ج قِشَع : پراگندہ بادل۔ باقی ماندہ ٹکڑا بوسیدہ پوستین کی دھجی۔ خشک شدہ مٹی۔ یا چمڑے کا ٹکڑا۔
قَشِع : خشک۔ یابس۔ غیر مستقل مزاج۔
قِشَاع : چیتھڑا۔ بوسیدہ دھجی۔
قُشَاعٌ : مادہ لگڑ بگڑ کی آواز۔
قُشَاعَة : بلغم۔
قَشِيم : متفرق گھاس۔
قَشُوع : لیلا جس کو بکری نے چھوڑ دیا ہو۔

هُوَ اَقْشَعُ مِنْهُ : وہ اس سے زیادہ شریف ہے۔
تَقَوْشَعَ : بے اعتبار یا شکی ہونا
اِقْشَعَرَّ : کانپنا۔ سکڑنا۔ بے پھل ہونا۔ (سال) کھردرا ہونا۔ متغیر رنگ والا ہونا۔ ڈر سے کھڑے ہونا (بال)
قُشَعْرِيرَة : کپکپی۔ سکڑاہٹ
مُقْشَعِرّ ج قَشَاعِر و مُقْشَعِرُّون : کانپنے والا۔
قَشْعَمٌ ج قَشَاعِم : بوڑھا (آدمی یا گدھ) شیر۔ موٹا۔
اُمّ قَشْعَم : لڑائی۔ مصیبت۔ لگڑ بگڑ۔ مکڑی۔ موت۔ دیمک کا ٹیلہ
قِشْعَامٌ و قَشْعَمَانٌ و قُشْعُمَانٌ : بڑی نر گدھ۔ عمر رسیدہ۔
قِشْعَامَة : کڑی۔ جال۔
قُشْعُومٌ : چھوٹے جسم والا چیچڑی کلنی۔
قَشِفَ ـَ قَشَفًا و قَشُفَ ـُ قَشَافَةً و تَقَشَّفَ : گندہ جسم ہونا بد حال ہونا۔
قَشِفَ عَيْشُهُ : تنگ عیش بتانا۔
تَقَشَّفَ فی لِبَاسِهِ : پھٹے ہوئے گندے کپڑے پہننا۔
قَشِف و قَشْف و قَشِيف : بدحال گندے جسم والا۔
عَامٌ اَقْشَف : سخت سال
قِشْلَة و قِشْلَاق : بیرک۔ شفاخانہ
قَشْقَشَ من : تندرست کرنا۔
تَقَشْقَشَ : تندرست ہونا۔
قَشْقَشَة : گوشت کے بھوننے کی آواز۔

قَشَم ـُ قَشْمًا : زیادہ یا مزیدار
کھانا (خوراک) چیرنا (کھجور کے پتے)
قَشَم ـِ قَشْمًا فی : داخل ہونا
اِقْتَشَم : ادھر اُدھر سے کمانا -
قَشَم وقِشَم ج قُشُوم : پانی پینے
کی جگہ - پک کر سُرخ شدہ گوشت
قِشْم : طبیعت - جسم - حالت
ہیئت - چربی - اصل -
قَشَم وقَشَم : کچی کھجوریں -
قَشَام : اون کا کپڑا - پوستین
قُشَام وقُشَامَة : دسترخوان پر
کھانے کا ردی حصہ -
قَشِیم ج قُشُم : خشک سبزی -
— : موت -
قَشْمَر : پست قد - مضبوط -
موٹا -
قِیشَانِیّ : چینی کا برتن -
قَشَا ـُ قَشْوًا وقَشْیًا : چھال
اُتارنا (لکڑی کی) کیچلی اُتارنا (سانپ)
بالائی اُتارنا - پونچھنا (چہرہ)
اَقْشَی : مفلس ہوجانا -
قَشْوَة ج قَشَوَات وقِشَاء
کھجور کے پتوں کی ٹوکری -
قَشْوَة : بالائی - جھاگ -
قَشْوِیَّة : تنکوں کی ٹوکری -
قَاشِ : کھوٹا روپیہ -
قَشْوَان (م) قَشْوَانَة : کمزور
(آدمی)
مَقْشُوّ ومَقْشِیّ ومُقَشّی :
چھیلا ہوا -
قَصّ ـُ قَصًّا وقَصَّص : کاٹنا
(بال وغیرہ)

— واَقَصّ : حاملہ معلوم ہونا (مادہ)
— واَقَصّ : اچانک آجانا (موت)
قَصّ ـُ قَصَصًا علی : بیان کرنا
قَصّ ـُ قَصًّا وقَصَصًا وتَقَصَّص
واقْتَصّ : پیروی کرنا -
قَصّ لِفُلَانٍ الطَّرِیقَ : اس نے
فلاں کو راستہ دکھایا -
قَصَّص : پلستر کرنا (دیوار کو) ٹکڑوں
میں کاٹنا -
قَاصّ مُقَاصَّةً وقِصَاصًا :
بدلہ لینا - سزا دینا - حساب صاف کرنا
اَقَصّ ھُزَالًا : دُبلا یا تھکا ہوا ہونا
(جانور)
اَقَصّ مِن : انتقام لینا -
تَقَصَّص : یاد رکھنا (کلام)
تَقَاصّ : ایک دوسرے سے انتقام لینا
اِنْقَصّ : کٹ جانا -
اِقْتَصّ : روایت کرنا (حدیث)
— من : انتقام لینا -
اِسْتَقَصّ : انتقام لینے کی درخواست
کرنا -
قَصّ : تراش - کتر -
— وقَصَص : چھاتی یا اس کی ہڈی
قَصّ وقَصَّة (بجائے جِصّ و
جِصَّة) ج قِصَاص : چونا سیمنٹ
قِصَّة ج قِصَص واَقَاصِیص
بات - بیان - کہانی - وقوعہ - حالت
قُصَّة ج قُصَص وقِصَاص :
پیشانی کے بال - بالوں کی زلف -
قِصَاص : جزا - سزا - پورا پورا
بدلہ -
قُصَاص : سر کا پچھلا حصہ -

قُصَاصَة : ناخن یا بالوں کی تراش
قَصِیص : چھاتی کا بالوں والا حصہ
— وقَصِیصَة ج قَصَائِص :
ایک روئیدگی جس سے سر دھوتے
ہیں -
عَالِم بِمَنْبَتِ القَصِیص :
وہ اپنی ضرورت کو پورا کرنے کا مقام
جانتا ہے -
قَاصّ وقَصَّاص : بیان کرنے والا
قصہ کرنے والا -
مُقَصَّص : چوٹی کے بالوں والا -
چوٹی کے کٹے ہوئے بالوں والا -
(گھوڑا)
مَقَصّ : کھوج - نشان
مِقَصّ ج مَقَاصّ : قینچی -
اَبُو مَقَصّ : کانوں والی ٹوپی -
قَصَب ـِ قَصْبًا واقْتَصَب :
کاٹنا -
قَصَّب : علیحدہ علیحدہ جوڑ کرنا (قصاب
کا بکری کو)
— ـِ قَصْبًا وقُصُوبًا : پانی پینے
سے روکنا یا رکنا (اُونٹ) گالی دینا -
— وقَصَّب : گالی دینا -
قَصَّب : نرکل والی ہونا (زمین)
گھنگریالے بنانا (بال) کاٹنا (پتھر)
کشیدہ کاڑھنا (کپڑے پر) گردن سے
ہاتھ باندھنا -
اَقْصَب : نرکل والی ہونا (جگہ) پانی
پینے سے رکنے والے جانوروں والا ہونا
قُصْب ج اَقْصَاب : پیٹ - آنت
قَصَب : نرکل - پوربدار پودا - ہاتھ
اور پاؤں کی انگلیوں کی ہڈیاں - ہر

گول و مستطیل خولدار ہڈی - نلی - نالی
بانسری - پھیپھڑے کی نالیاں - سونے
یا چاندی کا دھاگا -
قَصَبُ السُّکَّرِ و قَصَبُ المَصِّ
گنّا -
اَحْرَزَ قَصَبَ السَّبَقِ : وہ غالب
آگیا - دوسروں سے آگے بڑھ گیا -
قَصَبَةٌ : کنواں یا اس کا وسط - ناک
کی ہڈی - ملک کا بڑا حصہ - ڈنڈا
$12\frac{1}{2}$ فٹ کا ایک پیمانہ - دارالامارت
بڑا شہر -
قَصَبَةُ الرِّئَةِ : سانس کی نالی
قَصَبَةُ المَرِیْئِ : کھانے کی
نالی -
قَصَبِیٌّ ج قَصَبٌ : باریک السی
کا کپڑا -
قَاصِبٌ ج قُصَّابٌ : مرلی بجانے
والا - قصاب - بہت گرجنے والا رعد
قَاصِبٌ و قَصِیْبٌ : پانی پینے
سے رکنے والا -
قِصَابٌ : پشتہ -
قَصَّابٌ : بانسری بجانے والا -
بوچڑ یا قصاب - زمین کی پیمائش
کرنے والا -
قُصَّابَةٌ : بانسری - گالی دینے والا
قُصَّابَةٌ (ج قُصَّابٌ) و تَقْصِبَةٌ
و تَقْصِیْبَةٌ ج تَقَاصِبُ و
تَقَاصِیْبُ : گھنگریالے بالوں کی
زلف -
قَصِیْبَةٌ ج قَصَائِبُ : بانسری
نرکل کی پوری -
قِصَابَةٌ : بانسری بجانیکا پیشہ -
قصاب کا پیشہ -
مُقَصَّبٌ : گھنگریالے (بال)
مَقْصَبَةٌ : نرکل اگنے کی جگہ -
اَرْضٌ مِقْصَابٌ و مَقْصُبَةٌ :
بہت نرکلوں والی زمین -
مُقَصِّبٌ : گوئے سبقت لیجانے
والا -

قَصَدَ ـِ قَصْدًا اِلٰی و لِ
و اِلَیَّ : ارادہ کرنا - جانا -
قَصَدَ اِلیٰ : اعتماد کرنا -
— و قَصَدَ لَہٗ : وہ اس کی طرف
گیا -
— و قَصَّدَ : توڑنا -
قَصَدَ و اقْتَصَدَ فِیْ : میانہ روی
اختیار کرنا -
اِقْتَصَدَ فِی النَّفَقَۃِ : متوسط
خرچ کرنا -
— فِی الْحَمَلِ : کام میں قائم رہنا
قَصَدَ و قَصَّدَ و اَقْصَدَ :
نظم بنانا -
قَصَّدَ الْقَصَائِدَ : قصائد کو درست
کرنا -
اَقْصَدَ : بے خطا نیزہ مارنا - ڈس کر
ہلاک کرنا (سانپ)
اَقْصَدَہُ السَّھْمُ : اس کو تیر نے
اسی جگہ قتل کر دیا -
اَقْصَدَ نِیْ اِلَیْکَ الْاَمْرُ : ضرورت
نے مجھے تیرے پاس آنے پر آمادہ کیا
تَقَصَّدَ : مرنا (کتا وغیرہ) جگہ پر مار دینا
— و انْقَصَدَ : ٹوٹ جانا (نیزہ)
قَصْدٌ : ارادہ - سدھائی (راستہ کی)
میانہ روی -
سَاجِلٌ قَصْدٌ : درمیانے جسم کا
آدمی -
اِنَّہٗ عَلیٰ قَصْدٍ : وہ ہدایت
پر ہے -
ھُوَ قَصْدُکَ : وہ تیرے سامنے
عَلَی اللّٰہِ قَصْدُ السَّبِیْلِ :
حق کی طرف پہونچانے والے سیدھے
راستے کا بیان کرنا اللہ کے ذمہ ہے
قَصَدٌ : خاردار پودہ - نرم
شاخیں
قَصَدَۃٌ : مفرد قَصَدٌ - بھوک -
قَصِدٌ و قَصِیْدٌ و اَقْصَادٌ :
ٹوٹا ہوا (نیزہ)
قِصْدَۃٌ ج قِصَدٌ : ٹکڑا -
قَصِیْدٌ : تین سے لیکر زائد شعروں
کی نظم - گودے والی ہڈی - گودے
سے پر - خشک گوشت - ڈنڈا -
موٹی نوجوان اونٹنی -
قَصِیْدَۃٌ ج قَصَائِدُ و قَصِیْدٌ
سات یا دس شعروں سے زائد کی
نظم - ڈنڈا - مفرد قَصِیْدٌ -
قَاصِدٌ ج قُصَّادٌ : آسان و قریب
(سفر)
طَرِیْقٌ قَاصِدٌ : سیدھا راستہ
بَیْنَنَا وَ بَیْنَ الْمَاءِ لَیْلَۃٌ قَاصِدَۃٌ
ہمارے اور پانی کے درمیان چھوٹا سا
رات کا سفر ہے -
اِقْتِصَادٌ : میانہ روی - پولیٹیکل اکانومی
مُقَصَّدٌ : بیمار ہو کر جلدی مرنیوالا -
مَقْصَدٌ و مَقْصِدٌ (ج مَقَاصِدُ)
و مَقْصُوْدٌ ج مَقَاصِیْدُ : ارادہ
مدعا - قصد کرنے کی جگہ -

مُقتصِد و مُقتَصِد: درمیانہ
جسم والا- جو نہ دُبلا ہو- اور نہ بہت موٹا
مُقصَّدةٌ: اُونٹ کے کانوں کے
اندر کی علامت-
قَصدِیر: قلعی-
قَصدِیرَۃ: قلعی کا ٹکڑا-
قَصَرَ ـُ قُصُوراً: ناقص ہونا
ارزاں ہونا (چیز)
ـــ عن: چوک جانا (تیر نشانہ سے)
ـــ و تَقَصَّرَ عن: چھوڑ دینا- رک
جانا- ناقص ہونا- کرنے کے ناقابل
ہونا- دھیما ہونا (غضب)
قَصَرَ ـِ قَصْراً و قَصَّرَ: کم کرنا-
چھوٹا کرنا- سفید کرنا- (کپڑا)
قَصَرَ و مِن و اَقْصَرَ مِن: قصر کر
(نماز میں)
قَصَرَہٗ فی بَیْتِہٖ: اس نے اس
کو اس کے گھر میں قید کر دیا-
ـــ ہٗ علی اَمْرٍ: اس نے کام کو
اس کے سپرد کیا-
ـــ علی: محدود کرنا-
قَصِرَ ـَ قَصَراً: گردن میں درد
محسوس کرنا- خشک گردن والا ہونا-
قَصُرَ ـُ قِصَراً و قَصَراً و
قَصَارَۃً: چھوٹا ہونا-
قَصُرَت یَدُہٗ: وہ بخیل ہو گیا یا
ناقابل ہو گیا-
قَصَّرَ فی: کوتاہی کرنا-
ـــ العَطِیَّۃَ: اس نے تھوڑی
بخشش کی-
قَاصَرَ: سزا دینا-
اَقْصَرَ: شام کے وقت میں ہونا- بوڑھا
ہونا (جانور) چھوٹے قد کے بچے دینا-
ـــ و تَقَاصَرَ عن: غفلت کرنا- کوتاہی
کرنا-
تَقَصَّرَ: سکڑنا- چھوٹا بننا-
ـــ ب: محبت کرنا- بہانہ کرنا-
تَقَاصَرَ: چھوٹا ہونے کا بہانہ کرنا-
ـــ عن: ناقابل ہونا- کوتاہی کرنا-
اِقْتَصَرَ علی: کفایت کرنا-
اِستَقْصَرَ: چھوٹا سمجھنا-
قَصْر و قِصَر: چھوٹا پن-
قَصْر و قَصَر و قُصْرَۃ و قَصَار
و قُصُور: غفلت کوتاہی سستی-
قَصْر ج قُصُور: محل- پتھروں کا
گھر-
قَصْر و قَصَار و قُصَار و قُصَاری
آخری حد- کوشش-
قَصْرُک و قَصَارُک و قُصَارُک
و قُصَارَاک ان تَفْعَل ھٰذا:
تیری کوشش کا انتہا یہ ہے- کہ تو یہ
کرے-
ھُوَ ابْنُ عَمّی قُصْرَۃً و قَصْرَۃً و
قَصِیرَۃً و مَقْصُورَۃً: وہ میرا
قریبی چچازاد ہے-
قَصَر: گردن کا درد- اکڑی ہوئی گردن-
ـــ و قَصَرَۃ و قِصْرَی و قُصَارَۃ
بھوسی جو چھلنی میں باقی رہتی ہے- گندم
کی گانٹھیں جو دانے کے بعد رہ جاتی
ہیں-
قَصَرَۃ و قُصَارَۃ و قِصْرِیّ:
بالیوں میں باقیماندہ دانے-
قَصَرَۃ ج قَصَر و اَقْصَار و
قَصَرَات: گردن کی جڑ- لوہے یا
لکڑی کا ٹکڑا-
قُصَارَۃ: پرائیویٹ کمرہ- وسیع
حویلی-
ـــ الاَرْض: زمین کا عمدہ ٹکڑا-
قِصَارَۃ: دھوبی کا پیشہ- پست
قد عورت-
قَوْصَرَۃ و قَوْصَرَّۃ: کھجوروں
کی ٹوکری-
قَصْرِیَّۃ: کمرے کا برتن-
قَیْصَر ج قَیَاصِرَۃ: روم کے
بادشاہوں کا لقب- شہنشاہ-
قَیْصَرِیٌّ ج قَیَاصِر و قَیَاصِرَۃ
بڑا-
قَیْصَرِیَّۃ: تین قصبوں کا نام-
بازار- عمارت جس کے گرد ڈیوڑھیاں
یا دکانیں ہوں-
تِقْصَارٌ و تِقْصَارَۃ ج
تَقَاصِیر: مالا-
قَاصِر (م) قَاصِرَۃ: چھوٹا-
دور کا (پانی) آنکھ کی پتلی-
قَاصِر و قَصِیر الیَد: بخیل-
بے طاقت
قَاصِرَات الطَّرْف: عورتیں
جن کی نظر خاوندوں پر ہی رہے- یعنی
پاک دامن ہوں-
قَصِیر ج قِصَار و قُصَرَاء:
چھوٹے قد والا- چھوٹا-
ـــ النَّسَب: تھوڑی نسب والا-
قَصِیرَۃ ج قِصَار و قَصِیرَات
و قَصَائِر: پردہ میں رہنے والی-
قَصُورَۃ: پردہ میں رہنے والی-
قَصَّار: دھوبی-

اَقْصَرُ ج اَقَاصِرُ و اَقْصَرُونَ (م)
قُصْرَیٰ ج قُصَر: زیادہ چھوٹا۔
الاَقْصَر: لکسر کا مندر جو مصر میں ہے
اَقْصَر (م) قَصْرَاءُ ج قُصْر: گردن کی شکایت والا
مِقْصَر و مِقْصَرَۃ: دھوبی کی موگری
مَقْصِر و مَقْصَر و مَقْصَرَۃ: شام کا وقت۔
لَیْسَ عَنْہُ مِن مَقْصَر: اس سے بچنا محال ہے۔
المَقَاصِر و المَقَاصِیْر: شام کے آخری منٹ۔
مَقَاصِیْرُ الطَّرِیق: راستے کے اطراف۔
ھُوَ مُقَاصِرِی: اس کا محل میرے محل کے سامنے ہے۔
مَقْصُور: چھوٹا کیا ہوا۔ سفید کیا ہوا۔ درخت کی جڑ ھ۔ سفید کپڑا یا موم۔
مَقْصُورَۃ ج مَقَاصِیْر: گھر کے اندر پردہ والی عورت۔ کمرہ۔ پالکی۔ وسیع محفوظ گھر۔

قَصَعَ ۔ قَصْعًا: پانی کا گھونٹ نگلنا۔ پیسنا (چکی۔ دانے)
—: ناخن سے مارنا (جوں) سر پر تھپڑ مارنا۔ ذلیل و حقیر کرنا۔
— ب: بھر جانا (خون سے زخم)
— الشَّیْطَان فی قَفَاہُ: وہ بدخلق یا ناراض ہوا۔
— و قَصَّعَ: رہنا (گھر پر) بجھانا (پانی۔ پیاس)
قَصِعَ ۔ قَصَعًا و قَصُعَ ۔ قَصَاعَۃً: چھوٹے قد کا رہنا (بچہ)
قَصَّعَ: اگنا (بیج) بل کا منہ بند کرنا۔ (چھچھوندر)
— فی: لپٹنا (کپڑوں میں)
— من: باہر نکلنا۔
تَقَصَّعَ ب: بھرنا۔
قَصْعَۃ ج قَصَعَات و قِصَع و قِصَاع: دس آدمیوں کی خوراک کا لکڑی کا پیالہ۔
قُصْعَۃ (ج قُصَع) و قُصَعَۃ و قُصَعَاء و قُصَاعَۃ و قَاصِعَاء ج قَوَاصِع و قُصَیْعَاء: چھچھوندر کا بل۔ نوجوان لڑکا۔
قَصِع و قَصِیع و مَقْصُوع: قد میں چھوٹا رہنے والا (بچہ)
مِقْصَع: تیز (تلوار)
اِقْصَعَلَّتِ الشَّمْسُ: سورج سر پر آگیا۔

قَصَفَ ۔ قَصْفًا و قَصَّفَ: توڑنا
تَقَصَّفَ: ٹوٹنا۔
قَصَفَ ۔ قَصْفًا و قُصُوفًا و اَقْصَفَ: عیش و عشرت کرنا۔ بہت کھیل کود میں رہنا۔
قَصَفَ ۔ قَصْفًا و قَصِیْفًا: گڑگڑانا (رعد) کراہنا (اونٹ)
— قَصْفًا: توڑنا۔ ٹوٹنا
قَصِفَ ۔ قَصَفًا: نازک و کمزور ہونا (لکڑی) دو برابر حصوں میں ٹوٹنا یا چرنا۔ (نیزہ) لمبی ہو کر جھکنا (نباتات) کمزور ہونا (آدمی) نصف ٹوٹنا (کپلی)
قَصَّفَ: توڑ دینا۔
اَقْصَفَ: نازک و نرم ہونا (لکڑی)
اَقْصَفُوا عَنْہُ: انہوں نے اس کو عاجز ہو کر چھوڑ دیا۔
تَقَصَّفَ: ملنا۔ کھیلنا۔ ٹھٹھا کرنا۔
تَقَصَّفَ و اِنْقَصَفَ: ٹوٹنا۔
— علی: اکٹھا ہونا۔
تَقَاصَفَ: اکٹھا ہونا۔ بھیڑ کرنا۔ (لوگ)
— و اِنْقَصَفَ علی: حملہ کرنا۔ پے در پے آنا۔
اِنْقَصَفَ: رواں ہونا (سیلاب)
اِنْقَصَفَ عن: چھوڑ دینا۔
قَصْف و قُصُوف: عیش و عشرت و کھیل کود میں رہنا۔
قَصْفَۃ: گروہ کی بھیڑ۔
— ج قَصْف و قُصْفَان: سیڑھی درجہ۔ ریت کا علیحدہ قطعہ۔
قَاصِف (م) قَاصِفَۃ: تیز چلنے والی (ہوا) گڑگڑانے والا (رعد)
قَصِف: آسانی سے ہل جانیوالا۔ منکسر۔
قَصِفُ البَطْن: بھوک برداشت کرنے کے ناقابل۔
قَصِف و قَصِیْف: دو حصوں میں ٹوٹا ہوا۔
اَقْصَف (م) قَصْفَاء ج قُصْف: شکستہ دانتوں والا۔
مَقْصَف ج مَقَاصِف: کھانے پینے و کھیل کود کی جگہ۔ جوا خانہ۔

قَصْقَصَ: توڑنا۔ کاٹنا (مال)
— بالجَرْوِ: اس نے پلے کو بلایا
تَقَصْقَصَ: یاد کرنا (کلام) کھوج کی

پیروی کرنا۔
حَیَّۃٌ قَصْقَاصٌ و قُصَاقِصٌ : زہریلا خوفناک سانپ۔
قُصَاقِص ج قَصَاقِصُ و قُصَاقِصَات مضبوط اور بڑا (شیر۔ اُونٹ)
قُصْقُصٌ و قُصْقُصَۃ ج قَصَاقِص موٹا یا چھوٹا (آدمی یا شیر)
قَصْقَصٌ : سینے کے بالوں کی جگہ۔ آواز۔
قَصَلَ ـِ قَصْلًا و اِقْتَصَلَ : کاٹنا۔ داسنا (گیہوں)
ـــ و علی : سبز جو کا چارہ دینا (مویشی کو)
تَقَصَّلَ و اِنْقَصَلَ و اِقْتَصَلَ : ٹوٹنا۔ کٹ جانا۔
اِقْتَصَلَ بِ : قبضہ پانا۔ اقامت کرنا (جگہ میں)
قَصْل : ٹھہراؤ۔
ـــ و قِصْل و قَصَل و قُصَالَۃ : گیہوں یا جو کا ردی حصہ۔ جو صاف کرنے کے بعد پھینکا جاتا ہے۔
قِصْل : بے خیر۔ نادان۔ کمزور۔
قَصْلَۃ و قِصْلَۃ : اونٹوں کا ریوڑ۔
قَاصِل و قَصَّال و مِقْصَل : تیز (تلوار)
لِسَانٌ مِقْصَل : تیز زبان۔
قَصَّال : شیر۔
قَصِیْل : چارے کے لئے سبز کاٹے ہوئے جو یا گندم۔ جماعت
قَصَمَ ـِ قَصْمًا : توڑنا۔
تَقَصَّمَ و اِنْقَصَمَ : ٹوٹنا
قَصَم : اگلے دانت کا نصف سے ٹوٹنا۔ ٹڈی کے انڈے۔

قِصْم ج اَقْصَام و قِصْمَۃ و قُصْمَۃ : ٹکڑا
قَصْمَۃ : سیڑھی کا درجہ۔
قَصِم و قَصِیم : کمزور جلدی ٹوٹنے والا۔
قُصَم : سب کچھ توڑنے والا۔
قَصِیمَۃ ج قَصِیم و قُصُم و قَصَائِم ریتلی جگہ جس میں کثرت سے جھنڈکے درخت ہوں۔
اَقْصَم (م) قَصْمَاء ج قُصْم : جس کا اگلا دانت نصف سے ٹوٹا ہوا ہوا
قَصْمَل : حرص سے کھانا۔ کاٹنا چھوٹے قدموں سے چلنا۔ پچھاڑنا۔
قَصْمَل و قِصْمِل و قُصَمِل : مضبوط ہٹا کٹا۔
قِصْمِلٌ : شیر
قَصْمَلَۃ : داڑھ کا کیڑا۔
قَصْمَلِی : سخت۔
قَصَا ـُ قَصْوًا و قُصُوًّا و قَصًا و قَصَاءً و قَصِیَ ـَ قَصًی : دُور ہونا (جگہ)
ـــ و تَقَصَّی عن : بہت دُور ہونا۔
قَصَا ـُ قَصْوًا و قَصَّی تَقْصِیَۃً تھوڑا سا کنارے سے کان کاٹنا (اُونٹنی کا)
قَصَّی : تراشنا (ناخن)
قَاصَی : دُور کرنا۔
اَقْصَی : دور کرنا آخیر تک پہونچنا۔ فوج کا ایک پہلو کی حفاظت کرنا۔
تَقَصَّی و اِسْتَقْصَی و فی : تہہ کو پہونچنا (بحث کی) پورا پورا مطالعہ کرنا احتیاط سے انتظام کرنا
اِسْتَقْصَی : دریافت کرنا تحقیقات کرنا

هُوَ فی قُصَاهُ : وُہ اپنے ملک میں ہے
حُطْنِی القَصَا : مجھ سے دور ہو جا۔
قَصَا : کنارہ۔ دور کا نسب۔
ذَهَبْتُ قُصَاهُ : میں اس کی طرف گیا
قَصَا و قَصَاءُ الدار : گھر کا صحن۔
قَصْوَۃ : جانور کے کان پر کا نشان۔
قَصِیّ ج اَقْصَاء (م) قَصِیَّۃ ج قَصَایَا : بعید۔ دُور۔
قَاصٍ ج اَقْصَاء و قَاصُون : بہت دُور۔
قَاصِیَۃ ج قَوَاصٍ : مؤنث قاصی کنارہ۔ بوڑھا (بکرا) ملک۔ زمین۔
بُوقِیْصَاء : ایلم کا درخت۔
اَقْصَی (م) قَصْوَاء : بہت دُور۔ کان کٹا ہوا۔
اَقْصَی ج اَقَاص (م) قُصْوَی و قُصْیَا ج قُصًی : زیادہ دور
قُصْوَی و قُصْیَا : وادی کا کنارہ۔
الغَایَۃ القُصْوَی : اخیری حد۔
مَقْصُوٌّ و مَقْصِیٌّ و مُقَصًّی : اُونٹ جس کے کان کا تھوڑا سا کنارہ کٹا ہوا ہو۔
قَضَّ ـُ قَضًّا : سوراخ کرنا۔ کوٹنا پیسنا۔ اکھیڑنا (میخ) گرانا (دیوار)
ـــ علی : برخلاف بھیجنا یا پھیلانا۔ (سوار)
ـــ و اَقَضَّ : چینی بکھیرنا (کھانا پر)
قَضَّ ـِ قَضِیْضًا : تڑکنا۔ چٹخنا۔ (تسمہ)
قَضَّ ـَ قَضَضًا و اَقَضَّ و اِسْتَقَضَّ کنکر دار ہونا (کھانا یا جگہ)
ـــ من الطَّعَام : کنکروں والی ہونا (خوراک)

اَقَضَّ: چبھنا (ردی) سخت ہونا۔
(لیٹنے کی جگہ) سخت بنانا (جگہ کو)
تَقَضْقَضَ و اِنْقَضَّ: نیچے کو جھپٹنا
(پرندہ)
اِنْقَضَّ: ٹوٹنا۔ پھٹنا۔ گرنا (دیوار)
— علی: ٹوٹ پڑنا۔ (سواروں کا
دشمن پر)
اِنْقَاضَّ: ٹوٹنا۔ گرنا
اِسْتَقَضَّ: کھردرا پانا (بستر)
قِضْ: گھٹنی کے کڑکڑانے کی آواز
قَضّ و قَضَض: چھوٹے چھوٹے
کنکر۔
قَضَضُ: بستر کے اوپر پڑی ہوئی
مٹی۔
قِضّ و قَضِيْض: کنکروں سے
بھری ہوئی جگہ۔
جَاءَ الْقَوْم قَضُّهُم وَقَضَّهُم
وَ قَضَضُهُمْ وَقَضِيْضُهُم و
بِقَضِيْضِهِم: وہ سب آگئے۔
قِضَّة و قِضَّة: چھوٹے کنکر
قَضَّة ج قِضَاض: تہ بتہ چیٹا
چھوٹا ٹیلہ۔ چھوٹے کنکر۔ چیز
کا بقیہ۔ سوت کی چھوٹی انٹی۔
قِضَّة: مونث قِض۔ جنس
چھوٹے چھوٹے کنکر۔ کنوارا پن
قُضَّة و قُضَّة: عیب۔ برائی
اَقَضّ (م) قَضَّاء: سخت کنکروں
والی مٹی۔ سخت مضبوط (زرہ)
قَضِئَ ــ قَضأً: گھسنا (چمڑہ)
سُرخ ہونا (آنکھ)
— قَضأً و قَضَاءَةً: خراب
ہونا۔ بدبودار ہونا۔

— قَضْأً: کھانا۔
اَقْضَأَ: کھانا کھلانا۔
تَقَضَّأَ مِن: ادنے وکمینہ سمجھنا۔
قَضِئٌ (م) قَضِئَة: خراب۔ بودار
قَضْأَةٌ و قُضْأَةٌ: عیب۔ فساد
عار۔
قَضَبَ ـِ قَضْبًا: چھڑی سے
مارنا۔ کاٹنا۔
— و اقْتَضَبَ: نہ سدھائے
ہوئے جانور پر سوار ہونا۔
قَضَبَ و قَضَّبَ و اقْتَضَبَ:
کاٹنا (شاخ)
قَضَّبَ: شاخ تراشنا (انگور کی)
— و تَقَضَّبَ: شعاعیں پھیلانا
(سورج)
اَقْضَبَ: غذا والے پودے پیدا
کرنا (زمین)
تَقَضَّبَ و انْقَضَبَ: تراشا جانا
اِنْقَضَبَ: حرکت کرنا (ستارہ)
اِقْتَضَبَ: فی البدیہہ بولنا۔
قَضْب: لمبی شاخوں والا درخت
کٹی ہوئی شاخیں۔ غذائیت والا
پودہ۔ ایک درخت جس سے کمانیں
بناتے ہیں۔
قَضْبَة ج قَضَبَات: کمان۔ تیر
چھڑی۔
— ج قَضْب: غذائیت والا
پودہ۔ ساگ پات۔
قَضْبَة: دیوڑ۔ گلہ۔ لطیف و
سبک۔
قَضِيْب ج قُضْبَان: کٹی ہوئی
شاخ۔ چھڑی۔

— ج قُضُب: تیز (تلوار) کمان
جو ثابت چھڑی کی بنائی گئی ہو۔
قُضَابَة: تراشیں۔ لکڑی کے
ٹکڑے۔
قَاضِب ج قَوَاضِب و قُضَّاب
و قَضَّابَة و مِقْضَب: بہت
تیز (تلوار)
قَضَّابَة: چست (آدمی)
مِقْضَب و مِقْضَاب: درانتی۔
مِقْضَاب: بہت ساگ پات والی
(زمین)
مَقْضَبَة: ساگ پات اُگنے کی
جگہ۔
مُقْتَضَب: نہ سدھایا ہوا۔
فی البدیہہ (کلام) ایک بحر کا نام
قَضَعَ ـَ قَضْعًا: مقہور کرنا۔
ماتحت کرنا۔ سدھانا۔
تَقَضَّعَ و انْقَضَعَ: کٹ کر بکھرنا
اِنْقَضَعَ عن: دور ہونا۔
قَضْع و قُضَاع و تَقْضِيْع:
پیٹ کا درد۔
قُضَاع و قُضَاعَة: آٹے کی گرد
دیوار سے گرنے والا کوڑا کرکٹ۔
قُضَاعَة: تیندوا (ایک درندہ)
قَضْعَمٌ: گرے ہوئے دانتوں
والا بوڑھا۔
قَضُفَ ـُ قَضَافَةً و قَضَفًا
و قِضَفًا: نحیف اور پتلا ہونا۔
قَضَف: پتلے پتھر۔
قَضَفَة: بھٹ تیتر کی طرح کا
ایک پرندہ۔
— ج قَضَف و قِضَاف و قُضْفَان

ریت کا ٹیلہ۔
قَضَفَة: ریت کا تھوڑا سا لمبا اُٹھا ہوا قطعہ۔
قَضِیْف ج قِضَاف وقُضْفَان: پتلا و نازک۔
قَضْقَضَ قَضْقَضَة: پھاڑ نا چیرنا۔ (شیر کا شکار کو) ٹوٹنے کے وقت آواز دینا (ہڈی)
تَقَضْقَضَ: ٹوٹنا۔ چُور چُور ہونا۔
قُضْقَاضٌ وقُضَاقِضٌ: شیر۔
قَضْقَاض: ہموار زمین۔
قَضِمَ ـَ و قَضَمَ ـِ قَضْمًا: دانتوں کے کناروں سے چبا کر کھانا۔
قَضِمَ ـَ قَضَمًا: شکستہ اطراف وسیاہ ہونا۔ (دانت) ٹوٹنا (دانت) کند ہونا (تلوار)
قَاضَمَ مُقَاضَمَةً: تھوڑا تھوڑا کرکے خریدنا۔
اَقْضَمَ: دانہ کھلانا (جانور کو)
ــــ واسْتَقْضَمَ: ایام قحط میں تھوڑی خوراک جمع کرنا۔
قَضَم: تلوار کے پھل کا دندانہ۔ تلوار
قُضْمَة وقَضَام وقَضِیْم ومَقْضَم دانتوں کے نیچے کڑکڑانے والی خشک چیز۔
مَا ذُقْتُ قُضْمَةً اَو قَضَامًا اَو مَقْضَمًا: میں نے ذرا بھی نہیں چکھا۔
قَضِم وقَضِیْم و اَقْضَم (م) قَضْمَاء ج قُضُم: دندانہ دار تلوار۔ شکستہ دانت
قَضِیْم ج قُضُم: چمڑہ۔ لکھنے کا سفید چمڑا۔ دھوڑی۔ کمایا ہوا چمڑا۔ جو چیز دانت کے نیچے چبائی جائے۔ چاندی جو۔ چمڑے کا بیگ

قَضَی ـِ قَضَاءً: فیصلہ کرنا۔ اندازہ کرنا۔ ادا کرنا (قرض) ادا کرنا (نماز)
قَضَی وَطَرَہٗ: وُہ اپنی مراد کو پہونچ گیا۔
ــــ ل: کسی کے لئے فیصلہ کرنا۔
ــــ علی: مقرر کرنا۔
قَضَی وقُضِیَ اَجَلَہٗ اَو نَحْبَہٗ: وُہ مر گیا۔
ــــ اِلی: بیان کرنا یا پہونچانا۔
ضَرَبَہٗ فَقَضَی عَلَیْہِ: اس نے اس کو مار کر قتل کر دیا۔
قَضَی مِنْہُ العَجَب: اس نے بہت تعجب کیا۔
قَضَی ـِ قَضْیًا وقَضَاءً وقَضِیَّة بَیْن: فیصلہ کرنا۔
قَضَی علی: برخلاف فیصلہ دینا۔
قَضَی ل: بری کرنا۔ حق میں فیصلہ دینا
ــــ الشیَ: چیز کو واضح کر کے بیان کرنا۔
قَضَّی تَقْضِیَة وتِقِضَّاءً: پوری کرنا (مراد) جاری کرنا (کام) قاضی مقرر کرنا
قَاضَی: قاضی کے پاس بلانا۔
ــــ ہٗ علی مَالٍ: مال پر صلح کرنا۔
تَقَضَّی: ختم ہونا۔ مکمل ہونا۔ پورا ہو جانا
تَقَضَّی (بجائے تَقَضَّضَ) جھپٹنے کے لئے نیچے کو کودنا (باز)
تَقَاضَیَا: دونو حاکم کی طرف فیصلہ لے گئے۔
تَقَاضَی واقْتَضَی: تقاضا کرنا (قرض کا)
اِنْقَضَی: ختم ہونا۔ فنا ہونا۔
اِنْقَضَی نَحْبُہٗ: وُہ مر گیا۔
اِقْتَضَی: ضروری ہونا۔ مناسب ہونا چاہنا۔
اِسْتَقْضَی: طلب کرنا (قرض) فیصلہ چاہنا۔
اُسْتُقْضِیَ: جج مقرر کیا جانا
قَضًی وقَضَاء ج اَقْضِیَة: حکم۔ ادائیگی۔ قسمت۔
قَضِیٌّ: موت۔ جلدی فیصلہ کرنیوالا
قَضِیَّة ج قَضَایَا: فیصلہ۔ واقعہ چیز۔ مقدمہ۔ عبارت از کلام۔
قِضَة ج قِضًی وقِضَات: ایک قسم کا ترش پودا۔
قَاضٍ ج قُضَاة: جج۔ مجسٹریٹ
قَاضِی القُضَاة: چیف جسٹس۔
سَمٌّ قَاضٍ: قاتل زہر۔
قَاضِیَة: موت۔
قَضَّاءٌ: فیصلہ کنندہ۔ ثالث۔ مضبوط زرہ۔
بِمُقْتَضَی: مطابق۔
قَطَّ ـِ قَطًّا وقُطُوطًا وقَطَطًا: چڑھنا (نرخ)
قَطَّ ـُ قَطًّا واقْتَطَّ: قط لگانا تراشنا (گھوڑے کے ناخن)
قَطَّ عن: رک جانا۔
قَطَّ وقَطِطَ ـَ قَطَطًا وقَطَاطَةً چھوٹے و گھنگریالے ہونا (بال)
قَطَّطَ: خراد کرکے برابر کرنا (لکڑی کو)
قَطْ وقَطَاطِ: بس۔ صرف۔
قَطْنِی وقَطِی: مجھے کافی ہے۔
قَطُّ: کبھی۔ جیسے مَا فَعَلْتُہٗ قَطُّ۔ میں نے

اس کو کبھی نہیں کیا۔
قِطّ ج قِطَاط و قِطَطَۃ : بلّا۔
قِطّ الزَّبَاد : کستوری والی بلّی
قِطّ ج قُطُوط : نصیب۔ رات کی گھڑی۔ رجسٹر۔
قِطَّۃ : بلّی۔
قَطّ و قَاطّ : گراں (قیمت)
قَطّ ر ج قَطُّون و قِطَاط و اَقْطَاط و قَطَط ج قَطَطُون : چھوٹے اور گھنگریالے بالوں والا۔
قِطَاط ج اَقِطَّۃ : سم کا گھیرا۔ نمونہ۔ پہاڑ کی چوٹی۔ بالوں کا گھنگریالا پن
— و قِطِیْطَۃ ج قَطَائِط : غار کا گھیرا۔
جَاءَتِ الْخَیْلُ قَطَائِط : گھوڑے گروہ ہو کر آئے۔
قَطَّاط : خراد کرنے والا
مِقَطّ و مِقَطَّۃ : قط لگانے کے لئے ہڈی وغیرہ۔
قَطَاطِ : بس۔
قَطَب ـِ قَطْبًا و قُطُوبًا و قَطَّب تیوری چڑھانا۔
قَطَب ـِ قَطْبًا : جمع کرنا۔ بھرنا (برتن) بند کرنا (ریگ) غصے کرنا۔
قَطَب : مکان پر ڈالنا (شہتیر)
— و قَطَّب : ٹانکنا (کپڑا)
— و اَقْطَب : جمع ہونا (لوگ)
قَطَب و قَطَّب و اَقْطَب : ملانا (شراب)
اِنْقَطَب : تیوری والا ہونا۔ ٹانکا جانا (کپڑا) کم ہونا (خوراک)
تَقَطَّب علی فی : دوسروں پر سبقت

لیجانا (چلنے و بولنے میں)
قُطْب و قُطُب (ج اَقْطَاب) و قُطْبَۃ ج قُطَب : لوہے کی کیل جس پر چکی گھومتی ہے۔ دھرا۔
قُطْب ج قُطُوب و اَقْطَاب و قِطَبَۃ قطب۔ قطب نما ستارا۔ سردار قوم۔
قِطْبِیّ : ایک قسم کی نباتات جس سے رسیاں بنتی ہیں۔
قُطْبَان : ایک قسم کی نباتات۔
قُطْبَۃ ج قُطَب : نشانہ پر لگنے والا تیر۔ ایک قسم کی نباتات۔
اَخَذَ الْبَاقِی قَطَبًا : اس نے باقی کو اندازاً لیا
قِطَاب : مزاج۔ مرکب۔ گریبان کے ملنے کی جگہ۔
قُطَابَۃ : گوشت کا ٹکڑا۔
قَطِیْب و قَطِیْبَۃ : ممزوج۔ ملایا ہوا
قَاطِب و قَطُوب : تیوری چڑھانے والا۔ شیر۔
قَاطِبَۃً : یہ لفظ حال واقع ہونیکی وجہ سے منصوب ہوتا ہے بمعنے تمام وسب کے سب۔
جَاءَ الْقَوْمُ قَاطِبَۃً : وہ سب اکٹھے آئے۔
قَطَر ـُ قَطْرًا و قُطُورًا و تَقْطَارًا و تَقَطَّر : قطرہ قطرہ ٹپکنا (پانی)
قَطَر قَطْرًا : زور سے گرانا۔ لگ ملنا (اونٹ پر) سینا (کپڑا)
قَطَر ـُ قُطْرًا و قُطُورًا فی الارض ملک میں جانا۔
مَا اَدْرِی مَن قَطَرَہٗ و مَن قَطَرَ بِہٖ : میں نہیں جانتا۔ اس کو کس نے لیا۔

قَطَر ـُ قَطْرًا و قَطَّر و اَقْطَر : ٹپکانا (پانی وغیرہ) قطار میں باندھنا (اونٹ)
قَطَّر : کشید کرنا۔ (دوا کا زیتون سے) صندل سے دھونی دینا۔ (کپڑے کو)
— ہ علی قَرْسِہٖ : اس نے اس کو گھوڑے سے گرا دیا۔
اَقْطَر : خشک ہونے لگنا (نباتات) بہنا (پانی)
طَعَنَہٗ فَاَقْطَرَہٗ : اس نے اس کو نیزہ مار کر ایک پہلو پر گرا دیا۔
تَقَطَّر : اگر سے دھونی دینا۔ قطرہ قطرہ ٹپکنا۔ اونچی جگہ سے گرنا۔ پہلو پر گرنا۔
— عن : پیچھے رہنا۔
— ب : پہلو پر گرانا۔
تَقَاطَر : پہلو بہ پہلو چلنا۔ یکے بعد دیگرے آنا (قوم)
اِقْطَرَّ و اِقْطَارَّ : خشک ہونے لگنا (پودہ) دم اور سر اٹھانا (اونٹنی)
اِسْتَقْطَر : کشید کرتے ٹپکنا۔ کشید کرنا
قَطْر و قَطَرَان : عمل کشید۔ بارش۔
قَطْر ج قِطَار : بارش۔ قطرہ۔
قِطْر : کانسی۔ تانبا۔ دھاری دار چادر کی قسم۔
قُطْر ج اَقْطَار : پہلو۔ اقلیم۔ منطقہ۔ جانب۔
قُطْرُ الدَّائِرَۃ : خط جو دائرہ کے مرکز سے گذر کر محیط پر ختم ہو۔
قُطْر و قُطُر : اگر کی لکڑی۔ عود۔
قَطْرَۃ ج قَطَرَات : قطرہ۔ نقطہ۔
قُطَّرَۃ و قُطَیْرَۃ : حقیر چیز۔
قُطَار و قَطُور و مِقْطَار : بہت قطرے گرانے والا (بادل)

قُطَارَۃ: ٹپکنے والا (مائع) پانی کی تھوڑی مقدار

قِطَار ج قُطُر و قُطُرَات: اونٹوں کی قطار - ریل گاڑی کی قطار - ٹرین -

قُطَارِیّ و قُطَارِیَّۃ: ایک قسم کا سانپ

قَطِیرَۃ ج قَطَائِر: چلنے والی کشتی -

قَاطِر: ٹپکنے والا - گوند - دم الاخوین خون سیاؤشال -

مِقْطَر و مِقْطَرَۃ ج مَقَاطِر: دھونی کی انگیٹھی - دھوپ دان عود دان -

مِقْطَرَۃ: زنجیر - ذخیرہ -

مَقْطُور: بارش والی جگہ (تارکول سے لتھڑا ہوا اونٹ)

قَطْرَبَ: جلدی کرنا پچھاڑنا

تَقَطْرَبَ: سر ہلانا - حرکت کرنا -

قُطْرُب: چور - چھوٹے جن - کتے کا پلہ - بے بال بھیڑیا - بھوت - ہلکا پھلکا - ایک کیڑا جو متحرک رہتا ہے - اداسی - بے وقوف - جاہل - زمین پر پچھاڑا ہوا - ایک دماغی مرض -

قَطْرِیب: ہل کی میخ -

قَطْرَمِیز: مٹکا - شیشہ کا مٹکا

قَطْرَن: تارکول سے لتھیڑنا -

قَطْرَان و قِطْرَان: تارکول -

مُقَطْرَن: تارکول سے لتھڑا ہوا -

قَیْطَاس: ڈیل مچھلی -

قَطَعَ - قَطْعًا و مَقْطَعًا و تِقِطَّاعًا: کترنا - کاٹ کر جدا کرنا کم کرنا - باطل کرنا - روکنا یا خطرناک بنانا (راستہ)

— عن: روکنا -

— قَطْعًا و قُطُوعًا: عبور کرنا (دریا)

— و اَقْطَعَہ بِالْحُجَّۃ: دلیل سے خاموش کرانا -

قَطَعَ لِسَانَہ: اس نے اس کو احسان کے ساتھ خاموش کر دیا -

— ہ بالسّوط: اس نے اس کو کوڑے سے مارا -

— بَیْن: اختلاف دور کرنا -

قَطَعَ رَحِمَہ قَطْعًا و قَطِیْعَۃً اس نے اپنے رشتہ داروں سے جدائی اختیار کی -

قَطَعَنِی و قَطَّعَنِی و اَقْطَعَنِی الثَّوْبُ قَطْعًا: کپڑا مجھے فٹ آیا

قَطَعَ فُلَانٌ الْحَبْلَ: فلاں نے اپنے آپ کو پھانسی دی -

قَطَعَ عُنُقَ دَابَّتِہ: اس نے اپنے گھوڑے کو فروخت کر دیا -

— الحَوْضَ: نصف تک بھرنا حوض -

— قُطُوعًا و قِطَاعًا: کم ہونا یا خشک ہونا (کنویں کا پانی) گرم ملک کو جانا (پرندہ) گوشت سے پرہیز کرنا -

قَطِعَ - و قَطُعَ - قَطَاعَۃً کلام نہ کر سکنا -

— لِسَانَہ: اس کی زبان کی تیزی جاتی رہی -

قُطِعَ: کٹ جانا (سانس) عاجز ہونا یا ناامید ہونا - (آدمی)

— بِہ: وہ راستہ ہی میں روکا گیا - وہ حاجت تک پہونچنے سے روکا گیا -

قَطَّعَ: چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا تقطیع کرنا (شعر کی) بوسیدہ ہونا (کپڑا) سبقت لے جانا (گھوڑا دوسرے گھوڑے سے)

— الْخَمْرَ بِالْمَاءِ: شراب میں پانی ملانا -

— علی: عذاب دینا -

قَطَّعَ الزَّمَانَ: اس نے وقت کو ضایع کیا -

— الفَرَسُ الجَرْیَ: گھوڑا خوشی سے قسم قسم کی چالیں چلا -

قَاطَعَ: تعلق چھوڑنا -

— ہ علی کَذَا مِن الاُجْرَۃ او العَمَلِ: کام پر اجرت طے کرنا -

اَقْطَعَ: عبور کرانا - (دریا) کٹوانا جاگیر دینا - انڈے دینے سے رکنا (مرغی) خشک ہونا (کنواں) خاموش ہونا - پانی کی ضرورت والی ہونا (قوم) پکنے کے قریب ہونا (کھجور کا درخت)

— عن اَھْلِہ: اپنے لوگوں سے جدا ہونا -

تَقَطَّعَ: کٹ جانا - پانی سے ملنا - (دودھ وغیرہ) کم ہونا (سایہ)

تَقَاطَعَ: میل ملاپ چھوڑنا - جدا جدا ہونا (چیز)

اِنْقَطَعَ: ٹوٹنا - رکنا - ختم ہونا قطع

ہونا (تعلق) چھوٹنا (عادت) خشک ہونا (کنواں)

اِنْقَطَعَ اِلَی: کسی سے خاص تعلق رکھنا

اِقْتَطَعَ قِطْعَۃً مِنْ مَالِہٖ: اس نے اس کے مال سے کچھ لیا۔

— مَالَ فُلَانٍ: فلاں کے مال سے لے لینا۔

قُوْطِعَ: کرم خوردہ ہونا (پھل)

اِسْتَقْطَعَ: جاگیر مانگنا۔ کپڑا قطع کرنے کی درخواست کرنا۔

قَطْعًا: بلاشک۔ بلاشبہ۔

قِطْعٌ ج اَقْطَاع و اَقْطُع و قِطَاع نیزے کا چھوٹا اور چوڑا پھل۔ درخت سے کاٹا ہوا ٹکڑا۔

— ج اَقْطَاع و قُطُوع: گھوڑے پر ڈالنے کا کپڑا۔ ایک قسم کا منقش کپڑا۔ جھول۔

— و قِطْعٌ: رات کا حصہ۔

قُطْعٌ و قُطْعَۃٌ: پانی کی کمی۔

قُطْعٌ: کالک یا پیٹ کا مروڑ۔ دمہ

قُطَعٌ و قُطَعَۃٌ: رشتہ داروں سے قطع تعلق کرنے والا۔

قَطِعٌ: بند آواز والا۔

قِطْعَۃٌ ج قِطَعٌ: ٹکڑا۔ کتر۔ سات یا دس شعروں سے کم کی نظم۔

قُطْعَۃٌ ج قُطَعٌ و قُطُعَاتٌ: زمین کا ٹکڑا۔ ایک کاٹا ہوا ٹکڑا۔

— و قَطَعَۃٌ ج قَطَعٌ و قَطَعَاتٌ: ہاتھ کا ٹنڈ۔ کاٹا ہوا عضو۔

قَطْعِیٌّ: فیصلہ شدہ (جواب)

قِطَاعٌ ج قِطْعَۃٌ: کاٹنے کا آلہ

— و قِطَاعٌ: دراہم۔

زَمَانُ الْقِطَاعِ: کھجور جمع کرنے کا موسم

قُطَاعَۃٌ: ٹکڑا۔ کاٹا ہوا حصہ۔ کٹنے سے جو ٹکڑا گرے۔

قِطَاعَۃٌ ج قَطَائِعُ: خوراک سے پرہیز

قُطُوعٌ: خطرہ۔ افلاس۔ مصیبت

فَاتَہٗ قُطُوعٌ: وہ خطرہ سے بچ گیا

قَطُوعٌ و قَطُوعَۃٌ: چٹائی کا ٹکڑا بوسیدہ چٹائی۔

قَطِیْعٌ ج قُطْعَانٌ و اَقْطَاعٌ و قِطَاعٌ و جج اَقَاطِیْعُ: ریوڑ۔

— ج قُطَعَاءُ: نظیر۔ مثل۔ مشابہ۔

— ج قُطْعَانٌ و اَقْطِعَۃٌ و قِطَاعٌ و اَقْطُعٌ و اَقَاطِعُ و قُطُعٌ و قُطُعَاتٌ تیر بنانے کی چھڑی۔ شاخ یا درخت سے کٹا ہوا حصہ۔

قَطِیْعُ الْقِیَامِ: اٹھنے کے ناقابل۔ اٹھنے سے عاجز۔

قَطِیْعُ الْکَلَامِ: کم گفتگو کرنے والا۔

قَنِمَ — قَنَمًا: خراب ہونا۔ (اخروٹ) بدبودار ہونا۔ (چکنا ہاتھ) نمناکی سے غبار آلودہ ہو کر بدبودار ہونا

قَنَمَة: شراب تیل وغیرہ کی بدبو۔

قَنِمَة، خراب تیل کی بدبو والا (ہاتھ)

اُقْنُوم ج اَقَانِيم: وجود۔ اصل۔

قَنَا — قَنْوًا وقُنْوَانًا وقُنُوًّا وقِنْوَةً واقْتَنَى: حاصل کرنا۔ اپنے لئے جمع کرنا (مال)

— قَنْوًا: پیدا کرنا (خدا) سخت سرخ ہونا۔

— وقَنِيَ — قَنْوًا وقَنًى وأقْنَى واقْتَنَى: لازم پکڑنا (حیا کو)

قَنِيَ — قَنًا: درمیان سے اونچا ہونا (ناک)

قُنِيَت قِنْيَةً: پردہ میں رکھی جانا (لڑکی)

قَنَّى: کھودنا (نالی)

اَقْنَى: غنی کرنا۔ مالدار بنانا

تَقَنَّى: ذخیرہ رکھنا۔ (خرچ سے بچا ہوا مال)

قَنًا وقِنًى وقُنُو ج اَقْنَاء وقُنْيَان وقِنْوَان: کھجور کا گچھا۔

— وقِنْوَة ج قُنًى: کھجور کا گچھا۔ کمائی۔ جائداد۔

قِنَادَة: جزاء۔ بدلہ۔

قَنَاة ج قِنًى وقِنَاء وقَنَوَات: پانی کی نالی۔ نہر۔ لاٹھی۔

قَنَاة ج قَنًى وقَنَوَات وقُنِيّ وقَنَيَات: نیزہ یا نیزہ کا ڈنڈا۔

— الظَّهْر: ریڑھ کی ہڈی

قَانٍ (م) قَانِيَة: مالک۔ حاصل کرنے والا۔

اَحْمَر قَانٍ: سخت سرخ۔

قَنَّاء ومُقْنٍ: نیزے سے مسلح۔

اَقْنَى (م) قَنْوَاء: درمیان سے بلند ناک والا۔

قُنُوٌّ: سیاہی

مَقْنَاة ومَقْنُوَة: سایہ دار جگہ۔

قَنَى — قَنْيًا وقُنْيَانًا: حاصل کرنا (مال) لازم پکڑنا (حیا کو)

قَنَّى: خوش کرنا۔

قَانَى: ملانا۔ ملنا۔ ہمیشہ رہنا۔ موافق ہونا۔

اَقْنَى: غنی کرنا۔ خوش کرنا۔

— ول: قریب یا پہونچ میں آنا (شکار)

قُنْيَة وقِنْيَة ج قِنًى: جائداد۔ کمائی۔

قَهِبَ — قَهَبًا: بھورے رنگ کا ہونا۔

اَقْهَبَ عن: کھانے سے رکنا۔

قُهْبَة: بھورا رنگ۔ سیاہی مائل سفید رنگ

قَهِبٌ (م) قَهِبَة واَقْهَب (م) قَهْبَاء: بھورے رنگ والا۔ مٹیالے رنگ والا

— : بڑا اونٹ۔

قُهَيْبَة: مٹیالے رنگ والا۔ تیتر۔

قُهَاب وقُهَابِيّ: سفید۔

الاقہبان: ہاتھی اور بھینسا۔
قہد ـ قہداً انی مشیتہ:
چھوٹے قدم ڈالکر چلنا۔
قہد ج قہاد: سفید۔ ایک قسم
کی بھیڑ۔ سورج مکھی کی کل۔
قہر ـ قہراً: غالب آنا۔
ــــ علی: مجبور کرنا۔
قہر: پکانے سے نرم ہونا (گوشت)
قاہر: سخت سلوک کرنا۔ غالب آنا
اقہر: مغلوب ساتھیوں والا ہونا۔
ذلیل ہونا یا پانا۔
قہرۃ: اضطرار۔ سختی۔
قہراً و قہرۃً: زبردستی۔
ھو قہرۃٌ للناس: اس پر ایک
ظلم کرتا ہے۔
قہرۃ ج قہراتٌ: شریر (عورت)
قاہر (م) قاہرۃ: مغلوب کرنے
والا۔ مجبور کرنے والا۔ فاتح۔ غالب
ستارہ مریخ۔
قاہر ج قواہر: اونچا پہاڑ۔
القاہرۃ و مصر القاہرۃ:
دارالخلافہ مصر۔
القہار: خدا۔ بڑا غالب۔
قہرمۃ: انتظام۔
قہرمان (م) قہرمانۃ ج
قہارمۃ: گھر کا منتظم۔ وکیل۔
قہرمٌ: پست قد۔
قہزٌ و قہزی: اون اور ریشم کا
کپڑا۔
قہقر و تقہقر: پیچھے ہٹنا۔
قہقوس: پتھروں کا مخروطی ڈھیر۔
عمارت جس کو نیچے پتھروں سے بنائیں۔

قہقری و قہقرۃ: واپسی۔
ـ رجع القہقری: پیچھے ہٹنا۔
قہقہ: زور سے ہنسنا
قہل ـ قہلاً و قہولاً و قہل
ـ قہلاً و تقہل: خشک ہونا (جلد)
قہل: ناشکری کرنا۔ بُری تعریف کرنا
قہل ـ قہلاً و تقہل: جسم صاف
نہ کرنا۔ جسم گندا رکھنا۔
اقہل: اپنے آپ کو پلید کرنا۔ بیجا دخل
دینا۔
انقہل: کمزور ہونا۔ شکستہ ہونا۔
قیہل و قیہلۃ: چہرہ
قہم ـ قہماً: قلیل الاشتہاء
ہونا۔
اقہم: صاف ہونا (آسمان)
ــــ فی: چشم پوشی کرنا۔
ــــ عن او الی: نفرت کرنا۔ ناپسند
کرنا۔
ــــ الی: خواہش کرنا۔
قہمز: کودنا۔
قہمزی: حاضر کرنا۔ سرعت چستی
قہمزٌ: پست قد۔
قہمزۃ: بہت پست قد عورت
اقہی: قہوہ کی مداومت کرنا۔
قہوۃ: شراب۔ خالص دودھ۔ قہوہ
قہوۃ ج قہاوٍ: قہوہ کی دوکان۔
قہوجیّ: قہوہ فروش۔
قہوان: عمر رسیدہ موٹے سینگوں
والا بکرا۔
قہی ـ قہی و اقہی من الطعام
کھانے کی تھوڑی بھوک رکھنا۔
قاہٍ (م) قاہیۃ: زاد راہ رکھنے والا

تیز فہم والا۔
قاب ـ قوباً و تقوب: کھودنا
(زمین)
قاب: قریب ہونا۔ بھاگ جانا۔ انڈا
پھاڑنا (چوزہ)
قوّب: جڑ سے اکھیڑنا (درخت)
زمین پر نشان چھوڑنا۔
تقوّب: جڑ سے اکھڑنا۔ ادھیڑنا
(چمڑا)
تقوّب و انقاب: پھٹنا (انڈا)
انقاب: کھدنا (زمین)
انقابت بیضتہم: ان کا بھید ظاہر
ہوگیا۔
اقتاب: پسند کرنا۔
قاب: مقدار۔ کمان کی تندی کے
نصف سے کنارے تک کا فاصلہ۔ فاصلہ
بینہما قاب او قیب قوس:
وہ ایک دوسرے سے کمان کے فاصلہ
پر ہیں۔
قاب قوس: دو ستاروں کے
درمیان کا فاصلہ۔
ھو علی قاب قوسین: وہ بہت
قریب ہے۔
قابۃ و قائبۃ: خالی انڈا۔ انڈے
کا چوزہ۔
قوب ج اقواب: چوزہ۔ وبائی
بیماری۔ جلد کی بیماری۔
قوب: انڈوں کے چھلکے۔ گڑھا۔
قوباء و قوباء (ج قوب) و
قوبۃ و قوبۃ: داد۔ خارش۔
قوبۃٌ: گھر پر رہنے والا۔
قوبی: چوزے کھانیکا شوقین۔

مُتَقَوِّب: چھلکا اُتارا ہوا۔ کینچلی اُترا ہوا سانپ۔

قَاتَ ـُ قَوْتًا و قُوتًا و قِيَاتَةً
و اَقَاتَ: خوراک دینا۔ غذا دینا۔
اَقَاتَ وعلی: خوراک دینا۔ حفاظت کرنا۔ قابو پانا۔ اقتدار پانا۔
تَقَوَّتَ و اقْتَاتَ ب: کھانا۔
اِقْتَاتَ الشیٔ: چیز کو خوراک بنانا
اِقْتَتْ لِنَارِكَ قِيْتَةً: اپنی آگ میں ایندھن ڈال۔
اِسْتَقَاتَ: خوراک مانگنا۔
قَاتَ: یمن کے ایک درخت کا نام
قُوت ج اَقْوَات: خوراک۔ غذا۔
قَائِت و قِيْت و قِيْتَة و قُوَات: خوراک۔
مُقِيْت: مقتدر۔ محافظ و نگران شاہد۔ خوراک دینے والا۔

قَاحَ ـُ قَوْحًا و تَقَوَّحَ: پیپ والا ہونا (زخم)
قَاحَ و قَوَّحَ: جھاڑو دینا (دکان کو)
اَقَاحَ: دینے سے رُکنا۔
قَاحَة ج قُوح: جگہ۔ صحن۔

قَاخَ ـُ قَوْخًا: بوجہ مرض خراب ہونا (پیٹ)
لَيْلَة قَاخ: کالی رات

قَادَ ـُ قَوْدًا و قِيَادَةً و قِيَادًا و مَقَادَةً و تَقْيَادًا و قَوَّدَ و اِقْتَادَ (ضد سَاقَ) رسی سے پکڑ کر لے جانا (گھوڑا) موت کی طرف لے جانا (قاتل)
قَادَ ـُ قِيَادَةً: کمان کرنا (فوج پر)
قِيد: لے جایا جانا۔ سخت کیا جانا (آٹا)
قَوِدَ ـَ قَوَدًا: لمبی پیٹھ و گردن والا ہونا (گھوڑا)
اَقَادَ: آگے چلنا۔ راہبر بننا۔ پھیلنا (بادل)
ــــ ہ خَيْلًا: آگے لے جانیکے لئے گھوڑے دینا۔
ــــ ب: مقتول کا بدلہ لینا۔
اَقَادَهُ الدَّمَ او مِنَ القَاتِلِ: اس نے اس کو قاتل سے بدلہ لینے کی اجازت دی۔
اِنْقَادَ و اِقْتَادَ: مطاوع قَادَ:
اِنْقَادَ ل: تابعدار ہونا۔ نمایاں ہونا (سڑک)
اِسْتَقَادَ ل: تابعدار ہونا۔
ــــ من: بدلہ لینے کے لئے درخواست کرنا۔
قَاد و قِيد: اندازہ و مسافت
قَوْد: گھوڑے۔ کوتل گھوڑے۔
قَوَد: بدلہ۔ قاتل کو مقتول کے عوض قتل کرنا۔ سزا۔
قِيَاد و مِقْوَد ج مَقَاوِد: جانور کے کھینچنے کی رسی۔
سَلِسَ القِيَاد: اصلاح پذیر۔
قَيْد و قَيِّد و قَيُّوْد: مطیع گھوڑا
اَقْوَد (م) قَوْدَاء ج قُود: مضبوط گردن والا۔ بخیل۔ مطیع گھوڑا۔ چوڑی پیٹھ اور گردن والا (گھوڑا) بلند (پہاڑ)
ــــ و مُقَوَّد: لمبا پہاڑ۔
قَائِد ج قُوَّد و قُوَّاد و قَادَة و ج قَادَات: گھوڑوں کو لیجانیوالا۔ کمانڈر انچیف۔ مستطیل زمین یا پہاڑ۔ پہاڑ کی چوٹی۔
قَائِد: نمایاں
قَائِدَة: مؤنث قَائِد۔ مستطیل ٹیلہ۔
اَعْطَاهُ قِيَادَهُ و مَقَادَتَهُ: وہ اس کے ماتحت ہوگیا۔
مَقُوْد و مَقْوُوْد: اسم مفعول۔

قَاسَ ـُ قَوْسًا: پاؤں کی انگلیوں پر چلنا۔ قریب سے پکڑنا (شکار کو) پھوڑنا (آنکھ)
ــــ و قَوَّسَ و اقْتَاسَ اِقْتِيَاسًا و اقْتَوَسَ اِقْتِوَاسًا: سوراخ کرنا (کپڑے میں) گول پھانکوں میں کاٹنا۔ (تربوز)
تَقَوَّسَ: کنڈلی مارنا (سانپ) تقریبًا گذر جانا (رات) گول ٹکڑوں میں علیحدہ علیحدہ ہونا (بادل)
اِنْقَاسَ: گرنا (دیوار)
ــــ ب: مائل ہونا۔
اِقْتَاسَ: مفلس ہونا۔ غور سے دیکھنا۔ (بات)
اِقْوَسَّ: جھری والی اور سکڑی ہوئی ہونا (جلد) دُبلا ہونا (گھوڑا) مرجانا (پودہ) ڈھیلا ہونا۔ موٹا ہونا۔
قَاس: تارلک۔ اونٹوں کا بڑا گلہ۔ ایک کڑوا درخت۔
قُوس: نئی روئی۔ روئی کی رسی۔
قَاسَة ج قَاسَات و قَاس و قُوس و قِيْسَان: پہاڑوں سے الگ نکلنے والا چھوٹا پہاڑ۔ سیاہ پہاڑی۔ سیاہ پتھروں والی زمین۔ ایک قوم کا نام۔ مادہ ریچھ
قُوَاسَة: گول سوراخ (قمیص یا دیوار میں) چیز جس میں گول سوراخ کیا جائے۔

اَقْوَس (م) قَوْسَاء: وسیع۔ چوڑا

اَقْوَسِیَات و اَقْوَسُون: بڑے بڑے مصائب۔

مُقَوَّس: تارکل سے لتھڑا ہوا۔ گول ٹکڑوں میں کاٹا ہوا سکر ودر (اونٹ)

قَوَّاسَة: کرچھا۔ ایک ڈاکری وزار

قَوَز: بکثرت ہونا (نباتات)

تَقَوَّز: دوڑنا۔ (پہاڑی بکرا) گرنا (گھر)

اِقْتَاز: کھا لینا۔

قَاس ـــ قَوْسًا: پہلے آنا۔ سابق ہونا۔

ـــ وَاِقْتَاس ہ ب او عَلٰی: نمونہ پر اندازہ کرنا۔

قَوِس ـــ قَوَسًا و قَوَّس و تَقَوَّس و اِسْتَقْوَس: کبڑا ہونا۔

قَوَّس: چلانا (بندوق) برسنا (بادل) گولی سے مارنا۔

قَاوَس: کمان کی عمدگی میں مقابلہ کرنا

تَقَوَّس: مڑا ہوا ہونا۔ کمان کی طرح ہونا۔ گولی سے مرجانا۔ کمان سے مسلح ہونا۔ سفید بالوں والا بنانا (بڑھاپا)

اِقْتَاس ب: پیروی کرنا۔ نقل کرنا۔

ـــ: اندازہ کرنا۔

قَوس ج قِسِیّ و اَقْوَاس و قِیَاس کمان۔ ہر منحنی چیز۔ ہاتھ۔

قَوْس قُزَح: قوس قزح۔

قُوس: راہب کا گرجا۔ شکاری کی جھونپڑی

قَوِس و قَوْسِیّ و اَقْوَس: سخت اور لمبے (دن)

قَوَّاس و قَوَّاص ج قَوَّاسَة: کمان بنانے یا چلانے والا۔ فصیل کا محافظ دستہ

قِیَاس و مُقَاوِس: گھوڑ دوڑ کے گھوڑوں کو چلانے والا۔

قُوَاس: بندوق کی گولی کا فاصلہ۔

قُوَیْس و قُوَیْسَة: چھوٹی کمان

هُوَ مِن خَیْرٍ قُوَیْسٍ سَهْمًا او صار خَیْرَ قُوَیْسٍ سَهْمًا: وہ دشمن سے دوست بن گیا۔

قُوَیْسَة و قُوَیْسَة العَیْن: ایک پودہ۔

اَقْوَس: کبڑا۔ ریت کا بلند ٹیلہ۔ سیاہ (رات) دور (علاقہ)

مِقْوَس ج مَقَاوِس: کمان رکھنے کا تھیلہ۔ میدان۔ گھوڑ دوڑ کا چکر۔

قَوَّش: دمچی چڑھانا (گھوڑے کے)

قُوش ج اَقْوَاش: دمچی۔

قَوْصَرَة و قَوْصَرَّة: کھجور کے پتوں کا ٹوکرا۔

قَاض ـــ قَوْضًا و قَوَّض: گرانا (عمارت) تباہ کرنا۔ (گھوڑے کو)

تَقَوَّض و اِنْقَاض: گرنا (عمارت) شکست پانا (فوج) بے آرام ہونا (پرندہ)

قَوْط ج اَقْوَاط: بکریوں یا بھیڑوں کا ریوڑ۔

قَوْطَة: بڑا ٹوکرا۔

قَوَّاط: بکریوں کا چرواہا۔

قَاع ـــ قَوْعًا: پیچھے رہنا۔ لنگڑانا (کتا)

تَقَوَّع: احتیاط سے چلنا۔ چڑھنا (گرگٹ۔ درخت پر)

قَاع ج قِیعَان و اَقْوَاع و اَقْوُع و قِیع: میدان۔ ہموار جگہ۔ نرم زمین

قُوع ج اَقْوَاع: کھجور وغیرہ خشک کرنے کا فرش۔

قَاعَة ج قَاعَات: گھر کا صحن۔ بیٹھک۔

قُوَاع: خرگوش۔

قَوَّاع: چلانے والا بھیڑیا۔

قَاف ـــ قَوْفًا و اِقْتَاف: کھوج پر چلنا۔ قیافہ لگانا۔

تَقَوَّف: کلام درست کرنا۔

قَائِف ج قَافَة: قیافہ شناس۔ کھوجی۔

ـــ و قَوَّاف و قَوَّاف: کھوجی۔

قُوف: کان کا بالائی کنارہ۔

نَجَوْت بِقُوفِ نَفْسِك: تو مشکل سے بچا ہے۔

قُوفَا: چکی کا سیاہ پتھر۔

قُوفِیّ: خوشبودار دھونی۔

قَاق قَوْقًا و قَاقِی: کڑکڑانا (مرغی)

قَاق: چھوٹے دل کا احمق۔

ـــ و قُوق و قِیق: بہت لمبا آدمی

ـــ ج قِیقَان: ایک لمبی گردن کا آبی پرندہ۔ زاغ دشتی۔

قُوق: ایک آبی پرندہ۔

قَاوُوق ج قَوَادِیق: ایک قسم کی ٹوپی یا کلاہ۔

قُوقَة و قُوقَعَة: کوڑی۔

قَوْقَأ قَوْقَاةً و قَوْقَی قَوْقَاةً و قِیقَاءً: کڑکڑانا (مرغی)

قَوْقَر: چار زانو بیٹھنا۔

قَوْقَل فی: چڑھنا (پہاڑ پر)

قَالَ ـُ قَوْلًا وقَالًا وقِيلًا وقَوْلَةً ومَقَالًا ومَقَالَةً: لفظ نکالنا۔ بات کرنا

ــــ لِ: کسی سے بات کرنا۔

ــــ بِ: اعتقاد رکھنا

ــــ بِيَدِهِ: ہاتھ سے پکڑنا۔

ــــ بِرَأْسِهِ: سر سے اشارہ کرنا

ــــ بِرِجْلِهِ: پاؤں سے چلنا

ــــ القومُ بِزَيْدٍ: لوگوں نے زید کو قتل کیا۔

ــــ عَنْ: روایت کرنا۔

ــــ علی: افترا کرنا۔ خلاف بیان کرنا۔

ــــ فی: کسی پر رائے دینا۔

أَتَقُولُ زَيْدًا مَرِيضًا: کیا تو خیال کرتا ہے۔ کہ زید بیمار ہے

قُلْتُ زَيْدًا مُنْطَلِقًا: میں نے زید کو جانیوالا خیال کیا۔

قَوَّلَ وأَقَالَ إِقَالَةً وأَقْوَلَ إِقْوَالًا: غلط رپورٹ منسوب کرنا۔ غلط الزام لگانا۔

قَوَّلَ: تعلیم دینا یا کہنے کے لئے حکم دینا۔

قَاوَلَ: گفتگو کرنا۔ مشورہ کرنا۔ بحث کرنا۔ سودا کرنا۔

تَقَوَّلَ علی: جھوٹی بات بنانا

تَقَاوَلَ فی: باہم مشورہ کرنا۔

اِقْتَالَ عَلَی: حکم چلانا۔

ــــ: پسند کرنا۔

ــــ بالثوب ثَوْبًا: کپڑے سے کپڑا بدلانا۔

قَالَ وقِيلَ: مقولہ۔ ادھر ادھر کی بات۔ عام چرچا۔

قَيْلٌ ج أَقْوَالٌ وأَقْيَالٌ وقُيُولٌ سردار قبیلہ حمیر کا بادشاہ۔

قَوْلٌ (ج اقوال وج ج أَقَاوِيلُ) وقَالَةٌ وقَوْلَةٌ ومَقَالٌ ومَقَالَةٌ: کلام۔ مقولہ۔ ہر ایک لفظ اعتقاد۔ (فُلَانٌ يَقُولُ بِقَوْلِ أَبِي حَنِيفَةَ) دلالت۔ (امتلاء الحوض وقَالَ قَطْنِي۔ حوض بھر گیا۔ اور اُس نے کافی ہونے پر دلالت کی الہام (قُلْنَا يَاذَا الْقَرْنَيْنِ)

مَقَالَةٌ: کتاب کا ایک حصہ چیپٹر یا باب۔

قُوْل: فوج کا بازو۔

قُرَاقُول: پٹرول۔ واچ ہاؤس۔

قُوْلَ آغَاسِی: الجوٹنٹ میجر

قُوَلَةٌ وقَوَّالٌ وقَوَّالَةٌ و تَقُوُّلٌ وقُوُّولٌ وتِقْوَلَةٌ و تِقْوَالَةٌ ومِقْوَلٌ ومِقْوَالٌ (مذکر ومؤنث) ج مَقَاوِلُ: خوش بیان۔ باتونی۔

قَائِلٌ ج قُوَّلٌ وقُيَّلٌ وقَالَةٌ وقُوُوْلٌ: بولنے والا۔ کہنے والا۔

قَوَّالٌ: گویا۔

مِقْوَلٌ ج مَقَاوِلُ: زبان۔ بہت بولنے والا۔

مَقُولٌ ومَقُوُولٌ: کہا ہوا لفظ

قَامَ ـُ قَوْمًا وقَوْمَةً و قِيَامًا وقَامَةً: کھڑا ہونا۔ اُٹھنا۔ ٹھہرنا۔ اعتدال پر ہونا (کام) ظاہر ہونا یا ثابت ہونا (حق) جم جانا

(پانی) رونق والا ہونا (بازار)

إِذَا قُمْتُمْ إِلَی الصَّلٰوةِ: جب تم نماز کا ارادہ کرو۔

يُقِيمُونَ الصَّلٰوةَ: وُہ نماز کی حفاظت کرتے ہیں۔ یا اس پر دوام کرتے ہیں۔

قَامَتِ الصَّلَاةُ: نماز کا وقت آگیا۔ نماز شروع ہوگئی۔

قَامَ الْمَتَاعُ بِكَذَا: سامان کی قیمت اتنی ہے۔

ــــ عَلَی: دائم رہنا۔ ثابت رہنا۔ نگرانی کرنا۔ برخلاف کھڑا ہونا۔ مطالبہ کرنا (مقروض سے)

ــــ لِ: تعظیم کے لئے کھڑا ہونا۔

ــــ ه و عَلَی: قائم رکھنا۔

ــــ بِأَمْرٍ: اُس نے کام کو اختیار کیا۔

ــــ بِوَعْدِهِ: اس نے اپنا وعدہ پورا کیا۔

قَامَ بِي ظَهْرِي: میری پیٹھ درد کرتی ہے۔

قَامَتِ النَّوحُ: وُہ رونے لگی۔

قَامَ بِي وقَعَدَ: اس نے مجھے کھڑا کیا اور بٹھایا یعنی میری طرف سے بُری باتیں مشہور کیں۔

قَوَّمَ: سیدھا کرنا۔ کھڑا کرنا۔ درست کرنا۔ قیمت مقرر کرنا۔

قَاوَمَ مُقَاوَمَةً وقِوَامًا: برخلاف کھڑا ہونا۔ مقابلہ کرنا۔ ساتھ کھڑا ہونا۔ مدد کرنا۔ برابر ہونا۔

أَقَامَ إِقَامَةً وقَامَةً: کھڑا کرنا۔ سیدھا کرنا۔ ظاہر کرنا (حق) قائم کرنا (عہوست) ہمیشہ رکھنا۔ پڑھنا (نماز)۔

بارونق بنانا۔ (بازار)
— ب: رہنا (جگہ میں)
أقام بہٖ و أقام مقامہٗ: وہ اس کی بجائے کھڑا ہوا۔
— للصلوٰۃ: نماز کے لئے اذان دینا
— دعوی علی: برخلاف دعوی کرنا
تقوّم: سیدھا ہونا۔
تقاوم: آپس میں قیمت ٹھہرانا (چیز کی) ایک دوسرے کے خلاف کھڑا ہونا (جنگ میں)
اِقتام: کاٹنا (ناک)
اِستقام: سیدھا ہونا۔ کھڑا ہونا۔ اچھی حالت میں ہونا۔ راست گو ہونا۔ حاملہ ہونا (عورت) قیمت مقرر کرنا (اسباب کی) موزون ہونا (شعر)
— الی: رجوع کرنا (گناہگار کا خدا کی طرف)
قوم و قُوم و اِقامہ: مکان کی رہائش۔
قوم (مذکر و مؤنث) ج أقوام و أقاوم و أقاوِیم و أقائم: انسانی جماعت۔
— ج قِیمان: دشمن
قومۃ: ایک بار کا کھڑا ہونا۔ انسان کا قد۔ نماز کا وقفہ۔ رات کی نوکری۔
قَوام: اعتدال۔ برابری۔
قَوام و قَومۃ و قومیّۃ و قامۃ ج قامات و قِیَم: قد۔
قِوام و قِیوام و قِومیّۃ: گذارہ
قِوام و قِیام: سہارا۔ نظام۔ ستون
ھو قِوام و قِیام اھلہٖ: وہ اپنے کنبہ کا سہارا ہے۔

القیام باللہ: خدا کی پرستش۔
قُوامٌ: جانوروں کے پاؤں کی ایک بیماری۔
قامۃ ج قِیَم: آدمی کا قد۔ بلندی۔ انسانی جماعت۔
— ج قِیَمٌ: چرخی مع سامان
قِیامۃ: موت کے بعد اُٹھنا۔
یوم القیامۃ: قیامت کا دن۔
قِیمۃ ج قِیَم: قیمت۔ آدمی کا قد۔
اِقامۃ ج اِقامات: فوجی کا وظیفہ
تقویم ج تقاویم: جنتری۔
— البلاد: زمین کی پیمائش یعنی طول عرض و خراج کا بیان۔
قَیّم (م) قَیّمۃ: مینیجر۔ کام کا متولی۔ راستباز۔
دِینًا قِیَمًا: سچا اور امور معاش کو درست کرنے والا دین۔
قَیّم المرأۃ: خاوند۔
القیّمۃ: سچا مذہب۔
قائم ج قُوّم و قُیّم و قُوّام و قُیّام راستباز۔ نمایاں۔ ثابت قدم۔ سیدھا
— علی کل نفس: ہر ایک جان کی حفاظت کرنے والا۔
— السیف: تلوار کا قبضہ
— الماء: واٹر ورکس۔
قائم مقام و قیّم مقام و قائمقام و قیّمقام: وائسرائے لفٹنٹ۔
قائم الزاویۃ: مستطیل۔
قائمۃ ج قائمات و قوائم مؤنث قائم۔ بیچک: جانور کی ٹانگ فہرست۔ رجسٹر۔ نوٹ۔ تار خبر کا ستون

قبضہ (تلوار کا)
قوّام ج قوّامون: سردار۔ عمدہ قد والا۔ اچھا نگران۔
قَوِیم ج قِیام: سیدھا۔ راستگو مضبوط۔ عمدہ قد والا۔
قُومِیّۃ: چنڈول۔
قَیّوم و قَیّام: ہمیشہ سے قائم رہنے والا (خدا) سہارا دینے والا۔
مَقام و مُقام: رہائش کی جگہ یا وقت۔ رہائش
مَقام ج مَقامات: کھڑے ہونے کی جگہ۔ منزل۔ درجہ۔
مَقامۃ و مُقامۃ ج مقامات مجلس۔ میٹنگ۔ مجلس کی تقریر۔
مِقوَم: ہل کا دستہ۔ (جھنگی پ)
مُستقیم: سیدھا۔ راستباز۔
مُستقیمۃ: حاملہ عورت۔
قُونۃ ج قُوَن: تانبے یا لوہے کا ٹکڑا جس سے برتن کو پیوند لگایا جاتا
قان: ایک درخت جس سے کمانیں بنتی ہیں۔
قُونۃ ج قُوَن: میڈل۔ تصویر۔
قاوُون: تربوز۔
قوّہٗ: چلانا۔ کھوج لگانا (شکار کا)
تقاوہ: ایک دوسرے کی طرف چلانا
قاہ: تابعداری۔ طاقت۔ آرام دہ (زندگی) جاہ و غلبہ۔
قاہٍ (م) قاھیۃ: آسودہ زندگی گذارنے والا۔
قوی۔ قُوّۃً: مضبوط ہونا۔
قوی علی: طاقت رکھنا۔
— ب: برابر ہونا۔

— قِيًّا وَقَوَايَةً: خالی ہونا (مکان)
— قَوًى: سخت بھوک کا ہونا۔ بند ہونا (بارش)
قَوِيَ قُوَّةً: طاقت میں غالب آنا۔
قَوَّى: مضبوط کرنا۔
قَاوَى مُقَاوَاةً: طاقت میں مقابلہ کرنا۔ طاقت میں غالب ہونا کشتی لڑانا۔
أَقْوَى إِقْوَاءً: بیابان میں اترنا۔ خالی ہونا (مکان) مالدار ہونا۔ مفلس ہونا۔ مضبوط گھوڑے والا ہونا۔ بہت لڑیوں سے بٹنا (رسی) شعروں کے قافیہ کو مختلف بنانا۔
تَقَوَّى وَاقْتَوَى وَاسْتَقْوَى: مضبوط و قوت والا ہونا۔
تَقَاوَى وَاقْتَوَى: ایک دوسرے کے مقابلہ پر قیمت بڑھانا۔
تَقَاوَى: بھوکے رات گذارنا۔
اِقْتَوَى: قیمت بڑھا کر خریدنا (سامان)
— شَيْئًا بِشَيْءٍ: ایک چیز کو دوسری چیز سے تبدیل کرنا۔
— عَلَى فُلَانٍ: سرزنش کرنا۔
قِيٌّ وَقَوَاءٌ وَقِوَاءٌ: بیابان۔ بنجر زمین۔
قَوَاءٌ وَقَوًى: بھوک۔
بَاتَ الْقَوَاءُ أَوِ الْقَوَى: اس نے رات بھوکے گذاری۔
قُوَّةٌ ج قُوَّاتٌ وَقِوًى: طاقت
قُوَّةٌ ج قُوًى: رسی کی لڑی۔
قُوًى: عقل۔
تَقْوِيَةٌ ج تَقَاوٍ: بیج جو غریب کسان کو دیئے جاتے ہیں۔

قَاوٍ (م) قَاوِيَةٌ: پکڑنے والا۔ خالی (مکان)
قَاوِيَةٌ: مؤنث قاوی۔ کم بارش والا (سال) بعض۔
قَوٍ (م) قَوِيَةٌ: بہت سی لڑیوں والی رسی۔
قَوِيٌّ ج أَقْوِيَاءُ: طاقتور۔ مضبوط۔ بہت۔
أَقْوَى: زیادہ مضبوط۔ زیادہ مالدار
بِالْقُوَّةِ: ضد بالفعل۔ جو معرض ظہور میں نہ آیا ہو۔
مُقَوٍّ (م) مُقَوِّيَةٌ: مضبوط کرنے والا۔ آرام دہ
مُقْوٍ (م) مُقْوِيَةٌ: مضبوط گھوڑے کا سوار۔ مضبوط (گھوڑا) خالی (مکان) محتاج (فقیر)

قَاءَ — قَيْئًا: قے کرنا۔

ثَوْبٌ يَقِيءُ الصِّبْغَ: گہرا رنگ رنگا ہوا کپڑا۔
قَاءَتِ الطَّعْنَةُ الدَّمَ: نیزہ کی ضرب نے خون نکالا۔
قَاءَتِ الْأَرْضُ الْكَمَأَةَ: زمین نے کھمبی نکالی۔
قَاءَ الرَّجُلُ نَفْسَهُ: آدمی مرگیا۔
قَيَّأَ تَقْيِئَةً وَأَقَاءَ إِقَاءَةً: قے کرانا۔
تَقَيَّأَ تَقَيُّؤًا وَاسْتَقَاءَ اسْتِقَاءَةً: تکلف سے قے کرنا۔
قُيَاءٌ وَقَيْءٌ: قے۔ قے کردہ خوراک۔
قَيُوءٌ وَقَيُّوءٌ: بہت قے کرنیوالا۔
دَوَاءٌ مُقَيِّئٌ: قے آور دوائی۔

قِبْتَاس وَقِيتَاسَةٌ ج قَيَاتِيس وَقِيشَاس وَقِيشَاسَةٌ ج قَيَاشِير: سارنگی

قَاحَ — قَيْحًا وَقَيَّحَ وَأَقَاحَ وَتَقَيَّحَ: پیپ دار ہونا (زخم)

قَيْحٌ ج قُيُوحٌ: پیپ۔

قَيْدٌ: بیڑی میں جکڑا جانا۔

قَيَّدَ: پاؤں میں بیڑی ڈالنا۔ روکنا۔ مشکل کرنا (کتاب کو) رجسٹر میں درج کرنا معین کرنا (لفظ کے معنے)
— بِ: دل پر قبضہ رکھنا (احسان کرنے سے)
تَقَيَّدَ: بیڑیوں میں ہونا۔ درج رجسٹر ہونا۔ معین ہونا (معنے)
تَقَيَّدَ بِ: مقید ہونا۔
قَيْدٌ ج قُيُودٌ وَأَقْيَادٌ: بیڑیاں جانور کا پاؤں باندھنے کی رسی وغیرہ۔
— الْأَسْنَانِ: مسوڑا۔
— وَقِيدٌ وَقَادٌ: مقدار۔ اندازہ
بَيْنَهُمَا قَيْدٌ وَقِيدُ وَقَادُ رُمْحٍ ان کے درمیان ایک نیزہ کا فاصلہ ہے
قِيَادٌ: رسی جس سے جانور لے جایا جائے
قَيِّدٌ: مطیع (گھوڑا یا اونٹ)
مُقَيَّدٌ ج مَقَايِيدُ: رجسٹر میں درج شدہ۔ پازیب۔ گھوڑے کے پاؤں باندھنے کی جگہ۔ پاؤں سے باندھا ہوا۔

قَيَّرَ: تارکل لگانا۔

اِقْتَاسَ: نکتہ چینی کرنا۔
قِيرٌ وَقَارٌ: تارکل۔
قَيَّارٌ: تارکل فروخت کرنیوالا۔
قَيُّوسٌ: ادنے نسل والا۔ گم نام نسل والا۔
قِيرَاطٌ: چار جو کے برابر کا وزن۔
قَيْرَوَانُ: افریقہ کے ایک شہر کا نام۔

—— ج قَيَّر دانات: سواروں کی جماعت قافلہ۔

قَاس ـِ قَيْسًا وقِيَاسًا وَاِقْتَاسَ اندازہ کرنا۔

—— ب وعلی: نمونہ پر قیاس کرنا یا اندازہ کرنا۔

—— قَيْسًا: مغرورانہ چال چلنا۔ ناز ونخرہ کرنا۔ بھوکا ہونا۔

قَايَس مُقَايَسَةً وقِيَاسًا: اندازہ کرنا۔ درست کرنا (چھت کا شہتیر) قیاس میں مقابلہ کرنا۔

تَقَيَّس: قبیلہ قیس غیلان سے مشابہ ہونا۔ یا اس کی طرف منسوب ہونا۔

اِنْقَاس: قیاس میں آنا۔ اندازہ میں آنا

يَقْتَاس بِاَبِيهِ: وہ اپنے باپ کی پیروی کرتا ہے۔

قَاس وقِيْس: اندازہ۔ فاصلہ۔

بَيْنَهُمَا قَاس اوقِيس رُمْح: انکے درمیان ایک نیزہ کا فاصلہ ہے۔

قَيْس: ایک قوم کا نام۔

قِيَاس ج اَقْيِسَة: اندازہ۔ مقابلہ مشابہت۔ نمونہ۔ قاعدہ۔ منطق کی اصطلاح میں چند جملوں کا مرکب جس سے ایک دوسرا جملہ ثابت ہوتا ہو۔

قِيَاسِیّ: قیاس کے مطابق

مِقْيَاس ج مَقَايِيْس: مقدار۔ ماپنے کا آلہ۔ Regulatar

مِقْيَاس النِّيْل: نیلومیٹر۔

قَيْسَرِیّ ج قَيَاسِرَة وقَيَاسِر: بڑا۔

قَيْسَارِيَة: چند شہروں کے نام۔

قَاص ـِ قَيْصًا واِنْقَاص: گرنا (دانت) حرکت کرنا (پیٹ)

تَقَيَّص واِنْقَاص: گرنا (دیوار) گرنا یا لمبائی میں پھٹنا (دانت)

قَاض ـِ قَيْضًا: چرنا۔ ٹوٹنا چیرنا توڑنا۔ کھودنا (کنواں) مانند بنانا۔

—— ب: عوض میں لینا۔ بدلا کر لینا۔ زمار کرنا پ) مانند بنانا۔

قِيَّض: بہت پانی والا ہونا (کنواں)

قَيَّض: مقدر کرنا۔

—— اللّٰهُ فُلَانًا لِفُلَانٍ: خدا فلاں کو فلاں کے لئے لایا۔

—— : گرم پتھر سے داغ دینا (جانور کو)

قَايَض مُقَايَضَةً وقِيَاضًا: بدلانا۔

تَقَيَّض: ٹوٹنا (انڈا) مانند ہونا۔

—— ل: مقدر میں ہونا۔ ذریعہ ہونا۔

تَقَيَّض واِنْقَاض: گرنا (دیوار)

تَقَايَض وتَقَاوَض: ایک دوسرے سے تبادلہ کرنا۔

اِنْقَاض: پھٹنا۔ (انڈا۔ بوتل۔ دانت) گرنا (کنواں)

اقْتَاض: جڑھ سے اکھیڑنا

قَيْض: انڈے کا چھلکا۔ عوض۔

قَيْض وقِيَاض ل: مساوی۔ برابر کا مانند۔

هُمَا قَيْضَانِ: وہ دونوں مساوی ہیں۔

قِيْضَة ج قِيَض: ہڈی کا ٹکڑا۔ مکار۔

قَيِّض وقَيِّضَة: گرم پتھر۔ تبادلہ۔

قِيَاض وقِيَاضَة ومُقَايَضَة ومُقَاوَضَة: تبادلہ۔

مَقِيْضَة: بہت پانی والا (کنواں)

قَاظ ـِ قَيْضًا: سخت گرم ہونا (دن)

—— وقَيَّظ وتَقَيَّظ واقْتَاظ ب: گرمی کے دن گذارنا (جگہ میں)

قَيَّظ: موسم گرمی کے لئے کافی ہونا۔

قَايَظ مُقَايَظَةً وقِيَاظًا: گرمی کے دن ساتھ گذارنا۔ گرمی کے موسم کے لئے سودا کرنا۔

قَيْظ ج اَقْيَاظ وقُيُوظ: گرمی کی شدت۔ گرمی کا موسم۔ خشک سالی۔ بارش کی کمی۔

قَيِّظ وقَائِظ: سخت گرم۔

مَقَاظ ومَقِيظ: موسم گرما گذارنے کی جگہ۔

مَقِيْظَة: گرمی کے موسم میں سرسبز رہنے والی سبزی۔

قَاع ـِ قَيْعًا: گڑگڑانا (سؤر)

قَيَّف وتَقَيَّف: کھوج لگانا۔

قَيَّف: نکتہ چینی کرنا۔

تَقَيَّف: گذرنا (ملک میں سے)

قِيَافَة: کھوج کے پیچھے جانا لباس کا فیشن۔

مُقَيِّف: نکتہ چین۔ اصرار سے مانگنے والا۔

قَاق ـِ قَيْقًا: کڑکڑانا (مرغی)

قِيق: بے وقوف۔ ایک پرندہ جو ابوزریق کے نام سے مشہور ہے۔

قَيْقَة ج قِيَق: انڈے کے چھلکے کے اندر کی باریک جھلی۔

قِيقَاة وقَيْقَاءَة ج قَوَاقٍ و قِيَاقٍ وقِيَق: سخت زمین۔

قَيْقَبٌ: ایک درخت کا نام۔ زین کے بنے کا تسمہ۔
قَيْقَبَانٌ: زین۔
قَالَ ـ قَيْلًا و قَائِلَةً و قَيْلُوْلَةً و مَقَالًا و مَقِيْلًا: قیلولہ کرنا۔ دوپہر کو سونا۔
— قَيْلًا: دوپہر کو دودھ پینا
قَيَّلَ: آپس میں آرام سے گفتگو کرنا۔ قیلولہ کرنا۔ دوپہر کو پلانا۔
قَايَلَ: تبادلہ میں دینا۔
اَقَالَ اِقَالَةً: فسخ کرنا (بیع کو) دوپہر کو پانی پلانا (جانور کو)
اَقَالَ اللّٰهُ عَثْرَتَهُ: خدا اس کی لغزش معاف کرے۔
تَقَيَّلَ: دوپہر کو سونا۔ جمع ہونا (پانی) باپ کے مشابہ ہونا۔
تَقَايَلَ: فسخ کرنا (بیع)
اِقْتَالَ ب: تبادلہ کرنا۔
اِسْتَقَالَ: استعفاء دینا۔
— ہ الْبَيْعَ: بیع کی منسوخی کی درخواست کرنا۔
— عَثْرَتَهُ: اس نے اس سے اپنی لغزش کی معافی چاہی۔
قَيْلٌ ج اَقْيَالٌ: رئیس۔ حمیر بادشاہ۔ اونٹنی جس کا دوپہر کو دودھ نکالا جائے
قَيْلٌ و قَيُوْلٌ: دودھ جو دوپہر کو پیا جاتا ہے۔
قَيْلَةٌ و قَيُوْلَةٌ: اونٹنی جس کا دوپہر کو دودھ نکالا جائے۔
قَائِلٌ ج قُيَّلٌ و قُيَّالٌ و قَيْلٌ: قیلولہ کرنے والا۔
قَائِلَةٌ: مؤنث قائل: دوپہر
— و قَيْلُوْلَةٌ: دوپہر کا سونا۔
مَقِيْلٌ: قیلولہ کرنے کی جگہ۔
قَانَ ـ قَيْنًا: برابر کرنا یا کوٹنا (لوہا) مرمت کرنا (برتن) جوڑنا (چیز)
قَانَ اللّٰهُ زَيْدًا عَلَى السَّعَادَةِ: خدا نے زید کو خوش نصیب پیدا کیا۔
قَيَّنَ: زینت دینا۔
تَقَيَّنَ: زینت پانا۔
اِقْتَانَ و اِقْتَانَ: خوبصورت ہونا (پودہ۔ باغ)
قَانٌ: درخت جس سے کمانیں بنتی ہیں۔
قَيْنٌ ج قُيُوْنٌ و اَقْيَانٌ: لوہار۔ ہر ایک دھات کا کاریگر۔
— ج قِيَانٌ: غلام۔
قَيْنَةٌ ج قِيَانٌ: لونڈی۔ گانیوالی۔ کنگھی کرنے والی۔ پیٹھ کا دبر کے قریب کا مہرہ۔
— و مُقَيِّنَةٌ: کنگھی کرنے والی لونڈی۔
قَايِيْنُ: حضرت آدمؑ کے ایک بیٹے کا نام۔

ك = ۲۰

كَ و كِ و كُمْ و كُنَّ: یہ مخاطب کی ضمیریں ہیں۔ جو منصوب یا مجرور استعمال ہوتی ہیں۔ جیسے
ضَرَبَكَ: اس نے تجھے مارا
ضَرَبَكِ: اس نے تجھ (مؤنث) کو مارا۔
كِتَابُكُمَا: تم دو (مذکر و مؤنث) کی کتاب
كِتَابُكُمْ: تم سب (مذکر) کی کتاب
كِتَابُكُنَّ: تم سب (مؤنث) کی کتاب
كَ (۱) برائے تشبیہ جیسے كَالْاَسَدِ (شیر کی طرح)
(۲) تعلیل كَمَا هَدَاكُمْ (کیونکہ اس نے تم کو ہدایت دی)
(۳) تاکید کے لئے زائد جیسے لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ (اس کی مانند کوئی چیز نہیں)
(۴) اشارہ کے ساتھ خطاب کے لئے جیسے ذَالِكَ۔ تِلْكَ
(۵) ضمیر منفصل منصوب کے ساتھ جیسے اِيَّاكَ (تجھکو)
(۶) بعض اسماء افعال کے ساتھ جیسے رُوَيْدَكَ: ٹھہر جاؤ
كَئِبَ ـ كَأْبًا و كَأْبَةً و كَآبَةً و اِكْتَأَبَ و اِكْتِئَابٌ: غمگین ہونا۔ شکستہ دل ہونا۔
اَكْأَبَ: غمگین کرنا۔ غمگین ہونا۔
اِكْتَأَبَ: سیاہی مائل ہونا۔ (زمین)
كَأْبٌ و كَأْبَةٌ و كَآبَةٌ و كَأْبَاءُ: غم۔ سخت رنج
كُؤْبَةٌ: رنج کا سبب۔

كَأْبَاءُ: غمگین (عورت)

كَئِبٌ وَكَئِيبٌ وَمُكْتَئِبٌ: غمگین۔ شکستہ دل۔

مُكْتَئِبٌ: سیاہی مائل (راکھ)

كَأَجَ ـــ كَأْجًا: زیادہ بیوقوف ہونا۔

كِئَاجٌ: بیوقوفی۔

كَأَدَ ـــ كَأْدًا: غمگین ہونا۔

تَكَأَّدَ وَتَكَاءَدَ: دشوار ہونا۔ غمگین ہونا۔ تکلیف دہ کام اختیار کرنا

اِكْوَأَدَّ: بڑھاپے سے کانپنا۔

كَأْدَاءُ: غم۔ سختی۔ سیاہ رات۔

عَقَبَةٌ كَأْدَاءُ وَكَؤُودٌ: دشوار گذار گھاٹی۔

كُؤَدَاءُ: ٹھنڈا سانس۔

كَاسَ ج كَاسَاتٌ: پیشہ کام۔

كَازٌ: چمڑا کاٹنے کی قینچی۔ پٹرولیم معدنی تیل۔ گیس۔

كَأْسٌ وَكَأْسَةٌ ج أَكْؤُسٌ وَكُؤُوسٌ: پیالہ۔ شراب۔

كَأَصَ ـــ كَأْصًا: ذلیل کرنا۔ مغلوب کرنا۔ بہت کھانا یا پینا۔

كَأْكَأَ: پیچھے ہٹنا۔ بزدل و کمزور ہونا۔ بھاگ جانا (چور)

تَكَأْكَأَ: پیچھے ہٹنا۔ بزدل و کمزور ہونا۔ اکٹھی ہونا (قوم)

ـــ فی الکلام: گفتگو میں تھتھلانا

كَأْكَاءٌ: بزدل۔ خوف۔ چور کے بھاگنے کے وقت کی رفتار۔

مُتَكَأْكِئٌ: بزدل کرنے والا۔ پست قد

كَأَلَ ـــ كَأْلًا وَكَأْلَةً وَكُؤُولًا: قرض کے بدلہ میں قرض خرید کرنا یا فروخت کرنا۔

اِكْوَأَلَّ: چھوٹا رہنا۔

كَأَنَ ـــ كَأْنًا: بناوٹ میں مضبوط ہونا۔

كَأَنَّ: (۱) حرف تشبیہ جیسے كَأَنَّ زَيْدًا أَسَدٌ: (گویا زید شیر ہے)

(۲) بمعنے شک و ظن کے لئے۔ جیسے كَأَنَّ زَيْدًا قَائِمٌ: (شاید زید کھڑا ہے)

(۳) تقریب کے لئے جیسے كَأَنَّكَ بِالدُّنْيَا لَمْ تَكُنْ وَفِي الْآخِرَةِ لَمْ تَزَلْ: قریب ہے کہ دنیا میں تو نہ ہو۔ اور آخرۃ میں ہمیشہ رہے

كَأَى ـــ كَأْيًا: کلام سے تکلیف دینا

أَكْأَى عَنْ: ناپسند کرنا۔

كَأَيِّنْ وَكَائِنْ: (۱) کم خبریہ کی طرح اکثر تکثیر کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے جیسے كَأَيِّنْ مِنْ رَجُلٍ أَوْ كَأَيِّنْ رَجُلًا رَأَيْتُ: میں نے کئی آدمی دیکھے ہیں۔

(۲) شاذ طور پر استفہام کے معنوں کے لئے بھی آتا ہے۔ جیسے كَأَيِّنْ تَقْرَأُ سُورَةَ الْفُرْقَانِ: تو نے کتنی دفعہ سورۃ فرقان پڑھی ہے)

كَبَّ ـــ كَبًّا: الٹانا (برتن) بوجھل ہونا (چیز) گولی بنانا (دھاگا)

كَبَّ ـــ كَبًّا عَلَى وَجْهِهِ: گرانا (منہ کے بل)

كَبَّبَ: کباب بنانا۔ گوشت بھوننا۔

أَكَبَّ: گرانا۔ گر پڑنا۔ الٹنا۔

أَكَبَّ عَلَى: جھکنا۔ توجہ کرنا۔ یا مشغول ہونا۔ (علم پر)

ـــ لِ: سہارا لینا۔

تَكَبْكَبَ: تہہ بتہ ہونا (ریت۔ درخت) گرنا (اونٹ) کپڑے میں لپٹنا۔

اِنْكَبَّ: الٹ جانا۔ گرنا۔

ـــ عَلَى: محنت سے مشغول ہونا۔

كُبٌّ: حمض کی قسم کی نباتات۔

كَبَّةٌ وَكُبَّةٌ: حملہ۔ ٹکراؤ۔ شدت۔ (سردی کی)

كُبَّةٌ ج كُبَبٌ: دھاگوں کی گولی۔ آدمیوں یا گھوڑوں کی جماعت۔ کباب پلیگ۔

كُبَّابَةٌ: پانی پینے کا گلاس۔

كَبَابٌ: کباب۔ بھونا ہوا گوشت۔

كُبَابٌ: اونٹوں یا بھیڑوں کا ریوڑ چمٹنے والا کیچڑ۔ جمع شدہ ریت۔

كَبَّابَةٌ: بال۔ گولی۔

كَبَّابَةُ الشَّوْكِ: جنگلی چوہا۔

مِكَبٌّ وَمِكْبَابٌ: زمین کی طرف نظر رکھنے والا۔

مِكَبٌّ ج مِكَبَّاتٌ وَمَكَابُّ: گھڑی۔ سوت لپیٹنے کا آلہ یا ریل۔

كَبَتَ ـــ كَبْتًا: گرانا۔ ذلیل کرنا ہلاک کرنا۔ سختی سے رد کرنا۔

ـــ لِوَجْهِهِ: اس نے اس کو منہ کے بل گرایا۔

ـــ غَيْظَهُ فِي جَوْفِهِ: اس نے اپنے غصہ کو چھاتی میں چھپایا۔

مُكْتَبِتٌ: بہت غمگین۔

كَبُّوتٌ ج كَبَابِيتُ: اوورکوٹ اون کا جبہ

كَبْتَلَ: گولی بنانا۔

كَبْتَلَ لِ: گالی دینا۔ بدزبانی کرنا

تَكَبْتَلَ: گول ہونا۔

كُبْتُولَةٌ: چھوٹا گیند۔ گولی۔

کَبِثَ – کَبَثًا: خراب و بدبودار ہونا۔ (گوشت)

کَبِیْث و مَکْبُوْث: خراب شدہ۔ (گوشت)

کَبَاث: اراک درخت کا پکا ہوا پھل

کَبَحَ – کَبْحًا و اَکْبَحَ ب: لگام کھینچ کر ٹھہرانا (گھوڑا)

کَبَحَ عَن: روکنا۔ ہٹانا۔

—— ب: مارنا (تلوار سے)

—— : پیچھے ہٹانا (دیوار کا تیر کو)

کَابَحَ: بُرا کہنا۔ گالی دینا۔

اُکْبِحَ: بلند ہونا (جگہ)

کَابِح ج کَوَابِح: بدشگون۔

مُکْبَح و مَکْبَح: بلند (جگہ)

بَعِیْرٌ اَکْبَحُ: مضبوط (اُونٹ)

کَبَدَ ـِ کَبْدًا: جگر پر مارنا۔ قصد کرنا۔ (کام کا) تکلیف دینا (سردی)

کَبَّدَ و تَکَبَّدَ: پیش کرنا۔

کَبِدَ – کَبَدًا و کُبِدَ: جگر کی تکلیف والا ہونا۔

کَبَّدَ و تَکَبَّدَ: وسط میں پہونچنا (ستارہ)

کَابَدَ مُکَابَدَۃً و کِبَادًا: تکلیف برداشت کرنا۔

تَکَبَّدَ: گاڑھا ہونا (دودھ) وسط میں پہونچنا (مکان کے)

کَبْد و کَبَدٌ و کَبْدَاء و کُبَیْدَاء و کُبَیْدَاۃ: آسمان کا وسط۔

کَبِد و کَبْد ج اَکْبَاد و کُبُود: جگر۔

سُوْدُ الاَکْبَاد: دُشمن۔

کَبِد: وسط (کمان کا) پیٹ کا کھوکھ اندرون۔ مرکز۔ درمیانی حصہ۔

—— الاَرْض: سونے اور چاندی کی کان۔ اندرون زمین۔

کَبَد: کرۂ ہوائی۔ ریت کے قطعہ کا درمیانی حصہ۔ تکلیف۔ مصیبت۔ نصف النہار۔

زَیْدٌ تُضْرَبُ اِلَیْہِ اَکْبَادُ الاِبِلِ: علم وغیرہ کی خاطر زید کے پاس آمد و رفت رہتی ہے۔

کَبْدَۃ: حُبّ کا منکا۔

کُبَاد: جگر کا درد

کُبَّاد: ایک قسم کی تلخ نارنگی۔

کَبْدَاء: ہتھ چکی۔

اَکْبَد (م) کَبْدَاء ج کُبْد: بڑے جگر یا جگر کی بلند جگہ والا۔ آہستہ چلنے والا۔ ایک پرندہ۔ درمیان سے موٹا۔

کَابِد: تکلیف کا موجب۔

کَابِد و مُکَابِد: تکلیف اُٹھانے والا

کَبِرَ – کِبَرًا و مَکْبِرًا: بڑی عمر کا ہونا۔

کَبَرَ ـُ کَبْرًا ہ ب: عمر میں بڑھ جانا۔

کَبُرَ ـُ کِبَرًا و کُبْرًا و کَبَارَۃً: نقیض صَغُرَ: بڑا ہونا۔ مضبوط ہونا۔ مشہور ہونا۔ ضروری ہونا (کام)

کَبَّرَ تَکْبِیْرًا و کِبَّارًا: بڑا بنانا۔ اللہ اکبر کہنا۔

کَابَرَ: دشمنی کرنا۔ غالب آنا۔

—— علی حَقِّہٖ: اس نے اس کے حق کا انکار کیا۔

اَکْبَرَ و استَکْبَرَ: بڑا جاننا۔ ضروری جاننا۔ بڑا شمار کرنا۔

کَوْبَرَ فی: ظلم سے لینا (مال)

تَکَبَّرَ و تَکَابَرَ و استَکْبَرَ: بزرگی و عظمت والا ہونا۔ متکبر ہونا۔

کِبْر: تبختر۔ گستاخی۔ بڑا گناہ۔ تکبر۔

کِبْر و کُبْر: شرف۔ بزرگی۔ بڑائی۔ چیز کا بڑا حصہ۔ کفر۔ شرک۔

کِبَر و کَبْرَۃ و کِبَرَۃ: بڑی عمر۔ بڑھاپا۔

ھُوَ کُبْرُھُمْ و کِبْرَتُھُمْ و کُبُرُّھُمْ و کُبُرَّتُھُمْ: وہ ان کا بڑا یا بوڑھا ہے۔

کِبَر: بڑائی۔ مضبوطی۔

کَبَر ج کِبَار و اَکْبَار: ڈھول ایک درخت۔

کِبْرِیَاء: بزرگی۔ عظمت۔ غرور۔ شان و شوکت۔

کُبَار و کُبَّار و کَابِر و کَبِیْر ج کِبَار و کُبَرَاء: بڑا (جسم یا درجہ میں) بوڑھا۔ سب سے بڑی عمر والا۔ ضروری (کام)

کَبِیْر و کَابِر: بلند رتبہ۔

تَوَارَثُوا المَجْدَ کَابِرًا عَن کَابِرٍ: انہوں نے آباؤ اجداد سے بزرگی پائی۔

کَبِیْرَۃ ج کَبَائِر و کَبِیْرَات: مؤنث کبیر۔ بڑا گناہ۔

اُمُّ الکَبَائِر: شراب۔

اَکْبَر ج اَکَابِر و اَکْبَرُوْن: زیادہ بڑا۔ زیادہ بوڑھا۔

اَلاَکَابِر: سردار۔ بڑے لوگ۔ لیڈرز

کُبْرَیٰ: مؤنث اکبر۔ منطقی شکل کا کبرا

مَکْبِرٌ و مَکْبَرَة و مَکْبُرَة : عمر کی بڑائی۔
مُتَکَبِّر : مغرور۔ بڑا بننے والا۔
کُوبُری : پل۔
کَبْرَتَ : گندھک ملنا۔
کِبْرِیت : گندھک۔ دیاسلائی یاقوت احمر۔
ذَھَب کِبْرِیت : خالص سونا۔
مُکَبْرَت : گندھک سے ملا ہوا
کَبَسَ ـِ کَبْسًا : گھیرنا۔ محاصرہ کرنا۔ (شہر) اچانک حملہ کرنا۔ مٹی سے بھرنا (کنواں) مربہ ڈالنا (پھل کا)
ــــ رَاْسَہ فی : سر داخل کرنا (کپڑے میں)
ــــ السَّنَة بِیَوْمٍ : سال میں ایک دن زائد کرنا
ــــ علی : دبا کر نچوڑنا۔
کَبِسَ ـَ کَبَسًا : موٹے سر والا ہونا
کَبَّسَ : کام میں لگانا (جانور) غسل کے وقت جسم کو ملنا۔
تَکَبَّسَ : کام میں لگنا (جانور) قمیص میں سر داخل کرنا (آدمی)
ــــ وانْکَبَسَ : مٹی سے بھر جانا (کنواں)
ــــ علی : گھس جانا (چیز میں)
کَبْسَة : ناگہانی حملہ۔ دباؤ۔
کِبْس : کوئیں کو بھرنے کی مٹی۔ مٹی کا گھر۔ دامن کوہ کی غار۔ بڑا سر۔ خزانہ۔ اصل۔ منبع۔
کِبَاسَة ج کَبَائِس : کھجوروں کا بڑا گچھا۔
جِبَال کُبَّس و کُبْس : دشوار گزار پہاڑ۔

کَابُوس ج کَوَابِیْس : ایک مرض ہے جس سے آدمی سوتے ہوئے خیال کرتا ہے کہ کوئی چیز اس کو دبا رہی ہے۔ بل کی جگھی۔
کُبَاس : سوتے وقت سر کو کپڑے میں لپیٹنے والا۔ بڑے سر والا۔ موٹا۔
جَاءَ کَابِسًا : وہ اچانک آگیا۔
مُکَابِسَة : مؤنث کابس۔ خمدار (ناک) پیشانی پر لٹکے ہوئے (بال)
کِبِیس : عمدہ کھجوریں۔ ایک قسم کا زیور جس کے خول میں خوشبو بھری ہوتی ہے مُربہ۔
سَنَة کَبِیْسَة : لیپ کا سال۔ وہ سال جس میں فروری کا مہینہ ۲۹ دن کا ہوتا ہے۔
اَکْبَس (م) کَبْسَاء ج کُبْس : نمایاں ماتھے والا۔
مِکْبَس ج مَکَابِس و مِکْبَاس ج مَکَابِیْس : ہینڈ پریس۔ ہائیڈرالک پریس۔ اون وغیرہ دبانے کا آلہ۔ پسٹن
مُکَبِّس : سر نیچے رکھنے والا۔ اچانک حملہ کرنے والا۔ بھیڑ میں گھس کر دبانے والا۔
مُکَبَّس : سدھایا ہوا (جانور) دہرا (پھول)
مَکْبُوس : محاصرہ کیا ہوا۔ حملہ کیا ہوا مٹی سے پُر۔ دبایا ہوا۔ مربہ ڈالا ہوا۔
کَبَشَ ـُ کَبْشًا : مٹھی بھر لینا۔ دونوں ہاتھ سے دبانا۔
کَبْش ج کِبَاش و اَکْبُش و اَکْبَاش مینڈھا۔ سردار۔ ایک قسم کی قلعہ شکن دیوار شکن انجن۔

ــــ ج کُبُوش : شہتوت کا درخت دیوار کے اوپر کا پشتہ۔
کَبْش ج کُبُوش و اَکْبَاش : ستون۔
کَبْشَة : مٹھی بھر۔ چمچہ بھر۔ کفگیر۔ کرچھی۔
کَبْش القَرَنْفُل : لونگ۔
کَبَّاش : مینڈھوں والا۔
کَبَعَ ـَ کَبْعًا و کَبَّعَ : کاٹنا۔
کَبَعَ : پرکھ کر تولنا (دراہم)
ــــ عن : روکنا۔
ــــ کُبُوعًا : مطیع ہونا۔ عاجزی کرنا۔
کُبَع : ایک قسم کی سمندری مچھلی جس کو جمل البحر بھی کہتے ہیں۔
کَبَکَ کُبْشتی۔
کُبْکَة : باورچی خانہ کا تختہ۔
کَبْکَبَ کَبْکَبَةً : الٹانا۔ گرانا۔ (چیز) جمع کرنا۔ (مویشی) گول بنانا۔ گڑھے میں پھینکنا (چیز)
تَکَبْکَبَ : جمع ہونا (لوگ) الٹنا۔ گرنا۔
ــــ فی : لپٹنا (کپڑوں میں)
کَبْکَبٌ و کِبْکِبٌ : ایک قسم کی کھیل۔
کِبْکِبَة و کُبْکُوْب و کُبْکُوْبَة : لوگوں کی یا گھوڑوں کی بھیڑ۔
کُبْکُبٌ و کُبَاکِبٌ : سخت جسم مضبوط آدمی۔
کُبْکُوْبٌ : کتی ہوئی اُون یا دھاگہ کی گولی۔
کُبْکُوبَة : کتاب۔
کَبَلَ ـِ کَبْلًا و کَبَّلَ و اَکْتَبَلَ : بیڑی ڈالنا۔ قید کرنا۔

کَبَلَ وکَابَلَ: ٹال مٹول کرنا۔ (قرض ادا کرنے میں)
کَابَلَ: جائداد کی خریداری کو حق شفع سے روکنا۔
تَکَبَّلَ: بیڑی ڈالا جانا۔ قید ہو جانا
اِکْتَبَلَ: باندھنا (ٹٹوا) روکے رکھنا (جائداد)
کَبْل ج کُبُول: بیڑی۔ بندھن
کَبَل وکَابِلِیّ: چھوٹے کپڑے
کَابُول: شکاری کا پھندا۔
مُکَبَّل ومَکْبُول: بیڑی ڈالا ہوا۔
کَبَنَ ـِ کَبْنًا: اندر کی طرف موڑ کر سینا (کپڑا) حاشیہ لگانا چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔ روک دینا۔ (تحفہ)
ـــ عن: علیحدہ ہونا۔
ـــ ـِ کَبْنًا وکُبُونًا: سکون اختیار کرنا۔ اطمینان کرنا۔
ـــ کُبُونًا: پڑوسی کو چھوڑ کر غیر سے سلوک کرنا۔ چمٹنا (ہرن زمین سے)
اَکْبَنَ لِسَانَہٗ عن: اس نے اپنی زبان روک لی۔
اِکْبَانَّ: سکڑنا۔ زمین سے چمٹنا (ہرن)
کُبْن وکُبْنَۃ: چمڑے کے بو کے کا کنارہ یا منہ کا وہ حصہ جو موڑ کر سیا جاتا ہے۔
کُبُنّ وکُبُنَّۃ: بخیل۔ کنجوس۔
کُبُنَّۃ: خشک روٹی
کُبَان: اونٹوں کی بیماری۔
مُکْبَن: مضبوط۔

مَکْبُون: بیماری والا (اونٹ)
ـــ الاَصَابِع: کھردری اور موٹی انگلیوں والا۔
کُوبَان: گھوڑے کے اوپر ڈالنے کا کپڑا۔
کَبَا ـُ کَبْوًا وکُبُوًّا لِلوَجْہِ: منہ کے بل گرنا۔
کَبَا: آگ نہ دینا (چقماق) راکھیں سلگنا (آگ) اٹھنا (غبار)
کَبَّی: راکھ ڈال کر ڈھانکنا (آگ کو) خوشبو لگانا (کپڑے کو)
اَکْبَی: آگ نہ دینا (چقماق) دھواں نکالنے والا بنانا (چقماق کو) بدلنا (چہرہ)
تَکَبَّی علی واکْتَبَی ب: دھونی لینا۔
اِنْکَبَی: منہ کے بل گرنا۔ لڑکھڑانا
کِبًا وکِبَیّ ج اَکْبَاء وکُبَۃ ج کُبُون: کوڑا کرکٹ۔
کِبَاء ج کُبًی: دھونی دینے کی لکڑی
کَبَاء: پھوٹنے والا پانی۔ چاندی شعاعیں۔
کَبْوَۃ: ٹھوکر۔ غبار۔ منہ کے بل گرنا
کُبُوَۃ: دھوپ دانی۔
کَابِی: بلند۔ زرد فام (رنگ)
کَابِی الزَّمَاد: بڑی راکھ والا یعنی بڑا مہمان نواز۔
کِبَابَۃ: پانی پینے کا گلاس۔
کَتَّ ـُ کَتًّا واَکَتَّ واکْتَتَّ الکلام فی: کانا پھوسی کرنا۔
کَتَّ: گننا۔ حساب کرنا۔
جَیْش لَا یُکَتّ: ان گنت فوج۔

کَتَّ ـِ کَتِیتًا: آہستہ آہستہ چلنا
کَتَّ ـِ کَتًّا: ابلنا۔ جوش کھانا۔ (ہانڈی) آہستہ گڑگڑانا (اونٹ) روکنا۔ ستانا۔ دکھ دینا۔
اِکْتَتَّ: سننا (بات)
تَکَاتَّ النَّاس: لوگوں نے بھیڑ اور شور کیا۔
کَتّ (مذکر ومونث) دبلا۔
کَتَّۃ: زمین کی سبزی۔ سبز
کُتَّۃ: ریوڑ کا ردی حصہ۔
کَتِیت: ہانڈی کے جوش کی آواز اونٹ کے بڑبڑانے کی آواز۔ بخیل
کُتَیْتَۃ: حلوا۔
کَتَبَ: لکھنا۔ مصنف ہونا۔
ـــ کِتَابًا: فیصلہ دینا۔
ـــ وکَتَّبَ واکْتَتَبَ: لکھنا (کتاب)
ـــ علی: واجب کرنا۔
کَتَبَ کَتْبًا واکْتَتَبَ: سینا (مشک
کَتَّبَ واکْتَبَ: لکھائی سکھانا۔
کَتَّبَ: دستے بنانا (فوج کے)
کَاتَبَ: خط وکتابت کرنا۔ ساتھ مل کر لکھنا۔ مال معین لینے کی شرط پر آزاد کرنا (غلام کو)
اَکْتَبَ: لکھانا (نظم) لکھنے والا پانا۔
اَکْتَبَ: بند کرنا (تھیلا)
تَکَتَّبَ: دستے بننا۔ کمر کس کر ہوشیار ہونا
تَکَاتَبَ: ایک دوسرے سے خط وکتابت کرنا۔
اِکْتَتَبَ: اپنا نام رجسٹر میں لکھنا۔ لکھوا جانا۔ خریدار بننا (اخبار کا)

بند ہونا (پیٹ)
—لِنَفْسِہٖ: کاپی لینا۔
— وَاسْتَکْتَبَ: لکھنے یا لکھوانے کی درخواست کرنا۔
کِتْبَۃ: کتاب کی نقل۔
کُتْبَۃ ج کُتَب: سینے کے لئے تسمہ۔ بوری سینے کے لئے رسی۔
کِتَاب ج کُتُب و کُتْب: تحریر۔ دستخط۔ خط۔ آسمانی کتاب۔ رجسٹر تقدیر۔ کتاب۔ فرض۔ حکم۔ قدر۔
اَہْلُ الْکِتَاب: آسمانی کتاب پر ایمان لانے والے۔
اُمُّ الْکِتَاب: کتاب کی جڑھ الحمد شریف۔
کُتُبِیّ و کتابجی: کتاب فروش۔ لائبریری کا محافظ۔
کِتَابَۃ: تحریر۔ خط۔ لکھا ہوا اسٹامپ۔ رجسٹر۔ کتبہ۔ جادو۔ تعویذ۔
کَتِیْبَۃ ج کَتَائِب: فوج کا دستہ گھوڑوں کا گلہ۔ سواروں کا دستہ ڈپلومہ۔ پیٹنٹ۔ ڈگری۔ حکم۔
کَاتِب ج کَاتِبُوْن و کُتَّاب و کَتَبَۃ: منشی۔ کلرک۔ سکرٹری۔ عالم۔ کتابت سکھانے والا۔
کُتَّاب ج کَتَاتِیْب: تعلیم کی جگہ۔ سکول۔
مَکْتَب ج مَکَاتِب: مدرسہ۔ تعلیم گاہ۔ لکھنے کی جگہ۔ سوداگر کا دفتر۔
مَکْتَبَۃ ج مَکَاتِب: لائبریری رائٹنگ ڈیسک۔

مُکَتِّب: رائٹنگ ماسٹر۔
مَکْتُوْب ج مَکَاتِیْب: خط۔ تحریر
مُکْتَتَب: رجسٹر میں درج کیا ہوا لکھا ہوا۔
کَتَحَ = کَتْحًا: غبار آلودہ کرنا (ہوا کا) پیٹ بھر کر کھانا۔ ننگا کرنا (زمین کو ٹنڈی)
کَتْخُوْد: مینجر۔ گھر کا منتظم۔
کَتَدٌ و کَتِدٌ ج اَکْتَاد و کُتُوْد دونوں کندھوں کے درمیان کا پیٹھ کا حصہ۔
اَکْتَد: کندھوں کے درمیان سے ابھری ہوئی پیٹھ والا۔
ہُمْ اَکْتَاد: وہ ایک دوسرے سے مشابہ ہیں۔
جَاءُوْا اَکْتَادًا: وہ گروہ گروہ آئے۔
اَکْتَر: موٹے کوہان والا ہونا۔
کَتْر: درجہ۔ درمیانہ حصہ۔
—و کِتْر و کَتَر (ج اَکْتَار) کَتَرَۃ: بلند کوہان۔
کِتْر: اونچی عمارت۔
کَتَشَ = کَتْشًا ل: کمانا (اہل کے لئے)
کَتَعَ = کَتْعًا: سکڑنا۔ لنجا ہونا
— وکتع = کَتَعَانًا: جلدی کرنا یا کوشش کرنا (کام میں)
کَتَعَ = کُتُوْعًا فی: دور نکل جانا (ملک میں)
کَتَعَ = کَتْعًا ب: لے جانا۔
کَتَّعَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ (گوشت) قیمہ کرنا۔

کَاتَعَ: تباہ کرنا۔
تَکَاتَعَ: ایک دوسرے کی پیروی کرنا۔ لگاتار کرنا (کام)
کُتَع (ج کِتْعَان) و کُتَیْع: ذلیل حقیر۔
کُتَیْعٌ: منفرد و اکیلا۔
مَا بِالدَّارِ کُتَیْعٌ: گھر میں کوئی نہیں۔
حَوْلٌ کُتَیْعٌ: پورا سال۔
کُتْعَۃ (ج کِتَاع) و کُتْعَۃ (ج کُتَع) و کِتْعَۃ ج کِتَع: چھوٹا ڈول۔
اَکْتَع ج کُتْع: ٹیڑھی انگلیوں والا لنجا۔ ایک ہاتھ والا۔
کَتْعَاء ج کُتْع: لونڈی۔
اِشْتَرَیْتُہَا جُمَعَاءَ کُتَعَاءَ: میں نے یہ سب خریدا ہے۔
رَاَیْتُ اِخْوَتَکَ اَجْمَعِیْنَ اَکْتَعِیْنَ: میں نے تیرے تمام بھائی دیکھے۔
مَکْتُوْع: لنجا۔ ایک ہاتھ والا۔
کَتَفَ = کَتَفًا: کندھوں کو حرکت دیتے ہوئے آہستہ چلنا۔
کَتَفَ = کَتْفًا و کِتَافًا: کندھے پر مارنا۔ زخمی کرنا (جانور کے کاندھے کو) (زین کا) لوہے کے پترے سے جوڑنا (برتن) ناپسند کرنا (کام)
— و کَتَّفَ: پیٹھ کے پیچھے ہاتھ باندھنا۔ مشکیں باندھنا۔
کَتَفَ = کَتْفًا و کَتَفَانًا: پیچھے کی طرف بازوؤں کو ملا کر اڑنا (پرندہ)
کَتِفَ = کَتَفًا: وسیع شانوں والا

ہونا (آدمی) فاصلہ پر کندھوں والا ہونا۔ (گھوڑا)

کَتَّفَ: کندھوں کو ملا کر چلنا۔ دھات کے پترے سے مرمت کرنا (برتن) قیمہ بنانا۔ (گوشت)

تَکَتَّفَ: چلنے میں کندھوں کو اُٹھانا (گھوڑا)

تَکَتَّفَ فی الصَّلٰوۃِ: نماز میں ہاتھ باندھنا۔

کَتِف وکِتْف ج اَکْتَاف وکِتَفَۃ: شانہ۔ کندھا۔

کُتَاف: شانے کا درد

کِتَاف ج کُتُف: مشکیں باندھنے کی رسی۔

کَتِیْف ج کُتُف: دھات کا ورق یا پترا۔ چوڑی تلوار۔

کَتِیْفَۃ ج کَتَائِف: نفرت۔ لوہار کا چمٹا۔ دروازہ کی چٹخنی

کُتْفَان وکِتْفَان: ٹکڑی جو پہلی دفعہ اُڑنے لگے۔

اَکْتَف (م) کَتْفَاء ج کُتُف: چوڑے کندھوں والا۔ بیمار کندھوں والا

مِکْتَاف: کندھوں پر زخم والا جانور۔

کَتْکَتَ: بغیر قہقہہ لگانے کے ہنسنا۔

— وتَکَتْکَتَ: آہستہ چلنا۔

کَتْکَاتٌ: جلدی کلام کرنے والا۔

کَتَلَ ـُ کَتْلاً: بیڑی ڈالنا۔ قید خانہ میں بند کرنا۔

— وکَتَّلَ: دبا کر گول ڈھیلا بنانا۔

کَتِلَ ـَ کَتَلاً: چمٹنا

تَکَتَّلَ: بم کر ڈھیلا بننا۔ نزدیک نزدیک قدم ڈال کر چلنا (پست قد کا)

اِنْکَتَلَ: چلے جانا۔

کُتْلَۃ ج کُتَل: کھجوروں یا مٹی وغیرہ کا ڈھیلا گچھا۔ گوشت کا ٹکڑا۔

کُتَل وکُتَال: بڑا جسم۔ موٹائی۔

کُتَال: نفس۔ روح۔ حاجت۔ مدد۔ مؤونت۔ تنگ گذران۔ گوشت۔ قوت۔

اَلْقٰی عَلَیَّ کُتَالَہٗ: اس نے مجھ پر بوجھ ڈالا کیا۔

کَتِیْلَۃ ج کَتَائِل: کھجور جو ہاتھ کی پہونچ سے اُونچی ہو۔

اَکْتَل: سخت مشکل۔ مصیبت۔

مِکْتَل ومِکْتَلَۃ ج مَکَاتِل: کھجوروں کے پتوں کا بنا ہوا ٹوکرا جس میں ۱۵ اصاع کھجور سما سکے۔

مُکَتَّل: گول وسخت۔ مضبوط وپست قد

کَوْتَلَ وتَکَوْتَلَ: یونانی گرجا کا عیسائی بننا۔

کُوتَالِی ج کَوَاتِلَۃ: یونانی گرجا کا عیسائی

کَاثُوْلِیْکِیّ ج کَاثُوْلِیْکِیُّوْن: رومن کیتھولک۔

کَاثُوْلِیْک: یونانی کیتھولک

کَثْلَکَ: کیتھولک ہونا۔

کَتَمَ ـُ کَتْمًا وکِتْمَانًا وکَتَّمَ واکْتَتَمَ: چھپانا۔ روکنا (غصہ)

— الرَّبْوَ: مشکل سے سانس لینا (گھوڑا)

کَتَمَ کُتُوْمًا وکِتَامًا: روک رکھنا۔ (برتن کا پانی وغیرہ کو) قابض ہونا۔

کَاتَمَ: چھپانا۔

تَکَاتَمَ: ایک دوسرے سے چھپانا۔

اِنْکَتَمَ: چھپنا

اِسْتَکْتَمَ: بتانا (بھید) بھید چھپانے کے لئے کہنا۔

کِتْمَۃ: پوشیدگی۔

کَتَم وکُتْمَان: نیل کا پودہ۔

کِتَام: قبض۔

کَاتِم (م) کَاتِمَۃ: چھپانے والا۔ پوشیدہ۔ ثابت ودرست (کمان)۔ قابض۔

کَاتِمُ الاَسْرَار: سکرٹری۔

کُتَمَۃ وکَتُوم وکَتَّام: راز کو بہت چھپانے والا۔

کَتُوم ج کُتُم: بھید رکھنے والا۔

— وکَتِیْم: ثابت ودرست (کمان)

کَتِیْم: خاموش (اونٹ)

اَکْتَم: بڑے پیٹ والا۔ سیر شدہ۔

مَکْتُوم ومُکْتَتَم: پوشیدہ رکھا ہوا

کَتِنَ ـَ کَتَنًا: دھوئیں سے سیاہ ہونا (دیوار) گندہ ہونا (کپڑا) سبزی سے سبز ہونا (جانور کے ہونٹ) میلی وگندی ہونا (مشک) سیاہ ہونٹوں والا ہونا۔

کَتَّنَ واَکْتَنَ: چسپاں کرنا۔

تَکَتَّنَتِ المَرْأَۃُ: عورت نے برقعہ اور دستانے اور موزے پہنے۔

کَتَنٌ: دیوار پر دھوئیں کی سیاہی۔ ہونٹ کی سیاہی۔ میل کچیل۔ کھجور کی جڑھ کی مٹی۔

کَتِن: گندا۔

کَتِن وکِتْن: شگون کا تیر۔

کَتَّان: السی کا پودا۔

— وکَتَّانَۃ: پانی کے اوپر کی سبز کاہی۔

کَتُّوْنَۃ: کاہن کی قمیص جو خدمت کے وقت کپڑوں کے نیچے پہنتا ہے۔

کَتَا ـُ کَتْوًا: چھوٹے قدم سے چلنا

اَکْثَی: دشمن پر غالب آنا۔

اِکْثَوْثَی: غصے سے بھر جانا۔ شیخی سے بگھارنا۔

کَثَّ ـِ کَثَاثَۃً وکُثُوثَۃً وکَثَثًا: گاڑھا ہونا۔ گھنے اور گھنگریالے ہونا (بال)

اَکَثَّ: گنجان داڑھی والا ہونا۔

کَثٌّ وکَثِیثٌ: گھنی (داڑھی)

— وکَثُّ اللِّحْیَۃِ وَاَکَثُّ (م) کَثَّاء ج کُثٌّ: گھنی داڑھی والا۔

کَثَأَ ـَ کَثْأً وکَثَأً: جھاگ والا ہونا (دودھ وہانڈی) گنجان ہونا (داڑھی) بالائی اُتارنا (ہانڈی سے)

— وکَثَّأَ: موٹی اور لپٹی ہوئی ہونا۔ (کھیتی)

کَثْأَۃ: پانی کی کائی کا بیج۔

کَثْأَۃ وکُثْأَۃ: بالائی۔ پانی پر تیرنے والی (جھاگ وغیرہ) جونک۔

کَثَبَ ـُ کَثْبًا: جمع کرنا۔ گرانا۔ (پانی) اکٹھا ہونا۔

کَثَبَ ـُ کَثْبًا علی: حملہ کرنا۔

— وَاَکْثَبَ: قریب آنا (شکار)

— فی المَکَان: مکان میں داخل ہونا۔

جَاءَ یَکْثُبُہٗ: وہ اس کے پیچھے آیا۔

کَثَّبَ: تھوڑی مقدار میں ہونا۔

کَاثَبَ وَاَکْثَبَ دل دمن: نزدیک آنا۔ قریب آنا۔

اَکْثَبَ: تھوڑا دینا (دودھ)

اِنْکَثَبَ: ڈھیر ہونا (ریت)

کَثَبٌ: قُرب۔

— رَمَاہُ مِن کَثَبٍ وعن کَثَبٍ: اس نے اس کو نزدیک سے مارا۔

کُثْبَۃٌ ج کُثَبٌ: تھوڑا (پانی یا دودھ) دودھ وغیرہ کی پیالی۔ پہاڑوں کے درمیان میدانی زمین۔

کَاثِبَۃٌ ج کَوَاثِبُ: مونث کاثب گھوڑے کی گردن۔ یا پیٹھ کی بلندی۔

کَثَّابٌ: بے پر تیر۔

کَثِیبٌ ج اَکْثِبَۃٌ وکُثُبٌ وکُثْبَانٌ ریت کا ٹیلہ۔

کَثَجَ ـِ کَثْجًا من الطَّعَامِ: اس نے کافی کھانا کھایا۔

کَثَحَ ـَ کَثْحًا: جمع کرنا۔ بکھیرنا

— علی: غبار ڈالنا (ہوا)

— من: خواہش کے مطابق لے لینا

— وکَثَّحَ عن: ننگا کرنا۔ ظاہر کرنا

تَکَاثَحَ ب: لڑنا (تلواروں سے)

کُثْحَۃ: گروہ۔ (چھوٹا لشکر)

کَثُرَ ـُ کَثْرَۃً: بہت ہونا۔

کَثَرَ ـُ کَثْرًا ہ: تعداد میں بڑھ جانا

کَثَّرَ وَاَکْثَرَ: زیادہ بنانا۔ اکثر لانا

کَثَّرَ خَیْرَکَ واللّٰہُ یُکَثِّرُ خَیْرَکَ: خدا تیرا بھلا کرے۔ خدا تیرے مال کو بڑھائے۔

کَاثَرَ: تعداد میں غالب آنا۔ یا مقابلہ کرنا۔

— وَاسْتَکْثَرَہ الماءَ: بہت پانی مانگنا۔

اَکْثَرَ: بہت لانا۔ بہت مالدار ہونا بہت پانا یا شمار کرنا۔ بہت بنانا۔

تَکَثَّرَ وکَوْثَرَ: بڑھنا۔ بے شمار ہونا۔ مالداری کا دکھلاوا کرنا۔

تَکَثَّرَ بمال غیرہ: وہ غیر کے مال سے غنی ہوا۔

— من الشَّیْءِ: چیز سے بہت حصہ لے لینا۔

تَکَثَّرَ بالکَلَام: باتونی ہونا۔ بہت کلام کرنا۔

تَکَاثَرَ: تعداد میں بہت ہونا۔ یا مقابلہ کرنا۔ بہت خیال کرنا۔

اِسْتَکْثَرَ: بہت پانا۔

— من: بہت مانگنا۔

کِثْرٌ وکُثْرٌ: بہتات۔ کثرت۔

کُثْرُ الشَّیْءِ: چیز کا بڑا حصہ

کَثْرَۃ وکِثْرَۃ: بڑی تعداد۔ کثرت

کُثْرَی: زیادتی۔

کَثِیرٌ: بے شمار۔ زیادہ۔ اکثر۔ بہت

رِجَالٌ کَثِیرٌ وکَثِیرَۃ وکَثِیرُونَ: بہت آدمی۔

نِسَاءٌ کَثِیرٌ وکَثِیرَۃ وکَثِیرَات: بہت عورتیں۔

کِثَار وکُثَّار: جماعتیں۔

کَیْثَر: فیاض آدمی۔

مِکْثَر: مالدار۔

مِکْثَار ومِکْثِیر: باتونی۔

مَکْثُور عَلَیْہِ: قرض کے نیچے دبا ہوا۔

تَکَوْثَرَ: گھنا ہونا (غبار)

کَوْثَر: بے شمار۔ فیاض آدمی۔ بہشت کے ایک دریا کا نام۔ خیر کثیر۔

کَثَعَ ـَ کَثْعًا وکَثَّعَ: بالائی والا ہونا۔ (دودھ)

— کُثُوعًا وکَثَّعَ: اسہال والی ہونا (بھیڑ)

— کَثْعًا وکُثُوعًا وکَثِع = کَثَعًا
خون سے سُرخ اور موٹا ہونا (ہونٹ)
— کَثَّع : بالائی پھینکنا (ہانڈی)
سبزی والی ہونا (زمین) بڑھنا (داڑھی)
انگور باندھنا (زخم)
کَثْعَۃ وکُثْعَۃ : بالائی - ہانڈی
کی پھینکی ہوئی جھاگ -
کَثَعَۃ : کیچڑ - گارا -
شَفَۃ کَاثِعَۃ : خون سے سُرخ
اور سوجا ہوا ہونٹ -
اَکْثَع : سُرخ ہونٹوں والا -
کَثُفَ = کَثَافَۃً وتَکَاثَفَ
واسْتَکْثَفَ : گاڑھا ہونا - موٹا ہونا -
گنجان و گچھے دار ہونا - (درخت)
کَثَّفَ : گاڑھا کرنا -
اَکْثَفَ من : نزدیک ہونا -
اِسْتَکْثَفَ : گاڑھا پانا یا شمار کرنا
گاڑھا ہونا -
کَثْف : جماعت -
کَثِیف : گاڑھا - اُجڈ یا ناشائستہ
(آدمی)
کَثَّ : گھنی داڑھی والا ہونا -
کَثْکَث وکِثْکِث : پتھروں کے ریزے
کَثَل = کَثْلاً : جمع کرنا -
کُثْل : غلہ کا ڈھیر - جمع -
کَوْثَل وکَوْثَلٌ : جہاز کا مؤخر -
یا لنگر - جوتنے والا -
کَاثُولِیک : کیتھولک -
کَثَمَ = کَثْمًا : جمع کرنا - پیچھے
چلنا - کھوج پر چلنا - منہ میں ڈالکر
توڑنا (چیز)
— عن : واپس کرنا - لوٹانا -

کَثِم = کَثَمًا : نزدیک آنا - ٹھہرنا -
سیر ہونے سے بڑے پیٹ والا ہونا -
کَاثَم : قریب آنا - میل جول رکھنا -
اَکْثَم : نزدیک آنا (شکار) بھرنا (مشک)
— فی : چھپنا -
تَکَثَّم : حیران ہونا - توقف کرنا چھپنا
اِنْکَثَم : غمگین ہونا -
— عن : بھر جانا -
کَثِم وکَاثِم : گاڑھا -
اَکْثَم : چوڑی (سڑک) بڑے پیٹ والا
سیر شدہ -
کُثْنَۃ : پھولوں کی ٹوکری -
کَجَّ = کَجًّا : کھیلنا -
کُجَّۃ : بچوں کی کھیل -
کُحّ ج اَکْحَاح : خالص -
کَحَّب : کچے انگور لانا (انگور کی بیل کا)
کَحْب : کچے انگور -
کَحْبَۃ : انگور کا کچا دانہ
کَاحِب (م) کَاحِبَۃ : بے شمار -
کَحَث = کَحْثاً لَہُ من المَال :
اس نے اس کو اُنجری بھر کر مال دیا -
کَحَص = کُحُوصًا : محو ہونا - مٹنا
— بِرِجْلِہ : پاؤں سے کریدنا -
— وکَحَّص : مٹانا - محو کرنا -
کَحَف = کَحْفًا : ایڑی دبانا -
(جوتی کی)
اِنْکَحَف : دبی ہوئی ایڑی والی ہونا -
(جوتی)
کُحُوف : جسم کے اعضاء -
کَحَل = کَحْلاً وکَحَّل : سرمہ لگانا
سرمہ ڈالنا -
کَحَلَ السُّہَادُ عَیْنَہُ : اس نے جاگ کر

رات گذاری -
کَحَل = کَحْلاً : خشک ہونا (سال)
— واَکْحَل : قحط زدہ ہونا (قوم)
— واَکْحَل وتَکَحَّل واکْتَحَل و
اَکْحَالّ بالنَّبَات : نباتات کی ابتدائی
سبزی والا ہونا (مکان)
کَحِل = کَحَلاً : سُرمگین ہونا (آنکھ)
کَحَّل : سیمنٹ لگانا (دیوار کو)
تَکَحَّل واکْتَحَل : سُرمہ لگانا -
کَحَل : پپوٹوں کے بالوں کے اُگنے کی
پیدائشی سیاہی -
کَحْل وکُحُل وکَحْلَۃ : آسمان -
صَرَّحَتْ کَحْلُ او الکُحْلُ او
الکَحْلَۃ : آسمان صاف ہوگیا -
کُحْل : سُرمہ - بہت دولت - آنکھ میں
ڈالنے کی دوائی -
کِحْل وکِحَال وکُحْلَۃ : تعویذ کا منکا
کِحَال : پسا ہوا سُرمہ - سرمہ -
کَاحِل ج کَوَاحِل : ٹخنہ -
کَحَّال : سیمنٹ لگانیوالا - آنکھ کا
علاج کرنے والا -
کَحِیل و کُحَیْل (مذکر و مؤنث) (م)
کَحِیلَۃ ج کَحْلَی وکَحَائِل : سُرمگین
(آنکھ)
کَحِیل ج کَحَائِل وکُحَیْلَۃ : سیاہ
آنکھ والا - عمدہ نسل (گھوڑا)
کُحَیْل : تارکل یا گندھک -
کُحْلِیّ : سرمہ کے رنگ والا -
اَکْحَل (م) کَحْلَاء ج کُحْل : سُرمہ
لگا ہوا - سیاہ آنکھ والا -
الاَکْحَل : بازو کی ایک رگ کا نام -
کَحْلَاء : مؤنث اَکْحَل - سخت سیاہ

آنکھ والی - سفید جسم وسیاہ آنکھوں والا (مینڈھا)
كُحَيْلَاءُ : گاؤزبان - درخت گیندا
مِكْحَل ومِكْحَال : سرمہ لگانے کی سلائی (سرچوپ)
مُكْحُلَة ومِكْحَلَة ج مَكَاحِل : سرمہ دانی - رائیفل - بندوق -
كَخَّ - كَخًّا : خراب ہونا -
كَخْ - كَخًّا وكَخِيخًا فی نومہ : اس نے نیند میں خراٹے لئے -
كَخَّ وكَخْيَا (بجائے كُنْخُودا) گھر کا منتظم - steward
كَدَّ وكُدَّه - كَدًّا : محنت سے کام کرنا - روزی طلب کرنا - طلب میں کوشش کرنا -
— : ہانکنا یا تھکانا (جانور) کنگھی کرنا یا اچھی طرح کھجلانا (سر کو) ہاتھ نکالنا
— ب : اشارہ کرنا (انگلیوں سے)
— واكْتَدَّ واسْتَكَدَّ : کام میں بہت محنت چاہنا -
كَدَّدَ : زور سے ہٹانا -
اَكَدَّ واكْتَدَّ : حریص ہونا - بخیل ہونا -
تَكَدَّدَ : تھکنا - تنگ آنا -
كَدّ : محنت - کوشش - ہاون - برتن جس میں کوئی چیز کوٹی جائے -
كِدَّة وكَدِيد : کھردری زمین
كُدَادَة وكُدَدَة وكَدَدَة : تھوڑا - برتن کا بقیہ کھانا -
كَدُود : بہت محنتی - محنت طلب کام - بخیل -
بِئْرٌ كَدُودٌ : کنواں جس کا پانی مشکل سے نکالا جائے -

كَدِيد : روندی ہوئی زمین - پسا ہوا نمک - کھردری زمین -
اَكِدَّة : چراگاہ کا بقیہ گھاس -
قَوْم اَكْدَاد واَكَادِيد : شکست خوردہ قوم -
— رَاَيْتُهُم اَكْدَادًا واَكَادِيدًا : میں نے ان کو گروہوں میں دیکھا -
اِبِلٌ اَكْدَادٌ : تیز چلنے والے اونٹ
مِكَدّ : کنگھی -
مَكْدُودٌ : مغلوب
كَدَاَ وكَدِئَ - كَدْءًا وكُدُوءًا سردی سے جلنا (نباتات)
كَدَاَ وكَدَّاَ : جلانا (پودوں کو سردی)
كَادِئَة : زمین جس کی سبزی دیر سے اُگے
كَدَب وكَدِب وكَدَب وكُدَاب ناخنوں کی سفیدی -
كَدَجَ - كَدْجًا : کافی شربت پینا
كَدَحَ - كَدْحًا : محنت کرنا - کوشش کرنا -
— وكَدَّحَ : خراشنا (چہرہ) درست کرنا (بال)
كَدَحَ واكْتَدَحَ ل : رزق کمانا - (عیال کے لئے)
تَكَدَّحَ : خراشا جانا (جلد)
كَدْح ج كُدُوح : خراش -
كَدُرَ - كَدَارَةً وكَدِرَ - كَدَرًا وكَدَارَةً وكُدُورًا وكُدُورَةً وكُدْرَةً : گدلا ہونا (پانی) خراب ہونا (رنگ)
— علی : ناراض ہونا -
كَدَّرَ : گدلا کرنا - گرانا (پانی) غمگین بنانا

تَكَدَّرَ واكْدَرَّ : گدلا ہونا -
اِنْكَدَرَ : اُترنا (پرندہ) بکھرنا (ستارے)
— فی : جلدی کرنا (چلنے میں)
— علی : حملہ کرنا -
كُدْرَة : مٹیالا رنگ
كَدَرَة : کیچڑ - پانی کی کاہی -
كَدَرَة ج كَدَر : ڈھیلے کا گٹھا
— وكُدْرِيّ وكُدَارِيّ : پتلا بادل -
كَدْر وكَدِر وكَدِير : غیر صاف تکلیف دہ -
كُمْدُرٌ : بہت جوش جوان - موٹا گدھا
كُدَارَة : برتن کی تہہ کے گھی کی تلچھٹ
كُدْرِيّ وكُدَرِيّ : مٹیالے رنگ کا تیتر -
اَكْدَر (م) كَدْرَاء ج كُدْر : سیاہ رنگ والا -
اَكْدَر : سخت سیلاب -
كُدَيْرَاء : دودھ میں گھلی ہوئی کھجوریں
كَدَسَ - كَدْسًا وكُدَاسًا : چھینکنا (جانور)
— : ہانکنا (جانور کو)
— وكَدَّسَ : جمع کرنا (کٹی ہوئی فصل)
كَدَسَ وتَكَدَّسَ : بھیڑ کرنا (گھوڑے)
كَدَسَ بِهِ الاَرْضَ : اس نے اس کو زمین پر گرادیا -
تَكَدَّسَ : کاندھوں کو ہلاتے ہوئے چھاتی اُبھا کر تیز چلنا
كَدْسَة وكُدَاس : جانور کی چھینک -
كُدْس (ج اَكْدَاس) وكُدَّاس (ج كَدَادِيس) وكُدَاسَة وكَدِيس ومَكْدَس : کٹی ہوئی فصل کا جمع کیا ہوا ڈھیر یا لڑی

كادِس ج كَوادِس: چھینکنے والا۔ وہ چیز جس سے شگون لیا جائے۔
مُتَكادِسٌ: گنجان (درخت)
اَكْداسُ الرمل: بہت جمع شدہ تہ بتہ ریت
كَدَشَ ـِ كَدْشًا: خراشنا۔ تلوار یا نیزہ سے مارنا۔ زور سے ہٹانا کاٹنا (گھوڑا)
ـــ لِ: کمانے کی تدبیر کرنا۔
ـــ واكْدَشَ من: حاصل کرنا (عطیہ)
كَدْشَة: گھوڑے کی کاٹ۔
كَدْش: زخم۔
جِلْدٌ كَدِشٌ: خراشا ہوا چمڑہ۔
كَدِيش ج كُدُش: ٹٹو۔
كَدّاشٌ: بہت کمانے والا۔ سوالی۔
كَدَعَ ـَ كَدْعًا: دفع کرنا۔ ہٹانا۔
كُدْعَةٌ: ذلیل۔ حقیر۔
كَدْفَة: کھروں یا پاؤں کے پڑنے کی آواز
اَكْدَفَ: زمین پر پاؤں مارنا (گھوڑا)
كَدْكَدَ: بہت ہنسنا۔ چلنے میں سستی کرنا۔
ـــ علی: ظلم کرنا۔
ـــ وتَكَدْكَدَ: زور سے ہٹانا۔
كَدَمَ ـُ ـِ كَدْمًا: اگلے دانتوں سے کاٹنا۔ تعاقب کرنا (شکار کا)
ـــ فی غبیر مَكْدَم: اس نے چیز غلط جگہ تلاش کی۔
كادَمَ: اوپر سے تھوڑا سا چرنا (مویشی)
اُكْدِمَ: باندھا جانا (قیدی)
كَدْمٌ ج كُدُوم: نشان۔ اثر۔
كَدْمٌ: کاٹنے کا نشان۔

كُدَمٌ: بہت لڑاکا۔ کالی سبز سروالی ٹڈیاں۔
كُدُمٌ وكَدّامٌ: بہت کاٹنے والا
كُدَامٌ: گھاس کی جڑیں۔ بوڑھا آدمی
كَدْمَة: منہ سے ایک بار کی کاٹ۔ نشان۔
كُدَامَة: برتن کا بقیہ کھانا۔
مَكْدَم: کاٹنے کی جگہ یا نشان۔
كَدَنَ ـُ كَدْنًا: ہل چلانا۔ جوتنا (بیل)
ـــ ب: لپٹنا (کپڑا)
كَدَن وكِدْن ج كُدُون: عورت کی پالکی۔ اونٹ کا پالان۔ خیمہ کا پردہ کپڑے جن کو عورت اپنے کمرے میں پہنتی ہے
كِدَان: اونٹ کی رسی یا نکیل۔
كِدْنَة: کوہان۔ چربی اور گوشت کی کثرت۔
كَدْنَة: ایک دن کا کام۔
كَدانَة: غیر خالص نسل۔
كَدِن (م) كَدِنَة: بہت گوشت یا چربی والا۔ موٹا تازہ۔
كَوْدَن وكَوْدَنِيّ ج كَوادِن: مخلوط النسل۔
كَذّان: نرم پتھر۔
كَذّانة: نرم پتھر کا ٹکڑا۔
كَدَهَ ـَ كَدْهًا وكَدَّهَ: توڑنا تکلیف میں ڈالنا (فکر)
ـــ ب: سخت رگڑنا (پتھر سے)، مانگ نکالنا (کنگھی سے)
كَدَهَ علی: غالب آنا۔
ـــ لِاهلہ: مشقت سے اہل کے لئے کمانا۔

تَكَدَّهَ: ٹوٹنا
كَدْهٌ ج كُدُوہ: خراش۔ پتھر کی رگڑ کا نشان۔
كادِهٌ ج كُدَّهٌ: توڑنے والا۔
مَكْدُوہ: اداس۔ غمگین۔
كَدَا ـُ كَدْوًا وكُدُوًّا: کم سبزی والی ہونا۔ (زمین) خراب ہونا (فصل)
ـــ ـہ كَدْوًا: کاٹ دینا۔ منع کرنا۔
كَدِيَ ـَ كَدًى ب: گلے میں اٹکنا (ہڈی) بے بو ہونا (کستوری)
كَدِيَ: دودھ کی بدہضمی ہونا (اونٹ کے بچے کو) واپس لوٹکر قے کرنا (کتا)
كَدِيَتْ اصابعہ: اسکی انگلیاں تھک گئیں۔
كَدَى ـِ كَدْيًا: روکنا۔ مشغول رکھنا۔ خراشنا (چہرہ)
ـــ واَكْدَى: تھوڑا دینا۔
كَدَّى تَكْدِيَةً: خیرات مانگنا۔
اَكْدَى: ختم ہونا (کان) کھودنے میں سخت زمین پر پہونچنا۔ حاجت میں ناکام ہونا۔ سردی سے چھوٹی رہنا (نباتات) خشک ہونا (سال) کم ہونا (بارش) محتاج ہونا۔
سَأَلَهُ فَاَكْدَى: اس نے اس کی درخواست کا جواب نہ دیا۔
اَكْدَى عن: روکنا۔ رد کرنا۔
تَكَدَّى: خیرات مانگنا۔
كَدٍ وكَدِيٌّ: بے خوشبو (کستوری)
كُدْيَة ج كُدًى: بڑی چٹان سخت زمین۔
ـــ وكَداة وكُدابَة: مٹی یا غلے کا ڈھیر۔

کُدْیَۃ : گداگری۔
کَادِیَۃ : شدت زمانہ۔
کُدْیَۃ وکَادٍ : مفلسی۔
مُکْدٍ (م) مُکْدِیَۃ : گداگر۔
کَدّ ـُ کَدًّا : کھردرا ہونا۔
اَکَدّ : جھانویں پتھروں پر چلنا۔ نرم مسام دار پتھروں پر چلنا۔
کَذَّان (مفرد کذانۃ) نرم مسامدار پتھر۔ جھانواں۔
کَذَا وکَذِی : پس۔ ایسا۔
کَذٰلِکَ و ھٰکَذَا : اس طرح اس طریق سے۔
کَذَا کَذَا درھما : اتنے اتنے درہم۔
بِمَکَانٍ کذا وکذا : ایسی ایسی جگہ میں۔
کَذَبَ ـِ کِذْبًا وکَذِبًا و کَذْبَۃً وکِذَابًا وکِذَّابًا : جھوٹ بولنا۔ غلط خبر دینا۔ غلط ہونا (رائے) بند ہونا (دودھ) دھوکا دینا (نظر) ناامید کرنا۔
کَذَبَ السَّیْرَ : اس نے چلنے میں کوشش نہیں کی۔
—— القومُ السُّرَی : لوگ رات کے چلنے پر قادر نہ ہوئے
کُذِبَ : جھوٹی تہمت لگنا۔ جھوٹی خبر دیئے جانا۔
کَذَّبَ واَکْذَبَ : جھوٹا کہنا یا بنانا یا پانا۔
تَکْذِیبًا وکِذَّابًا : انکار کرنا جھٹلانا۔
کَذَّبَ واَکْذَبَ نَفْسَہٗ : اس نے جھوٹ بولنے کا اقرار کیا۔
مَا کَذَّبَ اَنْ یَّفْعَلَ : وہ کرنے سے نہیں رکا۔
کَذَّبَ عن القِتَال : اس نے لڑائی کرنے سے پہلوتہی کی۔
کَذَّبَ عنّا الحرُّ : ہم سے گرمی کم ہوگئی۔
—— عن فُلَان : فلاں کی طرف سے جواب دینا۔
—— وکَاذَبَ مُکَاذَبَۃً وکِذَابًا جھوٹا کہنا۔ کسی کو یہ کہنا۔ کہ تو نے جھوٹ بولا۔ تردید کرنا۔
اَکْذَبَ : جھوٹ پر آمادہ کرنا۔ جھوٹ ظاہر کرنا۔ جھوٹا پانا۔
تَکَذَّبَ : جھوٹ بولنے میں بناوٹ کرنا۔ جھوٹا سمجھنا۔
تَکَاذَبَ : ایک دوسرے سے جھوٹ بولنا۔
اِسْتَکْذَبَ : جھوٹ بولنے کی تہمت لگانا۔ جھوٹا سمجھنا۔
کَمَخَ ـَ کَمْخًا بِاَنْفِہٖ: تکبر کرنا غرور کرنا۔
— الفَرَسَ باللِّجَامِ: اس نے گھوڑے کو لگام سے روکا۔
کُمَاخ: غرور۔ گھمنڈ۔
کَامَخ ج کَوَامِخ: سرکہ کی چٹنی۔
کَمْخَا: دمشق کا کپڑا۔ ریشم۔
کَمْخَة: تلچھٹ۔ میل۔
کَمِدَ ـَ کَمَدًا: غمگین و اُداس ہونا۔ متغیر رنگ والا ہونا۔ گھس کر رنگ بدلنا (کپڑا)
کَمَدَ ـُ کَمْدًا و کُمُودًا: کوٹنا (دھوبی کا کپڑے کو)
کَمَّدَ: ہموار کرنا (چبوترہ) ٹکور سے گرم کرنا (عضو) سینکنا۔
اَکْمَدَ: غمگین کرنا۔ سینکنا (عضو) ناقص طور سے صاف کرنا (کپڑا)
کَمْد و کَمَد و کُمْدَة: رنگ کا تغیر۔ زردی۔ سخت اُداسی یا غم۔
کَمَد و کُمْدَة: اداس چہرہ۔ اُداسی۔
کِمَاد: کپڑے کا کوٹنا۔ سینکنا۔
— و کِمَادَة: کپڑے کی پٹی۔
کَامِد و کَمِد و کَمِید: رنگ بدلا ہوا۔ غمگین۔
کَمَرَ ـُ کَمْرًا: ڈھانکنا۔ لپیٹنا۔
اِنْکَمَرَ: ڈھک جانا۔

کَمَر ج اَکْمَار: واسنی۔ ہمیانی ہر ایک عمارت جس کے کھڑا کرنے میں گرہیں استعمال ہوں جیسے خیمہ وغیرہ۔
کَمَرَة: عضو تناسل کا سرا۔
کُمْرُك و جُمْرُك: چنگی خانہ
کَمَزَ ـِ کَمْزًا: ہاتھ سے گول کرنا۔
کُمْزَة ج کُمَز: آٹے یا مٹی کا پیڑا۔ ریت کا ٹیلہ۔
کَمَسَ ـُ کُمُوسًا: تیوری والا ہونا
اَکْمَس (م) کَمْسَاء: تقریبًا اندھا۔
کَمَشَ ـُ کَمْشًا: تھن باندھنا (اونٹنی کے) ختم ہونا (توشہ)
— ب: اطراف کاٹنا (تلوار سے)
کَمِشَ ـَ کَمَشًا و کَمُشَ ـُ کَمَاشَةً و اَکْمَشَ و تَکَمَّشَ و اِنْکَمَشَ: بہادر و چست ہونا۔ پھرتیلا و پکے عزم والا ہونا۔
کَمِشَتِ المَرْأَة: چھوٹی چھاتیوں والی ہونا (عورت)
کَمَّشَ: کوشش سے ہانکنا (حدی خوان کا) جلدی کرانا۔ چننا (دامن)
تَکَمَّشَ و اِنْکَمَشَ: جلدی کرنا۔ سکڑنا جھری دار ہونا۔
تَکَامَشَ: لڑائی پر اتر آنا۔
کَمْش و کَمِش و کَمِیش: چست بہادر۔ پکے ارادے والا۔
کَمِیشُ الاِزَار: محنتی۔ پھرتیلا۔
کَمْشَة: مٹھی۔
کَمُوش و کَمِشَة و کَمِیشَة: چھوٹے تھنوں والی
کَمَاشَة: چمٹا۔
اَکْمَش (م) کَمْشَاء ج کُمْش: تقریبًا اندھا۔ چھوٹے پاؤں والا۔

کَمَعَ ـَ کَمْعًا: کاٹنا (ٹانگیں)
— فی: منہ لگا کر پانی پینا۔ پانی میں سے گذرنا (گھوڑا)
کَامَعَ: اپنی طرف ملانا۔ کسی کے ساتھ سونا۔
اِکْتَمَعَ: منہ لگا کر پینا (برتن سے)
کِمْع و کَمِیع: ہم بستر۔ ساتھ سونے والا۔
کِمْع: محل۔ گھر۔ گھر کا کونہ۔ قِباء۔ ہموار زمین۔
کَمَعَة: سرین کی گرہ۔
مُکَامِع: اسم فاعل۔ بہت بے تکلف ساتھی۔
کَمْکَمَ: چھپانا۔
تَکَمْکَمَ: گول ٹوپی پہننا۔
— فی: کپڑوں میں لپٹنا۔
کَمْکَام: مضبوط و پست قد۔
کَمَلَ و کَمُلَ ـُ و کَمِلَ ـَ کَمَالًا و کُمُولًا و تَکَمَّلَ و تَکَامَلَ و اکْتَمَلَ: پورا ہونا۔ کامل ہونا۔
کَمَّلَ و اَکْمَلَ و اسْتَکْمَلَ: پورا کرنا
اِسْتَکْمَلَ: پورا کر لینا۔
کَمَل: پورا۔ کامل۔
کَمَال ج کَمَالَات: سارا۔ تمام۔
تَکْمِلَة و کَمَالَة: پورا کرنے والا۔
Compliment
کَمِیل: پورا۔ مکمل۔
کَامِل ج کَمَلَة: پورے اجزاء والا ضد ناقص۔
مِکْمَل: برائی یا بھلائی کے لئے پورا اور کامل آدمی۔
کَمَنَ ـُ و کَمِنَ ـَ کُمُونًا و اکْتَمَنَ: چھپنا۔ سمجھ نہ آنیوالے کام میں دخل دینا

کَمِنَ ۔ دکَمِن کَمُونًا : منہ کی بیماری والا ہونا۔
اَکْمَنَ : چھپانا۔
تَکَمَّنَ : چھپ جانا
کَمَّان : تیز۔ بھی۔
کَمْنَۃ ج کِمَان : کمین گاہ۔ گھات کی جگہ۔
کُمْنَۃ : آنکھ کی تاریکی۔ یا اس کی پلکوں کا ورم۔
کَمِیْن ج کُمَنَاء : چھپا ہوا بے خبر۔ گھات میں بیٹھے ہوئے لوگ۔
ھٰذَا اَمْرٌ فِیْہِ کَمِیْنٌ : یہ پوشیدہ معاملہ ہے۔
کَمِیْن دکَامِن دمُتَکَمِّن : چھپا ہوا
کَمُّون : زیرہ۔
کَمُّونِیّ : ہلکا بھورا رنگ۔
ـــ حُلْو : اینسون۔
مَکْمَن ج مَکَامِن : گھات کی جگہ۔ چھپنے کی جگہ۔
مُکْتَمِن و مُتَکَمِّن : چھپا ہوا (رنج)
ـــ : غمگین۔

کَمَنْجَۃ : سارنگی۔

کَمِہ ۔ کَمَھًا : اندھا ہونا۔

دھندلی ہونا (آنکھ) سیاہ ہونا (دن) متغیر رنگ و بے عقل ہونا (آدمی)
تَکَمَّہ : آوارہ پھرنا (ملک میں)
کَمَہ : پیدائشی اندھاپن۔
کَامِہ و مُتَکَمِّہ : آوارہ پھرنے والا۔
اَکْمَہ (م) کَمْھَاء ج کُمْہ : پیدائشی اندھا۔
ذَھَبَ اِبِلُہ کُمَّھَی : اس کے اونٹ آوارہ ہوگئے۔
مُکَمَّہ العَیْنَیْنِ : اندھا جس کی آنکھیں نہ کھل سکیں۔

کَمْھَل : سفر کے لئے چلنا (دامن)

تَکَمْھَل : جمع ہونا (چیزیں)
اِکْمَھَلَّ : سکڑ کر بیٹھنا۔

کَمَی ۔ کَمْیًا وکَمَّی واَکْمَی

وتَکَمَّی : چھپانا۔
کَمَی وکَمَّی نَفْسَہ : اس نے خود اور زرہ میں اپنے آپ کو چھپایا۔
اَکْمَی : قتل کرنا (جنگجو)
ـــ عن : چھپانا (مکان کو نظر سے)
ـــ علی الامر : کام پر پکا ارادہ کرنا۔
تَکَمَّی فی السِّلَاح : وہ زرہ پوش ہوا۔
تَکَمَّی : تباہ کرنا (مصیبت) ڈھانکنا چھپانا۔ چھپنا۔ ڈھک جانا (چیز)
تُکُمِّیَ الجَیْشُ : لشکر کا سردار مارا گیا
ـــ القومُ : قوم چھپائی گئی۔
اِنْکَمَی : چھپنا۔
کَمِیّ ج کُمَاۃ واَکْمَاء : بہادر ہتھیار سے مسلح۔ زرہ و خود سے مسلح۔
مُتَکَمٍّ : ہتھیار پہنا ہوا۔

کُنَّ

جمع مؤنث مخاطب کی ضمیر بمعنے تم۔ تمہارا۔

کَنَّ ۔ کَنًّا وکُنُونًا وکَنَّنَ و

اَکْتَنَّ : چھپانا۔ پوشیدہ رکھنا۔
ـــ وکَنَّنَ واَکَنَّ فی : چھپانا (راز)
کَنَّ و اسْتَکَنَّ : کم ہونا (رنج)
کَنَّنَ : تسکین دینا۔ خاموش کرنا۔
اِکْتَنَّ واسْتَکَنَّ : چھپنا۔
اِسْتَکَنَّ : گھر واپس ہونا۔
کِنّ ج اَکْنَان واَکِنَّۃ : پردہ۔ مکان چھپنے کی جگہ۔ گھر۔ گھونسلا۔
کِنَّۃ : بچاؤ۔ پردہ۔ سفیدی۔ کمبل۔
کَنَّۃ ج کَنَائِن : بیٹے یا بھائی کی زوجہ۔
کَنَّۃ : خاموشی۔ آرام۔
کُنَّۃ ج کِنَان وکُنَّات : کنگرہ دار چھت۔ سایہ۔ دروازہ پر کا سقیفہ یا کمرہ۔ یا گھر کی الماری
کِنَان ج اَکِنَّۃ : پردہ۔ غلاف۔
کِنَانَۃ ج کَنَائِن وکِنَانَات : ترکش۔
کَانُون وکَانُونَۃ ج کَوَانِیْن : انگیٹھی۔ زیادہ گرم۔
کَانُون الاوّل : ماہ دسمبر۔
کَانُون الثَّانِی : ماہ جنوری۔
کَنِیْن و مَکْنُون : پوشیدہ احتیاط رکھا ہوا۔
مُسْتَکِنَّۃ : چھپایا ہوا۔ پوشیدہ نفرت

کَنَبَ ۔ کُنُوبًا واَکْنَبَ : موٹا ہونا

مالدار ہونا۔
کَنَبَ ۔ کَنْبًا فی : جمع کرنا (تھیلی میں)
کَنِبَ ۔ کَنَبًا واَکْنَبَ : کام کرنے سے سخت ہونا (ہاتھ)
اَکْنَبَ : رکنا (زبان)
ـــ عَلَیْہِ بَطْنُہٗ : اس کا پیٹ درد کرتا ہے۔
کَنَب : ہاتھوں کا کھردراپن۔
کِنَاب : کھجور کی گچھے دار شاخ۔
کَنِیْب : بے پھل۔ خشک درخت
مِکْنَب ومَکْنِب : کدال چلانے سے سخت ہاتھوں والا۔
کِنْبَاثٌ : گرنے والی ریت۔

كِنْزِيَةٌ: ناک کے درمیان کی موٹی ہڈی۔
مُكَنْبِثٌ: پست قد موٹا۔
كُنْبُوشٌ: عرق گیر۔
تَكَنْبَشَ: خلط ملط ہونا (لوگ)
كَنَتَ ـُ كُنُوتًا فى خَلْقِهٖ: مضبوط ہونا۔
كَنِتَ ـَ كَنَتًا: کھردری اور سخت ہونا (مشک)
اِكْتَنَتَ الى: مطیع ہونا۔ راضی ہونا۔
كَنِيتٌ: مضبوط (مشک)
كِنْتِيٌّ: بہت مضبوط
كَنْثَأَتْ: گنجان اور لمبی ہونا (داڑھی)
كَنْثَأٌ و كَنْثَاءٌ: لمبی اور گنجان داڑھی والا۔
كَنَدَ ـُ كُنُودًا: نعمت کی ناقدری کرنا۔
كَنَدَ ـِ كَنْدًا: کاٹنا۔
كَنْدَةٌ: پہاڑ کا ایک حصہ۔
كُنُدٌ و كَنُودٌ (مذکر و مؤنث) و كُنَّادٌ ناشکرا۔
كَنُودٌ: نافرمان۔ باغی۔ حریص۔ بیرحم بنجر زمین۔ خدا کو ملامت کرنے والا۔ بخیل نعمتوں کو بھولنے والا اور مصائب کو شمار کرنے والا۔
كُنْدُرٌ: ایک قسم کا گوند۔ مضبوط بناوٹ والا۔ لوبان۔
فِتْيَانٌ كُنَادِرَةٌ: مضبوط بناوٹ کے جوان۔
كَنْدَرَةٌ: سخت و اونچی زمین۔ باز کے بیٹھنے کی جگہ۔
كُنْدُرَةٌ: بوٹ۔
كُنْدُرْجِيٌّ: بوٹ بنانیوالا۔

كَنَارٌ: کپڑے کا کنارہ۔
كُنَارٌ: بیر
كَنَارِيٌّ: ایک پرندہ جو کینری جزائر میں ہوتا ہے۔
كِتَّانَةٌ: السی کے کپڑے کا ٹکڑا۔
كِنَّارَةٌ و كَنَّارَةٌ ج كَنَّارَاتٌ و كَنَانِيرُ: ایک قسم کی سارنگی۔ یا دف یا ڈھول۔
كَنَزَ ـِ كَنْزًا: جمع کرنا۔ اور ذخیرہ کرنا (مال) زمین میں دفن کرنا (مال) گاڑنا (نیزہ) ہاتھ سے دبا کر ڈالنا (چیز برتن میں)
ـــ كِنَازًا: سردیوں کے لئے ٹوکروں میں محفوظ رکھنا (کھجور)
اِكْتَنَزَ: بھر جانا۔ سخت ہونا (گوشت) اکٹھی ہونا (کھجوریں) دبا کر ڈالنا (چیز کو برتن میں)
كَنْزٌ ج كُنُوزٌ: دفن کیا ہوا (مال) سونا۔ ہر ایک جمع کی ہوئی لبھانیوالی چیز۔ مال محفوظ رکھنے کا برتن۔ جیسے صندوق۔ کوٹھڑی
كِنَازٌ (مذکر و مؤنث) (ج كُنُزٌ و كِنَازٌ) و كَنِزُ اللَّحْمِ و كِنْبِزٌ: سخت گوشت والا موٹا۔
كَنَازٌ: کھجور یا گیہوں جمع کرنے کا وقت۔
كَنِيزٌ: جمع رکھی ہوئی کھجوریں۔
ـــ و مُكْتَنِزٌ: ٹھوس و سخت۔
كَنَّازٌ: بہت مال جمع کرنیوالا۔
مَكْنَزٌ ج مَكَانِزُ: خزانہ۔ چیز جمع رکھنے کی جگہ۔
كَنَسَ ـُ كَنْسًا و كَنَّسَ: جھاڑو سے صاف کرنا۔
كَنَسَ فى وَجْهِ زَيْدٍ: اس نے زید سے ٹھٹھا کیا۔
كَنَسَ ـِ كُنُوسًا و تَكَنَّسَ و اكْتَنَسَ: پناہ گاہ میں داخل ہونا (ہرنی)
كُنَاسَةٌ: کوڑا کرکٹ۔ کوڑا کرکٹ کی جگہ
كَنِيسٌ: یہود کا معبد۔ توبرا۔
كَنِيسَةٌ ج كَنَائِسُ: شرمدار لڑکی۔ عیسائیوں کا گرجا۔ یا مندر۔ یہود کی عبادتگاہ
كِنَاسٌ ج كُنُسٌ و أَكْنِسَةٌ: ہرنوں کے رہنے کی جگہ۔
كَانِسٌ ج كُنُوسٌ و كُنَّسٌ و كَوَانِسُ اپنی جگہ میں داخل ہونیوالی (ہرنی)
الجَوَارِى الكُنَّسُ: ستارے۔ فرشتے نیل گائیں۔ ہرن۔
كَنَّاسٌ: بھنگی۔ جھاڑو دینے والا۔
مِكْنَسَةٌ ج مَكَانِسُ: جھاڑو۔
مُكَانِسٌ: پناہ گاہیں لینے والا ہرن۔
كَنَشَ ـُ كَنْشًا: کنارے بٹنا (کپڑے کے) سرا نرم کرنا (مسواک کا)
أَكْنَشَ عَنْ: جلدی کرانا۔
كُنَاشَةٌ ج كُنَاشَاتٌ: درخت کا ٹھنٹھ
كُنَّاشَةٌ: ایک قسم کا رجسٹر جس میں مفید اور نادر باتیں درج کی جائیں۔
كِنْشَاءٌ: پست قد۔ گھنگریالے بالوں والا بدشکل۔
كَنَّصَ: مخول میں ناک کو چڑھانا۔
كُنَاصٌ: مضبوط (گدھا وغیرہ)
كَنَظَ ـُ كَنْظًا و تَكَنَّظَ: غمگین کرنا
كُنْظَةٌ: غم۔ فکر۔ دباؤ۔
كَنَعَ ـَ كُنُوعًا و أَكْنَعَ: اترنے کے لئے سکڑنا و اکٹھا ہونا۔ (پرندہ)
كَنَعَ: غروب ہونے کے نزدیک ہونا (ستارہ) نزدیک ہونا (کام)
ـــ فى: طمع کرنا۔
ـــ الى: مطیع ہونا۔ نرم ہونا۔

— ب: چمٹنا
— بِاللّٰہِ تَعَالیٰ: اس نے خدا کی قسم کھائی۔
— وکَنَّعَ عن: بزدلی کرنا۔ بھاگنا۔
کَنِعَ ـَ کُنُوعًا وکَنِعَ ـِ کَنَعًا: خشک ہونا۔ جھری دار ہونا۔ سکڑنا۔
کَنَّعَ: خشک کرنا۔ سکیڑنا۔ ملانا۔
— عن: الگ ہونا۔
اَکْنَعَ: عاجزی کرنا۔ نرم ہونا۔ مطیع ہونا۔ قریب لانا (اونٹ)
— واکْتَنَعَ: جمع ہونا۔
تَکَنَّعَ فی: باندھا جانا۔ (قیدی کا بیڑی سے)
تَکَنَّعَ ب: چمٹنا۔ عادی ہونا۔
—: سکڑنا۔ قلعہ میں محفوظ ہونا۔
اِکْتَنَعَ: نزدیک ہونا۔ اکٹھا ہونا۔
— علی: رحم کرنا۔ مہربانی کرنا۔
کَنِعٌ: جھری والا (بوڑھا)
کَانِعٌ: بیڑیوں والا (قیدی) منہ سے چمٹی ہوئی ناک۔
کَنِیْعٌ: شکستہ ہاتھ والا۔ بہت تیز (بھوک) سکڑنے والا۔ بے راہ ہونیوالا
اَکْنَعُ (م) کَنْعَاءُ ج کُنْعٌ و مُکَنَّعٌ و مُکَنَّعٌ و مَکْنُوعٌ: شل و خشک ہاتھ والا۔
— من الاُمُوْرِ: ناقص کام۔
کَنَفَ ـُ کَنْفًا: بچانا۔ محفوظ رکھنا۔ اپنی طرف ملانا۔ دبانا (پیمانہ)
— عن: ایک طرف ہو جانا۔ گمراہ ہونا
— وکَنَّفَ: باڑ بنانا۔
کَنَفَ وکَانَفَ واَکْنَفَ: مدد کرنا
— ـِ کَنْفًا: احاطہ بنانا (مویشی کیلیے)

تَکَنَّفَ واکْتَنَفَ: گھیرنا۔
اِکْتَنَفَ: جانور کے لئے احاطہ بنانا۔
کِنْفٌ: چرواہے یا سوداگر کا تھیلا۔
کَنَفٌ ج اَکْنَافٌ: پرندے کے بازو پناہ۔ حفاظت
— وکَنَفَةٌ: پہلو۔ ملک۔ پڑوس۔
کَنَفُ الانسان: انسان کی چھاتی۔ یا بازو۔
ھُوَ فی کَنَفِ اللّٰہِ: وہ خدا کی حفاظت اور رحمت میں ہے۔
کَنِیْفٌ ج کُنُفٌ و کُنْفٌ: تہا جگہ پاخانہ۔ احاطہ۔ پردہ۔ پردہ کرنیوالا۔ ڈھال۔
کَانِفَةٌ: پناہ کی جگہ۔
مُکَنَّفُ اللِّحْیَۃِ: گھنی ڈاڑھی والا
کَنْکَنَ: گھر میں بیٹھ رہنا۔ سستی کرنا بھاگنا۔
کَنْکَۃٌ: قہوہ ابالنے کے لئے کیتلی۔ دھات کا بنا ہوا ابالنے کا برتن۔
اَکْنَہَ واکْتَنَہَ: اخیر تک پہونچنا۔ اصلیت تک پہونچنا۔
کُنْہٌ: تہہ۔ اخیری حد۔ راستہ۔ طریقہ مقدار۔ موقعہ۔ اصلیت۔ اصل۔
کَنَھْوَرٌ: بادلوں کے ٹکڑے جو پہاڑوں کی طرح آئیں۔
کَنَا ـُ وکَنَیٰ ـِ کِنَایَۃً عن ب: اشارہ کرنا۔ کنایہ سے گفتگو کرنا۔
کَنَیٰ ـِ کُنْیَۃً وکِنْیَۃً وکَنَّیٰ و اَکْنَیٰ و ب: کنیت رکھنا۔
تَکَنّیٰ واکْتَنیٰ ب: کنیت پانا۔
کُنْوَۃٌ وکُنْیَۃٌ ج کُنًی وکِنًی: وہ نام جس کے پہلے اب یا ابن یا ام یا بنت آئے

کِنَایَۃٌ: پوشیدہ بات۔ اشارہ۔
کَانٍ ج کَانُوْن وکُنَاۃٌ: کنایہ سے بات کرنیوالا۔
کَھِبَ ـَ وکَھُبَ ـُ کَھَبًا وکُھُوْبًا سیاہی مائل بھورا ہونا (اونٹ)
اِکْھَابَّ: متغیر ہونا (رنگ)
کُھْبَۃٌ: سیاہی مائل بھورا رنگ۔
کَاھِبٌ (م) کَاھِبَۃٌ واَکْھَبُ م کَھْبَاءُ ج کُھْبٌ: سیاہی مائل بھورے رنگ والا۔
کَھَدَ ـَ کَھْدًا وکَھَدَانًا: دوڑنا (گدھا) تھکنا (آدمی) تیز چلانا (گدھا)
— فی الطَّلَبِ: اصرار کرنا (طلب میں)
اَکْھَدَ: تھکنا۔ تھکانا۔
کَھْدَاءُ: لونڈی۔
کَھُوْدُ الیَدَیْنِ: تیز چلنے والی (لڑکی)
کَھَرَ ـَ کَھْرًا: بلند ہونا (دن) تیز ہونا (گرمی) ترشروئی سے ملنا۔ جھڑکنا۔ تنگ کرنا۔ ہنسنا۔
کُھْرُوْسٌ وکُھْرُوْسَۃٌ ج کَھَارِیْسُ ترشرو۔
کُھْرُوْسَۃٌ: تیوڑی۔
کَھْرَبَ: بجلی بھرنا۔
کَھْرَبَا وکَھْرَبَاءُ: زرد عنبر۔ ایک قسم کا گوند۔
کَھْرَبَائِیٌّ وکَھْرَبِیٌّ: بجلی والا۔
کَھْرَبَائِیَّۃٌ وکَھْرَبِیَّۃٌ: بجلی۔ جذبیت
کَھْرَمَانٌ: مشک۔ دانہ
تَکَھَّفَ: غار دار ہونا (پہاڑ)
اِکْتَھَفَ: داخل ہونا (غار میں)
کَھْفٌ ج کُھُوْفٌ: غار۔ پناہ۔ گھر کی

شکل پر پہاڑ میں کھود کر بنایا ہوا مکان - پہاڑی غار۔
اَصْحَابُ الْكَهْفِ : دین عیسوی کے موحد لوگ جو کفار سے ڈر کر غار میں گھس گئے تھے -
كِيَهْكُ : قبطیوں کا چوتھا مہینہ جس کے مقابل ماہ دسمبر آتا ہے۔
كَهْكَهَ : ہاتھوں کو سانس سے گرم کرنا - آواز دینا (شیر یا اونٹ) گرم ہونا۔
تَكَهْكَهَ عَنْ : کمزور ہونا۔
كَهْكَاهٌ وكَهْكَاهَةٌ : کمزور - ڈرپوک -
كَهَلَ - كُهُولًا وكَهْلٌ ـ كُهُولَةً وكَاهَلَ واكْتَهَلَ : ادھیڑ عمر کا ہونا۔
كَاهَلَ : شادی کرنا - ادھیڑ عمر کا ہونا
تَكَهَّلَ واكْتَهَلَ : پوری لمبائی والا ہونا (پودہ)
كُهُولَةٌ وكُهُولِيَّةٌ : عمر کا ادھیڑ پن پکی عمر۔
كَهْلٌ ج كَهْلُونَ وكُهُولٌ و كِهَالٌ وكُهْلَانٌ وكُهَّلٌ : پکی عمر والا - یعنی ۳۰ سے پچاس سال تک کی عمر کے قریب کا - پوری لمبائی والا (پودہ)
كَاهِلٌ ج كَوَاهِلُ : گھوڑے کا چوترط - کندھا - قوم کا سہارا۔
كَهُولٌ : مکڑی۔
كَهَمَ - كَهْمًا : تباہ کرنا (مصیبت) آگے بڑھنے سے ڈرانا و بزدل بنانا (مصائب)۔

كَهِمَ - وكَهُمَ ـ كَهَامَةً وكُهُومًا : کمزور ہونا - کند ہونا (تلوار)
اَكْهَمَ : کمزور ہونا (آنکھ)
كَهَامٌ : کند (تلوار) آہستہ چلنے والا (گھوڑا) رکی ہوئی (زبان)
— وكَهِيمٌ : بڑی عمر والا - مفلس
كَهْمَسٌ : پاؤں کو قریب قریب کرنا چلتے وقت پاؤں سے مٹی اڑانا -
كَهْمَسِيٌّ : ببر - بھیڑیا - بدنما چہرے والا - پست قد۔
كَهَنَ ـ كَهَانَةً وتَكَهَّنَ : غیب بتلانا۔
كَهُنَ ـ كَهَانَةً : غیب دان بننا
كَهَّنَ : پادری بننا -
كِهَانَةٌ : غیب دانی کا پیشہ
كَهْنُوتٌ : کاہن کی تنخواہ یا درجہ -
سِرُّ الْكَهَنُوتِ : عیسائیوں میں گناہ معاف کرنے کا کام -
كَاهِنٌ ج كَهَنَةٌ وكُهَّانٌ : غیب کی خبر بتانے والا - مہنت - کارندہ - گذشتہ زمانہ کی مخفی خبریں بتانے والا۔
كَهِيَ - كَهًى : بدبودار منہ والا ہونا - کمزور ہونا - چھائی دار چہرے والا ہونا۔
كَاهَى : فخر میں مقابلہ کرنا۔
اَكْهَى : سانس سے انگلیاں گرم کرنا۔
— عَنْ : رک جانا۔
اِكْتَهَى : عزت کرنا۔
اِكْتَهَى زَيْدًا بِمَسْأَلَةٍ : اس نے زید کے سامنے مسئلہ بیان کیا۔
اَكْتَهِيكَ اَنْ اُشَافِهَكَ بِهِ : مجھے تیرے سامنے بیان کرنے سے شرم آتی ہے،

اَكْهَى : بدبودار منہ والا - چھائی دار چہرے والا - کمزور و بزدل - بے ڈر اڑ پنچھر -
اَلْاَكْهَاءُ : شرفاء۔
كَاعَ ـ كَوْعًا وكَاعًا وكَؤُوعًا عَنْ : ڈرنا بزدل ہونا۔
اَكَاعَ : کسی کے اچانک آجانے سے کام کے ارادہ سے باز آنا۔
كَاعٍ وكَاعَةٌ وكَيْءٌ وكَيْئَةٌ : کمزور دل۔
كَابَ ـ كَوْبًا واكْتَابَ : گلاس سے پینا۔
كَوَّبَ : باریک کرنا۔
كُوبٌ ج اَكْوَابٌ : گلاس۔
كَوْبَةٌ : ٹھنڈا سانس - گذشتہ بات پر حسرت۔
كُوبَةٌ : پتھر کا کوٹنے کے لئے دستہ ڈھول شطرنج۔
كَوَّثَ : چار یا پانچ پتوں والی ہونا (فصل)
كَوْثٌ : پاؤں میں پہننے کی جوتی۔
كُوثَةٌ : سرسبز و شاداب - اچھی فصل
تَكَوْثَرَ : زیادہ و تہہ بتہ ہونا (غبار)
كَوْثَرٌ : بے شمار - بہت تہہ بتہ - بہت غبار - فیاض سردار - بہشت کا ایک دریا۔
كَوْثَلٌ وكَوْثَلٌ : جہاز کا مؤخر
كَاحَ ـ كَوْحًا وكَوَّحَ وكَاوَحَ واَكَاحَ : مغلوب کرنا - گالی دینا - ذلیل کرنا۔
تَكَاوَحَ : ایک دوسرے سے لڑنا - و نقصان دینا - ایک دوسرے کو گالی دینا۔

كَاحٌ وكِيحٌ ج أَكْيَاحٌ وكُيُوحٌ: پہاڑ کا دامن۔

كِوَاحُ مَالٍ: جانوروں کا اچھا انتظام کرنے والا۔

كُوخٌ وكَاخٌ ج أَكْوَاخٌ وكُوخَانٌ وكِيخَانٌ وكِوَخَةٌ: نرکل کی جھونپڑی شامیانہ۔ گھر جس میں روشندان نہ ہوں

لَيْلَةٌ كَاخٌ: سیاہ رات۔

كَاخِيَةٌ (بجائے كتخدا) ج كَوَاخٍ حاکم کا معتمد یا پرائیویٹ سیکرٹری

كَادَ ـُ كَوْدًا: منع کرنا۔

كَادَ بِنَفْسِهِ: اس نے جان دیدی۔

كَادَ ـَ كَوْدًا ومَكَادًا ومَكَادَةً: کرنے کے قریب ہونا۔ ارادہ کرنا۔ چاہنا۔

كَادَ وكِيدَ يَفْعَلُ: وہ کرنے کے قریب ہوا۔

كَوَّدَ: جمع کرکے ڈھیر لگانا۔

اكْوَادَّ: بوڑھا ہو کر کانپنا۔

لَا مَهَمَّةَ لِي وَلَا مَكَادَةَ: میں نہ خواہش رکھتا ہوں نہ ارادہ۔

بالْكَادِ: مشکل سے۔

كَوْدَةٌ ج أَكْوَادٌ: ڈھیر۔

كَوْدَنٌ وكَوْدَنِيٌّ: ہاتھی ٹٹو

كَاذَةٌ مث كَاذَتَانِ: سرین کے سر کا گوشت۔

كَوَّذَ: کاذہ پر گرنا (ازار بند)

كَوْذَةٌ: کوڑی۔

كَاذِيٌّ: کھجور کی طرح کا ایک درخت

كَارَ ـُ كَوْرًا وكَوَّرَ على: سر پر باندھنا (پگڑی)

ــــ: کھودنا (زمین)

ــــ كِيَارُ الْفَرَسِ ذَنَبَهُ: گھوڑے نے دوڑنے میں اپنی دم اٹھائی۔

كَارَ واكْتَارَ واسْتَكَارَ: جلدی کرنا۔

ــــ واسْتَكَارَ: پیٹھ پر گٹھا اٹھانا۔

كَوَّرَ: نیزہ سے گرانا۔ باندھنا (پگڑی) گرانا۔ لپیٹنا

ــــ اللَّيْلَ عَلَى النَّهَارِ: خدا نے رات کو دن میں داخل کیا۔

كُوِّرَتِ الشَّمْسُ: سورج کی روشنی جاتی رہی۔

أكَارَ عَلَى: حقیر کرنا۔ کمزور سمجھنا

تَكَوَّرَ: گرنا۔ پچھاڑا جانا۔ دامن چننا

اكْتَارَ: پگڑی باندھنا۔ تیار ہونا۔ دم اٹھا کر تیز دوڑنا۔ اوپر نیچے گرانا۔ گرنا۔

كَارٌ ج كَارَاتٌ: ایک قسم کا جہاز۔ غلہ سے لدا ہوا جہاز۔ پیشہ۔

كَوْرٌ: پگڑی کا چکر۔ نیچر۔ گائیوں و اونٹوں کا بڑا ریوڑ۔ زیادتی۔ طبیعت

كُورٌ ج أَكْوَارٌ وأَكْوُرٌ وكِيرَانٌ: لوہار کی بھٹی۔ دھونکنی۔ بھڑوں کا چھتا

ــــ ومَكْوَرٌ: اونٹ کا پالان۔

كَارَةٌ ج كَارَاتٌ: بنڈل۔ گٹھا۔ گیہوں کی معلوم مقدار۔

كُورَةٌ ج كُوَرٌ: صوبہ۔ ضلع۔ قصبہ ماتھا۔

كُوَارَةٌ وكُوَّارَةٌ ج كَوَائِرُ: شہد کی مکھیوں کے لئے گھر۔ یا موم کا شہد

مِكْوَرٌ ومِكْوَرَةٌ: پگڑی۔

مَكْوَرِيٌّ: کمینہ۔

كَازَ ـُ كَوْزًا: کوزہ سے پینا۔ جمع کرنا

تَكَوَّزَ: جمع ہونا۔

اكْتَازَ: کوزہ سے پینا۔ کوزہ میں لینا۔ (پانی)

كُوزٌ ج أَكْوَازٌ وكِوَزَةٌ وكِيزَانٌ: کوزہ۔

مُكَوَّزُ الرَّأْسِ: لمبے سر والا۔

كَاسَ ـُ كَوْسًا: تین ٹانگوں پر چلنا (اونٹ) کنڈلی مارنا (سانپ)

ــــ فِي السَّيْرِ: وہ آہستہ چلا۔

ــــ فِي الْبَيْعِ: اس نے فروخت میں قیمت گھٹا دی۔

ــــ عَلَى رَأْسِهِ: وہ سر کے بل الٹ پڑا

ــــ وأَكَاسَ: گرانا۔

تَكَوَّسَ: منہ کے بل گرنا

تَكَاوَسَ: زیادہ اور گھنی ہونا (گھاس تہ بتہ چڑھنا (گوشت)

اكْتَاسَ عَنْ: روکنا۔

كَاسٌ ج كَاسَاتٌ: پیالہ۔ شراب کا پیالہ۔ پیالہ جس میں شراب ہو۔

كَوْسٌ: مخالف ہوا۔ سمندر کا جوش۔ سمندر میں غرق ہونے کے قریب۔

كُوسٌ ج كُوسَاتٌ: طبل۔ سٹ سکوئر۔

كُوسَا (مفرد كُوسَاةٌ): کھیرا۔

كُوسَجٌ (بجائے كَوْسَجٌ): پتلی داڑھی والا۔ بغیر داڑھی کے۔

أكْوَسُ: تہ بتہ۔ لپٹا ہوا۔

كَوْسَاءُ ج كُوسٌ: گھنا (پودہ) جمع شدہ (ریت)

مَكَاسٌ: سانپ کی کنڈلی مارنے کی جگہ۔

مِكْوَسٌ ج مَكَاوِسُ: پتھر کو درست کرنے کی ریتی۔

كَوْسَجٌ وتَكَوْسَجَ: ٹھوڑی پر داڑھی رکھنے والا۔ ترکی گھوڑا۔ ناقص دانتوں والا سست چال۔

كَاشَ ـُ كَوْشًا فِي: چست ہونا۔

ـــ عن: گھبرانا۔
کَوَّشَ: جمع کرنا (چیز)۔
کَوْشَۃ: محنت چستی۔
کَاشَۃ و کَوْشَۃ: لشکر۔ فوج کا دستہ
کَوِعَ ۔ کَوَعًا: کلائی کی سوئی یا
کچھ ہڈی والا ہونا۔
کَوَّعَ ب: کلائی کی ہڈی کو مار کر ٹیڑھا
کرنا۔ زخم کے خون کو گرم تیل سے بند کرنا
تَکَوَّعَ: ٹیڑھی کلائی والا ہونا۔
کَاعٌ و کُوْعٌ ج اَکْوَاعٌ: انگوٹھے
کی طرف کا کلائی کا سرا
اَکْوَعُ (م) کَوْعَاءُ ج کُوْعٌ: وہ
شخص جس کا پہونچا کلائی سے اتر گیا ہو۔
کَافَ ۔ کَوْفًا: سینا (چمڑا)
کَوَّفَ: کاٹنا (چمڑا) کاف لکھنا۔
کنارے پر کرنا (چیز) کوفہ کو جانا۔
تَکَوَّفَ تَکَوُّفًا و کَوْفَانًا: جمع
ہونا (لوگ) کوفی بننا۔ کوفہ کے رہنے
والے کی طرح ہونا۔
کُوْفَۃ: عراق کا ایک شہر
ـــ و کَوْفَان و کُوْفَان و کَوَفَان
و کُوَفَان: ریت کا گول ٹیلا۔
کَوْفَان و کُوْفَان: درختوں یا نرکل
کا جھنڈ۔ عزت۔
خَلَطُوْا فِی کَوْفَانٍ مِنْ اَمْرِهِمْ:
ان کا کام بگڑ گیا۔
هُمْ فِی کُوْفَانٍ: وہ عزت اور حفاظت
میں ہیں۔
کُوْفِیٌّ: کوفہ کی طرف منسوب۔
اَلْکُوْفِیُّوْنَ: کوفہ کے نحوی۔
کُوْفِیَّۃ: سر پر لپیٹنے کا رومال۔
کَوْکَب: ستارہ۔ تلوار۔ پانی۔ گرمی کی
تیزی۔ لوہے کی چمک دمک۔ لمبی نباتات
قوم کا سردار۔ پہاڑ۔ آنکھ کا سفید نکتہ۔
آنکھ کا پھولا۔ چیز کا بڑا حصہ۔
کَوْکَبُ الْاَرْضِ: ککرموتا۔
یوم ذُو کَوَاکِب: مصائب کا دن۔
ذَهَبُوْا تَحْتَ کُلِّ کَوْکَبٍ: وہ پراگندہ
ہو گئے۔
کَوْکَبَۃ: ایک ستارہ۔ جماعت سواروں
کا دستہ۔ زہرہ۔
مُکَوْکَب: ستاروں والا۔ پھولے والا
کَوْکَی ۔ کَوْکَوَۃً: تیز چلنے میں ہلنا۔
کَوْکَاۃٌ و کَوَاکِیَۃٌ: پست قد۔
مُکَوْکِی: بے برکت۔ سرطان۔
تَکَوَّلَ: جمع ہونا (لوگ)
ـــ وانْکَالَ عَلَی: مار اور گالی گلوچ سے
حملہ کرنا۔
تکاول: چھوٹا ہونا
کَوْلَان و کُوْلَان: ایک قسم کا خشکی کا پودا
کُوَّل: ملکۂ تاش
کَوَّمَ: ڈھیر لگانا۔
اِکْتَامَ: پاؤں کی انگلیوں کے بل چلنا۔
کُوْمٌ ج اَکْوَامٌ: اونٹوں کا گلہ
کُوْمَۃ و کَوْمَۃ ج کُوَم و اَکْوَام:
ڈھیر۔
اَکْوَمُ (م) کَوْمَاءُ ج کُوْمٌ: بلند۔
نمایاں۔ بڑے کوہان والا (اونٹ)
کَانَ ۔ کَوْنًا و کِیَانًا و کَیْنُوْنَۃً
ہونا۔ پایا جانا۔ واقع ہونا۔ یہ لفظ اللہ
تعالےٰ کے اوصاف میں اکثر دوام کے
معنے دیتا ہے۔ جیسے کَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا
رَّحِیْمًا۔ یعنی اللہ بخشنے والا مہربان ہے
مَاشَاءَ اللّٰهُ کَانَ: جو خدا چاہا ہو گیا۔
کَانَ فِی الْمَدِیْنَۃِ: وہ شہر میں تھا۔
کَانَ زَیْدٌ قَائِمًا: زید کھڑا تھا۔
صَارَ اِلٰی کَانَ: وہ مر گیا۔
کَانَ لِ: کسی کے متعلق ہونا۔
کَانَ لَکَ اَنْ تَفْعَلَ: تیرا فرض تھا کہ
تو کرتا۔
کَانَ یَفْعَلُ کَذَا: وہ ایسا کیا کرتا تھا۔
مَتٰی کَانَ: جب
اِذَا کَانَ: جب کبھی۔
کَانَ مَا کَانَ: بہرحال۔
لَا کَانَ وَلَا اسْتَکَانَ: کاش! کہ یہ نہ
ہوتا۔
کَانَ ۔ کَوْنًا و کِیَانًا عَلَی: ضامن ہونا
کفیل بننا۔
کَوَّنَ: پیدا کرنا۔
تَکَوَّنَ: پیدا ہونا۔ متحرک ہونا۔
اِکْتَانَ عَلٰی و ب: ذمہ دار ہونا۔
اِسْتَکَانَ: خاکساری کرنا۔
کَوْن: عالم وجود ہستی۔
کَوْنِیٌّ: منسوب بہ کون: بڑی عمر والا۔
کِیَان: حالت۔ فطرت
کِیَانَۃ: ذمہ داری ضمانت۔
کَیْوَانُ: ستارہ زحل۔
سِفْرُ التَّکْوِیْنِ: بائبل کی پہلی کتاب
تَکْوِیْن: معدوم سے ہست کرنا۔
کَائِن: ہونے والا۔ حادثہ۔
کَائِنَۃ ج کَائِنَات و کَوَائِن: مؤنث
کائن۔ حادثہ۔ وقوعہ۔
اَلْکَائِنَات: موجودات مخلوقات۔
کُنْتِیٌّ و کُنْتُنِیٌّ: بڑی عمر والا
مَکَان ج اَمْکِنَۃ و اَمَاکِن: جگہ۔
مَکَانَ: بجائے۔

مَکَانَۃ ج مَکَانَات: جگہ۔ حالت۔ درجہ علم۔
مَکِیْنٌ: صاحب مرتبہ۔

کَوِہَ ـَ کَوَھًا: حیران ہونا۔
کَوَّہ النَّارَ: بھڑکانا (آگ)
تَکَوَّہ علی: وسیع ہونا (کام)
کُوَّۃ وکُوَّۃ ج کِوَاء وکُوًی و کُوَّاتٌ: دیوار کا روشندان
کُوَی النَّھر: دریا کے نالے۔

کَوَی ـِ کَیًّا: گرم لوہے سے داغنا یا گل دینا۔ ڈسنا (بچھو) استری کرنا۔
ـــ ہ بِعَیْنِہ: گھورنا
کَاوَی: گالی دینا۔ بےعزت کرنا۔
اِنْکَوَی: داغا جانا۔ تنگ جگہ میں سکڑنا
اِکْتَوَی: داغا جانا۔ اپنی تعریف میں تکلف کرنا۔
اِسْتَکْوَی: داغ لگانے یا گل دینے کے لئے درخواست کرنا۔
کَیَّۃ: داغنے کی جگہ۔
حَجَر الکَیِّ: کاسٹک
کَوَّاء: بہت گالی دینے والا۔
کَوَّایَۃ: استری کرنے والا۔
کَادِیَاء ومِکْوَاۃ ج مَکَاوٍ: استری کرنے کا لوہا۔ داغ دینے کا لوہا۔

کَاءَ ـَ کَیْءً وکَیْئَۃً وکَاءَ ـُ کَوْءًا وکَاءَ عن: پیچھے ہٹنا۔
اَکَاءَ: روکنا۔
کَاءٌ وکَاءَۃ وکَیْءٌ وکَیْئَۃ: بزدل
کَیْ ولِکَی: تاکہ۔
کَیْ لَا ولِکَیْ لَا: مبادا کہ
کَیْمَا ولِکَیْمَا: تاکہ

کَیَّتَ: بھرنا (بیگ) تیار کرنا (سامان روانگی)
کَیْتَ وکَیْتَ: ایسا۔ ایسا۔ اس طرح اس طرح
کَیْتِ وکَیْتِ: ایسا ایسا۔ اس طرح اس طرح۔

کَاحَ ـِ کَیْحًا واَکَاحَ فی: گھس جانا دھس جانا (تلوار)
اَکَاحَ: تباہ کرنا۔
کِیْحٌ (مذکر ومؤنث): موٹا۔
کَیَحٌ: خشونت۔ موٹاپا۔

کَادَ ـِ کَیْدًا: کوشش کرنا۔ سازش کرنا۔ مکروفریب دینا۔ لڑائی کرنا۔ قے کرنا۔ آگ دینا (چقماق) حیلہ باز ہونا۔ تکلیف دینے کا ارادہ کرنا۔
ـــ لِفُلَانٍ: فلاں کے لئے حیلہ کرنا۔
ـــ بنفسہ: جان دے دینا۔
ـــ الشیَ: تیار کرنا چیز
ـــ وکَایَدَ: پھنسانا۔ فریب دینا۔
کَیَّدَ: ضدی ہونا۔
تَکَایَدَ: ایک دوسرے سے فریب کرنا
اِکْتَادَ: پھنسنا۔
کَیْد ج کِیَاد: فریب۔ حیلہ۔ جنگ۔ قے۔ دھوکہ۔ کینہ۔
غَزَا فَلَمْ یَلْقَ کَیْدًا: اس نے فوج کشی کی لیکن لڑائی نہیں کی۔
مَکِیْدَۃ ج مَکَایِد: حیلہ۔ مکروفریب دھوکا۔ داؤ۔

کَاسَ ـِ کَیْسًا: چلنے میں دُم اٹھانا (گھوڑا)
کِیْر ج اَکْیَار وکِیَرَۃ وکِیْرَان: لوہار کی دھونکنی
کِیْر: یونانی پادری کا لقب

کَاسَ ـِ کَیْسًا وکِیَاسَۃً: ذہین ہونا دانا ہونا۔ عقل ودانائی میں غالب آنا۔
کَیَّسَ: ہوشیار بنانا۔ بیگ میں ڈالنا۔
کَایَسَ: ذہین ہونے میں مقابلہ کرنا۔
اَکَاسَ اِکَاسَۃً واَکْیَسَ اِکْیَاسًا: ذہین ودانا بچوں والا ہونا۔
تَکَیَّسَ: ہوشیاری وعقلمندی ظاہر کرنا
کَیْس وکِیَاسَۃ: عقل۔ ذہانت کاریگری
کِیْس ج اَکْیَاس وکِیَسَۃ: بٹوا۔ جیب تھیلا۔ جھلی جس میں بچہ لپٹا ہوا ہوتا ہے
علی کِیْسِ اَنْ: اس عذر سے۔ تاکہ۔
کَیِّس (ج اَکْیَاس وکَیْسَی): دانا۔ ذہین۔ ہوشیار۔
کُوَیِّس: خوبصورت۔
کَیْسَان: عذر۔ فریب۔
اَکْیَس (م) کِیْسَی وکُوسَی ج کِیْس: زیادہ دانا۔ یا ہوشیار۔
اَکْوَس: زیادہ خوبصورت یا عمدہ
مِکْیَاس ج مَکَایِیْس ومِکْیَسَۃ: ذہین بچے جننے والی عورت۔
مُکَیِّس ومُکَیِّسَاتی: حمام کا خادم
مُکَیَّس: دانا۔ عقل مند۔

کَاصَ ـِ کَیْصًا وکَیَصَانًا و کُیُوصًا: جلدی چلنا۔
ـــ الطَّعَام: اکیلا کھانا۔ بہت کھانا
ـــ عن: رکنا۔
کَایَصَ: مشق کرنا۔ (کام کی)
کَیْص: سخت بخل۔ بہت بخیل۔

کَاعَ ـِ کَیْعًا وکَیْعُوعَۃً عن: بزدلی کرنا۔ ڈر جانا۔ رک جانا۔
کَائِع وکَاعٍ ج کَاعَۃ: بزدل۔ کمزور دل

کَافَ ـِ کَیْفًا وکَیَّفَ: کاٹنا۔
کَیَّفَ: شکل بنانا۔ کیفیت معلوم بنانا کاٹنا۔

تَگَیَّفَ: شکل پکڑنا۔ کیفیت پر ہونا۔ کٹ جانا۔ خوشی منانا۔
کَیْفَ: کس طرح۔ مانند۔ جیسا کہ
کَیْفَ تَصْنَعْ اَصْنَعْ: جس طرح تو کرے گا۔ میں کرونگا۔
کَیْفِیَّۃ ج کَیْفِیَّات: حالت۔ کیفیت
کِیْفَۃ ج کِیَف: کپڑے کا ٹکڑا
لَبْکَۃ ج کَیَاکِی: انڈا
کُیَیْکَۃ و کُیَیْکِیَۃ: چھوٹا انڈا۔

کَال ۔ کَیْلاً و مَکَالاً و مَکِیلاً و

کَیَّلَ: ماپنا (غلہ) تولنا (روپیہ)
—— ب: مقابلہ کرنا۔
ھٰذا الطَّعَام لَایَکِیلُنِی: یہ کھانا مجھے کافی نہیں۔
کَال ۔ کَیْلاً: آگ نہ دینا (چقماق)
کَایَلَ: دوسرے کے لئے ماپنا۔ بدلہ دینا۔ گالی میں بڑھنا۔ دوسرے کی طرح کہنا یا کرنا۔
تَکَیَّلَ: پیچھے کھڑا ہونا (سپاہی)
تَکَایَلَ: آپس میں جھگڑنا۔ ایک دوسرے کو گالی دینا۔ آپس میں تقسیم کرنا۔
اِکْتَال من و علی: ماپا ہوا غلہ لینا خود اپنے لئے ماپنا۔
کَیْل ج اَکْیَال: غلہ ماپنے کا پیمانہ چقماق کے ذرات۔ چھ مد کا ایک پیمانہ
کَیْلَۃ ج کَیْلَات: ماپنے کا برتن۔ دو مد کا پیمانہ۔
کِیَالَۃ: ماپنے کا پیشہ ماپنے والے کی اجرت۔
کَیْل و کَیُّول: ردی۔ کوڑا کرکٹ ذرات جو چقماق کے رگڑنے سے گرتے ہیں

کَیُّول: سپاہیوں کی آخری صف۔ بزدل اُونچی زمین۔
کَیَّال: غلہ ماپنے والا۔
مِکْیَل و مِکْیَال و مِکْیَلَۃ ج مَکَایِل و مَکَایِیل: غلہ کا پیمانہ۔
کِیْمِیَاء و کِیْمِیَا: علم کیمسٹری۔
کِیْمِیّ و کِیْمِیَاوِیّ: علم کیمیا جاننے والا۔ مرکب۔

کَان ۔ کَیْنًا و اِسْتَکَان ل: مطیع ہونا۔

اَکَان: مطیع کرنا۔
اِکْتَان: اداس ہونا۔
کِیْنَۃ: ذلیل کن مصیبت۔ حالت
کِیْنَا: کونین

کَاہ ۔ کَیْھًا: منہ کی بو سونگھنا۔

کَیِّہ: غیر ماہر۔ تدبیر نہ کر سکنے والا۔

* جیسے یَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ (وہ ٹھوڑیوں پر گرتے ہیں۔ اَوْحٰی لَھَا (اس کی طرف وحی کی) لِیَوْمِ الْقِیٰمَۃِ (قیامت کے دن میں) کَتَبْتُ لِخَمْسٍ خَلَوْنَ (پانچ تاریخ کے گزرنے پر میں نے لکھا) اَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِدُلُوْکِ الشَّمْسِ (سورج غروب ہونیکے بعد نماز پڑھو)

ل = ۳۰

یہ تین قسم کا ہے۔ جار۔ جازم۔ غیر عاملہ۔
(الف) جار (یہ اسم ظاہر اور یائے متکلم کے ساتھ مکسور اور ضمیر اور مستغاث کے شروع میں مفتوح ہوتا ہے۔ جیسے لِزَیْدٍ (زید کے لئے) لَکَ (تیرے لئے) یَا لَلّٰہ (خدایا مدد کر) یہ کئی معنوں میں آتا ہے۔
(۱) اختصاص۔ جیسے اَلْجَنَّۃُ لِلْمُؤْمِنِ (جنت مومن کے لئے خاص ہے)
(۲) استحقاق جیسے الحِمْدُ لِلّٰہ (بڑائی کا حقدار اللہ ہے)
(۳) مِلک جیسے لِلّٰہ ما فی السمٰوٰت والارض (خدا کی ملکیت ہے جو آسمانوں اور زمینوں میں ہے)
(۴) تبلیغ جیسے قُلْتُ لَہٗ: میں نے اس کو پہونچا دیا۔
(۵) تعدیہ جیسے ما اشدَّ حُبَّ زید لعمرو (زید کو عمر سے کتنی بڑی محبت ہے
(۶) قسم جیسے لِلّٰہ لَاَفْعَلَنَّ (خدا کی قسم میں ضرور اس کو کرونگا)
(۷) صرورت جیسے ولد الانسانُ لحیوۃ ابدیۃ: انسان ہمیشہ کی زندگی کے لئے پیدا ہوا ہے
(۸) بمعنے علی و الی و فی و عند و بعد بھی ہوتا ہے*۔ اور کبھی زائد ہوتا ہے۔ جیسے ضَرَبْتُ لِزَیْدٍ (میں نے زید کو مارا)
(۹) تعلیل کے لئے جِئْتُکَ لِتُعَلِّمَنِیْ (میں تیرے پاس آیا تاکہ تو مجھے تعلیم دے (۱۰) مَا کَانَ زَیدٌ لِیُکْرِمَکَ (زید ہرگز تیری تعظیم کو نہ تھا) یہاں فعل پر داخل ہو کر اسکے آخر میں زبر دی ہے۔ اور اس کو مصدر کے معنوں میں تبدیل کر دیا ہے

(ب) جازم جیسے لِيَحْكُمِ اللّٰهُ (خدا فیصلہ کرے) وَ لْنَشْكُرِ اللّٰهَ (ہمیں خدا کا شکر کرنا چاہئے)

(ج) غیر عاملہ جو ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے۔

(د) ابتدا کے لئے جیسے لَزَيْدٌ قائم (زید کھڑا ہے) اِنَّ زَيْدًا لَقَائِمٌ (زید ضرور کھڑا ہے) لام جواب بعد لَوْ و لَوْلَا و قسم لَوْ عُدْتُمْ لَعُدْنَا (اگر تم واپس ہوتے تو ہم بھی واپس ہوتے) لَوْ لَا زَيْدٌ لَهَلَكْنَا: اگر زید نہ ہوتا۔ تو ہم ہلاک ہوجاتے۔ . . . .

. . . . . . واللّٰه لَزَيْدٌ كَرِيْمٌ (بخدا زید فیاض ہے) زائد جیسے اَلَاكَ لَشَاتِمِي: میں تجھے اپنا گالی دینے والا خیال کرتا ہوں۔ ذَالِكَ۔ تِلْكَ (یہ)

لَا:۔ تین طرح پر استعمال ہوتا ہے۔

(۱) نافیہ جو چار طرح استعمال ہوتا ہے۔

(ا) بمعنے نفی جیسے لَا رَجُلَ فی الدار (گھر میں کوئی آدمی نہیں ہے)

(ب) بمعنے لَيْسَ جیسے لا رَجُلٌ قَائِمًا آدمی کھڑا نہیں۔

(ج) لا ناجیہ برائے عطف: جیسے جَاءَ زيد لا عمرو (زید آیا نہ کہ عمرو)

(د) حرف جواب نعم کا نقیض جیسے اَقَامَ زَيْدٌ: کیا زید کھڑا ہے کے جواب میں کہا جائے لَا (نہیں)

(۲) لا نہی جیسے لَا تَفْعَلْ: مت کر۔

(۳) معنوں کی تقویت کے لئے زائد: مَا مَنَعَكَ اَلَّا تَقُوْمَ: تجھے کھڑا ہونے سے کسی نے نہیں روکا۔

لَاتَ: یہ حرف نفی لَيْسَ کے معنے دیتا ہے اور اس کا صرف ایک معمول ہی ذکر کیا جاتا ہے اور عموماً اس کا اسم محذوف ہوتا ہے۔ خبر مذکور ہوتی ہے۔ جیسے نَدِمَ الْبُغَاةُ وَلَاتَ سَاعَةَ مَنْدَمٍ: یعنی لَاتَ السَّاعَةُ سَاعَةَ مَنْدَمٍ: یعنی باغی بے وقت نادم ہوئے۔

مُلْتَئِب: سیدھا۔

لَأَطَ ۔ لَأْطًا: اصرار کرنا۔

—— ہ ب: مارنا (لاٹھی سے)

—— فی مرورہ: وہ چلنے میں تیز گذرا۔

لَأَظَ ۔ لَأْظًا: اداس بنانا۔ رد کرنا۔ معارضہ کرنا۔ سختی کرنا۔

لَأَفَ ۔ لَأْفًا الطَّعَام: اچھے طریق سے کھانا۔

اَلْاَكَ اِلى: پہونچانا۔

اَلِكْنِي الى فُلَانٍ: میری طرف سے فلاں کو پہونچا دے۔ (اصل میں اَلْاِكْنِي تھا)

مَلْاَك و مَلْاَكَة: پیغام

مَلْاَك و مَلَك و مَلَاك ج مَلَائِكَة و مَلَائِك و اَمْلَاك: پیغام رسان فرشتہ۔

لَأْلَأَ و تَلَأْلَأَ: چمکنا۔ روشن ہونا۔ (ستارا) بھڑکنا (آگ)

—— الثَّوْرُ بِذَنَبِه: بیل نے اپنی دم کو ہلایا۔

—— النوائح: بین کرنے والیوں نے ہاتھ اوپر نیچے کئے۔

—— الدمع: اس نے موتیوں کی طرح اپنے آنسوؤں کو رخسارے پر گرایا۔

لُؤْلُؤٌ: موتی۔

لُؤْلُؤَة ج لَآلِی: ایک موتی۔ جنگلی گائے۔

لُؤْلُؤِيٌّ و لُؤْلُؤَانٌ: موتی کے رنگ کا

لِئَالَة: موتی جڑنے کا پیشہ۔

لَأْلَاءٌ: پوری خوشی۔ چراغ کی روشنی

—— و لَأَّآل و لَأَّاءٌ: موتی بیچنے والا

لَأَمَ ۔ لَأْمًا: باندھنا زخم۔ بند کرنا۔ (زخم یا سوراخ) پر لگانا (تیر کو) کمینہ کہنا۔

لَأَّمَ و لَاءَمَ و لَاءَمَ و اَلْاَمَ: مرمت کرنا۔ اکٹھا کرکے باندھنا۔

لَؤُمَ لُؤْمًا و مَلْأَمَةً و لَآمَةً: دنی الاصل ہونا۔ ذلیل و حریص ہونا

لَاءَمَ: موافق ہونا۔ جمع کرنا و درست کرنا (چیز)

—— بَيْنَ: صلح کرانا۔

اَلْاَمَ: دنی الفطرت بیٹوں والا ہونا کمینہ پن کرنا۔

تَلَأَّمَ و تَلَاءَمَ و الْتَأَمَ: درست ہونا۔ مرمت ہونا۔

اِلْتَأَمَ: درست ہونا (زخم) آپس میں چمٹ جانا۔ اکٹھا ہونا۔

اِسْتَلْأَمَ: زرہ پہننا۔ لئیم باپ والا ہونا۔ کمینوں میں شادی کرنا۔ چومنا حجر اسود

لَأَمَ: مرمت کیا ہوا۔ ترتیب دیا ہوا۔ پر لگایا ہوا (تیر)

لِئْم: آرام۔ صلح۔ موافقت

—— ج اَلْاَم و لِئَام: برابر۔ مانند۔

لُمَة (مذکر و مؤنث): برابر

لُؤْم: کمینگی۔ حرص۔

لُؤَام: ضرورت۔ حاجت۔ ضروری چیز۔

رِيَاشٌ لُؤَام: تیر کے پر

لَأْمَة ج لَأْم و لُؤَم: زرہ۔ شخص

لُؤْمَة: کاشت کاری کے اوزار۔ ہل

گھر کا سامان - چغلخور - نفیس چیز جسکی خور ابھو رتی کی وجہ سے اس میں بخل کیا جائے -
لَئِیْمٌ ج لِئَام و لُؤَمَاء و لُؤْمَان : لئیم - دنی - حریص - بخیل - ذلیل -
مَلْأَمٌ و مِلْأَمٌ : کمینوں کی عذرخواہی کرنے والا - لئیم -
یَا لَأْمَان و یَا لُؤْمَان و یَا مَلْأَمُ اے شریر و دنی الطبع -
مُلَأَّمٌ : زرہ پوش -
مُلَائِمٌ : موافق و مناسب - پورا -
مَلَاءَمَةٌ : آرام طلبی -
مُلْتَئِمٌ : مرمت کیا ہوا - ملا ہوا - جمع کیا ہوا -
مُلْئِمٌ : لئیم - کمینے لوگوں سے میل جول رکھنے والا -

لَأَی - لَأْیًا و الْتَأَی : سست ہونا - رکنا -
اَلْأَی اِلْاءً : مصیبت اور محنت میں پڑنا -
اِلْتَأَی اِلْتِئَاءً : تنگ گزران ہونا دیر کرنا -
لَأْی و لَأَی و لَأْوَاء : سختی - تکلیف
لَأَی : ڈھال - جنگلی بیل -

لَبَّ - لَبًّا و اَلَبَّ ب : اقامت کرنا -
لَبَّ : چھاتی پر مارنا - توڑ کر مغز نکالنا (بادام سے)
— وَاَلَبَّ : تنگ باندھنا (گھوڑے کا)
لَبَّ - لَبًّا و لَبَابَةً : رحم دل ہونا عقلمند ہونا -
لَبَّبَ : گری والا ہونا (دانہ) گلے کے کپڑوں سے پکڑ کر کھینچنا - چھاتی کے اوپر کے حصہ میں مارنا -
— فی : تردد کرنا
اَلَبَّ : گری دار دانوں والا ہونا -
اَلَبَّ ل : پیش آنا -
— علی : چمٹنا - لازم پکڑنا -
— السرج : تنگ بنانا زین کا -
تَلَبَّبَ : دامن چننا -
تَلَبَّبَ ل : لڑائی کے لئے کمر کسنا -
— الرجلان : دو آدمیوں نے گلے سے کپڑے پکڑ کر ایک دوسرے کو کھینچا -
لَبٌّ علی : کام کو چمٹنے والا
لُبٌّ ج لُبُوب : دل - درمیانہ حصہ - گٹھل - پھل کی گری - روٹی کا ٹکڑا -
— ج اَلْبَاب و اَلُبٌّ : دل - تیز فہمی خالص چیز - خالص عقل -
— و لُبَاب : جوہر - عمدہ حصہ -
لَبَّةٌ ج لَبَّات : چھاتی کا اوپر کا حصہ جہاں مالا پڑا کرتی ہے - خاوند سے پیار کرنے والی لطیف (عورت)
لَبَب ج اَلْبَاب : چھاتی کا اوپر کا حصہ - باریک ریت - تنگ -
هُوَ فی لَبَبٍ رَخِیٍّ : وہ آسودہ حال ہے
لَبَاب : تھوڑی گھاس
لَبَابِ لَبَابِ : کوئی نقصان نہیں -
لُبَاب : خالص - گری -
لِبَابَة : باریک آٹا - جنگجو کا لباس جو کپڑوں پر پہنا جائے -
بَنَات الْلُّبِّ : دل کی رگیں -
اَنَا اُحِبُّكَ مِن بَنَاتِ اَلْبُبِی : میں تجھے تہ دل سے محبت کرتا ہوں -
لَبِیْبٌ ج اَلِبَّاءُ (م) لَبِیْبَة ج لَبِیْبَات و لَبَائِب : عاقل - دانا -
سَاجِل لَبِیْبٌ : مستقل مزاج آدمی
تَلْبِیْب ج تَلَابِیْب : کالر - چھاتی کے اوپر کے حصہ کے کپڑے -
اَلْبُوب : بیر کی گری -
مُلَبَّب و مُلْبَب : تنگ والا گھوڑا -
مَلْبُوب و مُلَبَّب : اچھی عقل والا - صائب الرائے -
مُتَلَبَّب : مار کی جگہ -
لَبَّیْكَ : میں حاضر ہوں - میں موجود ہوں میں آپ کی اطاعت پر حاضر ہوں -

لَبَأَ - لَبْأً : پیوسی دوہنا -
لَبَأَتِ الأُمُّ : ماں نے پیوسی پلائی - (بچہ کو)
— و اَلْبَأَ : پیوسی ابالنا یا پلانا -
— وَاَلْبَأَ : پیوسی کھلانا -
لَبَأَ الزرع : کھیت کو پہلی بار پانی دینا
اَلْبَأَتِ الشَّاةُ : بکری نے پیوسی آتاری
اَلْبَأَ القومُ : قوم زیادہ پیوسی والی ہوتی -
اِلْتَبَأَ و استلبأ : پیوسی دوہنا - پیوسی پینا (لیلا)
لِبَأٌ : پیوسی (بوہلی)
لَبْأَةٌ و لَبَاءَةٌ و لَبُوَةٌ ج لَبُوَات شیرنی -

لَبَتَ - لَبْتًا : مروڑنا (ہاتھ) سینہ یا پیٹ یا پسلیوں پر لاٹھی سے مارنا -

لَبِثَ - لَبْثًا و لُبْثًا و لَبَثًا و لَبَاثًا و لَبَاثَةً و لَبِیْثَةً و تَلَبَّثَ ب : ٹھہرنا (جگہ میں)
مَا لَبِثَ اَن فَعَلَ : اس نے اس کے کرنے میں دیر نہیں کی -
لَبَّثَ و اَلْبَثَ ب : دیر کرانا -

— فی : ٹھہرانا (مکان میں)
اِسْتَلْبَثَ : سُست پانا۔
لَبَثَ و لُبْث و لَبَاث : دیر۔ رہائش۔
لَبِث و لَابِث : ٹھہرنے والا۔
لُبْثَة : دیر۔ تھوڑا قیام۔
لَبِیثَة ج لَبَائِث : مختلف قبائل کا گروہ۔

لَبَجَ ـُ لَبْجًا ب : دے مارنا (زمین)
— ب : مارنا (لاٹھی سے)
لُبِجَ بِهٖ : وُہ زمین پر گرایا گیا۔
لُبْجَة و لَبَجَة ج لُبَج و لَبَج : شاخ دار لوہا جس سے بھیڑیے کو شکار کیا جاتا ہے۔
لَبَاجٌ : بے وقوف۔ کمزور عقل۔

لَبَحَ ـُ لُبُحًا و لَبَّح و اَلْبَحَ : بوڑھا ہونا۔
لَبَحٌ : عمر رسیدہ۔ بہادری

لَبَخَ ـَ لَبْخًا : مارنا۔ گالی دینا۔ قتل کرنا۔ پکڑنے کے لئے تدبیر کرنا۔ پکڑانا۔
— ـَ لُبُوخًا : بہت گوشت والا ہونا
لَابَخَ مُلَابَخَةً و لِبَاخًا : چہرے پر تھپڑ مارنا۔ مارنا۔
تَلَبَّخَ : خوشبو لگاتا۔ ضربوں سے زخمی ہونا۔
لَبْخَة ج لَبَخَات : پولٹس
لَبَخَة و لَبَّخ : ایک قسم کا درخت جس کے پتے اخروٹ کے درخت کی طرح ہوتے ہیں۔ مصری کیکر۔
لَبِیخ : گوشت والا۔
لَبِیخَة : کستوری کا نافہ۔

لَبَدَ ـُ لُبُودًا و اَلْبَدَ ب : چمٹنا (زمین سے) چار زانو بیٹھنا۔
— و لَبِدَ ـَ لَبَدًا و اَلْبَدَ ب : اقامت کرنا۔ (جگہ میں)
— الرجلَ : وُہ آدمی کے ساتھ لگ گیا۔
لَبَّدَ ـِ لَبْدًا و لَبَّدَ : نمدہ بنانا۔ (صوف) باہم چمٹنا (چیز)
لَبَّدَ : چمٹنا (زمین سے)
— و اَلْبَدَ : پیوند لگانا۔ مرمت کرنا۔
اَلْبَدَ : نمدہ بنانا۔ یا نمدہ کسنا (زین پر) نمدہ ڈالنا (گھوڑے پر)
— ب : چمٹانا
اَلْبَدَ : نرم بال نکالنا (اُونٹ)
— الرجلُ رَأسَهٗ : آدمی نے دروازے سے داخل ہوتے وقت اپنا سر نیچا کیا۔
تَلَبَّدَ : ٹھوس ہونا (چیز) نمدہ بننا (صوف) الجھے ہوئے ہونا (بال)
— الطائرُ بالارض : پرندہ زمین پر بیٹھا۔
— الرجلُ : آدمی نے دیکھ کر معلوم کر لیا۔
اِلْتَبَدَ : آپس میں چمٹنا (پتے وغیرہ) بہت پتوں والا ہونا (پودہ)
لَبَد : تہ بتہ اون۔
مَا لَهٗ سَبَدٌ و لَا لَبَدٌ : اس کے پاس نہ تو بال ہیں اور نہ اون۔ یعنی کچھ نہیں۔
لَبِد : تہ بتہ شدہ (بال وغیرہ)
— و لُبَد و لُبَّد : تنہائی پسند۔ سفر نہ کرنے والا۔
اَبُو لُبَد : شیر۔
لِبْد (ج لُبُود و اَلْبَاد) و لِبْدَة ج لِبَد : تہ بتہ جمائے ہوئے بال یا اُون۔ اون کا نمدہ۔ زین کے نیچے کا عرق گیر۔
فُلَانٌ لَا يَجِفُّ لِبْدُهٗ : فلاں کا عرق گیر خشک نہیں ہوتا۔ یعنی وُہ ہمیشہ سفر پر رہتا ہے
لِبْدَة ج لِبَد : گھوڑے یا شیر کی ایال۔ ران کا اندرونی ٹنڈی۔ دھجی جس سے قمیص کے سامنے کا پیوند لگایا جاتا ہے۔ جمگھٹا۔ بہت۔
لِبْد و لُبَادَة و لُبَّاد : گدّی۔ عرق گیر
لُبَادَة : انگریزی ٹوپی یا نمدے کا قباء
مَالٌ لُبَد و لُبَّد و لَابِد : بہت سا مال۔ بہت جائداد۔
لَابِد : شیر۔ گھات میں بیٹھنے والا۔
لَبَّاد : نمدے بنانے والا۔
لَبُود : چیچڑی۔ کلنی۔
لَبِیدَة : توبرا۔ بورا۔ چھوٹا تھیلا۔
— و لُبَادَی و لُبَّادَی : بٹیر۔
مُلْبِدٌ : فقیر۔ شیر۔ زمین سے چمٹنے والا

لَبَزَ ـِ لَبْزًا : سخت مارنا۔ برا لقب دینا۔ بہت کھانا۔ توڑنا۔

لَبَسَ ـِ لَبْسًا و لَبَّسَ علی : مشتبہ بنانا۔ خلط ملط کر دینا۔
لَبِسَ ـَ لُبْسًا : پہننا (کپڑے)
— دَهْرًا : اس نے ایک عرصہ تک اس کی صحبت سے فائدہ اُٹھایا۔
— فلانا علی ما فیہ : اس نے فلاں کو قبول کیا۔
لَبِسْتُ علی ذاك اُذُنِی : یعنی میں خاموش رہا کچھ بات نہ کی۔
لَبَّسَ : چھپانا۔ مخلوط کرنا۔ پہنانا۔
لَابَسَ : استقلال سے کرنا (کام) میل جول کر کے اندرونی معلوم کرنا۔
اَلْبَسَ : ڈھانکنا۔ پہنانا (کپڑا)
تَلَبَّسَ ب : ملانا۔ پہننا۔

— الطعام بِالْیَدِ : ہاتھ سے کھانا چٹنا

— و اِلتبسَ : شکی ہونا۔ مشتبہ ہونا۔

لَبْسٌ و لُبْس و لُبْسَۃ و اِلتِباس و لُبُوسَۃ : اشتباہ۔ شبہ۔ اختلاط۔ اشکال۔

لِبْس ج لُبُوس : پہننے کی چیز۔ کپڑے لباس۔

لِبَاس ج اَلْبِسَۃ و لُبُس : پوشاک پہننے کے کپڑے۔ اختلاط۔ اجتماع خاوند و بیوی۔

لِبَاس الزھر : پھولوں کے غلاف۔ ہر چیز جو انسان کی برائی چھپائے۔

لِبْسَۃ : پہننے کا طریقہ۔ پوشاک۔

لَبُوس : کپڑے۔ زرہ۔ بہت لباس والا

لَبِیْس : کپڑا۔ بوسیدہ (کپڑا) نظیر مانند احمق۔

تَلْبِیْس : شک۔ حقیقت کا اخفا۔

جَاءَ لَابِسًا اُذُنَیْہِ : وہ لاپرواہی ظاہر کرتا ہوا آیا۔

لَبَّاس : بہت لباس پہننے والا۔ بہت خلط ملط کرنے والا۔

مَلبَسٌ ج مَلَابِسُ : لباس۔

مِلْبَسٌ : رات۔

مُلَبَّس : مخلوط۔ مشتبہ۔ مٹھائی۔ بادام وغیرہ جن پر مٹھائی چڑھائی جائے۔

مُلبِس و مُلْتَبِس : شکی۔ ذو معنے مخلوط

لَبَّش : چننا۔ اٹھانا۔ بند بنانا۔

لَبَش : کپڑے۔ سفری سامان۔ مختلف اقوام کے لوگ۔

لِبْش : بند باندھنے کے لئے جھاڑی یا نرکل کے گٹھے۔

لَبَطَ ـُ لَبْطًا بِہِ الارض : اس نے اس کو زمین پر گرا دیا۔

لُبِطَ بِہِ : گرایا جانا۔

لُبِطَ الرجلُ : زکام زدہ ہونا (آدمی)

لَبَطَ ـِ و لَبَّطَ : لات مارنا۔

لَبَطَ ـِ لَبْطًا و تَلَبَّطَ و اَلْتَبَطَ : سرپٹ دوڑنا (اونٹ)

تَلَبَّطَ و اِلْتَبَطَ : بے قرار و حیران ہونا۔ لپیٹنا۔ گدھے کی طرح خاک میں لیٹنا۔

— فی : کوشش کرنا۔

لَبَطَۃ : سرپٹ دوڑ۔ زکام

لَبْطَۃ : دولتی۔

لَبَّاط : دولتی مارنے کا عادی۔

لَبَقَ ـُ لَبْقًا و لَبَّقَ : نرم کرنا۔

لَبِقَ ـَ لَبَقًا و لَبُقَ ـُ لَبَاقَۃً : ذہین ہونا۔ ماہر ہونا۔ لائق ہونا۔ سمجھدار ہونا۔ نرم خو ہونا۔

— ب و ل : مطابق آنا (کپڑا)

لَبَّقَ : آراستہ کرنا۔ سجانا۔

لَبَق و لَبَاقَۃ : پوشاک کی خوشنمائی کاریگری۔ ہنر۔ ہوشیاری

لَبِق و لَبِیْق : کاریگر۔ نرم خو والا۔

مُلَبَّق : نرم کیا ہوا۔ سجایا ہوا۔

لَبَکَ ـُ لَبْکًا و لَبَّکَ : ملانا۔ پیچیدہ کرنا (کام) کھانے کے لئے اکٹھا کرنا (ثرید)

لَبَّکَ ب : پھنسانا۔

اَلْبَکَ : نامناسب گفتگو کرنا۔ فحش کلامی کرنا۔ گفتگو میں غلطی کرنا۔

تَلَبَّکَ و التبک : پیچیدہ ہونا (معاملہ

لَبَکٌ و لَبْکَۃ : پیچیدہ و مخلوط (معاملہ

لَبِیک : پیچیدہ (معاملہ

لَبْکَۃ : نوالہ۔ حیرانی۔

لُبَاکَۃ و لَبِیْکَۃ : آدمیوں کی جماعت۔

لَبِیْکَۃ : کھجوروں و مکھن سے یا آٹے و تازہ پنیر کی بنی ہوئی خوراک

مُلْتَبِک و مَلْبُوک : مخلوط و پیچیدہ مشغول۔ فکرمند۔

لَبْلَبَتِ المَرْأَۃ : عورت کا لاڈ کرنا (بچہ سے)

لَبْلَبَ : بکھرنا۔ (لوگ) بکواس کرنا۔

لَبْلَبٌ و لُبْلُبٌ : اپنے اہل سے مہربانی کرنے والا۔ اپنے پڑوسیوں سے احسان کرنے والا۔ حلیم طبع۔

لَبَالِبُ الغَنَمِ : بکریوں کا شور۔

لَبْلَابٌ : عشق پیچہ کا پودہ۔

لَوْلَب ج لَوَالِبُ : نالی۔ پانی بہنے کا سوراخ۔ پیچدار (برمی) پیچ۔ میخ۔ ٹونٹی۔ دھات کا سپرنگ۔

لَبِنَ ـَ لَبَنًا و اَلْبَنَ : بہت دودھ سے بھرے ہوئے تھنوں والی ہونا (بکری)

لَبَنَ ـُ ـِ لَبْنًا : پینے کے لئے دودھ دینا

لَبِنَ ـَ لَبَنًا و اَلْبَنَ : بہت دودھ کا مالک ہونا۔

— لَبَنًا : سرہانے سے گردن میں درد ہونا۔

— ب : مارنا (لاٹھی سے)

لَبَّنَ : اینٹیں بنانا۔ فیصلے کرنے کے لئے مجلس مقرر کرنا۔ چوکور بنانا (چیز)

تَلَبَّنَ : دیر لگانا۔ سستی کرنا۔

اِلْتَبَنَ : دودھ چوسنا۔

اِسْتَلْبَنَ : دودھ مانگنا۔

لَبَن ج اَلْبَان : دودھ۔

— الشجر : درخت کی رسی۔

لَبِن و لِبْن و لِبِن (مفرد لَبِنَۃ) کچی

اینٹیں۔
لَبَن العَذراء : سفید مٹی۔
لِبنَة : ملائی کا پنیر۔
لَبَنِیَّة : کوفتے جو ترش دودھ سے تیار کئے جاتے ہیں۔
لَبَان : چھاتی۔ چھاتی کا درمیان۔
لِبَان : دودھ چوسنا۔ کشتی کھینچنے کی رسی۔
لُبَان : صنوبر۔ کندر۔ ایک گوند جو دھونی کے لئے استعمال ہوتا ہے۔
لُبَان العَذراء : مگنیشیاء
لُبَانَة ج لُبَانَات و لُبَان : ضروری حاجت۔ معاملہ۔ کام۔ تفکرات
لُبنَان : شام کے علاقہ میں ایک پہاڑ ہے جس کی چوٹی پر ہمیشہ برف رہتی ہے
لَابِن ج لَابِنُون : بہت دودھ والا دودھ پلانے والا۔
لَوَابِن : تھن۔
لَابِنَة ج لَابِنَات و لَوَابِن : بہت دودھ والی۔ دودھ پلانے والی
لَبِن و لَبُون : دودھ کا مشتاق۔ دودھ پینے والا۔
لَبِنَة و لَبِیْنَة و لَبُون و لَبُونَة ج لِبَان و لُبُن و لُبُن و لَبَائِن : دودھ دینے والی (بکری)
لَبِیْن : دودھ پر پرورش پایا ہوا۔
لَبَّان و مُلَبِّن : اینٹیں بنانے والا۔
لَبَّان : دودھ فروخت کرنے والا۔
تَلْبِیْن و تَلْبِیْنَة : چھان اور دودھ و شہد کا بنا ہوا کھانا۔
مِلْبَن ج مَلَابِن : اینٹوں کا سانچہ۔ دودھ دُہنے کا برتن۔ دودھ صاف کرنے کی صافی۔
مَلْبَنَة : دروازے یا کھڑکی کی چوکھٹ
مَلْبُون : دودھ سے پرورش کیا ہوا۔ دودھ کے نشہ والا۔
مِلْبَنَة : چمچہ۔ قاشق
لَبْوَة ج لَبْوَات : شیرنی۔
لَبِیَ ـ لَبْیًا من : بہت کھانا (خوراک)
لَبَّی تَلْبِیَةً : پکار کا جواب دینا۔ لبیک کہنا۔
— بِالحَجّ : حج میں لبیک کہنا۔
لَبَّیْکَ : حاضر ہوں۔
بَیْنَهُمْ مُلْتَبِیَة : ان میں ایسا اتفاق ہے کہ ایک دوسرے سے کوئی بات پوشیدہ نہیں رکھتے۔
لَتَّ ـ لَتًّا : پیسنا۔ باریک کرنا یا باندھنا تنگ کرنا۔
— ب : پانی میں ملانا۔ یا گھی میں لت پت کرنا (ستو)
لُتَّ ب : چمٹنا۔
اَلَتَّ : بازوؤں کے نیچے سر چھپانا۔ (پرندہ)
لَات و لَاتّ : عربوں کے ایک بت کا نام
لُتَات : مرکب۔ درخت کی چھال جو باریک کی جائے۔
لَتَأَ ـ لَتْأً ب : نقصان دینا۔
لَتَأَت بِه اُمُّه : اس کو ماں نے جنا۔
— فی صَدرِه : اس نے اس کو چھاتی پر مارا۔
— ه بحجر : اس نے اس کو پتھر مارا۔
— بِعَیْنِه اِلَی : ٹکٹکی لگانا۔
لَتِیْئ : اپنی جگہ پر رہنے والا۔
لَتَبَ ـ لَتْبًا و لُتُوبًا ب : چمٹنا۔
— فی : استقلال کرنا۔ ثابت قدم رہنا
— فی منحر النَّاقَة : اونٹنی کے گلے میں مارنا۔
— و لَتَّبَ علی : کسنا (زین گھوڑے پر)
اَلْتَبَ علی : واجب کرنا۔ ذمہ ڈالنا۔
تَلَاتَبَ : باہم ملنا۔
— بالرماح : ایک دوسرے کو نیزہ مارنا
اِلْتَتَبَ : پہننا (کپڑا)
لَاتِب : مستقل مزاج۔ ثابت قدم چمٹنے والا۔
مِلْتَب : گھر میں رہنے والا۔
مَلَاتِب : پرانے و بوسیدہ کپڑے۔
لَتَحَ ـ لَتْحًا : کنکر مار کر منہ یا جسم زخمی کرنا۔
لَتَحَه بِبَصَرِه : اس نے اس کو تیز آنکھ سے دیکھا۔
لَتِحَ ـ لَتَحًا : بھوکا ہونا۔
لَتِح و لَاتِح و لُتَاح و لُتَحَة : ذہین۔ عقل مند۔
لَتْحَان (م) لَتْحَی : بھوکا۔ فاقہ مست
لَتَخَ ـ لَتْخًا : آلودہ کرنا۔ چیرنا۔
لَتَدَ ـ لَتْدًا : مکا مارنا۔
لَتَزَ ـ لَتْزًا : مکا مار کر ہٹانا۔
لَتْلَتَة : جھوٹی قسم۔
لَتَمَ ـ لَتْمًا : مارنا۔ نیزہ مارنا۔ پھینکنا (تیر)
لَتَم : زخم۔
لُتُنَّة : جنگلی چوہا۔
اَلَّتِی (م) اَللَّتَانِ ج اللَّوَاتِی و اللَّائِی و اللَّاتِی : مؤنث الَّذِی بمعنے جو۔ جس۔
اللَّتَیَّا و اللُّتَیَّا : تصغیر اَلَّتِی۔

أَللَّتِی و اللَّتَیَّا : مصیبت
وَقَعَ فِی اللَّتَیَّا وَالَّتِی : وہ گوناگوں بڑی بڑی مصیبتوں میں پڑا۔
بَعْدَ اللَّتَیَّا وَالَّتِی : بعد جھگڑے وفساد کے۔
لَثَّ ـُ لَثًّا وأَلَثَّ : لگاتار کئی روز ہونا (بارش)
ـــ وأَلَثَّ ب : قیام کرنا (جگہ میں)
ـــ وأَلَثَّ علی : اصرار کرنا۔
لَثَّ الشَّجَرُ : درخت پر شبنم پڑی۔
لَثٌّ : شبنم
لَثَأَ ـَ لَثْأً : چاٹنا (کتا)
لَثَأٌ : درخت کی رس۔
لَثَدَ ـِ لَثْدًا : ترتیب دینا (گھر کا سامان)
لِثْدَةٌ : آرام کرنے والے مسافر۔
لَثَطَ ـِ لَثْطًا : آہستہ تھپکی دینا۔
لَثْعَةٌ : ہونٹ کا دانتوں کی جڑوں سے ملا ہوا حصہ۔
أَلْثَمُ : ہکلا۔
لَثِغَ ـَ لَثَغًا : ہکلا ہونا۔ یعنی حرف را، وغیرہ کو ٹھیک نہ بول سکنا۔
لَثَغ ولُثْغَة : حرف سین کو ثاء اور راء کو غین کی طرح بولنا۔ بدتلفظی
لَثْغَة : منہ۔
أَلْثَغ (م) لَثْغَاء ج لُثْغ : ہکلا۔
لَثِقَ ـَ لَثَقًا : بند ہوا والا اور نمناک ہونا (دن) تر ہونا۔
لَثَّقَ : خراب کرنا۔
لَثَّقَ وأَلْثَقَ : نمناک کرنا۔
تَلَثَّقَ والْتَثَقَ : نمناک ہونا۔
لَثَق : نمی۔ کیچڑ۔
لَثِق : تر۔ کیچڑ والی۔
لَثْلَثَ : کئی دن لگاتار رہنا (بارش) کمزور ہونا۔
ـــ علی فلانٍ : اصرار کرنا۔
ـــ ہ عن : روکنا۔ منع کرنا۔
ـــ فی : مٹی میں لٹانا۔
ـــ ب : اقامت کرنا۔
لَثْلِثُوا بِنَا : ہمیں تھوڑا سا آرام کرنے دو
تَلَثْلَثَ فی : لیٹنا (خاک میں)
لَثْلَاثٌ ولَثْلَاثَةٌ : کمزور۔ خام ارادہ والا۔
لَثَمَ ـِ ولَثِمَ ـَ لَثْمًا : چومنا۔
لَثَمَ ـِ لَثْمًا : چلنے میں روندنا۔ (اونٹنی کا کنکروں کو) زخمی کرنا (کنکر کا اونٹ کے پاؤں کو)
ـــ أَنْفَهُ : اس نے اس کے ناک پر مکا مارا۔
لَثَمَ ـِ ولَثِمَ ـَ ولَثَّمَ وتَلَثَّمَ و الْتَثَمَ : منہ یا ناک پر لپیٹنا (کپڑا)
لَثْمٌ : ناک اور اس کا گرداگرد۔
لِثْمَة : مفلر پہننے کا طریقہ۔
لَثْمَة : بوسہ۔
لِثَام : مفلر۔
لَاثِم ج لُثْم : توڑنے والا۔ تراشنے والا۔
مَلْثُوم : کنکر سے زخمی (پاؤں)
مُلَثَّمٌ ومُتَلَثِّم : مفلر لپیٹا ہوا۔
لَثِیَ ـَ لَثًى : تھوڑا پانی پینا۔ بہت چاٹنا (ہانڈی) لتھڑنا (ہاتھ)
لَثَی ـِ لَثْيًا وأَلْثَی : گوند نکالنا (درخت)
تَلَثَّی والْتَثَی : گوند جمع کرنا۔
لَثًى : گوند۔ شبنم۔
ـــ الثَّوْب : کپڑے کی میل۔
لَثٍ (م) لَثِيَة : نمدار۔ گوند دار۔
لِثَة ج لِثَات ولِثًى : مسوڑا۔
لَثَاة : گلے کا کوا۔
الحُرُوفُ اللِّثَوِيَّة : شفتی حروف۔ (ث۔ ذ۔ ظ)
لَجَّ ـِ لَجَجًا ولَجَاجًا ولَجَاجَةً فی : اصرار کرنا۔ ضد سے جھگڑنا۔ کوشش کرنا۔
ـــ علی : اصرار کرنا۔
ـــ ب : لگنا (غم)
لَجَّجَ : پانی کے گہرے حصے میں داخل ہونا
لَاجَّ : ضد سے جھگڑنا۔
تَلَجَّجَ واسْتَلَجَّ : دعوے کرنا۔
اِلْتَجَّ : مخلوط ہونا (آواز) طوفانی ہونا (سمندر) زیادہ کثرت سے اور لمبی نباتات والی ہونا (زمین)
اِسْتَلَجَّ ب : پوری کرنا (قسم)
لُجّ ولُجَّة ج لُجَج ولُجَاج : بڑی جماعت۔ بڑی مقدار۔ بڑا سمندر۔ بحر بے پایان۔ گہرائی۔ وادی کا کنارہ۔ تلوار
فَرَسٌ أَدْهَمُ لُجِّیّ : بہت کالا گھوڑا۔
لُجَّة : پانی کی گہرائی۔ بڑا گروہ۔ چاندی شیشہ۔ لہر
لَجَّة : مخلوط آوازیں۔
لَجَاج ولَجَاجَة : اصرار۔ ضد۔ لڑائی جھگڑا۔
لَاجّ ولَجُوج ولَجُوجَة ولُجَجَة : بہت جھگڑا کرنے والا۔
لُجِّیّ : طوفانی وبے پایان (سمندر)
مَلْجُوج عَلَيْهِ : اکسایا گیا۔ اصرار کیا گیا۔

لَجَأَ ـ لَجْأً ولَجِئَ ـ لَجَأً والْتَجَأَ
إِلَى : پناہ لینا۔
لَجَّأَ : بعض ورثہ کے لئے خاص کر دینا
(مال)
لَجَّأَ و أَلْجَأَ إِلَى : مجبور کرنا۔
أَلْجَأَ : بچانا۔حفاظت کرنا۔
ـــ أَمْرَهُ إِلَى : معاملہ سپرد کرنا۔
تَلَجَّأَ إِلَى : سہارا لینا۔
ـــ مِن : الگ ہو جانا۔
لَجَأٌ و مَلْجَأٌ ج مَلَاجِئُ : پناہ۔جائے
پناہ۔قلعہ۔
لَجَأٌ : قلعہ۔جائے پناہ۔وارث۔
بیوی۔ایک قسم کے کچھوے۔
لَجَأَةٌ : ایک کچھوا۔
تَلْجِئَةٌ : مجبوری۔
لَاجِئٌ و مُلْتَجِئٌ : پناہ لینے والا۔حفاظت
میں آنے والا۔
لَجِبَ ـ لَجَبًا : بے ترتیب ہونا۔
چیخنا و شور کرنا (قوم) جوش میں آنا (سمندر)
لَجُبَ ـ لُجُوبَةً ولَجَبَ : تھوڑے
یا بہت دودھ والی ہونا۔(بکری)
لَجَبٌ : شور و غوغا۔سمندر کا جوش۔
لَجِبٌ : شور کرنے والا۔
لَجْبَة و لُجْبَة و لَجَبَة ولِجْبَة
ج لِجَاب و لَجَبَات : زیادہ یا کم دودھ
دینے والی (بکری)
لَجِذَ ـ و لَجَذَ ـ لَجْذًا : چرنا
(مویشی) خوراک کھانا (آدمی) اندر
سے چاٹنا (کتا۔برتن) سوال سے تنگ کرنا
ـــ مِن : تھوڑا سا لینا۔
ـــ عَلَى : اکسانا۔
لَجَفَ ـ لَجْفًا : سخت مارنا۔

لَجِفَ ـ لَجَفًا و تَلَجَّفَ : گرداگرد سے
وسیع ہونا (کنواں)
لَجَّفَ و تَلَجَّفَ : پہلوؤں سے وسیع
کرنا (کنواں)
تَلَجَّفَت و التجفت البِئْرُ : کنواں
پہلوؤں سے وسیع کھدگیا۔
لَجَف ج أَلْجَاف : کنویں کے پہلوؤں
کے کم گڑھے۔سیلاب کے بند ہونے کی جگہ
وادی کا وسط۔
لِجَاف ج لُجُف و أَلْجِفَة : دروازہ
کی دہلیز۔پہاڑ کا غار کے اوپر بڑھا ہوا
حصہ۔
لَجْنَفَة : دروازہ کا پہلو۔
لَجْلَجَ و تَلَجْلَجَ : تتھلانا۔
ـــ في صدره شئ : چیز اس
کے سینہ میں کھٹکی۔
لَجْلَجَ في فيه : منہ میں پھیرنا (لقمہ)
تَلَجْلَجَ بالشئ : اس نے چیز کو جلدی سے
لیا۔
لَجَمَ ـ لَجْمًا : سینا (کپڑا)
لَجَّمَ و أَلْجَمَ : منہ تک پہونچنا (پانی)
أَلْجَمَ و لَجَّمَ : لگام دینا۔
ـــ القِدْرَ : ہانڈی کے کُنڈوں میں
کوئی چیز ڈال کر اٹھانا۔
اِلْتَجَمَ : لگام پانا۔
اِسْتَلْجَمَ فَرَسًا : گھوڑے کو لگام
چڑھانے کے لئے کہنا۔
لَجَم ج أَلْجَام : متوسط زمین۔
ـــ و لُجْمَة و لُجَمَة : چھپکلی۔مینڈک یا
ایک قسم کا منحوس جانور۔
لُجْمَة : ہوا۔
لِجَام ج أَلْجِمَة و لُجُم : لگام۔

أَلْجِمَة : اونٹوں کا نشان۔
لَجَمَة و مُلَجَّم : لگام دینے کی جگہ۔
لُجْمَة : سطح۔پہاڑ۔
ـــ الوادي : وادی کا کنارہ۔
مُلْجَم و مَلْجُوم : لگام دیا ہوا۔روکا ہوا
لَجَنَ ـ لَجْنًا و لَجَّنَ : آٹا ملا کر چارہ
تیار کرنا۔(گتاوا کرنا۔پ)
لَجَنَ ـ لِجَانًا و لُجُونًا : ٹھہرنا (اونٹ)
ـــ في المشي : آہستہ چلنا۔
لَجِنَ ـ لَجَنًا ب : چمٹنا۔
تَلَجَّنَ : جڑ جانا۔
لَجَن و لَجِين : پتوں وغیرہ کا مالیدہ
جو آٹے سے ملایا جائے۔(گتاوا)
لَجْنَة : پارٹی۔کمیشن۔جماعت۔
لَجُون : (مذکر و مؤنث) سست (اونٹ)
لُجَيْن : چاندی۔
لَجَّ ـ لَجًّا : نزدیک ہونا (قرابت)
ـــ ـ لَجًّا و لَجَجًا : چرک سے چمٹنا
(آنکھ)
أَلَجَّ : بے آرام ہونا۔سست ہونا۔
(جانور) لگاتار برسنا (بادل)
ـــ عَلَى : تنگ کرنا (مقروض کو) سوال
سے تنگ کرنا۔جانور کی پیٹھ کو زخمی کرنا۔
(زین)
ـــ في السؤال : سوال کرنے میں اصرار کرنا
لَجّ : قریبی قرابت۔
هُوَ ابنُ عَمِّي لَجًّا وهُوَ ابن عمِّ
لَجّ : وہ میرا قریبی رشتہ کا چچازاد ہے۔
إِلْحَاح : ضد۔اصرار۔
لَاجّ و لَجِج : تنگ (جگہ)
مُلِحّ : اصرار سے مانگنے والا۔لگاتار
برسنے والا (بادل)

مِلْحَاحٌ : جانور کی پیٹھ کو زخمی کرنے والا ۔ (پالان) بہت الحاح سے مانگنے والا ۔

لَحَبَ ۔ لَحْبًا والْتَحَبَ : شاہراہ پر چلنا ۔ واضح کرنا (سڑک) چھیلنا (چھڑی) اتارنا (گوشت ہڈی سے)

—— ب : مارنا (تلوار سے)

—— بِفُلَانٍ الارض : فلاں کو زمین پر پچھاڑ دینا ۔

—— ولَحَّبَ : نشان کرنا ۔

—— لُحُوبًا : واضح ہونا (سڑک)

لَحِبَ ۔ لَحَبًا : کمزور و دبلا ہونا ۔

لَحَّبَ : کاٹنا ۔ ذلیل کرنا ۔

لَحْبٌ ولَاحِبٌ ج لَوَاحِبُ : واضح سڑک ۔

لَحِيبٌ : دُبلی اُونٹنی ۔

مِلْحَبٌ : کاٹنے یا چھیلنے کا اوزار ۔ گالی دینے والا بدزبان ۔ غیبت کرنیوالا

مُلَحَّبٌ ومَلْحُوبٌ : واضح سڑک ۔

لَحَتَ ۔ لَحْتًا : چھیلنا (چھڑی)

لَحَتَ : ننگا کرنا ۔

—— ب : مارنا (چھڑی سے)

لُحَاتَةٌ : اُتاری ہوئی چھال ۔

لَحَجَ ۔ لَحْجًا : مارنا ۔

—— الی : پناہ لینا ۔

لَحَجَهُ بِعَيْنِهِ : اس نے اس کو نظر لگائی ۔

لَحِجَ ۔ لَحَجًا : تیام میں چمٹنا (تلوار) پھنس جانا (انگوٹھی وغیرہ)

—— بالمکان : مکان کو لازم پکڑنا ۔

—— : ٹیڑھی ہونا ۔ (ٹھوڑی)

لَحِجَتْ عَيْنُهُ : اس کی آنکھ چرک ڈالی ہوگئی ۔

لَحَّجَ علی : غلط بتانا (خبر)

اَلْحَجَ والْتَحَجَ اِلی : پناہ لینے کے لئے مجبور کرنا ۔

اِلْتَحَجَ اِلی : مائل ہونا ۔ پناہ لینا ۔

اِسْتَلْحَجَ : بند ہونا (دروازہ)

لَحْجٌ : آنکھ کا گڑھا ۔

لُحْجٌ ج اَلْحَاجٌ : آنکھ کا گڑھا ۔ گھر کا گوشہ ۔ اونٹ کا پالان ۔

لَحِجٌ : تنگ (مکان)

لَحَجٌ : آنکھ کی چرک ۔

مَلْحَجٌ ومُلْتَحَجٌ ج مَلَاحِجُ : ملجأ ۔ پناہ ۔

مَلَاحِجُ : تنگ جگہیں یا حالتیں ۔

لَحْوَجَ علی : غلط بتانا (خبر)

لَحَدَ ۔ لَحْدًا ولَحَّدَ والْحَدَ : قبر میں لحد بنانا ۔

لَحَدَ : دفن کرنا (مُردہ)

—— والْحَدَ ل : لحد کھودنا ۔

—— والْحَدَ : ایک طرف کو الگ ہونا ۔ حق سے پھرنا ۔

لَاحَدَ : ناانصافی کرنا ۔

اَلْحَدَ ب : بدنام کرنا ۔

—— والْتَحَدَ عن دِينِ اللّٰهِ : وہ بے مذہب سے پھر گیا ۔

—— السَّهْمُ الهَدَفَ : تیر نشانہ کے ایک پہلو میں لگا ۔

اِلْتَحَدَ اِلی : مائل ہو جانا ۔

لَحْدٌ ولُحْدٌ ج اَلْحَادٌ ولُحُودٌ و مَلْحَدٌ ومَلْحُودٌ : قبر ۔ لحد ۔

اِلْحَادٌ : پھرنا ۔ سفر کرنا ۔

لَاحِدٌ ومَلْحُودٌ : لحد والی (قبر)

لَحُودٌ : مائل ۔ ڈھلوان ۔

مُلْحِدٌ ج مُلْحِدُونَ ومَلَاحِدَةٌ : کافر ۔ دہریہ ۔ نیچری ۔

مُلْحَدٌ ومَلْحُودٌ : لحد ۔

مِلْحَادَةٌ : دین میں بہت طعن دینے والا ۔

مُلْتَحَدٌ : ملجأ ۔ پناہ ۔

لَحِزَ ۔ لَحَزًا وتَلَحَّزَ : بخیل ہونا ۔

تَلَحَّزَ : ترشی وغیرہ سے منہ میں پانی بھر آنا لڑنے یا سفر کے لئے دامن اٹھانا ۔

—— عن : چھوڑ دینا ۔ پیچھے ہٹنا ۔

تَلَاحَزَ : گفتگو کرنے میں مقابلہ کرنا ۔

لِحِزٌ ولَحِزٌ : حریص ۔ بخیل ۔

مَلْحَزٌ ج مَلَاحِزُ : پیچیدگی ۔ تنگ جگہ ۔

لَحَسَ ۔ لَحْسًا : کیڑا لگنا (اُون کو) چرنا (ٹڈی کا سبزی)

لَحِسَ ۔ لَحْسًا ومَلْحَسًا ولَحْسَةً ولُحْسَةً : چاٹنا ۔

لَحَّسَ : چٹانا ۔

اَلْحَسَ : ہریاول نکالنا (زمین) بہت قریب چرانا (مویشی)

اِلْتَحَسَ من : حاصل کر لینا (حق)

لَحْسٌ ج اَلْحَاسٌ : سبزی کی ابتدائی ہریاول کیڑا ۔

لَاحِسَةٌ ج لَوَاحِسُ : قحط والا (سال)

لَحُوسٌ : پیٹو ۔ مٹھائی کا حریص ۔

لَاحُوسٌ : منحوس ۔ حریص ۔

مَلْحَسٌ ج مَلَاحِسُ : کھلی زمین

مِلْحَسٌ : حریص ۔ بہادر ۔

لَحُوسٌ ومُلْحِسٌ : حریص ۔ پیٹو ۔ سب کچھ کھا جانے والا ۔

لُحَاسَةٌ : (م) لُحاس شیرنی ۔

لُحْسُمٌ ج لَحَاسِم : وادی کا تنگ حصہ۔

لَحَص ۔ لَحْصًا فی : اختیار کرنا۔ (کام)

— د لَحَّص : تفصیل سے بیان کرنا (خبر)

لَحَّص فی : سختی کرنا۔

— عن : روکنا۔ ٹھہرانا۔

— : مضبوط کرنا (کتاب)

اِلْتَحَص : سخت ہونا (کام) تاکہ بند ہونا (سوئی کا)

— الی : مجبور کرنا۔

لَحَصٌ : اُوپر کے پپوٹے کے سلوٹ۔

لَحَاصِ : مصیبت۔ بدقسمتی۔ حیرانی۔

لَحَصَانٌ : دوڑ۔ سُرعت

لَحِيْص : تنگ۔

مَلْحَص : پناہ۔

لَحَط ۔ لَحْطًا : پانی چھڑکنا۔ زینت دینا۔

اِلْتَحَطَ : غصے ہونا۔

لَحَظ ۔ لَحْظًا و لَحَظَانًا الی : آنکھ کے گوشہ سے دیکھنا۔ انتظار کرنا۔

— ۔ لَحْظًا و لَحَّظ : داغنا (اونٹ)

لَاحَظ مُلَاحَظَةً و لِحَاظًا اِلی : انتظار کرنا۔ ایک دوسرے کو دیکھنا۔ ایک دوسرے کا خیال رکھنا

تَلَحَّظ : تنگ ہونا (چیز)

تَلَاحَظ : ایک دوسرے کے مشابہ ہونا (اشیاء)

لَحْظ ج اَلْحَاظ و لِحَاظ : آنکھ کا باطن۔

لَحْظَة ج لَحَظَات : نظر۔ جھپک۔ گوشۂ چشم سے ایک دفعہ کا دیکھنا۔ لمحہ۔

لَحَاظ ج لُحُظ : آنکھ کا دنبالہ یا وہ حصہ جو کان کی طرف ہوتا ہے۔

لِحَاظ و تَلْحِيْظ : آنکھ کے نیچے کا نشان

لِحَاظ : تیر کے اُوپر کے پر۔ گھر کا صحن۔ آنکھ کا بیرونی گوشہ

لَاحِظَة ج لَوَاحِظ : آنکھ۔

لَحُوْظ : تنگ۔

لَحِيْظ : شبیہ۔ نظیر۔ ہم شکل

مُلَاحِظ : انسپکٹر۔ پولیس آفیسر۔

مُلَاحَظَة : خیال۔ اشارہ۔ گوشۂ چشم سے دیکھنا۔ کن انکھیوں دیکھنا۔

لَحَف ۔ لَحْفًا و اَلْحَف : کپڑے سے ڈھانکنا۔ پہننا (کپڑا) ارنا (نیزہ)۔ چاٹنا (چیز)

— ہ بجمع کفہ : مکہ مارنا۔

— عنہ اللَّحْمَ : ہٹانا گوشت۔

لُحِفَ القَمَرُ : چاند کا آخری راتوں میں ہونا۔

لَحَّف : تکبر سے زمین پر گھسیٹنا (تہہ بند) تکبر سے چلنا۔

لَاحَف : مدد کرنا۔ حفاظت کرنا۔ لحاف وغیرہ میں لپیٹنا۔ ساتھ رہنا۔

اَلْحَف : اصرار سے مانگنا۔ پہاڑ کے دامن میں چلنا۔ پہنانا (کپڑا) جڑ سے اکھیڑنا (ناخن) دوسرے کے لئے خریدنا (لحاف)

— ب : نقصان دینا۔

تَلَحَّف : اپنے لئے لحاف بنانا۔ اوڑھنا (لحاف)

اِلْتَحَف ب : اوڑھنا (لحاف وغیرہ)

لِحْف : دامن کوہ۔

لِحْفَة : لپیٹنے کا طریقہ۔ لپٹے ہوئے کی حالت

لِحَاف ج لُحُف : چادر۔ لحاف۔ لپٹنے کی چیز۔ بیوی۔ کمبل۔

مِلْحَف و مِلْحَفَة ج مَلَاحِف : اوڑھنے کا کپڑا۔ تہہ بند۔ بستر کی چادر۔ کمبل

لَحِق ۔ لَحْقًا و لَحَاقًا ب : آملنا۔ آپہونچنا۔

— الی : چمٹنا۔

— لُحُوقًا : پتلا ہونا (گھوڑا)

— الثَّمَنُ فُلَانًا : فلاں پر قیمت واجب ہو گئی۔

لَاحَق : پیچھے جانا۔ مداخلت کرنا

اَلْحَق : جا ملنا۔

— ب : ملا دینا۔

تَلَاحَق : ایک دوسرے کے پیچھے جانا ایک دوسرے کو جا ملنا۔

اِلْتَحَق ب : چمٹ جانا۔ جا ملنا۔

اِسْتَلْحَق : اپنے خاندان کی طرف منسوب کرنا۔ برآمد زمین ہونا۔

لَحَق ج اَلْحَاق : نتیجہ۔ دوسرے درجہ کا میوہ۔ دوسرے درجہ کی چیز۔ برآمد زمین

لِحَاق : کمان کا غلاف۔

لَاحِق : ملا ہوا۔ جڑا ہوا۔

لَاحِقَة ج لَوَاحِق : دوسرے درجہ کی کھجوریں۔

مُلْحِق : پالینے والا۔ مل جانے والا۔

مُلْحَق : زائد۔ تتمہ۔ ضمیمہ۔ انڈکس۔ Index۔

مِلْحَاق : تیز تیر پھینکنے والی کمان۔ تیز رو اونٹنی جس سے اونٹ نہ بڑھ سکیں

لَحَك ۔ لَحْكًا و لَاحَك و تَلَاحَك ب : چمٹانا۔

تَلَاحَكَ الشَّيْءُ: ایک دوسرے میں داخل ہونا۔ ایک دوسرے سے مل جانا۔
لُوحِكَ: ایک دوسرے میں پھنس جانا (پیٹھ کے منکے)۔
لَحِكَ ـَ لَحْكًا: چاٹنا (شہد)
لُحَكَاءُ و لُحَكَةٌ: ریت میں رہنے والی ایک قسم کی چھپکلی۔
مَلَاحِكُ: تنگ جگہیں۔ تنگ درے
لَحْلَحَ و تَلَحْلَحَ: جگہ پر ٹھہرے رہنا۔ روانہ ہونا۔ چلے جانا۔
لَحْلَحٌ: تنگ جگہ۔
مُلَحْلِحٌ: قوم کا بزرگ
لَحَمَ ـُ لَحْمًا: بند کرنا۔ جوڑنا۔ محکم کرنا۔ گوشت اُتارنا (ہڈی سے)
ـــ ب: مارنا۔
لَحَمَ ـَ لَحْمًا: گوشت کھلانا۔
لَحِمَ ـَ لَحَمًا و لَحُمَ ـُ لَحَامَةً: گوشت دار ہونا۔ گوشت کا مشتاق ہونا
لُحِمَ لَحْمًا: مارا جانا۔ قتل کیا جانا
لَحِمَ ب: لازم پکڑنا (جگہ)
لَاحَمَ و اَلْحَمَ ب: جوڑنا۔ چمٹانا۔
لَاحَمَ: شادی کے تعلق سے ملانا۔ مضبوط بٹنا (رسی) ملانا۔
اَلْحَمَ: بہت گوشت والا ہونا۔ گوشت کھلانا۔ بننا (کپڑا) دانہ دار ہونا (فصل) سست ہونا (جانور) بنانا (شعر)
ـــ عِرْضَ فُلَانٍ: اس نے اس کو گالی دینے کا موقع دیا۔
اَلْحَمَ بَيْنَ الْقَوْمِ: قوم کے درمیان شر برپا کرنا۔
ـــ ہ بِبَصَرِهِ: تیز نظری سے دیکھنا۔
اَلْحِمْ مَا اَسْدَيْتَهُ: جو تو نے شروع کیا ختم کر۔
اَلْحَمَ زَيْدًا الْاَرْضَ: اس نے زید کو زمین پر گرا دیا۔
اُلْحِمَ: مرنا۔
تَلَاحَمَ: باہم لڑائی کرنا۔ قتل کرنا۔
ـــ و اِلْتَحَمَ: باہم مل جانا (مرمت ہونا۔ جڑ جانا۔ انگور باندھنا (زخم)
اِلْتَحَمَتِ الْحَرْبُ: گھمسان کی لڑائی ہوئی۔
اِسْتَلْحَمَ: چوڑا ہونا (راستہ) چلنا (راستہ پر) گنجان ہونا (فصل)
ـــ ہ الْخَطْبُ: مصیبت کا پڑنا۔
اُسْتُلْحِمَ: لڑائی میں پھنس جانا۔
لَحْمٌ و لَحَمٌ ج لِحَامٌ و لُحُومٌ و لُحْمَانٌ و اَلْحُمٌ: گوشت۔ گودا۔
لَحْمُ الیمر: ایک پیڑا
لَحْمَةٌ: گوشت کا ٹکڑا۔
ـــ و لُحْمَةٌ ج لُحَمٌ: کپڑے کا بانا شکار سے باز کا حصہ۔
لُحْمَةٌ ج لُحَمٌ: قرابت۔ رشتہ داری
لِحَامٌ: انگور لانے والی چیز۔
لَحَّامٌ: گوشت فروخت کرنے والا۔
لَاحِمٌ ج لَوَاحِمُ: گوشت دینے والا یا رکھنے والا۔
ـــ و لَحِمٌ: گوشت کا بڑا اشتاق۔ پرگوشت جسم والا۔
لَحِيمٌ: گوشت والا۔ گودے والا۔ مذبوح مقتول۔ پرگوشت جسم والا۔
لَحِيمُ ذَاكَ: اس کے موافق۔ اس کی شکل کا۔
مُلْحَمٌ: گوشت کی خوراک والا۔ ایک قسم کا کپڑا جس کا تانا سفید ابریشم کا ہوتا ہے اور بانا غیر ابریشم کا۔ قوم سے ملا ہوا۔ قیدی۔
مَلْحَمٌ ج مَلَاحِمُ: لڑائی۔ قتل۔ قتل گاہ۔
مَلْحَمَةٌ ج مَلَاحِمُ: لڑائی میں قتل۔ بڑی جنگ۔
مُلَاحَمٌ: مضبوط بٹی ہوئی (رسی)
مُتَلَاحِمَةٌ: گوشت تک محدود (زخم)
مُسْتَلْحِمٌ: شیر
لَحَنَ ـَ لَحْنًا و لَحَنًا و لُحُونًا و لَحَانَةً و لَحَانِيَةً: غلط عربی بولنا۔
ـــ لَحْنًا اِلَى: جھکنا۔ قصد کرنا۔
ـــ لِفُلَانٍ: کسی سے کنایہ سے بات کہنا۔
لَحِنَ ـَ لَحَنًا: دانا و ذہین ہونا۔ ہوشیار ہونا۔ سمجھنا (کلام)
لَحَّنَ: غلطی (خطا) دکھانا۔
ـــ فِي الْقِرَاءَةِ: قرأت میں ترنم کرنا سر سے پڑھنا۔
لَاحَنَ: دُہرانا۔ سمجھ میں غالب آنا۔
اَلْحَنَ: سمجھانا۔
لَحْنٌ ج اَلْحَانٌ و لُحُونٌ: آواز۔ سر۔ لہجہ۔ بولنے کی طرز۔ مطلب کلام۔ اعرابوں کی غلطی۔ تعریض۔ کنایہ سے بات کرنا۔
صِنَاعَةُ الْاَلْحَانِ: گانے کا ہنر۔ موسیقی۔
لَحَنٌ: زبان۔ لغت۔
لَحِنٌ: ذہین۔
لُحَنَةٌ: غلط اعراب بولنے والا۔
لُحَنَةٌ: بہت غلط تلفظ کرنے والا۔ اعراب کی غلطی نکالنے والا۔

اَلْحَن : زیادہ ذہین۔
لَاحِن و لَحَّان و لَحَّانَة : غلط اعراب بولنے والا۔
لَحَا ـُ لَحْوًا و لَحَى = لَحْيًا و اِلْتَحَى : چھلکا اتارنا (درخت کا)
لَحَا ـُ لَحْوًا و لَحَى = لَحْيًا : گالی دینا۔ لعنت کرنا۔
لَاحَى مُلَاحَاةً و لِحَاءً : جھگڑنا
اَلْحَى : قابل ملامت کام کرنا۔
تَلَحَّى : پگڑی کو ٹھوڑی کے نیچے سے لپیٹنا۔
تَلَاحَى : ایک دوسرے کو گالیاں دینا آپس میں جھگڑنا و غصے ہونا۔
اِلْتَحَى : ڈاڑھی اگنا۔ داڑھی کو بڑھانا۔ چھیلنا (لکڑی)
لَحْي مث لَحْيَانِ ج اَلْحٍ و لُحِيٌّ : جبڑا۔ ٹھوڑی۔ داڑھی اگنے کی جگہ۔
لِحَاء : لکڑی یا درخت کی چھال۔ پھل کا گودا۔
لِحْيَة ج لِحًى و لُحًى : داڑھی۔
لِحْيَة التَّيْس و الحمار و الرّاعِي و المِعْزَى : پودوں کے نام۔
لِحْيَان : تھوڑا پانی۔ سیلابی کھائی
اَلْحَى و لِحْيَانِيٌّ : لمبی داڑھی والا۔
لِحَوِيٌّ : منسوب بہ لحیہ
مَلْحِيٌّ : گالی دیا ہوا۔
لَخَّ ـُ لَخًّا فی کلامه : غیر واضح گفتگو کرنا۔ بڑبڑانا۔
لَخَّ : تھپڑ مارنا۔ تہ تک معلوم کرنا۔ (زجر)
—— بالطِّیب : خوشبو لگانا۔
—— فی الحفر : کھودنے میں جھکنا۔

لَخَّ لَخًّا و لَخِيخًا و لَخِخَتْ ـَ
لَخَخًا : بہت آنسوؤں اور سوٹی پلکوں والی ہونا (آنکھ)
اِلْتَخَّ : پیچیدہ ہونا (کام) لپٹنا (گھاس)
لَاخٌّ : پیچیدہ و بہت درختوں والی (وادی)
لَخَّةٌ : ناک۔ گندی (عورت)
لُخْوُخٌ : معیوب۔
مُلْتَخٌّ : مخبوط الحواس (شرابی) بہت گنجان درختوں والی (وادی)
لَخَبَ ـُ لَخْبًا و لَاخَبَ : تھپڑ مارنا
لَخَبٌ : گوگل کا پودہ۔
مُلَخَّبٌ : تھپڑ مارا ہوا۔
لَخِصَ ـَ لَخَصًا : گوشت دار پپوٹوں والا ہونا۔ متورم ہونا (آنکھ)
لَخَّصَ : اختصار کرنا۔
لَخَصَة ج لِخَاص : آنکھ کے ڈھیلے کے ارد گرد کا گوشت
لَخِص : بہت گوشت والی (بازو یا پستان)
تَلْخِيص : مختصر رپورٹ۔ یا خلاصہ۔
اَلْخَص (م) لَخْصَاء ج لُخْص : موٹے و گوشت دار پپوٹوں والا۔
مُلَخَّص : مختصر کیا ہوا۔ خلاصہ۔
لَخَفَ ـَ لَخْفًا : زور سے مارنا۔
لَخْفٌ : پتلی جھاگ۔
لَخْفَة ج لِخَاف : سفید و باریک پتھر
لَخَمَ ـُ لَخْمًا : کاٹنا۔ تھپڑ مارنا
—— ـَ لَخْمًا : پر گوشت چہرے والا ہونا
—— و لَاخَمَ مُلَاخَمَةً و لِخَامًا : تھپڑ مارنا۔ طمانچہ مارنا۔
تَلَخَّمَ : پھنسا ہوا ہونا۔
لِخَام : تھپڑ۔ طمانچہ۔
لَخْمَة : سستی۔ پیچیدگی۔

لَخَمَة و لُخْمَة : سست۔ ناکارہ۔ کمینہ۔
لَخِنَ ـَ لَخَنًا : بدبودار ہونا۔ سڑا آدمی، قبیح کلام کرنا۔ بدبودار سڑا ہوا ہونا (اخروٹ)
اَلْخَن (م) لَخْنَاء ج لُخْن : غیر مختون بدبودار
لَخَا ـُ لَخْوًا و لَخَى = لَخْيًا و اَلْخَى : نتھنوں سے دوائی دینا۔
—— ـِ لَخْيًا و اَلْخَى : دینا (مال)
لَخِيَ ـَ لَخًى : بکواس کرنا۔
لَاخَى : دوستی لگانا۔
—— ب : غیبت کرنا۔ چغلی کرنا۔
—— علی : اکسانا۔
اِلْتَخَى : بھگوئی ہوئی روٹی کھانا۔
لِخَاء : بھگوئی ہوئی چیز۔
لَخًا و لَخَاء و مِلْخًى : نسوار۔
اَلْخَى (م) لَخْوَاء : بکواسی۔ بیہودہ گو۔ ٹیڑھے منہ والا۔
لَخْوَاء : عقاب جس کی چونچ کے اوپر کا حصہ لمبا ہو۔
—— و لَخِيّ (م) لَخِيَة : ایک گھٹنا بڑا رکھنے والا (اونٹ)
لَدَّ ـُ لَدًّا و لَادَّ مُلَادَّةً و لِدَادًا : سخت جھگڑنا۔
لَدَّ عن : روکنا۔
—— لَدًّا و لُدُودًا و اَلَدَّ : منہ کے گوشے سے دوائی پلانا۔ تیار کرنا (لدود)
لَدَّ = لَدَدًا : جھگڑنا۔
لَدَّدَ ب : بدنام کرنا۔ حیران کرنا۔
لَادَّ مُلَادَّةً عن : حفاظت کرنا۔
تَلَدَّدَ : دائیں بائیں دیکھنا۔ حیران ہونا۔ سست ہونا۔

— فی: ٹھہرنا۔
اِلْتَدَّ: منہ کے گوشہ سے دوائی پینا۔
اِلْتَدَّ عن: ایک طرف کو ہوجانا۔
لَدّ: بوری۔
لَدَد: سخت جھگڑا۔
لَادّ و لَدُود و لَدِیْد و اَلَنْدَد و یَلَنْدَد و (اَلَدّ م) لَدَّاء ج لُدّ و لِدَاد: جھگڑالو۔ سپاہی۔
لَدُود و لَدِیْد ج اَلِدَّة: منہ کے گوشہ سے دینے کی دوائی۔
لَدِیْدَان: گردن یا وادی کے پہلو۔
مَا لِی عَنْهُ مُلْتَدّ: میں اس سے نہیں بچ سکتا۔
مُتَلَدَّد: گردن۔
لَدَس ـُ لَدْسًا ب: مارنا پھینکنا (پتھر)
لَدَس الشیئ: چیز چاٹنا۔
لَدَّس: موزہ چڑھانا یا درست کرنا
اَلْدَسَتِ الاَرْضُ: زمین کی کچھ روئیدگی نمودار ہوئی۔
لِدْس: سُست۔
لَدِیْس ج اَلْدَاس: موٹا۔
مِلْدَس ج مَلَادِس: گٹھلی توڑنے کا پتھر۔
لَدَغ ـَ لَدْغًا و تَلْدَاغًا: ڈسنا (بچھو)
— ہ بکلمۃ: اس نے اپنی کلام سے اس کو ڈسا۔
اَلْدَغَهُ العَقْرَبَ: اس نے اس کو بچھو سے ڈسوایا۔
لَدْغَة: ڈنگ۔ چبھنے کی چیز۔ منہ کی کاٹ۔

لَدَّاغ: کانٹا۔ چبھونے کی چیز۔
لُدَاغَة: طنز کرنے والا یا چبھنے والے الفاظ۔
لَدِیْغ ج لَدْغَی و لُدَغَاء و مَلْدُوغ: ڈسا ہوا۔
قَوْم لَدْغَی و لُدَغَاء: گفتگو سے ڈسنے والے لوگ۔
مِلْدَغ: گفتگو سے ڈسنے والا
لَدَك ـَ لَدْكًا ب: چمٹنا۔
لَدَم ـِ لَدْمًا: منہ پر تھپڑ مارنا۔
— و لَدَّم و تَلَدَّم: پیوند لگانا (کپڑا)
اَلْدَم علی: لگاتار رہنا (تپ)
تَلَدَّم: پھٹنا یا بوسیدہ ہونا (کپڑا)
اِلْتَدَم: فکرمند ہونا۔ ماتم میں منہ پیٹنا۔ (عورت)
لَدْم: پتھر گرنے کی آواز۔
لَدَم: عزت والا رشتہ۔
لِدَام: پیوند۔
لَادِم ج لَدَم: اسم فاعل۔ اصلاح کرنے والا۔
لَدَّام: کپڑے کو پیوند لگانے والا۔
لَدِیْم: پھٹا ہوا۔ پیوند لگا ہوا (کپڑا)
مِلْدَم و مِلْدَام: گٹھلی توڑنے کا پتھر۔
مِلْدَم: بے وقوف۔ احمق۔ بوجھل پر گوشت۔
اُمّ مِلْدَم: تپ۔
لَدُن ـُ لَدَانَة و لُدُونَة: نرم ہونا۔ نازک ہونا۔ لچکدار ہونا۔
لَدَّن: نرم کرنا۔ تر کرنا (کپڑا)
لَدَّن فی: دیر لگوانا۔
تَلَدَّن فی: دیر لگانا۔ پس و پیش کرنا۔ توقف کرنا

— علی: عذر خواہی کرنا (دیر کے لئے) چلنے سے رکنا (اونٹنی)
— بالمکان: مکان میں ٹھہرنا۔
لَدُنْ و لَدَنْ و لَدْنِ و لَدَنْ و لُدْنْ و لَدِنْ: پاس۔ موجودگی میں
لَدْن: خراب پکی ہوئی روٹی۔
لَدُنْهُ مَالٌ: اس کے پاس دولت ہے
جَاءَ مِن لَدُنْهُ: وہ اس کے نام پر آیا
لَدُنَّا: ہمارے پاس۔ ہماری جگہ پر۔
مِن لَدُنَّا: ہماری طرف سے۔
لِی اِلَیْہ لُدَانَة: مجھے اس کی طرف حاجت ہے۔
لَدْن ج لُدْن و لِدَان: لچکیلا۔ نرم
اَلْدَی اِلْدَاءً: بہت ہمعصروں والا ہونا۔
لَدَی: پاس۔ قریب۔
لَدَیْك: تیرے سامنے۔ موجودگی میں۔
لِدَة ج لِدَات و لِدُوْن: ہم عصر۔ ہم تربیت۔
لِدَة: وقتِ ولادت۔
لَذَّ ـَ لَذَاذًا و لَذَاذَة: میٹھا ہونا۔ مزیدار ہونا۔ خوشگوار ہونا۔
— و تَلَذَّذ و اِلْتَذَّ ب و اسْتَلَذَّ: لذیذ پانا۔ حظ اٹھانا۔
لَذَّذ: لذت دینا۔
تَلَاذَّا: ایک دوسرے کو لذت دینا۔
لَذّ: میٹھا۔ لذیذ۔ میٹھی گفتگو کرنیوالا۔ نیند۔
لَذَّة ج لَذَّات: مزہ۔ خوشی۔ آرام۔ لذت۔ شراب۔
لَذِیْذ ج لُذّ و لِذَاذ: میٹھا۔ لذیذ۔ خوشگوار۔

مُلَذَّج مَلاَذّ: لذت کی جگہ۔
مَلَذَّۃ ج مَلَذَّات: شہوت۔ لذت
لَذَبَ ـُ لُذُوبًا و لاَذَبَ ب: اقامت کرنا۔
لَذَجَ ـُ لَذْجًا: گھونٹ گھونٹ پینا۔ سوال میں اصرار کرنا۔
لَذَعَ ـَ لَذْعًا: جلانا (آگ کا چیز کو) داغنے کی کنڈی سے داغنا (اونٹ)
— الرجلُ بِذَکائِہ: آدمی اپنی ذہانت سے جلدی سمجھ گیا۔
— الطائرُ: پرندہ نے پھڑپھڑا کر بازوؤں کو تھوڑا سا ہلایا۔
— ہ بِلِسانِہ: اس نے اس کو اپنی زبان سے زخمی کیا۔
تَلَذَّعَ: دائیں بائیں دیکھنا۔ بھڑکنا (آگ) بڑا ذہین ہونا۔
اِلْتَذَعَ: سخت دردمند ہونا۔
لَذْعَۃ: جلن۔
لاَذِعَۃ ج لَوَاذِع: تکلیف دہ گفتگو۔
لَذَّاع: مبالغہ لاَذِع:
مَذَّاعٌ لَذَّاعٌ: وعدہ خلافی کرنیوالا
لَوْذَع و لَوْذَعِیّ: سمجھدار۔ ذہین۔ فصیح اللسان۔ خوش بیان۔
اللاَّذِقِیَّۃ: شام کے ایک شہر کا نام۔
لَذْلَذَ: چست و پھرتیلا ہونا۔
لَذْلاَذ: چست و پھرتیلا۔ جلدی کرنیوالا
لَذِمَ ـَ لَذَمًا: اچھا لگنا۔ بھلا معلوم ہونا۔
لَذِمَ بالشیءِ: چیز پر شیفتہ ہونا۔
اَلْذَمَ ہ: چپٹانا۔
اَلْذَمَ بالمکان: مکان میں ٹھہرنا۔

لَذَمَۃ: گھر سے جدا نہ ہونے والا۔
لَذِمٌ و لُذُم و مِلْذَم بالشیءِ: چیز کا شوقین۔
مِلْذَم: بہادر۔
لاَذَن و لاَذَنَۃ: لاڈنم
Laudanum
لَذِیَ ـَ لَذًی ب: چمٹنا۔ شوقین ہونا۔
الذی و اللذِ و اللذْ و اللذِیُّ و اللذِیِّ و لَذِی مثنی اللذانِ و اللذا و اللذَیْنِ ج الذِینَ و اللاؤُون و اللاؤُو: اسم موصول یعنی جو۔ جس۔
اللَّذَیّا ج اللذَیُّون: تصغیر الذی
لَزَّ ـُ لَزًّا و لِزَازًا و لَزَازًا و الَزَّ و ب: چمٹانا یا باندھنا۔ چٹخنی لگانا (دروازہ کو)
لَزَّ ب: چمٹنا۔ جڑنا۔
لَزَّ القومُ: قوم نے بھیڑ کی۔
— الی: مجبور کرنا۔
— ب: مارنا (نیزہ سے)
لَزَّ علی: اصرار کرنا۔
لَزَّزَ: مضبوط جسم والا بنانا (خدا)
لاَزَّ مُلاَزَّۃ و لِزَازًا: چمٹنا یا جھگڑنے میں تنگ کرنا (مخالف)
اِلْتَزَّ ب: چمٹنا۔
لَزّ: دروازہ کی کنڈی۔
لَزَز و لِزَاز: دروازہ کی چٹخنی۔ سخت جھگڑا
لِزَازُ خَصْمٍ و مِلَزّ: جھگڑالو۔ ضدی
لَزٌّ و لَزِیزُ شَرٍّ: شرارت سے باز نہ آسکنے والا۔ ناقابل اصلاح
عَجُوز لَزُوز: بوڑھی جھریوں والی عورت
لَزِز: تنگ گذران
لَزَائِز: سینے کی ہڈیاں۔

مُلَزَّز: مضبوط جسم والا (آدمی)
مِلَزّ: سخت جھگڑالو۔
لَزَأَ ـَ لَزْءًا و اَلْزَأَ: بھرنا (برتن) جننا (بچہ) عطیہ دینا۔
لَزَأَ و لَزَّأَ و اَلْزَأَ: سیر کرنا (مویشی)
تَلَزَّأَ: بھر جانا۔ سیر ہونا۔
لَزَبَ ـُ لُزُوبًا: مضبوط گڑنا۔ خشک ہونا (سال)
— ب: چمٹنا۔
— ـِ لَزْبًا: ڈسنا۔
لَزِبَ ـَ لَزَبًا و لَزُبَ ـُ لَزَبًا و لُزُوبًا: سکڑنا و سخت ہونا (کیچڑ) آپس میں الجھنا (چیز)
لِزْب: تنگ (راستہ)
لَزْبَۃ ج لِزَب و لَزَبَات: مہنگی گرانی۔ مصیبت۔ قحط۔
لاَزِب: چمٹنے والا۔ ضروری۔ ثابت
مَا ھٰذَا بِضَرْبَۃِ لاَزِبٍ: یہ ضروری نہیں۔
لَزِب ج لِزَاب: تھوڑا۔
ھُوَ عَزَبٌ لَزَبٌ: وہ غیر متأہل ہے کنوارا ہے۔
ھُوَ ابن عَمِّی لَزْبًا: وہ میرا نزدیکی چچیرا بھائی ہے۔
مِلْزَاب ج مَلاَزِیب: بہت بخیل۔
لَزِجَ ـَ لَزَجًا و لُزُوجًا: لیسدار ہونا۔ چپکنے والا ہونا۔
— ب: چمٹنا۔
تَلَزَّجَ: چمٹنا۔ نرمی کی وجہ سے ایک دوسرے پر جھکنا (سبزی) لیسدار اور گدلا ہونا (بال)
لُزُوجَۃ: چپیدگی۔

لَزِج (م) لَزِجَة : چپک چپکنے والا لیسدار۔

لَزْجَة ولَزِجَة ولَزِيْجَة : گھرپر رہنے والا۔

لَازْوَرْد ولَازُوَرْد ولَازَوَرْد : لاجورد۔

لَازْوَرْدِيّ ولَازَوَرْدِي : لاجوردی رنگ والا۔

لَزِق ـَ لُزُوقًا والْتَزَق ب : چمٹنا۔

لَازَق مُلَازَقَةً ولِزَاقًا : چمٹنا۔

أَلْزَق ولَزَّق : چمٹانا۔

لَزَّق : خام کام کرنا۔

لِزْق : پہلو ساتھی۔

هُوَ لِزْقِي وبِلِزْقِي : وہ میرے پہلو میں ہے۔ وہ میرا ساتھی ہے۔

لِزَاق : لئی۔ لیس۔

— المَذْهَب : کاربونیٹ آف کاپر (تانبے کا کشتہ)

— الرُّخَام والحَجَر : سیمنٹ۔

لَزُوق ولَازُوق ولَزْقَة : پلسٹر پلٹس

لَزِيْق : بے تکلف ساتھی۔

لُزَيْقَاء ولُزَّيْقَى ولُزَّيْق : چھپاپن جو بارش کی صبح کو پتھروں کی جڑھوں میں پیدا ہوتا ہے۔

لُزَّيْقَى : گھونگا۔

فِي كَلَامِهِ لُزَّيْقَى : اس کی کلام میں کشش ہے۔

مُلْزَق : پسرخوانده۔

لَزِم ـَ لُزُومًا ولَزْمًا ولِزَامًا ولِزَامَةً ولُزْمَةً ولُزْمَانًا و ب : رہنا (گھر پر) چمٹنا۔ ہمیشہ ثابت رہنا۔

— ب : چمٹنا۔

— : واجب ہونا (مال)

— لَزَمًا : جدا کرنا۔ تمیز کرنا۔

لَازَم مُلَازَمَةً ولِزَامًا : ہمیشہ ساتھ رہنا۔ ہمیشہ جاری رکھنا۔

أَلْزَمَ إِلْزَامًا : چمٹانا۔ ہمیشہ رکھنا۔

— ب : واجب کرنا۔

اِلْتَزَم ب : مجبور ہونا۔ اپنے اوپر فرض کرنا۔ چمٹنا۔ ٹھیکہ لینا (کام کا)

— القَرْيَة : بستی کے خراج کا ذمہ لینا

اِسْتَلْزَم : ضروری سمجھنا۔ ضروری کرنا۔

لَزَامِ : لگاتار۔ جاری۔

لِزَام : فیصلہ۔ موت۔ حساب۔ بہت چمٹنے والا

لُزَمَة : جدا نہ ہونے والا۔ چمٹا رہنے والا۔

لُزُوم : ضرورت۔

— ولُزُومِيَّة ومُلَازَمَة والْتِزَام ضروری نتیجہ۔

اِلْتِزَام ج اِلْتِزَامَات : فرض و واجب خراج جمع کرنا۔

لَازِم : ضروری۔

لَوَازِم : ضرورت کی چیزیں۔ ہتھیاروں کا سٹ۔ ذخیرے۔

صَارَ الشَّيْءُ ضَرْبَةَ لَازِمٍ : یہ چیز ضروری ہوگئی۔

مِلْزَمَة ومِلْزَم ج مَلَازِم : لکڑی یا لوہے کا شکنجہ۔

مُلَازِم : مددگار۔ ایجوٹنٹ میجر۔ Adjudant major

مُلْتَزِم : ٹھیکہ دار۔

مَلْزُوم : لازم کیا ہوا۔

لَزَن ـُ لَزْنًا ولَزِن ـَ لَزَنًا وتَلَازَن : جمگھٹا کرنا۔ بھیڑ کرنا (لوگ)

لَزْن ولَزِن ومَلْزُون : بھیڑ والی (جگہ)

— ولَزْنَة ج لِزَن : تنگی کا سال۔ تنگی

لَزْنَة ونِزْنَةً ولَزِنَة : مصیبت والی (رات)

أَلْزَن : مصیبت والا (وقت)

لَسّ ـُ لَسًّا : چاٹنا (برتن، کھانا۔ چرنا۔

أَلَسّ : ہریاول نکالنا (مکان)

لُسَاس : ہریاول۔

— ولُسَّاس : ایک کھردری گھاس۔

لِسًّا (بجائے لِلسَّاعَة) : ابھی تک

لُسُس : ہوشیار باندی

لَسَب ـِ لَسْبًا : ڈسنا (سانپ وغیرہ)

لَسَّب ب : مارنا (کوڑے سے)

— ہ بِلِسَانِہ : اس نے اس کو گالی دی

لَسِب ـَ لَسَبًا : چاٹنا (شہد)

— ب : چمٹنا۔

— ہ بِلِسَانِہ : زبان سے دکھ دینا۔

أَلْسَبَہ حَيَّةً : اس نے اس کو سانپ ڈسوایا۔

هُوَ لَسَّابَةٌ لِلنَّاس : وہ لوگوں پر طعن کرنے والا ہے۔

لَسُوب ولَسُّوب : ناکارہ چیز۔

لَسَد ـِ لَسْدًا ولَسِد ـَ لَسَدًا : تمام دودھ چوس لینا (ماں کا) چاٹنا۔

لَسَع ـَ لَسْعًا : ڈسنا۔

— بِلِسَانِہ : لفظوں سے ڈسنا۔

— فِي : گھسنا (ملک میں)

أَلْسَعَ بَيْنَ : اختلاف ڈالنا۔

أَلْسَعَہ حَيَّةً : اس نے بچھو ڈسایا۔

لُسِّعَ : اپنے مکان میں ہی ٹھہرے رہنا۔
لُسَعَة و لَسَّاع : چغلخور۔ لفظوں سے دکھ دینے والا
لَسِیْع (ج لَسْعَی و لُسَعَاء) و مَلْسُوع : ڈسا ہوا۔
مِلْسَعٌ : ماہر رہبر۔
مُلَسَّعَةٌ : گھر پر ہی رہنے والا۔
مُلَسِّعَةٌ : مقیم گروہ۔
لَسِق ۔ لُسُوقًا و اِلْتَسَقَ ب : چمٹنا۔
لِسْق و لَسِیْق : بے تکلف دوست۔
مُلَسَّقٌ : متبنیٰ۔
لَسَمَ ۔ لَسْمًا : چکھنا
لَسِمَ ۔ لَسَمًا : بول نہ سکنا۔ حیا کی وجہ سے چپ رہنا۔
اَلْسَمَ : چکھانا۔ کلام سمجھانا۔ راستہ اختیار کرانا۔
— و اِسْتَلْسَمَ : طلب کرنا۔ مانگنا۔
لَسِنَ ۔ لَسَنًا : خوش بیان ہونا۔
لَسَنَ ۔ لَسْنًا : برائی سے یاد کرنا۔ زبان سے دکھ دینا۔ دوسرے سے بہتر بیان والا ہونا۔ جھگڑے میں غالب آنا۔
لَسَنَتْہُ العقرب : بچھو نے اس کو کاٹا
لَسَنَ و لَسَّنَ و اَلْسَنَ : زبان کی طرح نوک دار بنانا۔
لَاسَنَ : جھگڑے اور باتوں میں غلبہ پانا۔
اَلْسَنَ : پہونچانا (بات)
تَلَسَّنَ : بھڑکنا (آگ)
— علی فُلَانٍ : جھوٹ بولنا۔ افترا کرنا
لِسْنٌ : زبان۔ کلام۔ لغت
لَسَنٌ : فصاحت۔ خوش بیانی۔
لِسَان (مذکر و مؤنث) (ج اَلْسُن و اَلْسِنَة و لُسُن و لُسْن و لِسَانَات : زبان۔ لغت۔ خط۔ رُقعہ۔
— المِیْزَان : ترازو کی زبان۔
— القَوْم : قوم کا نمائندہ
— النَّار : زبان کی شکل کا شعلہ۔
— الحَال : زبان حال یا ظاہری حالت سے جو کیفیت معلوم ہو۔
لِسَان الصِّدْق : اچھی شہرت۔
— البَحْر : سمندری جھاگ
— الثَّوْرِ و الجَمَل و السَّبُع و الثَّعَل و العُصفور و الکَلْبِ و الایل : پودوں کے نام۔
— العَصَافِیْر ۔ ایش درخت کے بیج۔
حروف لِسَانِیَّةٌ : چھ حروف۔ ر۔ ز س۔ ش۔ ص۔ ض۔
کُلّ لِسَانٍ بِاِنْسَان : ہر ایک زبان آدمی ہے۔ یعنی ایک آدمی جتنی زبانیں جانتا ہے اتنے آدمیوں کے برابر ہے۔
ذُو لِسَانَیْن : منافق۔ دھوکا باز۔ غیبت کرنے والا۔ دو زبانیں جاننے والا۔
لَسِن (ج لَسِنُوْن) و اَلْسَن (م) لَسْنَاء ج لُسْن : خوش بیان۔ فصیح۔
لَسِن و مُلَسَّن : زبان کی شکل والا۔
مُلَسِّنٌ : فکر اور حیرانی میں زبان کو چبانے والا۔
مِلْسَن : پھندے کے دروازے کا پتھر
مَلْسُون : جھوٹا۔
لَسَا ۔ لَسْوًا : تھوڑا کھانا۔
لَشّ ۔ لَشًّا : دھتکارنا۔
لَشٌّ : ماش۔ سماق۔
لَشْلَش : ڈر سے بیقرار ہونا۔
لَشْلَاش : ڈر سے بیقرار ہونے والا۔
لَشَا ۔ لَشْوًا : خسیس ہونا۔ زبون ہونا
لَاشَی : معدوم کرنا۔
تَلَاشَی : معدوم ہونا۔ نیست ہونا۔
مُلَاشَاة و تَلَاشٍ : نیستی۔ معدومیت تباہی
لَصّ ۔ لَصًّا و لَصَاصًا و لُصُوصِیَّة و لَصُوْصِیَّة و تَلَصَّص : چور بننا۔ چوری کرنا۔
لَصَّ ۔ لَصًّا : چوری چوری یا پوشیدہ کرنا۔ چرانا۔ بند کرنا (دروازہ)
لَصَّص : مضبوط کرنا (عمارت)
تَلَصَّص : چور بننا۔ چوروں کے اخلاق والا ہونا۔
— علی : جاسوسی کرنا۔
اِلْتَصَّ ب : چمٹنا۔
لَصّ و لُصّ ج لُصُوص و اَلْصَاص و لِصَصَة : چور۔
لِصَّة و لُصَّة ج لَصَّات و لُصَّات و لَصَائِص : چورنی۔
لَصَص : کندھوں یا دانتوں کی آپس میں نزدیکی۔
اَلَصّ (م) لَصَّاء ج لُصّ : نزدیک دانتوں یا کندھوں والا۔
لَصَّاء : تنگ پیشانی۔ بکری جس کا ایک سینگ آگے کو بڑھا ہوا ہو۔ اور دوسرا پیچھے کو مڑا ہوا ہو۔
لُصُوصِیَّة و لَصُوصِیَّة : چوری۔
مَلَصَّة : بہت چوروں والی زمین۔ بمعنے لصوص۔
لَصِبَ ۔ لَصَبًا : تنگ ہونا۔ (انگشتری) پھنسنا (تلوار کا میان سے)
— ب : چمٹنا (چمڑے کا ہڈی سے)

اِلْتَصَبَ : تنگ ہونا۔

لِصْب ج لِصَاب و لُصُوب : تنگ راستہ۔ وادی کا تنگ حصہ۔ خاکنائے

لَصِب : بخیل و تنگ خلق

لَوَاصِب : گہرے و تنگ کنویں۔

مُلْتَصِب : تنگ (راستہ)

مِلْصَاب : میان میں پھنس جانے والی (تلوار)

لِصْتٌ ج لُصُوتٌ : چور

لَصَغ ـ لُصُوغًا : ہڈی پر خشک ہونا (جلد)

لَصِف ـ لَصَفًا : ہڈی پر خشک ہو کر چمٹنا (چمڑا)

لَصَف ـ لَصْفًا : مضبوط جوڑنا۔ (پتھر)

— لَصْفًا و لَصِيْفًا و لَصُوفًا : چمکنا۔

لَصِق ـ لَصْقًا و لُصُوقًا و اِلْتَصَقَ ب : چمٹنا۔

لَاصَقَ : چمٹنا۔ نزدیک ہونا۔

اَلْصَقَ ب : چمٹانا۔

— بِعُرْقُوْب : کونچ کاٹنا۔

لِصْق و لَصِيْق : نزدیک رہنے والا ساتھی۔

هُوَ لِصْقِي و بِلِصْقِي و لَصِيْقِي : وہ میرے پہلو کے ساتھ رہتا ہے۔

لَصُوق : پلٹس۔ پلستر۔ پٹی۔

مُلْصَق : چمٹایا ہوا۔ ساتھی۔ متبنیٰ۔

لَصْلَصَ : نکالنے کے لئے حرکت دینا۔ (میخ وغیرہ)

لَصَا ـ لَصْوًا : تہمت لگانا۔ گالی دینا (عورت کو)

— و لَصَى ـ لَصْيًا و لَصِي ـ لِصًى اِلَى : کسی پر جاسوسی کرنا۔

لَصِيَ : گناہ گار ہونا۔

لَصَاةٌ : عیب

لَضْلَضَ : دائیں بائیں زیادہ جھانکنا۔

لَضْلَاضٌ : راہنمائی میں ماہر۔

لَضَمَ ـ لَضْمًا : ڈانٹنا۔ بدسلوکی کرنا۔

— ب : جوڑنا۔ پرونا (منکے)

لَضَا ـ لَضْوًا : اچھا راہبر ہونا۔

لَطَّ ـ لَطًّا ب : مشغول ہونا۔

— الشَّيْءَ بكذا : جوڑنا

— النَّاقَةُ بِذَنَبِهَا : اونٹنی نے دوڑتے ہوئے دم کو ٹانگوں میں دبایا۔

— : لٹکانا (پردہ) بند کرنا (دروازہ) چھپانا (کام)

لَطَّ عن : چھپانا۔

— و عن : انکار کرنا (حق سے)

— و اَلَطَّ على : چھپانا (خبر)

— ـ ب : مارنا (لاٹھی سے)

آلَطَّ : جھگڑے یا کام میں تیزی کرنا۔ مدد دینا۔

آلَطَّ و تَلَطَّطَ : انکار کرنا (قرض سے)

اِلْتَطَّ : چھپنا۔ چھپانا۔

— ب : لتھڑنا (کستوری سے)

لَطّ ج لِطَاط : ہار یا حنظل کے سرخ دانوں کی مالا۔

— : جھگڑالو۔

لَطَط : قرض کا انکار۔ دانتوں کا گرنا یا کھایا جانا۔

لَطَاط و مِلْطَاط : پہاڑ کی نمایاں چوٹی کا کنارہ۔ پہاڑ کا پہلو۔

لِطَاطٌ : وادی کا کنارہ۔

لَاطّ و مُلِطّ : خبیث۔ بدمعاش۔

آلَطّ : بے دانت یا جس کے دانتوں کی صرف جڑھیں باقی ہوں۔

مِلْطَاط : ہتھ چکی۔ دریا کا کنارہ۔ دماغ تک کا زخم۔ بہادر۔ جبلین۔ عام شاہراہ۔ گھر کا صحن۔ گرمالا۔

مَلْطُوطٌ : منہ کے بل الٹائی ہوئی۔ (ڈھال)

لَطَأَ ـ لُطُوْءًا و لَطِئَ ـ لَطْأً ب : چمٹنا (زمین سے) پیٹھ پر مارنا۔

لَاطِئَة : اچھا نہ ہونے والا پھوڑا۔ سر کا زخم جو دماغ تک پہونچ جائے۔ سر سے لگی ہوئی چھوٹی ٹوپی۔

مِلْطَأ و مِلْطَأَة : سر کی ہڈی اور اس کے گوشت کے درمیان کا باریک پردہ۔

لَطَث ـ لَطْثًا : چوڑی چیز سے مارنا۔ جمع کرنا۔ مشکل ہونا (کام) تالیاں بجانا۔

— بِحَجَرٍ : پتھر پھینکنا۔

تَلَاطَثَ : ٹکرانا (لہریں) تالیاں بجانا

مَلَاطِث : جسم کے ضرب رسیدہ حصے

لَطَح ـ لَطْحًا : تھپڑ مارنا۔

— ب : زمین پر دے مارنا۔

لَطَخ ـ لَطْخًا و لَطَّخ ب : ملوث کرنا۔ لتھیڑنا۔

— بِشَرٍّ : برائی کا الزام لگانا۔

تَلَطَّخ ب : لتھڑنا۔

لَطْخ : تھوڑا حصہ۔ چھوٹا حصہ۔

لَطُوخ : مبل

لَطِخٌ: گندا۔

لُطَخَۃ (ج لُطَخَات) و لِطِّیخ: احمق۔ بے وقوف۔

لَطَسَ ـُـ لَطْسًا: طمانچہ مارنا چوڑی چیز سے مارنا۔ باریک پیسنا کچلنا

—— ب: مارنا (پتھر)

لَاطَسَ: لتھڑنا۔

تَلَاطَسَ: آپس میں ٹکرانا (لہریں)

مِلْطَاس ج مَلَاطِیْس: گٹھلی توڑنے کا پتھر۔ کدال۔ چکی راہ۔ اُونٹ کا موزہ۔

—— و مِلْطَس ج مَلَاطِس: گٹھلی توڑنے کا پتھر۔

لَطَشَ ـُـ لَطْشًا (بجائے لَطَسَ) منہ پر تھپڑ مارنا۔

لَطَّشَ تَلْطِیْشًا ب: تھوڑا جاننا۔ ناہموار کاٹنا (پتھر) نامکمل طور سے کرنا یا جاننا۔

تَلَاطَشَ: تھپڑ مارنا۔

لَطْشَۃ: وہم۔ خیال۔ تھپڑ۔ صدمہ

مَلْطُوش: پاگل۔ دیوانہ۔

لَطَحَ ـَـ و لَطِحَ ـَـ لَطْحًا: پیچھے سے لات مارنا۔

لَطَحَ و لَطِحَ بِلِسَانِہٖ و الْتَطَحَ: زبان سے چاٹنا۔

لَطَحَ ب: مارنا (چھڑی سے) آنکھ پر مارنا۔ درج کرنا یا مٹانا (نام) نشان لگانا۔ آگ لگانا۔

—— اِصْبَحَہ: وہ مرگیا۔

لَطَحَتِ الْبِئْرُ: کنواں خشک ہوگیا۔

لَطِحَ ـَـ لَطَحًا: بے دانت ہونا۔

تَلَطَّحَ: دانت گرانا (اُونٹ)

اِلْتَطَحَ: سب پی جانا۔ چاٹنا۔

لَطَحَ: دانتوں کا گرنا۔ ہونٹ کے اندر کی طرف کا سفید داغ۔

لَطْح ج اَلْطَاح: تالو۔

لَطْحَۃ ج لَطْحَات: بچے کے نیچے بچھانے کا موم جامہ۔

لَطَّاح: انگلیاں چاٹنے والا۔

اَلْطَح (م) لَطْحَاء ج لُطْح: بے دانت۔

لَطْحَاء: دبلی۔

لَطَفَ ـُـ لَطْفًا ب و ل: مہربان ہونا۔ نرمی کا سلوک کرنا۔

—— اللّٰہُ بالعبد و ل: اللہ نے بندہ کو توفیق دی یا بچایا۔

—— الشئُ: چیز کا قریب ہونا۔

لَطُفَ ـُـ لُطْفًا و لَطَافَۃً: باریک ہونا۔ نازک ہونا۔ شاندار ہونا۔ نرم ہونا

لَطَّفَ: لطیف بنانا۔ عمدہ و شاندار بنانا۔ کم کرنا (تکلیف)

لَاطَفَ: نرمی کا برتاؤ کرنا۔ لاڈ کرنا۔

اَلْطَفَ ب: مہربانی کرنا۔ تحفہ دینا۔

—— و تَلَطَّفَ و تَلَاطَفَ بِہٖ و لَہٗ و فی: نرمی کرنا۔ تحفہ دینا۔

الطَفَ السُّوَالَ: اس نے نرمی سے سوال کیا۔

—— الشئَ بِجَنْبِہٖ: اس نے چیز کو اس کے پہلو کے ساتھ چمٹا دیا۔

تَلَطَّفَ: خاکساری کرنا۔

—— ب: حیلہ بازی سے بھیدوں پر اطلاع پانا۔

تَلَاطَفَ: نرمی کا برتاؤ کرنا۔

اِسْتَلْطَفَ: لطیف پانا۔ چمٹانا۔

لُطْف ج اَلْطَاف: احسان۔ تحفہ۔ مہربانی۔ تھوڑا اٹھانا۔

ھٰؤُلَاءِ اَلْطَافُ فُلَانٍ: یہ فلاں کے دوست و رشتہ دار ہیں۔

لَطَفَۃ: تحفہ۔ ہدیہ

لُطْف ج اَلْطَاف: مہربانی۔ خوش اخلاقی۔ اللہ کی توفیق اور حفاظت۔

لَطِیف ج لِطَاف و لُطَفَاء: نازک پتلا۔ نرم طبیعت والا۔ مہربان۔ نرمی کرنے والا۔ ظریف (لفظ) تھوڑی (مرض)

اَللَّطِیْف: اسماء الٰہی میں سے ایک اسم۔ یعنی بندوں پر احسان کرنے والا باریک سے باریک بات کا جاننے والا

لَطِیْفَۃ ج لَطَائِف: مؤنث لطیف ظرافت۔ لطیفہ۔

لَوَاطِف: چھاتی سے ملی ہوئی پسلیاں

مُلَاطِف و لَطْفَان: موافق۔ مہربان نرمی کرنے والا۔

لَطَمَ ـِـ لَطْمًا و لَطَّمَ: تھپڑ مارنا۔

—— ہٗ ب: چمٹا دینا۔

لُطِمَ: تھپڑ مارا جانا۔ ایک رخسارہ پر سفید داغ والا ہونا۔ (گھوڑا)

لَطَّمَ: مہر لگانا (خط پر) زور سے تھپڑ مارنا۔

لَاطَمَ مُلَاطَمَۃً و لِطَامًا: ایک دوسرے کو تھپڑ مارنا۔ تھپڑ مارنا۔

تَلَاطَمَ: ایک دوسرے کو تھپڑ مارنا خاکستری رنگ ہونا (چہرہ)

—— و الْتَطَمَ: آپس میں ٹکرانا (لہریں)

لَطْمَۃ ج لَطَمَات: تھپڑ۔

لَطِیم و مَلْطُوم و مُلَطَّم: تھپڑ مارا ہوا
لَطِیم: جس کے ماں باپ مر گئے ہوں۔
گھوڑ دوڑ کا نواں گھوڑا۔کستوری۔نراونٹ
لَطِیْم (مذکر و مؤنث) ج لُطُم و مُلَطَّم
رخسارہ پر سفید داغ رکھنے والا گھوڑا۔
لَطِیْمَۃ ج لَطَائِم: کستوری۔نافۂ
کستوری۔عطاروں کا بازار
مَلْطَم مث مَلْطَمَان: رخسارہ۔
مِلْطَمٌ: پھٹی ہوئی دھوڑی۔
لَطَہَ ـُ لَطْہًا: ہتھیلی سے مارنا۔
لَطَا ـُ لَطْوًا و لَطَی ـِ لَطْیًا:
غار میں پناہ لینا۔پناہ لینا۔
لَطِی ـَ لَطْیًا ب: آباد ہونا (جگہ میں)
ــــ الرجل: آدمی زمین سے چپٹ گیا۔
لَطِی ـَ لَطًی ب: کسی کے پاس چیز
ہونے کا گمان کرنا۔
ــــ: بوجھ ڈالنا یا دبانا۔تباہ کرنا۔
تَلَطَّی علی: دشمن کی غفلت کا انتظار
کرنا۔تاک میں بیٹھنا۔
تَلَطَّی: پناہ لینا۔
لَطَاۃ: زمین۔جگہ۔پیشانی یا پیشانی
کا وسط۔
اَلْقَی بَلَطَاتِہ: اس نے اپنا بوجھ
اتار دیا۔
دَائِرَۃ اللَّطَاۃ: گھوڑے کی پیشانی
کا سفید داغ۔
لُطَاطٌ: فریب کے چور۔
لَطْوَۃ و مَلْطَی: پناہ۔
لَاطِیَۃ ج لَاطِیَات: یونانی پادری
کا پردہ۔
مِلْطَی و مِلْطَاۃ: باریک جھلی جو سر کی
ہڈی اور گوشت کے درمیان ہے۔

لَظَّ ـُ لَظًّا و لَظِیْظًا: تعاقب کرنا۔
کھوج لگانا۔دھتکارنا۔چمٹنا۔
ــــ بالشَیِٔ: چمٹنا۔
لَظَّ و لَاظَّ فی: اصرار کرنا (جنگ میں)
اَلَظَّ: لگاتار برسنا (بارش) الحاح کرنا
ــــ ب: جگہ میں رہنا۔چمٹے رہنا۔
ــــ فی: اصرار کرنا۔لگا رہنا۔
تَلَاظَّ: ــــ . . . . ایک
دوسرے کو ہٹانا۔(جنگجوؤں کا)
تَلَظْلَظَتِ الْحَیَّۃُ: سانپ نے سخت
غصہ سے سر ہلایا۔
لَظٌّ: سخت طبیعت
مُلِظٌّ: محنتی۔
مِلَظٌّ و مِلْظَاظ: اصرار کرنے والا۔
لَظِیَ ـَ لَظًی و تَلَظَّی و الْتَظَی: بھڑکنا
(آگ)
لَظَّی: بھڑکانا (آگ)
تَلَظَّی و الْتَظَی: بھڑک اٹھنا۔غصہ سے
جلنا۔
لَظًی: آگ یا آگ کا شعلہ۔
لَظَی: دوزخ۔
اَلَعَّ: روئیدگی والی ہونا (جگہ)
تَلَعَّی (بجائے تَلَعَّع) روئیدگیاں جمع
کرنا۔
لَعْ و لَعًا و لَعْلَعْ: ٹھوکر کھانے
والے کو پکارنے کی آواز۔
عَثْرَۃ لَا لَعًا لَہَا: ناقابل اصلاح
برائی۔
لُعَاع: نازک سبزیاں۔
لُعَاعَۃٌ: نرم سبزی۔خشک سالی۔
الدُّنْیَا مُتَاعُہَا لُعَاعَۃ: دنیا اور
اس کی خوشیاں سبزی کی طرح تھوڑی دیر کیلئے ہیں

لُعَاعَۃ ج لُعَاعٌ: کاسنی۔سبزی۔دنیا
پانی کا ایک گھونٹ۔
لَعَّاعَۃ: تکلف سے سُر بنانے والا۔
لَعَّۃٌ: پاک دامن خوبصورت عورت۔
عَسَلٌ مُتَلَعِّ: شہد جس کی تار بوجہ گاڑھے
پن کے نہ ٹوٹے۔
لَعَبَ و لَعِبَ ـَ لَعْبًا و اَلْعَبَ:
رال ٹپکانا (بچہ)
لَعِبَ ـَ لِعْبًا و لَعِبًا و تَلْعَابًا و
لَعَّبَ و اَلْعَبَ و تَلَعَّبَ و تَلَاعَبَ:
کھیلنا۔مزاح کرنا۔لذت یا ہوا خوری
کے ارادہ پر کام کرنا۔بے فائدہ کام کرنا
لَعِبَ ب: کھیلنا۔بجانا (باجہ وغیرہ)
ــــ الرِّیَاحُ بالمَنْزِل: گھر ہواؤں
کی کھیل ہیں یعنی ہواؤں نے گھروں
کو خراب کر دیا۔
ــــ فی الامر: کام کو حقیر جاننا۔
لَاعَبَ: ٹھٹھا کرنا۔تمسخر کرنا۔
اَلْعَبَ: کھیلانا۔
تَلَاعَبَ ب: فریب کرنا۔تمسخر کرنا۔
لِعْب و لَعِب (مفرد لَعْبَۃ): کھیل۔
مخول۔ٹھکار۔
اللَّعْبَۃ البَرْبَرِیَّۃ: ایک پودہ جو
وجع المفاصل کی دوا ہے۔
لُعْبَۃ ج لُعَب: کھلاڑی یا کھیل کی
نوبت۔یا انسان۔تمسخر۔بے وقوف جس
سے مخول کیا جائے۔
اُلْعُوبَۃ و لَعُوبَۃ: کھیل۔ہنسی کا
باعث۔
لُعَاب: منہ کی رال۔
لُعَابُ النَّحْل: شہد۔
ــــ الشَّمْس: سورج کی کرنیں۔

لُعَابِیّ : منسوب بہ لُعَاب

لُعَابِیَّة : پھلوں کا رس۔

لَعِب و لَعُوب (مذکر و مؤنث) و لُعَبَة و لِعِّیب و لَعَّاب : خوش باش۔ کھیلنے والا۔

تَلْعَاب و تِلْعَابَة و تِلِعَّاب و تِلِعَّابَة و تِلْعِیْبَة : بڑا مخولی۔ بڑا مسخرہ۔ بہت کھلاڑی

مَلْعَب ج مَلَاعِب : تھیٹر۔ ٹورنمنٹ کھیلنے کی جگہ۔

مُلْعِبَة و مِلْعَبَة : بے آستین انگیا۔

مَلْعَبَة : کٹھ پتلی۔

مُلَاعِب : کھیل کا ساتھی۔

— الْأَسِنَّة : نیزے چمکانے والا۔

— ظِلِّہ : ایک پرندہ جس کے بازو لمبے اور گردن چھوٹی اور پیٹ سفید ہوتا ہے

تَرَکْتُهُ فی مَلَاعِب الجن : میں نے اس کو گمنام جگہ پر چھوڑ دیا۔

مَلْعُوب ج مَلَاعِیْب : لعاب دہن بہانے والا (بچہ)

لَعِث ۔ لَعَثًا : سست ہونا۔ ٹالمٹول کرنا۔

اَلْعَث (م) لَعْثَاء ج لُعْث : سست

لَعْثَم و تَلَعْثَم فی : پس و پیش کرنا سوچنا۔ ہٹ جانا۔

لَعَج ۔ لَعْجًا : سخت درد دینا۔ (ضرب)

— فُؤَادَهٗ : اس کے دل کو جلایا۔ (غم نے)

— الشَّیُٔ فی صدرہٖ : اس کے سینہ میں چیز کھٹکی۔

لَاعَج : سخت ہونا (معاملہ)

اَلْعَج : جلانا (آگ)

اِلْتَعَج : غمزدہ ہونا۔

لَاعِج ج لَوَاعِج : درد دہ (ضرب) جلانے والی (محبت)

لَعْجَة : جلانے والی چیز۔ مار کی تکلیف۔ جلن۔

لَعْذَم فی : سستی کرنا (معاملہ میں)

تَلَعْذَم عن : حیرانگی سے متردد ہونا۔

مَا تَلَعْذَمْنَا : ہم نے نہیں کھایا۔

لَعْذَمِیّ : حریص۔

لَعَز ۔ لَعْزًا : چاٹنا (اونٹنی کا بچہ کو) ہٹانا۔

لَعَس ۔ لَعْسًا : دانتوں سے کاٹنا چبانا۔

لَعِس ۔ لَعَسًا : سیاہی مائل سرخ ہونٹ والا ہونا۔

لَعَس و لُعْسَة : ہونٹوں کی گاڑھی سرخی

اَلْعَس (م) لَعْسَاء ج لُعْس : سیاہی مائل سرخ ہونٹوں والا۔ گنجان پودہ۔

مَا ذُقْتُ لَعُوسًا : میں نے کچھ نہیں کھایا

لَعُوس ج لَعَاوِس : کھانے کا حریص بھیڑیا۔ تھوڑا کھانے والا۔

مُتَلَعِّس : بہت کھاؤ۔

مَلْعُوسِیّ : سرخ خام (گوشت)

تَلَعْسَمَ فی : دیر لگانا۔

لَعِص ۔ لَعَصًا : مشکل ہونا (کام)

— فی الاکل والشرب : کھانے اور پینے میں حریص ہونا۔

تَلَعَّص علی : سختی کرنا۔

— : بہت مشکل ہونا۔ کھانے پینے میں حریص ہونا۔

لَعَط ۔ لَعْطًا : گردن پر داغنا۔ جسم کو گودنا۔ مکانوں کے اردگرد چرنا (اونٹ) دیوار کے ساتھ ساتھ جانا۔ جلدی چلنا۔

لَعَطَهٗ بِاَبْیَات : اس نے اکی شعروں سے ہجو کی

— ب : زخمی کرنا۔ نقصان کرنا۔

— : محروم کرنا۔

لَعْط ج اَلْعَاط : کالے یا زرد خطوط جو عورت اپنے منہ پر ڈالتی ہے

لُعْط : پہاڑ یا دیوار کا پہلو۔ پہاڑ کا دامن

لُعْطَة : بدنظری۔ بھیڑ کی گردن کا سیاہ داغ۔ رخسارہ پر گودنے کا داغ۔

لَعْطَاء : گردن پر سیاہ داغ رکھنے والی بکری۔

مَلْعَط ج مَلَاعِط : گھروں کے نزدیک کی چراگاہ۔

اَلْعَطَ و تَلَعَّط : دبک کر بیٹھنا۔ بار بار آنکھ کھولنا۔ و بند کرنا۔ (اونٹ یا شیر) غصے میں آ کر حملے کے لئے تیار ہونا (شیر)

لَعِق ۔ لَعْقًا و لَعْقَةً و لُعْقَةً چاٹنا۔

— اِصْبَعَہٗ : وہ مرگیا۔

اَلْعَق : چٹوانا۔ چاٹنے والا بنانا۔ ہلکے سوت کا بننا (کپڑا)

اُلْتُعِق : بدل جانا (رنگ)

لَعْقَة : سبز چراگاہ کا بقیہ حصہ۔

لُعْقَة : چمچہ بھر۔

لَعِق و لَعِق : حریص۔

لَعُوق : چٹنی۔ چاٹنے کی چیز۔ تھوڑا زاد

مِلْعَقَة و مَلْعَقَة ج مَلَاعِق : چمچہ۔ قاشق۔

لَعَلّ : شاید۔ ہو سکتا ہے۔ جب یہ لفظ خدا تعالی کی طرف سے ہو تو اس کے معنے ا جب

کے ہوتے ہیں۔

لَعَلَّمَا : بمعنے لَعَلَّ

لَعَلِّیْ و لَعَلَّنِیْ : شاید میں

لَعْلَعَ : توڑنا (ہڈی وغیرہ) گرجنا (رعد) چمکنا (سراب)

— من الشیءِ : چیز سے تنگ ہونا۔

تَلَعْلَعَ : ٹوٹنا ۔ تھکنا ۔ کمزور ہونا چمکنا (سراب) (زبان نکالنا (کتا)

— من الجوعِ : بھوک سے پیچ وتاب کھانا۔

لَعْلَعٌ ج لَعَالِعُ : سراب۔ بھیڑیا۔ ایک حجازی درخت۔

لَعْلَعَةٌ : بہت تکان۔

لَعْلَاعٌ : بزدل۔ ڈرپوک۔

مُتَلَعْلِعٌ : لمبی تار والا (شہد)

لَعَمٌ : لعاب۔

لَعْمَظَ یَلْعَمَاظًا و لَعْمَظَةً : ہڈی سے نوچنا (گوشت)

لَعْمَظٌ و لُعْمُوظَةٌ و لُعْمُوظٌ ج لَعَامِظَةٌ و لَعَامِیْظُ : حریص۔

لُعْمُوظٌ : بن بلایا مہمان ۔ طفیلی۔ روٹی پر خدمت کرنے والا ۔

لَعْمَظَةٌ : حریص۔

لَعَنَ ـَـ لَعْنًا : لعنت کرنا۔ شرمندہ کرنا۔ گالی دینا۔ نیکی سے دور کرنا۔ دھتکارنا

لَاعَنَ مُلَاعَنَةً و لِعَانًا : ایک کا دوسرے پر لعنت کرنا۔

— الحاکم بینہ : حاکم نے ان دو کے درمیان فیصلہ کیا۔

لَعَنَہُ : اس نے اس کو عذاب دیا۔

تَلَاعَنَ و اِلْتَعَنَ : ایک دوسرے پر لعنت کرنا۔

اِلْتَعَنَ : اپنے آپ پر لعنت ڈالنا۔

لَعْنٌ و لَعْنَةٌ ج لَعَنَات و لِعَان : لعنت۔ عذاب۔

اَبَیْتَ اللَّعْنَ : جاہلیت کے زمانہ میں بادشاہ کا سلام یعنی اے بادشاہ تو نے ایسا کوئی کام نہیں کیا جس سے تو ملامت کا مستحق ہو۔

لَعَان و لَعَانِیَة : لعنت۔

لَعَّان : بہت لعنت کرنے والا۔

لُعَنَةٌ ج لُعَن : بہت لعنت کرنیوالا۔

لُعْنَةٌ و لَعِیْن (مذکر ومؤنث) : لعنت کیا ہوا۔

لَعِیْن : لعنت کیا ہوا۔ بدبخت۔ منحوس بری صورت بدلا ہوا۔ ممسوخ۔ شرمندہ کیا ہوا۔ ہلاک شدہ۔ شیطان۔ ڈراوا

مَلْعَنَةٌ ج مَلَاعِنُ : پاخانہ۔ آباد راستہ۔

تَلَعَّی : ہر یا ول اکٹھی کرنا۔ گاڑھا ہونا شہد۔

لَعَتْ نَفْسِی : میرے دل میں وسوسہ پیدا ہوا۔

لَعْو (م) لَعْوَة ج لِعَاء : بدخلق۔ کمینہ۔ حریص۔

لَعْوَة : بھوک کی شدت۔ پستان کے گرداگرد کی سیاہی۔

— و لَعَاة ج لَعَوَات : کتیا۔

لُعْوَةٌ : پستان کی بھٹنی کے گرداگرد کی سیاہی۔

لَاعٍ : ڈرپوک۔

لَاعِیَة ج لَوَاعِیْ : ایک پودہ جس کے زرد رنگ کے خوشبودار پھول ہوتے ہیں۔ مؤنث لَاعِی ۔

لَعًا : لالچی۔ حریص۔

لَعًا لَکَ : خدا تجھے اٹھائے (کھڑا کرے (ٹھوکر کھانے والے کے لئے دعائیہ کلمہ)

اَلْعَاءٌ : انگلیوں کے پورے۔

لَعْوَق : اپنے کام میں جلدی کرنا۔

لَعْوَقِیٌّ : احمق۔ بے وقوف۔

لَغَبَ ـُـ و لَغِبَ ـَـ لَغْبًا و لُغُوبًا و لُغُوبًا و لَغِب ـَـ لَغَبًا : بہت تھکنا

لَغَبَ ـَـ لَغْبًا : چپک چپک کرنا (کتا برتن میں)

لَغَبَ ـَـ لَغْبًا علی : فساد ڈالنا غلط وجھوٹی رپورٹ کرنا۔

لَغَّبَ و اَلْغَبَ و تَلَغَّبَ : تھکانا۔

تَلَغَّبَ : (شکار کا) کھوج لگانا۔ تعاقب کرنا۔

لَغْب و لَغُوب : کمزور وبے وقوف۔ اگلے دانتوں کے مسوڑے۔

لَغْب و لُغَاب : بدشما تراشا ہوا تیر۔

لُغْب و لَغَب و لَغِب و لَغِیْب : برانب با قلم۔

— : خراب کلام۔

اَخَذَ بِلَغَبِ رَقَبَتِہ : اس نے اس کو جا پکڑا۔

لُغَابَة و لُغُوبَة : حماقت۔ ضعف

لَاغِب ج لُغَّب : کمزور تھکا ہوا۔ درماندہ

لَاغِبَة ج لَوَاغِبُ : مؤنث لَاغِب

ـــ ریاح لَوَاغِب : نرم ہوائیں۔

لَغَدَ ـَـ لَغْدًا : راستے کی طرف لانا (اونٹ) کسی کو لغد دو پر مارنا۔

— ہ عن : روکنا۔ واپس کرنا۔ رد کرنا کھڑے کرنا (کان)

لَاغَدَ و اِلْتَغَدَ : ہاتھ پکڑ کر ارادہ سے

ردکنا - ہاتھ پکڑ لینا۔
لُغْد (ج اَلْغَاد) و لُغْدُود و
لِغْدِید ج لَغَادِید: کان کی لو۔
حلق کا گوشت۔
مُتَلَغِّد: غصے سے بھرا ہوا۔
لَغَزَ ــ لَغْزًا: جھکانا - کج کرنا۔
ـــ وَاَلْغَزَ: پیچدار کھودنا چھچھوندر (کا بل)
ـــ ولَاغَزَ فی الکَلَام و اَلْغَزَ الکَلَام
پیچدار کلام کرنا - پہیلی ڈالنا۔
لُغْز و لَغْز و لُغَز: چھچھوندر وچوہے
وسوسمار کا بل - پیچیدہ راستہ۔
لُغْز و لُغُز و لَغَز و لُغَز ج اَلْغَاز:
معمہ - چیستان - پہیلی۔
لُغَیْزَا و لُغَّیْزَی و اُلْغُوزَۃ:
چیستان معمہ۔
لَغَّاز: چغلخور - تہمت لگانے والا۔
مُلْغَز: پیچیدہ و مشکل (کلام)
لَغَطَ ــ لَغْطًا و لِغَاطًا و لَغَّط
و اَلْغَط: شور کرنا۔
لَغَطَ ــ لَغْطًا و لَغِیْطًا: غوں غوں
کرنا (کبوتر)
اَلْغَط: گرم پتھر ڈالنا (دودھ میں)
لَغْط و لَغَط ج اَلْغَاط: شور - آواز۔
لُغُط: دروازے کے آگے کا صحن۔
لَغِمَت ــ لَغْمًا: لقمہ بنانا (کھانا)
چاٹنا (برتن)
لَغَمَتَ ــ لَغْمًا: تیز نظر سے دیکھنا
لَاغَمَ: بوسہ لینا - دوستی لگانا - ملنا۔
اَلْغَمَ: جلدی کرنا - چوروں سے
صحبت رکھنا - تیز نظر سے دیکھنا کھانے
کے لقمے دینا - بدسلوکی کرنا۔

لُغْفَۃ: لقمہ۔
لَغِیْف ج لُغَفَاء: چوروں کا ساتھی جو
ان کے کپڑوں کی حفاظت کرتا ہے۔
مُلْغَفَۃ: چوروں کا گروہ۔
لَغْلَغَۃ: کلام کی عجمیت۔
لَغَمَ ــ لَغْمًا: جھاگ پھینکنا -
(اُونٹ) بے یقینی خبر دینا - منہ کو بوسہ
دینا۔
لَغَمَ ــ لَغْمًا و لَغَّم بالطیب:
منہ پر خوشبو لگانا۔
لَغِمَ ــ لَغْمًا: غیر یقینی خبر دریافت
کرنا۔
اَلْغَمَ: پارہ سے ملانا - (سونا وغیرہ)
اِلْتَغَمَ: پارہ سے ملنا (سونا)
تَلَغَّمَ ب: منہ پر خوشبو لگانا۔
ـــ بالکَلَام: اس نے کلام کرنے میں
منہ کے کنارے ہلائے۔
ـــ بِذِکْر: یاد کرنا۔
لَغَم: تھوڑی سی خوشبو - مرہم - زبان کی
رگیں و شریانیں۔
لُغَام: اونٹوں کے منہ کی جھاگ - لعاب
لَغْمَاء: سفید منہ والی بکری۔
لَغِیْم: بھید - راز
مَلْغَم ج مَلَاغِم: منہ ناک اور ان
کا گرداگرد۔
مُلْغَم: پارہ میں ملا ہوا سونا۔
لَغِمَط: لتھڑا ہوا ہونا۔
اِلْغَانَّ: گنجان ہونا (پودہ) بہت
گھاس والی ہونا (زمین)
لَغْن: جوانی کا جوش۔
لَغَا ــ لَغْوًا: بولنا - کلام کرنا۔
ـــ: باطل ہونا (چیز) ناکام ہونا (آدمی)

ـــ عن: ایک طرف ہو جانا (راستہ سے)
ـــ ــ لَغْوًا و لَغَا و لَغِیَ ــ لَغًا
و لَغَایَۃ و لَاغِیَۃ و مَلْغَاۃ فی
القَوْل: بکواس کرنا - بے ہودہ باتیں کرنا
بے سوچے بولنا۔
لَغِیَ ــ لَغًی ب: شوقین ہونا - خوگر ہونا
ھُمْ یَلغُون فی الحساب: وہ حساب
میں غلطی کرتے ہیں۔
لَاغَی: مخول کرنا۔
اَلْغَی: باطل کرنا - نامراد کرنا۔
اِسْتَلْغَی: گفتگو کروانا - لغت سننا
لَغًا: آواز - غلطی - ردی کلام۔
لُغَۃ ج لُغًی و لُغَات: لغت - لفظ
اَھْلُ اللُّغَۃ: لغت کے عالم۔
لَغْو و لَاغِیَۃ: بے ہودہ کلام وغیرہ
ہیچ چیز۔
یَمِیْنُ لَغْو: جھوٹی قسم۔
لُغَوِیّ: بامحاورہ - زبان جاننے والا
لَغْوَۃ: مضمون - ابجد زبان۔
لَغْوَی: بے ہودہ (کلام وغیرہ)
لَغْوَس: کمزور - نازک (پودہ) نرم
گوشت والا۔
لَغْوَسَۃ مِن الخَبَر: بے بنیاد افواہ
لَفَّ ــ لَفًّا و لَفَّفَ: لپیٹنا - ملانا -
جمع کرنا۔
لَفَّ فی: لپیٹنا (میت کفن میں)
ـــ لَفَّ ب: ملانا۔
لَفَّہ حقہ: اس نے اس کو حق لینے
سے روک دیا۔
ـــ فی الاَکْل: تمام قسم کی خوراک ملا لینا
ـــ وَالْتَفَّ: گنجان ہونا (درخت)
اَلَفَّ: بازو کے نیچے ڈالنا (پرندہ سر)

لَفَّتَ : بمعنے لَفَّ
لَافَفْنَا الْقَوْمَ : ہم قوم سے مل گئے۔
تَلَفَّفَ و الْتَفَّ فی : لپٹنا (کپڑے میں)
تَلَفَّفَ و الْتَفَّ علی : کسی کے خلاف جمع ہونا۔
اِلْتَفَّ النبات : پودے آپس میں پھنس گئے۔
تَلَافُّوْا : وُہ آپس میں مل گئے۔
جَاءُوْا بِلَفِّهِمْ و بِلَفِيْفِهِمْ : وُہ ملے جلے ہوئے لوگوں کے ساتھ آئے۔
لَفّ و نَشْر : اجمال بعد تفصیل۔
لِفّ ج لُفُوف و اَلْفَاف : مخلوط گروہ۔ گروہ۔
جَاءُوا وَمَن لَفَّ لِفَّهُمْ : وُہ اپنے ہی آدمیوں کے ساتھ آئے۔
حَدِيْقَة لَفّ و لِفّ و لَفَّة و لِفَّة و لَفَّاء : جھنڈدار باغ۔ پھنسی ہوئی نباتات والا باغ۔
لَفَّة ج لَفَّات : پٹکا۔ پگڑی۔
لِفَافَة ج لَفَائِف : لپیٹنے کی چیز۔ پٹی۔ دل کے اوپر کی چربی۔ لفافہ۔ ڈھیلے کپڑے۔ سگرٹ۔
لَفَف : پٹھے کی مروڑ یا کھچاؤ۔ زیادہ اور ملا جلا کر کھانا۔
لَفِيْف : پیچیدہ۔ مخلوط گروہ۔ جمع کیا ہوا۔ دوست۔ جھنڈدار درخت
طعامٌ لَفِيْفٌ : مخلوط کھانا۔
لَفِيْفَة ج لَفَائِف : گچھا۔ بالوں کی لٹ۔ مجموعہ۔ اُونٹ کے پیٹ کا گوشت۔ سگرٹ۔
اَلَفّ (م) لَفَّاء ج لُفّ : کلائی کی ایک رگ۔ صاف گفتگو نہ کرسکنے والا۔ کام میں سست۔ ملے ہوئے ابروؤں والا۔ لوگوں سے بھری ہوئی جگہ۔
لَفَّاء : موٹی (سُرین)
الفاف : آپس میں الجھے ہوئے درخت۔
اَلْفَاف : گچھے دار درخت۔
تَلَافِيْف : گنجان (پھنسے ہوئے) پودے
مِلَفّ و مِلْفَاف : کمبل۔ اوڑھنے کی چیز۔ لحاف وغیرہ۔ بجلی کی تار۔ لپٹی ہوئی سلاخ۔
مَلْفُوْف : لپٹا ہوا۔ گوبھی۔

لَفَأَ ـــ لَفْأً و لَفَاءً و الْتَفَأَ :

چھیلنا (لکڑی) درغلانا۔ غیبت کرنا۔
ـــ ہ حقہ : اس کو اس نے تھوڑا حق دیا۔
ـــ عن : گوشت اُتارنا (ہڈی سے)
ـــ ہ عن : واپس کرنا۔
لَفَأَ ب : مارنا (لاٹھی سے)
لَفِئَ ـــ لَفَأً : باقی رہنا۔
اِلْتَفَأَ : چھلکا اُتارنا۔
لَفَاءٌ : تھوڑی چیز۔ حق سے کم۔ غبار۔
لَفِيْئَة ج لَفَايَا : گوشت کا ٹکڑا جس میں ہڈی نہ ہو۔

لَفَتَ ـــ لَفْتًا : مروڑنا۔ موڑنا۔

ہٹانا۔
ـــ الکَلَام : اس نے لاپرواہی سے گفتگو کی۔
ـــ عَن : چھلکا اُتارنا۔ پھیر لینا (منہ) بری طرح مارنا۔ (مویشی کو)
ـــ عن : واپس کرنا۔
تَلَفَّتَ و الْتَفَتَ الی : مڑ کر دیکھنا۔ پرواہ کرنا۔ خیال رکھنا۔
لَا تَلْتَفِتْ لِفْتَهُ : اس کی پرواہ مت کر۔
لِفْت : کسی چیز کا نصف یا پہلو۔ شلغم۔ گاجر۔
لَفَت : بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔
ـــ فی التَيْس : مینڈھے کے سینگ کی خمیدگی۔
لَفْتَة ج لَفَتَات : موڑ۔ دائیں بائیں دیکھنا۔
لَفَاتٌ : بے وقوف۔ سخت خو۔
لَفُوْتٌ : ترش مزاج۔ اُونٹنی جو دودھ نکالنے کے وقت بے آرام ہو۔
لُفَتَة : مویشی کے ساتھ سخت سلوک کرنے والا چرواہا۔
لَفِيْتَة : ایک قسم کا گاڑھا حلوا۔
اَلْفَت (م) لَفْتَاء ج لُفْت : مضبوط ہاتھ والا۔ پیچدار سینگ والا (مینڈھا) تنگ خلق والا۔ بے وقوف۔ بھینگا۔ بین بھٹا

اِسْتَلْفَثَ : ختم کرنا (چراگاہ)

چھپانا (خبر) پورا کرنا (ارادہ)

اَلْفَجَ : مفلس ہونا۔ دیوالیہ ہونا۔ گھبرا

جانا۔ زمین سے چمٹنا۔ مانگنے پر مجبور کرنا۔
لَفْج : ذلت۔ خواری۔
مُلْفَج و مُسْتَلْفَج : مفلس۔ دیوالیہ۔ دُبلا ہونے کی وجہ سے زمین سے لگا ہوا۔

لَفَحَ ـــ لَفْحًا و لَفَحَانًا : جھلسنا

(آگ)
ـــ ہ لَفْحَاب : مارنا (تلوار سے)
لَفُوْح و لَافِح ج لَوَافِح : جھلسنے والی (گرمی۔ آگ)
لُفَّاح (مفرد لُفَّاحَة) : خوشبودار پودہ۔

لَفَخَ ـــ لَفْخًا علی دَفی : مارنا

(سرپر)

لَفَظَ ـِ لَفِظَ ـَ لَفْظًا و ب: پھینکنا (منہ سے)

ـــ الی: کنارے پر پھینکنا (سمندر)

لَفَظَ وَ اَلْفَظَ نَفْسَہ: وہ مر گیا۔

لَفَظَ و تَلَفَّظَ بِالکَلَام: اس نے کلام کی

لَفْظ (ج اَلْفَاظ) و لَفْظَة ج لَفَظَات: منہ سے نکالے ہوئے کلمے۔ کلام۔ لفظ۔ لہجہ۔ تلفظ۔

لَافِظَة: جو چونچ کے ساتھ چوگا دینے والا پرندہ۔ سمندر۔ مینڈھا۔ چکی۔ دنیا (اس کلمہ میں حرف تاء برائے مبالغہ ہے)

لَا فِظَةُ: سمندر۔ یہ کلمہ ممنوع من الصرف ہے۔

لُفَاظَة ج لُفَاظَات و لُفَاظ: منہ سے نکالی ہوئی چیز۔ تھوڑا بقیہ۔ ملفوظ کلام

لِفَاظ: سبزی۔

لَفِيظ و مَلْفُوظ: منہ سے تھوکا ہوا یا نکالا ہوا۔

لَفَعَ ـَ لَفْعًا و لَفَعَ: ڈھانکنا۔ بالوں کی سفیدی کا سر کو)

لَفَحَتْهُ النَّارُ: اس کو آگ کا شعلہ پہونچ گیا۔

لَفَّعَ: بہت کھانا۔ بغلگیر کرنا (جوان کو)

تَلَفَّعَ: سفید سر ہونا۔ بھڑکنا (آگ)

ـــ و اِلْتَفَعَ ب: لپیٹنا (کپڑوں میں) ڈھک جانا (زمین سبزی سے)

ـــ علی العَدُوِّ: اس نے دشمن کو گھیر لیا۔

اِلْتَفَعَ: متغیر ہونا (رنگ)

لِفَاع: چادر۔ جبہ۔ اوڑھنی کا مخفی۔

لِفَاعَة و لَفِيعَة: قمیص کا پیوند۔

مِلْفَعَة: چادر۔ کمبل وغیرہ۔

لَفَقَ ـِ لَفْقًا و لَفَّقَ: دوہرا کر کے سینا۔ (کپڑے کی سیون) ٹانکا لگانا (کپڑے کو)

ـــ الاَمْرَ: اس نے کام طلب کیا اور نہ پایا۔

ـــ الصَّقْرُ: شکرا شکار کو گیا لیکن اس نے شکار نہ کیا۔

لَفِقَ ـَ لَفَقًا: حاصل کرنا (چیز)

ـــ يَفْعَلُ: وہ کرنے لگا۔

لَفَّقَ: جھوٹ سے مزین کرنا (کلام) جھوٹی بنانا (کہانی) مقصد پانے میں ناکام رہنا۔

تَلَفَّقَ ب: جا ملنا۔

ـــ مَا بَيْنَهُمْ: ان کے درمیان کے معاملات درست ہو گئے۔

تَلَافَقَ: درست معاملات والی ہونا (قوم)

لِفْق: دامن۔

مُلَاءَةٌ ذَاتُ لِفْقَيْنِ: دوہرے دامن والی چادر۔

هُمَا لِفْقَانِ: وہ ایک دوسرے سے جدا نہیں۔

لِفَاق و تِلْفَاق: ایک دوسرے سے جوڑ کر سیئے ہوئے کپڑے۔

تَلْفِيقَة ج تَلْفِيقَات: سینا۔ جھوٹ غلط کہانی۔

مَلْفَقَة: گوٹ۔ کنارہ۔ حاشیہ۔

لَوْ فَقَ لَوْ فَقَة: جھوٹی کہانی بنانا۔ بیہودہ گوئی کرنا۔

لَفِيك و اَلْفَك: بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔ احمق۔ بیوقوف۔

لَفْلَفَ: حرص سے کھانا۔ ڈگمگانا ڈھکنا۔ گفتگو میں درماندہ ہونا۔ ہکلا ہونا

ـــ فی: لپیٹنا (کپڑے میں)

تَلَفْلَفَ ب: اوڑھنا (کپڑا)

لَفْلَفٌ و لَفْلَافٌ: کمزور

مُلَفْلَفٌ: ہکلا۔

لَفَمَ ـِ لَفْمًا و تَلَفَّمَ و اِلْتَفَمَ: منہ پر نقاب ڈالنا (عورت) ناک پر نقاب باندھنا۔

تَلَفَّمَ ب: باندھنا (پگڑی)

لِفَام: ناک کے اوپر کا نقاب۔

مِلْفَان و مُلْفَان ج مَلَافِنَة: دینی علم کا ماہر۔

لَفَا ـُ لَفْوًا حَقَّه: کم دینا حق۔

لَفِيَ ـَ اِلٰی: واپس آنا (گھر) آمد و رفت کرنا (مکان میں)

لَفَّی: اپنے گھر کی طرف کھینچنا۔

اَلْفَی: پانا۔

تَلَافَی: تدارک کرنا۔

لَفِيَّة ج لَفَايَا: گوشت کا ٹکڑا۔

لَفَاء: مٹی۔ غبار۔ خسیس۔

لِفَابِيَة: اجنبی لوگ۔

مَلْفَی: ملنے کی جگہ۔

لَقَّ ـُ لَقًّا: زبان سے چاٹنا۔ ڈھیلا ہونا (گھوڑے کا نعل) گڑگڑانا (پیٹ) ہاتھ سے مارنا (آنکھ پر)

لَقّ: زمین کی پھٹن یا دراڑ۔ اونچی زمین بہت باتونی۔ تنگ اور لمبی زمین۔

لَقْلَقَة: کھائیاں یا گڑھے جن کے منہ تنگ ہوں۔

مِلَقّ: بلا۔ ریکٹ۔

لَقَّاق لَقَاق: بہت باتونی۔

لَقَّبَ ب: لقب رکھنا۔

تَلَقَّبَ ب: لقب پانا۔

تلاقب: ایک دوسرے کو برے القاب سے گالی دینا۔
لقب ج القاب: اصلی نام کے علاوہ دوسرا نام۔
لَقَح ـ لقحًا و لقح و القح: نر کھجور کا شگوفہ مادہ کھجور پر ڈالنا۔ ٹیکہ لگانا۔ حاملہ کرنا۔ پیوند لگانا۔
لقح و لقّح: پھینکنا
لقح ـ لقحًا و لقحًا و لقاحًا و تلقّح: حاملہ ہونا (پودہ)
الْقح: باردار کرنا (کھجور) پھلانا۔ (ہوا یا بادل کو)
ــــ الناقة: اونٹنی کو حاملہ کرنا۔
القح بینهم شرًّا: اس نے ان کے درمیان فساد ڈالا۔
تلقّح علی: اتہام لگانا۔
تلقّح: حاملہ معلوم ہونا (اونٹنی)
ــــ و التقح: زمین پر لیٹنا۔
التقح: باردار ہونا (مادہ)
استلقح: باردار ہونے کے قریب ہونا (کھجور)
لقح و لقاح: نر کھجور کا پولن۔
لقحة ج لقح و لقاح: دودھ دینے والی دایہ۔ عقاب۔ پہاڑی کوا بہت دودھ والی اونٹنی۔
لقحة و لقحة (ج لقح و لقاح) و لقوح ج لقاح و لقائح: بہت دودھ دینے والی اونٹنی۔
لاقح ج لواقح: بہت سخت (جنگ) حاملہ۔
ــــ و لقوح ج لقح: بہت دودھ والی اونٹنی۔

لواقح و ملاقح: درختوں کو باردار کرنے والی ہوائیں۔ بارش لانے والی۔ حاملہ مادائیں۔
ملقحة ج ملاقح: حاملہ اونٹنی۔
ملقوحة ج ملاقیح: جنین۔ ماں۔ نر کا گابھن کرنے کا مادہ۔
لَقَز ـ لقزًا: مکا مارنا۔
لَقَس ـِ لقسًا: نکتہ چینی کرنا۔ گالی دینا۔
لقست نفسه ـ لقسًا الی: شوق کرنا۔
لقست و تلقّست نفسه من: تنفر کرنا۔ دل متلانا۔
لاقس ملاقسة و لقاسًا: ایک دوسرے کو برے لقب دینا۔
تلقّس: دیر کرنا۔ دل متلانا۔
تلاقس: ایک دوسرے کو گالی دینا
لقس و لاقس: فارش
لقس: بری لقب دینے والا۔ لوگوں سے تمسخر کرنے والا۔ فساد ڈلانے والا جو کسی بات پر نہ ٹھہرنے والا۔
لقّیس: دیر سے آنے والا۔ سست۔
لَاقَش: دوسرے سے باتیں کرنا۔
لقش: بات۔ گفتگو۔
لَقَص ـ لقصًا: جلانا۔ (جلد)
لقص ـ لقصًا: تنگ ہونا۔
لقصت نفسه: اس کا دل متلایا۔
التقص: لے لینا۔ پکڑنا۔
لقص: تنگ۔ بالونی۔ شرارت میں جلدی کرنے والا۔
لَقَط ـُ لقطًا: زمین سے اٹھالینا ادھر ادھر سے جمع کرنا۔ پیوند لگانا (کپڑا)

ــــ من: حاصل کرنا (علم کتاب سے)
ــــ: دوڑنے میں جا ملنا۔ پکڑنا (پرندہ و چور)
لاقط ملاقطة و لقاطًا: مقابل پر ہونا محاذات میں ہونا۔
تلقّط و التقط: چننا (پھل) ادھر ادھر سے اکٹھا کرنا۔
التقط: اتفاقیہ معلوم کرنا۔ جمع کرنا۔
لقطا (مفرد لقطة و لقطة و لقاطة) جو چیز زمین پر گری ہوئی دستیاب ہو اور اس کا مالک معلوم نہ ہو۔
ــــ المعدن: کان کی کچی دھات کے ٹکڑے۔
فی المکان لقط یلما شبهة: مکان میں مویشی کے لئے بہت چارہ ہے۔
لقاط و لقاط: فصل کاٹنے والے سے گرے ہوئے خوشے جو لعد میں چنے جاتے ہیں۔ (سلا۔ پ)
یتعیّش باللقاط عن الالتقاط: وہ گرے ہوئے خوشوں پر گذارہ کرتا ہے۔
لاقط (م) لاقطة: گرے ہوئے خوشے چننے والا۔ پیوند لگانے والا۔ آزاد کردہ غلام
لاقطة: ہیچ و ناکارہ۔ مرد یا عورت۔
لاقطة الحصی: پوٹا۔ سنگدان۔
لقیط ج لقطاء و ملقوط: اٹھایا ہوا۔ یافتہ بچہ۔
لقیطة ج لقائط: رذیل آدمی یا عورت۔
رجل یقیطی خلّیطی: چغل کھانے کے لئے خبریں حاصل کرنے والا۔
القاط: ادنیٰ درجہ کے لوگ۔ تھوڑے و

متفرق لوگ۔
یَامَلْقَطَانُ : اے احمق۔
مِلْقَط ج مَلَاقِط : چمٹا۔ دست پناہ
مِلْقَاط ج مَلَاقِیْط : قلم۔ نقش کرنے کا اوزار (منقاش اکھڑی۔ موچنا۔ چمٹی۔
لَقَعَ ۔ لَقْعًا : پھینکنا۔ ڈسنا (سانپ) عیب گیری کرنا۔
۔۔۔ ہ بالکلام : کلام سے غالب آنا
لَقَعَ بِعَیْنِہٖ : نظر لگانا۔
۔۔۔ لَقَعَانًا : جلدی سے گزر جانا۔
لَاقَعَ : جھگڑنا۔
تَلَقَّعَ : اس نے بہت فضول گوئی کی۔
اُلْتُقِعَ : بدلنا (رنگ)
لَقَّاع ولُقَّاع : مکھیاں۔
لُقَعَۃ ولُقَّاعَۃ ج لُقَّاعَات : احمق۔ یاوہ گو۔ لوگوں کے بُرے لقب رکھنے والا۔
لُقَّاع وتِلِقَّاع وتِلِقَّاعَۃ : یاوہ گو شیخی باز۔ احمق۔
اِمْرَأَۃ مِلْقَاع ومِلْقَعَۃ : بیہودہ گو عورت۔
لَقِفَ ۔ لَقْفًا ولَقَفَانًا و تَلَقَّفَ والْتَقَفَ : جلدی سے پکڑنا (گیند)
لَقِفَ ۔ لَقَفًا وتَلَقَّفَ : اندر سے گر کر وسیع ہونا (حوض)
لَقَفَ وتَلَقَّفَ : نگلنا (طعام)
۔۔۔ : نگلوانا (طعام)
لَقَف ج اَلْقَاف : حوض یا کنویں کا پہلو۔
لَقَافَۃ : ہوشیاری۔

ثَقْف ولَقِف ولَقِیْف : پھرتیلا۔ دانا
لَقِف ولَقِیْف : گرنے والا (حوض)
مَلْقَف : چھت کے اوپر کا روشندان۔ روشندان۔
لَقْلَقَ : آواز دینا (سارس) زبان نکالنا (سانپ) ہلانا (چیز)
تَلَقْلَقَ : ہلنا۔ بجنا۔
لَقْلَق ولَقْلَاق ج لَقَالِق : سارس
۔۔۔ : زبان۔
لَقْلَقَۃ : سارس کی آواز۔ حرکت و اضطراب والی آواز
حُرُوْف لَقْلَقَہ : ب۔ ج۔ د۔ ط ق۔
مُلَقْلَق (تیز (نظر)
لَقَمَ ۔ لَقْمًا : بند کرنا (منہ)
۔۔۔ ولَقِمَ ۔ لَقْمًا وتَلَقَّمَ والْتَقَمَ ہڑپ کرنا (کھانا)
لَقَّمَ واَلْقَمَ : لقمہ لقمہ کھلانا (کھانا)
لَقَّمَ : لقموں میں کاٹنا (روٹی) اُبلتے پانی میں ڈالنا (قہوہ)
اَلْقَمَہُ الحَجَرَ : اس نے اس کو چپ کرا دیا۔
تَلَقَّمَ : ٹکڑے ٹکڑے کرنا (روٹی)
لَقَم ولُقَم : سڑک کا درمیان۔
لُقْمَۃ ج لُقَم ولُقَیْمَۃ : لقمہ۔
تِلْقَام وتِلْقَامَۃ : بڑے لقمے ڈالنے والا۔ پیٹو۔ کھاؤ۔
مُتَنَقِّمَۃ : بہت پانی والا کنواں۔
لَقُنَ ۔ لَقَانَۃ : ذہین یا عقلمند ہونا
لَقِنَ ۔ لَقْنًا ولَقَنَۃ ولَقَانَۃ و لَقَانِیَۃ وتَلَقَّنَ : سمجھنا (کلام)
لَقَّنَ : سمجھانا (کلام)

اَلْقَنَ : جلدی سے یاد کرنا (کلام)
تَلَقَّنَ : پانا (نصیحت)
لِقْن : حفاظت۔ مدد۔ رکن۔
لَقَانَۃ ولَقَانِیَۃ : تیز فہمی۔
لَاقُوْنَۃ : سیمنٹ۔
لَقِن : ذہین۔ تیز فہم۔
ھُوَ ثَقِیفٌ لَقِنٌ : وہ سمجھدار اور ذہین ہے
لَقَنٌ : تانبے یا پیتل کا تھال کی طرح کا برتن۔
لَوَاقِنُ : پیٹ کے نیچے کا حصہ۔
لَقَا ۔ لَقْوًا : لقوی کرنا
لُقِیَ لَقْوًا : لقوی والا ہونا۔
لَقْوَۃ : منہ کے ٹیڑھا ہونے کی مرض
۔۔۔ ولِقْوَۃ ج لِقَاء واَلْقَاء : تیز اُڑنے والا عقاب۔ مادہ عقاب۔
لَقِیَ ۔ لِقَاءً ولِقَاءَۃً ولِقَایَۃً ولُقِیًّا ولُقْیَانًا ولُقْیَانَۃً ولِقْیًا ولُقْیَۃً و لُقًی : استقبال کرنا۔ پالینا۔
لَقَّی : کسی کے واسطے حاصل کرنا۔ کسی کی طرف پھینکنا۔
لُقِّیَ من : پانا۔
لَاقَی مُلَاقَاۃً ولِقَاءً : آمنے سامنے ملنا۔
لَاقَی بَیْنَ طَرَفَی القَضِیْب : اس نے شاخ کے دونوں کناروں کو ملا دیا۔
اَلْقَی : زمین پر پھینکنا۔
۔۔۔ الیہ القول بہٖ : اس نے اس کو پیغام پہونچایا۔
۔۔۔ علیہِ القولَ : اس نے اس کو بات لکھوائی
۔۔۔ اِلَیہِ السَّمْعَ : اس نے اس کی بات سنی۔

— الیہ خیرًا: اس نے اس سے نیکی کی۔
اَلْقَیْتُ اِلَیْہِ الْمَوَدَّۃَ وبِالْمَوَدَّۃِ: میں نے اس سے محبت کی۔
— من: پھینکنا۔ قائم مقام ہونا۔
تَلَقَّی و الْتَقَی: ملنا۔
— ہ منہ: سیکھنا۔
— المرأۃ: عورت حاملہ ہو گئی۔
تَلَاقَی و الْتَقَی: ایک دوسرے سے ملنا
اِسْتَلْقَی علی قَفَاہُ: وہ چت لیٹ گیا
— من الھواء: اس نے اس کو ہوا میں پکڑ لیا۔
لَقیً ج اَلْقَاء: پھینکی ہوئی ردی چیز۔
لَقْیَۃٌ ج لُقیً: ملاقات۔ پانا۔
لِقَاء و لُقْیَا و تِلْقَاء: آمنے سامنے کی ملاقات۔
لِقَایَۃ: اتفاقیہ ملی ہوئی چیز۔
لَقَانَۃ: راستہ کا درمیان۔
تِلْقَاءَہ: مقابل ہیں۔
مِن تِلْقَاءِ نَفْسِہِ: اپنے ہی پاس سے خود بخود بغیر کسی کے مجبور کرنے کے۔
لَقِیٌّ (م) لَقِیَّۃ: سامنے آنے والا۔
ھُمَا لَقِیَّان: وہ دونوں ایک دوسرے سے ملنے والے ہیں۔
اُلْقِیَّۃ ج اَلَاقِیّ: چیستان۔
اَلَاقِیّ: مصائب۔ حادثات۔
مُلْقیً عَلَی: سہارا لینے والا۔
مَلْقیً و مُلْتَقیً: ملاقات کی جگہ۔ ملنے کی جگہ۔ دو سڑکوں کے ملنے کی جگہ۔ دو ندیوں کے ملنے کی جگہ
یَوْمُ التَّلَاقِی: روز قیامت۔
مُلْقیً: مصائب سے آزمایا ہوا۔ ڈھالا ہوا۔ پھینکنے کی جگہ۔
فنَادُہ مُلْقی الرجال: وہ بڑا مہمان نواز ہے

— و مُلَقَّی و مَلْقِیّ: ہمیشہ مصائب زدہ۔ نامبارک۔
مُتَلَقٍّ: حاملہ (عورت)
لَکَّ ـُ لَکًّا: گردن پر مکا مارنا۔ دبانا۔ ہڈی سے جدا کرنا۔ (گوشت) ملانا۔ لک سے رنگنا (چمڑا)
اِنْتَکَّ: دبایا جانا۔ نچوڑا جانا (پھول) بھیڑ کرنا۔
اِلْتَکَّ فی: غلطی کرنا۔ (کلام میں) دیر لگانا
لَکّ: گوشت۔ سرخ رنگ جس سے بکریوں کی کھال رنگی جاتی ہے۔
لِکَاکٌ ج لُکُکٌ و لِکَاکٌ: بھیڑ۔ سخت گوشت والی اونٹنی۔
لَکٌّ ج اَلْکَاک و لُکُوک: ایک لاکھ
لُکّ: لاکھ۔ سخت و پرگوشت
لَکَّۃ ج لَکَّات: مکا۔
لُکَیْکَۃ: سخت گوشت والی (اونٹنی)
لَکَّاء: لاکھ سے رنگا ہوا (چمڑہ)
رَجُلٌ لُکِّیٌّ: موٹا و سخت گوشت والا آدمی
لُکَیْک ج لِکَاک: گنجان لشکر۔ سخت گوشت۔ موٹے سخت گوشت والا۔ تارلک۔ ایک کمزور درخت۔
— و مُکَکَّک: مضبوط و سخت گوشت والا
لَکَأَ ـَ لَکْأً و بِہِ الأرضَ: اس نے اس کو زمین پر گرا دیا۔
— : مارنا (چابک) حق دینا۔
لَکِئَ ـَ لَکَأً ب: ٹھہرنا (جگہ میں) چمٹنا۔
تَلَکَّأَ علی: عذر کرنا۔ بہانہ کرنا۔
— عن: دیر لگانا۔ توقف کرنا۔
لَکَثَ ـُ لَکْثًا: زیادہ بوجھ ڈالنا۔
— ب: مارنا (کوڑے سے)
لَکِثَ ـَ لَکَثًا: منہ پر پھنسی والا ہونا۔

(اونٹ)
— الوسخُ علیہ و بہ: اس پر میل جم گئی۔
لَکَث و لُکَاث: اونٹ کے منہ پر کی پھنسیاں۔
لُکَاث: چونے کے سفید چمکنے والے پتھر۔ ریت میں چمکنے والے ذرات۔
لُکَّاث: چونہ بنانے والا۔
لَکَثٌ: میل جو دودھ سے برتن میں جم جائے۔
لَکَحَ ـَ لَکْحًا: مکا مارنا۔
لَکَدَ ـُ لَکْدًا: ہاتھ سے مارنا یا ہٹانا
لَکِدَ ـَ لَکَدًا عَلَی: چمٹنا (میل)
— و تَلَکَّدَ ب: پرگوشت ہونا چمٹ جانا (میل)
لَاکَدَ: درست کرنا (بیڑی) چمٹنا۔
لَکِد: حریص۔ بدخلق۔
اَلْکَدُ: پنچ یا بے اصل۔
مِلْکَدَۃ: کوٹنے کا دستہ۔
مُلَاکِد: اپنی بیڑی کو آرام کے لئے اِدھر اُدھر کرنے والا (قیدی)
لَکَزَ ـُ لَکْزًا: مکا مارنا۔
لَاکَزَ و تَلَاکَزَ: مکا بازی کرنا
لَکِز: حریص۔ بخیل۔
لِکَازٌ: چیتھڑا جو دُھرے کے سوراخ میں اس کو تنگ کرنے کے لئے رکھا جاتا ہے
مُلَکَّزٌ: ذلیل۔
لَکِسٌ شَکِسٌ: بدخلق (آدمی)
لَکَشَ ـِ لَکْشًا: مکا مارنا۔
لَکَضَ ـُ لَکْضًا: مکا مارنا۔
لَکَعَ ـَ لَکْعًا: کھانا۔ پینا۔ ماں کے پستان کو ٹکر مارنا۔ ڈسنا (بچھو) ملامت کرنا

تَرَکْتُہٗ یَلْکَعُ : میں نے اس کو کھانا چٹتا چھوڑا۔
لَکِعَ ۔ لَکَعًا و لَکَاعَۃً : کمینہ ہونا احمق ہونا۔
— لَکَعًا علی : چمٹنا (میل)
لُکَعُ و لَکُوع و لَکِیْع و اَلْکَعُ : کمینہ احمق۔ بدچلن۔
لَکَاعَۃ ج لُکَاعٌ : ایک خاردار پودہ
یا لَکَاعِ : اے کمینی۔
لِکْعٌ : پست قد۔
لُکَعٌ : غلام۔ کمینہ۔ چھوٹا بچہ۔ گدھے کا بچہ۔ بچھیرا۔
مَلْکَعَان مونث مَلْکَعَانَۃ : کمینہ
لُکْلُکٌ : پست قد۔
— و لُکَالِکٌ : موٹا اونٹ
لَکَمَ ۔ لَکْمًا : مکا مارنا۔ دھکیلنا
— السَّبِیْلَ : سیلاب نے نشان ڈال دیا۔
لَاکَمَ : ایک دوسرے کو مکا مارنا۔
لِکْمَۃ : مکا۔
لَکَّام و مِلْکَم و مُلَکَّم : سخت (گھر)
مُلَکَّمٌ : پھٹا ہوا انسانی موزہ۔
لَکِنَ ۔ لَکَنًا و لُکْنَۃً و لُکُوْنَۃً و لُکْنُوْنَۃً : گفتگو میں رکنا۔ زبان کا اٹکنا۔
لٰکِن و لٰکِنَّ (بجائے لَاکِن و لَاکِنَّ) : لیکن۔
لَکَن ج اَلْکَان : پیتل کی پرات۔
لُکْنَۃ : گفتگو میں رکاوٹ۔ غیر مہذب گفتگو
اَلْکَن (م) لَکْنَاء ج لُکْن : ہکلا۔
لُوکَنْدَۃ : ہوٹل۔ سرائے۔

لَکِیَ ۔ لَکًی ب : چمٹنا۔ مشتاق ہونا۔
لَکِیّ : خوگر۔ عادی۔
لِکَی و لِکَیْمَا : تاکہ۔
لِکَیْلَا : مبادا کہ۔
لَمْ : نہیں۔
لَمْ یَاْکُلْ : اس نے نہیں کھایا۔
لَمَّا : ابھی تک نہیں۔ صرف۔ بوجہ۔ چونکہ
لَمَّا جَاءَ نِی اَکْرَمْتُہٗ : جب وہ میرے پاس آیا۔ تو میں نے اس کی عزت کی۔
اِنْ کُلُّ نَفْسٍ لَمَّا عَلَیْہَا حَافِظٌ : نہیں کوئی جان مگر اس پر نگران ہے۔
لِمَ : کیوں۔ کس لئے۔
لَمَّ ۔ لَمًّا : جمع کرنا۔ چننا۔
لَمَّ اللّٰہُ شَعَثَہٗ : خدا اس کے کاموں کی پراگندگی کی اصلاح کرے۔
— و اَلَمَّ و اِلْتَمَّ ب : کسی کے پاس اترنا۔
لُمَّ : پاگل ہونا۔
اَلَمَّ : لغزشیں کرنا۔ پختگی کو پہونچنا۔ (درخت کھجور) بلوغت کو پہونچنا۔
— علی : کسی کے پاس آکر اتر پڑنا۔
— بِالْمَعْنَی : اس نے معنے کو جان لیا۔
— بِالذَّنْبِ : اس نے گناہ کیا۔
اِلْتَمَّ : زیارت کرنا۔ جمع ہونا (لوگ)
— بالقوم : قوم کے پاس جا اترنا۔
لَمّ ج لُمُوم : بے شمار گروہ۔
لَمَّۃ ج لِمَام : ملاقات۔ مجموعہ۔ سختی۔ مصیبت۔ مجلس۔
لُمَّۃ و لُمَام : دیوانگی۔
لُمَّۃ (مذکر و مونث) : ہمسفر۔ مونس۔ عورتوں کی جماعت۔
لِمَّۃ ج لِمَم و لِمَام : بالوں کی زلف جو کانوں کی لو سے متجاوز ہو۔ پراگندہ بال

لَامَّۃ : بدنظر۔ خوف۔
لِمَامًا : کبھی کبھی۔ شاذ و نادر۔
دَارٌ لَمُومَۃٌ : ملاقات کا مکان۔
اِلْمَام : تجربہ۔ علم۔
لَمَّام : جمع کرنے والا۔
مِلَمٌّ : مزدوری۔ (معاملہ) اپنے قبیلہ کے لوگوں کو جمع کرنے والا۔ سخت۔
رَجُلٌ مِلَمٌّ و مِعَمٌّ : لوگوں کی اصلاح کرنے والا۔ عام احسان کرنے والا مرد۔
مُلِمّ : ملاقات کرنے والا۔ پختگی کو پہونچنے والا۔
مُلِمَّۃ ج مُلِمَّات : حادثہ۔ پکنے کے قریب کھجور۔
مَلْمُوم : جمع کیا ہوا۔ مجنون۔
لَمَّا : اس کا استعمال دو طریقوں پر ہے۔ (۱) مضارع کو ماضی منفی کے معنے میں کر دیتا ہے جیسے لَمَّا یدخل (ابھی تک نہیں داخل ہوا) (۲) ظرف کے معنے دیتا ہے۔ جیسے لَمَّا اَنْ جَاءَ الْبَشِیْرُ (خوش خبری لانے والے کے آنے کے وقت میں)
لَمَأَ ۔ لَمْأً و علی و اَلْمَأَ علی : ہاتھ ڈالنا۔ سب لے لینا۔
اَلْمَأَ علی : قبضہ کرنا۔ چوری لے لینا۔ انکار کرنا۔ (حق سے)
اَلْمَأَتِ الدواب المکانَ : چارپایوں نے مکان کو خالی چھوڑ دیا۔
— و تَلَمَّأَ و اِلْتَمَأَ ب : لے لینا۔
— علی : گھیر لینا (زمین)
اُلْتُمِیَ : بدل جانا (رنگ)
مَلْمُوءَۃ : جگہ جو لی جائے۔ یا جس میں کوئی چیز پائی جائے۔ جال۔

لَمَجَ ـُ لَمْجًا : منہ کے اطراف سے کھانا۔
لَمَّجَ ب : کھانے سے پہلے دینا۔ (تھوڑی خوراک)
تَلَمَّجَ : تھوڑی خوراک کھانا۔
لَمَاج ولُمْجَة ج لُمَج : غذا سے پہلے کا ناشتہ۔
لَمَاجٌ : تھوڑی خوراک۔
مَاذُقْتُ لَمَاجًا : مں نے کچھ نہیں چکھا۔
لَمْج ولَمِج ولَمِيْج : بدشکل۔ بہت کھانے والا۔
مَلَاْمِج : منہ کے اطراف۔
مُلَمَّجٌ : ملائم وسخت (نیزہ)
لَمَحَ ـَ لَمْحًا والی والْمَح الی والْتَمَح : چوری دیکھنا۔ سرسری طور پر دیکھنا۔ (آدمی)
ـــ البَصَرُ : آنکھ نے دیکھا۔
لَمَح ـَ لَمْحًا ولَمَحَانًا وتَلْمَاحًا : چمکنا۔
لَمَّحَ اِلی : اشارہ کرنا۔
لَامَحْتُهٗ : میں نے اس کو چوری دیکھا
اَلْمَح : چوری دکھانا
اُلْتُمِحَ بَصَرُہٗ : اس کی نظر جاتی رہی
لَمْح : شہادت۔
لَاُرِيَنَّكَ لَمْحًا باصِرًا : میں تجھے بات صاف صاف دکھادونگا۔
لَمْحَة : نظر۔ چمکارا۔ سرسری نظر۔ خط وخال کی مشابہت۔
لَامِح ولَمُوح ولَمَّاح : چمکنے والا۔
لُمَّاح : تیز نظر والا (شکرا)
تَلْمِيْح ج تَلَامِيْح : اشارہ۔

مَلَامِح : خط وخال۔
فِيْهِ لَمْحَة او مَلَامِح من اَبِيْه : وُہ اپنے باپ کے مشابہ ہے۔
لَمَخَ ـَ لَمْخًا : طمانچہ مارنا۔
لَامَخ : طمانچہ مارنا۔
تَلَمَّخَ بِكَلَامٍ قَبِيْحٍ : بُری کلام کرنا۔
لَمَدَ ـُ لَمْدًا : عاجز ہونا۔ انکساری کرنا۔
لَمْدَان : عاجز۔ ذلیل۔
لَمَزَ ـِ لَمْزًا : آنکھ سے اشارہ کرنا عیب گیری کرنا۔ بدگوئی کرنا۔ غیبت کرنا۔ ہٹانا۔ مارنا۔
ـــ ہ الشَّيْبُ : اس پر بڑھاپا نمودار ہوا
لَامَزَہٗ : کنایہ سے بات کرنا۔ پھبتی ڈالنا
تَلَمَّزَ : مانگنا۔
ـــ فی السَّيْر : سیر میں جلدی چلنا۔
لَمَّاز ولُمَزَة : بہت نکتہ چینی کرنے والا۔ عیب گیر۔ چغلخور۔
لَمَسَ ـُـِ لَمْسًا ولَامَسَ : چھونا۔ ٹٹولنا۔
لَمَسَ : مانگنا یا ٹٹولنا۔
ـــ الشَّیْئُ : چھونے کے قابل ہونا چیز۔
ـــ زَيْدًا امرَاَۃً : اس نے زید کا عورت سے نکاح کرادیا۔
اَلْمَسَ : حاصل کرنے میں مدد کرنا۔ شادی کرانا۔
تَلَمَّسَ : بار بار مانگنا۔ التماس کرنا
اِلْتَمَسَ من : مانگنا۔ تلاش کرنا۔
لَمْس : چھونے کی قوت۔
لُمَاسَة : قریبی حاجت۔
اَلْمَاس : ہیرا۔
لَمُوس ج لُمُس : مشتبہ اصل والا۔ مشتبہ چال چلن والا۔
لَمِيْس : نرم ونازک عورت۔
لَمُوسَة : سڑک۔
لَوَاهٗ لَمَاسٌ او المُتَلَمِّسَة : اس نے اس کو مؤوف جگہ پر چھوا۔
لَا يَرُدُّ يَدَ لَامِسٍ : وہ اپنی حفاظت نہیں کرسکتا ۔
بَيْعُ المُلَامَسَة : سودا جو چیز چھونے سے کیا جائے۔
مَلْمَس : چھونا۔ چھونے کی جگہ۔
مَلْمُوس : صاف وپالش کیا ہوا یا ہاتھ سے چھوا ہوا۔
لَمَصَ ـُ لَمْصًا : میدہ کھانا۔ انگلی سے چاٹنا۔ چٹکی لینا۔ نقل اتارنا۔ عیب لگانا۔ منہ چڑانا۔
اَلْمَصَ : پہونچ میں ہونا (درخت) نرم انگوروں والی ہونا (انگور کی بیل)
لَمَصٌ : نشاستہ۔ میدہ۔
لَمُوص : کذّاب۔ فریبی۔ دھوکا باز غیبت کرنے والا۔ چغلی کھانے والا۔
لَمَطَ ـِ لَمْطًا : گھبرانا۔ مضطرب ہونا۔
ـــ بالرمح : نیزہ سے مارنا۔
اِلْتَمَطَ ب : لے لینا۔
لَمَظَ ـُ لَمْظًا وتَلَمَّظَ : چکھنا کھانے پینے کے بعد زبان سے ہونٹ چاٹنا۔ زبان سے کھانے کا بقیہ دانتوں سے نکالنا۔
لَمَظَہٗ و لَمَّظَهٗ من حَقِّهٖ : اس نے اس کا کچھ حق دیا۔
اَلْمَظ عَلَی : غصہ دلانا۔ ہونٹوں پر پانی ڈالنا۔

—ہ : نیزہ سے تھوڑی سی ضرب لگانا۔
— بِذَنْبِہٖ : دُم کو رانوں کے اندر دبانا (اُونٹ)
— الرجل : آدمی نے کمان کی تندی کس کر باندھی۔
تَلَمَّظَ : زبان کو اِدھر اُدھر پھیرنا۔ (سانپ)
مَا تَلَمَّظْتُ بِشَیْئٍ : میں نے کچھ نہیں چکھا۔
— بِذِکْرِہٖ : عیب لگانا۔
اِلْتَمَظَ : جلدی سے منہ میں ڈال لینا کھانا (خوراک)
اِلْتَمَظَ بِ : چاٹنا (ہونٹ) لپٹنا۔ چرانا۔
اِلْمَظَّ : نیچے کے ہونٹ پر سفید داغ والا ہونا (گھوڑا)
لَمَظٌ و لُمْظَۃٌ : گھوڑے کے نیچے کے ہونٹ کا سفید داغ۔
لَمَاظَۃٌ : زبان کی روانگی و خوش بیانی
لَمَاظٌ : چکھنے کی چیز۔
مَا لَہٗ لَمَاظٌ : اس کے پاس چکھنے کے لئے کچھ نہیں۔
اَلْمَظُ : نچلے ہونٹ پر سفید داغ والا (گھوڑا)
تِلِمَّاظٌ (م) تِلِمَّاظَۃٌ : دوستی میں ثابت قدم نہ رہنے والا۔
لُمْظَۃٌ : گھی وغیرہ کی تھوڑی مقدار جو انگلی سے اُٹھائی جائے۔
مَلَاظِ : ہونٹوں کا گھیرا۔

لَمَعَ — لَمْعًا و لَمَعَانًا و تَلَمَّعَ و اِلْتَمَعَ : چمکنا۔
— و اَلْمَعَ بِ : اشارہ کرنا (ہاتھ وغیرہ سے)
پھڑپھڑانا (پرندہ بازو) چھین لینا۔
— البَابَ : وُہ دروازہ سے نکلا۔
لَمَّعَ : مختلف رنگوں والا بنانا (کپڑا)
اَلْمَعَ : مرجھائے ہوئے پودوں والا ہونا (ملک) دم اٹھانا (بکری)
اَلْمَعَتِ الْاُنْثٰی : مادہ کے پیٹ میں بچہ نے حرکت کی۔
— بِ و عَلٰی : جھپٹا مار کر لے جانا۔
تَلَمَّعَ و اِلْتَمَعَ : جھپٹا مار کر لے جانا۔ چمکنا۔
اِلْتَمَعَ : متغیر ہونا (رنگ)
لُمْعَۃٌ ج لُمَعٌ و لِمَاعٌ : نباتات کا مرجھایا ہوا حصہ۔ جسم کا وُہ حصہ جو نہانے میں خشک رہ جائے۔ لوگوں کی جماعت۔ رنگ کی چمک۔
مَعَہٗ لُمْعَۃٌ مِنَ الْعَیْشِ : اس کے پاس گذارہ کے لئے ہے۔
تَلْمِیْعٌ ج تَلَامِیْعُ : گھوڑے کی جلد کا داغ۔ چمکنے والا۔
لَامِعَۃٌ ج لَوَامِعُ : متحرک روشنی۔
— و لَمَّاعَۃٌ : بچے کے سر کے تالو کا نرم حصہ۔
لَمَّاعَۃٌ : سراب والا ریگستان۔ گدھ
لَمُوْعٌ : تیزی سے جھپٹا مارنے والا عقاب۔ چمکنے والا۔
لَوَامِعُ : جگر۔
خَرَقَ اللَّوَامِعَ : اس نے جگر پھاڑ دیا۔
اَلْمَعُ و اَلْمَعِیٌّ و یَلْمَعِیٌّ : ذہین۔ تیز فہم۔
اَلْمَعِیٌّ و یَلْمَعِیٌّ : کذّاب۔
اَلْمَعِیَّۃُ : ذہانت۔
یَلْمَعُ : جھوٹا۔
ذَھَبَتْ نَفْسُہٗ لِمَاعًا : اس کی جان آہستہ آہستہ نکلی۔
یَلْمَعُ ج یَلَامِعُ : سراب۔ بے بارش بجلی چمکنے والا ہتھیار۔
مِلْمَعَا الطَّائِرِ : پرندہ کے بازو
اَرْضٌ مُلْمِعَۃٌ و مُلَمِّعَۃٌ و مُلْتَمِعَۃٌ چمکدار سراب والی زمین۔
مُلَمَّعٌ : عربی اور ترکی کی ملی جلی زبان۔ ابلق (گھوڑا)
مُلْمِعَۃٌ و مُلْمِعٌ : دم اٹھائی ہوئی (بکری)

لَمَقَ — لَمْقًا و لُمُوْقًا : لکھنا مٹانا۔ آنکھ پر تھپڑ مارنا۔ صاف کرنا (آنکھ)
— اِلٰی : دیکھنا۔
— بِ : نظر ڈال کر دیر تک دیکھنا۔
تَلَمَّقَ بِ : تھوڑی کھانا (خوراک)
یَلْمَقٌ : روئی دار کوٹ۔
لَمَقُ الطَّرِیْقِ : راستہ کا وسط۔
لَمَاقٌ : تھوڑی مقدار (خوراک وغیرہ سے)
مَا ذُقْتُ لَمَاقًا : میں نے کچھ نہیں چکھا۔
مَا بِالْاَرْضِ لَمَاقٌ : زمین چراگاہ نہیں

لَمَكَ — لَمْكًا : گوندھنا (آٹا)
مَا تَلَمَّكَ بِلَمَاكٍ : اس نے کچھ نہیں چکھا
لَمْكٌ و لِمَاكٌ : آنکھ میں ڈالنے کا سرمہ۔
لَمِیْكٌ : سرمہ ڈالا ہوا۔
لَمَاكٌ : چکھنے والی اشیاء
یَلْمَكٌ : مضبوط جوان۔

لَمْلَمَ : گول بنانا (پتھر کی) جمع کرنا (چیز)
لَمْلَمٌ و مُلَمْلَمٌ : بے شمار جمع شدہ لشکر۔
شَعْرٌ مُلَمْلَمٌ : تیل لگائے ہوئے بال۔

لُمْلُوْمٌ: جماعت۔ گروہ۔
مُلَمْلَمَۃٌ: مؤنث مُلَمْلَمٌ۔ ہاتھی کی سُونڈ۔

لَمَا ـُ لَمْوًا: کھا جانا۔ سب لے لینا۔
لُمَۃٌ ج لُمَاتٌ: جماعت۔ تین سے لیکر دس تک کے ساتھی۔ ہمعمر۔ بیوی جوڑے میں سے ایک۔ نمونہ

لَمَی ـَ لَمْیًا و لَمِیَ ـَ لَمًی: سیاہ ہونٹوں والا ہونا۔
اَلْمَی ب: چرانا۔
اُلْتُمِیَ: متغیر ہونا (رنگ)
تَلَمَّتِ الارض بہ و علیہ: زمین اس پر حادی ہوگئی۔
لَمًی و لِمًی و لُمًی: ہونٹ کے اندر کی سُرخی یا سیاہی۔
اَلْمَی (م) لَمْیَاءُ ج لُمْی: سُرخ ہونٹوں والا۔ گنجان (سایہ) گنجان سایہ والا (درخت)
سُمْرٌ اَلْمَی: مضبوط و سخت سُرخ نیزہ۔

لَنْ: فعل مضارع کو نصب دینے کا حرف اور نفی استقبال کا کام دیتا ہے۔
لَنْ اَفْعَلَ المُنْکَرَ: میں کبھی بدی نہیں کرونگا۔
لَنْ تَزَالُوْ مَلْجَأً الفقیر: تم ہمیشہ فقیر کی جائے پناہ رہو۔ (لن دعا کے لئے استعمال)

لَہْلَہ: بنا۔ باریک کپڑا)
لَہْلَہ: کمزور (گفتگو یا نظم)
لُہْلُہٌ و لُہْلُہَۃٌ ج لَہَالِہ: چمکنے والا ریگستان۔
لَہَّ ـُ لَہًّا: اچھے بنانا (شعر)

لَہِب ـَ لَہْبًا و لَہَبًا و لَہِیْبًا و لُہَابًا و لَہَبَانًا: زور سے بھڑکنا (آگ)
لَہِبَ ـَ لَہَبًا و لَہَبَانًا: پیاس سے جلنا۔
لَہَّبَ و اَلْہَبَ: بھڑکانا (آگ)
اَلْہَبَ: تیز رفتاری میں غبار اُڑانا (گھوڑا) بار بار چمکنا (بجلی)
ـــ ل: جوش دلانا۔ اکسانا۔
تَلَہَّبَ و اِلْتَہَبَ: بھڑک اُٹھنا۔
ـــ و اِلْتَہَبَ جُوعًا: وُہ بھوک سے جلا
اِلْتَہَبَ: غصہ سے جلنا۔
لِہْبٌ ج اَلْہَابٌ و لُہُوبٌ و لِہَابٌ و لِہَابَۃٌ: دو پہاڑوں کے درمیان کا گڑھا یا کشادگی۔ پہاڑ کی دراڑ۔
لُہَابٌ: پیاس۔
لُہَابَۃٌ: ایک قسم کی کملی جس میں پتھر رکھکر بوجھ یا ہودج کی ایک طرف کو نیچا کیا جاتا ہے
لَہَبٌ و لَہِیبٌ: آگ کی بھڑک۔
ـــ: اُڑنے والا غبار۔
لُہْبَۃٌ و لَہَبَانٌ و لُہَابٌ: شدید پیاس
لَہَبَانٌ: سخت گرمی۔ گرم دن۔
لُہْبَۃٌ: خالص سفیدی۔
اُلْہُوبٌ: گھوڑے کی شدت کی تیزی۔
لَہْبَانُ (م) لَہْبَی ج لِہَابٌ: پیاس سے جلا ہوا۔
مُلْہِبٌ: تیز رفتار غبار اُڑانیوالا (گھوڑا)
مُلَہَّبٌ: کم سُرخی والا کپڑا۔

لَاہُوتٌ (ضد ناسُوت) صفت ذات الٰہی۔
لَاہُوتِیٌّ: علم الٰہی کا عالم۔
عِلْمُ اللَّاہُوتِ: تھیالوجی۔ دینیات

لَہَثَ ـَ لَہْثًا و لُہَاثًا و الْتَہَثَ زبان نکالنا (کتّا)
لَہِثَ ـَ لَہَثًا و لَہَثَانًا و لُہَاثًا: پیاسا ہونا۔
لُہْثَۃٌ: تکان۔ پیاس۔
لُہَاثٌ: پیاس کی گرمی۔ موت کی شدت کھجور کے پتوں کے سُرخ داغ۔
لَہْثَانُ (م) لَہْثَی: پیاسا۔

لَہِجَ ـَ لَہَجًا و اُلْہِجَ ب: عادی ہونا۔
ـــ: چوسنا (جانور کے بچے کا ماں کے تھنوں کو)
لَہَّجَ: ناشتہ کھلانا۔
اِلْہَاجٌ: پیچیدہ ہونا۔ جمنا (دودھ) اونگھ سے بند ہونا (آنکھ)
لَہْجَۃٌ: زبان یا نوکِ زبان۔ لہجہ
لُہْجَۃٌ: خوراک سے پہلے کا ناشتہ۔
لَہِجٌ و لَاہِجٌ ب: عادی۔ شوقین
مُلَہَّجٌ: اونگھنے والا۔ سونے والا۔
مُلْہَاجٌ: پیچیدہ۔

لَہْوَجَ و تَلَہْوَجَ: نیم پختہ کرنا (گوشت) خام کرنا (کام)
ـــ: ملا دینا۔

لَہْجَمٌ: چوڑی اور عام چلنے والی سڑک۔
تَلَہْجَمَ: واضح نشان والی ہونا۔ (سڑک)
ـــ بالشیئ: چیز کا مشتاق ہونا۔

لَہَدَ ـَ لَہْدًا: تھکانا۔ دبانا۔ (بوجھ کا جانور کو) چاٹنا یا کھانا۔
ـــ و لَہَّدَ: مار کر پیچھے ہٹانا۔ دبانا۔
اَلْہَدَ: ظلم کرنا۔ نقصان دینا۔
ـــ ب: حقارت یا سختی سے پیش آنا۔ ایک آدمی کو پکڑ کر دوسرے کو اسے مارنے دینا
ـــ علی: کسی کے خلاف مدد دینا۔

— الی الاساس: سست ہونا۔
لَهد: ٹانگوں کی کمزوری۔ اونٹ کی چھاتی کی پھنسی۔
لُهاد: ہچکی۔ آہ۔
لَهید: زیادہ بوجھ لدا ہوا یا تھکا ہوا (جانور)
لَهیدَة: ایک قسم کا نرم حلوا۔
لَهذَب: ہمیشہ رہنے والی چیز۔
لَهذَم و تلهذم: کاٹنا۔
تلهذم: کھانا۔
لَهذَم (ج) لَهاذِم و لَهاذِمَة تیز۔
لَهاذِمَة: چور۔
لَهَزَ = لَهزًا ہ القتیرُ: اس میں سفیدی ظاہر ہوئی۔
— القومَ: قوم میں مل جل جانا۔
— و لَهَّزَ: چھاتی پر مارنا۔
لَهَزَ ضَرعَ اُمّہ: بچّے نے اپنی ماں کے تھنوں پر ٹکر ماری۔
لاهِز: دشوار گزار پہاڑی۔
دائرة اللاهز: گھوڑے کے جبڑے پر کا بالوں کا ستارہ۔
لَهزَة: جبڑے کی ابھری ہوئی ہڈی
مَلهُوز: سفید بالوں والا۔
لِهزٌ: سخت۔
مِلهَزٌ: جبڑے کی ہڈی اور گردن پر ٹکا مارنے والا۔
لَهزَم: ظاہر ہونا (بڑھاپا رخسار کا)
لِهزِمَة مث لِهزِمَتان ج لَهازِم: کان کے نیچے کی ابھری ہوئی ہڈی۔
لَهَس = لَهسًا: چاٹنا۔

لَهَس و لاهَس علی: بھیڑ کرنا (کھانے پر)
لاهَس الی: جلدی جانا۔
لُهسَة و لُهاس و لُهاسَة: تھوڑی خوراک۔
لُهسَة: ایک چاٹ۔ تھوڑی چیز۔
لاهِس ج لَواهِس: پھرتیلا چست۔
لَهسَمَ: سب کھا جانا (دسترخوان سے)
لَهاسِمُ: وادی کی تنگ جگہیں۔
لَهَطَ = لَهطًا: تھپڑ مارنا۔ سیا (کپڑا)
— ب: مارنا (تیر)
— بہ الارض: اس نے اس کو زمین پر گرا دیا۔
— یوم تلدها: بچہ جننا (عورت)
لَهطَة من الخبر: افواہ۔
لَهِع = لَهعًا و لَهاعَة: غافل ہونا۔ ہر ایک کی بات تسلیم کرنا۔
لَهِع = لَهعًا: باچھیں کھول کر کلام کرنا۔
لَهِع و لَهِع و لَهیَع: ہر ایک کی بات مان لینے والا۔
لَهاعَةٌ: غفلت
لَهیعَة: غفلت۔ سستی۔ خرید و فروخت میں سستی
رجل فیہ لَهیعَةٌ: اس مرد میں غفلت ہے۔
لَهِف = لَهفًا و تَلَهَّف علی: کھوئی ہوئی چیز کا افسوس کرنا۔
لُهِفَ لَهفًا: ظلم کیا جانا۔
لَهَّف: کسی پر افسوس کرنا۔ فریاد چاہنا۔
اَلهَف الی: حریص ہونا۔ لالچ کرنا۔
اِلتَهَف: دل شکستہ ہونا۔ بھڑکنا (آگ)
لَهف: افسوس۔ رنج۔
یا لَهفی علیک: میں تجھ پر کسقدر غم کھاتا ہوں

یا لَهفَ فلان: فلاں پر کس قدر رنج یا افسوس ہے۔
یا لَهفَ و یا لَهفا و یا لَهفاہ: میں کس قدر ناخوش ہوں یا افسوس آہ نقصان
یا لَهفَة و یا لَهفَتاہ: ہائے افسوس کس قدر نقصان۔
لَهفان (م) لَهفَی ج لُهف و لَهافی: غمناک۔ اداس۔
لاهِف و لَهیف القلب ج لُهّاف: شکستہ و غمگین دل والا۔
لَهُوف: اداس۔ لمبا۔ موٹا۔
مَلهُوف: غمگین۔ فریاد کرنے والا (مظلوم)
لَهِق و لَهِق = لَهقًا و لَهَقًا و تَلَهَّق: بہت سفید ہونا۔
تَلَهَّق: زیادہ گفتگو کرنا۔
لَهَق و لَهِق و لِهاق: سفید رنگ کا بیل۔
لَهَقَة و لَهِقَة و لِهاق: سفید گائے۔
لَهَق و لَهِق م لَهَقَة و لَهِقَة ج لِهاق: بہت سفید
مُلَهَّق: سفید۔
لَهوَقَ و تَلَهوَقَ: بکواس کرنا۔ شیخی بگھارنا۔
لَهوَقَ العمل و تَلَهوَق فی: بھدّے طور سے مرمت کرنا۔
لَهِمَ = لَهمًا و لَهَمًا و تَلَهَّم و اِلتَهَم: ہڑپ کر جانا۔ یکبارگی نگل جانا
اَلهَم: توفیق دینا۔ وحی کرنا۔ نگلوانا
اِلتَهَم ما فی الضرع: اس نے تھن کا تمام دودھ پی لیا۔
اُلتُهِم: بدلنا (رنگ)

اِسْتَلْہَمَ : الہام کی دُعا کرنا۔
لِہْمٌ ج لُہُوم : بوڑھا۔عمر رسیدہ
لَہِمَ و لَہُمَ ولَہُوم ولَہِیم و
مِلْہَمٌ : کھاؤ۔پیٹو۔
اِلْہَامٌ ج اِلْہَامَات : دل میں ڈالی ہوئی بات۔الہام۔وحی۔
لُہَام : بڑا لشکر۔
لُہْمَةٌ : مٹھی بھر ستو۔
لُہَیْم : دیگ۔
اَللُّہَیْم و اُمُّ اللُّہَیْم : مصیبت تپ۔موت۔
لِہَمٌّ : بہت بخشش کرنے والا۔بڑا سمندر۔عمدہ سبقت لے جانیوالا گھوڑا آدمی) بہت کھانے والا۔
لُہْمُومٌ : بڑا لشکر۔بہت برسنے والا بادل۔عمدہ گھوڑا۔بہت دودھ دینے والی اونٹنی۔
لَہَامِیمُ : سخی لوگ۔
لِہْمِیمٌ : سبقت لے جانیوالا گھوڑا۔

لَہَّنَ د ل : ناشتہ کھلانا۔سفر سے آنے والیکا تحفہ دینا۔
— و اَلْہَنَ : سفر سے آیو الیکو تحفہ دیا
تَلَہَّنَ : ناشتہ کھلانا۔
لُہْنَةٌ ج لُہَن : تحفہ جو سفر سے آنیوالا دے۔یا اس کو دیا جائے۔غذا سے پہلے کا ناشتہ

لَہَا ـُ لَہْوًا ب : شوقین ہونا۔بہلانا۔دل لگی کرنا۔بھولنا۔
— ـُ لَہْوًا و لُہُوًّا الی : خوش ہونا — : کھیلنا۔
— لُہِیًّا و لِہْیَانًا عن : غافل ہونا و بھولنا۔

لَہِیَ ـَ لَہَاب : محبت کرنا۔
— و تَلَہَّی و الْتَہَی عن : خیال ہٹانا تسکین پالینا۔
لَہَّی عن : مشغول کردینا۔خیال ہٹا دینا۔
— ب : بہلانا۔
لَاہَی : نزدیک آنا۔جھگڑنا۔دودھ چھڑانے کے نزدیک پہونچنا (بچہ)
اَلْہَی : اپنے آپ کو راگ سے بہلانا۔
اَلْہَی عن : غافل کرنا (کھیل)
— فُلَانٌ الشَّیَٔ : فلاں نے عاجز آکر چیز کو ترک کردیا۔
— الرَّحَی و فی الرَّحَی : چکی میں گالا ڈالنا۔
تَلَہَّی و تَلَاہَی و الْتَہَی ب : اپنے آپ کو بہلانا۔
اِسْتَلْہَی : ٹھہرانا۔
لَہْو : کھیل۔بہلاوا۔شغل۔غافل کرنے کی چیز۔عورت۔اولاد۔
لُہَاء : مقدار۔
ہُمْ لُہَاءُ مِائَةٍ : وہ سو کے قریب ہیں
لَہَاةٌ ج لَہَوَات و لَہَیَات و لُہِیٌّ و لَہًا و لِہَاء : گلے کا کوا
لَہْوَةٌ و لُہْوَةٌ ج لُہًی : چکی کا گالا۔تحفہ۔افضل عطیہ۔
لُہْیَةٌ : عطیہ۔افضل عطیہ
مِعْطَاءُ اللُّہَی : فیاض۔
تَلْہِیَةٌ و اُلْہُوَّةٌ و اُلْہِیَّةٌ : بہلاوا۔شغل۔کھیل۔
زَیْدٌ لَہُوٌّ عن الخَیْر : زید بھلائی سے بہت غافل ہے۔
لَاہٍ ج لَاہُون : بے پرواہ بچے۔
مِلْہَی ج مَلَاہٍ : کھیل کی چیز۔کھلونا۔کھیل
مَلَاہٍ : گانے کے آلات۔
مَلْہًی ج مَلَاہٍ : کھیل کی جگہ یا وقت کھیل۔جگہ۔
مُلْہٍ : بہلانیوالا (آدمی) گویا۔

لَہْوَقَ و تَلَہْوَقَ : بناوٹی سخی یا دینیدار بننا۔
— فی العَمَلِ : کام اچھی طرح سے نہ کرنا۔

لَوْ : یہ حرف چھ طرح پر استعمال ہوتا ہے
(۱) زمانہ ماضی میں شرط کے معنے میں جیسے لَوْ جَاءَنِی لَاَکْرَمْتُہٗ : اگر وہ میرے پاس آتا۔تو میں اس کی عزت کرتا۔
(۲) زمانہ مستقبل میں شرط کے معنے میں۔جیسے لو تَلْتَقِی اصداءُنا بعد موتنا کاش کہ ہمارے اصداء موت کے بعد ملتے۔
(۳) مصدریہ بمعنے ان لیکن یہ نصب نہیں دیتا عموماً ودّ یودّ کے بعد آتا ہے۔جیسے وَدُّوْا لَوْ تَأْتِیْہِمْ : وہ چاہتے ہیں۔کہ تو ان کے پاس آئے۔
(۴) تمنا کے لئے اس وقت اس کا جواب منصوب اور فاء سے ہوتا ہے۔جیسے لَوْ تَأْتِیْنِی فَتُحَدِّثَنِی : کاش کہ تو میرے پاس آتا اور مجھسے باتیں کرتا۔
(۵) عرض کے لئے مثل اَلَا۔اس کا جواب بھی منصوب اور فاء سے آتا ہے۔جیسے لَوْ تَنْزِل عندنا فَتُصِیْبَ خَیْرًا : اگر تو ہمارے پاس اترتا۔تو بہتری پاتا۔
(۶) تقلیل کے لئے جیسے تَصَدَّقُوْا و لَوْ بِظِلْفٍ مُحْرَقٍ : تم خیرات کرو۔خواہ جلے ہوئے کھر سے۔

لَاَبَ ـُ لَوْبًا و لُوَابًا و لَوَبَانًا :

پیاسا ہونا۔ پانی کے گرداگرد پھرنا۔

لَوَّبَ: خوشبو لگانا یا ملنا۔

اَلْاَبَ: پیاسے جانوروں والا ہونا۔

لَائِبٌ ج لُوُوبٌ و لُوبٌ: پانی سے دور پیاسا۔

لَابٌ: حبشی۔ نوبیا کا باشندہ۔

نَعَمٌ لَابٌ: بے شمار ریوڑ۔

لَابَۃٌ: سیاہ اونٹوں کا گروہ۔

—ج لَابَاتٌ و لُوبَۃٌ ج لُوبٌ: پتھریلی زمین۔

لَابَۃٌ و لُوبَۃٌ: سیاہ پتھروں کا قطعہ

لُوبَۃٌ: حبشی۔ علیحدہ رکھی ہوئی قوم۔

لُوبِیٌّ: نوبیا کا باشندہ

لُوبِیَاءُ و لُوبِیَا و لُوبَاءُ: لوبیا۔ سیم

مَلَابٌ: زعفران کی مانند ایک قسم کی خوشبو۔

مُلَوَّبٌ: پیچدار لوہا۔

لَوْلَبٌ ج لَوَالِبُ: نل۔ پانی اترنے کا سوراخ (پرنالہ) پیچدار سیڑھی پیچ۔ میخ۔ ٹونٹی۔ سپرنگ۔

لَاتَ ۔ لَوْتًا: سوال کے جواب سے بچنا۔ ٹالو اں جواب دینا۔ چھپانا (خبر)

— و اَلَاتَ عَنْ: روکنا۔

لَاتَ حِينَ: یہ موقع نہیں۔ یہ وقت نہیں۔

لَاتُ: ایک بُت کا نام۔

لَاثَ ۔ لَوْثًا: لپیٹنا (پگڑی) ہلانا چبانا۔ بھگونا۔ رہنا (گھر پر)

— ب: چمٹنا۔ پناہ لینا۔

— بِهِ النَّاسُ: لوگ اس کے گرداگرد جمع ہوئے۔

— و لِوثَ ۔ لَوَثًا و اِلْتَاثَ فِی: دیر لگانا۔ سستی کرنا (کام میں)

— عَنِ الْحَاجَۃِ حاجت کے پورا کرنے میں دیر لگانا۔

— ہ بِالطِّينِ: مٹی سے لتھیڑنا۔

مَا لَاثَ فُلَانٌ اَنْ غَلَبَ: وہ غالب آنے سے نہ رکا۔

لَوَّثَ گدلا کرنا (پانی) ملانا (چیز)

— ب: ملانا (بھوسے کو چارے سے) لتھیڑنا (کیچڑ سے)

— ہ عَنْ: روکنا۔

— الْاَمْرَ: پیچیدہ ہونا کام

اَلَاثَ مَالَہٗ بِفُلَانٍ: اس نے اپنا مال فلاں کے سپرد کیا۔

تَلَوَّثَ ب: لتھڑنا۔

اِلْتَاثَ: لپٹنا۔ مضبوط ہونا۔ موٹا ہونا۔ اپنے آپ پر قابو رکھنا۔ پیچیدہ ہونا۔ (معاملہ)

— فِی: رک جانا (کلام میں)

— ب: لتھڑنا (خون سے) بال چمٹنا (قلم سے)

لَوْثٌ: پگڑی کا پیچ۔ قوت۔ زخم۔ کمزور ثبوت۔ برائی۔ کینہ۔

لَوَثٌ و لُوثَۃٌ: کمزوری۔ استرخاء۔

لِيثٌ: لپٹا ہوا پودہ۔

لَبِّيثٌ (م) لَبِيثَۃٌ: لپٹا ہوا پودہ۔ سفید و سیاہ داڑھی۔

لُوَاثٌ: آٹا جو دسترخوان پر اس لئے چھڑکا جاتا ہے۔ تاکہ گوندھا ہوا آٹا اس سے نہ چپٹے۔ (پلیتھن)

لُوَاثَۃٌ: بمعنے لُوَاثٌ جماعت۔ ہر کام میں دخل دینے والا۔

لَاثٌ و لَائِثٌ: لپٹے ہوئے پودے۔

لَوْثَۃٌ: ایک بار۔ حماقت

لُوثَۃٌ: دیر۔ کمزوری۔ بے وقوفی۔ زبان کی رکاوٹ۔ اثر جنون۔ گوشت و چربی کی زیادتی

لِوِيثَۃٌ: جماعت۔ گروہ۔

اَلْوَثُ (م) لَوْثَاءُ ج لُوثٌ: ڈھیلے جسم والا۔ سست رفتار۔ کمزور عقل والا مضبوط۔ موٹی زبان والا۔

مَلَاثٌ و مِلْوَثٌ ج مَلَاوِثُ و مَلَاوِثَۃٌ و مَلَاوِيثُ: مرکز۔ پناہ۔ بارسوخ شریف سردار۔ چول۔ کیل جس پر کوئی چیز گھومتی ہے۔

هُمْ مَلَاوِثُ: وہ اشراف ہیں۔

مُلَيَّثٌ: موٹاپے کی وجہ سے سست چال والا۔

لَاجَ ۔ لَوْجًا: بڑبڑانا۔ منہ میں پھیرنا (چیز)

لَوَّجَ بِنَا الطَّرِيقُ: وہ ہمیں پیچیدہ راستہ سے لے گیا۔

لَوْجَاءُ: ضرورت۔ حاجت۔

لَاحَ ۔ لَوْحًا و اَلَاحَ: ظاہر ہونا چمکنا (بجلی)

لَاحَ اِلَی: دیکھنا۔

— و لَوَّحَ: رنگ بدلا دینا (پیاس سفر)

لَاحَ ۔ لَوْحًا و لُوحًا و لُوَاحًا و لُؤُوحًا و لَوَحَانًا: پیاسا ہونا۔

لَوَّحَ: دور سے اشارہ کرنا۔ بچے کو کھلانا روشنی کے سامنے دیکھنا (انڈا)

لَوَّحَ و اَلَاحَ ب: ہلانا۔

لَوَّحَ: سفید بالوں والا کرنا (بڑھاپا)

— بِالْعَصَا: اس نے اس پر چھڑی اٹھائی

لَوَّحَ بِالنَّارِ: اس نے اس کو آگ میں گرم کیا۔

اَلَاحَ: ہلاک کرنا۔

— بِحَقِّہٖ : وُہ حق لے گیا۔
— من : ڈرنا۔ شرمانا۔
— علی : اعتماد کرنا۔
اِلْتَاحَ : بہت پیاسا ہونا۔
اِسْتَلَاحَ فی : غور سے دیکھنا۔
لَوْحٌ ج اَلْوَاحٌ و اَلَاوِیْحُ : تختہ۔ تختی۔ ہر ایک چوڑی چیز۔ نظر۔ چوڑی چپٹی ہڈی
لَوْحُ حَدِیْدٍ : لوہے کی چادر۔
اَلْوَاحُ السِّلَاحِ : چمکنے والے ہتھیار
لُوحٌ : پیاس۔ کرہ ہوائی۔
لَائِحَۃٌ ج لَوَائِحُ : ظاہری شکل۔ خط و خال۔ رجسٹر۔ Diplomatic note۔
لَیَاحٌ و لِیَاحٌ : بہت سفید۔ صبح۔ جنگلی بیل۔
تَلْوِیْحَات : کتاب کے حواشی یا نوٹ
مِلْوَحٌ و مِلْوَاحٌ و مِلْیَاحٌ : جلدی پیاسا ہونے والا۔
مِلْوَاحٌ : دُبلا۔ پتلا۔ لمبا۔ جلدی دُبلی ہونے والی عورت۔ الو جو باز کا شکار کرنے کے لئے ٹانگ سے باندھا جائے
مُلْتَاحٌ : پیاس یا سفر یا دھوپ سے متغیر رنگ والا۔
رِقْدٌ مُّلَوَّحٌ : آگ سے متغیر رنگ والا تیر۔
لَاخَ ـُ لَوْخًا : ملانا۔
اِلْتَاخَ : ملنا۔ خمیرہ ہونا (آٹا) اُٹھنا (خمیر)
لَوِدَ ـَ لَوَدًا : باغی ہونا۔ غیر مطیع ہونا۔
اَلْوَدُ : نہ مطیع ہونیوالا۔ سرکش۔ موٹی گردن والا۔
لَاذَ ـُ لَوْذًا و لِوَاذًا و لُوَاذًا و لِیَاذًا و لَاوَذَ مُلَاوَذَۃً و اَلَاذَ ب : پناہ گیر ہونا۔
لَاذَ و اَلَاذَ الطَّرِیْقُ بالدَّارِ : راستہ گھر تک پہونچ گیا۔
لَاوَذَ : مخالفت کرنا۔ روکنا۔ مدارات کرنا۔ (قوم کی)
— عن : قریب سے نکل جانا۔ بچکر نکل جانا
— بالقوم : قوم کو گھیرنا۔
لَوْذٌ ج اَلْوَاذٌ : وادی کا موڑ۔ پہاڑی کا پہلو۔
یَطُوْفُ اَلْوَاذَ البِلَادِ : وُہ ملک کے اطراف میں پھرتا ہے۔
ھُوَ لَوْذُہٗ : وُہ اس کے نزدیک ہے۔
لَاذَۃٌ ج لَاذٌ : ریشم کا سُرخ کپڑا۔
لَوْذَان : کنارہ۔ ملک۔
تَلْوَاذٌ : اسم بمعنے ملاذۃ
لِوَاذٌ : قریب
مَلَاذٌ و مَلْوَذَۃٌ ج مَلَاوِذُ : قلعہ جائے پناہ۔ پناہ۔
مِلْوَذٌ ج مَلَاوِذُ : تہبند۔
لُوْثٌ : پیوسی کے بعد کا دودھ (اُنْبُو)
لَازَ ـُ لَوْزًا الی : پناہ لینا۔
— : کھانا۔
— من : خلاصی پانا۔
لَوَّزَ : باداموں سے بھرنا۔
لَوْزٌ (مفرد لَوْزَۃٌ ج لَوْزَات) بادام (درخت یا پھل)
لَوْزَتَان : سرین کے دونوں گڑھے گلے کی دو گلٹیاں Tonsils
عَوِزٌ لَوِزٌ : غریب مفلس۔
لَوْزِیٌّ : بادامی شکل کا۔
لَوْزِیَّۃٌ و لَوْزِیْنَج : بادام کی روٹی۔
لَوَّازٌ : بادام فروش۔
مَلَازَۃٌ : بہت بادام کے درختوں والی (زمین)
مَلَاذٌ : جائے پناہ۔
مُلَوَّزٌ : بادام ڈالی ہوئی کھجوریں۔ خوبصورت چہرہ
لَاسَ ـُ لَوْسًا : مشتاق ہونا (مٹھائی کا) چکھنا (چیز)
— الشیْءَ فی فَمِہٖ : اس نے چیز کو اپنے منہ میں چکر دیا۔
لُوَاسَۃٌ : لقمہ۔
لَوَاس و لَوُوس : چکھنے کا لقمہ۔
لَائِس و لَوُوس و لَوَّاس و اَلْوَس : مٹھائیوں کا مشتاق۔ طعام۔
لَاشَ ـُ لَوْشًا و لَوَّش : بہت تھکا ہوا ہونا۔
لَوَّشَ : تھکانا۔
لَاش (بجائے لاشیءَ) : کچھ نہیں۔
لَاصَ ـُ لَوْصًا و لَاوَصَ : دروازہ کی دراڑ میں سے دیکھنا۔
لَاصَ عن : الگ ہو جانا۔ رک جانا۔
— من : ناراض ہونا۔
لَوَّصَ : خالص شہد کھانا۔
لَاوَصَ الی : غور سے دیکھنا
— عن : دھوکا دینا۔
لَاوَصَ الشَّجَرَۃَ : کلہاڑی سے درخت کاٹنے کے لئے اس نے ادھر ادھر دیکھا
اَلَاصَ علی : چکر دینا۔
مَا اَلَصْتُ مِنْہُ : میں نے اس سے لینے کا ارادہ نہیں کیا۔

اُلِيْصَ: خوف زدہ ہونا۔ لرز جانا۔

تَلَوَّص: لپٹنا۔ لوٹ پوٹ ہونا۔

لَوْص: گلے کا درد۔ کان کا زخم۔

لَوْصَة: پیٹھ کا درد۔ تھکاوٹ۔ ناراضگی۔

لَوَاصٌ: صاف شہد

مُلَاوِصٌ: چاپلوسی کرنے والا۔ دھوکا باز

لَاط ـُ لَوْطًا و اِلْتَاطَ بِ: چمٹنا خیال کا دل کو، چبھن لینا۔

لَاطَ و تَلَوَّطَ: خلاف وضع فطرت فعل کرنا۔

— و اِلْتَاطَ: مٹی سے لیپنا (حوض) چھپانا۔ مارنا۔ دھتکارنا۔

لَاطَ بِ: چمٹانا۔ جوڑنا۔

— بِ: لگانا (نظر یا تیر)

— ـِ لَاطًا فِي: اصرار کرنا۔

اِلْتَاطَ و اِسْتَلَاطَ: غیر کو اپنا بچہ بنانا

لُوط: ایک نبی کا نام۔

لَوْط: ہمدردی۔ چادر۔ چست و پھرتیلا آدمی۔ چمٹنے والی چیز۔ سود

اِنِّي لَأَجِدُ لَه فِي قَلْبِي لَوْطًا: میں اس کی محبت کو اپنے دل میں چمٹے ہوئے پاتا ہوں۔

لَاطَة ج لَاطَات: شہتیر۔

لِيَاط: سود۔

اَلْوَطُ بِالْقَلْب: دل سے زیادہ چمٹنے والا۔ زیادہ ہمدرد۔

لَاظَ ـِ لَوْظًا: بمعنے لَاظَ

اِلْتَاظَ: مشکل ہونا (حاجت)

لَاعَ ـُ لَوْعًا: بیمار کرنا (محبت) جھلسنا (سورج کا)

— لَوْعًا و لُؤُوعًا و لَاعًا ـَ

لَوْعَةً: گھبرانا۔ فکرمند ہونا۔ بیمار ہونا بزدل ہونا۔ حریص و بدخلق ہونا۔

اِلْتَاعَ: شکستہ ہونا (دل)

لَوْعَة: محبت یا غم کی سوزش۔ عورت کے پستان کے سرے کے اردگرد کی سیاہی

لَاعٌ ج لَاعُوْن و لَاعَة و اَلْوَاع گھبرانے والا۔ بزدل۔ بیمار۔ شریر۔

رَجُلٌ هَائِعٌ لَائِعٌ و هَاعٌ لَاعٌ: بزدل۔ گھبرانے والا آدمی۔

لَاعَة ج لَاعَات: تیز فہم ہوشیار و بانکی عورت۔

لَاف ـُ لَوْفًا: خشک چارہ کھانا (مویشی) کھانا یا چبانا (طعام)

لَوْف: ناپسندیدہ (کھانا یا چارہ)

لُوف: ایک قسم کا پودہ

لُوفُ الْأَسْفَط و لُوفُ الْحَيَّة: ایک قسم کا پودہ۔

— السَّبْع و لُوفُ الْجُعْدِي: ایک قسم کا پودہ۔

مَلُوف: نمدار۔ تر (چارہ)

لَوَّاف: شطرنجیاں بنانے والا۔

لَاق ـُ لَوْقًا: نرم کرنا۔ صوف ڈال کر ٹھیک کرنا (دوات)

— عَيْنَهٗ: اس نے اس کی آنکھ پر مارا۔

لَا يَلُوْقُ عِنْدَكَ: وہ تیرے پاس نہیں ٹھہرے گا۔

لَوَق: ٹیڑھا کرنا۔ مروڑنا۔

لَوَّق: مکھن ڈالنا (کھانے میں) نرم زمین میں بونا۔

اِنْلَوَق و اِلْتَوَق: بٹا ہوا یا مروڑا ہوا ہونا۔

مَا ذَاقَ لَوَاقًا: اس نے ذرا بھی نہیں چکھا۔

لَوَق: بے وقوفی۔

لَوْقَة: ساعت۔ گھڑی۔ منٹ۔ لمحہ۔

لُوْقَة و اَلُوْقَة: مکھن۔

اَلْوَق (م) لَوْقَاء: بے وقوف۔ بٹا ہوا یا مروڑا ہوا۔

مِلْوَق: ڈاکٹر کی دوائی ملانے کی چھری spatula

لَاك ـُ لَوْكًا: چبانا (لقمہ یا لگام)

هُوَ يَلُوْكُ اَعْرَاضَ النَّاس: وہ لوگوں کی عزتوں پر نکتہ چینی کرتا ہے۔

اَلَاكَ اِلَى: پیغام پہونچانا۔

لَوَاك: چبایا ہوا لقمہ۔

اَلِكْنِي اِلَى فُلَان: فلاں کو میرا پیغام پہونچا دے۔

لَوْلَاء: تکلیف۔ سختی۔

لَوْلَا: اگر نہ۔

لَوْلَا زَيْدٌ لَاَكْرَمْتُكَ: اگر زید موجود نہ ہوتا تو میں تیری عزت کرتا۔

لَوْلَا تَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰه: کیوں تم اللہ سے بخشش نہیں مانگتے (بمعنے تخصیص)

لَوْلَا اَخَّرْتَنِي اِلَى اَجَلٍ قَرِيْب: تونے کیوں مجھے تھوڑی مدت تک نہیں رکھا (بمعنے عرض)

لَوْلَا جَاءُوْا عَلَيْهِ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ وہ کیوں چار گواہ اس پر نہ لائے (بمعنے توبیخ و تندیم)

لَوْلَبٌ (لوب میں دیکھو)

لَام ـُ لَوْمًا و مَلَامًا و مَلَامَةً و لَوْمَ و اَلَامَ الْاَمَةَ عَلَى اَدْنَى: ملامت کرنا۔

لِيْمَ بِہٖ وہ کم کیا گیا۔ کاٹا گیا۔
لَوَّمَ لَامًا: حرف لام لکھنا۔
لَاوَمَ مُلَاوَمَةً وَلِوَامًا: ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔
اَلَامَ: قبیح فعل کرنا۔
تَلَوَّمَ فِی: دیر لگانا۔
تَلَاوَمَ: ایک دوسرے کو ملامت کرنا
اِلْتَامَ: ملامت قبول کرنا۔
اِسْتَلَامَ: ملامت کا حقدار ہونا۔
— الی: ملامت ہونا۔
— الی ضَيْفِہٖ: اس نے اپنے مہمان سے اچھا سلوک نہ کیا۔
لَامٌ ج لَامَاتٌ: خوف۔ وجود شخص۔ رشتہ دار۔ حرف لام
لَوَمٌ: ملامت کی زیادتی۔
لَوْمٌ: ملامت۔
لَوْمَةٌ وَلَامَةٌ: قابل ملامت (فعل)
لَوْمَی وَلَوْمَاءُ: الزام۔ ملامت
لُوْمَةٌ وَمَلِيْمٌ وَمَلُوْمٌ: ملامت کیا ہوا۔
لَائِمٌ ج لُوَّمٌ وَلُوَّامٌ وَلُيَّمٌ: ملامت گر۔
لُوْمَةٌ وَتَلَوُّمٌ: امید۔ دیر۔
— : جس کو لوگ ملامت کریں۔
لَائِمَةٌ ج لَوَائِمُ: ملامت۔ الزام
لُوَمَةٌ وَلَوَّامٌ: بہت ملامت کرنے والا۔
مَلَامٌ وَمَلَامَةٌ ج مَلَاوِمُ: الزام۔ ملامت۔
مُلِيْمٌ: قابل الزام یا قابل ملامت۔
اَنْتَ اَلْوَمُ مِنْ فُلَانٍ: تو فلاں سے زیادہ قابل ملامت ہے۔
لَوَّنَ: رنگ پکڑنا (کھجور) رنگدار کرنا۔
تَلَوَّنَ وَاِلْوَنَّ: رنگدار ہونا۔ مختلف رنگ والا ہونا۔ متلون مزاج ہونا۔
لَوْنٌ ج اَلْوَانٌ: رنگ۔ شکل۔ کھجور۔ قسم۔ حالت۔ کھانا۔ کھانے کی قسم
لُوْنَةٌ وَلِيْنَةٌ ج لِيْنٌ وَج لِيَانٌ: ایک بری قسم کی کھجور۔
اِيْشْ لَوْنٍ وَاِيْشْ شَلُوْمَ: کس طرح کس قسم کا۔
مُتَلَوِّنٌ: رنگ بدلنے والا۔ متلون مزاج
لَاهَ ـُـ لَوْهًا وَلَوْهَانًا وَتَلَوَّهَ: چمکنا (سراب)
لَاهَ: پیدا کرنا (خدا کا دنیا)
لَاهَةٌ: سانپ۔
لَوْهٌ وَلَوْهَةٌ وَلُوْهَةٌ: سراب کی چمک۔
لَاهٌ: پولینڈ کا باشندہ۔
بِلَادُ اللَّاهِ: پولینڈ کا ملک۔
لَوَی ـِـ لَيًّا وَلُوِيًّا: بٹنا (رسی) موڑنا۔ بیس سال کی عمر کا ہونا (لڑکا)
— وَاَلْتَوَی: چھوڑ دینا۔ چھپانا (راز)
لَوَی بِحَقِّہٖ: قرض کی ادائگی ٹالنا
— لَيًّا وَلِيَّانًا عَنْ: پھیر لینا (منہ) چھپانا۔
— رَأْسَہٗ اَوْ بِرَأْسِہٖ: اس نے اپنا سر پھیر لیا۔
— علی: جھکنا۔ مائل ہونا۔ چمٹنا۔
مَرَّ لَا يَلْوِی عَلٰی اَحَدٍ: وہ گزرا ایسے حال میں کہ کسی کا انتظار نہیں کرتا اور نہ ٹھہرتا ہے۔
لَوِیَ ـَـ لَوًی: ٹیڑھا ہونا (تیر یا ریت) کنڈلی مارنا (سانپ) درد والا ہونا (معدہ)
لَوَّی: جھکانا (سر۔ گردن)
لَاوَی لِوَاءً وَمُلَاوَاةً: کنڈلی مارنا (سانپ)
اَلْوَی اِلْوَاءً: ریتلے قطع کے موڑ پر پہونچنا۔ مرجھائے ہوئے پودوں والا ہونا۔ خشک کھیتی والا ہونا۔ زیادہ تمنا کرنا۔
— بِ: اشارہ کرنا۔ پھیرنا یا جھکانا (سر) چھین لینا۔ ہلاک کرنا۔ انکار کرنا (حق سے) تقریر میں تبدیلی کرنا۔ کھڑا کرنا (جھنڈا)
تَلَوَّی وَالْتَوَی: بٹی ہوئی ہونا (رسی) مڑنا۔ پیچ و تاب کھانا۔ پیچدار ہونا (دریا۔ ریت)
تَلَوَّی: کنڈلی مارنا (سانپ) پیچدار لکیر میں چمکنا (بجلی) درد میں پیچ و تاب کھانا۔
تَلَاوَی علی: متفق ہونا۔ انکار کرنا
اِلْتَوَی: مشکل ہونا (کام)
اِسْتَلْوَی بِهِمُ الدَّهْرُ: زمانہ نے ان کو تباہ کر دیا۔
لِوًی ج اَلْوَاءٌ وَاَلْوِيَةٌ: ریت کا موڑ۔
لِوَاءٌ ج اَلْوِيَةٌ وَاَلْوِيَاتٌ: جھنڈا۔ ترکی صوبہ۔
مِيْرُ لِوَاءٍ: بریگیڈیر جنرل۔
Brigadier General
لِوَابَةٌ: جھنڈے کا ڈنڈا۔

بَعَثُوا بِالسَّوَاءِ وَاللِّوَاءِ: انہوں نے اس کو مدد مانگنے کے لئے بھیجا۔
لَوًى: پیٹ یا کمر کی شکایت
لَوٍ (م) لَوِيَةٌ: پیٹ یا پیٹھ کی شکایت والا۔ خمدار۔
لُوًى: پیچ چیزیں۔
لَوِیٌّ (م) لَوِيَّةٌ: مرجھائی ہوئی سبزی۔
لَوِيَّةٌ ج لَوَايَا: کھانے کا چھپا کر علیحدہ رکھا ہوا حصّہ۔
لَيَّةٌ ج لِوًى: بٹ۔ کنڈلی۔ موڑ پیچ۔ سانپ۔ نرگیلے کی پیچدار ٹیوب
لِيَّةٌ ج لِيَّاتٌ (بجائے اَلْيَةٌ) دبی کی چکی۔
لَاوِیٌّ ج لَاوِيُّون: لاوی بن یعقوبؑ بن اسحاقؑ بن ابراہیمؑ کی نسل سے
لَاوِيَاءُ: داغ دینے کا لوہا۔
اَلْوَى (م) لَيَّاءُ ج لُيٌّ: خمدار۔ مڑا ہوا۔ اکیلا۔ جھگڑالو۔ غیر معروف دور کا رستہ۔ ٹیڑھا سینگ۔
— رَمَاهُ اللّٰهُ بِاَحْوَى اَلْوَى: خدا نے اس کو بہت بڑی مصیبت لگائی۔
لَيَّاءُ: پانی سے دُور کی زمین۔
اَلْوَاءٌ: وادی کے پیچ۔ ملک کے اطراف۔
لَوَّاءٌ: ایک قسم کا پرندہ۔
لَوَّةٌ: بدشکلی۔
لُوَّةٌ و لِيَّةٌ: ایک قسم کی لکڑی۔
لَاتُ: ایک بت کا نام۔
مُلْتَوٍ: خمدار۔ مڑا ہوا۔
مَلَاوِی: پیچدار راستے۔

لِبَّاءُ: ایک قسم کی سمندری مچھلی۔ دور کا ملک۔

لَاتَ ـِ لَيْتًا و اَلَاتَ عن: ہٹانا۔ روکنا۔
— زَيْدُ حَقَّهُ: زید نے اس کا حق کم کیا۔
مَا اَلَاتَهُ شَيْئًا: اس نے اس پر کوئی ظلم نہیں کیا۔
لِيتٌ (مث) لِيْتَانِ ج اَلْيَاتٌ: گردن کا پہلو۔

لَيْتَ و يَا لَيْتَ: کاش کہ۔ یہ حرف دو معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔
(۱) تمنا جیسے لَيْتَ الشَّبَابُ يَعُودُ: کاش کہ جوانی واپس ہو۔
(۲) بمعنے وَجَدْتُ جیسے لَيْتَ زَيْدًا شَاخِصًا: میں نے زید کو واپس آتے پایا۔
يَا لَيْتَ شِعْرِی و يَا لَيْتَنِی دَيَارَيْتَنِی: کاش کہ مجھے علم ہوتا۔

لَبِثَ و لُبِّثَ و تَلَبَّثَ و اسْتَلْبَثَ: شیر کی مانند ہونا۔
لَايَثَ: شیر جیسا معاملہ کرنا۔ شیر کی صفت میں فخر کرنا۔
لَيْثٌ ج لُيُوثٌ: شیر۔ مکڑی۔ طاقت۔ شدت۔ خوش بیانی۔ بلیغ
لَائِثٌ: شیر۔
لَبْثَةٌ ج لَبْثَاتٌ: شیرنی۔ مضبوط اونٹنی۔
اَلْيَثُ (م) لَيْثَاءُ ج لِيْثٌ و مِلْيَثٌ: بہادر۔ نڈر۔
مِلْيَثٌ: مضبوط۔ قوی۔
مُلَيَّثٌ: موٹا۔ چربی دار۔

لَبِسَ ـَ لَبَسًا: بہادر ہونا۔
— عن: غافل ہونا۔
لَيْسَ و لَسْتَ ب: (اس فعل کا مضارع نہیں ہوتا) یہ اصل میں لَيِسَ ہے مبتدا اور خبر پر داخل ہو کر مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے۔
لَيْسَ زَيْدٌ قَائِمًا: زید کھڑا نہیں۔
اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ: کیا میں تمہارا خدا نہیں۔
— : (بمعنے اِلَّا) جیسے جاءَ القوم لَيْسَ زَيْدًا: زید کے سوائے سب قوم آئی۔
لَيَّسَ: پلستر کرنا۔
لَبَّسَ ب: چمٹنا۔
تَلَايَسَ عن: چشم پوشی کرنا۔
— : اچھے اخلاق والا ہونا۔
اَلْيَسُ (م) لَيْسَاءُ ج لِيسٌ: بہادر اُونٹ جو ہر قسم کا بوجھ اُٹھالے۔ گھر پر ہی رہنے والا۔ خیر۔ اچھے اخلاق والا۔
مُلَبَّسٌ: پلستر کیا ہوا۔
مُلَايِسٌ: سُست۔ دیر کرنے والا۔

لَاصَ ـِ لَيْصًا: جھکنا۔ ایک طرف ہونا۔ نکالنے کے لئے حرکت دینا (چیز کو)
اَلَاصَ: بمعنے لَاصَ۔
— عن: دھوکا دینا۔

لَاطَ ـِ لَيْطًا ب: پیاری و محبوب ہونا (چیز) چمٹانا۔
— اللّٰهُ فُلَانًا: خدا نے اس پر لعنت کی۔
لَيَّطَ ب: جوڑنا۔ چمٹانا۔
لَيْطٌ: رنگ۔
لِيْطٌ: رنگ۔ خصلت۔ جلد۔ ہر چیز کا چھلکا

لِیْطَۃ ج لِیط و لِیَاط: چھال۔ نرکل کا چھلکا۔ کمان۔ نیزے کا ڈنڈا۔

لِیَاط: سیمنٹ۔ چونہ۔ پاخانہ۔ سود رنگ

شَیْطان لَیْطَان: شیطان۔

لَاعَ ۔ لَیْعًا و لَیَعَانًا: بزدل ہونا۔ بھکنا اکتانا۔ گھبرانا۔

لَیْعَۃ الجُوع: بھوک کی شدت۔ بھوک کی سوزش۔

رِیْح لِیَاع: سخت ہوا۔ یا گرم ہوا۔

لَاغَ ۔ لَیْغًا: چاہنا۔ چمٹنا۔

تَلَیَّغَ: بے وقوف ہونا۔

لَیَغٌ: بے وقوفی۔

اَلْیَغ (م) لَیْغَاء ج لِیْغ: صاف کلام نہ کر سکنے والا۔

— ولِیَاغَۃ: بے وقوف۔

سَیِّغٌ لَیِّغٌ: خوشگوار (کھانا)

لَافَ ۔ لَیْفًا: کھانا (خوراک)

لَیَّفَ: ریشوں والی ہونا (کھجور) کھجور کے ریشوں سے ملنا (جسم) رسی کی بجائے استعمال کرنا۔ (کھجور کے ریشے)

لِیْف: کھجور کا چھلکا۔ درختوں کا مسام دار گودا۔

لِیْفَۃ: کھجور کے چھلکے۔

لِیْفَانِیٌّ: ریشے دار۔ مسام دار

لِحْیَۃٌ لِیْفَانی: گنجان بالوں والی پھیلی ہوئی داڑھی

مُلَیِّفٌ: حمام کا ملازم جو بدن ملنے پر مقرر ہوتا ہے۔

لَاقَ ۔ لَیْقًا و لِیَاقَۃً ب: چمٹنا۔ لائق ہونا۔ مطابق ہونا۔

مَا لِقْتُ بَعْدَکَ بِاَرْضٍ: میں تیرے بعد کسی زمین میں نہیں رہا۔

ھٰذَا الْاَمْرُ لَا یَلِیْقُ بِنَا: یہ کام ہمارے لائق نہیں۔

لَا یَلِیْقُ اَنْ تَفْعَلَ کَذَا: تیرے لئے ایسا کرنا لائق نہیں۔

فُلَان لَا یَلِیْقُ بِبَلَدٍ: فلاں کسی ملک میں نہیں ٹھہرتا۔

— لَیْقًا و لَیْقَۃً و اَلَاقَ: صوف ڈالنا (دوات میں)

اَلَاقَہٗ بِنَفْسِہٖ: اس نے اس کو اپنے ساتھ لگالیا۔

ھٰذَا سَیْفٌ لَا یُلِیْقُ شَیْئًا: یہ تلوار جس کو چھوتی ہے کاٹ ڈالتی ہے۔

مَا یُلِیْقُ دِرْھَمًا: وہ ایک پیسہ بھی نہیں بچاتا۔

لَیَّقَ: نرم کرنا۔ (خوراک)

اِلْتَاقَ ل: چمٹنا۔

اِلْتَاقَ ب: مخلص دوست ہونا۔

— : مستغنی ہونا۔

لِیْقٌ: ایک سیاہ دوائی جو سرمہ میں ڈالتے ہیں۔

لِیَق: بادل کے متفرق ٹکڑے۔

لِیْقَۃ ج لِیَق: صوف جو دوات میں ڈالا جاتا ہے۔ دیوار لیپنے کی مٹی۔

لَیَاق: چراگاہ۔ مستقل مزاجی۔

لِیَاق: آگ کا شعلہ۔

لَائِق: مناسب۔ لائق۔

مَلِیْق: صوف ڈالی ہوئی (دوات)

لَایَلَ: رات کے لئے ملازم رکھنا۔

اَلَالَ اِلَالًا و اَلْیَلَ اِلْیَالًا: رات میں داخل ہونا۔

لَیْلٌ: رات۔ شتر مرغ کی قسم کا پرندہ۔

لَیْلَۃ ج لَیْلَات و لَیَالٍ و لَیَائِل: ایک رات۔

لَیْل لَائِل و اَلْیَل و مُلَیَّل و لَیْلَۃ لَیْلَاء: لمبی و سیاہ رات۔

لَیْلَی الْخَمرِ: شراب کا اٹھنا۔

اُمّ لَیْلٰی: کالی شراب۔

لِیْم: صلح۔ مشابہت

لَیْمُوْن (مفرد لَیْمُوْنَۃ): لیموں

لَانَ ۔ لِیْنًا و لَیَانًا و لِیْنَۃً: نرم ہونا۔ مہربان ہونا۔

لَیَّنَ تَلْیِیْنًا و اَلَانَ اِلَانَۃً و اَلْیَنَ اِلْیَانًا: نرم بنانا۔

لَایَنَ مُلَایَنَۃً و لِیَانًا و تَلَیَّنَ: نرمی کرنا۔

اَلَانَ لِلْقَوْمِ جَنَاحَہٗ: لوگوں سے اس نے نرم برتاؤ کیا۔

لَایَنَ: پالش کرنا (تلوار)

تَلَیَّنَ: نرم ہونا۔

— ل: چاپلوسی کرنا۔

اِسْتَلَانَ: نرم دیکھنا۔ نرم پانا۔

لِیْن و لِیْنَۃٌ و لَیَان: نرمی۔ ایک قسم کی نرم کھجور کا درخت۔

حُرُوف اللِّیْن: الف و ی۔

لَیَان العَیْش: آسودہ زندگی۔ ناز و نعمت کی زندگی۔

لِیْوَان ج لَوَاوِیْن (بجائے اِیْوَان) گیلری۔ محراب دار ہال۔

لَیِّن (ج لَیِّنُوْن و اَلْیِنَاء) و لَیْن ج لَیْنُوْن: نرم۔ لچکدار۔ آسودہ حال۔

لَیِّنَۃ: گدیلا۔ سرہانہ۔

لِیْنَۃ: کمزوری۔ ڈھیلاپن۔

مَلْیَنَۃ: نرمی۔ مہربانی۔

مُلِیَّن: قبض کشا (دوائی)
لَأَهُ ـِ لَیْهًا: چھپنا۔ بلند ہونا۔
لِیَاءٌ: ایک قسم کا سفید غلہ۔
—— و لَیَاءٌ: زمین جو پانی سے دُور ہو۔

م = ۴۰

مَا: یہ دو قسم کا ہوتا ہے۔
(۱) حرفیہ جو مندرجہ ذیل طرز پر استعمال ہوتا ہے۔ جیسے مَا هٰذَا بَشَرًا: یہ آدمی نہیں۔
زائد جیسے فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ (پس خدا کی رحمت سے تو ان کے لئے نرم ہوا)
ماکافہ جیسے کانما یساقون الی الموت (گویا کہ وہ موت کی طرف ہانکے جاتے ہیں۔
ما مصدریہ۔ جیسے وضاقت علیہم الارض بما رحبت (باوجود فراخ ہونے کے ان پر زمین تنگ ہوگئی)
مصدریہ ظرفیہ۔ واوصانی بالصلوٰۃ والزکوٰۃ مادمت حیا اس نے مجھے زندہ رہنے تک نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیا
(۲) اسمیہ - اسمیہ استفہامیہ۔ جیسے ماعندك: تیرے پاس کیا ہے
مازید: زید کیسا ہے۔ مجرور ہونے کی حالت میں اس کے الف کو گرا کر میم پر فتحہ پڑھتے ہیں۔ جیسے عَمَّ يَتَسَاءَلُونَ
موصولہ۔ ماعندکم ینفد: جو کچھ تمہارے پاس ہے۔ ختم ہو جائیگا۔
جزائیہ جیسے مایفعل افعل: جو کچھ وہ کرے گا میں کروں گا۔
تعجب کے لئے جیسے ما احسن زیدا: زید کیسا ہی خوبصورت ہے۔ فعل کے ساتھ مصدر کی تحویل کے لئے جیسے بلغنی ما صنعت: مجھے تیرا فعل پہونچ گیا ہے۔
نکرہ موصوفہ جیسے مررت بما معجب لك: میں ایسی چیز کے پاس سے گزرا جو تجھے تعجب میں ڈالے)
ابہام کے لئے جیسے ائتنی کتابا ما (کوئی کتاب لاؤ)
بَيْنَمَا: جبکہ
حَالَمَا: یونہی۔
حَيْثُمَا: جہاں کہیں۔
حِيْنَمَا: جب کبھی۔ جب
طَالَمَا: بسا اوقات۔ جب تک۔
عِنْدَمَا: جب
مَاهِيَّةٌ: حقیقت۔ کسی چیز کی اصلیت۔ تنخواہ۔
مَأْمَأَ مَأْمَأَةً: میں میں کرنا (مینڈھا)
مَاءٌ: پانی (دیکھو لفظ موہ)
مَؤُجَ ـُ مُؤُجَةً: کڑوا نمکین ہونا۔ بے وقوف ہونا۔
مَأْجٌ: کڑوا نمکین۔ بے آرام۔ احمق۔ اضطراب
مَأَدَ ـَ مَأْدًا: تر و تازہ یا نازک ہونا (پودہ) حرکت کرنا۔
اَمْأَدَ: تر و تازہ بنانا (سبزی)
اِمْتَأَدَ: کمانا (دولت)
مَأُدَ یَمْؤُدُ: تر و تازہ یا نازک
مَأَرَ ـَ مَأْرًا: بھرنا یا چوڑی کرنا (مشک)
—— و مَاءَرَ مُمَاءَرَةً و مِئَارًا بَيْنَ: فساد ڈالنا۔ اکسانا۔
مَئِرَ ـَ مَأَرًا: کھل جانا (زخم)
—— و امْتَأَرَ علی: کینہ ور ہونا۔ نفرت کرنا۔
مَاءَرَ: مقابلہ کرنا۔
تَمَاءَرَ: آپس میں فخر کرنا۔
مَئِرٌ و مَئِرٌ: مفسد۔ شریر۔
مَئِيرٌ: سخت مشکل (کام)
مِئْرَةٌ ج مِئَرٌ: چغل خوری۔ عداوت کینہ۔
آخِرُ مَئِيرٌ: بہت سخت مشکل کام
مَأَسَ ـَ مَأْسًا علی: ناراض ہونا۔
مَأَسَ بَيْنَ: فساد ڈالنا۔
—— و مَئِسَ ـَ مَأَسًا: چوڑا ہونا۔ (زخم)
—— الدَّبَّاغُ الجِلْدَ: رنگریز نے چمڑے کو مروڑا۔
مَائِسٌ و مَؤُوسٌ و مِمْأَسٌ و مِمْآسٌ: چغلخور۔ مفسد۔
مَأَشَ ـَ مَأْشًا عن: ہٹانا۔
—— المَطَرُ الأَرْضَ: زمین کو بارش نے سیراب کیا۔
مَئِقَ ـَ مَأَقًا و امْتَأَقَ: سسکی لینا (بچہ)
اَمْأَقَ: سسکی لینا۔
اِمْتَأَقَ: تیز ہونا (غصہ)
—— الیّ بالبکاء: وہ روتے ہوئے میری طرف آیا۔
مَأْقٌ مث مَأْقَانِ و مُؤُقٌ و مُؤْقٌ (ج آمَاقٌ و اَمْآقٌ و مَوَاقٌ و مَآقِيُ)
مُؤْقٍ و مُؤُقِيٌّ و مَأْقِيٌّ ج مَآقٍ: آنکھ کا

اندرونی کونہ۔

مَأَقَۃ : سبکی۔

مَئِق : سبکی لینے والا۔ جلدی رو پڑنے والا۔

اَنَا تَئِقٌ وَاَنْتَ مَئِقٌ : یہ ایک مثال ہے۔ جو مختلف اخلاق والوں پر استعمال ہوا کرتی ہے۔ تَئِقٌ کے معنے شرارت کی طرف جلدی کرنے والا ہیں۔ اور مَئِقٌ کے معنے جلدی رونے والا ہیں۔

مَأَلَ و مَئِلَ ۔ مُؤُولَۃً و مَآلَۃً : موٹا تازہ ہونا۔

مَا مَأَلَ مَأْلَ اَلَ : وہ تیار نہ تھا۔

مَأْل و مَئِل : موٹا چربیدار۔

— : جائے پناہ۔

مَأْلَۃ ج مِئَال : باغ۔ ہتھ چکی۔

مَأْلَجٌ ج مَآلِج : کانڈی۔ معماروں کا کیچڑ کو ہموار کرنے کا آلہ۔

مَأَنَ ۔ مَأْنًا : خوراک دینا۔ پرورش کرنا۔ ناف پر مارنا۔ چوکس رہنا۔

مَا مَأَنَ لَہ و مَا مَأَنَ مَأْنَہٗ : وہ اچانک پکڑا گیا۔ اس نے اس کی پرواہ نہ کی۔

مَأَّنَ : تیار کرنا۔

— و مَاءَنَ فی : غور کرنا۔ سوچنا۔

مَأْنَۃ ج مَأَنَات و مُؤُون : ناف اور اس کے گرداگرد کے حصے۔

مَؤُونَۃ و مُؤْنَۃ ج مُؤَن : خوراک بوجھ و تکلیف

مَئِنَّۃ : نشان۔ علامت۔ مناسب چیز۔

مَمْأَنَۃ : آرام۔ لائق۔ مناسب۔

مَأَا ۔ مُؤَاءً : میاؤں میاؤں کرنا (بلی)

— مَأْوًا : کھینچکر چوڑا کرنا (چمڑا)

تَمَأَّى : کھینچ کر چوڑا ہونا (چمڑا)

— بَیْن : پھیلنا (فساد)

مَأْوَۃ ج مَأْو : پست زمین۔

مَأَى ۔ مَأْیًا : سواں ہونا۔ پتوں سے ڈھک جانا (درخت)

مَأَى بَیْنَ : فساد ڈالنا۔

— فی : زور سے مشغول ہونا۔

اَمْأَى اِمْآءً : سو ہونا (لوگ) اپنی شمولیت سے سو بنانا۔

مِئَۃ ج مِئَات و مِئُون و مُؤُون و مِأْی : ایک سو۔

مِئَوِیّ : منسوب بہ مائۃ

مَتَّ ۔ مَتًّا : کنوئیں سے پانی نکالنا پھیلانا۔

— الحَبْلَ : بغیر چرخی کے نکالنا (رسی)

مَتَّ ۔ مَتًّا و مَتْمَتَ الی ب : پہونچنا۔ داخل ہونے کی کوشش کرنا۔ تعلق پیدا کرنے کی کوشش کرنا۔

مَاتَّ : رشتہ کے تعلقات یاد کرانا۔

مَتَات و مَاتَّۃ ج مَوَاتّ : وسیلہ قرابت۔ رشتہ داری۔

مَتَأَ ۔ مَتْأً ب : مارنا (لاٹھی سے)

مَتَحَ ۔ مَتْحًا : کنوئیں سے نکالنا (پانی) کھینچنا (ڈول) قریب ہونا (کسی عدد کے)

— و اَمْتَتَحَ : جڑھ سے اکھیڑنا یا کاٹنا (درخت)

— و مَتَّحَ و اَمْتَحَ : انڈے دینا (ٹڈی)

مَاتِح و مَتُوح : پانی نکالنے والا۔ ماشکی۔ دور

بِئْر مَتُوح : قریب پانی والا کنواں۔ چرخی والا کنواں۔

مَتَّاح : بہت لمبا (دن یا رات)

مَتَخَ ۔ مَتْخًا : کاٹنا۔ اکھیڑنا انڈے دینا (ٹڈی) بلند ہونا یا کرنا (چیز) قریب ہونا (کسی عدد کے)

— بالدلو : ڈول سے کھینچنا۔

— بالسھم : تیر سے مارنا۔

مَتَخَ فی : اصرار کرنا۔ چمٹنا۔

اَمْتَخَ و اِمْتَاخ : اکھیڑنا۔

عُود مِتِّیْخ : نازک و لمبی لکڑی۔

مِتِّیْخَۃ : چھڑی یا کوڑا۔

مَتَدَ ۔ مُتُودًا ب : اقامت کرنا۔

مَتَرَ ۔ مَتْرًا : کاٹنا۔ کھینچنا (رسی)

تَمَاتَرَ : گرنا (چنگارے) مل کر کھینچنا۔

اِمْتَتَرَ و اَمَّتَرَ : کھچ جانا (رسی)

مِتْر ج اَمْتَار : میٹر جو قریباً ۴۰ انچ کے قریب ہوتا ہے۔

مَتَسَ ۔ مَتْسًا : مروڑنا۔

مَتَشَ ۔ مَتْشًا : انگلیوں سے بکھیرنا۔

مَتِشَتْ ۔ عَیْنُہ مَتَشًا : اس کی آنکھ بھوک یا سورج سے دھندلی ہوگئی

مَتْش و مَتَش : ناخن کا سفید داغ

مَتَش : نظر کی کمزوری

اَمْتَش (م) مَتْشَاء ج مُتْش : کمزور نظر والا۔

مَتَعَ ۔ مَتْعًا و مُتْعَۃً ب : لے جانا۔

— ۔ مُتُوعًا : بلند ہونا (دن) مضبوط ہونا (رسی) سخت سرخ ہونا (شراب)

سخی وخوش طبع ہونا - لمبا ہونا -
مَتُعَ ـُ مَتَاعَةً : ظریف ہونا -
مَتَّعَ وَاَمْتَعَ بِ : دیر تک فائدہ اُٹھانے دینا (خدا)
—— : لمبی کرنا (چیز) مہر دینا (مطلقہ کو)
اَمْتَعَ عَن : لا پرواہ ہونا -
—— بِ : فائدہ اٹھانا -
تَمَتَّعَ وَاِمْتَتَعَ وَاسْتَمْتَعَ بِ وَمِن : دیر تک فائدہ اٹھانا -
مُتْعَة وَمِتْعَة ج مُتَع وَمِتَع : فائدہ - استعمال - حظ اُٹھانا - تھوڑی خوراک - تھوڑا زاد -
مُتْعَةُ الطَّلَاق : کپڑے وغیرہ جو مطلقہ کو دیئے جائیں -
—— : مشک - ڈول - ڈول کی رسی
مَتَاع ج اَمْتِعَة وَاَمَاتِع : سامان خانہ سامان - چاندی وسونے کے علاوہ زندگی کا سامان - توشہ - مقبوضات -
مَاتِع : لمبا - عمدہ بٹی ہوئی (رسی) بہت عمدہ چیز - بہت سُرخ (شراب یا سرکہ)
تَمَتُّع وَاسْتِمْتَاع : فائدہ اُٹھانا حظ اُٹھانا - کسی کام کے کرنے کا لائسنس
مَتَكَ ـُ مَتْكًا : کاٹنا -
مَاتَكَ فِي : فروخت کرنے میں دھوکا دینا -
مَتْك وَمُتْك وَمُتُك : مکھی کی ناک - تازگی - سوسن -
—— الذُّبَاب : مکھی کا گو
مَتُنَ ـُ مَتَانَةً : مضبوط و قوی ہونا -
مَتَنَ ـُ مُتُونًا بِ : اقامت کرنا -
مَتَنَ بِفُلَان : کسی کے ہمراہ تمام دن چلنا - لمبا کرنا - قسم کھانا (آدمی)
—— الكَبْشَ : اس نے مینڈھے کے بیضے مع رگوں کے نکالے -
—— ـِ مَتْنًا وَاَمْتَنَ : پیٹھ پر مارنا
مَتَّنَ : مضبوط کرنا (چیز) خوب کسنا (خیمہ کو) مصالح دار بنانا (کھانا)
—— لِفُلَانٍ : دوڑ میں سبقت دینا
مَاتَنَ : ٹال دینا - علیحدہ ہونا -
—— فِي الشِّعر : اس نے اس کا شعر میں مقابلہ کیا -
تَمَاتَن : ایک دوسرے سے شعروں میں مقابلہ کرنا -
مَتْن ج مِتَان وَمُتُون : پیٹھ - پیٹھ کا پٹھا - سڑک کا وسط - تلوار کا چوڑا پہلو - سطح زمین کا بلند حصہ پیٹھ کا پہلو - (گفتگو کا) بڑا حصہ - کتاب کا ٹکسٹ یعنی اصل عبارت بغیر شرح کے
مَتْنُ اللغة : گرمر -
سَارَ مَتْنَ النهار : وُہ تمام دن چلا
—— وَمَتْنَة : سخت و ناہموار زمین
مَتْنَةُ الظَّهْرِ : پیٹھ کا پہلو -
مَتَانَة : مضبوطی - مستقل مزاج -
تَمْتِين وَتِمْتَان ج تَمَاتِين : خیمہ کی رسیاں -
مُمَاتَنَة : جھگڑا -
مَاتِن : کتاب کا مصنف
مَتْن وَمَتِين : مضبوط - ٹھوس -
مَتِهَ ـَ مَتَهًا : بیہودہ فضول باتوں میں مشغول ہونا -
مَتَهَ ـَ مَتْهًا : نکالنا (ڈول)
تَمَتَّه : حیران و بے وقوف ہونا - بے وجہ تعریف کا طالب ہونا -
تَمَاتَهَ عن : غافل ہونا -
مَتَا ـُ مَتْوًا و مَتَى ـِ مَتْيًا : کھینچنا (رسی)
اَمْتَى اِمْتَاءً : بری طرح چلنا - بہت رزق والا ہونا -
تَمَتَّى فِي : انگڑائی لینا - تیر اندازی میں آگے کو جھکنا -
مَتَى : کب - کس وقت - جب -
مَتَى مَا وَمَتَى مَہ : جب - یونہی -
مَثَّ ـُ مَثًّا : تولئے سے پونچھنا (ہاتھ) صاف کرنا (زخم) رسنا یا ٹپکنا (برتن) پھیلانا (گفتگو)
—— العَظْمُ : ہڈی کا گودا بہ پڑا -
مَثَّ : مکھن پھوٹنا (مشک سے) موٹاپے کی وجہ سے پسینہ بہانا -
مَثَجَ ـُ مَثْجًا : ملانا - خالی کرنا کنواں - کھلانا -
—— بِالْعَطِيَّةِ : عطیہ بخشنا -
مَثَدَ ـُ مَثْدًا : جھپکر گھات میں بیٹھنا - انتظار میں بیٹھنا -
مَاثِدٌ : دیدبان -
مَثَعَ ـَ وَمَثِعَ ـَ مَثَعًا : بری طرز سے چلنا -
مَثْعَاء : لگڑ بگڑ -
مَثَلَ ـُ مُثُولًا وَمَاثَل : مانند ہونا - نقل کرنا - ظاہر ہونا یا غائب ہونا (چاند)
مَثَلَ وَمَثَّل تَمْثِيلًا وَتَمْثَالًا وَمَاثَلَ بِ : تشبیہ دینا -
مَثَلَ ـُ مَثْلًا وَمُثْلَةً وَمَثَّلَ تَمْثِيلًا

ب : قابل عبرت سزا دینا۔ ہاتھ پاؤں کاٹنا (مقتول کے)
مَثَلَ ۔ مُثُولاً بین یدیہ سامنے کھڑا ہونا۔
مَثُلَ ۔ مَثَاکَۃً : فضیلت والا ہونا
مَثَّلَ ل : نمونہ دکھانا۔
مَثَّلَ الحدیثَ و بالحدیث : بات کو بیان کیا۔
— تَمثِیلاً و تَمثَالاً : تشبیہ دینا مانند بنانا۔
اَمثَلَ : قصاص میں قتل کرنا۔ کسی کی مانند بنانا۔ قائم کرنا۔
— : بدلے لینا۔
تَمَثَّلَ د ب : مانند ہونا۔ نقل کرنا۔ خیال کرنا۔
— بالشئ : ضرب المثل بیان کرنا۔
تَمَثَّلَ الحدیث و بالحدیث : اس نے واقعہ بیان کیا۔
— من : حوالہ دیکر بیان کرنا۔ بدلہ لینا
— بین یدیہ : وہ اس کے سامنے کھڑا ہوا۔
تَمَاثَلَ : باہم مشابہ ہونا۔
— من : صحت یاب ہونا (بیماری سے)
اِمتَثَلَ : بجالانا (حکم)
— طریقتہ : وہ اس کے طریقہ پر چلا۔
— من : بدلا لینا۔
— المثلَ و بالمثلِ اس نے کہاوت بیان کی
مِثل (مؤنث مذکر۔ واحد و جمع) ج اَمثَال : شبہ۔ نظیر۔ مشابہ۔ برابر۔ بدلہ۔ ہمسر
مَثَل ج اَمثَال : دلیل۔ بیان۔ مقولہ۔ تشبیہ۔ کہاوت۔ عبرت۔ شبہ

نظیر۔ صفت۔
مُثلَۃ : نمونہ۔ آفت۔
— و مَثُلَۃ ج مَثُلات : عبرتناک سزا۔ عقوبت۔
مِثَال ج اَمثِلَۃ و مُثُل و مُثل : مقدار۔ نمونہ۔ مثال۔ قصاص۔ بستر۔ چیز
مَثَاکَۃ : فضیلت۔ اچھی حالت۔
مَثَاکَۃ ج مَثَالات و مَثَائِل : طالب علم کا کام یا سبق۔
اُمثُولَۃ ج اُمثُولات و اَمَاثِیل : نمونہ۔ مثال۔
تِمثَال ج تَمَاثِیل : تصویر۔ بُت۔ مشابہت۔
تَمَاثُل و مُمَاثَلَۃ : مشابہت
مَثِیل ج مُثُل : شبیہ۔ نظیر۔ عمدہ۔
مَاثِل ج مُثَّل : مٹا ہوا (نشان)
جَوز مَاثِل : دستورا۔
مِثل مَاثِل : مشہور نمونہ یا مثال۔
مَاثِلَۃ : لمپ۔ چراغدان۔
اَمثَل (م) مُثلیٰ ج اَمَاثِل : زیادہ مکمل۔ زیادہ مانند۔ زیادہ فضیلت والا۔
الاَمَاثِل : سردار۔
طریقۃ مُثلیٰ : حق کے مشابہ راستہ
المریض الیوم اَمثَلُ : بیمار کی آج حالت اچھی ہے۔
مَثمَثَ مَثمَاثاً و مَثمَثَۃً : (ستار) مشک (تیل سے اچھی طرح تر کرنا (رسی) مخلوط کرنا (معاملہ) ہلانا (چیز) پانی میں غوطہ دینا۔
مَثِنَ ۔ مَثَناً : مثانہ کی بیماری والا ہونا۔
مَثَنَ ۔ مَثناً : مثانہ پر مارنا۔

مَثَانَۃ ج مَثَانَات : مثانہ۔ رحم۔ یا بچہ دان۔
اَمثَن (م) مَثنَاء و مَثِن و مَمثُون مثانہ کی بیماری والا
مَجَّ ۔ مَجّاً من فیہ : کلی کرنا۔ یا منہ سے پانی پھینکنا
مَجَّج بفلانٍ : اس نے فلاں کو شکی بنادیا
— العِنَبُ : انگور پک کر میٹھا ہوا۔
اَمَجَّ : رس والی ہونا (لکڑی) ملک میں پھرنا۔ دوڑنے لگنا۔ (گھوڑا)
اِنمَجَّ من : ٹپکنا۔
مَجّ : ماش کے دانے
مَاجّ ج مُجَّاج و مَاجُون : رالوں والا (بوڑھا) بوڑھی اونٹنی
اَحمَق مَاجّ : بے وقوف۔
مُجَاج و مُجَاجَۃ : تھوک۔ رال۔ نچوڑا ہوا رس۔
مُجَاج النَّحل : شہد۔
— المُزن : بارش۔
— العِنَب : شراب۔
مَجَاج : شاخ
مَجَّاج : بہت کلی کرنے والا۔ کاتب۔
مُجَاجَۃ : رس۔ تھوک۔
مَجَج : باچھوں کا ڈھیلا ہونا۔ انگور دانے کی پختگی۔
مُجُج : شہد کی مکھیاں۔ مدہوش لوگ
مُجّ : پتھر پر شہد کے نقطے۔
مَجَحَ و مَجِحَ ۔ مَجحاً و مَجَحاً و تَمَجَّحَ : تکبر کرنا۔
— فی : ہلانا (ڈول کنوئیں میں)
مَجَّاح : متکبر۔ مغرور
مَجَدَ ۔ مَجداً و مَجُدَ ۔ مَجَادَۃً

شریف ہونا۔ بزرگی والا ہونا۔ شاندار ہونا
مَجَد : بڑائی میں بڑھ جانا۔ چارے
سے سیر کرنا۔ (مویشی)
مَجَد ُ مَجْداً و مُجُوداً و اَمْجَد
بہت چارے والی چراگاہ میں چرنا۔
(مویشی)
— ُ مَجْداً و مَجَّد و اَمْجَد :
سبز چارے سے سیر کرنا (مویشی)
مَجَّد و اَمْجَد : تعظیم کرنا۔ تعریف
کرنا۔
مَجَّد : بہت بخشش عطا کرنا۔
مَاجَد مُمَاجَدَۃً و مِجَاداً :
بزرگی میں مقابلہ کرنا۔
اَمْجَد : زیادہ مہربانی کرنا۔
تَمَجَّد : بزرگ ہونا۔ تعریف والا ہونا
تَمَاجَدَ : باہم فخر کرنا۔ بزرگی بیان کرنا
اِسْتَمْجَد : اچھے صفات میں شہرت
پانا۔
مَجْد ج اَمْجَاد : شرافت۔ درجہ۔
شان وشوکت۔ فیاضی۔ بلند زمین۔
اَلمَجِیْد : بہت بڑی شان والا (خدا)
القرآن المجید : دنیاوی واخروی
خوبیوں کو اپنے اندر رکھنے والا قرآن۔
مَاجِد (م) مَاجِدَۃ ج مَوَاجِدُ :
شریف۔ شاندار۔ فیاض۔ خوش اخلاق۔
بکثرت۔ بہت۔
مَاجِدَۃٌ ج مَوَاجِدُ و مُجُدٌ و
مُجَّدٌ : بہت گھاس والی چر[illegible]
چرنے والے اونٹ۔
اَمْجَد ج اَمَاجِد : زیادہ شریف۔
زیادہ شان والا۔
مَجِیْدِی : شاہ عبدالمجید ترک کا بنایا ہوا
چاندی کا سکہ جس کی قیمت تین شلنگ چھ
پنس ہے۔
مَجِیْدِیَّۃ : ترکی پونڈ۔ ترکی آرائش۔
مَجَر ـ مَجَراً و اَمْجَر : پیٹ میں
بچے کی وجہ سے بوجھل ہونا (بکری)
— من الماء : بغیر سیراب ہونے کے
پانی سے بھرنا (پیٹ)
مَاجَر مُمَاجَرَۃً و مِجَاراً و اَمْجَر :
سودخواری کرنا۔
مَجْر : حاملہ جانور کے پیٹ کا بچہ۔ سود
کی زیادتی۔ جوا۔ ہر چیز جو کثرت سے ہو۔
بڑی فوج۔ دور اندیشی۔ ذہانت۔ عقل۔
شَاۃ مَجِرَۃ : دبلی بکری۔
مَجَر : حاملہ بکری کا دبلا پن۔ ملک ہنگری
کا باشندہ۔
بلاد المجر : ہنگری کا علاقہ۔ سونے کے
سکہ کی ایک قسم۔
مِجَار : اونٹ کے پاؤں باندھنے کی
رسی۔
مُمْجِر ج مَمَاجِر : جوڑے جننے والی
(عورت)
مَجَّس : مجوسی بنانا۔
تَمَجَّس : مجوسی بننا۔
مَجُوس : آگ یا سورج کی پرستش
کرنے والے۔ پارسی۔
مَجُوسِیّ : مجوس کا مفرد۔ ساحر۔
حکیم۔ دانا۔
مَجُوسِیَّۃ : مجوسیوں کا مذہب۔
مَجَع ـ مَجْع ـ مَجَاعَۃً :
مخول کرنا۔ بے شرمی کی باتیں کرنا۔
مَجَع ـ مَجْعاً و مَجْعَۃً و تَمَجَّع :
کھجوریں اور دودھ کھانا۔
مَاجَعَ و تَمَاجَع : بےحیائی کی گفتگو کرنا
مَجِعَۃ و مُجُعَۃ : مخولی بےحیا عورت
مَجِیْع : کھجور و دودھ کا بنایا ہوا کھانا
مَجَّاع و مَجَّاعَۃ و مُجَّاعَۃ :
کھجوروں و دودھ کا مشتاق۔ بےشرم
مخولی۔
مَجَاعَۃ : بچا ہوا۔ مجیع
مَجِع و مَجْع : جاہل۔ بےوقوف۔
مَجَل ـ مَجْلاً و مُجُولاً و مَجِل
ـ مَجَلاً و اَمْجَل : کام کی وجہ سے
آبلہ دار ہونا (ہاتھ)
اَمْجَل : آبلے ڈالنا۔
تَمَجَّل : خون یا پیپ سے بھرنا (سر)
مَجْلَۃ ج مِجَال و مَجْل : آبلہ۔
مَجَل : آبلہ۔
مَاجِل : آبلہ دار۔ پہاڑ یا وادی کے
دامن کا پانی۔
مَجْمَج الکتاب : اس نے کتاب
صاف نہیں لکھی۔
— فی : غیر صاف کرنا (بات)
مُجَمَاج : ڈھیلا۔ پرگوشت موٹا۔
مَجَن ـ مُجُوناً : گاڑھی و سخت
ہونا (چیز)
— مُجُوناً و مُجْنًا و مَجَانَۃً و
تَمَجَّن : مخولی اور بےحیا ہونا۔
تَمَاجَن : آپس میں مزاح کرنا۔
مَجَّان : بڑا مخولی۔ مفت۔
مَاجِن ج مُجَّان : بےشرم۔
طَرِیْق مُمْجِن : لمبا راستہ۔
مَحّ ـ مَحّاً و مَحَحاً و مُحُوحاً
و مُحُوحَۃ و اَمَحّ : بوسیدہ ہونا (کپڑا)
اَمَحّ : مٹنا و محو ہونا (نشان)

مَحّ ومَاحّ : پرانا (کپڑا)
مُحّ : خالص۔
— ومُحَّة : انڈوں کی زردی۔
مَحَّاح : جھوٹا۔ دھوکا باز۔ باتوں سے خوش کرنے والا۔
مُحَاحُ : بھوک۔
آمَحُّ : موٹا۔
مَحُتَ ـ مَحَاتَةً : گرم ہونا۔ (دن)
مَحَتَ ـ مَحْتًا : بہت غصے کرنا۔
مَحْت ج مُحُوت ومُحَتَاء : گرم دن۔ مشکل۔ خالص۔ عقلمند۔
مَحَجَ ـ مَحْجًا : چھیلنا (لکڑی) ملکر نرم کرنا (چمڑا) جلدی کرنا۔ اڑالیجانا (ہوا کا غبار کو)
مَحِجَ ـ مَحْجًا : جھوٹ بولنا بلونا (دودھ) ہلانا (ڈول)
مَاحَجَ مُمَاحَجَةً ومِحَاجًا : ٹالمٹول کرنا۔
مَحَّاجٌ : بہت جھوٹا۔
مَحَرَ ـ مَحْرًا : کلائی سے ہٹانا۔
مَحَسَ ـ مَحْسًا : ملنا (چمڑا)
آمْحَس : ماہر چمڑا رنگنے والا۔
مَحَشَ ـ مَحْشًا وامْحَشَ : جلانا (چمڑا)
مَحَشَ : چھیلنا۔ بہا لے جانا۔ مٹانا (لفظ کو) بہت کھانا (خوراک)
اِمْتَحَشَ : جل جانا۔
مَحَاش : گھر کا سامان۔
مِحَاش : آپس میں عہد کرنے کے لئے آگ کے گرد جمع ہونے والی جماعت۔
مُحَاش : جلا ہوا۔

مَحَصَ ـ مَحْصًا : سخت دوڑنا (ہرن) تڑپنا (مذبوح) چمکنا (بجلی)
— ب : صاف کرنا (سونا) پالش کرنا۔ (رھیل) کم کرنا۔ آزمانا۔ اچھی طرح بٹنا (رسی)
مَحَّصَ : اتارنا۔ معاف کرنا۔ (خدا کا گناہ) پکانا (گوشت) ستھرا و خالص بنانا۔ آزمانا (آدمی کو) پاک کرنا۔
آمْحَصَ وانْمَحَصَ : کسوف کے بعد ظاہر ہونا (سورج)
آمْحَصَ من : تندرست ہونا (بیماری سے)
تَمَحَّصَ : معاف ہونا (قصور) دور ہونا (اندھیرا)
اِنْمَحَصَ : کم ہونا (ورم)
— فُلاَن من يده : فلاں آدمی اس کے ہاتھ سے نکل گیا۔
مَحِص : نرم (رسی یا تندی)
مَحِيص (م) مَحِيصَة : پالش کی ہوئی (تلوار)
مَحِص ومُمَحَّص ومَمْحُوص : مضبوط (گھوڑا)
مَحَّاص : چمکنے والی (بجلی)
آمْحَص : عذر قبول کرنے والا۔
مَحُضَ ـ مُحُوضَةً : خالص نسب ہونا۔
مَحِضَ ـ مَحْضًا وامْتَحَضَ : خالص دودھ پینا۔
مَحَضَ ـ مَحْضًا وامْحَضَ : خالص دودھ دینا۔
— ومَاحَضَ وامْحَضَ الوُدَّ : اس نے اس سے خالص محبت کی۔
آمْحَضَ الحَدِيث : اس نے راست گفتاری کی۔

مَحْض ج مِحَاض ومُحُوض : خالص
مَحِض : خالص دودھ کا مشتاق۔
اُمْحُوضَة : سچی وخالص نصیحت۔
مَمْحُوض النَّسَب : خالص نسب والا
مَحَطَ ـ مَحْطًا ومَحَّطَ : انگلیوں سے صاف کرنا (تندی) چلانا (تیر)
اِمْتَحَطَ : کھینچنا (تلوار) چھیننا (نیزہ) دوڑنا (اونٹ)
عَامٌ مَاحِط : بے بارش سال۔
مَحَقَ ـ مَحْقًا ومَحَّقَ : مٹانا۔ ہلاک کرنا۔ کم کرنا
مَحَّقَ : نامبارک کرنا۔ بے برکت بنانا جھلسنا (گرمی کا پودے کو) تباہ کرنا۔
آمْحَقَ : مہینے کے آخر پر ہونا (چاند) تباہ ہونا (مال)
— الرجلُ : آدمی کے مال پر تباہی پڑی
تَمَحَّقَ وانْمَحَقَ وامْتَحَقَ وامَّحَقَ : مٹ جانا۔ تباہ ہونا۔
مَحَاق ومُحَاق ومِحَاق : قمری ماہ کا اخیر یا آخری تین راتیں۔
مَحِيق : تیز و پتلا (نیزہ کا پھل)
مَاحِق الصَّيْف : موسم گرما کی شدت
— الحَرّ : سخت گرم (دن)
آمْحَق : تھوڑا۔ بے برکت۔
مَحَكَ ـ مَحْكًا ومَحِكَ ـ مَحَكًا وامْحَكَ وتَمَحَّكَ : جھگڑالو ہونا۔
مَاحَكَ : جھگڑنا۔
تَمَاحَكَ : آپس میں جھگڑنا۔
مَحِك ومَاحِك ومَحِكَان و مُمْتَحِك : جھگڑالو۔
مَحَلَ ـ ومَحِلَ ـ مَحْلًا ومُحُولًا

وَمَحُلَ ـُ مَحَالَةً: قحط زدہ ہونا (ملک)

ـــ وَمَحِلَ ـَ وَمَحَلَ ـُ مَحْلاً و مِحَالاً بـ الی: بدنام کرنا تہمت لگانا چغلی کھانا۔

مَحَّلَ: مضبوط کرنا۔ لمبا کرنا۔

مَاحَلَ مُمَاحَلَةً و مِحَالاً: دغا بازی کرنا۔ دشمنی کرنا۔ ہٹانا۔ جھگڑا کرنا۔

اَمْحَلَ بقحط زدہ ہونا۔ بے بارش ہونا (جگہ) قحط زدہ کرنا۔ بند ہونا۔ (بارش)

تَمَحَّلَ: تدبر کرنا۔ حیلہ کرنا۔

ـــ بِهِم الدار: اس سے گھر دور ہوا۔

ـــ لِفُلَانٍ حَقَّهٗ: اس نے فلاں کا حق حاصل کرنے کی تجویز کی۔

تَمَاحَلَ: حیلہ بازی کرنا۔

ـــ الدَّرَاهِمَ: درہم پرکھنا۔

مَحْلٌ ج مُحُول و اَمْحَال: قحط۔ خشک سالی۔ دھوکا بازی۔ زمین کی خشکی۔ سخت بھوک۔

رَجُلٌ مَحْلٌ: غیر مفید آدمی۔

اَرْض مَحْل و مَحْلَة: قحط زدہ زمین۔

مِحَال: کاری گر۔ دھوکا۔ جھگڑا۔ دشمنی۔ عذاب و مصیبت۔ شدت ہلاکت

مَحَالٌ: بڑی چرخی۔ ایک قسم کا زیور

مَحَالَة ج مَحَال: بڑی چرخی۔ اونٹ کی پیٹھ کا مہرہ

لَا مَحَالَةَ: لابد۔ ضروری۔ بے شک

مَحَّال: مکار۔ فریبی۔ دھوکا باز شیطان

مَاحِل و مَحُول: سازشی۔ دھوکا باز

مَاحِل: خشک (سال)

مَاحِل و مَحُول و مُمْحِل و مِمْحَال: خشک (ملک)

مُمَحَّل: پھیلا ہوا۔ ترش دودھ جو تازہ دودھ سے ملا ہوا ہو۔

مُتَمَاحِل: وسیع (ریگستان) پائیدار (کام)

مَحَن ـَ مَحْنًا و اِمْتَحَن: آزمانا امتحان لینا۔

مَحَن: مارنا۔ پھنکر بوسیدہ کرنا (کپڑا) صاف کرنا (کنواں)

ـــ و مَحَّن: نرم کرنا (چمڑا)

مَاحَنَ: روک ڈالنا۔

اِمْتَحَن: آزمانا۔ امتحان لینا۔ سوچنا۔ (بات)

مَحْن: نازک۔ کام پیشہ۔

مِحْنَة ج مِحَن: آزمائش۔ تکلیف۔

اِمْتِحَان: آزمائش میں ڈالنے والی مصیبت

مَحَا ـُ مَحْوًا و تَمَحَّى و اِمْتَحَى و اِمَّحَى: مٹنا۔

مَحَا ـُ مَحْوًا و مَحَى ـَ مَحْيًا و مَحَّى: مٹانا۔

تَمَحَّى مِن: مٹانے یا معافی کی درخواست کرنا۔

مَحْو: چاند کا سیاہ داغ۔

مَحْوَة۔ عار۔ بے عزتی۔ بارش۔ لمحہ۔

مَحْوَةُ: مغربی یا شمالی ہوا جو بادل کو اڑا دیتی ہے۔

مِمْحَاة: پونچھنے کا چیتھڑا۔ تولیہ۔

مَمْحُوّ و مَمْحِيّ: محو کیا ہوا۔ الگ کیا ہوا۔ منسوخ کیا ہوا۔

مَخَّخَ و تَمَخَّخ و اِمْتَخَّ: مغز نکالنا

اَمَخَّ: مغز والی ہونا (ہڈی) موٹی ہونا (بکری) رس دار ہونا (لکڑی)

مُخّ ج مِخَاخ و مِخَخَة: مغز بھیجا گودا۔ خالص۔

مُخَاخَة: مغز جو ہڈی کا چوسنے سے منہ میں آ لگے۔

مَخِيْخ: بھیجے والی (ہڈی)

مَخِيْخَة ج مَخَائِخ: موٹی بکری

مَخَج ـَ مَخْجًا و تَمَخَّج: بھرنے کے لئے ہلانا (ڈول)

اِبِلٌ مَخَائِخُ: عمدہ اونٹ

مُمِخٌّ: قادر الکلام۔

مَخَرَ ـُ مَخْرًا و مُخُورًا: پانی چیرنا (جہاز) سیراب کرنا (زمین) دھرے کو رگڑ کر چوڑی کرنا (چرخی) بسیاڑ نکالنا (زمین میں)

مَخَرَ ـَ مَخْرًا: نکالنا (گودا) اچھا حصہ لے لینا۔

تَمَخَّرَ و اسْتَمْخَر و اِمْتَخَر: ہوا کی طرف ناک کرنا۔ ہوا کی سمت میں پیٹھ کرنا۔

اِمْتَخَر: نکالنا (گودا) سب سے اچھا حصہ لینا۔

بَنَات مَخْر: ہلکے سفید بادل۔

مَخَرَة: منہ کی بدبو۔

مَخْرَة و مِخْرَة و مُخْرَة: عمدہ چیز۔

مِخْوَس: چرخی کا دھرا۔

مَاخُور ج مَوَاخِر و مَوَاخِير: سرائے مشتبہ مکان۔ بدکاروں کی مجلس۔

مَاخِرَة ج مَوَاخِرُ: مؤنث ماخر جہاز۔

مَخْرَق: جھوٹ بولنا۔ جھوٹ تراشنا

مِخْرَاق ج مَخَارِيق: چیتھڑوں کی گڑیا۔

تَمَخَّش: بے آرام ہونا۔

مَخَضَ ـُـ مَخْضًا : بالائی اُتارنا

بلونا - (دودھ) بہت ہلانا -

مَخَضَ بالدَّلْوِ : اس نے ڈول

کنوئیں میں ہلایا -

— البِئْرَ بالدَّلْوِ : اس نے ڈول

کے ساتھ بہت پانی نکالا -

— الرَّأيَ : اس نے رائے پر خوب

غور کیا -

مَخِضَتْ ـَـ مِخَاضًا ومُخِضَتْ

ومَخَّضَتْ وتَمَخَّضَتْ : دردزہ

والی ہونا -

اِسْتَنْقَصَ: گھٹانے کے لئے کہنا (قیمت) ناقص کہنا۔ تھوڑا پانا۔
نَقْص و نُقْصَان مَنْقَصَۃٌ: نقصان کمی۔ خرابی۔
نَقَصَ: کمی (عقل و دین کی)
نَقِیْصٌ: میٹھا (پانی)، ہر عمدہ و خوشبودار چیز۔
نَقِیْصَۃ ج نَقَائِص: کمینہ خصلت۔ برائی۔ عیب گیری۔ نکتہ چینی۔ بوری۔
نَاقِص ج نُقَّص: نامکمل۔

مَنْقَصَۃ ج مَنَاقِصُ : نقصان

مُنَاقَصَۃ : نازک - نیلامی -

نَقَضَ ے نَقْضًا : گرانا (مکان) توڑنا (معاہدہ) بدلنا (جج کا فیصلہ کو) کھولنا (رسی) خراب کرنا - توڑنا (ہڈی)

نَقَضَ فُلَانٌ وِتْرَہٗ : فلاں نے اپنا بدلہ لے لیا -

— ے نَقْضًا : تڑتڑ کرنا - آواز دینا (جوڑ)

نَاقَضَ : مخالف ہونا -

اَنْقَضَ : آواز نکالنا (عقاب) چٹخانا (انگلیاں) زمین سے نکالنا (گگرموتا) زیادہ بوجھ لادنا (جانور)

— ب : بلانا (بکریاں)

تَنَقَّضَ : زور سے گرنا - (مکان) تڑکنا (ہڈی) ٹپکنا (خون) کھلنا (رسی)

— عن : پھٹنا (زمین کا گگرموتا سے)

تَنَاقَضَ : ایک دوسرے کے خلاف ہونا (بات) باہم توڑنا (بیع)

— و اِنْتَقَضَ : تڑکنا (عمارت) کھلنا (رسی)

اِنْتَقَضَ : خراب ہونا (زخم) ٹوٹنا (عہد)

— علی : بغاوت کرنا -

اِنْقَاضَ : تڑکنا (دیوار)

نَقْضٌ : تباہی - دلیل کا رد - مفاعلتن کا ساتواں حرف حذف کرنا - اور پانچویں کو ساکن کرنا -

نِقْضٌ (م) نِقْضَۃ : بے ترتیب - بے جوڑ - سفر کی وجہ سے دُبلا (جانور)

نِقْضٌ ج اَنْقَاضٌ و نُقُوضٌ : زمین کا چھلکا جو گگرموتا وغیرہ سے پھٹے -

— و نَقْضٌ : دھاگے کا بٹا حصہ

نُقْضٌ ج اَنْقَاضٌ و نُقُوضٌ : عمارت کی دراڑ -

نَقْضَۃ ج نَقْضٌ : شہتیر -

نُقَاضَۃ : دھاگے یا رسی کا بٹا حصہ رسی کی الجھی ہوئی لڑیاں -

نَقِيْضٌ : برائی - آواز - تڑتڑ - جوڑ کی چٹخ -

— (م) نَقِيْضَۃ : مخالف - ضد - انگلیوں اور جوڑوں وغیرہ کی آواز - چوزوں - بچھوؤں مینڈکوں اور شترمرغ وغیرہ کی آواز -

نَقِيْضَانِ : دو مخالف چیزیں جن کا اجتماع ناممکن ہو -

نَقِيْضَۃ ج نَقَائِضُ : پہاڑی راستہ نظم جو دوسرے کی نظم کے مخالف ہو -

نَقَطَ ے نَقْطًا و نَقَّطَ : نقطہ لگانا (حرف پر)

نَقَطَ : ٹپکنا (مائع)

نَقَّطَ : لتھیڑنا (کپڑا)

— ہ ب علی : پھینکنا (سکے کسی پر)

تَنَقَّطَ : ٹپکنا (مائع) سکے جمع کرنا - (دلہن کے لئے)

تَنَقَّطَ : گھاس کے قطعوں والی ہونا (جگہ) تھوڑی تھوڑی بتانا (خبر) آہستہ آہستہ کھانا (روٹی)

نُقْطَۃ ج نُقَطٌ و نِقَاطٌ : نقطہ - داغ - دھبہ - فل سٹاپ - قطرہ (خون پانی)

مَا اخْتَلَفُوا فِی نُقْطَۃٍ : انہوں نے تمام باتوں میں اتفاق کیا -

نُقَطٌ و نِقَاطٌ مِنَ الکَلَأ : گھاس کے متفرق قطعے -

دَاءُ النُّقْطَۃ : مرگی -

نَاقِطٌ و نَقِيْطٌ : غلام کا غلام -

نَقَّاطٌ : نقطے لگانے والا -

نُقُوْطٌ : دلہن کا جہیز

مَنْقُوْطٌ مِنَ الشِّعْرِ : شعر جس کے تمام حروف نقطوں والے ہوں -

نَقَعَ ـَ نَقْعًا : اونچی آواز کرنا چیخنا - زیادہ ہونا (موت) پھاڑنا (جیب) قتل کرنا - منہ میں جمع کرنا (تھوک)

— ب : پیاس بجھانا - اطلاع پانا (خبر کی)

— ب : سخت گالی دینا -

— و اَنْقَعَ و انْتَقَعَ ل : ذبح کرنا (اونٹ مہمانوں کے لئے)

— و اَنْقَعَ فی : بھگونا (دوائی)

— و اَنْقَعَ ب : لمبی مارنا (چیخ)

— و اسْتَنْقَعَ : اونچی ہونا (آواز)

نَقَعَ ـَ نُقْعًا و نُقُوْعًا و اسْتَنْقَعَ دیر تک ٹھہرنا (پانی) بجھانا (پیاس)

اَنْقَعَ و اسْتَنْقَعَ : متغیر ہو کر زرد ہونا (پانی)

اَنْقَعَ : پیاس بجھانا - ناک پر چٹکی مارنا

— شَرًّا ل : کسی کے لئے شرارت تیار کرنا -

اُسْتُنْقِعَ الشَّیْءُ فِی المَاءِ : چیز پانی میں بھگوئی گئی -

اُنْتُقِعَ و اسْتُنْقِعَ : متغیر ہونا (رنگ)

اِسْتَنْقَعَ فی : جمع ہونا (پانی تالاب میں) نہانا (تالاب میں)

نَقْعٌ ج نِقَاعٌ و نُقُوعٌ : غبار - مکہ کے قریب ایک جگہ کا نام -

— ج نِقَاعٌ و اَنْقُعٌ و نَقْعَاءُ : دلدلی زمین -

— ج اَنْقُع : دلدل۔
اِنَّهُ لَشَرَّاب بِاَنْقُع : وہ سختی برداشت کرنے کا عادی ہے۔
نُقَاعَة : مائع جس میں کوئی چیز بھگوئی جائے۔
نَاقِع : مہلک (زہر) تازہ (خون) پیاس بجھانے والا (پانی)
نَقَّاع : متکبر
نَقُوع و نَقِيع : میٹھا ٹھنڈا پانی
رَجُلٌ نَقُوعُ اُذُنٍ آدمی جو ہر بات مان لیتا ہے۔
نَقِيع : بھگوئی ہوئی کھجوروں کا شربت شربت جو کشمش کو بھگو کر بنایا جائے۔ ہیچ۔ آدمی جس کی ماں غیر قوم کی ہو۔
— ج اَنْقِعَة : میٹھا و سرد پانی۔ بہت پانی والا کنواں
نَقِيعَة ج نَقَائِع : مہمان کے لئے ذبح کیا ہوا۔ کھانا جو سفر سے واپس آنے والے کے لئے تیار کیا جائے۔
اَنْقَع : بہت پیاس بجھانے والا۔
اُنْقُوعَة : ہر ایسی جگہ جس کی طرف پانی بہ کر آئے۔
— المیزاب : پرنالے کی نالی۔
مِنْقَع ج مَنَاقِع و مِنْقَعَة : دوائی بھگونے کا برتن۔
مَنْقَع ج مَنَاقِع : دلدل۔ سمندر سیرابی۔
مَنْقَع الدَّم : پھانسی کی جگہ۔
سَمٌّ مُنْقَع : ستھائی بنایا ہوا زہر
مُنْقَع : خالص کیا ہوا دودھ۔ پتھر کا پیالہ۔ مٹکا۔ بھگونے کے قابل چیز۔

فُلَانٌ مُنْقَعَۃٌ : فلاں کی رائے پر عمل ہوتی ہے۔
مُنْقَع و مِنْقَعَة : کشمش بھگونے کا برتن۔
مُنْقُعَۃٌ : چھوٹی ہانڈی جس میں دودھ و کھجوریں بچے کو کھلانے کے لئے ڈالی جائیں
مُسْتَنْقَع : ٹھہرے ہوئے پانی کا جوہڑ کپڑے دھونے کا تالاب۔
نَقَف ـُ نَقْفًا : توڑنا (کھوپڑی) پھوڑنا (چوزہ انڈا) دانے نکالنے کے لئے چھیلنا (انار) صاف کرنا۔ پانی ملانا (شراب میں) ہلکی ضرب لگانا۔
— عن : تفتیش کرنا۔
نَقَّف و اَنْقَف و انْتَقَف : پھاڑنا (اندرائن کا پھل)
نَقَف نَقْفَةً : ناخن سے چٹکی بھرنا
نَاقَف مُنَاقَفَةً و نِقَافًا : ایک دوسرے کی کھوپڑی پر تلوار مارنا۔
اَنْقَف : انڈوں سے بھرنا (مکڑی و ادی) مغز نکالنے کے لئے دینا (ہڈی)
تَنَاقَفَا : ایک دوسرے کو تلوار سے مارنا۔
اِنْتَقَف : نکالنا۔
نَقْف و نِقْف : انڈوں سے نکلنے والے چوزے۔
نَقَفَة : ٹیلے یا پہاڑ کی چوٹی کا چھوٹا سا گڑھا۔
نِقَاف : دُور اندیش (آدمی)
فی نِقَافٍ وَاحِدٍ : ایک ہی طرح پر برابر۔ برابر۔
نَقَّاف : دور اندیش۔ ہوشیار۔ تدبیر کرنے والا۔ سوال کرنے کا عادی۔ بڑھئی

نَقِيف ج نُقُف : دیمک کا کھایا ہوا (تنہ)
مِنْقَاف : پرندے کی چونچ۔ ایک قسم کی کوڑی جو پالش کے کام آتی ہے
مَنْقُوف : زرد رنگ۔ دُبلا۔ کمزور کم گوشت۔ کرم خوردہ (تنہ)
عَيْنَانِ مَنْقُوفَتَانِ : دو سُرخ آنکھیں۔
نَقَل ـُ نَقْلًا و نَقَّل : ایک جگہ سے دوسری جگہ پر تبدیل کرنا۔ نقل کرنا۔ (کتاب)
نَقَل عن : روایت کرنا۔
— و نَقَّل و اَنْقَل : مرمت کرنا (کپڑا جوتی)
نَقَّل : توڑنا (ضرب کا ہڈی کو) ہٹانا اُٹھوانا۔ زیادہ نقل کرنا (چیز کو) ناشتہ کھلانا (مہمان کو)
نَاقَل مُنَاقَلَةً و نِقَالًا و انْتَقَل : ہوشیاری سے چلنا۔ دوڑنا (گھوڑا)
— : ایک دوسرے کو روایت سُنانا
— مُنَاقَلَةً : ایک دوسرے کو پکڑانا (پیالے)
نَاقَلَ الفَرَس : گھوڑے نے جلدی جلدی پاؤں اُٹھائے۔ یا دوڑنے میں پتھروں سے بچاؤ کیا۔
نَاقَلَ الشَّاعِرُ الشَّاعِرَ : شاعر نے شاعر سے مناقضہ کیا۔
تَنَقَّل و انْتَقَل : ایک جگہ سے دوسری جگہ بدل جانا۔ کاپی ہونا۔ روایت ہونا۔
تَنَقَّل : نُقل کھانا۔
تَنَاقَل : ایک دوسرے سے نقل کرنا حدیث۔ باری باری کرنا۔

اِنتقل من الی : نقل مکانی کرنا۔
— الی رحمة الله : وہ مرگیا۔
— الفرس : گھوڑے نے چلنے میں پچھلے پاؤں کو اگلے پاؤں کی جگہ پر رکھا۔
نَقْل (مفرد نَقْلَة) : ترجمہ۔ تبدیلی۔ روائت۔
— ونِقْل ونَقَل ج اَنْقال ونِقال بوسیدہ (جوتی)
نَقْل ونُقْل ج نُقُول واَنْقال و نُقُولات : نقل۔ مربہ یا خشک میوہ جو شراب کے ساتھ دیا جاتا ہے۔
نَقَل : تباہ شدہ مکان کے پتھر و چونہ۔ شور و شغب میں جواب۔ چھوٹے پتھر۔
نَقِل : چٹانی (زمین) حاضر جواب۔
نَقْلَة ج نِقال : چھوٹا اور چوڑا۔ (نیزے کا پھل)
نُقْلَة ج نُقَل : انتقال۔ چغل۔
— وانتقال : ترک وطنی۔
نِقْلَة ج نِقَل : شادی کے ناقابل عورت
عِیْدُ انتقال العذراء : عیسائیوں کا ایک تہوار۔
نَقْلِیّ ومَنْقُول (ضد مَعْقُول) : روایتی۔
نَاقِلِیَّة : بوجھ۔
نَاقِل ج نَاقِلُون ونَقَلَة : روائت کنندہ
نَاقِلَة ج نَوَاقِل : قسمت کی تبدیلی نقل مکانی کرنے والا قبیلہ۔
نَقِیْل (مذکر و مؤنث) : مسافر۔ اجنبی اجنبیہ۔ نقل مکانی کرنے والا۔ سیلاب جو بارش والے علاقہ سے خشک علاقہ میں آئے۔

فَرَس ذو نَقِیْل : تیز رفتار گھوڑا۔
نَقِیْلَة : اجنبی عورت۔
نَقِیْلَة ج نَقَائِل ونَقِیْل : جوتی یا بوٹ پر لگی ہوئی پیوند۔
اَنْقِلاء : شام کی کھجوریں۔
فَرَس نَقَّال ومِنْقَل ومُنَاقِل : تیز رو گھوڑا۔
مَنْقَل ج مَنَاقِل : پہاڑی راستہ۔ مختصر راستہ۔ بوسیدہ (جوتی)۔ موزہ)
مُنَقِّلَة : ہڈی توڑنے والا (سر کا زخم)
مِنْقَلَة ج مَنَاقِل : نقل مکانی کرنے کا ذریعہ۔
مَنْقَلَة : ایک دن کی منزل۔ اونٹ کے موزے کا پیوند۔
اَرْض مَنْقَلَة : چھوٹے پتھروں والی زمین۔
مُنْتَقِل ج مُنْتَقِلات : منقولہ جائداد

نَقَمَ ۔ ونَقِمَ ۔ نَقْمًا ونَقَمًا وتِنِقَّامًا وانتقم مِن : بدلہ لینا۔ انتقام لینا۔ سزا دینا۔
نَقَم مِن وعلی : ملامت کرنا۔ عیب لگانا
نَاقَم : ستانا۔
اِسْتَنْقَم : بدلہ لینا۔
نَقَم : راستہ کا درمیان
نِقْمَة ونَقِمَة ج نِقَم ونَقِم ونَقِمَات : بدلہ۔ سزا۔ عذاب۔
نَقِیْمَة : اچھی طبیعت والا۔

نَقْنَقَ : ٹرانا (مینڈک) بڑبڑانا دھمکانا۔
تَنَقْنَقَتِ العین : گہری ہونا (چشم)
نَقْنَقَ فی الاکل : وہ دیر تک کھاتا رہا
نِقْنِق ج نَقَانِق : نر شتر مرغ۔

نَقَانِق ومَقَانِق : بھری ہوئی آنتیں۔ سموسے۔

نَقِهَ ۔ نَقَهًا ونَقَه ۔ نُقُوهًا وانتقه من : بیماری سے اٹھنا۔
نَقَه ۔ نَقْهًا ونُقُوهًا ونَقَاهَة ونَقَهَانًا واسْتَنْقَه : سمجھنا (بات)
اَنْقَه من : تندرست کرنا۔
— : سمجھانا (بات)
اَنْقِهْ لی سَمْعَك : میری بات سن۔
اِنْتَقَه من : شفا پانا۔
اِسْتَنْقَه : پوچھنا۔ سمجھنا (بات)
نَاقِه ج نُقَّه : بیماری سے صحت پانیوالا
— ونَقِه : سمجھنے والا (بات)
نَقْهَة : صحت یابی
فی کل عام مرضة ونقهة : ہر سال ایک دفعہ کی بیماری اور ایک دفعہ کی صحت

نَقَا ۔ نَقْوًا ونَقَی ۔ نَقْیًا وانْتَقَی گودا نکالنا (ہڈی سے)
نَقِیَ ۔ نَقَاءً ونَقَاوَةً ونَقَاءَةً و نُقَاوَةً ونُقَايَةً : مصفی ہونا۔ بے داغ ہونا۔
نَقَّی واَنْقَی : صاف کرنا۔ چننا۔ شاخ تراشی کرنا (انگور کی)
اَنْقَی : موٹا ہونا (اونٹ) موٹی و میدہ والی ہونا (گندم)
تَنَقَّی وانْتَقَی : چننا۔
اِسْتَنْقَی : بدن کو بہت صاف کرنا۔
نَقًا مث نَقَوَان ونَقَیَان ج اَنْقاء ونُقِیّ : ریتلا ٹیلہ۔
نَقًا ونَقْو ونِقْو ج اَنْقاء : بازو کی ہڈی۔ گودے کی بھری ہوئی ہڈی۔
نِقْی ج اَنْقاء : ہڈی کا مغز۔ آنکھ کی چربی

نَقَاء و نَقَاوَة : صفائی۔
نُقَايَة (ج نَقَايَا و نُقَاء) و نُقَاوَة
ج نُقًا و نُقَاء : گودا۔ مغز۔
نَقْوَة و نَقَاوَة و نَقَاة : عمدہ
حصہ۔
نَقَاة و نُقَاة و نَقَايَة و نُقَايَة
گندم کا چھان۔ گندم کا خراب حصہ۔
نُقَاوَة ج نَقَاوَى : عمدہ حصہ۔
نَقَاوَى : پودے جن سے سجی نکالی جاتی
ہے۔
نَقِيّ ج نِقَاء و أَنْقِيَاء : خالص
صاف ستھرا۔ پرہیزگار۔
نَقِيَّة ج نَقَايَا : لفظ۔
ثِقَةٌ نِقَةٌ : استقلال سے۔
أَنْقَى (م) نَقْوَاء : پتلی انگلیوں والا۔
المُنْتَقَى : راستہ۔ سڑک۔
نَكَّ ـُ نَكًّا علی : اصرار کرنا۔ (مقروض)
ـــ : درست کرنا (کام)
نَكَأَ ـَ نَكْأً : کھرنڈ اتارنا (زخم سے)
(ادا کرنا (قرض)
ـــ دنی : قتل کرنا۔ زخمی کرنا (دشمن کو)
إِنْتَكَأَ حَقَّه مِن : اس نے اس سے
اپنا حق لے لیا۔
نُكَاة نُكَأَة : جلدی ادا کرنے والا۔
نَكَبَ ـُ نَكْبًا و نَكَبًا : مصیبت
پہونچانا۔
ـــ نُكُوبًا : ٹیڑھی چلنا (ہوا)
ـــ نِكَابَة و نُكُوبًا علی : حفاظت
کرنا۔
ـــ نَكْبًا : جھکانا (برتن۔ کمان) خراشنا
(پتھر کا پاؤں کو)
ـــ ادب : پھینک دینا۔

ـــ نَكْبًا و نُكُوبًا و نَكِبَ ـَ نَكَبًا و
نَكَّبَ عن : الگ ہوجانا (راستہ سے)
بیمار کندھے والا ہونا۔ نکب بیماری والا
ہونا۔
نَكِبَ ـَ نَكَبًا : کندھے کے درد والا ہونا
نُكِبَ : مصیبت زدہ ہونا۔
نَكَّبَ : ہٹانا۔
ـــ ه عن : ہٹا دینا (راستہ سے)
تَنَكَّبَ عن : ہٹ جانا۔ بچنا۔ کنارے
ہونا۔ کندھے پھیر دینا۔
ـــ و انْتَكَبَ : کندھے پر اٹھانا (کمان)
نَكْبَ ج نُكُوب : مصیبت۔
نَكَب : جھکاؤ۔ اونٹوں کی ایک بیماری
جس سے شانہ میں درد ہوتا ہے۔
نَكِب (م) نَكِبَة : زخمی پاؤں والا۔
نَكْبَة ج نَكَبَات : مصیبت
نُكْبَة ج نُكَب : غلہ کا ڈھیر جو پایا نہ
گیا ہو۔
نَكِيب : کھر کا گردا گرد۔
أَنْكَب : شانہ کے درد والا۔ بغیر کمان۔
(آدمی) ایک شانہ سے دوسرے شانہ کو
اونچا رکھنے والا۔
أَنْكَب و مِنْكَاب عن الحق : راستی
سے منحرف۔
نَكْبَاء ج نُكُب : ٹیڑھی چلنے والی ہوا۔
نُكَيْبَاء : شمال مشرقی ہوا۔
مَنْكِب ج مَنَاكِب : کندھا۔ شانہ۔
پہلو۔ مددگار۔ محافظ۔ سطح مرتفع۔
المَنَاكِب : گدھ کے چھوٹے پر۔
هَزَّ مَنْكِبَه لِكَذَا : وہ اس سے
خوش ہوگیا۔
مَنْكِب الجَوْزَاء و مَنْكِب ذِي العَنَان

و مَنْكِب الفَرَس : ستاروں کے نام۔
فُلَانٌ مَعِي على حَدِّ مَنْكِبٍ :
فلاں آدمی مجھ سے کنارہ کش رہتا ہے۔
مَنْكُوب : مصیبت زدہ۔ زخمی پاؤں
والا۔ ٹیڑھا راستہ۔
نَكَتَ ـُ نَكْتًا : دوڑنے میں پھاندنا
گودا نکالنا (ہڈی سے)
ـــ ب : غور یا فکر کے وقت نشانی ڈالنا
(زمین پر انگلی یا لاٹھی سے)
ـــ الناسُ بالحصى : لوگوں نے کنکر
زمین پر پھینکے
ـــ ه : سر کے بل گرانا۔
لَأَنْكُتَنَّ بِكَ الأرضَ : میں ضرور
تجھے سر کے بل زمین پر گرا دونگا۔
نَكَّتَ في كَلَامِه : اس نے ظرافت کی
باتیں کیں۔
نَكَّتَ علی : ستانا۔ نکتہ چینی کرنا۔
ـــ المُرْطِبُ : کھجوروں نے سرخی پکڑی
انْتَكَتَ : سر کے بل گرنا۔
نُكْتَة ج نُكَت : ظرافت۔ باریکی
کلام۔ عجیب آدمی
ـــ ج نُكَت و نِكَات : مختلف رنگ
کے داغ۔ شیشہ کا داغ۔ انگلی یا لاٹھی
کا زمین پر بنایا ہوا نشان۔
نَكَّات : مسخرہ۔ ظریف۔ تکلیف دہ۔
نَكِيتٌ : مطعون۔
رُطَبٌ مُنَكِّتَة : کھجوریں جو سرخ
ہونے لگیں۔
نَكَثَ ـُ نَكْثًا : توڑنا یا فسخ کرنا
(عہد۔ بیع) ادھیڑنا (رسی) سرا نرم کرنا
(مسواک کا)
تَنَاكَثَ : آپس کا معاہدہ توڑنا۔

اِنْتَکَثَ: ٹوٹنا (معاہدہ) (دھڑنا (رسی)
سرا بکھرنا (مسواک کا)
— من الی: ایک کام سے ہٹ کر دوسرے
کام کی طرف متوجہ ہونا۔
نِکْث ج اَنْکَاث: کچے دھاگے۔
نُکَاثَة: رسی کا بے بٹا حصہ۔ مسواک
کی پھانک۔
حُبَل نَاکِث: بدمعاش آدمی۔
نَکِیْثَة ج نَکَائِث: روح مشکل کام
سخت کوشش۔ نقض عہد۔ طبیعت۔ قوت
قَالَ قولا لا نَکِیْثَةَ فِیْہِ: اس نے
ایسی بات کہی جس میں خلاف نہیں۔
صَرَفَ فِیْہِ نَکِیْثَتَہ: اس نے
اس میں بڑی کوشش کی۔
وَقَعُوا فی النَّکِیْثَةِ: وہ مشکل
کام میں پڑ گئے۔
ذو نَکِیْثَةٍ حَسَنَةٍ: اچھی طبیعت والا
نَکَّاثٌ: بٹی ہوئی چیز کو ادھیڑنے والا
حَبْل مَنْکُوث و اَنْکَاث: بے بٹی رسی
مُنْتَکِثٌ: دُبلا۔

نَکَحَ ـِ نِکَاحًا: شادی کرنا۔
— و اسْتَنْکَحَ: نکاح میں لانا (عورت)
نَکَحَتِ الْمَرْأَة: عورت نے شادی کی
نَکَحَ نِکَاحًا: غالب آنا (نیند)
نَکَّحَ: بھاگنا۔ (ضرب خوردہ جانور)
اَنْکَحَ: نکاح کرانا۔
تَنَاکَحَ: ایک دوسرے سے شادی کرنا
باہم ملنا (درخت)
نَکَحَ المطرُ الارضَ: بارش مٹی
میں جذب ہوگئی۔
نُکْح و نِکْح: نکاح۔
نُکَح و نُکَحَة: بہت شادیاں کرنیوالا۔

نَاکِح و نَاکِحَة: شادی شدہ (عورت)
مَنَاکِح: عورتیں۔

نَکَخَ ـُ نَکْخًا: نیزہ مارنا۔

نَکَدَ ـُ نَکْدًا: رد کرنا۔ تھوڑا دینا
دینے سے انکار کرنا۔ بہت سوالوں سے
تنگدست کر دینا۔ بہت کائیں کائیں کرنا (کوا)
نُکِدَ: بہت مانگنا اور تھوڑا پانا۔ سوالوں
سے تنگ ہونا۔
نَکِدَ ـَ نَکَدًا: تنگ ہونا (گذران)
تھوڑے پانی والا ہونا (کنواں)
نَکَّدَ: مکدر بنانا (زندگی) ضائع کرنا۔
(دولت) مکدر زندگی والا ہونا۔ تنگ
گزران والا ہونا۔
— و نَاکَدَ: تکلیف دینا۔ بے جا دخل
دینا۔
اَنْکَدَ: تنگ گزارے والا ہونا۔
تَنَکَّدَ: تنگ و ناخوش ہونا۔ (زندگی)
تَنَاکَدَ: ایک دوسرے سے سختی برتنا۔
نَکْد و تَنْکِیْد: سختی۔ تکلیف۔
نَکْد و نَکَد و نَکِد ج اَنْکَاد و مَنَاکِید
بدبخت۔ غیر مفید۔
— و اَنْکَد (م) نَکْدَاء ج نُکْد:
سخت تکلیف دہ۔ منحوس۔
نَکَد و نُکْد و مُنَکَّد و مَنْکُود:
تھوڑا (عطیہ)
نَاکِد ج نُکْد: عورت جس کے بچے
زندہ نہ رہتے ہوں۔ تھوڑے دودھ والی
اونٹنی۔
نَکْدَاء ج نُکُد: تھوڑا یا بہت دودھ
دینے والی اونٹنی۔
مَنْکُود: سوال سے تنگ شدہ۔ بہت
مانگنے کے بعد تھوڑا پانے والا۔

مَنْکُود الحظ: بدنصیب۔ لعنتی۔ تھوڑا
پانی والا۔
مُنَکِّدَات: تفکرات۔ تکالیف۔

نَکِرَ ـَ نَکَرًا و نُکْرًا و نُکُورًا و
نَکِیْرًا و اَنْکَرَ: نہ جاننا۔ بے خبر ہونا۔
ناموافق ہونا۔ انکار کرنا۔
—: ناواقف ہونا۔
نَکُرَ ـُ نَکَارَةً: مشکل و سخت ہونا۔
(کام)
نَکَّرَ: بھیس بدلانا۔ تبدیل کرنا۔ نکرہ بنانا
نَاکَرَ: مقابلہ کرنا۔ لڑنا۔ دھوکا دینا۔
اَنْکَرَ: نہ جاننا۔ انکار کرنا۔
— علی: عیب جوئی کرنا۔ منع کرنا۔
تَنَکَّرَ: بدحال ہونا۔ بھیس بدلنا۔ بدخلق
ہونا۔
— ل: نفرت کرنا۔ اجنبی ہونا۔
تَنَاکَرَ: جان بوجھ کر ناواقف بننا۔ ایک
دوسرے سے اجنبیوں یا دشمنوں کا سا سلوک
کرنا۔
تَنَاکَرَ و اسْتَنْکَرَ: ناواقف ہونا۔
اِسْتَنْکَرَ: پوچھنا
نَکْر و نُکْر و نَکَارَة و نَکْرَاء: ذہانت
سمجھ۔ دھوکا۔ چالاکی۔
مَا اَشَدَّ نُکْرَہٗ: وہ کیسا ہوشیار ہے
نُکْر و نُکُر و نَکْرَاء و مُنْکَر: مشکل
کام۔
نَکِر و نَکْر و نُکُر (مذکر مونث) ج
اَنْکَار: ہوشیار۔ تیز فہم۔
نُکُر و مُنْکَر: مجہول۔
نَکْرَاء: مصیبت
نَکَرَة و نَکِیْر و اِنْکَار: انکار۔
نَکِرَة: انکار۔ غیر معرفہ۔ خون یا پیپ کا پھوڑا۔

اَمْرٌ نَکِیْرٌ : مشکل کام۔
نَکِیْر و مُنْکَر : موت کے دو فرشتے۔
نَکِرَۃ ج نَکِرَات : نقیض معرفہ
نَاکِرُ الجَمِیْل : ناشکر گزار
مُنْکَر ج مُنْکَرَات و مَنَاکِر : نامعلوم۔ خدا کی مرضی کے خلاف کام
— ج مُنْکَرُون و مَنَاکِیر : غیر معمولی (واقعہ) بڑا زیرک۔
مُنْکَرَات : ناپسندیدہ اُمور۔
مُنَکَّر : نقیض معرفہ۔
مَنْکُوس و یَنْکُوس : غیر معروف۔ (راستہ)

نَکَزَ ـُ نَکْزًا : ہانکنا (جانور) چبھونا۔ ڈسنا (سانپ)
— و نَکِزَ ـَ نَکَزًا : ختم شدہ پانی والا ہونا (کنواں)
نَکَزَ ـُ نُکُوزًا : زمین میں جذب ہونا۔ (پانی)
اَنْکَزَ : پانی ختم کرنا (کنویں سے)
نِکْز : ہڈی میں باقی رہا ہوا مغز۔ رذیل لوگ۔
نَاکِز ج نَوَاکِز و نَکُوز ج نُکُز تھوڑے پانی والا (کنواں)
نَاکُوزَۃ : ڈنگ۔ جانور کو چبھونے کا اوزار۔
نَکَّاز ج نَکَاکِیز و نَکَّازَات : ایک قسم کے چھوٹے سر والا زہر دار سانپ۔
فُلَان بِمُنْکِزٍ من العیش : فلاں تنگدست ہے۔

نَکَسَ ـُ نَکْسًا و نَکَّسَ : اوندھا کرنا۔ الٹانا۔ نیچے کرنا (علم) ذلت کی وجہ سے جھکانا (سر) بیمار کرنا (خوراک)
نَکَسْتُ فُلَانًا : میں نے فلاں کو واپس کر دیا۔
نُکِسَ : دوبارہ بیمار ہونا (مریض) عاجز و ضعیف ہونا (مرد)
نَکِسَ ـَ نَکْسًا عن : ادنیٰ ہونا (دوسروں سے)
نَکَّسَ الفَرَسُ : گھوڑا گھوڑوں سے نہیں مل سکا۔
تَنَکَّسَ : الٹنا۔ اوندھا ہونا۔ سر نیچے کرنا۔
اِنْتَکَسَ : سر کے بل گرنا۔ دوبارہ بیمار ہونا۔
نُکْس و نُکَاس و اِنْتِکَاس : بیماری کا عود۔
تَعْسًا لَہٗ و نُکْسًا اَوْ تَعْسًا لَہٗ و نَکْسًا : خدا اس پر مصیبت ڈالے
نِکْس ج اَنْکَاس : ٹوٹے ہوئے سرے والا تیر۔ کمزور۔ ہیچ (آدمی)
— و مَنْکُوس : پاؤں کے بل پیدا شدہ (بچہ)
نُکُس : بڑھاپے سے خمیدہ کمر۔
نَاکِس ج نَوَاکِس : سر کو نیچے رکھنے والا۔
مُنَکِّس : دھیمی چال والا گھوڑا۔
قَرَأَ الکِتَاب مَنْکُوسًا : اس نے کتاب کو آخر سے پڑھا۔
مَنْکُوس و مُنْتَکِس : دوبارہ بیمار ہونے والا۔

نَکَشَ ـِ نَکْشًا و انتکش : صاف کرنا (کنواں) فنا کرنا (چیز) کھودنا (زمین)
بَحْرٌ لَا یُنْکَش : نہ ختم ہونے والا سمندر
لَمْحَۃ مَا تُنْکَش : پودے کا وہ حصہ جو اُکھاڑا نہ جا سکے۔
نَکَشَ و من : ختم کرنا۔ پورا کرنا۔
نَکَّاش : کھودنے والا۔
مِنْکَش : غور سے معائنہ کرنیوالا۔
مِنْکَاش و مَنْکُوش ج مَنَاکِیش پنجہ جس سے بھوسہ اکٹھا کرتے ہیں۔

نَکَصَ ـِ نَکْصًا و نُکُوصًا و مَنْکَصًا عن : ہٹ جانا۔ رک جانا۔
نَکَصَ علی عَقِبَیْہِ : وہ اس بات سے ہٹ گیا جس پر وہ تھا یا انصاف کے راستہ سے ہٹ گیا۔
نَکَّصَ : ہٹا دینا۔
اِنْتَکَصَ : ایڑیوں پر واپس ہونا۔
مَنْکَص : ہٹنے کی جگہ۔

نَکَظَ ـُ نَکْظًا و نَکَّظَ و اَنْکَظَ روکنا۔ موڑنا
— و نَکَّظَ و اَنْکَظَ عن : ہٹانا۔
— : بہت بھوکا ہونا۔
نَکِظَ ـَ نَکَظًا : جلدی کرنا۔ قریب ہونا (کوچ)
تَنَکَّظَ عَلَیْہِ اَمْرُہٗ : اس پر اس کا معاملہ مشکل ہو گیا۔
— علی : بخل کرنا۔
نَکْظ و نَکَظ و نَکْظَۃ و نَکَظَۃ و مَنْکَظَۃ : کوشش۔ سفر کی سختی۔ جلدی

نَکَعَ ـَ نَکْعًا و نَکَّعَ و اَنْکَعَ عن واپس کرنا۔ ہٹانا۔ روکنا۔ تھکانا۔
— : ملامت کرنا۔ پاؤں کی پشت سے مارنا۔
— ہٗ حَقَّہٗ : اس نے اس کا حق روک دیا

ـــ عن : بچنا۔

مَا نَكِعَ يَفْعَلُهُ : وہ اس کو بدستور کرتا رہا۔

مَا اَدْرِی اَيْنَ نَكَعَ : میں نہیں جانتا وہ کہاں گیا۔

ـــ نَكْعًا وَ نَكَعًا : تھن کو مار کر دودھ نکالنا (مویشی)

نَكِعَ ـَ نَكَعًا : سرخ ناک والا ہونا

اُنْكِعَتْ بُغْيَتُهُ : اس کا مطلب فوت ہوگیا۔

نَكَعَةٌ : ملامت۔ دولتی۔ سختی۔ طرثوث درخت۔ پودے کا سر۔

نُكَعٌ و نُكَعَةٌ : سرخی مائل بھورا رنگ۔ بھورے رنگ والا (آدمی)

نَكَعَةٌ و نُكَعَةٌ : طرثوث درخت کا پھل۔ تمر ہندی۔ ناک کا کنارہ۔

نَكِعَةٌ : سرخ (عورت۔ ہونٹ)

نَكَعَةٌ و اَنْكَعُ : سرخ چہرے والا۔ جس کے ناک سے چھلکے اترتے رہیں۔

مُنْكَعٌ : پیچھے کو ہٹنے والا۔

اَنْفٌ مُنْكَعٌ : چپٹی ناک۔

نَكَفَ ـُ نَكْفًا و اُنْتُكِفَ : روکنا

غَيْثٌ لَا يُنْكَفُ : لگاتار بارش۔

بَحْرٌ اَو جَيْشٌ لَا يُنْكَفُ : بے پایاں سمندر۔ بے شمار فوج۔

نَكَفَ : پانا (کھوج) انگلی سے پونچھنا (آنسو)

نَكَفَ ـُ نَكْفًا و نَكِفَ ـَ نَكَفًا

عن : ناک چڑھانا۔ رک جانا۔

نَكِفَ ـَ نَكَفًا من : بیزار ہونا۔ ناک چڑھانا۔

نَكِفَتِ الْيَدُ : ہاتھ کو درد ہوا۔

نَاكَفَ : ستانا۔

ـــ الْكَلَامَ : لفظ بلفظ جواب دینا۔ ترکی بہ ترکی جواب دینا۔

اَنْكَفَ : پاک کرنا۔ دور کرنا۔

تَنَاكَفَ : باہم جھگڑنا۔

اِنْتَكَفَ : زوال پذیر ہونا۔ ایک ملک سے دوسرے ملک جانا (قوم)

ـــ الی : مائل ہونا۔

ـــ الْحَبْلُ : رسی ٹوٹ گئی۔

اِسْتَنْكَفَ : مغرور ہونا۔ ناک چڑھانا۔ پانا (کھوج)

ـــ من : نفرت کرنا۔ تکبر کی وجہ سے رک جانا۔

نَكَفَتَانِ و نُكَفَتَانِ و نَكَفَتَانِ ج نَكَفَات : جبڑے کی دو آگے نکلی ہوئی ہڈیاں۔

نَكَفٌ : جبڑے کی جڑھ کی چھوٹی غدودیں۔

نَكَفَةٌ : جبڑے کے نیچے کی غدود۔

نُكَافٌ : اونٹ کے جبڑے کی غدود

مَنْكُوفٌ : جبڑے پر کی غدود والا۔ جبڑے کے درد والا۔

نَكَلَ ـِ نُكُولًا و نَكِلَ ـَ نَكَلًا

عن و من : بزدل ہونا۔ پیچھے ہٹنا۔

نَكَلَ ـُ نَكْلَةً و نَكَّلَ بِهِ : اس نے اس کو عبرتناک سزا دی۔

نَكِلَ ـَ نَكَلًا : عبرتناک سزا پانا۔

نَكَّلَ و اَنْكَلَ عن : ہٹانا۔

نِكْلٌ ج اَنْكَالٌ و نُكُولٌ : بیڑی۔ لگام کا لوہا۔ ہتھیار۔

اِنَّهُ لَنِكْلُ شَرٍّ : وہ شریروں کا تازیانہ ہے۔

نَكَالٌ و نُكْلَةٌ و مَنْكَلٌ : عبرتناک سزا۔

نَكَّلَهُ اللّٰهُ بِنُكْلَةٍ : خدا نے اس کو عبرتناک سزا دی۔

نَكَلٌ : تجربہ کار آدمی۔ مضبوط گھوڑا

نَاكِلٌ ج نُكَّلٌ : کمزور۔ بزدل۔

مِنْكَلٌ ج مَنَاكِلُ : سزا کا اوزار۔

مِنْكَلَةٌ ج مَنَاكِلُ : تمباکو کاٹنے کی مشین۔

نَكَمَةٌ : مصیبت۔

نَكْنَكَ : اصلاح کرنا (کام کی)

ـــ علی : سختی کرنا (قرضدار پر)

نَكَهَ ـَ نَكْهًا له و عليه : دوسرے کے منہ پر سانس لینا۔

ـــ و نَكِهَ ـَ نَكْهًا و اِسْتَنْكَهَ : غیر کا سانس سونگھنا۔

اِسْتَنْكَهَهُ : اس نے منہ کی بدبو سونگھنے کا حکم دیا۔

نُكِهَ : بدبودار سانس والا ہونا۔

نَكْهَةٌ : بو۔ دہان۔ منہ کی بدبو۔

نَكَى ـِ نِكَايَةً و اَنْكَى اَذْنِی : زخمی کرنا۔ قتل کرنا۔ ستانا۔

لَا تُنْكَى : خدا تجھے تکلیف سے بچائے۔

نِكَايَةٌ ج نِكَايَاتٌ : ستانا۔

كَلَامٌ مُنْكٍ : تلخ لفظ۔

نَكِىَ ـَ نَكًى : شکست کھانا۔ مغلوب ہونا۔

نُلْنُلٌ : کمزور بوڑھا۔

نَمَّ ـُ نَمًّا : خوشبو پھیلانا۔ (کستوری۔ ہوا) چغلی کھانا۔ جھوٹ سے آراستہ کرنا۔ (کلام) ظاہر ہونا (بات)

نَمَّ بَیْنَ : فساد ڈالنا۔
نَامٌّ ج نُمَّام : چغلخور
نَمٌّ (م) نَمَّۃٌ و نَمُّوم و مِنَمٌّ ج نَمُّوْن و اَنِمَّاء و نُمٌّ : چغلی کھانیوالا
نِمَّۃٌ و نِمْءٌ و نَمَاءٌ : چیونٹی۔جوں
نُمِّیٌّ ج نَمَامِیٌّ : برائی۔ نقص۔خیانت
کھوٹا سکہ۔ دشمنی۔ طبیعت۔ انسان کا جوہر یا اصل
مَا فِی الدَّارِ نُمِّیٌّ : گھر میں کوئی نہیں
نُمِّیَّۃٌ : فاختہ
نَامَّۃٌ : حرکت۔ زندگی۔
اَسْکَتَ اللّٰہُ نَامَّتَہٗ : خدا نے اُسے مار دیا۔
نَمَّام : چغلخور۔ پودینہ۔
نَمِیْم و نَمِیْمَۃ ج نَمَائِم : چغل خوری۔ قلم کے چلنے کی آواز۔ کتابت گفتگو کی بھنبھناہٹ۔
نَمْأٌ و نَمَأٌ : چھوٹی چھوٹی جوئیں۔

نَمِر ـِ نَمَرًا : دھاریدار (بادل)
—— و نَمَّر و تَنَمَّر : ناراض ہونا۔ بد خلق ہونا
نَمَرَ ـُ نَمْرًا فی : چڑھنا (پہاڑ پر)
نَمَّر : تیوری چڑھانا۔ نمبر لگانا۔
اَنْمَر : صاف پانی پانا۔
تَنَمَّر : چیتے کے مشابہ ہونا۔ دھاریدار ہونا
دھمکی دیتے وقت آواز بلند کرنا۔
—— ل : خلق میں چیتے کے مشابہ ہونا۔
نَمِر و نِمْر ج نُمْر و نُمُر و اَنْمُر و اَنْمَار و نِمَار و نِمَارَۃ و نُمُور و نُمُورَۃ : چیتا۔
نَمِرَۃ ج نَمِر : چیتے کی مادہ۔
نَمِرَۃ ج نِمَار : دھاریدار یا اونی چادر
—— و نَامُوْسَۃ : جنگلی جانور کو پکڑنے کے لئے لوہے کی کھونٹی۔
نُمْرَۃ ج نُمَر : داغ۔
اَنْمَر (م) نَمْرَاءُ ج نُمْر : داغدار دھاریدار
نَمِر و نَمِیْر : صاف ستھرا پانی۔ بے داغ حسب۔ بہت۔
مُتَنَمِّر : چیتے کی مانند۔ دھاریدار۔ داغ دار۔ ناراض۔

نَمْرَق و نِمْرِق و نُمْرُق و نَمْرَقَۃ و نِمْرِقَۃ و نُمْرُقَۃ ج نَمَارِق : زین پر ڈالنے کا گدیلا۔ چھوٹا تکیہ۔

نَمَس ـِ نَمْسًا : چھپانا (راز)
—— ب : چغلی کرنا۔
—— بَیْنَ : فساد ڈالنا۔
—— و نَامَسَ : بھید بتانا۔
نَمِس ـَ نَمَسًا : خراب ہونا (گھی)
نَمَّس علی : خلط ملط کرنا۔ چھپانا۔
نَمَّسَ : چکنائی سے بودار ہونا (بال) خراب ہونا (گھی)
نَامَس و تَنَمَّس : گھات میں بیٹھنا (شکاری)
اَنْمَس بَیْنَ : فساد ڈالنا۔
تَنَمَّس : خلط ملط ہونا (کام)
اِنَّمَس : چھپنا۔
—— فی : داخل ہونا۔
نِمْس ج نُمُوس : نیولا۔ مصری چوہا۔
نَمَس : مرغیوں کی جوئیں۔ گھی وخوشبو وغیرہ کی خرابی۔ دودھ یا چکنائی کی بو۔
نَمَّاس و نَامُوس : چغلخور۔ فسادی۔
نَامُوس ج نَوَامِیْس : معتبر۔ سکریٹری
شیر کی غار۔ شکاری کی گھات کی جگہ۔ شکاری کا جال۔ دھوکہ۔ شریعت۔ عزت۔ چالاک۔
راہب کا گھر۔ جھوٹا سوجی۔ خاکستری رنگ کا کپڑا۔ حاذق۔
النَّامُوْس و النَّامُوْس الْاَکْبَر : جبریل
نَامُوْسَۃ : شیر کی غار۔ مچھر
نَامُوْسِیَّۃ : مچھردانی۔
اَنْمَس (م) نَمْسَاء ج نُمْس : خاکستری رنگ والا۔
مُنَامِسٌ : معتبر۔ راز دار۔
نَمْسَۃ : استریا۔

نَمَش ـُ نَمْشًا و اَنْمَش : چغلی کھانا
جھوٹ بولنا۔ جھوٹی بنانا (کلام)
نَمَّش : ویران کرنا (کڑی)
—— ـِ نَمْشًا : نقش ڈالنا۔
نَمِش ـَ نَمَشًا : دھاریدار جلد والا ہونا
نَمَّشَ فی اُذُنِہٖ : اس نے اس کے کان میں بات کہی۔
—— : ترکرنا (گندم)
نَمَش (مفرد نَمَشَۃ) : داغ۔ دھاری۔ نقش ونگار کے خطوط۔
نَمْشَۃ : تلوار
نَمِش (م) نَمِشَۃ و اَنْمَش (م) نَمْشَاء ج نُمْش : دھاری دار۔ جوہر دار تلوار۔
مِنْمَش : مفسد۔ چغلخور۔

نَمَص ـِ نَمْصًا و نَمَّص تَنْمِیْصًا و تَنَمَّصَ تَنَمُّصًا : اکھیڑنا (بال)
اَنْمَص : چری ہوئی پھوٹنا (نباتات)
تَنَمَّص : پہلی سبزہ چرنا (مویشی) بال اُڑانا (عورت)
نَمَص : رُواں کی طرح کے ملائم بال۔ چھپر یہ
نِمَاص : سوئی کا دھاگا۔
نُمَّاص ج نُمُص و اَنْمِصَۃ : بھینس۔

نَمِیْص : اُکھیڑے ہوئے (بال) سبزی جو مویشی کے چرنے کے بعد پھوٹے۔

مِنْمَص و مِنْمَاص: موچنا۔

نَمَّطَ ل و علی: دکھانا۔

اَنْمَطَ لَہُ العطاء: اس نے اس کو تھوڑی بخشش دی۔

نَمَط ج نِمَاط و اَنْمَاص: طریقہ۔ راستہ۔ غالیچہ۔ رنگین فرش۔ زین پر ڈالنے کا کپڑا۔ صوف کا کپڑا جو ہودج پر ڈالا جاتا ہے۔

علی ھٰذَا النَّمَط: اس طریقہ سے

ھُمْ علی نَمَط وَاحِد: وُہ ایک ہی قسم کے ہیں۔

مَا عندہ نَمَطٌ مِنَ العِلْم: اس کے پاس علم کی کوئی قسم نہیں۔

اَنْمَط: طریقہ

نَمَطٌ: متفق جماعت۔

نَمَغَۃ : پہاڑ کی چوٹی۔ قوم کا بہترین حصہ۔ سامان کی کثرت۔

نَمَقَ ـُ نَمْقًا: تھپڑ مارنا (آنکھ پر) لکھنا (کتاب)

نَمَّقَ: خوبصورت لکھنا (کتاب) آراستہ کرنا (کتاب)

اَنْمَقَ: بے گٹھلی کھجوروں والا ہونا (کھجور کا درخت)

نَمَق: سڑک کا درمیانی حصہ۔ کتاب

نَمَقَۃ: بدبو۔

نَمِیْقَۃ ج نَمَائِق: خوبصورت لکھا ہوا خط۔

مُنْمِق: بے گٹھلی کھجور۔

مُنَمَّق: بناوٹی (گفتگو)

نَمَل ـُ و نَمِلَ ـَ نَمْلًا و اَنْمَل: چغلی کھانا۔

نَمَل و نَمِل فی: چڑھنا (درخت پر)

نَمِل ـَ نَمَلًا: سُن ہونا۔ بےحس ہونا (عضو)

نَامَل: بیڑی ڈالے ہوئے آدمی کی طرح چلنا۔

تَنَمَّل: بے ترتیب ہونا۔ (گروہ)

نَمْل و نَمُل ج نِمَال (مفرد نَمْلَۃ و نَمُلَۃ): چیونٹی

نَمْل: پہلو کی پھنسیاں

نَمْلَۃ: جھوٹ۔ گھوڑے کے کُھر کا چیر ایک سوزش دار پھنسی جو مکان بدلتی رہتی ہے۔ پہلو کی پھنسیاں۔ دیمک کی مٹی کا تودہ۔

نِمْلَۃ و نُمْلَۃ و نَمِیْلَۃ: چغلی۔

نُمْلَۃ: حوض کا تقیہ پانی۔

فَرَسٌ ذُو نُمْلَۃ: بہت حرکت کرنے والا گھوڑا۔

نَمِل (م) نَمِلَۃ: بہت چیونٹیوں والی (جگہ) تیز گھوڑا۔

— الاَصَابِع: ہاتھ کا پھرتیلا۔

نَمِل و نَامِل و نَمَّال و مَنْمَل و مُنْمِل چغلخور۔

نَامِلَۃ: سیاحت کرنے والوں کی پارٹی۔

اِمْرَأَۃ نَمْلَی و مُتَمَلَۃ: تندخو عورت

اَنْمَلَۃ و اُنْمُلَۃ و اِنْمِلَۃ ج اَنَامِل و اُنْمُلَات: سرانگشت۔ پورا

مُنْمَل و مُنَمَّل: گنجان لکھا ہوا مکتوب

مِنْمَلٌ و مُنْمِلٌ: چغلخور۔

مَنْمُول: چیونٹیوں کا خراب کیا ہوا زبان۔

نَأْمَلَ : قیدی کی طرح چلنا۔

نَمْنَمَ : مزین و منقش کرنا۔ دھاریدار بنانا (ہوا کا مٹی کو)

نِمْنِمٌ و نِمْنِیْمٌ: حلقے جو ہوا مٹی یا پانی پر بناتی ہے۔

نَمْنَمَۃ: ایک پرندہ ہے۔

نِمْنِمٌ و نُمْنُمٌ: جوانوں کے ناخنوں پر کی سفیدی۔ (مفرد نِمْنِمَۃ و نُمْنُمَۃ)

مُنَمْنَمٌ: دھاریدار و نقش دار (کپڑا)

نَبْتٌ مُنَمْنَمٌ: آپس میں الجھی ہوئی (نباتات)

نَاقَۃٌ مُنَمْنَمَۃٌ: موٹی اونٹنی۔

نَمِہ ـَ نَمَھًا: حیرت زدہ ہونا

نَامِہٌ و نَمِہٌ: حیران۔

نَمَا ـُ نُمُوًّا: بڑھنا۔ زیادہ ہونا زیادہ سرخ یا سیاہ ہونا (خضاب)

— الی: منسوب کرنا (حدیث)

نُمُوّ: بڑھاؤ۔ زیادتی۔

نَمْوَۃٌ: زیادتی۔

نَمُوْذَج و اَنْمُوْذَج ج نَمُوذجات و اَنْمُوذَجات: نمونہ

نَمَی ـِ نَمْیًا و نُمِیًّا و نَمَاءً و نَمِیَّۃً: زیادہ ہونا۔ بکثرت ہونا۔ چڑھنا (پانی نرخ) تیز ہونا (رنگ) موٹا ہونا (آدمی) اڑ جانا (شکار)

— الحِبْرُ فی الکِتَاب: لکھنے کے بعد روشنائی بہت سیاہ ہوگئی۔

— علی: اُٹھا کر اوپر رکھنا۔

— و نَمَّی: بھڑکانا (آگ)

نَمَی الی: منسوب کرنا۔

— و نَمَّی الی: منسوب کرنا۔

نَمَّی تَنْمِیَۃً و اَنْمَی اِنْمَاءً: بڑھانا

نَمَّی الحدیثَ الیہ: اس نے اس کو فساد کے ارادہ سے بات پہونچائی۔

اَنْمَی : بڑھانا۔ ترقی دینا۔
اَنْمَی : بدنامی کے لئے پھیلانا (بات)
تیر سے زخمی کرنا (شکار)
اَنْمَتِ الاِبِلُ : گرمی میں گھاس کی طلب
میں اُونٹ دور نکل گئے۔
—— الراعی الابل : اونٹوں کو چرواہا
دُور لے گیا
تَنَمَّی : بڑھنا۔ اُونچا ہونا۔
تَنَمَّی وانْتَمَی : ہوا میں اُڑنا (باز)
اِنْتَمَی الی : منسوب ہونا۔
نَمَاۃ ج نَمًی : چھوٹی چیونٹی۔ جوں
نَمِیَّۃ : دُھرا دھاگا جو گیند کی شکل
میں لپٹا ہوا ہو۔ دھاگے کی گولی۔
نَامٍ : بڑھنے والا۔ نجات پانے والا
نَامِیَۃ ج نَوَامٍ : مؤنث نامی۔
بڑھنے کی طاقت۔ مخلوق۔
—— الکرم : انگور کی خوشہ دار شاخ۔
—— مِنَ الاِبِل : موٹے اُونٹ
نَہْنَہَ عن : ڈرانا (جانور کو) بہت
تھکانا۔ ضربوں سے مردہ کرنا۔
تَنَہْنَہَ : ہٹ جانا۔ بھر جانا۔ ضربوں
یا تھکان سے نیم مردہ ہونا۔
نَہَا یَنْہَا نُہُوًّا : بھر جانا (برتن)
نَہِیَ ـ وَنَہُوَ ـ نَہَاءً وَنَہَاءَۃً
ونُہُوءَۃً ونُہُوءًا ونَہَادَۃً :
کچا رہنا (گوشت)
اَنْہَأَ : کچا رکھنا (گوشت) ادھورا
کرنا (کام)
نَہِیْءٌ : نیم پختہ (گوشت) سیر۔ سیراب۔
نَہَبَ ـ ونَہِبَ ـ نَہْبًا و
نَاہَبَ وانْتَہَبَ : لوٹ لینا۔
نَہَبَ : ایڑی پر کاٹنا (کتا)

—— وناہب : چبھنے والے الفاظ کہنا۔
سخت کلامی کرنا۔
نَاہَبَ : مقابلہ پر دوڑنا۔
اَنْہَبَ : لٹا دینا (مال کو)
تَنَاہَبَ : لمبے قدم ڈالنا۔ جھگڑنا (لوٹ کیلئے)
تَنَاہَبَ الفَرَسَانِ : گھوڑوں کا دوڑنے
میں ایک دوسرے سے سبقت لے جانا۔
اِنْتَہَبَ الشَّوْطَ : گھوڑ دوڑ جیتنا۔
(گھوڑا)
نَہْبٌ : لوٹ۔ غنیمت۔
ھٰذَا زَمَانُ النَّہَبِ : یہ لوٹ کا وقت
ہے۔
نَہْبٌ ج نِہَابٌ : شکار۔ غنیمت۔ دوڑنے
کا طریقہ۔
نُہْبَۃ ونُہْبَی ونُہَیْبَی ونُہَّیْبَی :
لوٹ۔ غنیمت۔ حملہ۔
نَہَّابٌ : بہت لوٹنے والا۔
مِنْہَبٌ : گھوڑ دوڑ میں فوقیت لیجانیوالا
(گھوڑا)
مُنْتَہَبٌ : لوٹ۔ لوٹنے کی جگہ۔
مَنْہُوبٌ : لوٹا ہوا۔
نُہْبُرَۃٌ (ج نَہَابِر) ونُہْبُورَۃ
ونُہْبُورَۃ ج نَہَابِیرُ : ہلاکت کا
گڑھا۔ دوزخ۔ دوزخ کا گڑھا۔
نَہْبَلٌ : وہ بڑی عمر والا ہوا
نَہْبَل (م) نَہْبَلَۃ : پرانا۔ بڑی عمر کا۔
نَہْبَلَۃٌ : بوجھل چال۔
نَہَتَ ـ نَہِیتًا ونُہَاتًا : دھاڑنا۔
(شیر) رینگنا (گدھا) رونا (آدمی)
نَاہِت : دھاڑنے والا۔ گلا۔ رینگنے والا
النَّہَّات والمِنْہَت والمُنْہِت :
شیر۔

نَہَّاتٌ : رینگنے والا۔
نَہْتَرَ علی : جھوٹ بولنا۔
نَہَجَ ـ نَہْجًا ونُہُوجًا واسْتَنْہَجَ
واضح ہونا (راستہ یا معاملہ)
نَہَجَ ـ نَہْجًا : ظاہر کرنا (معاملہ) چلنا
(راستہ) پیروی کرنا۔ (کھوج کی)
نَہَجَ ـ ونَہِجَ ـ نَہَجًا : ہانپنا۔
نَہَجَ ـ ونَہِجَ ـ نَہْجًا : بوسیدہ
ہونا (کپڑا)
اَنْہَجَ : واضح ہونا یا کرنا (سڑک معاملہ)
بوسیدہ ہونا یا کرنا (کپڑا) سانس چڑھانا
اِنْتَہَجَ : واضح راستہ طلب کرنا۔ چلنا
(راستہ پر)
اِسْتَنْہَجَ سَبِیلَ فُلَانٍ : وہ فلاں
کے مسلک پر چلا۔
—— : واضح ہونا (راستہ)
نَہْجٌ : واضح راستہ۔
نَہَجٌ ونَہِیجٌ : ہانپنا۔
مَنْہَجٌ ومِنْہَجٌ ومِنْہَاجٌ ج مَنَاہِجُ
ومَنَاہِیجُ : واضح راستہ۔
المُنْہَجُ : جلدی بوسیدہ ہونے والا
کپڑا۔
نَہَدَ ـ نُہُودًا : ابھرنا (پستان)
بھڑنے کے قریب پہنچنا (مشک)
—— ونَہَّدَ : ابھری ہوئی پستانوں والی
ہونا۔
نَہَدَ ـ نَہْدًا ونَہَدًا [illegible] :
جلدی حملہ کرنا (دشمن پر)
—— واَنْہَدَ : بڑھانا (عطیہ)
نَہُدَ ـ نُہُودَۃً : عمدہ اور مضبوط
ہونا (گھوڑا)
نَاہَدَ : لڑنا۔ ہاتھ بند کرکے قرعہ نکالنا۔

اَنْهَدَ : بھرنا (حوض)

تَنَهَّدَ : ٹھنڈا سانس بھرنا۔ اُبھرنا۔ (چھاتی)

تَنَاهَدَ : سفر کے خرچ کو اکٹھا برداشت کرنا۔

— فِی الحَرْب : انہوں نے ایک دوسرے پر لڑائی میں حملہ کیا۔

اِسْتَنْهَدَ : لڑائی پر اکسانا۔

نَهْد ج نُهُود : عورت کے پستان مضبوط و عمدہ گھوڑا۔ شریف یا بہادر (آدمی) شیر۔ بلند چیز۔ ایک قوم کا نام۔

نَهْد و نِهْد : برابر کا حصہ جو سفر کے ساتھی خرچ کے لئے جمع کریں۔

نَاهِدٌ و نَاهِدَة ج نَوَاهِد و مُنَهِّد : گول پستان والی۔

نَهْدَاء : بلند ریت کا ٹیلہ۔

نُهَاد : مقدار۔ اندازہ۔

— مِئَة : ایک سو کے قریب۔

نَهَّاد : حملہ کرنے والا۔

نَهْدَان : بھرا ہوا (برتن)

نَهِيد : بالائی۔ تازہ مکھن۔

نَهِيدَة : ایک قسم کا کھانا جو حنظل کے بیج کو آٹے سے ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔ موٹی بالائی۔

مَنْهُود إليه : قصد کیا ہوا۔

مُنَاهَدَة : مخاصمت۔

نَهَرَ ـُ نَهْرًا : زور سے بہانا (خون دریا) دن کے وقت حملہ کرنا۔ جاری کرنا۔ (نہر) جھڑکنا (سائل)

— و نَهِرَ ـَ نَهْرًا و اَنْهَرَ : کھود کر پانی تک پہونچنا۔

اَنْهَرَ : بہنا یا بہانا (خون) دن کے وقت کرنا یا ہونا۔ ناکامیاب ہونا۔ چوڑا کرنا (زخم)

— و انْتَهَرَ : لگاتار بہانا خون (رگ)

— فِی العَدْو : اس نے دوڑنے میں دیر لگائی۔

— البَطْنُ : اس کا پیٹ چلا۔

اِنْتَهَرَ : جھڑکنا۔ چلنا (پیٹ)

اِسْتَنْهَرَ : اپنے بہنے کے لئے جگہ بنانا (دریا) وسیع ہونا۔ بہت بہنا۔

نَهَر ج اَنْهُر و اَنْهَار و نُهُر و نُهُور : دریا۔ نہر۔

نَهَار ج اَنْهُر و نُهُر و نَهَارَات : دن۔ دن کا وقت۔

— ج اَنْهِرَة و نُهُر : بہت تیز کا بچہ نر آلو۔ نر چکور۔

نَهِر : دن کے وقت حملہ کرنے والا چوڑا (دریا) بہت روشن (دن)

— و نَاهِر : سفید انگور۔

نَاهُوْر : بادل۔

شَیْئٌ نَهِير : بہت چیز۔

نَهِيرَة : بہت دودھ دینے والی اونٹنی

نَهَار اَنْهَر : بہت چمکیلا (دن)

اَنْهَرَان : چاند کی منازل میں عوا اور سماک ستارے۔

مَنْهَر : دریا کے پانی کے چلنے کی جگہ۔ قلعہ سے پانی باہر نکلنے کی نالی۔

مَنْهَرَة : کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ۔

نَهَزَ ـَ نَهْزًا : نزدیک آنا (چیز) چیز لینے کے لئے اُٹھنا۔ ہلانا (سر) ہاتھ کو ٹکر لگانا (بچہ) ہٹانا۔

— بِصَدْرِهَا : چلنے میں چھاتی ابھارنا (جانور)

— بِرَأْسِهَا : حفاظت کے لئے سر اٹھانا (جانور)

— بالدَّلْو فِی البِئْر : اس نے ڈول کنویں میں ہلایا۔

— الدَّلْو مِنَ البِئْر : اس نے ڈول کنویں سے نکالا۔

— قَيْحًا : پیپ پھینکنا۔

نَهَزَتْنِی اِلَيكَ حَاجَةٌ : مجھے ضرورت تیرے پاس لے آئی۔

نَهَزَ لِلْفِطَام : وہ دودھ چھڑانے کے قریب پہونچا۔

اَنْهَزَ : ہٹانا۔ اُٹھانا۔

نَاهَزَ : نزدیک آنا۔ جا پکڑنا (شکار کو) غنیمت سمجھنا (فرصت)

— الخَمسِين : وہ پچاس کے قریب پہونچا۔

تَنَاهَزَا : باہم سبقت لے جانے میں مقابلہ کرنا۔

اِنْتَهَزَ : غنیمت جاننا (موقعہ)

— فِی الضَّحِك : وہ بہت ہنسا۔

نُهْزٌ : ہاتھ سے لینا۔ لینے کے لئے اُٹھنا

نَهْز و نُهَاز و نِهَاز : مقدار۔

هٰذَا نُهَازُ ذَالِكَ : یہ اس کے اندازے کا ہے۔

نُهْزَة ج نُهَز : فرصت۔ موقعہ۔

عَلَى نُهْزَة : برمحل۔

هُوَ نُهْزَة المُخْتَلِس : وہ ہر ایک کا شکار ہے۔

نَهِزٌ : شیر۔

نَاهِز القَوْم : قوم کا سردار۔

نَهَّاز : چھاتی اُبھار کر چلنے والا گدھا۔

مُنْهَز البِئْر : کوئیں کی مانڈ۔

نَاهِزٌ (م) نَاهِزَة : دودھ چھڑانے کے

وقت کو پہونچنے والا۔

مُنَاهَزَة : مسابقت۔

نَهَسَ ونَهِسَ ۔ نَهْسًا : ڈسنا (سانپ) کاٹنا (کتا) اگلے دانتوں سے کاٹنا (گوشت)

— و اِنْتَهَسَ : اگلے دانتوں سے کاٹنا (گوشت) غیبت کرنا۔

نُهَس اَوْ نَهَس : ایک قسم کا شکاری پرندہ۔

نَهَّاس ونَهُوس و مِنْهَس : دانتوں سے کاٹنے کا عادی ۔ شیر ۔ بھیڑیا۔

نَهِيْس و مَنْهُوس : کمزور ۔ دُبلا

مَنْهَس : کاٹنے کی جگہ۔

مَنَاهِس : چراگاہیں۔

مَنْهُوسَۃ : تھوڑے گوشت والا

نَهَشَ ۔ نَهْشًا : اگلے دانتوں سے کاٹنا ۔ ڈسنا (سانپ) رنج کی وجہ سے نوچنا (چہرہ کو) مصیبت زدہ کرنا ۔ مفلس بنا نا (زمانہ کا آدمی کو)

نَهَش (بجائے نَهَج) ہانپنا۔

نُهِش و انْتَهَش : دُبلے ہونا (اعضا)

اِنْتَهَش : چھیلنا ۔ خراشنا (چہرہ)

تَنَاهَش : ایک دوسرے کو کاٹنا۔

نَهْش (مفرد نَهْشَة) : اگلے دانتوں کی کاٹ۔

نَهِش الیَدَیْن و القَوَائِم : ہاتھ پاؤں کا پھرتیلا۔

نَهَادِش : مظالم۔

مَنْهُوش : مصیبت زدہ ۔ دُبلا۔

— القَدَمَیْن : تپلی و کم گوشت ٹانگوں والا۔

مُنْتَهِشَة : اپنے چہرے کو چھیلنے والی عورت۔

نَهْشَل : دانتوں سے کاٹنا ۔ حرص سے کھانا ۔ بوڑھا ہونا۔

نَهْشَلٌ : بھیڑیا ۔ شیر ۔ شکرا ۔ بوڑھا فرتوت۔

نَهَضَ ۔ نَهْضًا ونُهُوضًا عَن : اٹھنا ۔ کھڑا ہونا۔

نَهَضَ لِ : مستعد ہونا (کام کے لئے)

— علی : مقابلہ پر کھڑا ہونا۔

— الی : جلدی سے حملہ کرنا (دشمن پر)

نَهَض : سیدھا کھڑا ہونا (پودہ) اُڑنے کے لئے پر پھیلانا (پرندہ) ظلم کرنا۔

نَاهَض : مقابلہ پر کھڑا ہونا۔

اَنْهَض : کھڑا کرنے کے لئے ہلانا ۔ بادلوں کو ہانکنا (ہوا)

تَنَاهَضُوا فِی : ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔

اِنْتَهَض : کھڑا ہونا۔

— فلانا لِلْاَمْر : اس نے فلاں کو کام کے لئے کھڑا کیا۔

— القَوْمُ : لوگ لڑنے کے واسطے کھڑے ہوئے۔

اِسْتَنْهَض لِ : کسی کام کے لئے اٹھانا

نَهْض ج اَنْهُضٌ : ناانصافی سخت (زمین) اونٹ کے منکب اور کتف کے درمیان کا حصہ۔

نُهُوض : اُٹھنا ۔ کھڑا ہونا۔

نَهْضَة : طاقت ۔ قابلیت

نَهْضَة اِلی : حملہ۔

اِنْهَاض : ترغیب۔

نَاهِض : اُڑنے کے قابل (چوزہ) جست (مزدور) گھوڑے کے بازو کے اُوپر کے حصہ کا گوشت۔

نَاهِضَة : مضبوط اور اونچے اُونٹ

نَاهِضَة الرَّجُل : آدمی کے مددگار (بچا زاد و نوکر وغیرہ)

نَهَّاض : بہت اُٹھنے والا ۔ اُونچا (مکان)

نِهَاضُ الطُّرُق : دشوار راستے۔

نَهَطَ ۔ نَهْطًا ب : مارنا (نیزہ سے)

نَهَفَ ۔ نَهْفًا : حیران ہونا۔

نَهَقَ ض ونَهِق ۔ نَهْقًا و نُهَاقًا ونَهِيْقًا وتَنْهَاقًا : رینگنا (گدھا)

نَوَاهِق : گدھے کا گلا۔

— و نَاهِقَانِ : کھر دار جانور کے جبڑے کی دو اُبھری ہوئی ہڈیاں جن پر سے آنسو بہتے ہیں۔

نَهْقٌ : پرندہ کی ایک قسم

نَهَقٌ (مفرد نَهْقَة ونَهَقَة) ایک پودہ۔

نَهَكَ ۔ نَهَاكَةً : غالب آنا پہننے سے بوسیدہ کرنا (کپڑا)

— من الطَّعَام وفِیْهِ : اس نے بہت کھانا کھایا۔

— عِرْضَهُ : اس نے اپنے چال چلن کو داغ لگایا۔

— الضرعَ : اس نے تھن سے تمام دودھ دُہ لیا۔

— الابلُ مَاءَ الحوضِ : اُونٹ حوض کا تمام پانی پی گئے۔

— الحُمّی فُلَانًا : بخار نے فلاں کو دُبلا کر دیا۔

اِنْهَكُوا وُجُوهَ الْقَوْمِ: دشمن پر چستی سے حملہ کرو۔

نَہِكَ ـ نَہْكًا: ختم کرنا (شراب)

نَہِكَ ـ نَہْكًا و نَہْكَةً و نَہَاكَةً و اِنْتَہَكَ: دُبلا کرنا (بخار کا)

نَہِكَ ـ نَہْكًا و نَہْكَةً و اِنْہَكَ: سخت سزا دینا۔

نُہِكَ نَہْكًا: بیماری سے کمزور ہونا

نَہُكَ ـ نَہَاكَةً: دلیر و بہادر ہونا۔

اِنْتَہَكَ: بے عزتی کرنا۔ اپنے چال چلن کو خراب کرنا۔

اِنْہَكَ: تباہ ہونا۔ علیحدہ علیحدہ ہونا۔ (انگلیاں) آزاد ہونا۔

مَا يَنْتَہِكُ يَفْعَلُ: وہ ہمیشہ کرتا رہا۔

نَہْكٌ: بجز جز کے دو ثلث حروف کرنا۔

نَہْكَةٌ: بیماری کی کمزوری۔

نَاہِكٌ و نَہِيْكٌ: چست و بہادر و بے خوف۔

نَاہِكٌ: ہر چیز میں مبالغہ کرنیوالا۔

نَہِيْكٌ: مضبوط (اُونٹ) تیز (تلوار) اچھے خلق والا۔

نَہُوْكٌ: بہادر۔

مَنْہَكَةٌ: کمزوری کا سبب

مَنْہُوْكٌ: بیماری سے کمزور۔

نَہِلَ ـ نَہَلًا و مَنْہَلًا: پہلی بار کا پینا۔ پیاسا ہونا۔ بجھانا (پیاس) تھکنا۔

اَنْہَلَ: پہلی دفعہ پانی پلانا (اونٹ کو) پہلی دفعہ سیراب کرنا (کھیتی) غصے کرنا۔

ـــ الْقَوْمُ: قوم کے اُونٹوں نے پہلی دفعہ پانی پیا۔

نَہْلَةٌ: ایک گھونٹ۔

نَہَلٌ: پہلی سیرابی

نَاہِلٌ ج نِہَالٌ و نَہَلٌ و نُہُوْلٌ و نُہَلَةٌ و نَہْلَى: سیراب۔ پیاسا۔

نَاہِلَةٌ ج نِہَالٌ و نَوَاہِلُ: چشمہ کی طرف جانے والے۔ سیراب عورت۔ پیاسی۔

نَہْلَانُ ج نَہْلَى: پینے والا سیراب پیاسا۔ تھکا ہوا۔

مَنْہَلٌ ج مَنَاہِلُ: گھاٹ چشمہ راستہ۔ پانی پینے کی جگہ۔

مِنْہَلٌ و مِنْہَالٌ: قبر۔ مقبرہ۔ بہت فیاض۔

مِنْہَالٌ: اونچا ٹیلہ جس کی ریت گرتی رہے۔

نَہَمَ ـ نَہْمًا و نَہِيْمًا و نَہْمَةً: چلا کر سختی سے ہانکنا (اونٹ)

ـــ ـ نَہْمًا: دھاڑنا (شیر) ٹھنڈا سانس بھرنا۔ (آدمی)

ـــ ـ نَہْمًا ب: پھینکنا (پتھر)

نَہِمَ ـ و نُہِمَ نَہْمًا و نَہَامَةً فِی: حریص ہونا۔ (کھانے میں) مشتاق ہونا۔

نَاہَمَ: ساتھ ملکر ٹھنڈا سانس بھرنا

اِنْتَہَمَ: جھڑکی کھانا۔

نَہْمَةٌ: سخت خواہش۔ ضرورت۔

نَہِمٌ و نَہِيْمٌ: حریص۔ پیٹو۔

نِہَامِیٌّ و نُہَامِیٌّ: راہب ہموار راستہ۔

نِہَامٌ و نُہَامٌ و نِہَامِیٌّ و نُہَامِیٌّ: لوہار۔ بڑھئی۔

نُہَامٌ ج نُہُمٌ: اُلّو۔ راہب۔

نَہَّامٌ: اسم مبالغہ۔ شیر۔

نَہَّامَةٌ: مؤنث نَہَّامٌ۔ شیر۔

نَہِيْمٌ: شیر کی دھاڑ۔ ہاتھی کی چنگھاڑ

مَنْہُوْمٌ: سیر نہ ہونے والا۔

ـــ ب: مشتاق۔ شوقین۔

مِنْہَامٌ ج مَنَاہِيْمُ: ڈانٹنے پر مطیع ہونے والی اُونٹنی۔

مَنْہَمَةٌ: بڑھئی کی دُکان۔

نَہْنَہَ عَن: روکنا۔ ہٹانا۔

نَہْنَہٌ: باریک بنتر کا کپڑا۔

نَہَا ـ نَہْوًا و نَہَى ـ و نِہْيًا و نَہْیًا عن: روکنا۔ منع کرنا۔

نَہِیَ ـ نَہْیًا و اَنْہَى عن: رک جانا۔

نَہُوَ ـ نَہَاوَةً: دور اندیش ہونا ذہین ہونا۔

نُہِیَ و اُنْہِیَ و اَنْتَہَى اِلَی: پہونچنا

نَہَاكَ مِن رَجُلٍ و نَہُوْكَ مِن رِجَالٍ: وہ ایک آدمی یا زیادہ تیرے لئے کافی ہیں۔

نَہْتُكَ مِن امْرَاَةٍ: وہ عورت تیرے لئے کافی ہے۔

نَہَّى و تَنَاہَى: نہایت تک پہونچنا۔

اَنْہَى: تالاب پر آنا۔ پورا کرنا۔ اطلاع دینا۔

ـــ اِلَی: پہونچانا۔

تَنَاہَى و اِنْتَہَى: پورا ہونا۔ مکمل ہونا

تَنَاہَى: تالاب میں ٹھہرنا (پانی)

ـــ و اِنْتَہَى عَن: رُک جانا۔

اِنْتَهَى ب الی: لے جانا۔
اِسْتَنْهَى: باز رہنے کے لئے کہنا۔
نُهَى: ممانعت۔
اَهْلُ النُّهَى: بارسوخ یا عقل مند آدمی۔
نَهْى ونِهْى ج اَنْهٍ واَنْهَاء ونُهِىّ ونِهَاء: تالاب۔ جوہڑ۔
نُهْيَة ج نُهًى: ممانعت۔ عقل سمجھ۔ ہوشیاری۔ میخ کے سرے کا چیر۔
— ونِهَاء ونِهَايَة ج نِهَايَات آخری حد یا درجہ
نُهًى: عقلمندی۔ دور اندیشی۔
نِهَاء ونُهَاء: مقدار۔ پانی کا ارتفاع
هُمْ نُهَاءُ مِئَة: وہ سو کے قریب ہیں۔
نِهَاء ونُهَاء ونِهْى: شیشہ کی صراحی
اِنْتِهَاء: انجام۔ کمال۔
نَاهٍ: کافی۔ دوسرے کی جگہ لینے والا
هٰذَا رَجُلٌ نَهْيُكَ ونَاهِيكَ من رَجُلٍ: وہ آدمی تیرے لئے کافی ہے
نَاهِيَة ج نَوَاهٍ: ضمیر۔ عقل۔
مَالَهُ نَاهِيَة: اس کی عقل نہیں جو اس کو روکے۔
نَهٍ ونَهِىّ (ج نَهُون) ونَهِىّ ج اَنْهِيَاء: بہت عقل مند۔ ہوشیار۔
تَنْهَاة وتَنْهِيَة ج تَنَاهٍ: وادی کی تہ جس میں پانی جمع ہوتا ہے۔
تَنْهَاة: سیلاب کی روک۔
مُنْهَاة: آخری سرا۔ حد۔ عقل۔
رَجُلٌ مُنْهَاة: ہوشیار عقلمند آدمی
مَنْهِىّ عَنْهُ: ممنوع۔
مَنَاهٍ: منع کی ہوئی چیزیں

مُتَنَاهِى العَقْل: عالی دماغ۔
غَيْر مُتَنَاهٍ: بے حد۔
مُنْتَهًى: نہایت۔ انجام۔ نتیجہ۔
نَاءَ ـُ نَوْءًا ونَتْوَاءً: بمشکل اور تکلیف سے اٹھنا۔ تکان سے گر جانا۔
— بالحِمْل: اس نے بوجھ کو مشکل سے اُٹھایا۔
— الی: برخلاف کھڑا ہونا۔
— ب: بھاری لگنا (بوجھ)
— نَوْءًا واسْتَنَاءَ: دوسرا ستارہ چڑھنے کے وقت غروب ہونا (ستارہ)
نَاوَأ مُنَاوَاةً ونِوَاءً: دشمنی کرنا مخالفت کرنا۔ مفاخرت کرنا۔
اَنَاءَ اِنَاءَةً: بھاری لگنا (بوجھ)
اِسْتَنَاءَ: عطیہ مانگنا۔
نَوْء ج اَنْوَاء ونُوآن واَنْوُء: دوسرے کے چڑھنے کے وقت غروب ہونے والا یا بارش کی اطلاع دینے والا ستارہ۔ بارش۔ طوفان بخشش۔
اَنْوَأُ: نجوم کے علم میں زیادہ ہوشیار۔
مُسْتَنَاء: عطیہ مانگا ہوا۔
نَابَ ـُ نَوْبًا ومَنَابًا ونِيَابَةً عَن فُلَانٍ: قائم مقام ہونا۔ نائب ہونا۔
— واَنَابَ اِلیٰ: بار بار واپس آنا۔ توبہ کرنا
— فُلَانًا: فلاں نے خدا کی اطاعت کی
نَابَ ـُ نَوْبَةً ونَوْبًا وانْتَابَ: آپڑنا (مصیبت)
نَاوَبَ: باری باری کرنا۔
اَنَابَ عن فُلَانٍ: اس نے اس کو فلاں کی جگہ مقرر کیا۔

تَنَاوَبَ علی وفی: باری باری کرنا۔ آرام دینا۔ نوبت بنوبت آنا۔
اِنْتَابَ فی: باری باری کرنا۔
— بقصد کرنا۔ آنا۔ پہونچنا (امر)
اِسْتَنَابَ: نائب مقرر کرنا۔ نائب ہونے کے لئے کہنا۔ نائب مانگنا۔
نَوْبٌ: ریگستان کی منزل۔ ایک دن اور رات کا سفر۔ قوت۔
نَوْبًا بِنَوْبٍ: باری باری۔
بِنَوْب وبالنَّوْب: تمام۔ بالکل۔
نُوب ونُوبَة (مفرد نُوبِىّ): نوبہ کے صوبہ کا باشندہ۔
نَوْبَة ج نُوَب: باری۔ وقت۔ دفعہ موقعہ۔ آدمیوں کا گروہ۔ دولت۔ فرصت
نَوْبَة ج نَوْبَات: راگ۔ گانیوالوں کی مجلس۔
بالنَّوْبَةِ: باری باری
نُوبَة ج نُوَب: مصیبت۔ حادثہ تکلیف۔
نَوْبَاتِى ونَوْبَتْجِى: گویّا۔ چوکیدار
نَوْبَاتِيَّة: گویّوں کی جماعت۔
نِيَابَة: قائم مقام۔
نَائِب ج نُوَّب ونُوَّاب: نائب۔ قائم مقام لفٹننٹ۔ ڈیلی گیٹ۔ پارلیمنٹ کا ممبر۔
مَجْلِسُ النُّوَّاب: پارلیمنٹ۔ نمائندوں کی کونسل۔
نَائِبَة ج نَوَائِب ونَائِبَات: چوتھے کا (تپ) مصیبت۔ حادثہ۔
نَوَائِبُ الرَّعِيَّة: پلوں سڑکوں وغیرہ کی اصلاح کے لئے شاہی ٹیکس
مَنَاب: پانی کی طرف جانیوالا راستہ۔

قائم مقامی۔

مُنِیب: بہت بارش۔ عمدہ بہار۔

مُنِیبُ اِلی اللّٰہ: خدا کی طرف رجوع کرنے والا۔

مُنْتَاب: صبح وشام آنیوالا۔

نَاتَ ـُ نَوْتًا: کمزوری سے لڑکھڑانا

نُوتِیٌّ ج نَوَاتِیُّ و نُوتِیَّۃ: ملاح کنجوس۔

نَاجَ ـُ نَوْجًا: منافقت کرنا۔ دھوکا بازی کرنا۔

نَوْجَۃ ج نَوْج: بگولا۔ ہوا کا طوفان

نَاحَ ـُ نَوْحًا و نُوَاحًا و نِیَاحًا و نِیَاحَۃً و مَنَاحًا: کوکو کرنا (فاختہ)

— علی: نوحہ کرنا۔ بین کرنا۔ واویلا کرنا (میت پر)

نَاوَحَ بَعْضُھَا بَعْضًا: آمنے سامنے کھڑی ہونا (بین کرنے والیاں)

تَنَوَّحَ: جھولنا۔

تَنَاوَحَ: مقابل میں واقع ہونا (پہاڑ) پہاڑ کی سمتوں سے چلنا (ہوا)

اِسْتَنَاحَ: رونا۔ بھونکنا (بھیڑیا) روکر رُلانا۔ رُلانا۔

نَوْح و نِیَاح (مفرد نَوْحَۃ): میت پر کا بین یا واویلا۔

نِسَاء نَوْح: بین کرنے والی عورتیں

نُوحٌ: ایک مشہور نبی کا نام۔

نِیَاحَۃ: مردہ کا بین۔ جنازہ۔

نَائِحَۃ ج نُوح و اَنْوَاح و نُوَّح و نَوَائِح و نَائِحَات: کرایہ پر رونے والی عورتیں۔

نَوَّاح (م) نَوَّاحَۃ: بہت رونیوالا

نَوَّاح: فاختہ۔

نَیِّحَۃ: مخالف سمت سے چلنے والی ہوا مقابلہ۔

مَنَاحَۃ: رونے کی جگہ۔ عورتیں جو میت پر رونے کے لئے جمع ہوں۔

نَوَّخَ الاَرْض تَنْوِیخًا: ہموار کرنا۔ بچھانا زمین کو (خدا کا)

اَنَاخَ اِنَاخَۃً: بٹھانا (اُونٹ)

— ب: ٹھہرنا (جگہ میں)

— بِفُلَانٍ: فلاں پر نازل ہوئی (مصیبت)

— ب و علی: محاصرہ کرنا (شہر کا)

تَنَوَّخَ و اسْتَنَاخَ: زانو ہونا۔ بیٹھنا (اُونٹ)

نَوْخَۃ: اقامت۔ منزل۔

نَائِخَۃ: دور کی زمین۔

مُنَاخ ج مُنَاخَات: اونٹوں کے بیٹھنے کی جگہ۔ سٹیشن۔ منزل۔ آب وہوا۔ جنتری

مُنِیخٌ: شیر

نَادَ ـُ نَوْدًا و نُوَادًا و نَوَدَانًا اُونگھنا۔

تَنَوَّدَ: ہلنا (شاخ)

نَوْدَلَ: بڑھاپے سے ہلنا۔

نَوْدَلٌ: پستان

مُنَوْدِلٌ: ہلنے والا بوڑھا۔

نَاسَ ـُ نَوْسًا و نِیَاسًا و نَوَسَ و اَنَاسَ و تَنَوَّسَ و اسْتَنَاسَ: روشن ہونا۔ چمکنا۔

نَاسَ و تَنَوَّسَ: بھاگ جانا۔

— و تَنَوَّسَ من بَعِیدٍ: دُور سے دیکھنا (آگ)

نَاسَ و نَوَّسَ: گرم لوہے سے داغنا۔ (اُونٹ)

— نَوْسًا و نَوَاسًا و نِوَاسًا: شبہ سے بچنا (عورت) شبہ سے نفرت دلانا (عورت کو) پھیلانا (فتنہ)

نَوَّسَ تَنْوِیرًا و اَنَاسَ اِنَاسَۃً: شگوفے نکالنا (پودہ)

نَوَّسَ: پکنا (کھیت) گٹھلی والی ہونا (کھجور) چمکنا (صبح) گوندنا (بازو) روشن کرنا۔

— علی فُلَانٍ: مشتبہ کرنا (معاملہ)

نَاوَسَ: گالی دینا۔

اَنَاسَ اِنَاسَۃً و اَنْوَسَ اِنْوَاسًا چمکنا۔ روشن ہونا۔ ظاہر ہونا۔ خوبصورت ہونا۔ واضح کرنا۔

اَنَاسَ اِنَاسَۃً: روشن کرنا۔ تشریح کرنا۔ واضح کرنا۔ (مسئلہ)

— اللّٰہُ بُرْھَانَہ: اللہ تعالےٰ اس کو دلیل عطا کرے۔

تَنَوَّسَ و انْتَاسَ و انْتَوَسَ: بال اڑانے کا پوڈر ملنا۔

تَنَوَّسَ و اسْتَنَاسَ: روشن ہونا (مکان) شائستہ ہونا (آدمی)

اِسْتَنَاسَ ب: روشنی طلب کرنا۔

— علی: غالب آنا۔

نَاس ج نِیْرَان و نِیَرَۃ و نُوُوس و نِیَاس و اَنْوَاس: آگ۔ جنگ کا جوش نصیحت۔ آگ کا داغ۔ رائے۔ دوزخ

النَّار الفَارِسِیَّۃ: آتشک کی بیماری

جَبَل نَار: آتش فشاں پہاڑ۔

مَرْکَبُ نَارٍ: دخانی جہاز۔

اَوْقَدَ نَارَ الحَرْب: لڑائی کو خوب اُبھار۔

لَا تَسْتَضِئْ بِنَارِ فُلَانٍ: فلاں سے مشورہ نہ لے۔

بنو نابہ: تین شعراء۔
لَا تَتَرَاءَی نَارَاھُمَا: وہ دونوں ایک جگہ جمع نہیں ہوتے۔
نَارُ التَّھْوِیْلِ: خوف میں ڈالنے کی آگ۔ عربوں کی ایک رسم تھی۔ جب معاہدہ کرتے تھے تو آگ جلا کر اس میں نمک ڈالتے تھے۔ اس سے ان کی مراد معاہدہ کی مضبوطی ہوتی تھی۔
نَوْر ج اَنْوَار (مفرد نَوْرَۃ) شگوفہ۔ پھول۔
نُور ج اَنْوَار و نِیْرَان: روشنی روشن جسم۔ سچائی کا ظہور۔ نباتات کی لمبائی اور خوشنمائی۔
اُمُّ النُّور: حضرت مریمؑ۔
سَبْتُ النُّور: مقدس ہفتہ۔
نُوْرِیّ: روشن۔
نَوَرِیّ ج نَوَر: بدمعاش۔ خانہ بدوش۔
نُورِیَّۃ: گرجا کا ٹیکس۔ جو یونانی بشپ کو ادا کیا جاتا ہے۔ بشپ کا حلقہ۔
نُورَۃ: بال اڑانے کا پوڈر۔ تارلک چونا کا پتھر۔ سرخ لوہے کا داغ۔
نَوَار ج نُور: محتاط عورت۔
نُوَّار ج نَوَاوِیر: سفید پھول۔ شگوفہ۔
نَوَّار: مئی کا مہینہ۔
نَوُور و نَئُور: نیل۔ لمپ کی سیاہی پسا ہوا سرمہ۔
نَیِّر (م) نَیِّرَۃ: روشن۔ چمکیلا۔
النَّیِّر و المُنِیْرُ مِنَ الفَلَکِ: ایک ستارہ کا نام فلکہ ستاروں سے
نَیِّرَۃ وذَاتُ مَنْوَرٍ: عبرتناک سزا

فُلَانٌ ذُو نَیْرَیْنِ: فلاں آدمی دو رانڈ ہے۔
نَائِرَۃ ج نَوَائِر: نفرت۔
نُوَیْرَۃ: چھوٹی آگ۔
اَنْوَر: زیادہ روشن۔ خوشنما۔
مُنِیْر: روشن کرنے والا۔ خوشنما چمکنے والا۔
مَنَار: روشن جگہ۔ راستہ کا نشان۔ دو حدوں کے درمیان کا نشان۔
ذُو المَنَار: بادشاہ ابرہہ تبع بن رائش۔
مَنَارَۃ ج مَنَاوِر و مَنَائِر: لمپ کا سٹینڈ۔ اذان دینے کا منارہ۔ لمپ کی نیچائی۔ لائٹ ہاؤس۔ لالٹین۔
مِنْوَار: ردف لمپ۔ روشن برآمدہ

نَوْرَجَ: آنے جانے میں متردد ہونا۔ سخن چینی کے لئے آنا جانا۔
نَوْرَجٌ: ہل کا پھار۔ غلہ دانے کا آلہ (پھیلا)

نَوْرُوز و نَیْرُوز: فارسی سال کا پہلا روز۔ خوشی کا دن۔

نَاسَ ــُـ نَوْسًا و نَوَسَانًا: جھولنا
ـــ نَوْسًا: ہانکنا (مویشی)
نَوَّسَ ب: اقامت کرنا۔
اَنَاسَ: ہلانا۔
تَنَوَّسَ: ہوا سے ہلنا (شاخ)
نَاس (بجائے اَنَاس): لوگ۔
نَاسُوت (مقابلہ لَاھُوت): عالم اجسام (دنیا) انسانی فطرت۔ بنی آدم
نُوَّاس: لٹکنے والی زلف۔
ـــ العَنْکَبُوت: مکڑی کا جالا جو چھت میں لٹکا ہوا ہو۔
ـــ الدُّخَان: دھوئیں کا جالا۔
نُوَاسِیّ: نہایت عمدہ سفید انگور۔
نَوَّاس: لٹکنے والا۔ پھینکا ہوا۔
نَاوُوس و نَاوُوس ج نَوَاوِیس: نصاریٰ کا مقبرہ۔ پتھر کا تابوت۔
نُوَیْسَۃ: جلتی ہوئی بتی۔
مُنَوِّس: سیاہ کنارے والا چھوہارا

نَاشَ ــُـ نَوْشًا و تَنَاوَشَ و اِنْتَاشَ پکڑ لینا۔
ـــ: طلب کرنا۔ چلنا۔ اٹھنے میں جلدی کرنا (اونٹ)
ـــ بالرأس و اللِّحْیَۃِ: داڑھی یا سر سے پکڑنا۔
نَاشَہٗ خَیْرًا: اس نے اس کو فائدہ حاصل کرنے میں مدد دی۔
نَاوَشَ فی الحرب: حملہ کرنا (لڑائی میں)
تَنَوَّشَ ب: پونچھنا (ہاتھ تولیہ سے)
تَنَاوَشَ ب: نیزہ سے مارنا۔
اِنْتَاشَ: نکالنا۔ پکڑ لینا۔
ـــ من: بچانا (خطرہ سے)
رَجُلٌ نَوُوش: مضبوط آدمی۔
نَوْشَۃ: تپ۔
مُنَاوَشَۃ: جھگڑا۔ لڑائی۔
مَنَادِیْش و مَنَادِیْشِیّ: گاڑھا ارغوانی رنگ۔

نَاصَ ــُـ نَوْصًا: پیچھے رہنا۔
ـــ الی: اٹھنا۔
ـــ نَوْصًا و مَنَاصًا و مَنِیْصًا عن بچنا۔ بھاگ جانا۔ مفارقت کرنا۔
ـــ فُلَانًا: فلاں کے ہاتھ سے نکل جانا سبقت لے جانا۔
ـــ الشیء: چیز کو کھینچنا۔

— نَوْصًا وَمَنَاصًا وَنَوِيصًا وَنِيَاصًا وَنِيَاصَةً وَنَوَصَانًا: حرکت کرنا۔ حرکت کے لئے تیار ہونا۔

نَاوَصَ: کام اختیار کرنا۔ کام پر لگ جانا۔ پکڑنا۔

انَاصَ: ارادہ کرنا۔

اَنَصْتُ اَنْ آخُذَ مِنْهُ: میں نے اس سے لینے کا ارادہ کیا۔

اِنْتَاصَ: چھپنا (سورج)

اِسْتَنَاصَ: چھپنے کے لئے حرکت کرنا۔ (گھوڑا) سر اٹھانا (آدمی) پیچھے ہونا۔ ہلانا۔

نَوْصٌ: گورخر۔ سخاوت۔

— وَنُوُصٌ: فرار

نَوْصَةٌ: پانی وغیرہ کا غسل

نَوِيصٌ: حرکت۔ طاقت۔

مَا بِهِ نُوَيْصٌ: اس میں کوئی طاقت یا حرکت نہیں۔

مَنَاصٌ: جائے پناہ۔ سخاوت کی جگہ۔

نَاضَ ـُ **نَوْضًا**: چمکنا (بجلی) حرکت کرنا۔ ہلانا۔ (ڈنڈا) جاری کرنا۔ (پانی) پیچھے ہٹنا۔ اکھاڑنے کی کوشش کرنا (میخ وغیرہ کو) شہروں میں پھرنا۔ بھاگ کر نجات پانا۔

نَوَّضَ: رنگنا (کپڑا)

آنَاضَ: آنکھوں سے جوش ظاہر ہونا۔ پکی کھجوروں والا ہونا (کھجور کا درخت)

نَوْضٌ ج اَنْوَاضٌ وَاَنَاوِيضُ: بدن کا سوراخ۔ دونوں سرین کی درمیانی (ہڈی) وادی۔ پانی کا مخرج۔

اَنْوَاضٌ وَاَنَاوِيضُ: بلند جگہیں۔

مُنَاصٌ: ٹھیا۔ جائے پناہ۔

نَاطَ ـُ **نَوْطًا وَنِيَاطًا**: لٹکانا۔

— وَانْتَاطَ: دور ہونا (مکان) بغیر مشورہ لینے کے کرنا۔

نِيطَ وَانْتَاطَ بِهِ: ملایا جانا۔

نَوَّطَ: لٹکانا۔ لادنا۔

اِسْتَنَاطَ: زاد اٹھانے کے لئے دینا (اونٹ)

نَوْطٌ: جانور کے دونوں طرف کے بوجھوں کے درمیان رکھا ہوا زائد بوجھ۔ محمل سے لٹکی ہوئی کھجوروں کی خرجی۔

نَوْطَةٌ: پوٹا۔ درختوں کی جھنگی۔ جانور کی گردن یا چھاتی کی ورم یا غدود۔ پانی سے بلند جگہ۔ کینہ۔

نَيِّطٌ: کنواں جس کے کناروں سے پانی بہتا ہو۔ درمیان۔

نَيِّطَةٌ: اونٹ جو غلہ لانیکے لئے غلہ کے کاروانوں کے ساتھ بھیجا جائے۔

نِيَاطٌ: ریگستان کی وسعت۔ برج عقرب کے دو ستاروں کا نام۔

— ج اَنْوِطَةٌ وَنُوُطٌ: لٹکی ہوئی چیز۔ دل کے متصل ایک موٹی رگ۔

نَائِطٌ: کمر کی ایک رگ۔

اَلْحَمُ نَائِطٌ: دبلا گوشت۔

تَنْوَاطٌ: جو چیز ہودج کی زینت کے لئے لٹکائی جائے۔

تَنَوُّطٌ وَتُنْنُوطٌ: ایک قسم کا پرندہ جو اپنا گھونسلا شاخوں سے لٹکاتا ہے (بیا)

مَنَاطٌ: دور۔ لٹکانے کی جگہ۔

هٰذَا مِنِّي مَنَاطَ الثُّرَيَّا: یہ مجھ سے اتنا دور ہے جتنی ثریا۔

غَايَةٌ مُنْطَاطَةٌ: دور کی غایت۔

مَنُوطٌ: معلق

نَاعَ ـُ **نَوْعًا وَنَاعَ** ـِ **نَيْعًا**: لٹکی یا جھکی ہوئی ہونا (شاخ)

نَاعَ ـُ نَوْعًا: شکار پر جھپٹنے کے لئے تیار ہونا (عقاب) پیاسا ہونا۔ ترجیح پانا۔ طلب کرنا۔

نَوَّعَ: قسموں میں تقسیم کرنا۔ ہلانا (ہوا شاخ)

— زَيْدٌ الشَّيءَ: زید نے چیز کو لٹکا کر ہلتی ہوئی چھوڑا۔

تَنَوَّعَ وَاسْتَنَاعَ: ہلنا (شاخ)

تَنَوَّعَ: قسمیں بننا۔

تَنَوَّعَ وَاسْتَنَاعَ فِي: آگے چلنا۔

نَوْعٌ ج اَنْوَاعٌ: جماعت۔ قسم۔ طریقہ

نَوْعَةٌ: تر و تازہ پھل۔

نُوعٌ: پیاس۔

نَوَعَانٌ: شاخ کی حرکت۔

نِيعٌ ج نِيَاعٌ: جبڑا۔

نَائِعٌ ج نِيَاعٌ: پیاسا۔

نَائِعٌ ج نَوَائِعُ: جھکی ہوئی (شاخ)

جَائِعٌ نَائِعٌ ج جِيَاعٌ نِيَاعٌ: بھوک اور پیاس سے نیم مردہ۔

مِنْوَاعٌ: طریقہ۔ عقلمندی۔

مُتَنَوِّعٌ: دور کی جگہ۔ شاخوں والا۔ نوع میں تقسیم ہونے والا۔

نَافَ ـُ **نَوْفًا**: بلند ہونا۔ لمبا اور اونچا ہونا (اونٹ) نمایاں ہونا۔ چوسنا

— وَاَنَافَ عَلَى: بلند اور لمبا ہونا

نَيَّفَ وَاَنَافَ عَلَى: زیادہ ہونا۔ بڑھ جانا۔

نَوْفٌ ج اَنْوَافٌ: بلند کوہان۔ آواز

نَيْفٌ وَنَيِّفٌ: زیادتی۔ فائدہ۔ مہربانی

عَشَرَةٌ وَنَیِّفٌ : دس اور دس سے زائد۔

نِیَاف : بلند قد (اونٹ)

نِیَافَة : ایکسیلنسی۔ ایمیننس (خطاب)
Excellency. Eminence

نَائِف : بلند۔ نمایاں۔ شریف

نَیَّاف : بلند اور بڑا (اونٹ)

مُنِیف (م) مُنِیفَة : بلند (پہاڑ)

مَنَاف : عربوں کے ایک بت کا نام تھا

اِمْرَأَة مُنِیفَة : خوبصورت دراز قد عورت ۔

نَاقَ ــ نَوْقًا : گوشت سے چربی اتارنا۔

نَوَّقَ : سدھانا (اونٹ) گابھن کرنا (کھجور کے درخت کو) ترتیب دینا۔

تَنَوَّقَ وتَنَیَّقَ فی : محتاط ہونا۔ کھانے پہننے اور دیگر امور میں صاف ستھرا ہونا

اِنْتَاقَ : پسند کرنا

اِسْتَنْوَقَ : اونٹنی کے مشابہ ہونا (اونٹ)

نَاوَق ج نَاوَقَات : لکڑی کا پرنالہ۔

نِیق ج نِیَاق وأنْیَاق ونُیُوق : پہاڑ کی چوٹی۔

نَوَق : سرخی مائل سفید۔

نِیقَة : جوش۔ ہنر۔ بانکا پن۔ نزاکت

نَاقَة ج نَاق ونُوق ونِیَاق وأنْوُق وأنْوُنُق وأیْنُق ونَاقَات ونِیَاقَات وأنْوَاق وأیَانِق : اونٹنی

نَاقَة : ایک پھنسی جو ہاتھ پر نکلتی ہے ستارے جو اونٹنی کی شکل بناتے ہیں۔

نَوْقَة : ہوشیاری

أُیَیْنِقَات : نوجوان اونٹنیاں۔

نَوَّاق : ہوشیار منیجر۔

نَیِّق ومُتَنَیِّق ومُتَنَوِّق : خوراک وپوشاک میں صاف ستھرا۔

مُنَوَّق : اچھا سدھا ہوا (اونٹ) گابھن کیا ہوا (کھجور کا درخت) ترتیب دیا ہوا۔ مرتب

نَوِکَ ــ نَوْکًا ونَوَاکًا ونَوَاکَةً : احمق ہونا۔

أنْوَکَ : بے وقوف پانا یا خیال کرنا

مَا أنْوَکَهُ : وہ کیسا بے وقوف ہے

اِسْتَنْوَکَ : بے وقوف ہونا۔ بیوقوف سمجھنا۔

نَوْک ونُوک : بے وقوفی۔

أنْوَک ج نَوْکَی ونُوک : احمق بہت بے وقوف۔ عاجز۔ جاہل۔ درماندہ۔

مُسْتَنْوِک : احمق۔

نَالَ ــ نَوْلًا ونَالًا ونَالَةً اوب : بخشنا (عطیہ)

ــــ ب : مشغول ہو جانا۔

نَالَ لَهُ أنْ یَفْعَلَ : اس کے لئے کرنے کا وقت آگیا۔

نَالَ ــ نَیْلًا ونَائِلًا : فیاض ہونا

نَوَّلَ ہ وعلی ہ : بخشش کرنا

نَاوَلَ : دینا۔ ہاتھ لمبا کر کے دینا۔

أنَالَ بِاللّٰہِ : اس نے خدا کی قسم کھائی

مَا أنْوَلَهُ : وہ کیسا فیاض ہے۔

تَنَوَّلَ وتَنَاوَلَ : ہاتھ ڈالنا۔

ــــ عَلَیْنَا بِشَیْءٍ یَسِیرٍ : اس نے ہم کو تھوڑی سی چیز دی۔

تَنَاوَلَ مَکَانَ کَذَا : وہ مکان پر پہنچا

ــــ واسْتَنَالَ : مقدس عشائے ربانی قبول کرنا (عیسائیوں کی رسم)

نَال ج أنْوَال : فیاض۔ سخی۔

نَال ونَوَال : تحفہ۔ عطیہ۔ مہربانی فضل

تَهَوَّکَ وانْهَاکَ : حیران و ششدر رہونا بے احتیاطی سے مشکل میں پڑنا۔
هَوْکٌ وهَوِکٌ واَهْوَکُ م وهَوْکَاءُ ویَهْکُوْکٌ : حماقت کی رگ والا۔
هُوْکَةٌ : گڑھا۔
هُوَّاکٌ ومُتَهَوِّکٌ : ششدر۔ حیران۔
مُتَهَوِّکٌ : ہلاکت کے گڑھے میں گرنیوالا
هَوَّاکَةٌ : حیران عورت۔
اَرْضٌ هَوَّاکَةٌ وهَوِکَةٌ : شور زمین۔
هَالَ ـُ هَوْلًا وهَوَّلَ : ڈرانا۔
هِیْلَ : خوفناک خوابیں دیکھنا (ثلاثی)
هِلْتُ مِنْهُ : میں اس سے خوفزدہ ہوا
هَوَّلَ : لباس و زیور سے آراستہ ہونا (عورت) بدشکل بنانا۔ ڈرانا۔
ـــ الْاَمْرَ : کام کو برا بنا کر دکھانا۔
ـــ عِنْدِی الْاَمْرَ : میرے نزدیک اس نے کام کو خوفناک بنا دیا۔

ـــ عَلَیْهِ بِ : ڈرانا۔ دھمکانا۔
ـــ عَلَی الرَّجُلِ : اس نے آدمی پر حملہ کیا۔
تَهَوَّلَ : خوفناک ہونا۔
ـــ مَالَهُ : اس نے اس کے مال کو نظر لگانے کا ارادہ کیا۔
اِهْتَالَ : خوفزدہ ہونا
هَوْلٌ ج اَهْوَالٌ وهُؤُوْلٌ : ڈر۔ خوف سمندر کا چڑھاؤ۔
ـــ وهِیْلَةٌ : خوفناک چیز۔
اَبُو الْهَوْلِ : مصر کے مینار کے قریب ایک بت۔ ایک شاعر کا نام۔
هَالَةٌ ج هَالَاتٌ : چاند کا چکر۔
هَالٌ : سراب۔
هُوْلَةٌ : قسم کھانے کی آگ جس پر نمک اور کبریت چھڑکی جاتی ہے۔ بچے کو ڈرانے کی چیز۔ عجیب۔
وَجْهُهُ هُوْلَةٌ مِنَ الْهُوَلِ : اس کا چہرہ عجیب ہے۔
هِیْلَةٌ : کسی کام کا خوف۔
تَهْوِیْلٌ : خوف کا سبب۔ چڑیوں کے ڈرانے کا نشان۔ ڈراوا
ـــ ج تَهَاوِیْلُ : رنگوں کا اختلاط مختلف رنگوں کا کپڑا۔
تَهَاوِیْلُ الرَّبِیْعِ : موسم بہار کے مختلف رنگوں کے پھول۔
هَائِلٌ (م) هَائِلَةٌ : خوفناک۔
هَوْلٌ هَائِلٌ ومَهُوْلٌ : خوف۔ ڈر
اَهْوَلُ : زیادہ خوفناک
مَهَالٌ ومَهُوْلٌ ومَهِیْلٌ : خوفناک جگہ
مُهَوِّلٌ : نمک و کبریت ڈالی ہوئی آگ پر قسم کھلانیوالا۔
هَوَّمَ وتَهَوَّمَ : اونگھنا۔

هَوْمٌ: پست زمین
— المَجُوس: ایک خوشبودار پودہ جسکو مجوسی اپنی آگ میں ڈالتے ہیں۔ (تلسی)
هَامَةٌ ج هَامَات و هَام: سر۔ سر کی چوٹی۔ لاش۔ قوم کا سردار۔ اُلّو۔ لوگوں کی جماعت۔ گھوڑا۔
هٰذَا هَامَةُ اليَوْمِ اوغَدٍ: یہ آج یا کل مرجائیگا۔
اَصْبَحَ فُلَانٌ هَامَةً: فلاں مرگیا۔
نَبَاتُ الهَامِ: دماغ کا مغز۔
هَوْمَةٌ و هَامَاةٌ: صحرا۔
الهَوَامُ: شیر۔
اَهْوَمُ: بڑے سروالا۔
هِيمٌ: پیاسے (لوگ)، ریت جو پانی جذب کرتی جائے۔
هَانَ ـُ هَوْناً علی: آسان ہونا (کام)
هُنْ عِنْدِي اليَوْمَ: آج میرے پاس ٹھہر کر آرام کرو۔
هَانَ ـُ هُوْناً و هَوَاناً و مَهَانَةً: ذلیل و حقیر ہونا۔ کمزور ہونا۔
هَوَّنَ علی: آسان کرنا۔ حقیر سمجھنا۔
هَوِّنْ عَلَيْكَ: کچھ پرواہ نہ کر۔
هَاوَنَ نَفْسَهُ: اس نے اپنے نفس پر نرمی کی۔
اَهَانَ: ذلیل کرنا۔ حقیر کرنا۔
تَهَاوَنَ واسْتَهَانَ ب: حقیر جاننا۔ مخول کرنا۔
اِهْوَانَّ: وسیع ہونا (ریگستان)
هَوْنٌ: خاموشی۔ حیاء۔ آرام۔ نرمی۔ تھوڑی سی چیز۔

يَمْشِي هَوْناً: وہ نرمی سے چلتا ہے۔
هَوْنَ وهَوْنَيكَ: یہاں۔ وہاں۔
هُوْنٌ و هُوَانٌ و مَهَانَةٌ: شرمندگی۔
هُوْنٌ: مخلوق۔
مَا اَدْرِي ايّ الهُوْنِ هُوَ: میں نہیں جانتا وہ کس قسم کا آدمی ہے۔
هَوْنَةٌ و هُوْنَةٌ: نرمی سے چلنے والی عورت۔
هِيْنَةٌ: آسانی۔ خاموشی۔
اِمْشِ على هَوْنِكَ و على هِيْنَتِكَ: نرمی سے چل۔
هُوَيْنَا: سستی۔ برداشت۔ سنجیدگی۔
هَيْنٌ ج هَيْنُوْن (م) وهَيِّنٌ ج اَهْوِنَاء وهَيِّنُوْن: آسان۔ ضعیف۔ ذلیل۔ ہلکا۔ چپ چاپ۔ حلیم۔ بردبار۔
مَهَانَةٌ: ذلت۔ شرمندگی۔ ضعف۔
هَاوَنٌ و هَاوُنٌ و هَاوُوْن ج هَوَاوِين: ہاون۔ چٹو۔
اَهْوَنُ (م) هَوْنَاء: آسان۔
تَهَاوُنٌ: غفلت و سستی۔
مُهَانٌ: حقارت کیا گیا۔ تکلیف دیا گیا۔
مُهْوَئِنٌّ و مُهْوَانٌّ: دور جگہ۔ پست زمین

تَهَوَّهَ: درد مند ہونا۔

هُوْهَةٌ: بزدل۔
هَوَاهِي: باطل اور بیہودہ کلام
هُوْهَاةٌ: بے وقوف۔ ایسا کنواں جس میں اترنے والے کے لئے کوئی سیڑھا نہ ہو۔
هَوَّةٌ: جانب۔ روشندان۔
هُوَّةٌ و هُوَّاةٌ: پست زمین گہرا گڑھا۔ زمین و آسمان کے درمیان کا فضاء

هَوَى ـِ هُوِيًّا: چوڑا ہونا (زخم) نیچے گرنا۔ مرنا۔ آدمی شکار پر ٹوٹ پڑنا چلنا (ہوا)
— بِرَاكِبِهَا: سوار کے سمیت جلدی آگے بڑھنا (اونٹنی)
— ل: لمبا ہونا یا بلند ہونا (ہاتھ)
— في: جلدی سے آگے بڑھنا۔
— هَوِيًّا: چڑھنا (ستارا) سائیں سائیں کرنا (کان)
— هُوِيًّا و هَوَيَاناً: نیچے اترنا۔ ڈوبنا (ستارا) بچے سے محروم ہونا (ماں)
هَوَى هُوَّةً: چڑھنا (پہاڑی پر)
هَوِيَ ـَ هَوًى: محبت کرنا۔ چاہنا۔
هَاوَى مُهَاوَاةً و هِوَاءً: تیزی سے چلنا۔ مشتاق ہونا۔ ناز و نخرہ کرنا۔ مدارات کرنا۔ دیکھنا۔
اَهْوَى و انْهَوَى: اونچی جگہ سے گرنا۔
اَهْوَى ل: چیز کے لئے لمبا ہونا (ہاتھ)
— اِلَيْهِ بِيَدِهِ: اس نے اس کی طرف ہاتھ پھیلایا۔
— لَهُ بالسَّيْفِ: اس نے اس پر تلوار کے ساتھ حملہ کیا۔
تَهَاوَى في: ایک دوسرے کے اوپر گڑھے میں گرنا۔
اِسْتَهْوَى: فریفتہ کرنا۔ حیران کرنا۔
هَوًى ج اَهْوَاءٌ: خواہش۔ چیز جس سے محبت کی جائے۔ محبت۔ اشتیاق۔
اَهْلُ الاَهْوَاءِ: عیاشیں۔
هَوَاءٌ ج اَهْوِيَةٌ: ہوا۔ کرہ ہوائی خلاء۔ بزدل۔ موسم۔ آب وہوا۔ تیز چلتی ہوئی ہوا۔

هُوَ هَوَاءٌ: وہ بزدل ہے۔

هُمْ هَوَاءٌ: وہ بزدل ہیں۔

اَلْهَوَاءُ الْأَصْفَرُ: کالرا۔ ہیضہ۔

هَوَائِيٌّ: منسوب بہ ہوا

عَامَلَهُ بِالْهَوَاءِ وَاللَّوَاءِ: اس نے اس سے کبھی مہربانی سے اور نرمی سے اور کبھی سختی سے معاملہ کیا۔

هُوَّةٌ وهُوَاةٌ: گہرا گڑھا۔ گہری وادی۔

اُهْوِيَّةٌ: گہری وادی۔ گہرا گڑھا۔ کرۂ ہوائی۔ خلیج۔

هَوٍ (م) هَوِيَةٌ: مشتاق۔

هَاوٍ (م) هَاوِيَةٌ: گرنے والا۔ چڑھنے یا ڈوبنے والا (ستارا)

هَاوِيَةٌ: گڑھا۔ گہرائی۔ کرۂ ہوائی۔ بچے سے محروم (ماں)

اَلْهَاوِيَةُ: دوزخ کا گڑھا۔

هُوِيٌّ: ستارے کا چڑھنا۔ کان کی سائیں سائیں۔

— وهُوِيٌّ وتَهْوَاءٌ مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ایک حصہ۔

جَلَسْتُ عِنْدَهُ هَوِيًّا: میں اس کے پاس دیر تک بیٹھا رہا۔

هُوِيَّةٌ ج هَوَايَا: بہت گہرا کنواں

هَوَّايَةٌ: پنکھا۔

مَهْوًى ومَهْوَاةٌ ج مَهَاوٍ: غار۔ کرۂ ہوائی۔

هِيَ مث هُمَا ج هُنَّ: (ضمیر مؤنث غائب) وہ عورت

هَاءَ ـَ وهَيُؤَ ـُ هَيْأَةً و هَيَاءَةً: خوش شکل ہونا۔

— ـَ هَيْأَةً إِلَى: چاہنا۔

— ـَ هَيْأَةً لِ: تیار ہونا۔

هَيَّأَ تَهْيِئَةً وتَهْيِيئًا: تیار کرنا۔ درست کرنا۔

هَايَأَ مُهَايَأَةً وهَايَا مُهَايَاةً فِي: موافقت کرنا۔

هَايَأَهُ فِي دَارٍ: گھر میں کچھ عرصہ ایک رہا اور کچھ عرصہ دوسرا۔

تَهَيَّأَ لِ: تیار ہونا۔ مائل ہونا۔ قریب ہونا

تَهَيَّأَ لِفُلَانٍ الشَّيْءُ: فلاں کے لئے چیز ممکن ہوگئی ہے۔

تَهَايَأُوا عَلَى: آپس میں موافقت کرنا۔

هِيءْ وهَيْءْ: اونٹوں کو پانی کی طرف بلانے کی آواز۔

يَا هَيْءَ: تعجب یا افسوس کے اظہار کے لئے لفظ۔

هَيْئَةٌ وهِيئَةٌ ج هَيْئَاتٌ وهَيَآتٌ: شکل۔ کیفیت۔ حالت۔ طرز۔ چہرہ۔ چال۔ پوشاک۔ اچھا منظر۔

عِلْمُ الْهَيْئَةِ: اسٹرانومی۔ علم نجوم

هَيِّءٌ وهَيِيءٌ: خوش شکل۔

تَهْيِئَةٌ: تیاری

هَيَا: آہ۔

هَيُّ بْنُ بَيٍّ وهَيَّانُ بْنُ بَيَّانٍ: ناشہور آدمی جس کا باپ معلوم نہ ہو۔

هَيَّا هَيَّا: چلے آؤ۔ آؤ ہم چلیں

هَابَ ـَ هَيْبًا وهَيْبَةً و مَهَابَةً وتَهَيَّبَ واهْتَابَ: ڈرنا خوف کھانا۔ بچنا۔

هَبْ: فرض کر۔ ڈر۔

هَيَّبَ إِلَى: خوفناک بنانا۔

أَهَابَ: مویشی کو ٹھہرنے یا واپس آنے کے لئے چلاکر آواز دینا۔

— بِفُلَانٍ إِلَى: فلاں کو اکسانا۔

تَهَيَّبَ: ڈرنا۔ ڈرانا۔ گھبرا دینا۔ عزت کرنا۔

هَابٌ: سانپ۔

هَيْبَةٌ: ڈر۔ رعب

هَيَّبَانٌ وهَيْبَانٌ: بکرا۔ چرواہا۔ غبار۔ مٹی۔

هَيِّبَانٌ وهَيْبَانٌ وهَائِبٌ وهَيِّبٌ وهَيُوبٌ وهَيُوبَةٌ وهَيَّابٌ و هَيَّابَةٌ: بہت بزدل۔ بہت عزت کرنیوالا

هَيُوبٌ ومَهِيبٌ ومَهُوبٌ: خوفناک۔ قابل عزت۔ رعب والا۔

هَيَّبَانٌ: بہت خفیف۔

أَهْيَبُ: زیادہ عزت والا۔ زیادہ رعب والا

مَهَابَةٌ: ڈر۔ رعب۔ عزت۔

مَهَابٌ ومَهُوبٌ: خوفناک جگہ۔

مَهْيَبَةٌ: ڈر کا باعث

هَاتِ (م) هَاتِي مث هَاتِيَا ج هَاتُوا وهَاتِينَ: دے۔ لا۔

هِيتٌ: بہت گہری زمین۔

هَيْتَ وهَيْتُ لَكَ ولَكِ ولَكُمَا ولَكُمْ ولَكُنَّ: یہاں آؤ۔ آؤ۔

— لَكَ: میں تیری خاطر تیار ہوں۔

هَيَّتَ بِ: بلانا۔ پکارنا۔

هَيَّاتٌ: شور کرنے والا۔

هَاثَ ـِ هَيْثًا: جوش میں آنا۔

هَاثَ بِرِجْلِهِ التُّرَابَ: اس نے اپنے پاؤں سے مٹی اکھیڑی۔

— وهَيَّثَ لِ: تھوڑا دینا۔

— مِنَ الْمَالِ: اس نے مال سے کافی حصہ لیا

—— فی واسْتَهَاثَ : بہت خرابی ڈالنا یا تباہ کرنا (مویشی)
هَابَثَ : دولت مندی میں فخر کرنا۔ کثرت پر فخر کرنا۔
تَهَبَّثَ ل : دینا۔
اِسْتَهَاثَ : زیادہ مانگنا۔ زیادہ سمجھنا (تحفہ)
—— المَال : خراب کرنا (جائداد)
هَبْثٌ : حرکت۔
هَيْثَةٌ : لوگوں کا گروہ۔
هَابِثَةٌ : شور
مُهَابِثٌ : بہت چیز لینے والا۔

هَاج ِ هَيْجًا وهَيَجَانًا و هِيَاجًا : اُٹھنا (غبار) چڑھنا (سمندر) سوجنا (آنکھ) جوش اور حرکت میں آنا۔ بے وقوفی سے بے آرام اور مضطرب ہونا (آدمی) کود پڑنا۔ بہادری کرنا۔ مرجھانا۔ (پودہ) سوکھے ہوئے پودوں والی ہونا۔ (زمین) پیاسا ہونا (اونٹ) رات کو گھاٹ یا چارے کی طرف حرکت دینا (اونٹ کو)
هَاجَتِ السَّمَاءُ : آسمان بہت آندھی اور بادل والا ہوا۔
—— وب وهَيَّجَ : اُٹھانا (غبار)
هَيَّجَ بَيْنَ : کھڑا کرنا (فساد)
هَايَجَ : جھگڑا اُٹھانا۔ لڑائی میں شامل ہونا۔
يومُ الهِيَاجِ : یوم جنگ۔
اَهَاجَ اِهَاجَةً : خشک کرنا (ہوا کا پودوں کو)
اَهْيَجَ اِهْيَاجًا : خشک نباتات والی پانا (زمین)
تَهَيَّجَ واهْتَاجَ : اُٹھنا (غبار) جوش میں آنا۔
تَهَايَجَ : حملہ کرنا۔ ایک دوسرے سے لڑنا۔
هَيْجٌ : حرکت۔ فساد۔ لڑائی۔ خانہ جنگی جوش۔ پودوں کی پژمردگی
يَوْمُ هَيْجٍ : بادل و بارش یا ہوا والا دن۔
هِيجِ وهِجِ : اونٹوں کو ہانکنے کی آواز
هَاجَةٌ ج هَاجَات : مینڈکی۔ شتر مرغ
هَيْجَاءُ وهَيْجَى : لڑائی۔ جنگ۔
هَائِجٌ : غصہ۔ جوش۔
هَاجَ هَائِجُهُ : اس کا غصہ جوش میں آیا۔
هَدَأَ هَائِجُهُ : اس کا جوش و غصہ ٹھنڈا ہو گیا۔
هَائِجَةٌ : (مؤنث هَائِج) مرجھائے ہوئے پودوں والی زمین۔

هِيخْ : اونٹوں کو دو زانو کرنے کی آواز

هَاد ِ هَيْدًا وهَادًا وهَيَّدَ : حرکت دینا۔ ڈرانا۔ مصیبت زدہ کرنا۔
—— وهَيَّدَ : اصلاح کرنا۔ مرمت کرنا۔ جھڑکنا۔ ڈرانا۔ روکنا۔ ہٹانا۔
هَيَّدَ : تیز چلنا۔
ماهَيَّدَ عن شَتْمِي : وہ مجھے گالی دینے سے نہیں ہٹا۔
مَا يَهِيدُنِي ذَالِكَ : نہ وہ مجھے گھبراہٹ میں ڈال سکتا ہے اور نہ میں اس کی پرواہ کرتا ہوں۔
مَالَهُ هَادٌ ومَالَهُ هَيْدٌ : وہ بے حرکت ہے۔ اس کو اکسایا نہیں جاتا
مَالَهُ هَادٌ : نہ اس کو کوئی روکنے والا ہے اور نہ منع کرنے والا۔
اَيَّامُ هَيْدٍ : اضطراب اور تکلیف کے دن
هَيْدِ وهِيدِ وهَادِ : اونٹوں کو ہانکنے کی آواز۔
هَيْدَان : بزدل۔ بیقرار۔ بخیل۔ احمق
يُعْطِي الهَيْدَان والزَّيْدَان : وہ ہر ایک آنیوالے کو دیتا ہے۔

هَبَّرَ : تباہ کرنا۔ گرا دینا۔ مصالح تیار کرنا۔
تَهَيَّرَ : گر جانا۔ جلدی کرنا۔
هَيْرٌ وهِيرٌ وهَيِّرٌ : شمالی ہوا۔
هَيْرَةٌ : ہموار زمین۔
هَبَاءٌ : کھنڈرات۔ کوڑا کرکٹ کام کرنے کا سامان۔
هَيَّاشٌ : ضعیف۔ کمزور۔
رَجُلٌ هَيِّرٌ : چیزوں میں سے کود پڑنے والا آدمی۔

هَيْرَعٌ : کمزور دل۔ کمزور۔
رِيحٌ هَيْرَعَةٌ : غبار اُڑانیوالی ہوا۔

هَاس ِ هَيْسًا : تیز چلنا۔ پکڑ لینا۔ بھگانا (دشمن)
هَيْسٌ : ہل۔ محنت کرنے کا اوزار
هَيْسِ هَيْسِ : کرتے جاؤ۔ شاباش
اَهْيَسُ : بہادر۔ دلیر۔ جری اونٹ بہت کھانے والا۔

هَاش ِ هَيْشًا : جوش اور حرکت میں آنا۔ جمع ہونا گروہ۔ زیادہ کلام کرنا خراب و تباہ کرنا۔ آہستہ آہستہ دوہنا (اونٹنی) جمع کرنا (مال) خوش ہونا (آدمی)
هَيْشَةٌ ج هَيْشَات : مخلوط گروہ اضطراب۔ فتنہ۔
هِيشَةٌ وهِيشٌ : جھاڑی۔

هِيش : گدھوں کو ٹھہرانے کی آواز

مُهَيِّش : گنجان لپٹا ہوا۔

هَاص ـِ هَيْصًا : بیٹ پھینکنا (پرندہ) توڑنا (گردن) بدسلوکی کرنا۔

مَهْيَص ج مَهَايِص : بیٹ پڑنے کی جگہ۔

هَاض ـِ هَيْضًا : بیٹ کرنا۔ (پرندہ)

—— واِهْتَاض : درست ہونے بعد توڑنا (ہڈی)

هَاضَ : چورہ چورہ کرنا۔

تَهَيَّض وانْهَاض : درست ہونیکے بعد توڑنا (ہڈی)

هَيْض : پرندہ کی بیٹ

هَيْضَة : رنج وغم کا عود۔ کالرا۔ اسہال کی مرض۔ سستی۔

هَيْضَاء : لوگوں کا گروہ۔

مَهِيض : درست ہونے کے بعد شکستہ ہڈی۔

مُسْتَهَاض : وہ آدمی جس کی ہڈی درست ہونے کے بعد پھر ٹوٹ جائے بیمار جو صحت پاکر بد پرہیزی سے دوبارہ بیمار ہو۔

هَاط ـِ هَيْطًا و هَايَطَ مُهَايَطَة وهِيَاطًا : شور وغوغا کرنا۔

هَايَطَ فلانًا : اس نے فلاں کو کمزور سمجھا۔

تَهَايَطُوا : وہ اپنے کام کی اصلاح کرنے کے لئے جمع ہوئے

مَازَالَ فی هَيْط ومَيْط : وہ شرارت اور شور وغوغا کرنے سے باز نہیں آیا

هُمْ فی هِيَاط ومِيَاط : وہ گھبراہٹ اور بے آرامی میں ہیں۔

هَاع ـَ هَيْعًا وهَيْعَة وهُيُوعًا وهَيَعَانًا : پگھلنا۔ بزدل ہونا۔ گھبرانا بھوکا ہونا۔

—— ـَ هَيْعًا الی : بہت خواہش کرنا (اونٹ پانی کی)

—— ـَ هَيْعَةً وهَاعًا : سست ہونا

—— ـَ هَيَعَانًا من : اکتا جانا۔

—— ـِ هَيْعًا : سطح زمین پر پھیلنا۔ پگھلنا (سکہ) قے کرنا۔

تَهَيَّع : زمین کی سطح پر پھیلنا۔

—— وانْهَاع : ہوا میں پھیلنا (کہر)

هَاع وهَيْعَة : سستی

هَاع لاع وهَائِع لائِع : بزدل کمزور۔ گھبرانیوالا۔

هَيْعَة : سکے کا پگھلاؤ۔ ڈراؤنی آواز گری ہوئی چیز کا زمین کی سطح پر بہاؤ۔

هَائِع : اندھیری رات۔

هِيَاع لِيَاع : تیز (ہوا)

هَائِعَة : (مؤنث هَائِع) شور وغوغا

مَهْيَع ج مَهَايِع : چوڑا اور آمد ورفت والا راستہ۔

بَلَدٌ مَهْيَعٌ : وسیع شہر۔

مُتَهَيِّع ومُنْهَاع : برائی کی طرف جلدی کرنے والا۔ حیران۔

هَيْعَرَ : بدکار ہونا (عورت)

—— وتَهَيْعَرَ : ایک جگہ پر نہ ٹھہرنا۔ (عورت)

هَيْعَرَة : خفت۔ طیش۔ بدکار عورت

هَيَّغ : تر کرنا (بارش زمین کو) چکنی کرنا (خوراک)

أَهْيَغ : خوشگوار فراخ زندگی۔ بہت پانی۔ سرسبز (سال)

أَهْيَغَان : تروتازگی اور اچھی حالت کھانا پینا۔

هَيِف وهَاف ـَ هَيَفًا و هَيْفًا : پتلی کمر والا ہونا۔

هَاف ـِ هَيْفًا و اهْتَاف : سخت پیاسا ہونا۔

هَاف ـَ هَيْفًا : بھاگ جانا (غلام)

—— هِيَافًا وهُيَافًا : پیاس سے ہوا سونگھنا۔ (اونٹ)

أَهْيَف : پیاسے اونٹوں والا ہونا۔

اِسْتَهَاف : گرم ہوا کے لگنے سے پیاسا ہونا۔

هَيْف : پیاس۔ جنوب مغربی گرم ہوا۔

ذَهَبَتْ هَيْفٌ لِأَدْيَانِهَا : وہ اپنی پہلی عادت میں پڑ گئے۔

هَائِف وهَيْفَان وهَيُوف و مِهْيَاف و مُهْتَاف : سخت پیاسا۔ جلدی پیاسا ہونے والا۔

هَافَة : جلدی پیاسی ہونے والی۔ (اونٹنی)

أَهْيَف (م) هَيْفَاء ج هِيف : پتلی کمر والا۔

هَيْق ج أَهْيَاق وهُيُوق : لمبا پتلا۔ نر شتر مرغ۔

هِيْق : لمبا دبلا۔ بیوقوف۔ شریر۔

هَيَّق : شریر ہونا۔ بیکار کھڑے رہنا۔

أَهْيَق : لمبی گردن والا ہونا۔

هَيَّك : جلدی کرنا۔ کھودنا۔

هَال ـِ هَيْلًا وهَيَّلَ وأَهَالَ علی : ڈالنا (مٹی)

تَهَيَّل وانْهَال : پڑنا یا ڈالا جانا (آٹا، مٹی)

اِنْهَال علی فُلَانٍ : حملہ کرنا - یا مارنا یا گالی دینا

هَال وهَيْل وهَيَلَان وهَيَال: ڈالی ہوئی (ریت)

هَال وَأَهْيَل : ڈالی ہوئی (ریت)

هَبْل وهَبْلَمَان : بے شمار (ریوڑ) ریت وہوا -

هَيِل وَمُهَيَّل ومُهَال: اوپر سے گرنے والا (آٹا - ریت)

هَيُول : ذرہ جو روشندان میں سے دھوپ کے اندر آتے وقت دکھائی دے -

هَيُولَى وهَيُّولَى ج هَيُولَيَات ابتدائی مادہ -

هَيُولِيّ وهَيُولَانِيّ : منسوب بہ هَيُولَى :

هَيْلَلَ هَيْلَلَة : لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہ کہنا

هَامَ ـِ هَيْمًا وهُيُومًا و هِيَامًا وهَيَمَانًا وتَهْيَامًا ب: بہت محبت کرنا - عاشق ہونا -

هِم لِنَفْسِكَ : اپنے آپ کا خیال رکھ -

هَام علی وَجْهِه : وہ پاگلانہ طور سے آوارہ پھرا -

ـــ ـِ هُيَامًا وهِيَامًا : پیاسا ہونا

هَيَّم وتَهَيَّم : حیران کرنا (محبت)

ـــ فلانٌ : فلاں اچھی چال چلا -

اِهْتَام لِنَفْسِه : اس نے اپنے لئے تدبیر کی -

اُسْتُهِيم فُؤَادُه : عشق سے اس کی عقل جاتی رہی -

هُيَام ج هُيُم : ریت جو ہمیشہ گرتی رہے

هَيَام وهِيَام : عشق کا جنون - سخت پیاس -

هُيَام : اونٹوں کی ایک بیماری جس میں پیاس سخت ہوتی ہے -

هَيْمَاء : بے آب ریگستان -

هَائِم ج هُيَّم وهُيَّام : حیران و پریشان -

هُيَّام : عاشق - محبت سے پاگل لوگ

أَهْيَم (م) هَيْمَاء ج هِيم : سخت پیاس کی بیماری والا (اونٹ)

هَيْمَان (م) هَيْمَى ج هِيَام و هَيْمَى : سخت پیاسا - سخت محبت کرنے والا -

لَيْل أَهْيَم ولَيْلَة هَيْمَاء : رات جس میں ستارے نہ ہوں -

هَيْبُوم : متحیر - حیران -

قَلْب مُسْتَهَام : محبت سے پریشان دل -

مَهْيُوم : عشق سے مجنون - بہت پیاسا

هَيْمُ اللّٰه : اللہ کی قسم -

هَيْمَنَ هَيْمَنَةً : اس نے آمین کہی -

ـــ علی : نگرانی کرنا - پر پھیلانا (مرغی بچوں پر)

مُهَيْمِن ومُهَيْمَن : نگران یا حفاظت کرنے والا (خدا)

هَيْنَمٌ : روئی -

هَيْنَمَةٌ : آہستہ آواز

هَيْنُومٌ : مبہم کلام -

هِيهِ هِيهِ : کسی چیز کے دھتکارنے کا کلمہ - چلے جاؤ - ایک دفعہ اور -

هَيْهَاتِ : (اسم فعل) وہ دور ہوا - کس قدر دور -

هَيْهَاةُ وهَيْهَاةَ وهَيْهَاةِ : کس قدر دور -

هَايْهَاتَ وهَايْهَانَ وهَيْهَانَ وتَهَايُهَات : کس قدر دور -

هَيَا : ندائے بعید کا حرف جس کی اصلیت ایا ہے -

هَيّ بن بَيّ وهَيَّان بن بَيَّان : غیر مشہور آدمی جس کے والد کا پتا نہ ہو

هَيِّ وهَيَّك : جلدی کر -

هَيَّوْا : تم جلدی کرو -

هَيَّا هَيَّا : (اسم فعل) جلدی کر -

هَيَّاة : شان - معاملہ -

مَا هَيَّاتُه : اس کا کیا کام - یا اس کی کیا شان ہے ؛

و = ٦

واؤ کے کئی معنے ہیں۔

(۱) حرف عطف جیسے جاءَ زیدٌ و عمرو: زید اور عمرو آئے۔

(۲) واؤ حالیہ جیسے جاءَ زیدٌ و الشّمس طالعۃ: زید سورج چڑھے آیا

(۳) واؤ استیناف جیسے لاتاکل السمک و تشرب اللبن: جب تو دودھ پی رہا ہو تو مچھلی نہ کھا۔

(۴) واو معیت جیسے سِرتُ و المدرسۃ: میں مدرسہ کے پاس سے گزرا۔

(۵) واؤ قسمیہ جیسے واللّٰہ: خدا کی قسم

(۶) بمعنے ربّ جیسے ولَیلٍ کَموجِ البحرِ: اکثر راتیں سمندر کی لہر کی طرح

(۷) واؤ زائد بعد الاّ جیسے ما من احدٍ الّا و لہ طمع او حسد نہیں کوئی مگر اس کے لئے طمع یا حسد ہے۔

وَا: افسوس۔ ارے۔

وَا زَیدُ و وازَیدًا و وازَیداہ زید کے لئے افسوس۔

وَا عجباہ: کیسی عجیب چیز ہے۔

وَاحٌ و وَاحَۃٌ ج واحات: نخلستان۔

وَأَب ـ وَأْبًا و اِبَۃً مِن: شرمانا۔

— وَأُبَۃً: کناروں سے سکڑا ہوا ہونا (کھر)

وَئِبَ ـ وَأَبًا: ناراض ہونا۔

اَوْأَب و اِتْآب: ناراض کرنا۔ بے عزت کرنا۔

اِتَّأَب مِن: شرمانا۔

اَبَۃ و تُؤَبَۃ و مَوْئِبَۃ: بے عزتی حیا۔ شرمندگی۔ عار۔

وَأْب: بڑا پیالہ۔ بڑا اونٹ۔ مضبوط پیالے کی شکل والا (کھر) چوڑا۔

وَأْبَۃ: چٹان کا گڑھا۔ پست قد و مضبوط (عورت)

— و وائِبَۃ: بہت گہرا اور چوڑا (کنواں)

مُوئِبات: قابل شرم باتیں۔

وَأْج: دیر تک رہنے والا سخت قحط سخت بھوک۔

وَأَد یَئِد وَأْدًا: زندہ دفن کرنا (لڑکی)

تَوَأَّد و اِتَّأَدَ فی: آہستہ آہستہ کرنا (کام)

وَأْد و وَئِید: اونچی آواز۔ دھماکا اونٹوں کی آواز۔

وَئِید و تُؤَدَۃ و تَوَأُّد: سنجیدگی متانت۔ نرمی۔

وَئِید و وَئِیدَۃ و مَوْءُودَۃ: زندہ دفن کی ہوئی لڑکی۔

مَوَائِدُ: مصائب

وَأَر یَئِر وَأْرًا و اَوْأَر: ڈرانا۔

وَأَر وَأْرًا و اِرَۃً و ل: گڑھا تیار کرنا۔ (آگ کے لئے)

وَأَر و وَأَّر فی: مصیبت میں ڈالنا۔

اِستَوْأَر: ڈرنا یا بدکنا (اونٹ) اندھیرے میں جلدی کرنا۔

اِرَۃ ج اِرات و اِرُون: چولہا آگ جلانے کا گڑھا۔

—: آگ۔ اوجھ میں پکا ہوا گوشت دھوپ میں پکا ہوا گوشت۔ دشمنی۔ آگ کی بھڑک۔ کوہان کی چربی۔

وُؤْرَۃ ج وُأَر و اُوَر: آگ جلانے کی جگہ۔

وِئَار: چکنی مٹی کی تہہ۔ دلدل۔

وَئِر: سخت گرم (زمین)

وَأَص یَئِص وَأْصًا بِہِ الارضَ زمین پر دے مارنا

تَوَأَّص: اکٹھا ہونا۔ پانی پر بھیڑ کرنا

وَئِیصَۃ: گروہ۔ مخلوق۔

وَأَط یَئِط وَأْطًا: ملاقات کرنا جوش میں آنا (چیز)

وَأْطَۃ: اونچی زمین گہرائی (پانی کی)

وَأَل یَئِل وَأْلًا و وُؤُولًا و وَئِیلًا و وَاءَل مُوَاءَلَۃً و وِئَالًا اِلیٰ: پناہ لینا۔

— و وَاءَل مِن: بچاؤ چاہنا۔ بچنا۔

— الی المکان: مکان کی طرف جلدی جانا۔ یا پناہ لینا۔

اَوْأَل فی: گوبر سے خراب کرنا (مویشی چارہ)

اَوْأَلَ المَکانُ: مکان مکینوں والا ہوا۔

وَأْل و مَوْئِل و مَوْأَلَۃ: جائے پناہ

وَأْلَۃ: اونٹوں یا بکریوں کی تہ بتہ مینگنیاں

وَأَّم تَوْئِیمًا: بدشکل بنانا۔

وَاءَم مُوَاءَمَۃً و وِئَامًا: باہم اتفاق سے رہنا۔

وَأْم: گرم کمرہ۔

وَأْمَۃ: نقال آدمی۔

مُوَأَمٌ : بدصورت۔ بڑے سر والا۔
مُتَوَائِمٌ : متناسب۔
وَأَى يَئِي وَأْيًا : وعدہ کرنا۔ دھمکی دینا۔ جواب دینا۔ ذمہ دار بننا۔
تَوَاءَى : جمع ہونا (لوگ)
اِتَّأَى : وعدہ ماننا۔
اِسْتَوْءَى : وعدہ لینا۔
وَأْيٌ : لوگوں کی تعداد۔ وہم۔ ظن۔ وعدہ۔
وَأًى (م) وَآةٌ : تیز رفتار یا مضبوط جانور۔ جنگلی گدھا۔
وَأْيَةٌ و وَئِيَّةٌ : بڑی ہانڈی۔ بڑا پیالہ۔
وَئِيَّةٌ : بورا۔ بڑے پیٹ والی اونٹنی۔ موتی۔ گھر کی اچھی منتظمہ۔
وَادِئٌ ج وادِبَةٌ : گیدڑ
وَبَّ وَ دَبًّا : لڑائی میں حملہ کے لئے تیار ہونا۔
وَبَأَ دَبْأً و دَبَأً : ترتیب سے رکھنا (سامان)
دَبَأَ و اَدْبَأَ اِلى : اشارہ کرنا۔
وَبِئَ دَبْأً و دَبُوءَ و دَبَاءً و دَبَاءَةً و دُبِئَ وَبْأً و اَدْبَأَ : بہت وبا والا ہونا (ملک) بچوں کی بہت مشتاق ہونا (اونٹنی)
اُدْبِئَ : بدہضمی سے تکلیف اٹھانا (جانور)
اِسْتَوْبَأَ : پلیگ یا وبا والا پانا (ملک)
دَبَأٌ ج اَدْبَاءٌ و دَبَاءٌ ج اَدْبِئَةٌ پلیگ۔ وبا۔ عام متعدی بیماری
وَبِئٌ و دَبِئٌ و مَوْبُوءٌ : بہت وبا والا ملک۔ وبائی اثر والا (پانی) بیمار (آدمی)
مُوْبِئٌ : وبا پھیلانے والا۔ تھوڑا پانی۔
وَبَتَ دَبْتًا ب : اقامت کرنا
وَبَّخَ : ملامت کرنا۔ جھڑکنا۔
دَبْخَةٌ : الزام۔ جھڑک۔ تکلیف دہ ملامت
وَبَدَ دَبَدًا : بدحال یا مفلس ہونا۔ بڑے کنبہ والا ہونا۔ بوسیدہ ہونا (کپڑا) گرم ہونا (دن)
دَبِدَ علی : ناراض ہونا۔
اَدْبَدَ : علیحدہ کرنا
تَوَبَّدَ اَمْوَالَهُمْ : نظر لگانے کے لئے اس نے ان کا مال معین کیا۔
دَبْدٌ : پہاڑ کا گڑھا۔
دَبَدٌ : مفلسی۔ گرمی۔ عیب۔ پہاڑ کا گڑھا۔
وَبَدٌ (واحد و جمع) ج اَدْبَادٌ : غریب آدمی جس کا بڑا کنبہ ہو۔
دَبِدٌ : مفلس۔ بدنظر۔ بھوکا۔
مُسْتَوْبِدٌ : مفلس۔ جاہل۔
مَوْبَذُ و مَوْبَذَانُ ج مَوَابِذَةٌ مجوسیوں کا پروہت۔
وَبِرَ دَبَرًا وَ اَدْبَرَ : بہت پشم والا ہونا (اونٹ)
دَبِرَ : گابھن ہونا (کھجور کا درخت)
وَبَرَ يَبِرُ دَبْرًا ب : اقامت کرنا (جگہ میں)
وَبَّرَ : پشم دار ہونا (شتر مرغ) تنہا زندگی بسر کرنا۔ نشان چھپانے کے لئے سخت زمین پر چلنا (لومڑی)
— علی : پوشیدہ رکھنا (معاملہ)
دَبْرٌ ج دُبُورٌ و دِبَارٌ و دِبَارَةٌ ایک قسم کا نیولا
دَبَرٌ ج اَدْبَارٌ : پشم۔
اَهْلُ الْوَبَرِ : خانہ بدوش۔
اَخَذَ الشَّيْءَ بِوَبْرِهِ : اس نے تمام چیز لے لی۔
دَابِرٌ : پشم والا۔ سمور والا۔
مَا بِالدَّارِ دَابِرٌ : گھر میں کوئی نہیں
دَبِرٌ (م) دَبِرَةٌ و اَدْبَرُ (م) دَبْرَاءُ نرم بالوں سے ڈھانپا ہوا۔
بَنَاتُ اَدْبَرَ و بَنَاتُ الْاَدْبَرِ : چھوٹی قسم کے ردی گکر موتے۔
لَقِيْتُ مِنْهُ بَنَاتِ اَدْبَرَ : میں نے اس سے بہت دفعہ مایوسی پائی۔
دَابُورٌ و دَبَابُورٌ : دخانی جہاز۔ ریل گاڑی۔ دخانی انجن۔ سٹوو۔ لمپ
دَبُورِيٌّ : اونٹ کے بالوں کا کپڑا۔
وَبِشَ دَبْشًا : سفید داغوں والا ہونا۔
دَبَّشَ : ہر طرف سے بھیڑ کر کے آنا۔ پھونکنے سے سلگنا (کوئلے)
— بِذَنْبٍ : لڑائی کے لئے مختلف قبائل سے جمع ہونا۔
اَدْبَشَ : مختلف پودوں والی ہونا (زمین) جلدی کرنا۔
دَبْشٌ و دَبَشٌ : ناخنوں کے سفید داغ۔ کھجلی کے داغ۔
دَبْشٌ ج اَدْبَاشٌ : مخلوط و کمینہ لوگ
دَبْشُ الْكَلَامِ : ردی کلام
اَلْاَدْبَاشُ مِنَ النَّبَاتِ : تھوڑے سے بکھرے ہوئے پودے۔

وَبِش : کھجلی کے داغوں والا (اُونٹ)
وَبَصَ يَبِصُ وَبْصًا و وَبِيْصًا
و وَبِصَةً : چمکنا۔
— وَاَوْبَصَ : بہت سبزی والی
ہونا (زمین)
وَبَّصَ و وَبَّصَ : آنکھیں کھولنا (پلا)
وَبِصَ ــَ وَبَصًا : چست ہونا۔
وَبَّصَ لِی بِيَسِيْرٍ : اس نے مجھے
تھوڑا سا دیا۔
اَوْبَصَ : روشن ہونا (آگ)
وَبِصٌ (م) وَبِصَةٌ : چست و چالاک
وَابِصٌ (م) وَابِصَةٌ : چمکنے والا۔
وَابِصَةٌ و وَبِيْصَةٌ : آگ سلگتا
ہوا کوئلہ۔ بجلی کی چمک۔
اِنَّهٗ لَوَابِصَةُ سَمْعٍ : وہ ہر
بات جو سنتا ہے اس پر یقین کرتا ہے
وَبَّاصٌ : چاند۔ بہت چمکنے والا۔
وَبَطَ يَبِطُ و وَبِطَ ــَ وَوَبُطَ ــُ
وَبْطًا و وَبَاطَةً و وَبْطًا و
وُبُوطًا : کمزور یا بزدل۔ یا خسیس
ہونا۔
وَبَطَ يَبِطُ وَبْطًا : ذلیل کرنا۔
گالی دینا۔ کھولنا (زخم)
— عن : روکنا۔
اَوْبَطَ : بیکار کرنا۔
وَابِطٌ : خسیس۔ بزدل۔ کمزور۔ اُترنے
والا۔
وَبَاطٌ : ضعف
وَبَغَ ــِ : ملامت کرنا۔ گالی دینا
وَبْغٌ : سر کی بھوسی۔ اونٹوں کی
جلد کی بیماری
وَبَقَ يَبِقُ و وَبِقَ ــَ وُبُوقًا
و مَوْبِقًا و وَبَقًا و اسْتَوْبَقَ :
ہلاک ہونا۔
اَوْبَقَ : ہلاک کرنا۔ ذلیل کرنا۔ قید
کرنا۔
مَوْبِقٌ : ہلاکت کی جگہ۔ قید خانہ۔
وعدہ کی جگہ۔ عرصہ۔ دوزخ کی وادی
ہر چیز جو دو چیزوں کے درمیان حائل ہو
مُوْبِقٌ : مضر۔ مہلک۔
رَكِبَ الْمُوْبِقَاتِ : اس نے بہت
خطروں کا مقابلہ کیا۔
يَفْعَلُ الْمُوْبِقَاتِ : وہ گناہوں کا
مرتکب ہوتا ہے۔
وَبَلَ يَبِلُ وَبْلًا : بہت بارش
برسانا (آسمان) زور سے دوڑنا (گھوڑا)
تعاقب کرنا (شکار)
— ب : لگاتار مارنا (ڈنڈے سے)
وَبُلَ ــُ وَبَالًا و وَبَالَةً و وُبُولًا
و وَبَلًا : مضر صحت ہونا (جگہ) سخت ہونا
وَابَلَ : ہمیشگی کرنا۔
اِسْتَوْبَلَ : مضر سخت پانا (جگہ)
چارے کے مضر صحت ہونے کی وجہ سے
بیمار ہونا (اونٹ)
وَبْلٌ و وَابِلٌ : بہت بارش۔ بڑے
بڑے قطروں والی بارش
وَابِلٌ : فیاض۔
وَابِلَةٌ : بازو یا ران کا اوپر کا حصہ
اونٹوں کے بچے۔ لیلے۔
وَبَالٌ : آب و ہوا کی ناموافقت۔
برا انجام۔ شدت و سختی۔
وَبَلَةٌ و اَبَلَةٌ : بوجھ۔ شدت
مصیبت۔ آب و ہوا کی خرابی۔ خوراک
کی خرابی۔
وَبِلَی : بہت دودھ والی۔
وَبِيْلٌ : سخت۔ مضر صحت۔ موگری
— و وَبِيْلَةٌ : موٹا ڈنڈا۔ یا لکڑیوں
کا گٹھا۔
مَوْبِلٌ و مِيْبَلٌ : موٹا ڈنڈا۔
لکڑیوں کا گٹھا۔
اَبِيْلٌ عَلی وَبِيْلٍ : بوڑھا آدمی
لاٹھی پر سہارا لگانے والا۔
مِيْبَلَةٌ : چابک۔
مَا بِالدَّارِ وَابِنٌ : گھر میں کوئی
نہیں۔
وَبْنَةٌ : تکلیف۔ بھوک۔ ایذاء۔
وَبَهَ ــَ وَبْهًا : مغرور ہونا۔
وَبَهَ و وَبِهَ ــَ وَبْهًا و اَوْبَهَ
لِ و ب : پرواہ کرنا۔ خیال کرنا۔
لَا يُوْبَهُ بِهٖ وَلَهٗ : اس کی پرواہ
نہیں کی جاتی۔
وَتٌّ : فاختہ کی آواز۔
وَتَاوِتُ : وسواس۔
وَتَاَ يَتَاُ وَتْاً فِی مِشْيَتِهٖ
وہ سست چال چلتا ہے۔
وَاتَاَهٗ عَلَی الْاَمْرِ : اس نے اس
کی کام میں موافقت کی۔
وَتَبَ ــِ وَتْبًا : اقامت کرنا۔
وَتُحَ ــُ وَتَاحَةً و وُتُوحَةً
و وَتْحَةً : تھوڑی ہونا (بخشش)
وَتَحَ يَتِحُ وَتْحًا وَتِحَةً و
اَوْتَحَ : تھوڑی دینا (بخشش)
اَوْتَحَ : تھوڑی دولت والا ہونا۔
مصیبت میں ڈالنا۔
تَوَتَّحَ من : تھوڑی پینا (شراب)
وَتْحٌ و وَتَحٌ و وَتِحٌ و وَتِيْحٌ :

تھوڑا ناچیز (تحفہ) نامبارک خسیس (آدمی)
مَا اَغْنَیَ عَنِّیْ وَتْحَةً : اس نے مجھے کچھ بھی فائدہ نہیں دیا۔

وَتَخَ یَتِخُ وَتْخًا ب : مارنا (چھڑی سے)
وَتَخَة : کیچڑ۔
مَا اَغْنَیَ عَنْهُ وَتْخَةً : اس نے اس سے کچھ بھی نہ دُور کیا۔
مِیْتَخَة : چھڑی۔

وَتَدَ یَتِدُ وَتْدًا وَتِدَةً و وَتَّدَ و اَوْتَدَ : گاڑنا (میخ)
وَتَدَ و وَتَّدَ : گڑ جانا (میخ) ڈنٹھل نکالنا (غلہ)
— فی : اقامت کرنا۔
وَتْد و وَتَد و وَتِد ج اَوْتَاد میخ۔ کیل۔ سیدھی اور نمایاں چیز۔ اہل عروض کی اصطلاح میں تین حروف جن میں سے دوسرا یا تیسرا ساکن ہو۔ اگر درمیان کا حرف ساکن ہو تو وَتَد مفروق کہلاتا ہے جیسے قَوْلُ اور اگر تیسرا ساکن ہو تو اس کو وَتَد مجموع کہتے ہیں جیسے عَلَیَ۔
اَوْتَادُ الاَرضِ : زمین کے پہاڑ۔
— البِلَاد : ملک کے بڑے آدمی
— الفَم : دانت
مِیْتَد و مِیْتَدَة : کیل گاڑنے کی لوہے کی یا لکڑی کی موگری۔

وَتَرَ یَتِرُ وَتْرًا وَتِرَة و وَتَّر و اَوْتَرَ : رسی ڈالنا۔ تندی کسنا (کمان کی)
— و اَوْتَرَ : وقفہ کے بعد دعا کرنا طاق بنانا۔
وَتَر : نفرت کرنا۔ ستانا۔ نقصان دینا ٹھگنا۔ رشتہ داروں کو مار کر اکیلا بنانا۔ ڈرانا۔
وَاتَرَ مُوَاتَرَةً و وِتَاتًا و اَوْتَرَ بَیْنَ : وقفہ ڈال کر کام کرنا۔ پے در پے بھیجنا (خط)
تَوَتَّرَ : تن جانا (پٹھا)
تَوَاتَرَ : ایک دوسرے کے پیچھے وقفہ سے آنا۔
وَتْر و وِتْر ج اَوْتَار : ایک۔ بے مثل۔ طاق (تعداد) دائرے کی محیط کا ایک حصہ۔ انتقام۔
وِتْرًا وِتْرًا : ایک ایک کر کے۔
وِتْر و تِرَة : بدلہ۔ خون کا انتقام۔
وَتَر ج اَوْتَار : کمان کی زہ۔ باجے کی تندی۔ پٹھا۔ قطار۔
وَتَرَة ج وَتَر و وَتَرَات و وَتِیْرَة ج وَتَائِر و وَتِیْرَات : دو انگلیوں کے درمیان کا چمڑا۔ کان کے اوپر کی نرم ہڈی۔ نتھنوں کے درمیان کی نرم ہڈی۔
وَتَرَة : زبان یا پیٹھ کی رگ۔ کمان کی تیر کے نکلنے کی جگہ۔ ہر چیز کا خالص حصہ۔
وَتِیْرَة : طریقہ۔ چال چلن۔ وقفہ سستی۔ ایک دائرہ جس پر نیزہ کا استعمال سیکھا جاتا ہے۔ قبر۔ گھوڑے کے ماتھے کا گول سفید داغ۔ سفید یا سرخ گلاب کا پھول۔ گلاب کا شگوفہ۔ انتقام یا انتقام میں ظلم۔
تَتْرَی (بجائے وَتْرَی) : ایک ایک کر کے۔
تَوَاتُر : تھوڑے تھوڑے سے وقفہ پر آنا
مُوَاتَرَةُ الصَّوْم : وقفہ پر روزے رکھنا۔
مُتَوَاتِر : وقفہ پر آنے والا۔ لگاتار حدیث جو لگاتار ثقہ راویوں سے بیان ہوتی ہو۔
مَوْتُوْر : کسی ہوئی (کمان) مظلوم۔ مقتول کا وارث جو بدلہ نہ لے سکے
وَتْش : تھوڑی چیز۔ رذیل لوگ

وَتِغَ — وَتَغًا : جرم کرنا۔ مجرم ہونا تباہ ہونا۔ بدخو ہونا۔
— فی الکلام : اس نے گفتگو میں غلطی کی
اَوْتَغَ : تباہ کرنا۔ دکھ دینا۔ مصیبت میں ڈالنا۔ قید کرنا۔ خراب کرنا (مذہب)
وَتِیْغَة : گفتگو کی غلطی۔
مَوْتَغَة : ہلاکت کی جگہ۔

وَتَنَ یَتِنُ وُتُوْنًا وَتِنَةً : لگاتار بہنا (پانی) ثابت رہنا۔
— ب : اقامت کرنا۔
— وَتْنًا و وَتِیْنًا : شاہ رگ میں زخم کرنا (آدمی)
وُتِنَ : شاہ رگ زخمی ہونا۔
وَاتَنَ : چمٹنا۔ دوسرے کی طرح کام کرنا۔ دیر تک اقامت کرنا (مکان میں)
اِسْتَوْتَنَ : موٹا ہونا (مویشی)
وَتْنَة : مخالفت۔ جھگڑا۔ مقروض پر اصرار۔
وَاتِن : مکان میں ہمیشہ رہنے والا۔ لگاتار بہنے والا (پانی)
وَتِیْن ج وُتُن و اَوْتِنَة : شاہ رگ دل کی رگ جس سے تمام بدن میں خون جاتا ہے۔

وَثَأَ ـَ وَثْأً: مردہ کرنا۔ رسد مہ کا
گوشت کو) ہڈیوں سے جوڑا کرنا۔ (کپیل
کا سرا)
— وَا وُثَأَ: نقصان پہونچانا (عضو کو)
وَثِئَ ـَ وَثْأً و وَثَأً و وُثُوءًا
و وُثِیَ: بغیر ہڈی توڑنے کے معیوب
کرنا (ہاتھ) اتارنا (ہڈی)
وَثْءٌ و وَثَاءَۃٌ: ضرب جس سے
صرف گوشت کو نقصان پہونچے۔
وَثِیٌّ و وَثِیْءٌ و مَوْثُوْءٌ: ضرب
رسیدہ۔ نقصان رسیدہ۔ کچلا ہوا (عضو)
مِیْثَاءَۃٌ: میخ کوٹنے کی موگری۔
وَثَبَ یَثِبُ وَثْبًا و وُثُوْبًا
و وَثَبَانًا و وِثَابًا و وَثِیْبًا و ثِبَۃً:
کودنا۔ پھاندنا۔ کھڑا ہونا۔ بیٹھنا۔
وَثَّبَ: گدی پر بٹھانا۔ بیٹھنے کے لئے
بچھانا (گدی)
وَاثَبَ: کود پڑنا۔ حملہ کرنا۔
اَوْثَبَ: کودانا۔ چھلانگ مروانا۔
تَوَثَّبَ فِی اَرْضِہٖ: اس نے
ظلم سے اس کی جائداد پر قبضہ کر لیا۔
— عَلَیْہِ فِی اَرْضِہٖ: اس نے
ناانصافی سے اس کی زمین پر قبضہ کیا۔
تَوَاثَبَ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا
وَثْبَۃٌ: چھلانگ۔ حملہ۔
وِثَابٌ: تخت۔ بستر۔ بیٹھنے کی جگہ۔
وَثَبَی: بہت چھلانگنے والی۔ تیز چلنے
والی (گھوڑی)
وَثَّابٌ (م) وَثَّابَۃٌ: بہت کودنے والا
تیز رفتار۔
وُثَّابٌ: نوردلجیا کی بیماری۔ پٹھوں
کا سکڑ جانا۔

اَبُو وَثَّابٍ: بارہ سنگھا۔
مِیْثَبٌ: ہموار زمین۔ اونچی زمین کودنے
والا۔ بیٹھنے والا۔ ندی۔
مَوْثَبَانُ: امن پسند (بادشاہ)
وَثُجَ ـُ وَثَاجَۃً: گاڑھا ہونا
موٹا ہونا (گھوڑا) بہت گھاس والا
ہونا (مکان)
اَوْثَجَ: بہت دینا۔ بہت بنانا۔
اِسْتَوْثَجَ: بہت ہونا (ریوڑ) گنجان
و لپیٹے ہوئے ہونا (پودے) موٹا ہونا
(گھوڑا)
— مِنَ الْمَالِ: اس نے بہت مال
حاصل کیا۔
وَثَاجَۃٌ: مضبوطی۔ موٹاپن۔
وَثِیْجٌ: گاڑھا۔ موٹا۔ گنجان (سبزی)
مُوْتَثِجَۃٌ: بہت گھاس والی (زمین)
مَوْثُوْجَۃٌ: پتلے (کپڑے)
وَثْخَۃٌ: جوہڑ کا بقیہ پانی۔ تری۔
دلدل۔ کیچڑ۔
وَثِیْخَۃٌ: کیچڑ والی (زمین) گاڑھا
(دودھ) سر سبز الجھی ہوئی گھاس۔
مُوَثَّخُ الْخَلْقِ و مَوْثُوْخَۃٌ: گٹھے
جسم والا
وَثُرَ ـُ وَثَارَۃً: نرم ہونا (بستر)
بہت ہونا (گوشت) موٹا ہونا (آدمی)
وَثَّرَ یُوَثِّرُ تَوْثِیْرًا و وَثْرًا: نرم بنانا
(بستر)
اِسْتَوْثَرَ مِنْ: بہت مانگنا۔ نرم
پانا (بستر)
وَثْرٌ: صدری کی مانند چمڑے کا لباس
وِثْرٌ و وَثِیْرٌ و وِثَاسٌ: بستر یا فرش
کی ملائمت۔

— وَمِیْثَرَۃٌ ج مَوَاثِرُ و مَیَاثِرُ:
گھوڑے کی زین پر ڈالنے کا گدیلا۔ کپڑوں
کو ڈھانپنے کا کپڑا۔ شکاری جانوروں
کے چمڑے۔
وَثَارَۃٌ: ملائمت۔ نرمی۔ گوشت
کی زیادتی۔
وَثِیْرٌ (م) وَثِیْرَۃٌ: صاف ہموار
نرم۔ موٹی (عورت)
وَثَغَ یَثِغُ وَثْغًا: توڑنا (سر)
وَثْغَۃٌ و وَثِیْغَۃٌ مِنْ: تھوڑی
مقدار (بارش کی)
وَثِیْغَۃٌ: موسم بہار کا باہم الجھا ہوا
گھاس۔
ثَرِیْدَۃٌ وَثِیْغَۃٌ و ثَرِیْدَۃٌ
مَوْثُوْغَۃٌ: گاڑھی کھچڑی۔
وَثَفَ یَثِفُ وَثْفًا و وَثْفَ
اَوْثَفَ: چولہے پر رکھنا (ہانڈی)
وَثُقَ ـُ وَثَاقَۃً: مضبوط ہونا
قوی ہونا۔ مستقل مزاج ہونا۔ وثوق والا
ہونا۔
وَثِقَ ـِ ثِقَۃً و وُثُوقًا و مَوْثِقًا
بِ: اعتبار کرنا۔
وَثَّقَ: مضبوط کرنا۔ باندھنا۔ معتبر جاننا
معتبر کہنا۔
وَاثَقَ مُوَاثَقَۃً و وِثَاقًا:
معاہدہ کرنا۔
اَوْثَقَ: مدد کرنا (فوج کے دستے کی)
— ہٗ بِالْوِثَاقِ: اس نے اس کو رسی
سے مضبوط باندھا۔
تَوَثَّقَ: مضبوط ہونا (گانٹھ)
— فِی: اعتبار سے لگ پڑنا۔
— وَاسْتَوْثَقَ مِنْ: وثیقہ حاصل کرنا۔

تَوَاثَقُوا علی: باہم عہد وپیمان کرنا۔
اِسْتَوْثَقَ ب: بند کرنا (دروازہ)
— من: عہد وپیمان کرنا یا وثیقہ لینا
— من اَمْرِ الِهِ ب: اس نے اپنے مال کی سختی سے حفاظت کی۔
ثِقَة: اعتبار۔ بھروسہ۔
ثِقَة (مذکر ومؤنث۔ واحد وجمع) ج ثِقَات: قابل اعتبار۔ دیانتدار معتبر
وَثَاق و وِثَاق ج وُثُق: باندھنے کی چیز جیسے رسی وغیرہ۔ بندھن۔
وَاثِق (م) وَاثِقَة: بھروسہ کرنیوالا مستقل مزاج۔
وَثِيق ج وِثَاق: پکا (عہد) مستقل مزاج۔ ثابت قدم۔
وَثِيقَة ج وَثَائِق: اعتبار۔ تحریری معاہدہ۔ ضمانت۔ بہت سبزی والی زمین۔ سرٹیفکیٹ۔
اَوْثَق (م) وُثْقَى: زیادہ مضبوط
مَوْثِق و مِيثَاق ج مَوَاثِق و مَيَاثِق و مَوَاثِيق و مَيَاثِيق: عہد۔ وعدہ۔ وصیت۔
مُوَثَّق الخَلْق: مضبوط بناوٹ والا۔
وَثَّل: مضبوط کرنا۔ جمع کرنا (دولت)
وَثْل: کھجور کے ریشوں کی رسی۔
وَثِيل: کھجور کے ریشے۔ کھجور کے ریشوں یا بھنگ کی رسی۔ کمزور رسی۔
وَثَمَ يَثِمُ وَثْمًا: تیز دوڑنا یا زمین پر پاؤں مارنا (گھوڑا) زور سے پڑنا (بارش) توڑنا۔ باریک کرنا۔
— وِثَمًا و وِثَامًا: زخمی کرنا (پاؤں کو پتھر کا)

وَثُمَ ـُ وَثْمًا: تھوڑی نباتات والی ہونا (جگہ)
وَثُمَ ـُ وَثَامَة: ٹھوس وپیوستہ گوشت والا ہونا۔
وَاثَمَ فی العَدْوِ: دوڑنا (گھوڑا)
ما اَوْثَمَهَا: وہ کیسی بنجر زمین ہے۔
وَثْم: تھوڑی مقدار۔
وَثِيم (م) وَثِيمَة: ٹھوس گوشت والا۔
وَثِيمَة: گھاس یا نباتات کا ڈھیر چٹان۔ چقماق کے پتھر۔ کنکر۔ ٹوٹے ہوئے پتھر۔
مِيثَم: بہت پامال کرنے والا۔
وَثَن ج وُثُن و وُثْن و اَوْثَان: لکڑی یا پتھر کے بت۔
وَثَنَ ـِ وُثُونًا: اقرار پر قائم رہنا۔
اَوْثَنَ: وسیع ہونا۔ (جائداد) بہت بخشش کرنا۔ بہت عطیہ دینا۔
— من المال: بہت مال حاصل کرنا۔
اِسْتَوْثَنَ: باقی رہنا۔ زندہ رہنا۔ مضبوط ہونا۔ موٹا ہونا۔ شاخیں نکالنا (کھجور)
— من: بہت مانگنا۔
وَاثِن: مستقل مزاج۔ ندی میں بہنے والا (پانی)
وَثَنِيّ ج وَثَنِيُّون: بت پرست
وُثِئَ وَثْئًا: کچلا جانا۔ اترنا (ہاتھ)
اَوْثَأَ: زخمی جانور والا ہونا۔
وُثْء: تکلیفیں
مِيثَاءَة: موگری۔ ہتھوڑا۔
مَوْثُوء: کچلا ہوا (عضو)
وَجَّ ـُ وَجًّا: جلدی کرنا۔ شعلہ مارنا (آگ)

وَجّ: ایک دوائی۔ شتر مرغ۔ بھٹ تیتر گنا۔ ہل کی لکڑی۔
وَجَأَ ـَ وَجْأً و تَوَجَّأَ ب: مارنا (چھری یا ہاتھ سے) کوٹنا (کھجور)
وَجَّأَ: ختم شدہ پانی والا پانا (کنوآں)
اَوْجَأَ: ختم شدہ پانی والا ہونا (کنوآں) ناکام ہونا (آدمی)
— عن: ہٹانا۔
اِتَّجَأَ: پیوست ہونا (کھجور کا گچھا)
وَجْء و وَجَأ و وَجَاء: بے برکت بے آب کنوآں
وَجْأَة و وَجَأَة و وَجَاءَة: ختم شدہ پانی والا (کنوآں)
وَجِيئَة: ٹکڑیوں یا کھجوروں کو کوٹ کر مکھن یا تیل سے ملا کر تیار کیا ہوا کھانا۔ گاٹے۔
وَجَبَ يَجِبُ وُجُوبًا و جِبَةً: لازم ہونا۔ ضروری ہونا۔
— وَجْبَة: دھماکے سے گرنا۔ (دیوار)
— وَجْبًا و وُجُوبًا: ڈوبنا (سورج) بیٹھی ہوئی ہونا (آنکھ) گر کر مرنا۔ دن میں ایک ہی دفعہ کھانا۔
— عن: پیچھے ہٹانا۔
— وَجْبًا و وَجِيبًا و وَجَبَانًا: دھڑکنا (دل)
وَجُبَ ـُ وُجُوبَة: بزدل ہونا
وَجَّبَ: رات دن میں صرف ایک بار دوہنا (اونٹنی)
— و اَوْجَبَ و تَوَجَّبَ: دن میں ایک کھانا کھانا۔
وَجَّبَ علی و اَوْجَبَ ل و علی: واجب کرنا

وَجَبَ : دن میں ایک دفعہ کھانے کا
عادی بنانا۔ خاطر و مدارات کرنا۔
(مہمان کی)
— بِهِ الاَرْضَ : اس نے اس کو
زمین پر گرایا۔
وَاجَبَ مُوَاجَبَۃً و وِجَاباً و
اَوْجَبَ ل : لازم کرنا۔
اَوْجَبَ : سزا یا انعام کے حقدار بنانے
والے کام کرنا۔ معلوم کرنا۔ دھڑکانا۔
(دل)
— لِفُلَانٍ حَقَّہُ : اس نے
فلاں کے حق کی نگرانی کی یا اس کا اظہار
کیا۔
اِسْتَوْجَبَ : ضروری سمجھنا۔ حقدار
ہونا۔
وَجْبٌ وَجَّابٌ و وَجَّابَۃٌ : بزدل
بے وقوف۔
وَجْبٌ ج وِجَابٌ : بڑی مشک۔
گھوڑ دوڑ کی شرط۔
وِجَابٌ : پانی ٹھہرانے کی جگہ۔
وَجْبَۃٌ ج وَجَبَاتٌ : دھماکا۔ شور
دن میں ایک دفعہ کا کھانا۔
وُجُوبٌ : ضرورت۔ گِرنا۔
وَجِیبٌ و وَجَبَانٌ : دل کی دھڑک
وَجِیبَۃٌ : وظیفہ۔ روزمرہ کا کھانا۔
خوراک کا الاؤنس۔
اِیجَابٌ (ضد سَلْبٌ) : تسلیم۔
قبولیت۔
وَاجِبٌ (م) وَاجِبَۃٌ : لازم۔ فرض
مقتول۔
وَاجِبٌ ج وَاجِبَاتٌ فِی الْعَمَلِ :
فرض۔ ڈیوٹی۔

وَاجِبُ الْوُجُودِ و الْوَاجِبُ لِذَاتِہٖ
ضروری ہستی۔ اپنی ذات میں موجود یا
قائم بالذات (خدا)
مُوْجِبٌ : باعث۔
مُوْجَبٌ : نتیجہ۔ اثر۔ مثبت۔
عَامِلْہُ بِمُوْجَبِ فِعْلِہٖ :
اس کے ساتھ وہ سلوک کر جس کا وہ
حقدار ہے
بِمُوْجَبِ ذِمَّتِی : مجھے اپنی ضمیر کی قسم
مُوْجَبَۃٌ ج مُوْجَبَاتٌ : مثبت
دعوے۔
مُوْجِبَۃٌ ج مُوْجِبَاتٌ : بڑی نیکی
یا بڑا گناہ۔
حَانَ مَوْجِبِی : میری موت کا وقت
نزدیک ہے۔
مَوَاجِبُ : موت کی جگہیں۔
مُوَجِّبٌ : ایک بار دن میں کھانے والا
مُسْتَوْجِبٌ ب : حقدار۔ لائق۔
وَجَّجَ و اَوْجَجَ : ظاہر ہونا۔
اَوْجَجَ : جھکنا (آگ) چٹان تک پہنچنا
(کھودنے والا) پردہ گرانا (خیمہ کا) تکلیف
دینا (پیشاب)
— الی : بے قرار کرنا۔ کسی کی طرف
جانے کے لئے مجبور کرنا۔
وَجَاجٌ : ملائم چٹان۔
— و وِجَاجٌ و وُجَاجٌ : پردہ۔
غلاف۔
وَجِیجٌ و مُوَجَّجٌ : مضبوط و گھنا
بُنا ہوا (کپڑا)
مُوَجَّجٌ : لمبا اور پناہ۔ ملائم چمڑہ۔
مَوْجُوجٌ : بند کیا ہوا یا پردہ ڈالا
ہوا (دروازہ)

وَجَدَ وَجَدَ یَجِدُ وَجْدًا
وَجِدَۃً و وُجْدًا و وُجُودًا و
وِجْدَانًا و اِجْدَانًا : پالینا۔
حاصل کرنا۔ تجربہ سے جاننا۔ محسوس کرنا
— یَجِدُ وَجْدًا و وُجْدًا و
جِدَۃً : حاصل کرنا (مال وغیرہ) مالدار
ہونا۔
— یَجِدُ وَجْدًا و جِدَۃً و
مَوْجِدَۃً و وِجْدَانًا علی :
ناراض ہونا۔
— وَجْدًا و تَوَجَّدَ ب : بہت
محبت کرنا۔
وَجِدَ یَوْجَدُ ل : غمگین ہونا
وُجِدَ وُجُودًا : دریافت ہونا۔
— مِنَ الْعَدَمِ : نیست سے ہست
ہونا۔
اَوْجَدَ اِیجَادًا : پیدا کرنا۔ ایجاد
کرنا۔ مالدار بنانا۔ مضبوط کرنا۔ کامیاب
بنانا۔ حاصل کرانا۔
— علی الْاَمْرِ : کام پر مجبور کرنا۔
— الی : مضطر کرنا۔
تَوَجَّدَ : شکایت کرنا۔
— ل : غم کھانا۔ افسوس کرنا۔
تَوَاجَدَ : دکھاوے کے طور پر
محبت یا افسوس یا غم یا خوشی کا اظہار
کرنا۔
جِدَۃٌ : دولت۔ قدرت۔ لیاقت
وَجْدٌ : جوش۔ اکساہٹ۔ بہت
خوشی۔
وَجْدٌ ج وِجَادٌ : کھڑے پانی کا
جوہڑ۔
وَجْدٌ و وِجْدٌ و وُجْدٌ : دولت

خوشی۔محبت۔طاقت
وِجْدَان: ضمیر۔کانشنس۔خوشی یا رنج کا جوش۔باطنی قوتیں۔
وِجْدَانِیَّات: حواس باطنی سے معلوم شدہ چیز۔
وُجُود: ہستی۔ایجاد۔دریافت۔
وُجُودِیَّۃ: ہستی۔
غَابَ عَنِ الوُجُود: وُہ بیہوش ہوگیا۔
وَاجِد: پانے والا۔دولتمند۔ناراض
ـــــ ل: لائق۔
ـــــ ب: عاشق۔محبت رکھنے والا۔
وَجِید ج وُجْدَان: ہموار زمین
وُجُود: ہست۔خلاف عدم۔
وُجُودِیٌّ: خلاف عدمی۔
مَوْجِدَۃ: غصہ
المَوْجُودَات: موجود اشیاء مخلوقات۔
اَوْجَذَ الی و علی: مجبور کرنا۔ بے قرار و مضطر کرنا۔
وَجْذ ج وِجْذَان و وِجَاذ: حوض۔جوہڑ۔
وَجِرَ۔ وَجَرًا مِنْ: ڈرنا۔ خوف کھانا۔
وَجَرَ یَجِرُ وَجْرًا و اَوْجَرَ: منہ میں دوائی ڈالنا۔ناخوشگوار باتیں کہنا۔
اَوْجَرَہٗ الرُّمْحَ: اس نے اس کے منہ میں نیزہ مارا۔
تَوَجَّرَ: مجبوری سے پینا (پانی یا دوائی)
اِتَّجَرَ: نگلنا (دوائی)

وَجْر ج اَوْجَار: غار
وَجَر: ڈر
وَجِر و اَوْجَر: ڈرنیوالا۔
وَجِرَۃ و وَجْرَاء: ڈرنیوالی۔
وَجْرَۃ و وَجَرَۃ ج اَوْجَار: وحشی جانوروں کو شکار کرنے کا گڑھا
وِجَار و وَجَار ج اَوْجِرَۃ و وُجُر: جنگل جانوروں کا بھٹ۔لگڑ بگڑ وغیرہ کے رہنے کی غار۔وادی کا وُہ پہلو جس کو سیلاب نے کھوکھلا کر دیا ہو۔
وَجُور و وُجُور: دوائی جو منہ میں ڈالی جائے۔
وَجُور: ناخوش آئندہ الفاظ۔
مِیجَر و مِیجَرَۃ: منہ میں دوائی ڈالنے کا آلہ۔
مِیجَار: ٹینس کھیلنے کا ریکٹ
وَجَزَ یَجِزُ و وَجُزَ وَجْزًا و وَجَازَۃً و وُجُوزًا فی: مختصر ہونا۔(گفتگو)
وَجَزَ یَجِزُ وَجْزًا: مختصر کرنا۔ (گفتگو)
وَجُزَ وَجَازَۃً و اَوْجَزَ اِیجَازًا کم ہونا (گفتگو)
اَوْجَزَ فی: اختصار کرنا (گفتگو میں)
ـــــ: جلدی دینا (عطیہ)
تَوَجَّزَ: تکمیل اور پورا کرنے کی درخواست کرنا۔
وَجْز: جلدی بخشش کرنے والا۔ پھرتیلا۔مختصر اور جلدی سمجھ آنیوالی (کلام)
ـــــ و وَجِیز و وَاجِز و مُوجَز و

مُوجِز: مختصر اور جلدی سمجھ آنے والی (کلام)
اِیجَاز (ضد اِطْنَاب): مختصر
بِالْاِیجَاز: قصہ کوتاہ۔
مِیجَاز: مختصر کلام کرنے والا۔
وَجَسَ یَجِسُ وَجْسًا و وَجَسَانًا خطرہ محسوس کرنا۔ڈرنا۔
ـــــ یَجِسُ وَجْسًا: پوشیدہ ہونا۔
وَجَسَتِ الاُذُن: کان نے آہٹ محسوس کی۔
اَوْجَسَ و تَوَجَّسَ فی نَفْسِہ: اس کے دل میں خیال آیا۔
تَوَجَّسَ ب ول: ڈر سے سننا۔ (آواز)
ـــــ: تھوڑی تھوڑی کھانا (خوراک)
تَوَجَّسَتِ الاُذُن: کان نے آواز سُنی۔
وَجْس: دل کا خوف۔آہستہ آواز
وَاجِس: دل میں آنیوالا اخیال۔
اَوْجَس: تھوڑی (خورد و نوش) حقیر چیز۔زمانہ۔
مَا ذُقْتُ عِنْدَہٗ اَوْجَسَ: میں نے اس کے مکان پر کچھ نہیں چکھا۔
لَا اَفْعَلُہٗ سَجِیسَ الاَوْجَس و الاَوْجُسِ: میں اس کو کبھی نہیں کرونگا۔
وَجِعَ۔یَوْجَعُ و یَیْجَعُ و یَاجَعُ وَجَعًا: دردمند ہونا۔درد ہونا۔
وَجِعَ فلانٌ رَاْسَہٗ و وَجَعَ فُلَانًا رَاْسُہٗ: فلاں کے سر میں درد ہے۔

أَوْجَع : دکھ دینا - درد کرنا -
تَوَجَّع : درد یا افسوس ظاہر کرنا - شکایت کرنا - کراہنا -
— ل : نرم دل ہونا -
اِتَّوْجَع : دردمند ہونا -
وَجْعَة : جَو کی شراب -
وَجَع ج أَوْجَاع و وِجَاع : بیماری درد -
وَجِع (ج وَجِعُون و وَجْعَی و وَجَاعَی) و مُوْجَع : درد والا -
أَوْجَع : زیادہ درد والا -
وَجْعَاء ج وَجْعَاوَات : دُبُر پیٹھ
وَجِيع (م) وَجِيعَة و مُوْجِع (م) مُوْجِعَة : دردہ - درد کرنے والا -
مَوْجُوع : کمزور - درد والا -

وَجَف يَجِف وَجْفاً و وَجِيفاً و وُجُوفاً : اضطراب کرنا کانپنا -
— وَجِيفاً : دھڑکنا (دل)
— وَجْفاً و وَجِيفاً : تیز دوڑنا (گھوڑا)
أَوْجَف : دوڑانا (گھوڑا) ہلانا (چیزا) بند کرنا (دروازہ)
اِسْتَوْجَف : دل چھین لینا (محبت)
وَجْف و وَجِيف : دوڑ -
وَاجِف : دھڑکنے والا (دل) تیز دوڑنے والا (گھوڑا)
وَاجِفَة : بھونچال -

أُوجَاق و وُجَاق ج وُجَاقَات چولہا - ستوو - گھر - ترتیب - فوج کی ٹریننگ کی جگہ -

وَجِل - وَجَلاً و مَوْجَلاً : ڈرنا
وَجِل - وَجَلاً : ڈر میں بڑھ جانا -
وَجُل - وَجَالَةً : بوڑھا ہونا -
أَوْجَل : ڈرانا -
وَجَل ج أَوْجَال : خوف - ڈر -
وَجِل (ج وَجِلُون و وِجَال) و أَوْجَل (م) وَجِلَة ج وَجِلَات : ڈرنے والا -
أَوْجَل من : زیادہ ڈرنے والا -
وُجُول : بوڑھے
وَجِيل و مَوْجِل : پانی کا گڑھا
مَوْجَل : خوف کی جگہ -

وَجَم يَجِم وَجْماً و وُجُوماً خوف یا رنج کی زیادتی کی وجہ سے بات کرنے سے عاجز رہنا - زیادہ غم کی وجہ سے ترش رُو ہو کر سر نیچے کرنا -
— ومن : ناپسند کر کے ہٹ جانا -
— عن : ڈر کی وجہ سے خاموش رہنا -
— وَجْماً : مکا مارنا -
— وُجُوماً : گرم ہونا (دن)
وَجْم : ردی - شریر - طریقہ - راستہ
وَجْمُ سَوْءٍ : برا آدمی -
وَجَم و وَجَم ج أَوْجَام و وُجُوم پتھروں کا ڈھیر جو صحرا میں راستہ کے نشان کے لئے استعمال ہو - قبروں یا ٹیلوں پر پتھروں کا ڈھیر -
وَجِم : بخیل - لئیم -
بَيْتٌ وَجْمٌ : بڑا گھر -
وَجِم و وَاجِم : خوف یا غم کی وجہ سے سر نیچے رکھنے والا -
وَجْمَة : بے عزتی - شرم
وَجِيم : سخت گرم (دن)
وَجِيمَة : غارت شدہ - تباہ شدہ - (فصل)
أَوْجُمُ الرَّمْل : ریت کا بڑا قطعہ -
مِيْجَمَة : لکڑی کی موگری -

وَجَن يَجِن وَجْناً و وَجَّن : کوٹنا (کپڑے کو دھوبی) گاڑنا (میخ)
وَجَن ب : پھینکنا -
— بِهِ الأَرْض : اس نے اس کو زمین پر دے مارا -
وَجَّن : نرم کرنے کے واسطے کوٹنا (چمڑا)
مَا أَدْرِي أَيُّ مَنْ وَجَّنَ الجِلْدَ هُوَ : میں نہیں جانتا کہ وہ کس قسم کا آدمی
تَوَجَّن : ذلیل و عاجز ہونا -
وِجْنَة و وُجْنَة و وَجَنَة و أَجْنَة و إِجْنَة و أُجْنَة ج وَجَنَات رخسارہ یا گال کی نمایاں اور بلند جگہ -
وَجْنَاء : مضبوط اونٹنی -
وَجِين : دریا کا کنارہ سامنے کی پتھریلی اور قدرے اونچی زمین -
أَوْجَن و مُوَجَّن : بڑے رخسار والا -
الأَوْجَن : بڑا پہاڑ -
مِيْجَنَة ج مَوَاجِن و مَيَاجِن : دھوبی کے کپڑے کوٹنے کی موگری -
مَوْجُون : بہت شرمندہ -
مَوْجُوْنَة : حیا دار - ڈرپوک (عورت)

وَجَه يَجِه وَجْهاً : وجاہت میں بڑھ جانا - منہ پر مارنا -
وَجُه - وَجَاهَةً : وجیہ ہونا -
وَجَّه إلى : جانا -
— الى فى حاجة : اس نے اس کو کام کے لئے بھیجا -

وَجَّهَهُ الاَمِیْر : بادشاہ نے اس کو امیر بنایا۔
— الشَّیْئَ : اس نے چیز کو کسی طرف پھیر دیا۔
— القَومُ الطَّرِیْق : لوگ راستہ پر چلے اور نشان واضح کر دیا۔
— لِعَبْدِهٖ : اس نے اپنے غلام سے کہا کہ تو میرے مرنے کے بعد آزاد ہے۔
— : زمین پر ایک جیسی پڑنا (بارش) اچھی تبدیلی کرنا (کام میں) قبلہ رُو کرنا (میت کو)
وَجَّہ الحَجَرَ وِجْهَةً مَّالَہ : اس نے پتھروں کو درست پہلو پر پھیر دیا۔ یعنی معاملہ میں اچھی تدبیر کی
وَجَّہ وَاَوْجَہ : درجہ زیادہ کرنا
اَوْجَہَ : وجیہ پانا۔ عزت کرنا۔ رد کرنا (فقیر)
وَاَجَہ مُوَاجَهَةً وَوِجَاهًا آمنے سامنے ہونا۔
تَوَجَّہ : بوڑھا ہونا۔ بھاگنا (لشکر)
— نَحْوَ و اِلیٰ : قصد کرنا۔ روانہ ہونا۔
تَوَاجَهَا : آمنے سامنے ہونا۔
اِتَّجَہ اِلیٰ : قصد کرنا۔
— لَہٗ رَأْیٌ : اس کے دل میں خیال سوجھا۔
وَجْہ ج اَوْجُہ وَوُجُوْہ وَاُجُوْہٌ : چہرہ۔ سامنے کا پہلو۔ سطح۔ گھر کے سامنے کی طرف۔ کپڑے کا پہلو۔ دن یا صدی کا شروع۔ دلیل۔ راستہ۔ طریقہ۔ قصد۔ نیت۔ مطمع نظر۔ گفتگو کا مدعی۔ عزت۔ خیال۔ درجہ۔ مطلب۔ خوش قسمتی۔ نتیجہ۔ سردار۔ صفحہ (کتاب کا) اکائی۔ ذات۔
اِبْیَضَّ وَجْهُہٗ : اس کا چہرہ سفید ہوا۔ یعنی وُہ نمایاں و مشہور ہوا۔
اِسْوَدَّ وَجْهُہٗ : اس کا منہ سیاہ ہو گیا۔ یعنی اس کا چال چلن خراب ہو گیا۔
عَمِلَہٗ لِوَجْہِ اللّٰہِ : اس نے اس کو خدا کی خوشنودی کے واسطے کیا۔
ضَرَبَ وَجْہَ الاَمْرِ وَعَیْنَہٗ : اس نے کام کی اچھی تدبیر معلوم کی۔
اَخَذَ وَجْهًا : اس نے اعتبار حاصل کیا
اَخَذَ وَجْهًا عَلٰی : وُہ عادی ہو گیا۔
مَضٰی عَلٰی وَجْهِہٖ : وُہ بے پرواہی سے چلا۔
بِوَجْہٍ : کسی طریقہ سے۔
عَلٰی وَجْہٍ : بے پرواہی سے۔ بے تکا
لِوَجْہِ اللّٰہِ وَاِبْتِغَاءً لِوَجْہِ اللّٰہِ : خدا کی خوشنودی کے لئے۔
کَلَامٌ ذُوْ وَجْهَیْنِ : غیر واضح گفتگو
عَلَی الوَجْهَیْنِ : دونوں حالتوں میں
وَجْہ ج وُجُوْہ : بڑا آدمی۔ نمبردار
وِجْہ وَوُجْہ : پہلو۔ ساحل۔
وَجُہ وَوَجِہ : صاحب الجاہ والقدر
جِهَةٌ وَجُهَةٌ ج جِهَات وجُهَات وَوِجْهَةٌ : پہلو۔ طرف۔ سامنے کا کنارہ۔ حالت۔ عزت۔ حوالہ۔ ملک۔ ساحل۔ طریقہ۔ راستہ۔
مِنْ جِهَتِہٖ : اس کی خاطر۔
مِنْ کُلِّ جِهَةٍ : ہر طرف سے۔
وَجَاهَةٌ : خیال۔ حکومت۔ عزت
وِجَاہَ الْبَیْتِ : قریباً ایک ہزار

وِجَاهَ وَوُجَاهَ وَتِجَاهَ وَتُجَاهَ : اس کے مقابل میں۔
وَاجِهَةٌ : گھر کا سامنا۔
وَجِیْہ ج وُجَهَاء : بڑا آدمی۔ شاہزادہ۔ حقدار۔ قابل عزت۔
وَجِیْہ (م) وَجِیْهَةٌ : پاؤں کے بل پیدا شدہ (بچہ)
وَجِیْہ (م) وَجِیْهَةٌ وَمُوَجَّہ (م) مُوَجَّهَةٌ : دو پہلوؤں والا کپڑا۔
وَجِیْهَةٌ ج وَجِیْهَات وَوَجَائِہ بدنظری سے بچنے کا تعویذ۔
وَجِیْهِیٌّ : اعلیٰ نسل کا (گھوڑا)
اَوْجَہ : زیادہ عزت والا۔ زیادہ مشہور
نَظَرَ اِلَیَّ بِاَوْجُہِ سُوْءٍ : اس نے میری طرف بُری نظر سے دیکھا۔
تَوْجِیْہ : گفتگو کی غیر وضاحت۔ گھوڑے کی ٹانگوں کا ٹیڑھا پن۔ حرف کی حرکت کا اختلاف۔ حرف روی مطلق اور تاسیس کا درمیان۔
مُوَجَّہ : ممیز۔ وجاہت والا۔ دو پہلوؤں والا (کپڑا) دو کوہانوں والا (اونٹ)
مَوْجُوْہ : چہرہ پر مارا ہوا۔
مُوَاجَهَةٌ : ملاقات۔ تعریف۔
وَجِیَ = وَجًی وَتَوَجّٰی : چلنے سے پاؤں کا گھسنا۔ پاؤں میں درد محسوس کرنا۔ (گھوڑا)
وَجِیَ بَجِیَ وَجْیًا وَاَوْجَیَ : نکما پانا
اَوْجٰی : خالی واپس آنا (شکاری) پاؤں کو گھسانا (چلنا) نکما بنانا۔ دینا۔ دور کرنا

أَوْجَى عَن : ہٹانا۔
ــــ علی : اس نے اس پر بخل کیا۔
وَجٍ و وَجِيٌّ (م) وَجِيَةٌ و وَجِيَّةٌ
و وَجْيَاءُ : پاؤں کی تکلیف والا
وِجَاءٌ ج أَوْجِيَةٌ : بندل چھوٹی
بوری
وَجِيٌّ ج أَوْجِيَاءُ : ناکارہ۔
وَحِجَ يَوْحَجُ وَحَجًا :
پناہ لینا۔
وَحَجٌ : جائے پناہ۔
وَحَدَ يَحِدُ حِدَةً و وَحْدًا
و وَحْدَةً و وُحُودًا و وَحُدَ
يَحِدُ وَحَادَةً و وُحُودَةً :
اکیلا ہونا۔ بے مثل ہونا۔
وَحَّدَ : ایک بنانا۔ ایک جیسا بنانا
لاثانی جاننا۔
ــــ اللّٰهَ : وہ ایک خدا پر ایمان لایا
أَوْحَدَ : ایک بچہ جننا (بکری)
أَوْحَدَ لِ : اکیلا چھوڑنا (دشمن
کے آگے)
أَوْحَدَ اللّٰهُ جَانِبَهُ : خدا نے
اس کو اکیلا کر دیا (یعنی اس کے
رشتہ دار مر گئے)
تَوَحَّدَ : اکیلا رہنا۔
ــــ بِرَأْيِهِ : وہ اپنی رائے میں
اکیلا ہوا۔
تَوَحَّدَ اللّٰهُ بِالرُّبُوبِيَّةِ :
خدا پرورش کرنے میں اکیلا ہے
تَوَحَّدَهُ اللّٰهُ بِعِصْمَتِهِ :
خدا نے اس کو خصوصیت سے
محفوظ رکھا۔
اِتَّحَدَ : جڑنا۔ ایک ہونا۔ ایک
جیسا ہونا۔ متفق ہونا (لوگ)
ــــ بِ : مل جانا۔
حِدَةً و وَحْدَةً و وَحْدًا : ایک
ہونا۔
عَلَى حِدَتِهِ : علیحدہ
فَعَلَهُ عَلَى ذَاتِ حِدَتِهِ و
مِن ذَاتِ حِدَتِهِ و مِن ذِي
حِدَتِهِ : اس نے اس کو خود بغیر
کسی کی مدد کے کیا۔
وَحْدَهُ و عَلَى وَحْدِهِ : اکیلا
جَاءَ وَحْدَهُ و عَلَى وَحْدِهِ :
وہ اکیلا آیا۔
جَلَسُوا وَحْدَهُمْ و عَلَى وَحْدِهِمْ
وہ اکیلے بیٹھے۔
هُوَ نَسِيجُ وَحْدِهِ : وہ لاثانی ہے
وَحَدٌ و وَحِدٌ (م) وَحَدَةٌ
و وَحِدَةٌ : اکیلا۔ لاثانی۔
وَحْدَانِيَّةٌ : وحدانیت۔ اکیلا
ہونے کی حالت۔
وَحْدَانِيٌّ : رائے میں منفرد۔
وَحْدَةٌ : تنہائی۔ عجوبہ۔
وَاحِدٌ (م) وَاحِدَةٌ
ج وَاحِدُونَ :
ایک۔ لاثانی۔
وَاحِدٌ ج وُحْدَانٌ و أُحْدَانٌ :
بے مثل۔ لاثانی۔
أَحَدٌ : اکیلا۔ لاثانی۔ ایک
وَحِيدٌ (م) وَحِيدَةٌ : اکیلا
اکلوتا (بیٹا) لاثانی۔
أَوْحَدُ ج أُحْدَانٌ : بے مثل
لاثانی۔ وحدانیت والا۔
هُوَ أَوْحَدُ أَهْلِ زَمَانِهِ :
وہ اپنے زمانہ کا لاثانی ہے۔
لَسْتُ فِي هٰذَا الْأَمْرِ بِأَوْحَدَ :
میں اس کام میں اکیلا نہیں ہوں۔
تَوْحِيدٌ : خدا کے ایک ہونے پر
ایمان۔
تَوَحُّدٌ : تنہائی۔ علیحدگی۔
اِتِّحَادٌ : اتفاق۔ گہرا تعلق
أُحَادَ و مَوْحَدَ : ایک دوسرے
کے بعد۔ ایک ایک کر کے۔
مُوَحَّدٌ : ایک نقطہ والا حرف
جیسے ب۔
مُتَوَحِّدٌ : تنہا۔ علیحدہ۔ ایک
بے مثل۔
مِيحَادٌ ج مَوَاحِيدُ : اکیلا ٹیلہ
وَحِرَ يَوْحَرُ وَحَرًا : چھپکلی سے
زہر آلود ہونا (خوراک)، چھپکلی کی
خراب کردہ خوراک کھانا۔
وَحِرَ يَحِرُ و يَوْحَرُ و يَيْحَرُ وَحَرًا
صَدْرُهُ : وہ سخت ناراض ہوا
اس کا دل کینہ سے بھر گیا۔
أَوْحَرَهُ مِنْ حَسَدٍ : اس نے
اس کو کینہ سے بھر دیا۔
أَوْحَرَ : زہر آلود کرنا۔ (چھپکلی خوراک کو)
ناراض کرنے والی باتیں سنانا۔
وَحْرٌ : کینہ۔ سخت ناراضگی۔ دل
کا کھوٹ۔
وَحِرٌ (م) وَحِرَةٌ : کینہ ور غضبناک
وَحَرَةٌ ج وَحَرٌ : سفید چتیوں
والی زہریلی چھپکلی۔ بدشکل پست قد
عورت یا اونٹ)
وَحُشَ ـُ وُحُوشَةً و وَحَاشَةً
جنگلی جانوروں والی ہونا (زمین)

وَحَشَ يَحِشُ وَحْشًا و وَحَّشَ ب
خوف کی وجہ سے پھینک دینا (کپڑا
یا ہتھیار)
وَحَّشَ : اُجاڑنا (ملک) وحشی بنانا
اَوْحَشَ و تَوَحَّشَ : اجڑنا (ملک)
بھوکا ہونا۔
اَوْحَشَ : اُجاڑ یا خالی پانا (مکان)
تکلیف دینا۔ تنہائی محسوس کرانا۔
تَوَحَّشَ : وحشی بننا۔
—ل : دوائی سے پہلے فاقہ کرنا۔
اِسْتَوْحَشَ : تنہائی کی تکلیف پانا۔
اداس ہونا۔ ڈرنا۔ اُجاڑ یا خالی ہونا
(مکان)
—من : نفرت محسوس کرنا۔ بے اعتباری
کرنا۔
وَحْشٌ : اُجاڑ۔ صحرائی (جگہ) شرم والی
(لڑکی) اکیلا۔ تنہا۔
لَقِيْتُهُ بِوَحْشِ إِصْمِتَ اَوْ
إِصْمِتَةَ : میں اس سے ویران ملک
میں ملا۔
وَحْشٌ ج وُحُوشٌ و وُحْشَانٌ
و وَحِيْشٌ : جنگلی جانور
حِمَارٌ وَحْشٌ و حِمَارٌ وَحْشِيٌّ
جنگلی گدھا۔
هُوَ مِنْ وَحْشِ النَّاسِ : وہ
ردی آدمیوں میں سے ہے۔
بَاتَ وَحْشًا : اس نے بھوکے رات
گذاری۔
هُمْ اَوْحَاشٌ : وہ بھوکے ہیں۔
وَحْشَةٌ : خلوت۔ تنہائی۔ علیحدگی
خوف۔ شرم۔ وحشی۔ اداسی۔ بے
آرامی۔ ویران۔ ریگستان۔

وَحْشِيٌّ : وحش کا مفرد۔ جنگلی جانور۔
لوگوں سے الگ رہنے والا۔ وحشی
دایاں پہلو۔ غیر مہذب لفظ۔ جنگلی
انجیر۔ پاؤں یا ہاتھ کی پیٹھ۔
وَحْشِيَّةٌ : تیز ہوا۔ مؤنث وحشی۔
وَحْشَانُ ج وَحَاشَى : اداس۔
وَحِيْشٌ : بدشکل۔ برا۔
مُتَوَحِّشٌ : ترش رو۔ غیر مہذب۔
وحشی (آدمی یا جانور)
مَوْحُوْشَةٌ : جنگلی جانوروں والی
(زمین)
مُسْتَوْحِشَةٌ : جنگل اور ویران (زمین)
وَحَصَ ــَـ : زمین پر گھسیٹنا۔
وَحْصَةٌ : سرد۔ سردی۔
وَحَفَ يَحِفُ وَحْفًا و وَحَّفَ
زمین پر گر پڑنا۔ بیٹھ جانا۔
وَحَفَ الی : قصد کرنا۔ جلدی جانا۔
—من : قریب ہونا۔
وَحُفَ ــُـ وَحَفًا و وُحُفَ ــُـ
وَحَافَةً و وُحُوْفَةً : گنجان ہونا
(بال)
وَحَّفَ و اَوْحَفَ : جلدی کرنا۔
وَحَّفَ ب : مارنا (چھڑی سے)
وَحْفٌ و وَاحِفٌ : گنجان (نباتات
یا بال) گنجان پروں والا (بازو)
وَحْفٌ و وَحَفٌ : خوبصورت گنجان
بال۔
وَحْفَةٌ : آواز۔
— ج وِحَافٌ : سیاہ پتھر۔ کالی و
اونچی گول زمین۔
وَحْفَاءُ ج وَحَافِيْ : سیاہ پتھروں
والی زمین۔ سرخ (مٹی)

مَوْحَفٌ ج مَوَاحِفُ : اونٹوں
کے بیٹھنے کی جگہ۔
مُوْحَفٌ : دبلا اونٹ۔
مِيْحَافٌ ج مَوَاحِيْفُ : اپنے
تھان پر رہنے والی اونٹنی۔
وَحِلَ ــَـ وَحَلًا و مَوْحَلًا
تَوَحَّلَ : کیچڑ میں پڑنا۔
وَحَّلَ : کیچڑ دار ہونا (زمین) کیچڑ
والی بنانا۔ (زمین)
اَوْحَلَ : کیچڑ میں گرانا۔
— ه شَرًّا : اس نے اس سے برائی
کی۔
تَوَحَّلَ : کیچڑ سے لت پت ہونا۔
تَوَحَّلَ و اِسْتَوْحَلَ : کیچڑ والی
ہونا (جگہ)
اِتَّحَلَ فِي يَمِيْنِهِ : اس نے شرطیہ
قسم کھائی۔
وَحَلٌ و وَحْلٌ ج وُحُوْلٌ و
اَوْحَالٌ : کیچڑ۔ پتلا کیچڑ۔
وَحِلٌ (م) وَحِلَةٌ : کیچڑ سے لت
پت۔ کیچڑ والا۔
مَوْحِلٌ : کیچڑ کی جگہ
وَحِمَتْ تَحِمُ و تَوْحَمُ
وَحَمًا و تَوَحَّمَتْ : بہت اشتہا
والی ہونا (حاملہ عورت)
وَحِمَ الشَّيْءَ : اس نے چیز خواہش کی
وَحَّمَ : اشتہا پوری کرنا (حاملہ
عورت کی)۔
وَحَّمَ ل : خواہش کے مطابق ذبح
کرنا۔ یا خواہش کے مطابق کھلانا (حاملہ کو)
وَحَمٌ و وَحَامٌ و وِحَامٌ :
حاملہ عورت کی خواہش۔

وَحَمٌ: اشتہاء، بہت خواہش۔
پرندہ کے اڑنے کی آواز۔
لَیْلَۃٌ ذَاتُ وَحَمٍ: بہت گرمی
والی رات۔
وَحْمَیٰ ج وِحَام و وَحَامَیٰ:
کسی چیز کی بہت خواہش کرنے والی
(حاملہ عورت)
وَحْمَیٰ وَلَا حَبَل: وہ ایسی چیز
مانگتا ہے جس کی اس کو ضرورت نہیں
وَحِیْمٌ: سخت گرمی والا دن۔
وَحَنَ و وَحِنَ یَحِنُ وَیَوْحَنُ
وَحْنًا وَحِنَةً علی: کینہ رکھنا۔
ناراض ہونا۔
تَوَحَّنَ: بڑے پیٹ والا ہونا۔
ذلیل ہونا۔ ہلاک ہونا۔
وَحْنَةٌ: چپٹنے والا کیچڑ۔
وَحْوَحَ: کرخت آواز نکالنا
سردی کی سختی کی وجہ سے ہاتھ میں پھونکنا
تَوَحْوَحَ: انڈوں سے پیار کرنا
(شتر مرغ)
وَحْوَحٌ و وَحْوَاحٌ: قوی مضبوط
بھونکنے والا
وَحْوَحٌ ج وَحَاوِحُ: پھرتیلا
آدمی۔ چست
وَحْوَاحٌ ج وَحَاوِحُ: سردار
رئیس۔
وَحَیٰ یَحِی وَحْیًا و اَوْحَیٰ الی
ب: اشارہ کرنا۔ دل میں ڈالنا۔
وَحَیٰ و اَوْحَیٰ الی فُلَانٍ: اس
نے فلاں کی طرف پیغامبر بھیجا۔
وَحَیٰ: لکھنا (خط)
— فی قلبہ: خدا نے اس کے دل میں
ڈالا۔
— الیہ الکلام: اس نے اس سے
دوسروں سے پوشیدہ بات کی۔ اس نے
اس کو راز بتایا۔
— وَحْیًا و وَحَیٰ و وَحَاءً و تَوَحَّیٰ
جلدی کرنا۔
— الذبیحۃ: اس نے ذبیحہ کو
جلدی سے ذبح کیا۔
— الکتاب: اس نے کتاب لکھی۔
وَحَّیٰ: اکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔ جلدی
سے ذبح کرنا (ذبیحہ)
اَوْحَیٰ ب: الہام کرنا۔
— نفسہ: اس کے دل میں خوف
واقع ہوا۔
تَوَاحَوْا: ایک دوسرے کو اشارہ
کرنا۔ ایک دوسرے کے لئے جلدی
موت چاہنا۔
اِسْتَوْحَیٰ: پکارنا۔ جلدی کروانا۔
خبر حاصل کرنا۔ پوچھنا (چیز)
وَحْیٌ: خط۔ تحریر۔ الہام۔ الہام
کردہ چیز۔ انبیاء کی وحی۔ رمز۔ اشارہ۔
وَحْیٌ و وَحِیٌّ ج وُحِیٌّ و وَحَاۃٌ:
آواز۔
وَحَیٌ: فرشتہ۔ قوم کا سردار۔ سرعت
آگ۔
اَلْوَحَیٰ اَلْوَحَیٰ: جلدی کرو جلدی
کرو۔
وَحِیٌّ (م) وَحِیَّۃٌ: جلدی کی موت
اَوْحَیٰ: زیادہ جلدی۔
وَاحِیٌ ج وَاحُوْن و وُحَاۃٌ: وحی
کرنے والا۔
وَحِیٌّ: جلدی کرنے والا۔
وَخٌّ: درد۔ خواہش۔ ارادہ۔
وَخَدَ یَخِدُ وَخْدًا و وَخَدَانًا
و وَخِیْدًا: لمبے قدم ڈالنا (اونٹ)
وَخْدٌ ج وُخُوْد: لمبا قدم۔
وَاخِدٌ و وَخُوْد و وَخَّاد: لمبے
قدم ڈال کر تیزی سے چلنے والا (اونٹ)
وَاخَذَ مُوَاخَذَۃً (بجائے آخَذَ)
ملامت کرنا۔
وَخْرِیٌّ (آخر سے) بہت دیر سے آنے والا
لیٹ۔
وَخَزَ یَخِزُ وَخْزًا: سوئی چبھونا
نیزہ مارنا۔ ڈرانا۔ سر پر ظاہر ہونا (سفید
بال)
وَخْزٌ: تھوڑی مقدار۔ پلیگ۔ طاعون
چبھنے والی درد
جَاءُوْا وَخْزًا وَخْزًا: وہ چار
چار ہو کر آئے۔
وَخِیْزٌ: شہد کا ثرید۔
وَخُشَ ـ وَخَاشَۃً و وُخُوْشَۃً
سستا ہونا (مال) ردی اور نکما ہونا۔
ذلیل ہونا۔ خشک ہونا۔ سکڑنا۔
وَخَّشَ: ذلیل کرنا۔ کم کرنا (عطیہ)
اَوْخَشَ لَہٗ بِعَطِیَّۃٍ: اس نے اس
کو تھوڑا عطیہ دیا۔
— فی عِرْضِہٖ: اس نے اس کی بے عزتی
کی۔
—: ملانا۔
المَوْصِل و المُوصِل: عراق اور جزیرہ کے درمیان ایک شہر اور صوبہ کا نام۔
مَوْصَل البَعِير: اونٹ کے ران اور سرین کے درمیان کا حصہ۔
المَوْصِلَان: موصل اور میسوپوٹیمیا۔
مَوْصُول: ملایا ہوا۔ جوڑا ہوا۔ ایک قسم کی زنبور یا بھڑ۔
مُسْتَوْصِلَة: جھوٹے بال لگانیوالی عورت۔
وَصَم يَصِم وَصْمًا: خراب کرنا شگاف ڈالنا۔ عیب دار کرنا۔ جلدی باندھنا
وَصَّم: اعضاء شکنی والا ہونا۔ سست ہونا۔ کمزور کرنا۔ سست کرنا۔ (بخار) درد دینا۔
تَوَصَّم: تکلیف و درد والا ہونا۔ کمزور ہونا۔
تَوَاصَم: ایک دوسرے کو عیب لگانا
وَصَم: بیماری
وَصْم ج وُصُوم: لکڑی کی گانٹھ۔ دراڑ۔ شگاف۔
—— و وَصْمَة: عیب۔ عار۔ نقص۔ بے عزتی۔ داغ۔
وَصْمَة و تَوْصِيم: سستی۔ تھکاوٹ۔ تکبر۔ حسد۔
وَصِيم: خنصر و بنصر انگلیوں کے درمیان کی جگہ۔
وَصْوَص: تیز نظری کے واسطے تنگ کرنا (آنکھ) پردے کے سوراخ سے دیکھنا۔ آنکھیں کھولنا (بچہ)
وُصْوِصَتِ الجَارِيَة: برقعہ میں سے صرف لڑکی کی دو آنکھیں نظر آئیں۔
وَصْوَص و وَصْوَاص ج وَصَاوِص: برقعہ و پردہ میں دو آنکھوں کے اندازے کا سوراخ۔
وَصْوَاص ج وَصَاوِص: چھوٹا برقعہ
وَصَاوِص: زمین کے بڑے پتھر
وَصَى يَصِي وَصْيًا ب: ملانا۔ ملنا
——: ترقی کے بعد تنزل کرنا۔
وَصِيَ وَصْيًا و وُصِيًّا و وَصَاءَةً: متصل نباتات والی ہونا (جگہ) گنجان و متصل ہونا (نباتات)
وَصَّى تَوْصِيَةً و اَوْصَى اِيْصَاءً لِفُلَانٍ ب: وصیت کرنا۔ حکم دینا۔

— ہ دالیٰ فُلَانٍ ب: سفارش کرنا۔ ٹیوٹر مقرر کرنا (بچوں کا)

— وَاَوْصَیٰ الیٰ فُلَانٍ: وصیت کو جاری کرنے والا مقرر کرنا۔

— بولدہ: اس نے اس کو اپنے بیٹے پر مہربان کیا۔

وَاصَیٰ: متصل ہونا (ملک)

اَوْصَیٰ: واجب کرنا۔ فرض کرنا۔

اَوْصَیٰ ہ ب وفی: حکم دینا۔

تَوَاصَیٰ: ایک دوسرے کو وصیت کرنا

اِسْتَوْصَیٰ بِہٖ خَیْرًا: اس نے سفارش کو مہربانی سے قبول کیا۔

وَصِیَّۃٌ ج وَصَایَا: حکم۔ وصیت۔ التماس۔

وَصَایَا اللّٰہِ: اللہ تعالےٰ کے ضروری احکام جو اس نے بندوں پر فرض کئے ہیں

وَصَاۃٌ و وِصَایَۃٌ: سفارش۔ وصیت فہمائش۔ کھجور کی چھڑی جس سے گٹھا باندھتے ہیں۔

تَوْصِیَۃٌ: سفارش۔ اطلاع۔ ملاقات کرانے کا رقعہ۔

وَصِیٌّ (مذکر ومؤنث) ج اَوْصِیَاءُ: وصیت کرنے والا یا وصیت کیا ہوا۔ ٹرسٹی۔ ایجنٹ۔

مُوصٍ و مُوَصٍّ: وصیت کی تعمیل کرنے والا۔

مُوْصًی بِہٖ: وصیت کردہ۔

مُوصًی لَہٗ: جس کے لئے وصیت ہو

مُوْصًی اِلَیْہِ: وصیت کی تعمیل کرانیوالا

وَصَّیٰ وَصًّا: منطس ہونا (آدمی)

وَضُوءُ ـُ وُضُوءًا و وَضَاءَۃً: ستھرا ہونا۔ خوبصورت ہونا

وَضَاءَۃً۔ وَضَاءً: صفائی اور خوبصورتی میں بڑھ جانا۔

وَاضَأَ: خوبصورتی اور صفائی میں غالب آنا

تَوَضَّأَ بِالْمَاءِ لِلصَّلٰوۃِ: پانی کے ساتھ نماز کے لئے وضو کرنا۔

تَوَضَّأَ: بالغ ہونا۔ صاف وستھرا ہونا۔ نہانا۔

وَضَاءَۃٌ: چمکیلاپن۔ سفیدی۔ صفائی

وَضُوءٌ: وضو کرنے کے لئے پانی۔

وَضِیٌٔ ج اَوْضِیَاءُ و وِضَاءٌ: صاف ستھرا۔ خوبصورت۔ چمکیلا۔

وَاضِئٌ (ج وَضَاءَۃ) و وُضَّاءٌ ج وُضَّاءُوْنَ و وَضَاضِیُٔ: صاف ستھرا۔

مِیْضَأَۃٌ و مِیْضَاءَۃٌ: وضو کرنے کی جگہ یا برتن۔

مُتَوَضَّأٌ: وضو کی جگہ۔ پاخانہ کرنے کی جگہ (ٹٹی)

وَضَحَ یَضِحُ وُضُوحًا وَضِحَۃً

وَاَوْضَحَ: واضح ہونا۔ ظاہر ہونا۔ نمایاں ہونا۔

وَضِحَ یَوْضَحُ وَضَحًا: برص کے داغوں والا ہونا۔

وَضَّحَ واَوْضَحَ: بیان کرنا۔ کھولنا۔ واضح کرنا۔

اَوْضَحَتْ: سفید بچے جننا (عورت)

اَوْضَحَتِ الشَّجَّۃُ: زخم نے ہڈی کو ننگا کر دیا۔

مِنْ اَیْنَ اَوْضَحْتَ: تو کہاں سے آیا

تَوَضَّحَ واتَّضَحَ: صاف ہونا۔ سفید ہونا (بھیڑ)

اِسْتَوْضَحَ: بیان پوچھنا۔ تشریح پوچھنا

— ہ وعن: آنکھ پر ہاتھ کا سایہ کرکے دیکھنا۔

وَضَحٌ ج اَوْضَاحٌ: صبح کی روشنی۔ چاند۔ برص۔ گھوڑے کے ماتھے یا پاؤں پر کی سفیدی۔ بڑھاپے کی وجہ سے بالوں کی سفیدی۔ شاہراہ۔ پازیب چاندی کے زیور۔ دودھ۔ سفیدی۔ شاہی سکہ۔ چھوٹا چھوٹا گھاس۔

وَضِحُ الْقَدَمِ: پاؤں کے تلوے کی سفیدی۔

اَوْضَاحٌ مِنَ النَّاسِ: مختلف قبائل کے گروہ۔

وَضْحَۃٌ: گدھی۔

وُضُوحٌ وَاتِّضَاحٌ: وضاحت۔

وَاضِحٌ: صاف۔ سفید (اونٹ) چمکیلا (ستارہ) گمنام۔

— الحَسَبِ: بے داغ حسب والا۔

وَاضِحَۃٌ ج وَاضِحَاتٌ و اَوَاضِحُ: ہنسی میں ظاہر ہونے والے دانت۔

اَوَاضِحُ: چاندنی راتیں۔

وَضَّاحٌ: سفید رنگ والا۔ خوبصورت چہرے والا۔ بہت مسکرانے والا۔ دن واضح۔

حَسَبٌ وَضَّاحٌ: بے داغ حسب۔

عَظْمُ وَضَّاحٍ: رات کے کھیلنے کے لئے سفید ہڈی۔

بِکْرُ الْوَضَّاحِ: صبح کی نماز۔

وَضِیْحَۃٌ ج وَضَائِحُ: مویشی۔ اونٹ۔

مُوْضِحَۃٌ ج مَوَاضِحُ: سفید بچے جننے والی (عورت) ہڈی ننگا کرنیوالا زخم

مُتَوَضِّحٌ: شاہراہ پر چلنے والا۔ سفیدی کی مائل (اونٹ)

مُتَّضِحٌ : وَاضِح۔

وَضَخَ يَضِخُ وَضْخًا وَاَوْضَخَ پانی سے آدھا بھرنا (ڈول)

وَاضَخَ مُوَاضَخَةً وَوِضَاخًا وَتَوَاضَخَ: ڈرنے یا چلنے یا پانی کھینچنے میں مقابلہ کرنا

اَوْضَخَتِ الْبِئْرُ: کنواں کم پانی والا ہو گیا۔

وَضُوخٌ: پانی جو نصف ڈول تک ہو

وَضِرَ - وَضَرًا: چکنا ہونا۔ میلا ہونا۔

وَضَّرَ: میلا کرنا۔

وَضَرٌ ج اَوْضَارٌ: چکنا ہٹ۔ میل پانی جس سے پیالہ وغیرہ دھویا گیا ہو (دھووَن) پیالہ میں کھانے کا نشان متغیر خوراک کی بو۔ گندہ۔

وَضِرٌ (م) وَضِرَةٌ و وَضْرَى: چکنا۔ میلا۔

— الاَخْلَاقِ وَذُو اَوْضَارٍ: گندے اخلاق والا۔

وَضْرَى: دبر۔ چوتڑ۔

— وَوَضْرَاءُ: کھجوروں کا ڈھیلا۔ بڑی چٹان۔

وَضَعَ يَضَعُ وَضْعًا وَمَوْضِعًا وَمَوْضُوعًا: رکھنا۔

— مِنْ: درجہ سے اُتارنا۔

— مِنْ يَدِهٖ: اس نے ہاتھ سے گرا دیا۔

— عَنْ: چھوڑنا (قرض سے کچھ)

— عَلٰى: ڈالنا (جرمانہ)

— عُنُقَهٗ وَضْعًا: اس نے اس کی گردن مار دی۔

— وَضْعًا فُلَانًا وَمِنْ فُلَانٍ: اس نے اس کو ذلیل کیا۔

وَضَعَ وَضِيْعَةً وَاَوْضَعَ: پانی کے پاس کے کڑوے پودے کھانا (اونٹ)

— نَفْسَهٗ وَضْعًا وَوُضُوعًا وَضِعَةً اس نے اپنے آپ کو ذلیل کیا۔

— وَضْعًا عَنْ: چھوڑنا یا معاف کرنا (گناہ)

— حَمْلَهَا وُضْعًا وَوَضْعًا وَتُضْعًا جننا (بچہ)

— وَضْعًا: افترا کرنا۔ جھوٹ بنانا۔ تالیف کرنا (کتاب) نیچے کرنا (عورت برقع)

وَضَعَ وَضْعًا وَمَوْضُوعًا: سر نیچا کر کے تیز چلنا (اونٹ)

وَضَعَ عَصَاهُ: وہ ٹھہر گیا۔

— السَّيْفَ فِي: اس نے تلوار کے گھاٹ اُتارا (دشمن کو)

وَضِعَ يَوْضَعُ وَوُضِعَ ضِعَةً و وَضِيْعَةً فِي: نقصان اُٹھانا (تجارت میں)

وَضُعَ ـُ ضِعَةً و وَضَاعَةً: کمینہ و ذلیل ہونا۔ خسیس ہونا۔

— وَضَاعَةً: ناجائز یا متبنٰی بیٹا ہونا

وَضَّعَ: عاجز کرنا۔ نیچے کرنا۔ کمینہ بنانا روئی ڈالکر سینا (کوٹ) تہ بتہ رکھنا۔ (شتر مرغ کا انڈوں کو)

وَاضَعَ مُوَاضَعَةً وَوِضَاعًا: شرط لگانا۔ خریدار کو دینا (مال)

— فِي: اس نے اس اس چیز پر اتفاق کیا

هَلُمَّ اُوَاضِعْكَ الرَّاْيَ: آؤ کہ میں تمہیں نصیحت کروں۔

وَاضَعْتُهُ الرَّاْيَ: میں نے اس کو اپنی رائے سے اطلاع دی۔ اور اس نے اپنی رائے سے مجھے اطلاع دی۔

— عَلٰى: اتفاق کرنا۔

اَوْضَعَ: جلدی چلنا یا تیز چلانا (اونٹ)

اُوْضِعَ فِي: نقصان اُٹھانا (تجارت میں)

تَوَاضَعَ واتَّضَعَ: عاجز ہونا۔ حیادار ہونا۔ اپنے آپ کو عاجز بنانا۔

تَوَاضَعَ مَابَيْنَنَا: ہمارے درمیان بہت فاصلہ ہے۔

— عَلٰى: اتفاق کرنا۔

— الاَرْضُ: زمین کا پست ہونا۔

اِتَّضَعَ: عاجز ہونا۔ حقیر ہونا۔ ذلیل ہونا۔ سوار ہونے کے لئے نیچا کرنا (اونٹ کا سر)

اِسْتَوْضَعَ: قیمت کم کرنے کے لئے کہنا مدد کی درخواست کرنا۔

وَضْعٌ ج اَوْضَاعٌ: موضع۔ موقع۔ جگہ۔ طریقہ۔ اتفاق۔ حالت۔

ضَعَةٌ وضِعَةٌ: ادنیٰ پن۔ کمینہ پن۔

ضِعَةٌ: موقع۔ جگہ۔ حالت۔ مرکز۔

ضَعِ اللَّبِنَةَ غَيْرَ هٰذِهِ الوِضْعَةِ: اینٹ کو دوسری طرح لگاؤ۔

وَضَاعَةٌ: کمینگی۔ ذلت۔ نیچاپن۔

وَاضِعٌ: نیچے رکھنے والا۔ بے پردہ یا بغیر دوپٹہ کے (عورت)

نَاقَةٌ وَاضِعَةٌ: ترش پودوں میں رہنے والی اُونٹنی۔

وَضِيْعٌ ج وُضَعَاءُ: کمینہ۔ خسیس۔ ودیعت

وَضِيْعٌ: مٹکے میں ڈالی ہوئی تازہ کھجوریں رکھنے کی جگہ۔

وَضِيْعَةٌ ج وَضَائِعُ: سفری سامان ٹیکس۔ امانت۔ مکھن سے ملایا ہوا تازہ آٹا۔

متبنّیٰ۔ ترش پودہ۔ قیمت کی کمی۔ اخلاقی کتاب۔ محافظ فوج کا دستہ جو کسی صوبہ میں رکھا جائے۔

مَوْضِع ج مَوَاضِع و مَوْضِعَة: رکھنے کی جگہ۔ مناسب جگہ۔ لفظ کا مناسب استعمال۔

فی قَلْبِہٖ مَوْضِعَةٌ و مَوْقِعَةٌ: اس کے دل میں محبت ہے۔

مُوْضَع: ٹوٹا ہوا۔ منقطع۔ کمزور جسم

مُتَّضِع و مُتَوَاضِع: عاجز۔ اپنے آپ کو خاکسار بنانے والا۔

مَوْضُوْع (م) مَوْضُوْعَة: رکھا ہوا۔ جھوٹی (حدیث) تجارت میں گھاٹا پانے والا۔

مَوْضُوْع ج مَوَاضِيْع و مَوْضُوْعَات: مضمون۔ فرض۔ کام عنوان تقریر۔ عنوان

وَضَفَ يَضِفُ وَضْفًا و اَوْضَفَ: جلدی چلنا (اونٹ)

اَوْضَفَ: جلدی چلانا۔

وَضْف ج اَوْضَاف: فلاخن۔ گوپھن

وَضَّاف ج وَضَّافَة: گوپھن پھینکنے والا۔

وَضَمَ يَضِمُ وَضْمًا و اَوْضَمَ (ل): کاٹنے کے لئے تختہ پر رکھنا (گوشت)

وَضَمَ ـِ وَضُوْمًا: اکٹھا ہونا (لوگ)

اِسْتَوْضَمَ: ظلم کرنا۔

وَضَم ج اَوْضَام و اَوْضِمَة: قصاب کا تختہ یا چٹائی جس پر گوشت کاٹا جاتا ہے۔

تَرَكَهُمْ لَحْمًا عَلٰى وَضَمٍ: اس نے ان کو صدموں کے نیچے کچل کر ذلیل کر دیا۔

وَضْمَة و وَضِيْمَة: دو سو کے قریب لوگوں کی جماعت۔

وَضِيْمَة: مردے کا کھانا۔ توشہ۔ چارے کا ڈھیر۔

وَضَنَ يَضِنُ وَضْنًا: لپیٹنا۔ بنانا (تسمہ)، تہ بتہ رکھنا۔

تَوَضَّنَ ل: ذلیل یا عاجز بننا۔ پیلا بننا۔

اِتَّضَنَ ب: متصل ہونا۔

وَضِيْن ج وُضُن: تنگ جو بالوں یا تسموں سے بنا ہوا ہو۔ بنا ہوا۔

قَلِقَ وَضِيْنُهَا: اس کا تنگ ڈھیلا ہو گیا۔ یعنی وہ دبلا ہے۔

وَضِيْن و مَوْضُوْن: لپیٹا ہوا۔ بنا ہوا۔

مَوْضُوْنَة: زرہ جو باریک بنی ہوئی اور جواہرات سے مزین ہو۔

مِيْضَنَة ج مَوَاضِيْن: کھجور کے پتوں کا تھیلا۔

مِيْضَانَةٌ: ٹوکرا

وَطَّ ـُ وَطًّا: آواز دینا (کجاوہ) چلانا (بچہ) چیخنا (چمگادڑ)

وَطِئَ يَطَأُ وَطْأً و وَطَاءً و تَوَطَّأَ بِرِجْلِهٖ: پاؤں کے نیچے روندنا۔

وَطِئَ: سوار ہونا (گھوڑے پر) پھرنا (ملک میں) بد سلوکی کرنا۔ لوٹنا (دشمن ملک)

وَطُؤَ ـُ وَطَاءً: ہموار کرنا۔ میدان بنانا۔ تیار کرنا۔

وَطُؤَ ـُ وُطُوْءَةً و وَطَاءَةً: دبا ہوا یا روندا ہوا یا ہموار ہونا (مکان) نرم ہونا (بستر)

وَطَّأَ تَوْطِئَةً: زمین کو ہموار کرنا۔ نرم کرنا (بستر)، آسان کرنا (معاملہ)، نیچا کرنا۔

— و وَاطَأَ فی و اَوْطَأَ فی: لفظاً و معناً قافیہ دہرانا (شاعر)

وَاطَأَ و اَوْطَأَ و تَوَطَّأَ و تَوَاطَأَ عَلٰى: موافقت کرنا۔

اَوْطَأَ اِيْطَاءً ه ب: کچلوانا۔ روندوانا۔ دبوانا (زمین) سوار کرنے میں مدد کرنا (گھوڑے پر) ذلیل کرنا۔

— ه عَشْوَةً و العَشْوَةَ: اس نے اس کو اندھا دھند کام کرنے پر مجبور کیا۔

تَوَاطَأُوْا عَلٰى: وہ متفق ہوئے۔

اِتَّطَأَ اِتِّطَاءً و اِيْتَطَأَ اِيْتِطَاءً: ہموار ہونا۔ آسان یا تیار ہونا (معاملہ) ختم ہونا (مہینہ)

اِسْتَوْطَأَ: نرم پانا۔ روندا ہوا پانا۔

وَطْء: دباؤ۔ روند۔

— و وَطَاء: پست و میدانی زمین۔

وَطَاء و وِطَاء: فرش۔ جگہ۔

وَطْأَة: دباؤ۔ سختی۔ سزا۔ قدم کی جگہ ایک دفعہ کا چلنا۔

وَطْأَة: مسافروں کی جماعت۔

طَأَة و طِئَة و وَطَاءَة و وُطُوْءَة: بستر کی نرمی۔ زمین کی ہمواری۔

طَأَة و طِئَة: آرام۔ آرام کی حالت

عَلٰى طَأَةٍ اَوْ طِئَةٍ: نرمی سے۔ آرام سے۔

اِيْطَاء: ایک ہی لفظ کا قافیہ میں دہرانا

تَوْطِئَةٌ : عنوان۔

وَاطِئٌ : نرم۔ ہموار

وَاطِئَةٌ : مسافروں کی جماعت۔ درخت سے گری ہوئی کھجوریں۔

وَطِیْءٌ : پست۔ ہموار۔ نرم۔ عاجز

— الخُلُقِ والجَانِب : نرم طبیعت

وَطِیْئَةٌ : دودھ میں گوندھی ہوئی کھجوریں بسکٹ۔ کیک۔ خشک گوشت کا تھیلا۔

مَوْطَأٌ ومَوْطِئٌ ج مَوَاطِئُ : قدم کی جگہ۔ قدم۔ سٹول۔

مِیْطَأٌ : پست زمین۔

مُوَطَّأٌ : ہموار۔ آسان کیا ہوا۔

مُوَطَّأُ الاَکْنَافِ : ملنسار۔ اچھی طبیعت والا۔ مہمان نواز۔

— العَقِب : بہت سے پیرو رکھنے والا

وَطْبٌ ج اَوْطُب و وِطَاب و اَوْطَاب و ج ا اَوَاطِب : دودھ کی مشک۔

صَفِرَتْ وِطَابُهٗ : وہ مرگیا یا قتل ہوا۔ (لفظی اس کی مشک خالی ہوگئی)

وَطْبٌ : سخت طبیعت والا۔ بڑا پستان

وَطْبَاءُ : بڑے پستانوں والی (عورت)

وَطَحَ یَطِحُ وَطْحًا وطِحَةً : ہاتھ کے ساتھ زور سے پیچھے ہٹانا۔

تَوَاطَحُوا : ایک دوسرے کو نقصان دینا۔ ایک دوسرے سے لڑنا۔ پانی کے گرد جمع ہونا (مویشی)

وَطْحٌ : کھروں یا پنجوں سے چمٹا ہوا کیچڑ وغیرہ۔

تَوَاطَخَ : سرانجام دینا (معاملہ)

وَطَدَ یَطِدُ وَطْدًا : پائیدار یا مضبوط بنانا۔ چوڑی کرنا (زمین)

— وَوَطَّدَ : دبانا۔ مضبوط کرنا۔

— لَ : تیار کرنا (جگہ)

وَطَدَ الی : ملانا۔

— هٗ اِلَی الاَرْضِ : اس نے اس کو زمین کی طرف جھکایا۔

— علی : سرائے کے دروازہ پر ڈھیر لگانا (پتھر)

وَطَدَ الشَّیْءُ : چیز چلی گئی۔

تَوَطَّدَ : مضبوط ہونا۔

وَطْدَةٌ : زور کا دھکا یا ضرب۔

اَوْطَاد : پہاڑ۔

وَاطِد و وَطِیْد ومَوْطُوْد : پکا ثابت قدم۔

وَطِیْدَةٌ ج وَطَائِدُ : عمارت کی بنیاد ہانڈی کے چولہے کا پتھر۔

اَنْتَ مِنْ وَطَائِدِ الحَقِّ : تو سچائی کے ستونوں میں سے ہے۔

مِیْطَدَةٌ : زمین کوٹنے کی لکڑی کی موگری درمٹ۔ برمے کا دستہ۔

مُتَوَاطِد : ثابت قدم۔ مضبوط۔ سخت۔

وَطَرٌ ج اَوْطَار : حاجت۔ حاجت کی چیز۔ مدعی۔

قَضَی وَطَرَهٗ اَوْ اَوْطَارَهٗ : اس نے اپنے مطلب کو پا لیا۔

وَطَسَ یَطِسُ وَطْسًا : بوٹ وغیرہ سے زور سے مارنا۔ توڑنا۔ چور چور کرنا۔

— وب : کھٹکھٹانا

تَوَاطَسَ : باہم ٹکرانا (لہریں)

— علی : حملہ کرنا۔

وَطِیْس : تنور۔ بھٹی۔ معرکہ۔

حَمِیَ الوَطِیْسُ : جنگ شدت سے شروع ہوگئی۔

وَطِیْس ج اَوْطِسَة و وُطُس : لڑائی۔

وَطِیْسَة : معاملہ کی شدت۔

وَطَّاسٌ : چرواہا۔

وَطَشَ یَطِشُ وَطْشًا و وَطَّشَ ل کچھ حصہ بیان کرنا۔ (خبر کا)

— الکَلَامَ : غیر واضح کلام کرنا۔

وَطَشَ : مارنا۔ تھوڑا دینا

— عَنْ : ہٹانا۔

— و وَطَّشَ : تھوڑا دینا۔

وَطَّشَ ل : تیار کرنا (تقریر۔ معاملہ)

ضَرَبُوْهُ فَمَا وَطَّشَ اِلَیْهِمْ : انہوں نے اس کو مارا اور اس نے مقابلہ نہ کیا۔

وَطِفَ یَوْطَفُ وَطَفًا : گھنی ابروؤں یا پلکوں والا ہونا۔ زور سے برسنا (بارش)

وَطَفَ یَطِفُ وَطْفًا : شکار کو ہانک کر اس کے پیچھے جانا۔

وَطَفٌ : پلکوں یا ابروؤں کے بالوں کی گنجانی۔ بادل کا سرا۔ کپڑے کا دامن

عَلَیْهِ وَطْفَةٌ مِنَ الشَّعَرِ : اس کے تھوڑے بال ہیں۔

اَوْطَفُ (م) وَطْفَاءُ ج وُطْفٌ : گنجان ابروؤں والا۔ سخت (اندھیرا) آسان (زندگی) پانی سے بوجھل ہو کر زمین کے نزدیک کا بادل۔

وِطَاقٌ ج وِطَاقَات : خیمہ شامیانہ

وَطَمَ یَطِمُ وَطْمًا : پاؤں سے روندنا۔ ڈھیلا کرنا (پردہ)

وَطِمَ یَوْطَمُ وَطْمًا و وُطِمَ : پاخانہ

بند ہونا۔

وَطَنَ يَطِنُ وَطْنًا و اَوْطَنَ اِيْطَانًا بـ: رہنا۔ اقامت کرنا۔ آباد ہونا (جگہ میں)

وَطَّنَ و اَوْطَنَ و تَوَطَّنَ و اِتَّطَنَ و اِسْتَوْطَنَ: وطن بنانا۔

وَطَّنَ و اَوْطَنَ و تَوَطَّنَ نَفْسَہٗ علی: اس نے اپنے آپ کو عادی بنایا یا مائل کیا۔

وَاطَنَ علی: اتفاق کرنا۔

وَطَن ج اَوْطَان: ٹھہرنے کی جگہ رہائش کی جگہ۔ وطن۔ مویشیوں کے باندھنے کی جگہ۔

مَوْطِن ج مَوَاطِن: وطن۔ لڑائی کا میدان۔

مِيْطَان: گھوڑ دوڑ کے گھوڑوں کا احاطہ۔ نہایت۔ انجام۔ ارادہ۔

وَطْوَط: کمزور ہونا۔ جلدی بولنا۔

وَطْوَاط ج وَطَاوِيط و وَطَاوِط: بڑی چمگادڑ۔ پہاڑی ابابیل۔ کم عقل آدمی۔ جلدی جلدی بولنے والا۔

وَطَّى تَوْطِيَةً: نیچے کرنا۔

وَظَبَ يَظِبُ وُظُوْبًا و علی و وَاظَبَ علی: مشغول ہونا۔ لگاتار کرنا۔

وَظَبَ يَظِبُ وَظْبًا: روندنا۔ دبانا۔ (زمین)

وَاظَبَہٗ علی الاَمْر: اس نے اس کو کام پر آمادہ کیا۔

مُوَاظَبَة: مداومت۔ ثابت قدمی مشغولیت۔

مِيْظَب: گول تیز کیا ہوا پتھر۔

مَوْظُوْب (م) مَوْظُوْبَة: تباہ شدہ ریوڑوں والا۔ تباہ شدہ مال والا۔ سبزی جس کو مویشیوں نے چر کر ختم کر دیا ہو۔

وَظِرَ وَظَرًا: موٹا ہونا۔

وَظِر: موٹا۔ پُر گوشت۔

وَظَفَ يَظِفُ وَظْفًا: چھوٹی کرنا (اونٹ کے پاؤں کی رسی) مارنا (پنڈلی کی ہڈی پر) پیروی کرنا۔

— علی: مقرر کرنا۔ لازم ٹھہرانا۔

وَظَّفَ: وظیفہ مقرر کرنا۔ نوکری دینا۔

— علی: مقرر کرنا (کام) ٹیکس لگانا۔

وَاظَفَ: موافقت کرنا۔ مدد کرنا چمٹ جانا۔

تَوَظَّفَ: درجہ پانا۔ نوکری حاصل کرنا

اِسْتَوْظَفَ: تمام لے لینا۔

وَظِيْف ج اَوْظِفَة و وُظُف: جانور کی پنڈلی یا اگلی ٹانگوں کی باریکی۔

جَاءَتِ الاِبِلُ علی وَظِيْفٍ وَاحِدٍ اُونٹ ایک ہی قطار میں آئے۔

وَظِيْفَة ج وَظَائِف: وظیفہ الاؤنس روزینہ۔ شرط۔ عہد۔ قسط (قرض کی) کام ٹیکس کی شرح۔ درجہ۔ نوکری۔

بَيْنَهُمَا وَظِيْفَةٌ: انہوں نے معاہدہ کیا

لِلدُّنْيَا وَظَائِف: دنیا میں بہت سی تبدیلیاں ہیں۔

مُتَوَظِّف: سرکاری افسر۔

وَظْمَة: تہمت۔ شک۔

وَعْ: گیدڑ۔ گیدڑ کے آواز کی نقل بچے کے رونے کی آواز۔

وَعَبَ يَعِبُ وَعْبًا و اَوْعَبَ و اِسْتَوْعَبَ: سب لے لینا۔

اَوْعَبَ اِيْعَابًا: جمع کرنا۔ پورا کرنا (کام) جڑ سے اکھیڑنا (درخت)

اَوْعَبَ فِي: داخل کرنا۔

— فِي مَالِہٖ: اس نے اپنے مال میں اسراف کیا۔

اَوْعَبَ بَنُو فُلَانٍ جَلَاءً: تمام قوم جلا وطن ہو گئی۔

اَوْعَبَ القَوْمُ: تمام لوگ حملہ کرنے کو گئے۔

جَاءُوْا مُوْعِبِيْنَ: وہ اتنی تعداد میں آئے جتنی ممکن تھی۔

اِسْتَوْعَبَ جَدْعَہٗ: اس نے اس کی ناک جڑ سے کاٹ دی۔

اِسْتَوْعَبَ: کافی ہونا (مکان یا برتن چیز کے لئے) مساوی ہونا۔ پوری سمجھنا (بات)

وَعْب ج وِعَاب: شاہراہ یا وسیع جگہ

وِعَاب: زمین کے وسیع قطعے۔

وَعِيْب: وسیع۔ کشادہ۔

جَاءَ يَرْكُضُ وَعِيْبًا: وہ اپنی تمام طاقت سے دوڑتا ہوا آیا۔

اَوْعَبُ لِ: کافی ہونے کے زیادہ لائق سمانے کے لئے زیادہ لائق۔

وَعِثَ يَوْعَثُ وَعْثًا و وَعَثًا و وَعُثَ يَوْعُثُ وُعُوْثَةً: چلنے کے لئے مشکل ہونا (راستہ) خراب ہونا (کام) نرم ہونا (زمین)

وَعِثَ يَوْعَثُ وَعَثًا: ٹوٹنا (ہاتھ)

وَعَّثَ: روکنا۔

اَوْعَثَ: ناہموار اور مشکل راستہ پر چلنا بول نہ سکنا (گفتگو میں) خراب کرنا (کام) ملانا جلانا۔ خلط ملط کرنا۔

— فِي مَالِہٖ: اس نے مال میں اسراف کیا

وَعْث ج وُعُوْث: شکستہ ہڈی۔ چوڑی و نرم زمین۔ دُبلاپن۔ مشکل معاملہ۔ ہر مشکل کام۔

— وَوَعِث وَمُوَعِّث : چلنے کے لئے مشکل راستہ

وَعْثَۃ : موٹی (عورت)

وَعْثَاء : مشقت - مکان - بری خصلت

رَکِبَ الوَعْثَاءَ : اس نے گناہ کیا۔

وُعُوث : شدت - شر - مصیبت

مَوْعُوث : ناقص الحسب۔

وَعَد يَعِد وَعْدًا وَعِدَۃً وَمَوْعِدًا وَمَوْعِدَۃً وَمَوْعُوْدًا وَمَوْعُوْدَۃً : وعدہ کرنا۔

— وَعِيْدًا : دھمکی دینا - گڑگڑانا یا بڑبڑانا (سانڈھ)

وَعَدَتِ الْاَرْضُ : زمین نے اچھی فصل کی امید دلائی۔

وَاعَد : وعدہ پورا کرنے کے لئے مقرر کرنا (وقت یا جگہ)

— وَتَوَاعَد : ایک دوسرے سے وعدہ کرنا۔

اَوْعَد ب : دھمکی دینا۔

تَوَعَّد : دھمکی دینا۔

اِتَّعَدَ اِتِّعَادًا وَاِيْتَعَدَ يَأْتَعِد اِيْتِعَادًا : وعدہ قبول کرنا - ایک دوسرے کو دھمکی دینا۔

عِدَۃ (ج عِدَات) وَوَعْد ج وُعُود (مفرد وَعْدَۃ) : وعدہ - یہ خیر اور شر دونوں میں استعمال ہوتا ہے

وَعِيْد : دھمکی۔

وَاعِد : بارش کی امید دلانے والا (بادل) گرم یا سرد دن کی اطلاع دینے والی (صبح)

وَاعِدَۃ : اچھی فصل کی امید دلانے والی (زمین)

مَوْعِد ج مَوَاعِد : وعدہ کی جگہ یا وقت - اتحاد - عہد۔

مِيْعَاد ج مَوَاعِيْد : وعدہ کا وقت وعدہ کی جگہ - ملنے کی جگہ - موا عدہ۔

مَوْعُوْد ج مَوَاعِيْد : وعدہ - وعدہ کی ہوئی چیز

وَعَر يَعِر وَعْرًا وَوُعُوْرًا وَوَعِر يَوْعَر وَيَعِرُ وَعَرًا وَوَعُر يَوْعُر وَعَارَۃً وَوُعُوْرَۃً : سخت و ناہموار ہونا (جگہ)

وَعَر يَعِر وَعْرًا وَوَعَّر عَنْ : روکنا ہٹانا۔

وَعَّر : سخت پانا یا بنانا (جگہ) مشکل بنانا (کام) حاجت روکنا یا ہٹانا۔

اَوْعَر : سخت زمین میں پہونچنا - تھوڑے مال والا ہونا - کم کرنا۔

— ب : سخت یا ناہموار جگہ پر پہونچانا (راستہ)

— واسْتَوْعَر : سخت پانا - ناہموار پانا۔

تَوَعَّر : ناہموار ہونا (راستہ) مشکل ہونا (کام) سخت مزاج ہونا (آدمی)

— فی : حیران ہونا - یا کرنا (کلام میں)

وَعْر وَوُعُوْرَۃ : جگہ کی ناہمواری۔

وَعْر ج وُعُور وَاَوْعُر وَاَوْعَار وَوُعُوْرَۃ : ناہموار سڑک - مشکل - (سوال)

— المَعْرُوْف : تھوڑا انبساط

قَلِيْلٌ وَعْر : بہت تھوڑی چیز۔

وَعِر وَوَاعِر وَوَعِيْر وَاَوْعَر : ناہموار (سڑک) دشوار گزار جگہ۔

مَعِر وَعِر : تھوڑے (بال)

وَعْرِیّ : کم مستعمل (الفاظ)

وَعَز يَعِز وَعْزًا وَوَعَّز وَاَوْعَزَ اِلَيْهِ فی : سمجھانا - اشارہ کرنا

اَوْعَز ب : حکم دینا۔

وَعَس يَعِس وَعْسًا : پاؤں کے نیچے روندنا - آزمودہ کار بنانا (زمانہ کا)

وَاعَس وَاَوْعَس : گردن لمبی کرکے وسیع قدموں سے چلنا - (اونٹ)

وَاعَس : رات کے وقت جلدی چلنے میں مقابلہ کرنا۔

اَوْعَس : ریتلی زمین پر چلنا - اندھیرے میں چلنا۔

وَعْس ج اَوْعَاس : بانسری بنانے کا درخت - پاؤں کے نشان - ریت جس میں چلنا دشوار ہو۔

اَوْعَس (م) وَعْسَاء ج وُعْس وج اَوَاعِس : ریتیلی (جگہ)

وَعْسَاء : ریتیلی پہاڑی جس پر سبزی ہو

مِيْعَاس ج مَوَاعِيْس : نرم ریت - زمین جس پر کوئی نہ چلا ہو - راستہ۔

وِعَاظ : زرد گلاب۔

وَعَظ يَعِظ وَعْظًا وَعِظَۃً : نصیحت کرنا۔

اِتَّعَظ : نصیحت قبول کرنا - نصیحت پر عمل کرنا۔

وَعْظَۃ وَعِظَۃ ج عِظَات : وعظ - نصیحت۔

وَعْظ ج وَعَظَات) مَوْعِظَۃ ج مَوَاعِظ : وعظ و نصیحت

وَاعِظ ج وُعَّاظ وَوَاعِظُوْن : نصیحت کرنے والا۔

— وَوَعَّاظ : مذہبی لیکچرار - بہت وعظ کرنے والا

وَعُفَ يَوْعُفُ وُعُوْفًا: کمزور ہونا (نظر)۔
وَعْفٌ ج وِعَافٌ: سخت جگہ جس میں سے پانی رستا رہے۔
وَعِقَ يَعِقُ وَعْقًا وَ وَعِيْقًا وَ وُعَاقًا: پیٹ کی گڑگڑاہٹ والا ہونا (گھوڑا)
وَعِقَ يَعِقُ وَعْقًا على: جلدی جانا
وَعُقَ يَوْعُقُ وَعْقَةً وَ تَوَعَّقَ وَاسْتَوْعَقَ: کمینہ طبیعت یا خلق والا ہونا۔
وَعَّقَ: مخالفت کرنا۔ روکنا۔ خراب کرنا۔ بدخلق سمجھنا۔
مَا اَوْعَقَهُ: وہ کس قدر تیز ہے۔
وَعْقٌ وَ وَعِقٌ وَ وَعْقَةٌ وَ وَعِقَةٌ بدمزاج ۔ بدخلق۔
وَعِقٌ لَعِقٌ: حریص۔ لالچی۔
وَعْقَةٌ: بدخوئی۔ کمینہ پن۔ طبیعت کی سختی۔
وَعَكَ يَعِكُ وَعْكًا وَ وَعْكَةً تیز ہونا (گرمی) تھکنا۔ کمزور کرنا (بخار)
— وَعْكًا: چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں توڑنا۔
— وَ اَوْعَكَ فِي: مٹی میں لٹانا۔
اَوْعَكَ: بھیڑ کرنا (پانی کی طرف اونٹ)
تَوَعَّكَ: بیمار ہونا۔
وَعْكٌ: تھکاوٹ۔
وَعْكَةٌ: بخار یا بیماری کی شدت تھکاوٹ۔ دوڑنے میں سخت گرنا۔ میدانِ جنگ۔
وَعْكَةُ الابل: اونٹوں کی جماعت۔

وَعْكٌ وَ وَعِكٌ وَ مَوْعُوْكٌ: تپ والا۔
وَعَلَ يَعِلُ وَعْلًا: اوپر سے جھانکنا
تَوَعَّلَ: چڑھنا (پہاڑ پر)
اِسْتَوْعَلَ: پہاڑ کی چوٹی پر چلے جانا (مارخور)
اِسْتَوْعَلَ اِلٰی: پناہ لینا۔
وَعْلٌ وَ وَعِلٌ ج اَوْعَالٌ وَ وُعُوْلٌ وَ وُعُلٌ وَ وَعِلَةٌ وَ مَوْعَلَةٌ: پہاڑی بکرا۔ مارخور
وَعْلٌ ج اَوْعَالٌ وَ وُعُوْلٌ: پناہ۔ شریف۔ مشہور آدمی۔
هُمْ عَلَيْنَا وَعْلٌ وَاحِدٌ: ان سب نے ہمارے برخلاف اتفاق کیا۔
مَا لَكَ عَنْهُ وَعْلٌ: تجھے اس سے کوئی چارہ نہیں۔
وَعْلَةٌ: قمیص کا کاج۔ جنگ کا دستہ پہاڑ کا دشوار گزار حصہ۔ اٹھی ہوئی چٹان
وَعِلَةٌ ج وَعِلَاتٌ وَ وِعَالٌ: جنگلی بکری۔
مُسْتَوْعَلٌ ج مُسْتَوْعَلَاتٌ: پہاڑی بکروں کے پناہ کی جگہ۔
وَعَمَ وَ وَعِمَ يَعِمُ وَعْمًا: برکت دینا (گھر کو)
عِمْ صَبَاحًا وَ مَسَاءً وَ ظَلَامًا: تیری صبح یا شام یا رات اچھی ہو۔
وَعَمَ بِالْخَيْرِ: اس نے نیکی کی خبر دی
وَعْمٌ ج وِعَامٌ: راستہ یا نشان جو دور سے پہاڑ کے پہلو پر نظر آئے۔
تَوَعَّنَ: بہت موٹا ہونا (جانور) سب کا سب لے لینا۔
وَعْنٌ ج وِعَانٌ، وَ وَعْنَةٌ ج وِعَانٌ:

سخت زمین۔
— : جائے پناہ۔
وَعْوَعَ وَعْوَعَةً وَ وَعْوَاعًا شور مچانا (لوگ) بھونکنا (گیدڑ۔ کتا)
وَعْوَعٌ ج وَعَاوِعُ: گیدڑ۔ لومڑی بلیغ خطیب۔ ریگستان۔ دیدبان۔
وَعْوَاعٌ: جوش و خروش والے لوگوں کا شور۔ فساد۔ شور کرنے والا گروہ۔ کتوں یا گیدڑوں کی آواز۔ بکواسی۔
وَعَى يَعِي وَعْيًا: تندرست ہونا (ہڈی) پیپ بہنا (زخم سے) جمع ہونا پیپ (زخم میں) سننا (کان) سمجھنا۔
اَوْعَى اِيْعَاءً: ڈالنا (برتن میں خوراک) یاد رکھنا۔
اَوْعَى وَ عَلَى: بخل کرنا۔
— وَ اسْتَوْعَى اِسْتِيْعَاءً: تمام لے لینا۔
وَعْيٌ: پیپ۔ شور۔
مَا لِي عَنْهُ وَعْيٌ: مجھے اس سے کوئی چارہ نہیں۔
وَعًى: شور۔ نعرے۔
وَعِيٌّ: یاد رکھنے والا۔ فقیہ سمجھدار
وِعَاءٌ وَ وُعَاءٌ ج اَوْعِيَةٌ و جج اَوَاعٍ: شکم۔ برتن۔ خوراک جمع کرنے کا برتن۔ آدمی کا دل۔
وَاعٍ: جاگنے والا۔ محتاط
وَاعِي الْيَنَمْ: ینم کا گارڈین۔
وَاعِيَةٌ: چیخ۔ آواز۔ متوجہ (کان)
اَوْعَى مِنْ: زیادہ سمجھدار۔ زیادہ خیال رکھنے والا۔
مَوْعِيُّ الرُّسْغِ: مضبوط کلائی والا۔
وَغُبَ يَوْغُبُ وُغُوْبَةً وَ وَغَابَةً

موٹا ہونا (اونٹ)

وَغْب ج اَوْغَاب ووِغَاب : بورا۔ ردی سامان۔ برتن۔ کمزور۔ کمینہ موٹا (اونٹ)

—— وَوَغْبَۃٌ : احمق۔

وَغَدَ يَغِدُ وَغْدًا : خدمت کرنا۔

وَغُدَ يَوْغُدُ وَغَادَۃً : کمزور عقل یا جسم والا ہونا۔ بے وقوف یا کمینہ ہونا

وَاغَدَ : نقل کرنا۔

—— فی السَّيْرِ : اس نے اس کے ساتھ چلنے میں مقابلہ کیا۔

وَغْدٌ (م) وَغْدَۃٌ ج اَوْغَاد ووُغْدَان : خادم۔ غلام۔ بیوقوف ضعیف العقل۔ کمینہ۔ تیر جس کا جوئے میں کوئی حصہ نہ لے۔ شکار۔ بچہ۔

وَغَرَ يَغِرُ وَغْرًا : سخت گرم ہونا (دن)

—— الشَّمْسُ : سورج نے اس پر سخت اثر کیا۔

—— ووَغِرَ يَوْغَرُ ويَيْغَرُ وَغَرًا صَدْرُہٗ علی : اس کا سینہ غصے سے جلا۔

وَغَّرَ واَوْغَرَ صَدْرَہٗ : اس نے اس کو غضب ناک کیا۔

وَغَّرَ : گرم پتھروں سے گرم کرنا (دودھ) ابالنا (پانی)

اَوْغَرَ : دوپہر کی گرمی میں داخل ہونا گرم کرنا (پانی) گرم پانی سے دھوکر ذبح کرنا (خنزیر)

—— المَلِكُ لِرَجُلٍ اَرْضًا اَوْ اَوْغَرَہٗ اَرْضًا : بادشاہ نے آدمی کو زمین بغیر خراج کے دی۔

—— الی : مجبور کرنا۔

اَوْغَرُوا بَيْنَهُمْ مِيْغَرًا : انہوں نے میٹنگ کے وقت پر اتفاق کیا۔

تَوَغَّرَ : ناراض ہونا۔ غصے سے جلنا۔

وَغْرٌ ووَغَرٌ : کینہ۔ غصہ۔ فوج کا شور دشمنی۔

وَغْرَۃٌ : گرمی کی شدت۔

وَغِيْرٌ : گرم ریت پر بھونا ہوا (گوشت)

—— ووَغِيْرَۃٌ : گرم پتھروں سے گرم کیا ہوا دودھ۔

مِيْغَرٌ : مقررہ وقت یا میعاد۔

وَغَفَ يَغِفُ وَغْفًا ووُغُوفًا کمزور ہونا (آنکھ)

—— وَاَوْغَفَ : جلدی کرنا۔ دوڑنا کافی کھانا کھانا۔ زبان نکالنا (کتا)

وَغَلَ يَغِلُ وُغُولًا فی : داخل ہو کر چھپ جانا۔ جلدی جلدی پر مارتا (پرندہ)

—— وَغْلًا ووُغُولًا ووَغَلَانًا علی بغیر بلانے کے دعوت میں آنا۔

اَوْغَلَ اِيْغَالًا فی السَّيْرِ : وہ جلدی چلا۔

اَوْغَلَتْہُ الحَاجَۃُ فی ذٰلِكَ : ضرورت نے اس کو ایسا کرنے پر مجبور کیا

اَوْغَلَ وتَوَغَّلَ فی : دور چلا جانا۔ (ملک میں) گہرا جانا (علم میں) مشغول ہونا (گناہ میں)

اَوْغَلَ فی : اس نے اس کو داخل کیا۔

وَغْلٌ : بغیر بلائے دعوت یا شراب نوشی میں آنے والا۔ دوسروں کے کھانے پر گذارہ کرنے والا۔ اپنے نسب پر جھوٹا فخر کرنے والا۔ گنجان درخت

—— وَوَغِلٌ : بری خوراک دیا ہوا۔

مَا لِيْ عَنْهُ وَغْلٌ : میں اس سے بچ نہیں سکتا۔

وَغَّالٌ : بہت قیمت مانگنے والا بہت تعریف کرنے والا۔

وَغَمَ يَغِمُ وَغْمًا : بغیر تحقیق کے بیان کرنا (خبر)

—— : غالب آنا۔

وَغِمَ يَوْغَمُ وَغَمًا علی : کینہ رکھنا۔

تَوَغَّمَ علی : ناراض ہونا۔

تَوَاغَمَ : باہم لڑنا۔ سخت لڑانا (بہادروں کا)

وَغْمٌ ج اَوْغَام : کینہ۔ دشمنی۔ جنگ۔ کینہ ور۔ احمق۔ نفس۔ گرا ہوا کھانا

تَوَغَّنَ : لڑائی میں پیش قدمی کرنا

—— علی : اصرار کرنا۔

وَغًی ووَغْیٌ : شور۔ جنگ۔

وَاغِيَۃٌ ج اَوَاغٍ : کھائی جو حد بندی کے واسطے کھودی جائے۔

وَفَدَ يَفِدُ وَفْدًا ووُفُودًا ووِفَادَۃً واِفَادَۃً علی او الی : آنا۔ پہونچنا۔ قاصد بن کر آنا۔ وفد بن کر آنا

وَفَّدَ واَوْفَدَ واسْتَوْفَدَ علی او الی : بھیجنا۔ وفد روانہ کرنا۔

وَافَدَ علی : اکٹھے آنا۔ اکٹھے وفد بن کر آنا۔

اَوْفَدَ : بلند ہونا۔ جلدی کرنا۔ کان اوپر کھڑا کرنا (ہرن)

مَا اَحْسَنَ مَا اَوْفَدَ حَارِكُہٗ : اس کی سرینوں کی موٹائی کیسی عمدہ ہے۔

اَوْفَدَ وتَوَفَّدَ علی: جھانکنا۔
تَوَفَّدَ: ایک دوسرے سے آگے نکل جانا (اونٹ۔ پرندے)
تَوَافَدَ: اکٹھے وارد ہونا۔
اِسْتَوْفَدَ فِی قَعْدَتِہٖ: وہ اس طرح بیٹھا کہ جلدی اُٹھ سکے۔
وَفْدٌ ج وُفُودٌ و اَوْفَادٌ: وفد ڈیپوٹیشن۔ آدمیوں کی جماعت جو مشترکہ کام کے لئے بھیجی جائے۔ طویل پہاڑی کی چوٹی۔
لَقِیَ وَفْدَی الْخَیْرِ وَالشَّرِّ: اس نے اچھی یا بُری قسمت دیکھی۔
ھُمْ علی اَوْفَادٍ: وہ روانہ ہونے کے لئے تیار ہیں۔
وَافِدٌ ج وُفُودٌ و وَفْدٌ و اَوْفَادٌ و وُفَّادٌ و وُفَّدٌ: پہونچنے والا۔ قاصد۔ ایلچی آگے چلنے والا (اونٹ)
وَافِدٌ مث وَافِدَانِ: رخسارے کا وہ حصہ جو طعام چباتے وقت اُونچا ہو جاتا ہے۔
وَفَرَ یَفِرُ وَفْرًا و وُفُورًا و فِرَةً و وَفُرَ و وَفَارَةً: بکثرت ہونا (روپیہ)
وَفَرَ یَفِرُ وَفْرًا و فِرَةً ل: زیادہ کرنا (دولت)
—: واپس دینا (عطیہ)
— عِرْضَ فُلَانٍ و وَفَرَ فُلَانًا عِرْضَہٗ و وَفَرَ لَہٗ عِرْضَہٗ: اس نے اس کی عزت کو بچایا۔
وَفَّرَ و اَوْفَرَ: زیادہ کرنا۔
وَفَّرَ: مکمل کرنا۔ بکثرت بنانا۔ بڑا ٹکڑا کاٹنا (کپڑے سے) بچانا (روپیہ)
— و اِسْتَوْفَرَ عَلَیْہِ حَقَّہٗ و اِسْتَوْفٰی حَقَّہٗ: اس نے اس کا تمام حق دیدیا۔
تَوَفَّرَ: بچنا (روپیہ)
— علی: لحاظ رکھنا۔ جوش ظاہر کرنا۔ ہمت صرف کردینا۔
تَوَافَرَ و اتَّفَرَ: زیادہ ہونا۔ وسیع ہونا۔
وَفْرٌ و وَفِرَةٌ و وُفُورٌ و وَفْرَةٌ: کثرت۔ بڑی مقدار۔ کمال۔
وَفْرٌ ج وُفُورٌ: دولت۔ تونگری۔ بہت کثرت سے مال۔ مکمل۔
وَفْرٌ: بچت۔
وَفْرَةٌ ج وِفَارٌ: کانوں تک لمبے بال۔ کثرت۔
تَوْفِیرٌ: بچت۔ کفایت شعاری۔
وَافِرٌ: عروض کا ایک بحر۔
— و مُتَوَافِرٌ: بکثرت۔ مکمل۔ مالدار
وَافِرَةٌ: مؤنث وَافِرٌ۔ دنبہ کی بڑی چکی۔
اَوْفَرُ (م) وُفْرٰی: زیادہ مکمل۔ زیادہ کثرت سے۔
اَوْفَرُ (م) وَفْرَاءُ ج وُفْرٌ: بڑی (مشک، بھرا ہوا پیالہ) بڑا کان بہت پودوں والی (زمین)
مُوَفَّرُ الشَّعْرِ: لمبے اور بہت بالوں والا
مُوَفَّرٌ و مَوْفُورٌ: پوری چیز
قَوْمٌ مُتَوَافِرُونَ: بیشمار لوگ
اَوْفَزَ: اکسانا۔ جلدی کرانا۔
تَوَفَّزَ ل: تیار ہونا (کام کے لئے)
اَخَذَ یَتَوَفَّزُ: وہ فرش پر بیقراری سے تڑپنے لگا۔
اِسْتَوْفَزَ فِی قَعْدَتِہٖ: وہ اس طرح بیٹھا کہ فوراً اُٹھ سکے۔
اِسْتَوْفَزَ ل: تاک میں رہنا۔
وَفْزٌ و وَفَزٌ ج اَوْفَازٌ و وِفَازٌ: جلدی۔
علی اَوْفَازٍ و وِفَازٍ و وَفْزٍ: روانہ ہونے کے لئے تیار۔ جلدی کرنے والا۔
مَکَانٌ وَفْزٌ: اُونچی جگہ۔
مُتَوَفِّزٌ: فکرمند۔ بے آرام۔
وَفَضَ یَفِضُ وَفْضًا و وَفَضَانًا و اَوْفَضَ و اِسْتَوْفَضَ: جلدی چلنا دوڑنا۔
اَوْفَضَ: جدا جدا کرنا۔ اونٹ نکال دینا۔ دھتکار دینا
— لِفُلَانٍ: اس نے فلاں کے لئے فرش بچھایا۔
اِسْتَوْفَضَ: بکھرنا (اونٹ) جلدی کرانا دھتکارنا۔
وَفْضٌ و وَفَضٌ ج اَوْفَاضٌ: عجلت۔ جلدی۔
وَفَضٌ ج اَوْفَاضٌ: گوشت کاٹنے کا تختہ۔
وَفَاضٌ ج وُفُضٌ: چکی کے نیچے رکھنے کا چمڑا۔ پانی روکنے کی جگہ۔ اُوپر کے ہونٹ کی بنی۔
وَفْضَةٌ ج وِفَاضٌ: چمڑے کا ترکش گور بیٹے کا تھیلا۔
اَوْفَاضٌ: لوگوں کی مختلف جماعتیں
نَاقَةٌ مِیْفَاضٌ: تیز قدم چلنے والی اُونٹنی۔
وَفَعٌ ج اَوْفَاعٌ: اُونچی عمارت یا مکان۔ بارش کی امید دلانے والا (بادل)
غُلَامٌ وَفَعٌ (ج وِفْعَانٌ) و غُلَامٌ

وَفَعَۃ و اَفعَۃ : نوجوان لڑکا۔

وَفعَۃ و وَفِیعَۃ و وِفَاع : کارک۔ بوتل بند کرنے کا ڈھکنا۔ سٹاپر۔

وَفعَۃ و وَفِیعَۃ : کھجور کے پتوں کی ٹوکری۔

وَفِیعَۃ : قلم صاف کرنے کا چیتھڑا۔

وَفِقَ یَفِقُ وَفقًا : ٹھیک مراد کے مطابق ہوتا (کام) وقت پر آنا۔ موافق پانا۔

وَفَّقَ : موافق بنانا (کام) مدد کرنا یا سیدھا چلانا۔ (خدا)

— اللّٰہُ للخیر : خدا نے اس کو نیکی کی ہدایت کی۔

— و وَافَقَ بَینَ : اصلاح کرنا (قوم کے درمیان) مقابلہ کرنا (دو چیزوں میں)

وَفِقتُ لَہُ : میں نے اس کو پالیا۔

وَافَقَ مُوَافَقَۃً و وِفَاقًا : پالینا۔ ملنا۔ موافقت کرنا۔

— فی او علی : موافق ہونا۔ اتفاق کرنا۔

— بَینَ : جوڑنا (دو چیزیں)

اَوفَقَ : قطار میں چلنا (اونٹ)

— ل : اتفاق کرنا۔

— وب : کمان کی تانت کے مطابق کرنا۔ (تیر)

اُوفِقَ لَہُ لِقَاءُ نَا : وہ اچانک ہمیں ملا۔

تَوَفَّقَ : توفیق یا مدد پانا (خدا سے) کامیاب ہونا۔

تَوَافَقَ فی : اتفاق کرنا۔ ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

اِتَّفَقَا علی اَمرٍ فی : ان دونوں نے اتفاق کیا۔

اِتَّفَقَ ل : واقع ہونا۔ اتفاق ہونا۔

اِستَوفَقَ : توفیق طلب کرنا۔

وَفق : اتفاق۔ دو کے درمیان مطابقت۔ کفایت۔ ٹھیک وقت

جَاءَ القَومُ وَفقًا : لوگ اتفاق سے آئے

حَلُوبَتُہ وَفقُ عِیَالِہ : اس کی دودھ والی اونٹنی اس کے تمام عیال کے لئے کافی ہے

اَتَیتُ لِوَفقِ الاَمرِ ولِتَوفَاقِہ و تَیفَاقِہ : میں عین کام کے موقعہ پر اس کے پاس گیا۔

اَتَیتُہُ وَفقَ طَلَعَتِ الشمس : میں اس کے پاس آیا۔ جس وقت سورج چڑھا۔

تَوفِیق : اچھا انتظام۔ خدا کی مدد۔ خوش قسمتی۔ کامیابی۔

تَوفِیقُ الہِلَال و تَوفَاقُہ و تِیفَاقُہ و تَوَفُّقُہ و مِیفَاقُہ : نئے چاند کا پہلا ظہور

اِتِّفَاق : موقع۔ اتفاق۔ مطابقت۔ اچانک واقعہ یا اتفاق۔ موافقت۔

وَافِق (م) وَافِقَۃ : ٹھیک وقت پر آنے والا۔ مطابق۔

وَفِیق : ساتھی۔ دوست۔

وِفَاق و مُوَافَقَۃ : آرام۔ موافقت۔ مطابقت۔

— و تَوَافُق : اتفاق۔ اتحاد۔ دو عددوں کا ایک عدد پر پورا پورا تقسیم ہونا۔

مُوَافِق : مناسب۔ مطابق۔

مُتَوَفِّق : مناسب وقت پر بولنے کا عادی کامیاب۔

اِنَّ فُلَانًا مُوَفَّقٌ : فلاں نیک آدمی ہے

وَفَلَ یَفِلُ وَفلًا : چھیلنا۔ چھلکا اتارنا

وَفل : تھوڑی چیز۔

وَافِل : مکمل۔ پورا جوان۔

وَفَہَ یَفِہُ وَفہًا : منصف و حاکم ہونا گرجے کا حاکم بننا۔ گرجے کی جائداد کا ناظم ہونا

وَافِہ : گرجے کا ناظم و نگران۔

وِفَاہَۃ : گرجے کے ناظم کی تنخواہ۔

وَفہِیَّۃ : گرجے کے ناظم کا رتبہ۔

وَفَی یَفِی وَفَاءً و اَوفی اِیفَاءً

وب : پورا کرنا۔

وَفَی عَن ذَنبِہ : اس نے اس کے گناہ کا کفارہ دیا۔

— النَّذرَ : اس نے نذر پوری کی۔

— وُفِیًّا : پوری ہونا۔ کثرت سے ہونا (چیز)

— الدِّرہَمُ المِثقَال : درہم مثقال کے برابر ہوتا ہے۔

مَا لَا یَفِی بِہ المال : دولت کیا کچھ نہیں حاصل کر سکتی۔

وَفَّی و وَافَی و اَوفَی حَقَّہ : اس نے اس کا پورا حق ادا کر دیا۔

وَافَی و اَوفَی : ملنا۔ آنا۔

— : اچانک آنا۔

اَوفَی : پورا کرنا۔

— علی : زیادہ ہونا (سو سے) اوپر سے جھانکنا۔

تَوَفَّی تَوَفِّیًا و استَوفَی : اِستِیفَاءَ حَقَّہ : اس نے اپنے حق کی پوری مقدار لے لی۔

— المُدَّۃَ : وہ مدت کو پہونچ گیا۔

تَوَفَّاہُ اللّٰہُ : خدا نے اس کو موت دی

تُوُفِّیَ و تَوَفَّی : مرنا۔

تَوَافَی القَومُ : تمام قوم آگئی۔

اِستَوفَی : سب لے لینا۔ کمی پوری کرنا پورے کرنا (عمر کے سال)

وَفَاء : زندگی کا لمبا ہونا

مَاتَ فُلَانٌ وَاَنتَ بِوَفَاءٍ : فلاں مرگیا

خدا تجھے دیر تک زندہ رکھے۔
وَفَاءٌ وَاِیْفَاءٌ: وعدہ کا پورا کرنا۔ قسم کا پورا کرنا۔ قرض کی ادائگی۔
وَفَاءُ النِّیْلِ: نیل کا سب سے اونچا چڑھاؤ
وَفْیٌ وَمِیْفًی وَمِیْفَاۃٌ: زمین کا اونچا حصہ۔
وَفَاۃٌ ج وَفَیَاتٌ: موت۔
وَفِیٌّ ج اَوْفِیَاءُ: وعدہ کا پورا کرنیوالا مکمل۔ پورا۔
وَافٍ (م) وَافِیَۃٌ: وعدہ پورا کرنیوالا بکثرت۔ مکمل۔
سُوْرَۃُ الْوَافِیَۃِ: قرآن مجید کی پہلی سورۃ۔
مُوَافٍ: آنے والا۔ پہونچنے والا
مِیْفًی: تنور کا ڈھکنا۔ اینٹوں کا آوا۔ روٹی پکانے کا مکان۔
مِیْفَاءٌ عَلٰی: اونچا اُٹھنے والا۔
مِیْفَاءٌ: بہت پورا کرنے والا۔

وَقَبَ یَقِبُ وَقْبًا وَوُقُوْبًا: غروب ہونا (سورج) چھپنا۔ پھیلنا (اندھیرا)
— وَقْبًا: گرہن والا ہونا (چاند) پتھر کے گڑھے میں داخل ہونا۔ اندر کی طرف دھسی ہوئی ہونا (آنکھ) آنا۔
اَوْقَبَ اِیْقَابًا: بھوکا ہونا۔ پتھر کے گڑھے میں رکھنا۔
وَقْبٌ ج اَوْقَابٌ: پتھر کی چٹان کا گڑھا جس میں پانی جمع ہو۔ آنکھوں کا گڑھا۔ کندھوں کے درمیان کی گہرائی۔ گھوڑے کے آنکھوں کے نیچے کی گہرائی۔
— (م) وَقْبَۃٌ وَوُقْبَانٌ (م) وَقْبٰی: بے وقوف۔
اَوْقَابٌ: گھر کا سامان۔

وَقْبَۃٌ: چٹان کا گڑھا۔ بڑا سوراخ۔ چھت کا بڑا روشندان
مِیْقَبٌ: گھونگا۔ سنکھ۔
مِیْقَابٌ: بہت پانی یا شراب پینے والا۔ بے وقوف (عورت)
سَیْرُ الْمِیْقَابِ: سفر جو دن رات لگاتار کیا جائے۔

وَقَتَ یَقِتُ وَقْتًا وَوَقَّتَ: وقت مقرر کرنا۔
وَقَّتَ لِ: مقرر کرنا (وقت)
— وَوَاقَتَ: ملنے کا وقت ٹھہرانا۔
وُقِتَ وَوُوْقِتَ: کام کرنے کے لئے وقت کا مقرر ہونا۔
وَقْتٌ ج اَوْقَاتٌ: وقت۔ زمانہ کا اندازہ گھنٹہ۔ منٹ۔ موسم۔
وَقْتَئِذٍ: اس وقت۔
وَقْتِیٌّ: عارضی۔ غیر مقرر۔
مُوَقَّتٌ وَمَوْقُوْتٌ: مقرر کیا ہوا (کام)
مَوْقِتٌ وَمِیْقَاتٌ ج مَوَاقِیْتُ: وقت۔ مکان۔ زمانہ جو کسی کام کے واسطے مقرر ہو۔ ٹائم ٹیبل۔ وعدہ کی جگہ۔
مُوَقِّتٌ: وقتوں کا اندازہ رکھنے والا۔

وَقَحَ یَقِحُ قِحَۃً وَوَقِحَ یَوْقَحُ وَقَحًا وَوَقُحَ یَوْقُحُ وَقَاحَۃً وَوُقُوْحَۃً: بے حیا ہونا۔ بے شرم ہونا سخت ہونا (کھر)
وَقَّحَ: پگلی ہوئی چربی سے سخت کرنا۔ (کھر) درست کرنا (حوض)
اَوْقَحَ وَاسْتَوْقَحَ: سخت ہونا (کھر)
تَوَقَّحَ وَاتَّقَحَ: بے شرم ہونا۔
تَوَاقَحَ: بے حیائی ظاہر کرنا۔
قِحَۃٌ وَوَقَحٌ وَوَقَاحَۃٌ وَوُقُوْحَۃٌ: گستاخی۔ بے حیائی۔
وَقِحٌ (م) وَقِحَۃٌ وَوَقَاحٌ (مذکر و مؤنث) ج وُقُحٌ: بے حیا۔ بے شرم۔
حَافِرٌ وَقَاحٌ: سخت کھر۔
رَاجِلٌ وَقَاحُ الذَّنَبِ: دیر تک گھوڑے کی پیٹھ پر رہنے والا۔
اِمْرَأَۃٌ وَقَاحُ الْوَجْہِ: بے شرم عورت۔
مُوَقَّحٌ: مصائب زدہ۔ کام سے ستایا ہوا (اونٹ)

وَقَدَ یَقِدُ وَقْدًا وَوَقَدًا وَوُقُوْدًا وَقِدَۃً وَوَقَدَانًا وَتَوَقَّدَ وَاتَّقَدَ وَاسْتَوْقَدَ: جلنا۔ بھڑکنا (آگ) چمکنا (ستارہ)
وَقَدَتْ بِکَ زِنَادِیْ: تیری وجہ سے میرے چقماق نے آگ دی۔ یعنی تیری وجہ سے میری مراد بر آئی۔
وَقَّدَ وَاَوْقَدَ وَتَوَقَّدَ وَاسْتَوْقَدَ: جلانا (آگ)
اَوْقَدَ نَارَ الْحَرْبِ: اس نے جنگ کی آگ بھڑکائی۔
— لِلصِّبَا نَارًا: اس نے جوانی کی بیوقوفی کو چھوڑ دیا۔
تَوَقَّدَ: جوش میں آنا۔ ہوشیار ہونا۔
وَقْدٌ وَوَقَدٌ (مفرد وَقْدَۃٌ وَوَقَدَۃٌ) آگ۔
وَقْدَۃٌ: بہت گرمی۔
وِقَادٌ وَوَقِیْدٌ وَوَقُوْدٌ: ایندھن جلنے کے قابل
وَقُوْدٌ: سوختنی قربانی۔
وَقِیْدٌ: آگ۔ آگ کا جوش۔

وَقِیدَۃ: دیاسلائی۔ روشن کرنیوالا۔
وَقَّاد ج وَقَّادُوْن: آگ جلانے کا
اوزار
وَقَّاد و مُتَوَقِّد: چست و تیز۔
ذہین۔
کوکب وَقَّاد: بہت روشن ستارہ
وَقِیدِیَّۃ: ایکقسم کی سرخ بالوں
والی موٹی بکریاں۔
مَوْقِد ج مَوَاقِد و مُسْتَوْقِد
چولہا۔
مُوْقِدَۃ ج مَوَاقِد: بھٹی۔ سٹوو۔
Stove۔
مِیْقَاد: جلدی آگ دینے والا (چقماق)
مَوْقُود و مُتَّقِد: روشن۔ جلا ہوا۔
وَقَذَ ـِ وَقْذًا: مہلک ضرب
لگانا۔ غالب آنا (نیند) زمین پر پچھاڑنا۔
ـــ ہ ا لْوَقَذ: بیمار چھوڑنا۔
وَقِیْذ: سست۔ بوجھل۔
ـــ و مَوْقُوْذ: قریب المرگ بیمار۔
وَقِیْذُ الجَوَانِح: غمگین دل والا۔
وَقَائِذُ: پتھروں کا فرش۔
مُوْقِذ ج مَوَاقِذ: بدن کی اٹھی
ہوئی ہڈی یا عضو۔ جیسے ٹخنہ۔ کہنی کندھا
وَقَرَ ـِ وَقْرًا: بہرہ کرنا (کان کو)
چیرنا (ہڈی)
ـــ قِرَۃً و وَقُرَ ـُ وَقَرًا و وَقَاسَۃً
و قِرَۃً و وَقَارًا: باوقار ہونا۔
ثابت رہنا۔
وَقَرَتْ تَقِرُ و وَقِرَتْ تَوْقَرُ
وَقْرًا و وُقِرَتْ: بوجھل یا بہرہ ہونا
(کان)
وَقِرَ یَوْقَرُ وَقْرًا: پھٹے ہوئے کھر والا
ہونا (جانور)
وُقِرَ: چرنا (ہڈی)
وَقَّرَ: تعظیم کرنا۔ عزت کرنا۔ بہت تعریف
کرنا۔ باوقار بنانا۔ زخمی کرنا۔ خاموش کرنا۔
(جانور)
ـــ ل: نشان چھوڑنا۔
وَقَّرَتْنِی الاَسْفَار: مجھے سفروں
نے مشاق بنا دیا۔
اَوْقَرَ اِیْقَارًا و قِرَۃً: تباہ کرنا۔
(قرض) بھاری بوجھ لادنا (جانور پر) اتر کانا
(کھر)
اَوْقَرَ و اُوْقِرَ: بہت پھل دار ہونا۔
(درخت کھجور)
تَوَقَّرَ و اتَّقَرَ: باوقار ہونا۔ صابر ہونا
چپ چاپ ہونا۔
اِسْتَوْقَرَ: موٹا ہونا (اونٹ)
ـــ وِقْرَۃً: ایک بوجھ لینا۔
وَقْر ج وُقُوْر: بہراپن۔ کان کا بوجھ۔
کھر کی دراڑ۔ ٹانگ کی ہڈی کا زخم۔ آنکھ یا
چٹان کا گڑھا۔
فِی صَدْرِہٖ اَو فِی قَلْبِہٖ وَقْرٌ: اس
کے دل میں کینہ ہے۔
وِقْر ج اَوْقَار: بھاری بوجھ۔ بوجھ۔
گدھے یا خچر کا بوجھ۔ پانی سے بوجھل بادل
وَقْرَۃ، ج وَقَرَات: چٹان یا ہڈی
کی دراڑ۔ پتھر کا گڑھا۔
وَقَرَات: نشانات۔
قِرَۃ ج قِرَات: بوجھ۔ بکریوں کا
ریوڑ۔ بہت بوڑھا آدمی۔ بیماری کا وقت
کنبہ۔
ـــ وَ وَقِیْر: تقریبًا پانچ سو بھیڑوں کا
ریوڑ۔

وَقَرِیّ: گڈریا۔ بھیڑوں یا گدھوں کا مالک
وَقَار و تَیْقُوْر: بردباری۔ وقار۔
عظمت۔
وَقُوْر و وَقَار: وقار والا۔ بردبار
وقور (مذکر و مؤنث) ج وُقُر: سنجیدہ
صاحب وقار۔
وَقِیْر و وَقِیْرَۃ: پتھر کا بڑا گڑھا۔
فَقِیْر وَقِیْر: بہت مفلس۔
وَقِیْر و مَوْقُوْر: چری ہوئی ہڈی۔
لوگوں کی جماعت۔ ذلیل و خوار۔
وَقْرَی و مُوْقَرَۃ: لدا ہوا (جانور)
مُوْقَر: بوجھ اٹھائے ہوئے آدمی۔
مُوْقِر و مُوْقِرَۃ و مُوْقَرَۃ و
مُوَقَّرَۃ و مِیْقَار: پھل سے لدی
ہوئی کھجور۔
مُوَقَّر: صاحب عزت۔ ذہین تجربکار
مَوْقِر: پہاڑ کے دامن کا میدان۔
وَقَسَ یَقِسُ وَقْسًا فی: پھیلنا
(کھجلی جسم پر) اتارنا (چہرہ) ذکر کرنا
(بے حیائی کو)
ـــ ہ بِالْمَکْرُوْہِ: اس نے اس کو
بری تہمت لگائی۔ چھیلنا (جلد)
ـــ: بیان کرنا (بے حیائی)
وَقَّسَ: کھجلی لگانا (اونٹوں کو)
وَقْس: کھجلی۔
اَوْقَاس: اوباش لوگوں کی پارٹی۔
وَقَشَ یَقِشُ وَقْشًا: مٹنا (نشان)
ـــ من فُلَان عطاءً: اس نے فلاں
سے عطیہ پایا۔
تَوَقَّشَ: حرکت کرنا۔
وَقْش و وَقْشَۃ و وَقَشَۃ: حرکت
آواز۔

وَقَش و وَقْش ج اَوْقَاش: چھوٹی
چھوٹی لکڑیاں۔
اَوْقَاش: اوباش۔
وَقَصَ يَقِصُ وَقْصًا: ٹوٹنا یا
توڑنا (گردن)، بوجھل قدم سے چلنا۔
(گھوڑا چڑھائی میں) عیب دار کرنا۔
کم کرنا (چیز) نیچے دبانا (سر)
وَقَصَتْ بِهٖ رَاحِلَتُهٗ: جانور نے
زمین پر گرا کر اس کی گردن توڑ دی۔
وُقِصَ: شکستہ گردن والا ہونا۔
وَقِصَ يَوْقَصُ وَقَصًا: چھوٹی گردن
والا ہونا۔
وَقَّصَ: توڑنا (گردن)، مردار کھانا (کتا)
— علی النَّار: اس نے آگ پر چھوٹی
چھوٹی لکڑیاں ڈالیں۔
اَوْقَصَ: چھوٹی گردن والا پیدا کرنا۔
تَوَقَّصَ: دُلکی چلنا (جانور)
تَوَاقَصَ: چھوٹی گردن والے کے
مشابہ ہونا۔
وَقَصٌ: عیب۔ برائی۔
— و وَقْصٌ: اصطلاح عروض میں
دوسرے متحرک حرف کا گرانا۔
وَقَصٌ ج اَوْقَاص: چھوٹی یا ٹوٹی
ہوئی لکڑی۔
اَوْقَاص: مخلوط گروہ۔
صَارُوا اَوْقَاصًا: وہ بکھر گئے۔
وَقَّاص ج وَقَاقِيصُ: پرندوں کے
شکار کے لئے جال۔
وَقِيصَة ج وَقَائِص: گردن کا ٹوٹا
لاش۔ مردار۔
اَوْقَص (م) وَقْصَاء ج وُقْص:
چھوٹی گردن والا۔

اَوْقَصُ الطَّرِيقَيْن: دو راستوں میں
سے سب سے چھوٹا۔
مَوْقُوص: ٹوٹا ہوا۔
وَقَطَ يَقِطُ وَقْطًا: بے رحمی سے
مارنا۔ زمین پر گرانا۔ سست کرنا (خوراک)
وَقَّطَ: گڑھے والی ہونا (چٹان)
وَقْط (ج اَوْقَاط) و وَقِيط ج
وِقَاط و وِقْطَان: گڑھا جس میں
بارش کا پانی جمع ہو۔
وَقِيط ج وَقْطَى و وَقَاطَى: بیماری
یا بے خوابی سے سست۔
وَقِيط و مَوْقُوط: بے رحمی سے مارا
وَقَظَ يَقِظُ وَقْظًا: سخت مارنا۔
زخمی کرنا۔
— علی: ثابت قدم رہنا۔
وَقِيظ: تھکا ہوا۔
وَقَعَ يَقَعُ وُقُوعًا: گرنا۔ واقع
ہونا۔ (حادثہ) دوزانو ہونا (اونٹ)۔
وَقَعَ بَيْنَهُمْ: ان کے درمیان پھوٹ
پڑ گئی۔
وَقَعَ الْحَقُّ: سچ ثابت ہو گیا۔
وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِ: اس کے لئے بولنا
ضروری ہوا۔
وَقَعَ لَهٗ وَاقِعٌ: اس کو ایک حادثہ
پیش آیا۔
— علی: اترنا (پرندہ درخت پر)
وَقَعَ مَوْقِعًا: کسی کی بجائے کام دینا
— وُقُوعًا و وَقِيعَةً فی: گالی دینا
بے عزت کرنا۔ غیبت کرنا۔
— فی نَفْسِهٖ: اس کے دل میں خیال آیا۔
— الْكَلَامُ فی نَفْسِهٖ: کلام نے اس
میں اثر کیا۔

— الْكَلَامُ مِنْهُ مَوْقِعًا: وہ کلام
سے متاثر ہوا۔
— عِنْدَهٗ مَوْقِعَ الرِّضَى: اس نے
اس کو پسند کیا۔
— من قَلْبِهٖ فی مَكَان: اس نے
یہ بات دل میں رکھی۔
— وَقْعًا الی: جلدی جانا۔
— و وَقَّعَ: تیز کرنا (پھل)
وَقَعَ و وَقَّعَ: رگڑنا (سخت زمین کا
کھر کو)
وَقَعَ وَقْعًا و وَقْعَةً و وَاقَعَ ب:
حملہ کرنا۔
وَقَعَ مِنْ اَوْ عَنْ: الگ ہونا۔ رک جانا
وُقِعَ فی يَدِهٖ: وہ نادم ہوا۔
وَقِعَ يَوْقَعُ وَقَعًا: ننگے پاؤں جانا۔
سخت زمین سے پاؤں کا رگڑا جانا۔
وَقَّعَ: رات کے وقت قیام کرنا (مسافر)
بیٹھنا (اونٹ) زخمی کرنا (زمین کا پیٹھ کو)
کچھ حصہ اگانا (بارش زمین سے) (رجسٹر
میں درج کرنا (فیصلہ)
— علی فُلَان: اس نے فلاں پر اپنی
رائے قائم کی۔
— علی السَّيْف: اس نے تلوار کو
تیز کیا۔
وَاقَعَ مُوَاقَعَةً و وِقَاعًا: گھسنا
(کاموں میں) لڑائی کرنا (دشمن سے)
اَوْقَعَ: روکے رکھنا (باغ کا پانی کو)
سرود رست کرنا (گویا) عمل میں لانا۔
پھنسانا۔ گرانا۔
— ب: بہت لڑائی لڑنا (دشمن سے)
سزا دینا۔ رنجیدہ کرنا۔
تَوَقَّعَ و اِسْتَوْقَعَ: انتظار کرنا۔

تَوَقَّع علی: پالینا۔
تَوَاقَع: باہم لڑائی لڑنا۔ ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
— علی: التماس کرنا۔
اِسْتَوْقَع: تیز ہونے کی محتاج ہونا (تلوار) ڈرنا۔ حصول کا انتظار کرنا۔
وَقْع: ضرب۔ ضرب کی آواز۔ پہاڑ کی بلند جگہ۔
وَقْع وَ وَقَع: بارش کی امید دلانے والا بادل۔
وَقِع: ننگے پاؤں۔ سخت زمین سے رگڑے ہوئے پاؤں والا۔
وَقَع (مفرد وَقَعَة): باریک باریک کنکر چٹانیں۔
لِفُلَانٍ وَقْعٌ عِنْدَ الاَمِیر: اس کی امیر کی نظر میں عزت و منزلت ہے۔
وَقْعَة: ایک بار کا گرنا۔ ایک ضرب لڑائی کا صدمہ۔ آخری رات کی نیند۔ دن میں ایک بار کی قضاء حاجت۔
وَقْعَة ج وَقَعَات: خوراک کی مقدار جو ایک بار کھائی جائے۔ کھانا۔
وِقْعَة: پردں کا اترنا۔ اترنے کی طرز
وَقَاع: گھوڑے کا گول داغ۔
تَوْقِیع: دستخط۔ فیصلہ پر شاہی مہر۔ رائے۔ کتاب سے فارغ ہونے کے بعد ضمیمہ لگانا۔ ٹیکس لگانا۔
— ج تَوَاقِیع: شاہزادے کا فیصلہ۔
اِیْقَاع: سُروں کی موزونیت۔
تَوَقُّع: امید۔ پراسپکٹ
وَاقِع ج وُقَّع و وُقُوع: حادثہ۔ واقعہ ضروری۔ فعل متعدی۔
فی الوَاقِع: دراصل۔ درحقیقت

النَّسْرُ الوَاقِع: ایک ستارے کا نام۔
طَائِرٌ وَاقِع: درخت پر گھونسلے میں رہنے والا پرندہ۔
رَاجِلٌ وَاقِعُ الطَّیر: ٹھہرا ہوا نرم طبیعت آدمی۔
وَاقِعَة: مؤنث واقع۔ لڑائی کا تصادم مصیبت۔ قیامت۔
رَجُلٌ وَاقِعَةٌ: بہادر آدمی۔
صُورَةُ الوَاقِعَة: سرکاری بیان یا رپورٹ۔
وَقِیع ج وُقُع: تیز کیا ہوا پھل۔ سخت زمین سے رگڑا ہوا کھُر۔ سخت زمین جس میں پانی ٹھہرا رہے۔ پناہ لینے والا۔
وَقِیعَة ج وَقَائِع و وِقَاع: لڑائی کا صدمہ۔ حملہ۔ لڑائی۔ غیبت کرنا۔ پانی کا گڑھا۔ سخت زمین جس میں پانی کھڑا رہے۔ لوگوں کی غیبت۔
وَقِیعَةُ الطَّائِر: پرندے کے اترنے کی جگہ جہاں وہ آنے کا عادی ہو۔
وَقَّاع و وَقَّاعَة: لوگوں کی غیبت و بدگوئی کرنے والا۔
وِقَاعَةُ السِّتر: زمین پر پردہ کے پڑنے کی جگہ۔ جب اس کو لٹکایا جائے۔
مَوْقِع ج مَوَاقِع: گرنے کی جگہ۔ جائے وقوع۔
مَوْقَعَةُ الطَّائِر ج مَوَاقِع: پرندے کے اترنے کی جگہ۔
مِیْقَعَة ج مَوَاقِع: ہتھوڑا۔ سوگری چھری وغیرہ تیز کرنے کا اوزار۔
مِیْقَعَةُ الطَّائِر: پرندے کے اترنے کی جگہ جس سے وہ الفت رکھتا ہو۔

مُوَقِّع: ہلکے قدم رکھنے والا۔ شاہی مُہر کی نگرانی کرنے والا۔ یا فرمانِ شاہی لکھنے والا یا مہر کرنے والا۔
مُوَقَّع: مصیبت زدہ۔ تیز تلوار۔ بہت آمد و رفت والا راستہ۔
مَوْقُوع: پتھروں یا سخت زمین سے رگڑا ہوا (کھُر)

وَقَف یَقِف وَقْفًا و وُقُوفًا

ٹھہرنا۔ کھڑا ہونا۔ چپ چاپ کھڑا ہونا
— فی المَسْأَلَةِ: مسئلہ میں شک کرنا۔
— علی الکَلِمَة: پڑھنے میں آخری حرف کو ساکن کرنا۔
وَقَف لِفُلَانٍ: اس نے فلاں کا انتظار کیا۔ وہ فلاں کے داخل ہونے پر اُٹھ کھڑا ہوا۔
— وَقْفًا: کھڑا کرنا (جانور) ابال کم کرنا۔ (ہانڈی کا)
مَنْ وَقَفَك: تجھے کس نے ٹھہرا لیا۔
وَقَف و اَوْقَف ل و علی: وقف کرنا۔ (گھر)
وَقَف وُقُوفًا علی: سمجھنا۔ اطلاع دینا۔ واقف ہونا۔ مشغول ہونا۔
— وَقْفًا علی: واقف کرنا۔
— علی حُضُورِ فُلَانٍ: اس نے فلاں کے آنے تک ملتوی کیا (کام)
— عَنْ: روکنا۔ منع کرنا۔
وَقَّف و اَوْقَف: اٹھانا۔ کھڑا کرنا ٹھہرانا (جانور)
وَقَّف القَارِئ: اس نے پڑھنے والے کو وقف کی جگہیں سکھائیں۔
وَقَّف ب: رنگنا (عورت حنا سے ہاتھ)

مرمت کرنا (زین) بیان کرنا (حدیث)
وَقَّفَ الجَیْشُ : فوج دستوں میں کھڑی ہوئی۔
وَقَّفَ المَرْأَةَ : اس نے عورت کے ہاتھ میں کنگن پہنایا۔
وَاقَفَ مُوَاقَفَۃً و وِقَافًا فی : پہلو بہ پہلو کھڑا ہونا (لڑائی وغیرہ میں)
— علی : ثابت قدم بنانا۔ ساتھ کھڑا ہونا (مدد کے لئے)
اَوْقَفَ اِیْقَافًا : چپ چاپ کھڑا ہونا۔ بے حرکت کھڑا ہونا۔
مَا اَوْقَفَکَ ھٰھُنَا : تجھے یہاں کس چیز نے روکا۔
اَوْقَفَ و تَوَقَّفَ عَن : ملتوی کرنا چھوڑ دینا (کام) رک جانا۔
تَوَقَّفَ فی : ٹھہرنا۔ توقف کرنا۔
تَوَقَّفَ علی : ثابت قدم ہونا شامل کرنا۔
تَوَاقَفَ : ایک دوسرے کے خلاف کھڑا ہونا (جنگ میں)
اِسْتَوْقَفَ : کھڑا ہونے کے لئے کہنا۔ چپ چاپ کھڑا ہونا
وَقْفٌ : ہاتھی دانت کا کڑا۔ لوہے یا سینگ کا حلقہ۔ (ڈھال کے گرداگرد)
وَقْفٌ ج اَوْقَاف و وُقُوف : کسی چیز کو خدا کے راستے میں وقف کرنا۔
وَقْفَۃ : سٹیشن۔ ٹھہراؤ۔ شک ڈھال کے گرد کا حلقہ۔
وَقِیْفَۃ : شکار جو تھک کر کھڑا ہو جائے۔
تَوْقِیْف : دیر۔ مہلت۔ جوتے کے

تیر کا نشان۔ کنگن کی جگہ کی سفیدی۔
وَاقِف ج وُقُوف و وُقَّف : وقف کرنے والا۔ چپ چاپ کھڑا رہنے والا
— علی : اطلاع رکھنے والا۔
وَقَّاف و وَقَّافَۃ : سستی کرنے والا۔ لڑائی سے ہٹنے والا۔
تَوَقُّف : انحصار۔ تعلق۔
مَوْقِف ج مَوَاقِف : ٹھہرانے کا محل۔ سٹیشن۔ گھوڑے کے پہلوؤں کا گڑھا۔ عورت کا منہ۔ آنکھیں و ہاتھ۔
مَوْقِفَانِ : دبر کی ہڈی کے ارد گرد کی دو رگیں۔
مُوَقَّف : تجربہ کار۔ کانوں کے اوپر کے حصوں میں سفید داغوں والا گھوڑا اگلے پاؤں پر سفید بال رکھنے والا بیل جانور جس کے بازوؤں پر گول داغ لگائے گئے ہوں۔
بُرْدٌ مُوَقَّف : دودھ رنگ کے ہوئے نشانوں والا کفن۔
مُوَقَّف علی الحق : حق کا مطیع۔
مِیْقَف و مِیْقَاف : لکڑی جس سے ہلا کر ہانڈی کا ابال کم کیا جاتا ہے۔
مَوْقُوْف : ٹھہرا ہوا۔ وقف کیا ہوا صحابہ تک پہونچی ہوئی (حدیث) آخر میں ساکن حرف والا (شعر)
وَقَلَ یَقِلُ وَقْلًا : ایک ٹانگ پر کھڑا ہونا۔
— و تَوَقَّلَ فی : چڑھنا (پہاڑ پر)
وَقْل ج اَوْقَال : مقل کا درخت یا اس کا پھل۔
وَقَل : چٹانیں۔ پتھر۔ چڑھنے والے

کو چڑھنے میں مدد دینے والی چیز۔
— و وَقِل و وَقُل : پہاڑ پر چڑھنے والا (گھوڑا)
وَقْلَۃ ج وُقُول : جنگلی کھجور کی گٹھلی
فَرَس تَوْقَلَۃ : اچھی طرح آسانی سے پہاڑ پر چڑھنے والا گھوڑا
اَوْقَل : چڑھنے میں بہت ماہر۔
اَوْقَلَۃ : کارواں سرائے۔
وَقَمَ یَقِمُ وَقْمًا و وَقَّمَ و اَوْقَمَ : سختی سے پیش آنا۔ رنجیدہ کرنا۔ ذلیل کرنا۔ بری طرح ہٹانا۔
وَقَمَ : لگام کھینچکر روکنا (گھوڑا) جوش ٹھنڈا کرنا (ہانڈی کا)
تَوَقَّمَ : ڈرانا۔ دھمکی دینا۔ مارنا (شکار) یاد کرنا (لفظ) ارادہ کرنا (چیز)
— فی : طول دینا۔ لمبا کرنا۔
وِقَام : تلوار ڈنڈا۔ چابک۔ رسی
مَوْقُوْم : غمگین۔ حاجت سے روکا ہوا۔
اَوْقَنَ اِیْقَانًا : فاختاؤں کو ان کے گھونسلوں سے پکڑنا۔
تَوَقَّنَ فی : چڑھنا (پہاڑ پر)
وُقْنَۃ و اُقْنَۃ ج وُقْنَات و اُقْنَات پرندے کے رہنے کی جگہ۔ گھونسلہ۔ زین کا گڑھا۔
مَوْقُوْنَۃ : پردہ نشین (لڑکی)
اُوْقِیَانُوْس : سمندر۔
وَفِهَ یَقِهُ وَقْهًا و اَیْقَهَ و اَتَّقَهَ و اسْتَیْقَهَ ل : حکم ماننا۔ اطاعت کرنا
وَقْهَۃ : اطاعت۔
وَقِهٌ : گرجے کا ناظم۔ (صحیح لفظ وَفِه)

وَقْوَقَ : بھونکنا (کتا) آواز کرنا (پرندہ) ضعیف ہونا (آدمی)
— وَقْوَقٌ : کوئل۔
وَقْوَاقٌ : درخت جس سے دوائیں بنائی جاتی ہیں۔ بزدل۔ کوئل۔
وَقْوَاقٌ (مذکر و مؤنث) : بہت بکواسی۔
وَقْوَاقَةٌ : بکواسی۔
وَقَى يَقِي وِقَايَةً وَوَقْياً و وَاقِيَةً وَوَقًى : بچانا۔
وَقَى وَقْياً و وُقِيّاً : اصلاح کرنا۔
— وَقْياً و وَقِيَ تَوْقَى وَقًى : پاؤں گھسنا (گھوڑے کے)
قِ عَلَى ظَلْعِكَ : اپنے کام کا خیال رکھ۔
تَوَقَّى و اتَّقَى : ڈرنا۔ خوف کرنا۔ بچنا۔
اِتَّقَى و تَقَى يَتْقِي تُقًى و تَقِيَّةً و تِقَاءً : ڈرنا۔ بڑائی کرنا (خدا کی) ۔ پرہیزگار ہونا۔
وَقًى و وِقَايَةً و وَاقِيَةً : حفاظت احتیاط۔ بچانے کا ذریعہ۔
وِقَاءٌ و وِقَايَةٌ و وُقَايَةٌ : بچانے کا ذریعہ۔
تُقًى و تَقْوَى و تُقَاةٌ ج تُقًى : خدا کا خوف اور اس کی فرمانبرداری۔
تَقِيٌّ ج أَتْقِيَاءُ : پرہیزگار۔
مُتَّقِي : پرہیزگار۔
وَقِيٌّ و وَاقٍ : بچانے والا۔ آرام دہ (زین)
فَرَسٌ وَاقٍ : پاؤں کے درد کی وجہ سے چلنے سے ڈرنے والا گھوڑا۔

الوَاقِي و الوَاق : کوا یا لٹورا۔
أُوْقِيَةٌ ج أَوَاقِيّ و أَوَاقٍ : ایک اونس رطل کا بارھواں حصہ جو تقریباً ڈیڑھ انگریزی اونس کے برابر ہوتا ہے۔
مَوْقِيٌّ : رکھا ہوا۔ حفاظت کیا ہوا۔
مُوَقًّى : بہادر۔ بچایا ہوا۔
أَوْكَأَ إِيكَاءً و تَوَكَّأَ و اتَّكَأَ عَلَى : سہارا لینا۔ ٹیک لگانا۔
أَوْكَأَ : ٹیک لگانے کے لئے سرانہ دینا
أَتْكَأَ : جھکانا۔
ضَرَبَهُ فَأَتْكَأَهُ : اس نے اس کو مار کر پہلو پر گرا دیا۔
اِتَّكَأَ : سہارا لگا کر بیٹھنا۔ پہلو پر سہارا لگانا۔
— عِنْدَ فُلَانٍ : اس نے فلاں کے گھر کھانا کھایا۔
تُكَأَةٌ : سہارا لگانے کی چھڑی۔ کُند ذہن (آدمی)
اِتِّكَاءٌ : سہارا لینا۔ جھکنا۔ اہل عروض کی اصطلاح میں حشو و فضول۔
مُتَّكَأٌ ج مُتَّكَآت : تکیہ لگانے کی چیز۔ چارپائی۔ کوچ۔ بیٹھنے کا کمرہ۔ ناشتہ
رَئِيسُ المُتَّكَأ : بٹلر۔ خانساماں۔
مُتَّكِئٌ : سہارا لینے والا۔ جھکنے والا۔
وَكَبَ يَكِبُ وَكْباً و وُكُوباً و وَكَبَاناً آہستہ چلنا۔
— وَكْباً : سیدھا کھڑا ہونا۔
— وَوَاكَبَ عَلَى : لگاتار مشغول رہنا۔
وَكِبَ ـَ وَكَباً و وَكَّبَ : سیاہ ہونا۔ (کھجور)
— میلا ہونا (کپڑا)
وَاكَبَ : جلوس میں چلنا۔

أَوْكَبَ : جلوس کے ساتھ رہنا۔ اڑنے کے لئے یا بیٹھنے کے لئے پر پھڑپھڑانا (پرندہ) ناراض کرنا۔
وَاكِبَةٌ : جانور کا پاؤں یا ٹانگ۔
وَكَّاب : بہت غمگین
وَكُوب و مُوَاكِبَة : چلنے میں گردن لمبی کرنے والی (ہرنی)
ظَبْيَةٌ وَكُوبٌ : اپنی جگہ پر رہنے والی ہرنی۔
مَوْكِب ج مَوَاكِب : جلوس۔ شاہزادے کا جلوس۔ سواروں یا پیدلوں کی جماعت
وَكَتَ يَكِتُ وَكْتاً فِي المَشْيِ چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا۔
— فِي : نشان لگانا۔
— وَوَكَّتَ : بھرنا (برتن)
وَكَّتَ : داغدار ہونا (پکنے والی کھجور)
وَكْت : تھوڑی سی مقدار
وَكْتَةٌ : داغ۔ تھوڑا سا نشان
وَكِيت : سازش۔ چغلی۔
وَكَّاتٌ : سستی کی وجہ سے چھوٹے قدم ڈالنے والا۔
مَوْكُوت : فکرمند۔ بے آرام۔
وُكَاثٌ : جلدی سے تیار کی ہوئی خوراک
اِسْتَوْكَثَ : صبح کے کھانے سے پہلے ناشتہ کرنا۔
وَكَحَ يَكِحُ وَكْحاً : سخت روندنا
أَوْكَحَ : تھکنا۔ رکنا (عطیہ)
— عَنْ : روکنا۔
— فِي حَفْرِهِ : وہ کھودنے میں سخت جگہ یا چٹان پر پہونچا۔
اِسْتَوْكَحَ : دینے سے رکنا۔ موٹا ہونا (چوزہ)

اَوْکَح: چٹان۔ سخت جگہ۔ مٹی۔
وُکُحٌ: موٹے چوزے۔
وَاکِحٌ و وَکُوحٌ: ایک موٹا چوزہ۔
وَکَدَ یَکِدُ وُکُوداً ب: آباد ہونا اقامت کرنا۔ (جگہ میں)
—— وَکْداً: قصد کرنا۔ نشان پر مارنا۔ حاصل کرنا (مقصد)
وَکَدَ وَکْدَہٗ: اس کا وہی مقصد ہے جو اس کا تھا۔
—— وَوَکَّدَ و آکَدَ و اَوْکَدَ: مضبوط باندھنا (زین)۔ تنگ کرنا (گرہ)۔ پکا کرنا (معاہدہ)۔ تصدیق کرنا۔
تَوَکَّدَ و تَاَکَّدَ: مضبوط ہونا۔ باندھا جانا۔
وَکْدٌ: مراد۔ مقصد۔ احتیاط۔ فکر۔
وُکْدٌ: کوشش
وِکَادٌ و اِکَادٌ ج وَکَائِدُ: رسی یا تسمہ جس سے دودھ نکالتے وقت گائے کی ٹانگیں باندھتے ہیں۔
وَکِیدٌ و اَکِیدٌ و مُوَکَّدٌ و مُؤَکَّدٌ: سخت۔ مضبوط۔ ثابت۔
اَکِیدٌ: یقینی۔
اَوْکَدُ و آکَدُ: زیادہ ثابت قدم۔
تُوَاکِیدُ و تَاَکِیدُ و مَیَاکِیدُ: زین کا ہنا باندھنے کا تسمہ۔
مُتَوَکِّدٌ: کام کے لئے مستعد۔
وَکَرَ یَکِرُ وَکْراً و وُکُوراً: گھونسلے میں داخل ہونا (پرندہ) کودنا (ہرن) دُلکی چلنا (گھوڑا)
—— وَکْراً و وَکَّرَ و اَوْکَرَ: بھرنا (برتن)
وَکَرَ وَکْراً و وَکَّرَ: عمارت کے اختتام پر دعوت دینا۔

تَوَکَّرَ: بہت سیر ہونا (بچہ)
اِتَّکَرَ: گھونسلا بنانا (پرندہ)
وَکْرٌ ج اَوْکَارٌ و اَوْکُرٌ و وُکُورٌ: پرندے کا گھونسلا۔
وَکْرٌ و وَکَرٌ و وَکَرَی: دُلکی چال۔
وَکَرَی: تیز رفتار (اونٹنی) چلنے میں زمین پر قدم مارنے والی (عورت)۔
وَکْرَۃٌ ج وُکَرٌ: پرندے کا گھونسلا۔
